UNIVERSAL
LIBRARY

OU_232755

UNIVERSAL
LIBRARY

۸۲۳ء

تاریخ ہندوستان

سلطنت اسلامیہ کا بیان

جلد اوّل

کتب خانہ

جس میں مضامین بہ تفصیل ذیل ہیں:

(۱) التماس
(۲) مقدمہ
(۳) عرب کے زمانۂ جاہلیت کا بیان
(۴) ایک سو اٹھارہ خاندان سلاطین اسلامیہ کا مختصر بیان جنہوں نے دنیا میں سلطنت کی
(۵) ملک سندھ پر اہل عرب کی حملہ آوری اور فتحیابی کی تاریخ جبتک خلفاے عباسیہ کی حکومت سے اُس کا انقطاع ہوا
(۶) خاندان غزنوی کی تاریخ
(۷) خاندان غوری اور غلام بادشاہوں کی تاریخ

مُصنفہ

خان بہادر شمس العلما مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب دہلوی مرحوم

بارسوم

باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مطبع انسٹی ٹیوٹ واقع علی گڑھ مطبوعہ ۱۹۱۵ء

قیمت فی جلد

فہرست کتب موجودہ بک ڈپو

تاریخ ہندوستان - مصنفہ خان بہادر مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب شمس العلماء مرحوم دہلوی) یعنی مسلمانوں کے عہد سلطنت کی تاریخ ۱۰ جلدوں میں جس میں سے **جلد اوّل** کتاب ہذا ہے **قیمت** عہ

جلد دوم - جس کے مضامین یہ ہیں - (۱) خاندان خلجیہ کی تاریخ (۲) خاندان تغلق کی تاریخ (۳) سلاطین سادات اور لودہی کی تاریخ یہ جلد آجکل زیر طبع ہے - **قیمت** عہ

جلد سوم - (۱) بابر نامہ (۲) شرف نامۂ ہمایوں (۳) رزم نامۂ شیر شاہی (۵۳۰) صفحے **قیمت** عہ

جلد چہارم - اسکے دو حصے ہیں. حصۂ اول میں (۱) تاریخ سندھ (۲) تاریخ کشمیر (۳) تاریخ گجرات. (۴) تاریخ مالوہ (۵) تاریخ خاندیس (۶) تاریخ سلاطین بنگال. (۷) تاریخ سلاطین جون پور - حصۂ دوم میں (۱) تاریخ سلاطین بہمنیہ دکن (۲) تاریخ سلاطین عادل شاہیہ بیجاپور (۳) تاریخ سلاطین نظام شاہیہ گولکنڈہ - (۴) تاریخ سلاطین عمادیہ ملک برار (۵) تاریخ سلاطین برید شاہیہ ملک بیدر (۶) ضمیمۂ تاریخ دکن و پرتگیزوں کی تاریخ (۷) تاریخ دکن کا ریویو **قیمت** عہ

جلد پنجم - اقبال نامۂ اکبری جسمیں شہنشاہ اکبر کا حال تمام و کمال لکھا ہے **قیمت** عہ

جلد ششم - کارنامۂ جہانگیری جسمیں شہنشاہ جہانگیر کا کل حال لکھا ہے **قیمت** عہ

جلد ہفتم - ظفر نامہ شاہجہاں، جسمیں شہنشاہ شاہجہاں کا حال از اوّل تا آخر مندرج ہے **قیمت** عہ

جلد ہشتم - بادشاہ نامۂ عالمگیر یعنی شہنشاہ عالمگیر کا حال اوّل سے آخر تک درج ہے **قیمت** عہ

جلد نہم و دہم - زوال سلطنت تیموریہ - عالمگیر کے عہد سے آخر بادشاہ بہادر شاہ تک اور خاتمہ مسلمانوں کی سلطنتیں ایشیا میں کہاں کہاں اور بالفعل اُن کا کیا حال ہے - ہندوستان اور ہندوؤں کو مسلمانوں کی سلطنت سے فائدہ پہنچا یا نقصان، دہلی میں پایۂ تخت کا بدلنا، اور اُسکی عمارات کی مفصل کیفیت **قیمت** ۔ دو جلد یعنی نہم و دہم عہ

حصہ بجائے خود تاریخ ہے کچھ اور حصوں پر موقوف نہیں ہے اگر علیحدہ
بشت دس حصوں کے خریدار کو اُنکی قیمت بلا جلد (عہ) علاوہ محصول

التماس

میں خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ یہ میری تاریخ ایسی مقبول خاص و عام ہوئی کہ اسکی جلد اول کی طبع ثانی کی ضرورت ہوئی۔ مقدمہ میں اسکے کچھ کمی و بیشی کی ہے باقی تاریخ میں کچھ تغیر و تبدل نہیں کیا۔

فہرست مضامین مقدمہ تاریخ

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱	لفظ تاریخ کی تحقیق	۳۵	دول شیر کی نصیحت مورخوں کے لئے۔
۲	تاریخ کا تحریر میں آنا۔	۳۶	مشرقی زبانوں میں تاریخیں۔
۳	مسلمانوں کا تاریخی علم ادب۔	۳۷	زمانہ حال کی تاریخ کی چھان بین۔
۴	بیہقی مورخ نے جو اپنی تاریخ سبکتگینی میں تاریخ کے باب میں لکھا ہے۔	۳۸	تاریخ و مذہب۔
		〃	تاریخ کا سائنس بننا۔
۶	ضیاء الدین برنی نے جو تاریخ فیروز شاہی میں علم تاریخ کی نفاستیں لکھی ہیں۔	۳۹	تاریخی واقعیتوں کے بگاڑنے والے۔
		〃	تاریخ سائنس کی شاخ ہے یا علم ادب کی۔
۱۰	محمد ابن خاوندشاہ ابن محمود نے جو تاریخ روضۃ الصفا میں تاریخ کی بابت لکھا ہے۔	〃	علم تاریخ کے فوائد وغیرہ۔
		۴۰	اہل انگلستان خاص ہندوستان کے عہد سلطنت اسلامیہ کو کس نگاہ سے دیکھتے ہیں۔
۱۵	ابن خلدون کا حال اور اسکے مقدمہ تاریخ میں سے چند مضامین کا انتخاب		
۲۹	ابن خلدون کی تاریخ۔	۴۴	اہل یورپ ہندوستان کے عہد سلطنت اسلامیہ کو کس نگاہ سے دیکھتے ہیں۔
۳۰	مغربی خیالات کے موافق علم تاریخ کا مفہوم۔		
〃	لارڈ بیکن نے جو علم تاریخ کی تعریف لکھی ہے۔	۴۵	فرنگستانی مورخوں کا استثنا مسلمانوں کی سلطنت ہند کا
۳۱	ہیگل جرمنی حکیم نے جو علم تاریخ کی نسبت لکھا ہے۔	۵۱	سائنس و فلوسوفی و آرٹ کی تعریف۔
〃	پکلر صاحب نے جو علم تاریخ کی تعریف لکھی ہے۔	〃	پہلے زمانہ کی تاریخیں۔
〃	کارلائل صاحب نے جو تاریخ کی تحدید کی ہے۔	۵۲	زمانہ حال میں تاریخی سامان۔
۳۲	لنگرا کی تاریخ کی تحدید۔	۵۳	تاریخی نقصان۔
۳۳	جیفری کا تاریخوں کا ناقص بتانا۔	۵۸	مورخ کے کیا اغراض ہونے چاہیئے۔
۳۴	تاریخ کے مختلف رخ۔	۵۹	لیکیم ہربرٹ سپنسر کی رائے تاریخ کے باب میں۔
۳۵	تاریخ کی قدر و منزلت و فوائد جو جانسن و ہیرونی نے لکھے ہیں۔	۶۳	تاریخ کی کنجی سائنس ہے۔
•		۶۴	کل بیان کا خلاصہ

فہرست مضامین باب اوّل زمانہ جاہلیت کا حال عرب کا صفحہ ۶۵ سے ۸۵ تک

عرب و عرب کی زمین اور آب و ہوا و زراعت - ملک عرب کی تقسیم - بدوؤں کے اطوار اور انکی شبانی - عرب کے شہر اور انکی تجارت و زراعت - عرب کی قومی آزادی - سامعین کا خطاب - اہل عرب کے گھر میں آزادانہ زیست اور اُن کے خصائل و عادات عرب کے آپس کے بغض و کینے و لڑائیاں - القوار جنگ کی مہلت - زمانہ جاہلیت کی لڑائیاں - اہل عرب کی معاشرت و تمدن و انکا علم - شاعری کا شوق و عکاظ - سخاوت - خلاصہ اوپر کے بیان کا - عرب کی قدیمی بُت پرستی - قربانیاں و رسوم عبادات - ملک عرب میں صابئین - ملک عرب میں عیسائی -

فہرست مضامین باب دوم صفحہ ۸۶ سے ۱۶۲ تک

فصل اول صفحہ ۸۶ سے ۸۸ تک (۱) خلفاء راشدین (۲) خلفاء بنی اُمیہ (۳) خلفاء عباسیہ -

فصل دوم صفحہ ۸۸ سے ۸۹ تک بسپین (۴) خلفاء بنی اُمیہ (قرطبہ) چھوٹے خاندان (۵) حمودیہ مالقا (۶) حمودیہ (الجی سی رس) (۷) عبادیہ (اشبیلیہ) (۸) زاریہ (غرناطہ) (۹) جواہریہ (قرطبہ) (۱۰) ذوالنونیہ (طلیطلیہ) الموحد (۱۴) نصریہ (قرغناطہ)

فصل سوم صفحہ ۸۹ سے ۹۶ تک شمالی افریقہ (۱۵) اورسیہ (مراکش) (۱۶) غلبیہ (طیونس) خاندان نبی فاطمہ مصر کو دیکھو (۱۷) زیریہ (طیونس) (۱۸) حمادیہ (الجیریا) (۱۹) المرابط (مراکش) الجیریا (سپین) (۲۰) الموحد شمالی افریقہ سپین) (۲۱) زیانیہ (مراکش) (۲۲) زیاریہ (الجیریا) (۲۳) حفصیہ (طیونس) (۲۴) شریفیہ (مراکش)

فصل چہارم مصر و شام صفحہ ۹۶ سے ۱۰۰ تک (۲۵) طولونیہ (۲۶) اخشیدیہ (۲۷) فاطمیہ (۲۸) ایوبیہ (۲۹) مملوک عثمانی - (۲۷) بحری مملوک (ب) برجی مملوک (۳۰) خدیو - ۴۰ - ۴۶ (ا و ب کو ۳۱ و ۳۲ غیر تجھو)

فصل پنجم یمن صفحہ ۱۰۰ سے ۱۰۴ تک (۳۳) زیادیہ (زبید) (۳۴) یعفوریہ (سنا دجند) (۳۵) نجاحیہ (زبید) صلیحیہ (صنعا) (۳۷) ہمدانیہ (زبید) (۳۸) رازنہ (عدن) دولت ایوبیہ میں سے (۳۹) رسولیہ (یمن) (۴۰) طاہریہ (یمنا) (۴۱) ائمہ رسد (سعدا) (۴۲) ائمہ صنعا -

فصل ششم صفحہ ۱۰۴ سے ۱۰۷ تک - شام و عراق - عرب (زمانہ اہل عرب) (۴۴) حمدانیہ (موصل) حلب (۴۵) مرداسیہ (حلب) (۴۶) عقیلیہ (موصل وغیرہ) (۴۷) مزدانیہ (دیار بکر) (۴۸) فرمدیہ (حلہ)

فصل ہفتم صفحہ ۱۰۷ سے ۱۱۲ تک - ایرانی و ماوراء النہر (زمانہ ایرانی) (۴۹) دلفیہ (کردستان) (۵۰) ساجیہ (آذربائیجان) (۵۱) علویہ (طبرستان) (۵۲) طاہریہ (خراسان) (۵۳) صفاریہ (فارس) (۵۴) سامانیہ (ماوراء النہر و خراسان) (۵۵) ایلک خاں (ترکستان) (۵۶) زیاریہ (جرجان) (۵۷) حسنویہ (کردستان) (۵۸) جنوبی فارس و عراق (۵۹) کاکویانیہ کردستان

فصل ہشتم صفحہ ۱۱۲ سے ۱۱۳ تک (۶۰) سلجوق اعظم (ایران) (ب) سلجوق کرمان (ت) سلجوق شام (ث) سلجوق عراق (ج) سلجوق روم (۶۱) (ا) دولت دانشمندیہ (کیپ پڈستیا)

فصل نہم صفحہ ۱۱۴ سے ۱۱۸ تک - اتابک (سلجوقی افسر) (۶۱) بوریہ (اتابک دمشق (۶۲) زنگی (موصل) (ب) حلب (ت) سنجار (ث) جزیرہ (۶۳) بک تگینہ (داربیلا) (۶۴) (ا) اورتوقد (کیف) (ب) دین (۶۵) شاہان آرمینیا (۶۶) اتابک

آذربائجان (۶۷) سلغاریہ اتابک فارس (۶۸) نہار اسپہ اتابک لرستان (۶۹) شاہان خوارزم (۷۰) قتلغ خانان۔

فصل دہم صفحہ ۱۱۸ سے ۱۲۲ تک۔ امرائے ایشیائی مائنر (ایشیائے کوچک) (۷۱) کرامی ہیسیا (۷۲) حمید (پسیڈیا) (۷۳) کرمیان (فریجیا) (۷۴) ہنکا (لامی سیا) (۷۵) صارون خان (لیدیا) (۷۶) ائی دین (لیدیا) (۷۷) منتشا (کیریا) (۷۸) قرل احمدلی (لیف لے گونیا) (۷۹) قرامان (لائی کے اونیا) (۸۰) عثمان لی سلاطین ترک مغرب میں سلاطین سلجوقی کے جانشین

فصل یازدہم صفحہ ۱۲۳ سے ۱۳۵ تک (۸۱) مغل کے خانان اعظم (۸۲) ایران کے مغل بادشاہ (۸۳) خنجی ق سپیر اور دا (۸۴) قرم (کریمیا) کے خانان (۸۵) خانان چغتائی۔

فصل دوازدہم صفحہ ۱۳۵ سے ۱۴۰ تک۔ شاہان ایران (۸۶) جالیر (عراق) (۸۷) مظفریہ (فارس) (۸۸) سربہ دار (خراسان) (۸۹) کرت (ہرات) (۹۰) قراقیولی (آذربائجان) شاہان ایران (۹۲) صفویہ (۹۳) افغانیہ (۹۴) افشاریہ (۹۵) زند (۹۶) قاجار

فصل سیزدہم صفحہ ۱۴۰ سے ۱۴۳ تک ماوراء النہر (۹۷) تیموریہ (۹۸) شیبانیہ (۹۹) جانیہ استراخان (۱۰۰) منکت (۱۰۱) خان توقند (۱۰۲) خان خیوہ۔

فصل چہاردہم صفحہ ۱۴۳ سے ۱۶۲ تک۔ ہندوستان وافغانستان (۱۰۳) غزنویہ (۱۰۴) غوری (۱۰۵) سلاطین دہلی (۱۰۶) شاہان بنگالہ (۱۰۷) شاہان جونپور (۱۰۸) شاہان مالوہ (۱۰۹) شاہان گجرات (۱۱۰) شاہان خاندیس (۱۱۱) شاہان دکن (۱۱۲) برار کے عماد شاہی (۱۱۳) احمد نگر کے نظام شاہی (۱۱۴) بیدر کے برید شاہی (۱۱۵) بیجاپور کے عادل شاہی (۱۱۶) گول کنڈہ کے قطب شاہی (۱۱۷) ہندوستان کے شاہنشاہان (۱۱۸) ایران افغانستان۔

باب سوم صفحہ ۱۶۲ سے ۲۴۷ تک

ملک سندھ کی تاریخ اور اسکی تاریخی افسانے اس زمانہ تک کہ اس کا سلسلہ خلافت سے انقطاع ہوا۔ یہ تاریخ سندھ کتب مفصلہ ذیل سے تالیف ہوئی ہے۔ (۱) چچ نامہ جس کا دوسرا نام تاریخ ہند وسندھ ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں فتوحات سندھ کے قریب زمانہ میں تصنیف ہوئی تھی، اس کا ترجمہ فارسی زبان میں محمد علی بن حمید بن ابوبکر کوفی نے کیا ہے (۲) میر معصوم کی تاریخ سندھ سرجان ایلیٹ کی تاریخ میں کتب مفصلہ ذیل کے انتخابات کے ترجمے لکھے ہیں ان سے بعض مضامین کا انتخاب کرکے لکھا ہے

جغرافیے (۱) تاجر سلیمان و ابوزید (۲) ابن خرداذبہ (۳) مسعودی (۴) استخری (۵) ابن حوقل (۶) صور البلدان (۷) رشید الدین کا انتخاب بیرونی (۸) ادریسی (۹) قزوینی **تاریخیں** (۱) مجموعۃ التواریخ (۲) فتوح البلدان (۳) تاریخ طاہری (۴) بیگ لار نامہ (۵) ترکھان نامہ یا ارغون نامہ (۶) تحفۃ الکرام۔ صاحب ممدوح کے حاشیئے خاندان غزنی کی تاریخ۔ ان کتابوں سے مضامین انتخاب کرکے تالیف کی ہے۔ یہ سب کتابیں میرے پاس موجود تھیں (۱) تاریخ یمینی سے محمود غزنوی کی تاریخ (۲) تاریخ بیکتگینی بیہقی سے سلطان مسعود کی تاریخ (۳) طبقات ناصری منہاج سراج (۴) کامل التواریخ ابن اثیر (۵) روضۃ الصفا (۶) حبیب السیر (۷) تاریخ الہند بیرونی (۸) تاریخ فرشتہ۔ انکے سوائے سرجان ایلیٹ کی تاریخ میں کتب مفصلہ ذیل کے بعض اجزا کے ترجمے (۱) جامع الحکایات محمد عوفی (۲) تاج المآثر حسین نظامی (۳) نظام التواریخ بیضاوی (۴) جہان گشائے جوینی خاندان غوری کی تاریخ۔ تواریخ نمبری ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ سے۔

رآم پاس چچ بن سلائج کا آنا اور اُس کا حاجب مقرر ہونا۔ راجہ ساہ سی کی رانی کا چچ پر عاشق ہونا۔ راجہ ساہ سی کے مرنیکا افسانہ اور اُسکا جانشین چچ کا ہونا۔ رانی کے ساتھ چچ کا بیاہ کرنا۔ دھرت اور چچ کا آپسمیں لڑنا اور دھرت کا مارا جانا۔ بدھی من وزیر کو چچ کا بلانا اور انتظام سلطنت کے باب میں صلاح پوچھنا۔ ممالک الور کی حد بندی کے لئے چچ کا جانا چچ کا حصار اسکلندہ و ملتان اور سکہ کی طرف جانا۔ کشمیر سے بجھرہ کے قاصد کا بیفائدہ واپس آنا۔ ملتان میں چچ کا نائب مقرر کرنا اور وہاں سے جانا چچ کا سوستان میں جانا۔ کشمیر کی سرحد مقرر کرنیکے بعد چچ کی مراجعت۔ چچ کا قاصد بھیجنا برہمن آباد میں۔ چچ کا خط لکھنا الکھم لوہانہ کو چچ کا قصبہ برہمن آباد میں آنا اور فتح کرنا۔ افسانہ ایک سمانی پجاری کا۔ برہمن آباد میں چچ کا واپس آنا۔ چچ کا کرمان کا سفر کرنا اور حدود کے نشانوں کا روشن کرنا۔ چچ کا ارن بیل میں پہونچنا اور مالگزاری مقرر کرنا۔ چچ کی جگہ چندر بن سلائج کا تخت نشین ہونا۔ موتہ رئیس سوستان کا سفر چندر کی سلطنت۔ افسانہ رانی مائی یا بائی کی شادی کا اپنے سگے بھائی داہر کے ساتھ۔ داہر کا برہمن آباد آجانا۔ رآسل کے رئیسوں کا راجہ داہر سے لڑنا۔ محمد علافی عربی۔

ملک سندھ پر اہل عرب کی حملہ آوری اور فتحیابی صفحہ ۱۷۹ سے ۱۸۲ تک

خلفاء راشدین۔ خلافت حضرت عثمان رضی ۲۳-۳۵ھ ۶۴۳-۶۵۵ء۔ خلافت حضرت علی مرتضی ۳۵-۴۰ھ ۶۵۵-۶۶۰ء

خلفاء خاندان امویہ یعنی بنی امیہ کی خلافت صفحہ ۱۸۲ سے ۲۳۴ تک

۴۱-۱۳۲ھ ۶۶۱-۷۵۰ء

امیہ معاویہ ۴۱-۶۰ھ ۶۶۱-۶۸۰ء۔ علافیونکا حال۔ مروان اول و عبدالملک ۶۴-۸۶ھ ۶۸۴-۷۰۵ء۔ یزید اول و معاویہ ثانی ۶۰-۶۴ھ ۶۸۰-۶۸۴ء خلیفہ ولید ۸۶-۹۶ھ ۷۰۵-۷۱۵ء سندھ پر فوجکشی کا سبب۔ نیروان والوں کا سلح چاہنا۔ محمد قاسم کا سندھ و ہند کی مہم پر مقرر ہونا۔ حجاج کا محمد قاسم کو روانہ کرنا۔ خطبہ جو حجاج نے پڑہا۔ محمد قاسم کا مکران میں پہنچنا۔ ارمن بیلہ سے محمد قاسم کا دیبل میں جانا۔ حکم حجاج محمد قاسم کا لشکر کا متعین کرنا اور مکتوبات حجاج کا آنا دیبل پر لڑائی کا ہونا۔ دیبل کا فتح ہونا۔ سراندیپ کے جہازوں کے قیدیوں کا بیان۔ تقسیم غنائم۔ محمد قاسم و راجہ داہر کی خط و کتابت۔ دیبل سے نیرون کی طرف محمد قاسم کا جانا۔ محمد قاسم کا سوستان جانا و جنگ سوستان۔ فتح سوستان۔ سرداروں کی ملاقات کاکا کے ساتھ۔ کاکا کا محمد قاسم آنا۔ حجاج بن یوسف کا فرمان دریائے مہران سے عبور کرنیکا اور داہر سے لڑنے کا۔ محمد قاسم کا خط حجاج کے نام۔ فرمان حجاج بنام محمد قاسم۔ محمد قاسم کا حاکم نیرون کی عزت کرنا۔ مہران کی کناروں پر محمد قاسم کا لڑنا۔ موکہ کپر سیا سے عہد و پیمان ہونا۔ حکایت شامی بخی اور اور مولائے اسلام کا داہر پاس جانا۔ سوستان کی لڑائی۔ محمد قاسم کے مقابلہ میں حصاریت میں جے سیہ پسر داہر کا آنا۔ داہر کے ایلچی کا محمد قاسم پاس آنا۔ حجاج پاس طیار کا واپس جانا۔ حجاج کا سر کہ بھیجنا۔ فرمان حجاج کا کھینچنا دریا مہران کے مغربی کنارہ پر۔ راجہ داہر کا اپنے وزیر سمانی سے محمد قاسم سے دریا عبور کرنے کے باب میں صلاح و مشورہ کرنا۔ محمد قاسم کی تیاری مشرقی کنارہ پر سے لشکر اتارنے کی۔ رآسل کا بیت میں مقرر ہونا محمد قاسم کا مقابلہ پل بنانے میں اور اُسے عبور کرنا۔ عرب کے لشکر کا آگے بڑھنا۔ داہر کا محمد علافی سے درخواست کرنا اور اُس کا جواب دینا اور موقوف ہونا۔ فرمان حجاج راجہ داہر کا جے سیہ کو طلایہ میں بھیجنا۔ پہلے روز کی لڑائی کا ہونا۔ جروار میں محمد قاسم کا آنا۔ جوتشیوں کا بچار۔ جنگ روز دوم و سوم۔ جنگ روز چہارم و پنجم۔ راجہ داہر کا مارا جانا۔ محمد قاسم کی منادی اور راجہ داہر کا سر۔ راجہ داہر کی رانی لادی

کا گرفتار ہونا۔ محمد قاسم کا فتحنامہ لکھنا۔ داہر کا سر حجاج پاس بھیجنا۔ حکایت حجاج کی بیٹی کی نکاح کی محمد قاسم کے ساتھ۔ راجہ جے سیہ کا قلعہ راور میں داخل ہونا اور لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ راجہ جے سیہ کا راور میں داخل ہونا اور رانی مائی کا لڑنا۔ قلعہ کا فتح ہونا اور رانی مائی کا جلکر مرنا۔ لونڈی غلاموں اور مال متاع غنیمت کی تفصیل۔ خلیفہ پاس حجاج کا داہر کا سر اور اسکے چتر و غلام کا بھیجنا۔ محمد قاسم کے فتحنامہ کا جواب۔ جے سیہ کی روانگی خطوط۔ جنگ ببرور دہلیلہ۔ دہلیلہ کے راجہ کا بھاگنا اور اسکا فتح ہونا۔ نیرون کا سر زیر کا آنا اور اسکا محمد قاسم کا وزیر ہونا۔ نیرون بہ سپرد ہارن کو دہلیلہ کا راج دینا۔ نہر جلوالی کا لشکر عرب پر اترنا۔ اور دعوت اسلام کرنا۔ محمد قاسم کا محاصرہ۔ موکہ بن بسایا پاس پیغام۔ برہمن آباد کا حال۔ محمد قاسم کا امان دینا اور عہد و پیمان کرنا راسے موکہ بسایا۔ لادی کا مع دو دوشیزہ لڑکیوں کے گرفتار ہونا۔ پیشہ وروں کی۔ برہمنوں کا محمد قاسم کے پاس آنا۔ برہمن آباد کا یہیں کے رئیسوں کی حوالے ہونا تقسیم رعایا۔ دہات میں برہمنوں کا تقویت کیساتھ جانا۔ شہر کے آدمیوں پر خراج کا مقرر ہونا۔ رعایا کو محمد قاسم کا نصیحت کرنا۔ محمد قاسم کا برہمن آباد کے برہمنوں کی پرورش کا حکم دینا۔ محمد قاسم کا سیسکر وزیر کو بلانا۔ حجاج اور محمد قاسم کی مراسلت۔ انتظام برہمن آباد۔ ساوندی اور سمہ کو جانا۔ قوم سمہ کا استقبال۔ لوہانہ اور شہری طرف محمد قاسم کا جانا۔ الور کے آدمیوں سے لڑائی۔ لادی رانی محصورین کو سمجھانا۔ آفسانہ مرگ داہر کا امتحان ایک ساحر کا قلعہ الور کا محمد قاسم کو حوالہ کرنا۔ اہل شہر کا پناہ مانگنا محمد قاسم کا حکم اہل حرب کے باب میں۔ ایک شخص کا آنا اور امان چاہنا آفسانہ جے سیہ کے کوچ میں جانیکا جے سیہ کی مردانگی اور اسکی وجہ تسمیہ۔ رواج بن اسد کا الور میں حاکم مقرر ہونا۔ سکہ کا محمد قاسم پاس آنا۔ فتح سکہ ملتان۔ محمد قاسم کا کھاٹ کے آدمیوں سے لڑنا۔ تقسیم غنیمت۔ رعایا ملتان سے محمد قاسم کا عہد و پیمان۔ ابو حکیم کا دس ہزار سوار لیکر قنوج روانہ ہونا۔ پروانہ دار الخلافت اور محمد قاسم کی وفات۔ محمد قاسم کی وفات کے باب میں مورخین کا اختلاف۔ خلیفہ سلیمان ۹۶ و ۹۹ھ۔ عمر بن عبد العزیز ۹۹-۱۰۱ھ۔ یزید بن عبد الملک ۱۰۱-۱۰۵ھ۔ ہشام بن عبد الملک ۱۰۵-۱۲۵ھ تا آخر خلیفہ بنی امیہ مروان بن احمد بن مروان ۱۲۶-۱۳۲ھ

خاندان عباسیہ صفحہ ۲۳۴ سے ۲۳۹ تک

السفاح ابو العباس ۱۳۲-۱۳۶ھ۔ المنصور ابو جعفر عبد اللہ ۱۳۶-۱۵۸ھ۔ خلیفہ ہارون رشید ۱۷۰-۱۹۳ھ۔ خلیفہ مامون رشید ۱۹۸-۲۱۸ھ۔ المعتصم باللہ ۲۱۸-۲۲۷ھ۔ الواثق باللہ ۲۲۷-۲۳۲ھ۔ المتوکل علی اللہ ۲۳۲-۲۴۷ھ۔ المعتمد علی اللہ ۲۵۶-۲۷۹ھ۔ مسعودی اور سیناخونکا بیان منصورہ و ملتان کی ریاستوں کا۔ المطیع باللہ ۳۶۳-۳۸۱ھ۔ و القادر باللہ ۳۸۱-۴۲۳ھ

متفرقات صفحہ ۲۳۹ سے ۲۴۷ تک

ملتان کی بت پرستی۔ رسومات عجیبہ ملک سندھ۔ مجرموں کا امتحان آگ سے۔ مجرموں کا امتحان پانی میں منتر و سحر علم الاکناف۔ لڑائی میں آپس میں بند ہونا۔ سندھ میں بدھ مذہب۔

باب چہارم۔ خاندان غزنویہ ۲۴۷ سے ۴۰۷ تک

فصل اول۔ کابل میں مسلمانوں کا متسلط ہونا۔ کابل میں مسلمانوں کی سلطنت کا آغاز اور حملے صفحہ ۲۵۱ سے ۲۵۴ تک

فصل دوم۔ خاندان غزنویہ

الپتگین۔ حکایات الپتگین کے انصاف کی صفحہ ۲۵۴ سے ۲۵۵ تک

امیر ناصر الدین سبکتگین صفحہ ۲۵۵ سے ۲۶۳ تک

فتح بست۔ فتح قصدار۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی سلطنت۔ آوتر دوکن میں ہندوؤں کا راج۔ ہندوؤں میں متبادلہ کی قوت۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی ترقی کا آہستہ آہستہ ہونیکے اسباب اور ہندوؤں کا مسلمانوں سے سلطنت کا لینا۔ امیر سبکتگین کی دیار ہند کیطرف توجہ۔ جے پال اور سبکتگین کی لڑائی۔ ہندو راجاؤں کا باہم متفق ہو کر سبکتگین سے لڑنا اور شکست کھانا۔ قصائل دیگر سبکتگین

محمود غزنوی صفحہ ۲۶۳ سے ۳۰۷ تک

محمود غزنوی کی نوعمری کی نقل۔ سلطنت امیر اسمٰعیل اور محمود کی تخت نشینی۔ سلطان محمود کی خود مختاری اور آل سامان کی بربادی۔ سلطان محمود کی خود مختاری۔ مہم اول۔ دوسری مہم تیسری مہم بھاٹیہ کی فتح۔ چوتھی مہم فتح ملتان۔ تاتاریوں سے سلطان محمود کی لڑائی۔ پانچویں مہم چھٹی مہم نگرکوٹ کی فتح۔ تلک غور کا فتح کرنا۔ ساتویں مہم نارائن۔ ہندوستان کے سفیر کا غزنی میں آنا۔ آٹھویں مہم۔ نویں مہم ناردین۔ غرجستان کی فتح اور سلطان محمود کا خلیفہ بغداد کو نامہ بھیجنا اور اُس کا جواب آنا۔ خوارزم کی سلطنت کا سلطان کے ہاتھ آنا۔ دسویں مہم نھانیسر کی فتح۔ گیارہویں مہم۔ بارہویں مہم۔ برن کا تسخیر ہونا۔ متراصحابن کی فتح۔ متھرا کا فتح ہونا۔ مُنج کی فتح۔ شردایا سارداکی فتح۔ غزنی کا ایک صوبہ پنجاب کا بننا۔ سلطان کی بلخ میں جانا۔ تیرہویں مہم راجہ قنوج کی امداد۔ چودھویں مہم قیرات اور ناردین کی فتح۔ پندرہویں مہم راجہ کالنجر کی تادیب سولھویں مہم سومنات۔ محمود کا یہاں راجہ مقرر کرنا۔ بیان اُن مصائب کا جو سلطان محمود کو واپس جانے کے وقت پیش آئیں۔ سومنات کا صندلی دروازہ۔ سترہویں مہم۔ سلطان محمود کا سلجوقیوں سے لڑنا اور ملک ری کو جانا اور ایران کا فتح ہونا۔ نامۂ خلیفہ مشتمل بر القاب سلطان محمود کے حملوں کے نتائج۔ سلطان محمود کی سلطنت کے تعلقات مختلفہ قوموں کے ساتھ۔ سلطان محمود کی وفات۔ حکایات دلچسپ جو سلطان محمود کی خصلت و عادات و انتظام ملک سے متعلق ہیں۔ حکایات شیخ ابوالحسن خرقانی۔ محمود کی سیاہ۔ محمود کا علمی شوق۔ فردوسی و شاہنامہ۔ حکیم البیرونی بیرونی۔ ایاز۔ وزرائے محمود محمود کی صورت۔ محمود کی لیاقتیں و عادتیں و خصلتیں۔

ذکر سلطنت شہاب الدین و جمال الملۃ سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی صفحہ ۳۰۷ سے ۳۴۸ تک

سلطان محمود کی اولاد اور اُنکی تربیت۔ امیر مسعود کی ولیعہدی۔ امیر مسعود کی نوجوانی۔ سلطان محمود کی ناراضمندی۔ امیر مسعود سے اور محمد کی ولیعہدی۔ سلطان محمد کی تخت نشینی۔ خط جو امیر مسعود پاس غزنی سپاہان میں بھیجا۔ ماتمی دربار۔ امیر مسعود کا سپاہان سے ری میں آنا۔ غزنی سے ناموں کا آنا۔ امیر مسعود کا ری سے آگے روانہ ہونا۔ ری میں بغاوت۔ خلیفہ بغداد کے ایلچی کا آنا۔ امیر محمد و امیر مسعود کی خط و کتابت۔ بجینا آباد سے ہرات میں لشکر کا جانا۔ خواجہ احمد حسن کا وزیر مقرر ہونا۔ احوال امیر محمد کا قلعہ کوہ شیر میں۔ خواجہ حسنک وزیر محمود کا مارا جانا۔ آریارق حاجب و صاحب الجیش ہند کا اور

صاحب الجیش سبکتگین غازی کا گرفتار ہونا۔ ولایت کچ و کران میں سلطان مسعود کا دخل۔ سلطان مسعود کا بلخ سے غزنی کو روانہ ہونا اور یوسف بن سبکتگین کا گرفتار آنا۔ سیل غزنی۔ احمد نیال تگین کا سپہ سالار ہند مقرر ہونا۔ اور اُس کا بنارس جانا۔ تلک ہندکا سپہ سالار ہند مقرر ہونا۔ کران کی مہم میں ہندی سپاہ کے سبب سے سلطان کے لشکر کو شکست پانا۔ سلطان کی سلجوقیوں سے لڑائی۔ التونتاش کا ماوراء النہر میں لڑنا۔ احمد بن حسن کا انتقال۔ سلطان کا ہرجان جانا پھر ہندوستان آنا قلعہ ی و سونی پت کے قلعہ کا فتح کرنا۔ سلجوقیوں سے لڑائی۔ امیر محمد اور اُسکے بیٹوں کے ساتھ سلوک۔ سلطان مسعود کا ہندوستان جانا اور خرابیوں کا آنا۔ امیر محمد کا پھر سلطان ہونا۔ سلطان مسعود کا قید ہونا۔ خصائل مسعود۔ سلطان کی سلطنت

ذکر سلطنت ابوالفتح قطب الملۃ شہاب الدولہ امیر مودود بن سلطان مسعود صفحہ ۳۲۲ سے ۳۴۵ تک

مودود کی چچا سے لڑائی۔ مودود کی لڑائی اپنے بھائی عبدوے سے۔ ہندوؤں کا حملہ پنجاب پر اور سلطان کی اُنسے لڑائیاں اور نگرکوٹ بت کی کہانی۔ ہندو بکالا ہور کی محاصرہ۔ ترکمانوں سے لڑائیاں و متفرقات۔ سلطان کی طرف سے ہندوستان میں حاکم مقرر ہونے۔ سلطان کی تیاری سلجوقیوں سے لڑنے کی اور مرنا۔ سلطنت ابوجعفر مسعود بن مودود۔ سلطنت بہاء الدولہ ابوالحسن علی بن مسعود بن محمود۔ ابوالمنصور جواد الدولہ عبدالرشید۔ ہندوستان کا انتظام۔ طغرل کا عبدالرشید اور اولاد محمود غزنوی کا قتل کرنا۔ سلطنت جمال الدولہ خصائل فرخ زاد۔ سلطنت ظہیر الدولہ نصیر الملۃ رضی الدین ابراہیم سلجوقیوں سے مصالحت۔ ہندوستان میں لڑائیاں۔ خصائل سلطان ابراہیم۔ سلطان ابراہیم کی وفات اور اولاد اور اُسکی مدت سلطنت و زیر و شاعر۔ سلطنت علاء الدولہ مسعود بن ابراہیم۔ سلطنت سلطان الدولہ ارسلان شاہ بن مسعود سلطان معزالدولہ بہرام شاہ بن مسعود۔ سلطان بہرام شاہ کا ہندوستان میں آنا۔ بہرام شاہ کی غوریوں کے ساتھ بدسلوکی۔ سلطنت ظہیر الدولہ خسرو شاہ بن بہرام شاہ۔ غزنی کا غوریوں کے ہاتھ سے برباد ہونا۔ خسرو شاہ کا غزنی لینے کا ارادہ۔ سلطنت ختم الملوک بن خسرو شاہ۔

فصل سوم۔ خاندان غوری صفحہ ۳۴۵ سے ۳۶۴ تک

سلطنت علاء الدین جہانسوز۔ سلطنت سلطان سیف الدین محمد بن سلطان علاء الدین حسین۔ حکایات سلطان غیاث الدین غوری۔ ہندوستان کا حال۔ بارہویں صدی میں قنوج میں جیچگ و سیمیر۔ چوتوں کی سلطنت کی تقسیم ۱۱۸۴ء میں۔ سلطان الدین کی فتوح۔ پنجاب سے خاندان غزنی کا خارج ہونا اور تباہ ہونا۔ سلطان شہاب الدین کی لڑائیاں ہندوؤں کیساتھ۔ سلطان محمد غوری کا ہندوؤں سے شکست پانا۔ دلی اور اجمیر کا فتح ہونا۔ قنوج کی فتح۔ گوالیار اور ملک بیانہ کا فتح ہونا۔ اور قطب الدین ایبک کی فتوحات۔ اودھ اور بنگالہ کے صوبوں کا فتح ہونا۔ سلطان شہاب الدین کی خوارزم پر چڑھائی اور تباہی۔ ہندوستان کے فسادوں کا بیان۔ کھکروں کا مسلمان ہونا۔ سلطان شہاب الدین کی وفات۔ خاندان غوری کا خاتمہ۔

فصل چہارم - غلام بادشاہوں کی سلطنت صفحہ ۳۶۴ سے آخر ۴۰۴ تک

سلطنت آرام شاہ بن قطب الدین صفحہ ۳۶۴ سے ۳۶۶ تک

سلطنت سلطان شمس الدین التمش ابو المظفر التمش صفحہ ۳۶۶ سے ۳۷۳ تک

التمش کی طفلی کا بیان - التمش کا بادشاہ کی خدمت میں رہنا اور ترقی پانا - فتوحات شمسی خوارزم کے بادشاہ جلال الدین کا ہندوستان میں آنا - بنگال کی فتح - اور ناصر الدین قباچہ کے ساتھ لڑائی اور رنتھنبور اور مندسور کی فتح - تاج ناصر الدین قباچہ سے لڑائی - جامہ خلافت - لکھنوتی و گوالیار کی فتح - سلطان التمش کی وفات - یادگار سلطان التمش - سلطان التمش کے عہد کے بڑے آدمی اور اسکی حکایات -

سلطان رکن الدین و سلطان رضیہ و سلطان معز الدین بہرام صفحہ ۳۷۳ سے ۳۸۷ تک

سلطان رکن الدین فیروز شاہ بن سلطان التمش - سلطان رضیہ بیگم - سلطان رضیہ کے امرا کی نا اتفاقی کا مٹنا قلعہ رنتھنبور یاقوت حبشی - حادثہ عظیم عہد سلطان رضیہ - ابن بطوطہ نے جو سلطان رضیہ کے قتل کی حکایت لکھی ہے - سلطنت معز الدین بہرام شاہ - امرا سلطنت کی سازشیں - واقعہ عظیم مغلوں کے حملہ کا - بہرام شاہ کا قتل ہونا -

سلطنت علاؤ الدین مسعود شاہ و سلطان ناصر الدین محمود صفحہ ۳۸۷ سے ۳۹۴ تک

مغلوں کا حملہ تبت کی راہ سے اور اور حملے - سلطان ناصر الدین محمود کا بادشاہ ہونا - بلبن کو وزیر مقرر کرنا - بادشاہ کا سفر ملتان میں انتظام کرنا - ناصر الدین کی ہندوں سے لڑائی - قلعہ ترور کی فتح و شیر خاں کی فتوح - بلبن کا وزارت سے معزول ہونا اور پھر مقرر ہونا بغاوتیں - مغلوں کے حملے و بغاوتیں - میواتیوں سے لڑائی - ہلاکو کا ایلچی - سلطان ناصر الدین کی عادات و خصائل و خوبیاں -

سلطان غیاث الدین بلبن صفحہ ۳۹۴ سے ۴۰۴ تک

سلطان بلبن کا بادشاہ ہونا - اور ملکوں کے امیروں کا جمع ہونا - علم و ہنر کا حال - انتظام سپاہ - دربار - عادات سلطان بلبن مفسدوں کا سزا دینا اور انتظام - اقطاع داران - بنگالہ کی سرکشی - شیر خاں کی وفات اور شاہزادہ محمد سلطان - محمد سلطان کا مغلوں کے ہاتھ سے شہید ہونا - سلطان بلبن کی وفات - حکایات غریبہ -

ذکر شاہی سلطان معز الدین کیقباد ناصر الدین بغرا خان بن سلطان غیاث الدین بلبن صفحہ ۴۰۴ سے ۴۰۴

سلطان کیقباد کی حالت تخت نشینی کے بعد - نظام الدین کو سلطنت کا خیال - نظام الدین کو اسکے خسر کا سمجھانا - بغرا خان اور کیقباد کی مراسلات اور ملاقات - کیقباد کی وفات - ابن بطوطہ نے جو اس بادشاہ کا حال لکھا ہے - فقط -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ تاریخ

ارباب لغت نے لفظ تاریخ کی تحقیق میں اور اشتقاق میں بہت صفحے سیاہ کئے ہیں۔ انمیں سے چند سطریں بقدر ضرورت نقل کیجاتی ہیں مدالقاموس میں لکھا ہے کہ تاریخ کے لفظ کا مادہ عربی یارخ ہے جس کے معنی چاند کے ہیں یا کالدی مادہ یرخ ہے جسکے معنے مہینے کے ہیں اس تحقیق میں طول زیادہ ہے جس کی نقل سے کچھ زیادہ فائدہ نہیں ہے۔ لسان العرب میں لکھا ہے کہ ارخ سے تاریخ مشتق ہے اورارخ کے معنی ہیں گائے کے بچّے کے جو ابھی پیدا ہوا ہو۔ اسلئے ہر واقع کو جو نو پیدا ہو تاریخ کہتے ہیں۔ تاج العروس شرح قاموس میں لکھا ہے تاخیر کے مقلوب ہونے سے تاریخ بنا ہے اور تاخیر کے معنے ہیں اولین وقت کو آخرین وقت کے ساتھ نسبت دینے کے اور ہر چیز کی وقت کی تاریخ اس کی انتہا اور اسکا وہ وقت ہے جس پر وقوع اس کا ختم ہوتا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں کہ فلانی تاریخ قوم خود است یعنی خاندان کی شرافت اس پر ختم ہوتی ہے۔ زمانہ معین کے ساتھ سوانح کے پابند کرنے کو فارسی زبان میں ماہ و روز کہتے ہیں مفتاح العلوم خوارزمی میں لکھا ہے کہ اہل عرب نے ماہ روز کو معرب بنا کر مارخ پھر سورخ بنایا اور اسکو باب التفعیل کا اسم فاعل سمجھ کر مصدر تاریخ بنالیا۔ بعض ارخ کو مادہ ٹھیرا کر یہ کہتے ہیں کہ باب تفعیل کی خاصیت دُور کرنے کی بھی ہے اس لئے سانحہ کے وقت کی نادانی دُور کرنے کے معنی کو تاریخ کہتے ہیں عرف میں تاریخ ایک روز معین ہوتا ہے کہ پچھلے زمانہ کو اُس سے نسبت دیتے ہیں اور اسی سے شروع کرتے ہیں۔ یہ روز وہ ہوتا ہے کہ جس میں کوئی سانحہ عظیم واقع ہوا ہو جیسے کہ کسی مذہب کا پیدا ہونا۔ کسی بادشاہ کا اورنگ نشین ہونا۔ طوفان کا اُٹھنا یا زلزلہ عظیم کا آنا۔ غرض تاریخ کے معنے تعریف الوقت یا توقیت الشئے یعنے کسی چیز کے

وقت مقرر کرنے کے ہیں۔ پس جو حالات و اخبار بقید وقت لکھے جاتے ہیں اُس کو تاریخ کہتے ہیں۔

تاریخ کا تحریر میں آنا

یہ امر تحقیق ہے کہ تاریخ اپنی نوزادگی میں نہ قوت ایسی رکھتی تھی نہ اس پاس اسباب ایسے کافی جمع تھے کہ وہ کاغذی پیرہن پہن کر اپنی صورت حرفوں میں دکھاتی یعنی لکھنے میں آتی۔ مدتوں تک واقعات کا علم فقط حافظہ میں محفوظ رہا یا وحشیانہ رموز و علامات میں یادرہا۔ علم ادب نے اپنی تصویر پہلی نظم کے مرقعہ میں دکھائی جو علم موسیقی یا مطربی سے استحاد رکھتا تھا۔ جب علم ادب کی سحر تھی یعنے آغاز۔ تو جس ذہین ادیب کو کچھ کہنا ہوتا تو وہ مطرب بنکر اُس کو الاپتا۔ اسکے الفاظ ہوا میں پرواز کرکے دور دور جاتے اور عوام میں اس پرواز کے برقرار رہنے کے لئے نہ قلم کی نہ کسی اور آلہ تحریر کی احتیاج تھی۔ نثر پر نظم مقدم تھی اور اس نظم میں کیا واقعات رزم ہوتے یا گیت و بھجن ہوتے۔ اگرچہ اس میں تاریخی عناصر موجود ہوتے تھے مگر شاذ و نادر پاک صاف ہوتے تھے۔ پہلے زمانہ کے لوگوں میں وہ باتیں پسند ہوتی تھیں جنہیں قوت متخیلہ نے کام کیا ہو۔ وہ حواس اور مشاہدہ کے کاموں کو پسند نہیں کرتے تھے اسی لئے اُن کو قصے کہانیاں زٹل قافئے زیادہ بہ نسبت نفس الامری واقعات کے مرغوب خاطر تھے۔ اگر ہم ان وحشیانہ گیتوں کو جو ہر جگہ فن تحریر کی ایجاد سے پہلے مروج تھے تاریخی واقعات خیال کریں تو بڑی غلطی ہے۔ ان مطربانہ نغموں کی بنا سچ پر نہ تھی بلکہ سچ یہ ہے کہ اُن پر بالکل سچ کی پرچھائیں بھی نہیں پڑی تھی۔ اگرچہ بظاہر یہ امر آسان معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت میں اس سے زیادہ مشکل کوئی امر نہیں ہے کہ واقعات تاریخی کی تحقیق و تنقیح و تنقید کرکے اُنکی اصل حقیقت دریافت کریں کوئی قدرتی و جبلی قوت انسان میں اُن کے دریافت کرنے کی عطا نہیں ہوئی۔ کسی نسل و قوم انسانی کو یہ قوت حاصل ہی نہیں ہوئی جب تک کہ اسکی عقل و دانش و فرزانگی وزیر کی میں پختگی نہ آئی ہو اب یہ قوت تربیت و تعلیم و تہذیب انسانی کا نتیجہ ہے۔ مختلف قوموں میں ایسی نظم نے جو تاریخ سے قرابت قریبہ رکھتی ہے ایک عجیب و غریب خوبی پہلے اس سے پیدا کی ہے کہ کوئی ذلیل سے ذلیل تاریخ بھی ان کے پاس ہو۔ ہندوستان میں ہندوؤں کو رامائن اور مہابھارت پر فخر و ناز ہے مگر تاریخی علم ان پاس موجود نہیں

یونان میں ہومر شاعر پہلے ہیرو ڈوٹس مؤرخ سے موجود ہے۔ انگلستان میں شیکسپیر شاعر پہلے اس سے موجود ہے کہ کوئی مؤرخ وہاں پیدا ہو۔ غرض مؤرخوں سے پہلے شعرا پیدا ہوتے ہیں۔ جھوٹے قصوں فسانوں و قافیہ سنجیوں کی زنجیروں سے قدیمی قوموں کا پاؤں نہایت آہستہ آہستہ بتدریج نکلا ہے اور مصالح تاریخی جو قوانین قدرت کے موافق ہو حاصل ہوا ہے دنیا میں تاریخ نویسی چین و جاپان نے سب سے اول شروع کی ہے اور اُن کا تاریخی علم ادب بہت وسیع ہے اور قوموں نے بھی تاریخ نویسی کو شروع کیا ہے۔ مگر ہم کو صرف اپنی قوم کے تاریخی علم ادب بیان کرنے کی ضرورت ہے اس لئے ہم فقط اہل عرب کی تاریخ نویسی کو ذکر کرتے ہیں اور باقی سب کو ترک کرتے ہیں۔

عربی زبان میں آنحضرتؐ کے زمانہ سے پہلے کسی زمانہ کی کوئی تاریخ تصنیف نہیں ہوئی عربی زبان میں تاریخ کا موضوع اوّل آنحضرت کی ذات مبارک اور اُنکے اقوال و افعال و غزوات ہیں اور موضوع دوم اُنکے اصحاب و تابعین کے جہادات۔ اُن کی وفات کے بعد سو برس کے قریب اگرچہ تاریخ تحریر کی صورت میں نہیں آئی زبانی نسلاً بعد نسل چلی گئی۔ مگر یہ زبانی کارخانہ ایسے عظیم الشان کامون کی تاریخ کا متحمل کیسے ہو سکتا تھا۔ مہمات عظیم کا وہ متواتر تار بندھا کہ ناچار تاریخی علم ادب کو تحریر میں لانا پڑا۔ جب وہ تحریر میں آیا تو اُس نے وسعت ہی نہیں پائی بلکہ اُسکی قدر و قیمت بڑھتی گئی۔ چنانچہ اس زمانہ میں یورپ کے محقق منصف مؤرخ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ تہذیب کی تاریخ عامہ کے مصنف اتنے ہی اپنی تصنیف میں ناقص رہتے ہیں جتنے کہ وہ اہل عرب کی تاریخوں سے جاہل و لاعلم ہوتے ہیں۔ علماء و فضلاء کا کوئی گروہ ہو جس کی قوت میں مفید علم تاریخ کا سرمایہ بڑھانا ہوگا۔ وہ وہی ہوگا جو مسلمانوں کے عربی مؤرخوں کی تصنیفات سے مستفید و مستفیض ہوتا ہے۔ اس زمانہ کی تمام اقوام مہذب و تعلیم یافتہ کے لئے یہ علمی خزانہ تواریخ عرب کا ایک بے بہا سرمایہ ہے جس کے بغیر تاریخ کی تکمیل کی تحصیل نہیں ہو سکتی۔

مسلمانوں کی تاریخ میں سب سے اوّل جناب رسالتمآبؐ کے اقوال و افعال اور اُنکے غزوات اور اُنکے اصحاب کے تابعین کے جہادات تحریر میں آئے۔ اقوام عرب کے انساب کے قلمبند کرنے میں توجہ کیگئی۔ احادیث مذہبی کے سوا احکام ملکی اور واقعات میں سلسلہ روایات جاری ہوا

اسمعنوں کا تاریخی علم ادب

اور اسمیں طریقہ اسناد شروع ہوا۔ ہر روایت کے لئے راوی کا مستند و معتمد ہونا لازمی ٹھیرا بغیر اسکے وہ روایت ہی ردی سمجھی جاتی تھی۔ جب ان روایات کا مجموعہ جمع ہوا تو اسمیں ایک ہی مضمون کی روایات متعدد ہوتی تھیں کسی مؤرخ نے اختصار کیلئے ان روایات کے راویوں کے سلسلہ کو جدا کیا اور روایات مکررہ کو دور کیا۔ اور باقی روایات کی ایک تاریخ بنا دی یہ سب سے اول جس نے مسلمانوں کے جہادات کی روایات کو جمع کیا ہے ابن اسحٰق تھا۔ اسی نے اسلام کی تاریخ اوّل لکھی ہے ابن ہشام نے اضافہ کیا۔ بعد ازاں اور بڑے بڑے نامور مؤرخوں نے تاریخیں تصنیف کیں جیسے کہ ابو الغزیٰ۔ ابن الاثیر و واقدی و طبری و مسعودی وقیتبہ ہیں۔ ان سب پر بلکہ ساری دنیا کے مؤرخوں پر ابن خلدون تاریخ میں سبقت لیگیا اس علم میں جس اعلیٰ درجہ پر وہ پہونچا نہ اس سے پہلے کوئی مؤرخ پہونچا نہ اسکے بعد کوئی تین سو برس تک پہونچا۔ ہم نے آگے ابن خلدون کا حال لکھا ہے اُسے پڑھو۔ غرض مسلمانوں کو اپنی تاریخ کا علم عزیز رہا ہے اور اُسکی تدوین میں ہمیشہ توجہ کی اور وہ تاریخی علم ادب تدوین کیا جو متقدمین کے علم تاریخ پر سبقت لے گیا۔ جس طرح اُنھوں نے اس علم پر توجہ کی اسکی نظیر پہلے زمانہ میں دنیا میں موجود نہیں مگر اس زمانہ میں ہر شخص کو یہ ماننا پڑے گا کہ آجکل تاریخ کا فن اپنی معراج پر پہونچ گیا ہے اور یورپ کے بعض مؤرخوں کے محققوں کے سامنے مسلمانوں کی تحقیقات سابقہ پھیکی پڑ گئی ہیں اسکا آگے بیان آئے گا۔

اب ہم چند مؤرخوں کی تاریخوں سے ایسے مضامین ترجمہ کرکے لکھتے ہیں جنسے معلوم ہو کہ فن تاریخ کی تعریف اور اُس کے اصول اور اُس کے مطالعہ کے فوائد اور اُس کی تالیف و تصنیف کیلئے شرائط اور مؤرخ کے فرایض کیا کیا بیان کئے گئے ہیں۔

آدمی کو آدمی کا دل پڑھ سکتا ہے۔ سننے اور دیکھنے سے دل قوی اور ضعیف ہوتا ہے جبتک وہ دنیا میں نیک و بد کو دیکھتا اور سنتا نہیں تو وہ یہی نہیں جانتا کہ شادی اور غم کیا ہوتے ہیں پس اس سے معلوم ہوا کہ دل کے دیدبان و جاسوس چشم و گوش ہیں۔ یہ خود دیکھکر اور سنکر مطلع کرتے ہیں کہ انسان اس سے مستفید ہو۔ دل کو جو علم اس طرح حاصل ہوتا ہے اُس کو وہ خرد کے سامنے رکھتا ہے جو حاکم عادل ہے تاکہ باطل سے حق جدا ہو جائے اور جو اُسکے لئے بکار آمد ہو اُسے اختیار کرے اور جو بکار آمد نہو اُس سے انکار کرے اسلئے آدمی کے پیچھے یہ حرص لگی ہوئی ہے

ہیوی مؤرخ نے جو اپنی تاریخ سنٹلیس میں تاریخ کے باب میں لکھا ہے

کہ زمانہ کے اخبار و احوال میں خواہ وہ گذشتہ ہو یا آیندہ ان باتوں کو جانے کہ جو اس سے غائب ہوں اور جن کو اُس نے نہ دیکھا ہو نہ سُنا ہو۔ گذشتہ اخبار و احوال کو آدمی بحث و محنت و مشقت اُٹھا کر یوں دریافت کرسکتا ہے کہ دنیا میں چکر لگائے اور صحیح احوال درست اخبار دریافت کرے مگر آیندہ کے حال دریافت کرنے کی راہ بند ہے۔ وہ غیب محض ہے۔ اگر آدمی کو وہ معلوم ہوتا تو سرتاپا نیک ہی ہوتا بدی کو اپنے پاس تک نہیں آنے دیتا۔ کوئی غیب کا معلم سوائے خدا کے نہیں ہوسکتا۔ ہرچند ایسا ہو مگر خردمند بھی دنیا کے احوال دریافت کرنے میں جستجو کرتے ہیں اور اسکے گرد پھرتے ہیں اور بہت پیچ و تاب کھاتے ہیں (غرض یہ ہے کہ گذشتہ اخبار کی تاریخ سے آیندہ کے حال کے بتلانے میں کوشش کرتے ہیں) اور معاملات میں بات کو بجد کہتے ہیں۔ اگر اُسکو غور سے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ وہ نیک و بد پر حکم لگانے پر قادر ہیں اخبار گذشتہ کی صرف دو قسمیں ہیں کوئی تیسری قسم نہیں اوّل کسی سے سُنا ہو دوم کتاب میں پڑھا ہو۔ اب ان دونوں میں شرط یہ ہے کہ کہنے والا راست گو ہو اور جو کچھ وہ کہے اسپر عقل بھی گواہی دیتی ہو کہ خبر درست ہے اور جو اُسکو لائے ہیں اُن سے نفرت نہیں ہوسکتی۔ بزرگوں کا قول ہے کہ جب تک کسی بات کو رائے مستقیم تسلیم نکرے وہ تصدیق کے قابل نہیں ہوتی۔ یہی حال کتاب کا ہے کہ جو کچھ اسمیں پڑھا جائے اُسکو خرد رد نکرے اور سننے والا اُس کو باور کرے۔ اور خردمند سُنکر اُسکی تعریف کرے۔ اکثر عام آدمی باطل ممتنع کو صحیح جانتے ہیں جیسے کہ دیو و پری کوہ و غول بیابان و درہ کے اخبارات جنکے اوپر احمق بنا ہنگامہ ہوتا ہے اور پاگل جمع ہوتے ہیں ایک دن میں سے بیان کرتا ہے کہ میں نے دریا میں ایک جزیرہ دیکھا جس میں پانچ سو آدمی فروکش ہوئے۔ ہمنے اپنی روٹیاں اور دیگیں پکائیں۔ جب آگ تیز ہوئی تو اُسکی تپش کا اثر زمین پر ہوا تو زمین غائب ہوگئی غور کرکے دیکھا تو وہ مچھلی تھی۔ اُس پہاڑ پر مینے یہ خبریں دو ان دیکھیں کہ ایک بڑھیا نے جادو سے ایک آدمی کو گدھا بنا دیا۔ ایک دوسری بڑھیا نے اس گدھے کے کان کو روغن ملکر آدمی بنا دیا۔ اسی طرح کی اور خرافات حکایات کہ نادانوں کو سناتی ہیں اور رات کو اُن کے سامنے بار بار بیان کیجاتی ہیں۔ وہ لوگ بھی جو سچی اور نادر باتوں کے خواستگار ہوتے ہیں وہ ان داستان سراؤں کو دانا جانتے ہیں اُن میں بہت ہی تھوڑے آدمی ایسے ہیں نیک (سچ) کو قبول کرتے ہیں اور زشت (جھوٹ) کو رد کرتے ہیں۔ میں نے جو کچھ تاریخ میں لکھا ہے

وہ میرا معائنہ ہے یا کسی مرد ثقہ کا استماع ہے۔

بیہقی نے تمام بیان میں یہ ایک بات خوب لکھی ہے کہ خردمند مؤرخ ایسا مزاج شناس زمانہ ہوسکتا ہے کہ آیندہ زمانہ کے نیک و بد پر حکم لگا سکتا ہے۔

علم تفسیر و حدیث و فقہ و طریقت مشائخ کے سوا میں نے کسی علم و عمل میں ایسے منافع نہیں دیکھے جیسے کہ علم تاریخ میں انبیا و خلفا و سلاطین و بزرگان دین و دولت کے آثار و اخبار جاننے کا نام علم تاریخ ہے علم تاریخ سے شغل رکھنا بھی انھیں کے ساتھ مخصوص ہے جو دین و دولت کی بزرگی اور کمالات میں خلایق میں مشہور ہوں۔ کمینے پاجیوں اور ذلیل بازاریوں کو علم تاریخ سے کچھ مناسبت نہیں ہے اور نہ اُن کا یہ پیشہ و حرفہ ہے اُن کو علم تاریخ سے نہ کچھ منفعت ہوتی ہے نہ کہیں وہ ان کے کام آتی ہے۔ وجہ اسکی یہ ہے کہ علم تاریخ میں تو دین و دولت کے بزرگوں کے اوصاف کے اخبار اور محامد و مناقب و مآثر بیان ہوتے ہیں۔ اراذل مفلسوں و کم اصل بازاریوں کے رذائل کا بیان نہیں ہوتا کہ وہ جنسیت کے سبب سے رذالوں کے رذائل اوصاف سے مانوس ہوں۔ اُن کو علم تاریخ پر رغبت نہیں کرنی چاہیئے۔ اسلئے کہ علم کا جاننا اُنکے حقیں مضر ہی نہ نافع۔ علم تاریخ کی بڑی عزت یہی ہے کہ رذالوں اور سفلوں و کم اصلوں کو اُس کی طرف میل و رغبت نہیں ہوتی اور نہ اُنکے معاملات کی سفالت میں اور اخلاق کی رذالت میں کام آتا ہے۔ بزرگوں کی بزرگی کا ذکر کرنا اُنکی زبان سے بھلا نہیں معلوم ہوتا اراذل جس علم و جس محل میں مشغول ہوتے ہیں انہیں منفعت سے بے بہرہ نہیں رہتے الاعلم تاریخ میں مگر وہ لوگ جو نسبتاً و حسباً کریم و کریم زادے و بزرگ زادے ہوتے ہیں اور اُن کی نسل میں بزرگی و بزرگ زادگی کا شرف ہوتا ہے ان کو علم تاریخ کا جاننا ضرور ہے وہ علم تاریخ کے استماع بغیر جی نہیں سکتے۔ بزرگ و بزرگ زادوں اور عالی نسب زادوں کے نزدیک مؤرخ جان سے زیادہ عزیز ہوتا ہے اور مؤرخ کی تحریر و تقریر کے ذریعہ سے دین و دولت کے بزرگوں کو حیات ابدی حاصل ہوتی ہے اسلئے وہ انکی خاک پا کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بناتے ہیں۔ علم تاریخ کی نفاستیں بزرگان دین و دولت نے بہت بیان کی ہیں۔ اوّل نفاست علم تاریخ میں یہ ہے کہ کتب سماوی کہ کلام اللہ ہے وہ زیادہ تر انبیا کے آثار معاملات سے اور اخبار سلاطین سے اور اُنکی جباری و قہاری سے کہ حاکم و آمر بنی آدم ہیں بھرا ہوا ہے اور علم تاریخ اسی علم کا نام ہے کہ سرمایۂ اعتبار الوالا بصار ہو دوسری

ضیاء الدین برنی نے جو تاریخ فیروز شاہی میں علم تاریخ کی نفاستیں بیان کیں۔

نفاست علم تاریخ کی یہ ہے کہ علم حدیث کہ بالکل قال رسول اللہ وفعل رسول اللہ ہے اور علم تفسیر کے بعد علوم میں انفع وانفس ہے اور روایت کی تعریف وتنقید اور ورود احادیث کے ماجرا ومعاملات غزا اور جہاد حضرت مصطفےٰ اور احادیث کے ایام ناسخ ومنسوخ کی تقدیم وتاخیر علم تاریخ سے متعلق ہے اور یہ تعلق ایسا ہے کہ ائمہ حدیث کہتے ہیں کہ علم الحدیث وعلم التاریخ توامان ہیں اگر محدث مؤرخ نہو تو وہ معاملات حضرت مصطفےٰ ومعاملات صحابہ سے کہ اصل میں روات احادیث ہیں کچھ علم وخبر نہ رکھے گا مخلص صحابہ کی اور صحابہ کے ملتزموں کی کیفیت اخلاص وغیر مخلص صحابہ وغیر ملتزمان صحابہ کا حال اُسپر روشن نہوگا۔ جب مورخ محدث نہیں ہونگے معاملات مذکور مبرہن نہونگے وہ کسی حدیث کی روایت نہیں کرسکے گا اور قرن نبوت اور قرن صحابہ میں جو احوال اور اخبار گذرے ہیں اور اُنکی شرح وتفصیل جو سلف وخلف کے باطنوں کو اطمینان اور دلوں کو تسکین دیتے ہیں یہ سب علم تاریخ سے روشن ہوتے ہیں سوم نفاست علم تاریخ عقل وشعور کی زیادتی کا واسطہ اور درستی رائے اور تدبیر کا وسیلہ ہوتا ہے۔ تاریخ دان اور شخصوں کے مطالعہ سے صاحب تجربہ اور اوروں پر حوادث کے واقع ہونے سے اہل حزم ہوتا ہے۔ ارسطاطالیس اور بزرجمہر نے کہا ہے کہ علم تاریخ کا جاننا رائے صواب کا موید ومعین ہوتا ہی اسلئے کہ اہل سلف کا ظلم خلف کی صحت رائے کے لئے شاہد عدل ہوتا ہی۔ چوتھی نفاست یہ ہے کہ علم تاریخ کے جاننے سے واقعات زمینی وحوادث جدید سے سلاطین وملوک ووزرا اور کابر کے دلوں کو قرار وصبر ہوتا ہے اور اگر جانداروں کو حوادث فلکی سے صعوبت سخت پیش آئے تو اُس کی کشایش سے اُمید منقطع نہیں ہوتی۔ اور امراض ملکی کے دفع کیلئے جو دوا پہلے لوگ کرگئے ہیں ان سے حال کے امراض ملکی کی دوا معلوم ہوتی ہے۔ حوادث ظنی ووقائع ذہنی کہ اُسکے بعد آتے ہیں اُن سے دلمیں احتراز ہوتا ہی۔ علم تاریخ کے جاننے سے حوادث کی نشانیاں قبل از وقوع روشن ہوجاتی ہیں یہ منفعت انفع المنافع اور انفس المتابع ہے۔ پنجم نفاست انبیا نے جو حوادث اور وقائع میں رضا وصبر اختیار کیا اُسکے جاننے سے علم تاریخ کے جاننے والے کو صبر ہوتا ہے اور جب یہ معلوم ہوتا ہے انبیاء پر جو آدم کی اولاد میں سب سے بہتر ہیں طرح طرح کی بلائیں پڑیں ہیں تو اسلام کے مومنوں کا دل حوادث اور مصائب کے وقوع سے نہیں گھبراتا۔ ششم نفاست یہ ہے کہ علم تاریخ سے عادلوں

نیکوکاروں کے خصائل اور اُنکے درجات دلنشین ہوتے ہیں اور جباروں و قہاروں کا تمرد و گمراہی اور اُن کی ہلاک و دہا خلفاً و سلفاً سلاطین اور وزرا و ملوک اسلام کو معلوم ہوتی ہیں امور جہانداری میں نیکوکاری کے ثواب اور بدکرداری کے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ ہفتم نفاست علم تاریخ کی بناصدق پر رکھی ہے۔ علم تاریخ کی تالیف انھیں اکابر و بزرگوں و بزرگ زادوں سے مخصوص ہے جو عدالت و حریت و راستی و دوستی سے منسوب ہیں۔ علم تاریخ کیا ہے خیر و شر و عدل و ظلم و استحقاق و غیر استحقاق و محاسن و مقابیح و طاعات و معاصی و فضائل و رذائل سلف کا نقل کرنا ہے تاکہ پچھلے پڑھنے والے اس سے عبرت پکڑیں اور جہانداری کے منافع و مضار اور جہانبانی کی نیکوکاری و بدکرداری دریافت کریں اور دل سے اس نیکوکاری کا اتباع کریں اور بدکرداری سے پرہیز کریں اگر نعوذ باللہ کذاب مفتری دروغ کو کام میں لائیں اور نفس خبیث و باطن خدا کی تلقین سے بزرگان سلف کی ناشائستہ حکایتیں بنائیں اور اُس کو کتابت میں لائیں اور اپنے بہتان کو رنگین عبارتوں میں رواج دین اور جھوٹ کو سچ بنا کے لکھیں تو یہ دنیا اور آخرت کے گناہ سے نہ خوف کرنا اور قیامت کے دن جواب دینے سے ہراس نکرنا ہی غیبت سے (جو صرف زبان سے ہوتی ہے) نیکوں کو بد کہنا اور لکھنا زیادہ تر صعب ہے اور بدوں کو نیک کہنا اور لکھنا سب بدکاریوں کا سر ہے۔ جب اخبار تواریخ بے سند ہوں اور وہ معاملات سلاطین و اکابر کے اعلام کرتے ہوں تو مولف تاریخ اہل اعتبار سے چاہیئے کہ ہو صدق و عدالت میں مشہور و مذکور کہ اسکے بے سند لکھنے پر پڑھنے والوں کا اعتقاد راسخ ہو اور معتبروں میں اُس کا اعتبار ہو۔ معتبروں کا اطمینان خاطر اُسی معتبر کی تحریر پر ہوتا ہے کہ جس کی امانت و دیانت میں شبہ و شک نہو۔ تواریخ نویسی کے لئے یہ شرط لازمی ہے کہ جس بادشاہ یا بزرگ کے فضائل و خیرات و عدل و احسان لکھے اُسکے مقابح و رذائل بھی مستور نہ رکھے اور معاصرت کے طریقہ کو تاریخ کے لکھنے میں معمول نہ کرے اگر مصلحت دیکھے تو صریح ورنہ رمز و کنایہ و اشارہ میں زیر کون اور عاقلوں کو اُنسے آگاہ کرے۔ اور اگر کسی خوف و ہراس کے سبب سے ہم عہد و ہم عصر کی بُرائیاں نہ لکھ سکے تو اس میں وہ معذور ہے۔ لیکن جو گذشتہ لوگ ہیں اُن کا حال سچ سچ لکھے۔ اگر مؤرخ کو کسی عصر و عہد میں کسی بادشاہ یا وزیر یا کسی بزرگ سے کوفتگی پہونچی ہو یا اُس نے اُسپر

نوازش کی ہو تو تاریخ کی تالیف کے وقت لطف و قہر و نوازش و شفقت پر اُس کی نظر نہو تاکہ اُس کا نتیجہ یہ ہو کہ راستی کے برخلاف کسی فضیلت و رذیلت کو جو حقیقت میں نہو اور معاملہ اور ماجرا کو جو واقع نہوں اُن کو لکھے بلکہ مؤرخ کو دیانۃً و اعتقاداً و صدقاً و مذہباً راست و درست لکھنا منظور نظر ہو اور قیامت کے جواب کا خوف اُس کو ہو مؤرخ پر واجب و لازم ہے کہ کذابوں و مداحوں و مبالغہ کرنے والوں اور شاعروں اور دروغ زنوں اور سخن آرایوں کے طرق و طریقت سے بالکل احتراز کرے۔ یہ لوگ خرمہرہ کو لعل و یاقوت کہتے ہیں اور اپنی طمع کے سبب سے سنگریزہ کا نام جواہر گرانمایہ رکھتے ہیں۔ جو اُن کے احسن نوشتے اور اختراع ہوتے ہیں وہ اکذب ہوتے ہیں۔ مؤرخ جو لکھتا ہے اُس پر اور لوگ اعتقاد کرتے ہیں۔ اگر وہ دروغ ہوگا تو وہ زیان زدہ ہوگا اور نوشتہ اُسکا خدا اور اُس کے درمیان حجت ہوگا اور کل قیامت کو مؤلف کذاب سخت ترین عذاب و عقاب میں مُبتلا ہوگا۔ تمام علموں میں علم تاریخ نفیس و نافع ہے۔ اور تاریخ کا تالیف کرنا بڑا کام ہے اور اس علم کے منافع اس شخص کے حق میں بھی ساری ہوتے ہیں جس کے آثار و محامد صحائف روزگار پر باقی رہتے ہیں۔ اور مؤرخ کے بہت سے حق اُن لوگوں کے ذمے پر ثابت ہوتے ہیں جن کے اخبار و آثار کو لکھتا ہے اور اُنکے مآثر کو زمانہ میں پھیلاتا ہے۔ اگر وہ زندہ ہیں تو اُنکے مآثر کا نشر اُن کی محبت و نیک گوئی و نیک خواہی کا سبب ہوتا ہے اور اُنکی دوستی آشنا و بیگانہ کے دل میں منقش ہوتی ہے اور اگر وہ مُردہ ہیں تو اُن کا ذکر آثر حیات ثانی ہوتی ہے اور وہ مستحق علیہ الرحمۃ کے ہوتے ہیں اور جو تاریخ سنتے و پڑھتے ہیں۔ اُن پر مؤرخ کے حقوق ہوتے ہیں اسلئے کہ اُسکی تحریر کے سبب سے پڑھنے والوں اور سننے والوں کو منافع حاصل ہوتے ہیں۔

فائدہ اول۔ بنی آدم کو معرفت اشیا عقل و حس کے ذریعہ سے میسر ہوتی ہے۔ اور تمام محسوسات میں بعض مشاہدات اور بعض مسموعات ہوتے ہیں۔ عقلمندوں پر ظاہر ہے کہ عالم کا کما ینبغی عقل کے طریق سے نہیں معلوم کرسکتے۔ اور یہ بھی محال ہے کہ افراد بشری میں سے شخص واحد بقائے عالم کی مدت تک اہل عالم کے واقعات اور حالات کو مشاہدہ کرے اور اُن کے خیر و شر پر معائنہ کے طریق سے واقف ہو۔ پس عالم اور اہل عالم اور اُن کے اوضاع و اطوار کا طریق پہچاننے کا علم تاریخ میں تامل کرنا ہے اور اُس کی بنا مسموعات پر ہوتی ہے جسکا غالباً

محمد بن خاوند شاہ ابن محمود المعروف بہ میرخواند المتخلص بہ کامی

کوئی اور علم متکفل نہیں ہے۔

فائدہ دوم۔ علم تاریخ سے خوشی و بشاشت حاصل ہوتی ہے اور آئینہ خاطر سے رنج و ملال کا رنگ چھٹ جاتا ہے۔ صاحب خرد جانتا ہے کہ حواس انسانی میں سمع و بصر کا مرتبہ بڑا ہے جیسی صورحسنہ کے ملاحظہ سے حسّ بصر محظوظ ہوتی ہے اور ملول نہیں ہوتی ایسے ہی حسّ سمع بھی اخبار و آثار کے سننے سے ملول نہیں ہوتی بلکہ ہر لحظہ اُس کی بہجت و مسرت کو بڑھاتی ہے اس لئے کہ انسان کی حیات میں اخبار و استخبار مرکوز ہے اور بنی آدم کی طبایع میں وہ پیدائشی ہے۔ امثال میں یہ لکھا ہے لا یشبع العین من نظر ولا السمع من خبر ولا الارض من مطر (آنکھ دیکھنے سے اور کان سننے سے اور زمین مینہ سے سیر نہیں ہوتی)

فائدہ سوم۔ علم تاریخ جس میں باوجودیکہ بہت سے فائدے ہیں سہل الماخذ ہے اور اُسکے حاصل کرنے میں زیادہ کلفت اور مشقت نہیں پڑتی اور وہ حفظ پر مبنی ہے۔ پس جو شخص گذشتہ واقعات کی محافظت کرے گا اور اُس کے مطالعہ میں مشغول ہوگا وہ اپنے آمال و امانی کے حاصل کرنے میں متبع اوقات میں صرف کریگا اور جلد اپنے مطالب و مقصود پر فائز ہوگا۔

فائدہ چہارم۔ جس شخص کو اس فن میں تجربہ حاصل ہوگا اور اقوال مختلفہ پر اطلاع ہوگی وہ ثقات کی روایات کے موافق سچی باتوں کا مختار ہوگا اور انکی مخالف باتوں کو مردود کاذب جانے گا اس سے اُسکو حق و باطل میں اختیار کرنے کا شرف حاصل ہوگا۔

فائدہ پنجم۔ عاقلوں کا قول ہے کہ فضائل انسانی میں تجربہ بھی ہے اور تجربہ ہی کیواسطے سے اہل عالم کی رائے کامل ہوتی ہے اور یہ بھی تصریح کی ہے کہ عقل کے مراتب ہیں اور ہر مرتبہ پر ایک مناسب لفظ کا اطلاق کرتے ہیں ان میں ایک عقل تجاربی ہے اور حکیموں نے تجربہ کے تین درجے مقرر کئے ہیں اوّل یہ کہ کوئی شخص کسی ایسے امر کو اختیار کرے کہ جس کا نفع مضمر اسی پر عائد ہو۔ دوم یہ کہ دوسرے آدمی کو کسی واقعہ میں مشاہدہ کرے کہ نیک و بد اس کا صاحب واقعہ پر راجع ہو۔ سوم یہ کہ احوال متقدمین پر اطلاع پیدا کرے اور اُنکی نحوستوں و سعادتوں و عطایا و بلایا کے اسباب کو طریق سمع سے معلوم کرے اس سے زیادہ ان تین درجوں میں سے کوئی درجہ موکد نہیں ہے کہ کوئی شخص خود صاحب واقعہ ہو اخبار سلف کی

نقل موثوق بہ ہوتی ہے اور اس میں کوئی شے تامل سے پہچانی جاتی ہے اور تاول سے دفع کیجاتی ہے یہ درجہ مرتبہ اول کا تاب و مناب وجاری مجرا ہے۔ ضرور ہے کہ کسی طائفہ کی حزم و کارروائی کی حکایت کہی جائے جس سے مطالب و انواع کامرانی پر فائز ہونا مرتب ہوا ہے اور اسکا حسن عاقبت بیان کیا جائے تو صاحب خرد سعادت مند اسکی پیروی کرتا ہے اور ہوشمند اسکا اقتدا کرتا ہے کہ عاقبت بخیر و خاتمہ بخوبی ہو اور ایسی ہی اگر قوم کی ضعف رائے اور سستی تدبیر اور غفلت و نادانی گذارش کیجائے اور اُس کے انجام کی سختی اور اختتام کا قاعدہ بیان ہو تو ہوشیار بحکم فاعتبروا یا اولی الابصار سے عبرت پکڑتا ہے۔

فائدہ ششم۔ علم تاریخ کے متامل کو واقعہ میں کہ واقع ہوتا ہے عقلائے عالم کے ساتھ مشورت حاصل ہوتی ہے اور اس قسم کی مشاورت ابناء عصر کے ساتھ ظاہر ہے۔ پہلے بزرگوں کو جو وقایع پیش آئے ہیں انھوں نے اپنے خاص مصالحہ کو مرعی رکھا ہے اور اس موجود زمانہ کے اہل مشورت اپنے سے غیر کے منافع پر نظر نہیں رکھتے ہیں اور آدمی اپنے صواب حال پر زیادہ بہ نسبت دوسرے کے حال کے ہمت لگاتے ہیں اور اپنے امور کے حفظ میں بہ نسبت امور غیر کے حفظ کے زیادہ امین ہوتے ہیں۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ مشورہ بزرگان سابقہ سے بہ نسبت مشاورت حال کے زیادہ اولیٰ و انفع ہے۔ جب کسی پر کوئی واقع ہوتا ہے اور وہ اُس کے کشف کے طریقہ کو اس علم سے استکشاف کرتا ہے تو کل علماء کی عقل کا نتیجہ اس کے سامنے ہوتا ہے اس واسطے لشکر حوادث اُس کے فکر کے خزانوں کو نہیں تاراج کرتے اور اسلاف کے عقول کے پانی سے رنجوں کا غبار لوح خاطر سے دُھل جاتا ہے اور جو چراغ اوروں نے روشن کیا ہے اُسکی روشنی میں بغیر محنت و رنج کے وہ اپنی مہمات کا سرانجام کرتا ہے اور حیرت و سختی کے جنگل میں مارا مارا نہیں پھرتا۔ اس مضمون کا موید یہ کلمہ ہے۔ السعید من وعظ بغیرہ (سعید وہ جو غیر سے نصیحت لیتا ہے)۔

فائدہ ہفتم۔ علم تاریخ شعور و زیادتی عقل کا سبب اور ازدیاد فضل کا وسیلہ ہے اور صحت رائے اور تدبیر کا واسطہ ہوتا ہے۔ اسلئے بزرجمہر نے کہا کہ علم تاریخ رائے صواب کا معین و موید ہے۔ اسواسطے کہ احوال سلف علم خلف کی صحت رائے میں شاہد عدل و گواہ فضل ہے۔

فائدہ ہشتم۔ اس فن کے علم کی بدولت اصحاب اقتدار و اختیار کے ضمائر ہولناک و مشکل حادثوں کے وقوع میں مطمئن اور برقرار رہتے ہیں۔ اگر ناگاہ مقتضیات فلکی سے کوئی صعوبت رونما ہوتی ہے تو فتح و کشف کی اُمید منقطع نہیں ہوتی اسواسطے کہ زمانہ سابقہ میں بہت دفعہ ایسا ہوا ہے کہ واقعۂ عظیمہ اور داہیہ کبرے واقع ہوئے اور وہ محض کردگار کی عنایت سے سہل طور پر سر سے ٹل گئے ؎

ہزار نقش برآرد زمانہ و نہ بود　　یکے چنانکہ در آئینہ تصور ماست

فائدہ نہم۔ جو شخص کہ اخبار اور تواریخ پر مطلع ہوتا ہے وہ صبر و رضا کے مرتبوں سے بہرہ مند ہوتا ہے۔ یہ دونوں اصفیا و اتقیا کے اشرف مراتب ہیں اسلئے کہ جسوقت حوادث روزگار میں تعمق و تامل کیا جائے کہ ذوات کرام رسل و انبیا علیہم السلام پر صدہا طرح کی بلائیں نازل ہوئیں اور اُنھوں نے تحمل کرکے مصابرت کا طریقہ کس خوبی سے اختیار کیا۔ اسلئے جب کوئی داہیہ عظمیٰ رونما ہو تو صبر و رضا کو اختیار کرے اس میں شک نہیں جو ان دو فضیلتوں کا التزام کرے وہ دارین کی سعادت سے مستفید ہوگا اور منزلین کی شقاوت سے محروس۔

فائدہ دہم۔ فی الحقیقت اس میں فائدے ہیں مگر ارباب تاریخ نے ان سب فائدوں کے مجموع کا نام ایک فائدہ رکھا ہے وہ یہ ہے کہ یہ فن شریف غرائب انقلابات و عجائب تحویلات کا مخبر ہے جب ان پر سلاطین با داد و دین اور ارکان دولت و اعیان مکنت کو علم ہوتا ہے تو وہ حضرت مالک الملک کی قدرت قاہرہ پر زیادہ مطلع ہوتے ہیں۔ پہلے لوگوں کے تغیرات حالات جو مذکور ہوتے ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ نعمت و نقمت و راحت و محنت کو چندان بقا نہیں ہے اقبال سے مغرور اور ادبار سے ملول نہیں ہونا چاہیئے اور جب عادلوں کی سعادت و شرف درجات پر وہ اطلاع پاتے ہیں اور متمردوں کی پریشانی و گمراہی پر آگاہ ہوتے ہیں اور امور جہانداری میں نیکوکاری کے ثمرات اور بدکاری کے نتائج اصحاب قدرت پر ظاہر ہوتے ہیں تو جو بادشاہ جہانگیری کی ابتدا میں طریقہ قہاری اور شیوۂ جباری ظاہر کرتے ہیں تو وہ سیرت مذمومہ کہ اہل ضلالت کی خصلت ہوتی ہے اس سے عدول کرتے ہیں اور مہالک اشرار سے سعادت پاکر مسالک ابرار میں آتے ہیں جس سے اُنکے لئے عقبےٰ میں منزل اعلیٰ مہیا ہوتی ہے۔

آرباب فرمان سے زیادہ کوئی طائفہ اس علم کا محتاج نہیں ہے اسکی وجہ اول یہ ہے کہ عالم کی

حکام کو بہت کام کے فن تاریخ کی احتیاج زیادہ ہوتی ہے

مصالح کلیہ انھیں کی رائے و رویہ پر مفوض ہیں اور خیر و شر جو واقع ہوتے ہیں وہ اُن کے اجرا اور دفع پر مامور اور مکلف ہیں اُن کو حوادث اور وقایع ملکی و مکائد حروب و تدبیر اصحاب رائے کی معرفت سے چارہ نہیں ہے۔ یہ سب حالات اسی فن سے معلوم ہوتے ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جب وہ اس فن میں تامل فرمائینگے۔ اور پہلے بادشاہوں و حاکموں کے جریان امور اُنکے کان تک پہونچیں گے تو وہ محاسن اخلاق و عدل رافت اور رعیت پروری اور بقائے مملکت کے جو اسباب ہیں ان میں کوشش کرینگے اور مخت و آفت و زوال منصب و حکومت کے جو اسباب ہیں اُنسے اجتناب و احتراز واجب و لازم جانینگے خاصکر وہ بلند ہمت دولتمند جب پہلے لوگوں کی خوش اخلاقی میں تامل کرینگے تو اُنکو رشک پیدا ہوگا اور وہ یہ چاہینگے کہ قوم سابق پر نیکنامی میں ہم فایق ہو جائیں۔ سوم وجہ یہ ہے کہ حکام و امرا ہمیشہ مصالح ملک کے حفظ میں مبتلا رہتے ہیں اور اُن کے افکار مہمات میں استغراق سے ملول رہتے ہیں تو اس طائفہ رفیع المکان کو حکایات و تواریخ کے سننے سے استراحت و آسایش ہوگی۔ اوقات شامت و ملالت میں نشاط خاطر کے دافع الم کے لئے کوئی علم ملائم تر تاریخ سے زیادہ نہیں ہے۔ اگر اس فن کی شرافت اور فضیلت اثبات پر کوئی جاہل یہ اعتراض کرے کہ اکثر تواریخ میں مفتریات اور موضوعات اور واہی تباہی بے سر و پا مضامین پہلے لوگ لکھ گئے ہیں وہ اعتماد کے لایق نہیں۔ جہاں صدق و کذب و صواب و خطا مخلوط ہوں اُن میں تمیز کرنا دشوار ہے اُنسے کوئی فائدہ مرتب نہیں ہوتا تو یہ شبہ اس طرح دفع ہوتا ہے کہ ائمۂ سلف و اکابر خلف سے اس علم کی بنا راستی و صدق پر رکھی ہے یہ محال ہے کہ فضلاء روزگار و علماء اخبار افترا اور کذب کو اپنا شعار بنائیں اور مفتریات و موضوعات کی نقل پر جرأت کریں جو کچھ ان سے حد تواتر پر پہونچا ہے البتہ وہ خلل و زلل سے محفوظ ہے اور اگر کسی کذاب و مفتری نے نفس خبیث کے سکھانے سے اکابر سلف کے معاملات ناموجہ اور نقلیں گھڑ کر ورقوں کے صفحوں پر منقش کی ہیں۔ ان علموں کے نقادوں نے بیشک اس تالیف بے توصیف و ترکیب بے ترتیب کو لعن طعن کا ہدف بنایا ہے اور انھوں نے مفتریوں اور کذابوں کے افترا اور بہتان کو خلقت پر ظاہر کیا ہے اور تبلا دیا ہے کہ فلاں شخص کی تالیف سراسر حشو اور اُسکی تصنیف سراسر قابل نسخ و محو ہے۔ ارباب عقل پر ظاہر ہے کہ تالیف و تصنیف کرنا ایک امر خطیر و کار بزرگ ہے خاصکر تاریخ کا جمع کرنا اور

ترتیب دینا۔ اسلئے کہ اس فن کی کتابیں ذوی الاقتدار بادشاہوں اور عالیمقدار امرا و اکابر و اشراف و علما و فضلا اطراف کی نظر ہی سے گذرتی ہیں اور بازاری آدمی اور اہل حرفہ بھی جو سفید و سیاہ میں فرق نہیں کرسکتے اس علم کی کتب کے سننے و پڑھنے کی طرف رغبت کرتے ہیں اور مصنف بیچارہ من صنف فقد استہدف تھوڑی تقصیر پر خلقت کے تیر ملامت کا نشانہ بنتا ہے۔ پس اگر تحریر تاریخ کے لئے چند شرایط لکھی جائیں تو مؤرخ پر شاید منصف مزاج نہ طعن کریں اور اسکی باتوں کو خوشی سے سُنیں۔

شرط اوّل۔ تاریخ نویس کو چاہیئے کہ سالم العقیدت و پاک مذہب ہو۔ بعض بدمذہب خوارج و روافض نے اصحاب و تابعین کے قصص ناپسندیدہ گھڑ لئے ہیں اور مشہور و مہجور و مردود و مقبول باتیں اپنی تالیف میں لکھی ہیں اور اس طرح آدمیوں کو فریب دیا ہے جب کسی کو اُنکی اصل کید و خداع پر اطلاع نہیں ہوگی تو وہ یہ گمان کریگا کہ اس جماعت نے مشکات نبوت و مصباح رسالت سے روایات تفتیش کی ہیں تو اس اعتقاد فاسد سے وہ ضلالت و گمراہی میں پڑے گا۔

شرط دوم۔ مؤرخ جو کچھ لکھے وہ بیان واقعہ ہو کل حالات کو قید کتابت میں لائے یعنی جیسے کہ اکابر و اعیان کے فضائل و خیرات و عدل و انصاف تحریر کئے ہیں ایسے ہی مقابح و رذائل اُسکے ذکر کرے اور کسی بات کو چھپائے نہیں اگر مصلحت جانے تو قسم دوم کو تصریح کے ساتھ بیان کرے ورنہ رمز و کنایہ و اشارہ کے طریقہ کو اختیار کرے۔ العاقل تکفیہ الاشارۃ۔

شرط سوم۔ مدح و ذم میں افراط و تفریط سے احتراز واجب جانے اور خوشامد نہ کرے۔ اگر اپنے جلب منفعت و رفع مضرت کے سبب سے چارہ نہو تو مضمون کلمہ خیر الامور اوسطہا کو نہ چھوڑے بیشک جب اُسکی نظر صدق معاملہ و صحت واقع پر ہوگی تو اُسکے مطالب و مآرب حاصل ہونگے۔

شرط چہارم۔ تاریخ نویس شیوہ تکلفات کو نہ اختیار کرے۔ اور ایسی کوشش کرے کہ کلمات وافی و تقریرات شافی سے سیاق کلام موسس ہو۔ حکایات و روایات کے صفحوں پر تصریحات لطیف کے نقش ہوں۔ عبارات سلیس و پاک قریب الفہم اختیار کرے کہ رکاکت کلمات اور دنارت الفاظ و لغات نازلہ و عبارات سافلہ سے خالی ہوں تاکہ خواص و عوام جنکی عقول و افہام متفاوت ہوتی ہیں حظ وافر سے محظوظ ہوں اور اُسکی تالیف لوگوں کی نظروں میں محمود

وپسند ہوں اور کسی کو رد وعیب نمائی کی مجال نہو۔ یہ شیوہ کچھ فن تاریخ سے ہی مخصوص نہیں ہے بلکہ کل فنون سے جو لغات مختلفہ میں تالیف ہوتے ہیں۔

شرط پنجم۔ مؤلف تاریخ امانت ودیانت میں معروف ہو صدق گفتار وحسن رفتار میں مشہور اسلئے کہ اخبار تواریخ عموماً اور قضایا سلاطین خصوصاً اکثر سند نہیں رکھتے کہ جسکے سبب سے اعتماد کلی اسپر کیا جائے اور شرح وقائع میں جھوٹ سے امین ہو۔ جب مؤرخ متدین دامین ہوگا۔ اس سے کمالات وفضائل کے طالبوں کو اطمینان قلبی حاصل ہوگا کہ ایسا شخص دین کو دنیا کی غرض سے نہیں بیچے گا اور کذب بہتان بنانے سے وبال عاقبت وسوء خاتمت اُس اچھا نہیں معلوم ہوگا وہ روایات وحکایات دلپذیر کی تنقیح میں کمال اہتمام کرے گا اور مشوق کتب ومطوق صحائف کو نقل سے زیب وزینت دیگا اور تغیر وتبدل سے احتراز کرے گا تاکہ اُسکے آثار آخر زمان تک قایم رہیں۔

مسلمانوں میں ابن خلدون بڑا نامور مؤرخ گذرا ہے جسکا لوہا اس زمانہ میں اہل یورپ مانتے ہیں روبرٹ فلنٹ ایک نامور فاضل عالم مورخ اپنی فلوسوفی اوف ہسٹری کے صفحہ ۱۵۷ میں تحریر فرماتے ہیں سب سے اول جس شخص نے علم تاریخ کو سائنس یعنے علوم حکمیہ میں سے ایک علم قرار دیا وہ ابن خلدون تھا۔ گو اس باب میں کہ وہ علم تاریخ کو سائنس قرار دینے کا موجد تھا ارباب الرائے کے آراء میں اختلاف ہو مگر انصاف دوست رسائی منش اسکے مقدمہ کو مطالعہ کرکے یہی کہیگا کہ اس ایجاد کا سہرہ ابن خلدون کے سر پر بندھا ہے اور یہ اعزاز اسی کو دی کو سے پہلے سے حاصل ہوا ہے۔

ابن خلدون نے اپنا حال آپ لکھا ہے اُسکو نہایت مختصر کرکے ہم یہاں لکھتے ہیں

۱۳۳۲ء میں طیونس میں ابن خلدون پیدا ہوا۔ وہ حضر موت کے کسی قبیلہ عرب کی نسل میں سے تھا۔ کئی صدیوں سے سپین میں اُسکے باپ دادا سلاطین کے عمدہ عہدوں پر ممتاز تھے۔ جب بنی امیہ کا خاندان تباہ ہوا تو شمالی افریقہ میں جاکر اُس کے آباواجداد آباد ہوئے۔ ابن خلدون کی تربیت وتعلیم نہایت شایستگی کے ساتھ ہوئی۔ ایام طفلی سے علم کا شوق اُس کا دامنگیر تھا نوجوانی میں اُسکو علوم مختلفہ کے درس دینے کی اسناد مل گئیں۔ علم تفسیر وحدیث وفقہ وفلسفہ وصرف ونحو ومنطق واصول فقہ وزمانہ جاہلیت کے علم ادب میں اس کو استعداد کامل ہوگئی۔ گو زمانہ نے عالمانہ

زیست بسر کرنے کی فرصت کم دی مگر اُس کے دل میں ہمیشہ علوم کے شوق اور علم ادب کے عشق کی آتش شعلہ افروز رہی۔ بیس برس کی عمر میں وہ امور ملکی میں مصروف ہوا اور طیونس کے سلطان ابن اسحٰق دوم کی ملازمت میں اُس نے اعتبار اور اقتدار پیدا کیا۔ دو برس بعد وہ فیض کے سلطان ابوعنان کے پاس چلا گیا اور وہاں اُس نے سلطان کے مزاج میں ایسا دخل پیدا کیا کہ اُس کے اقران کو اس قدر حسد پیدا ہوا کہ اُنھوں نے سازشیں کرکے اُسکو معزول کرایا اور قید خانہ میں ڈلوایا ۱۳۵۹ء میں جب ابوعنان کو اجل آئی تو ابومسلم نے اُس کو قید سے نکالا اور اپنا مقرب بنایا مگر پھر اُس پر ارکان سلطنت کو حسد پیدا ہوا۔ اور جب ابومسلم کا انتقال ہوا اور اُس کے وزیر عمر سے جسکے ہاتھ میں سلطنت کا اختیار بالکل تھا ابن خلدون کی نہ بنی تو وہ اُس سے ناراض ہوکر سپین میں چلا آیا۔ یہاں اُسکا حد سے زیادہ اعزاز واحترام ہوا۔ افریقہ میں وہ ابن الاحمر کی خدمت نمایاں بجا لایا۔ سال آیندہ میں وہ اُسکی طرف سے سفیر بنکر سولی لی میں پیٹر دی کرویل بادشاہ کیسل کیخدمت میں گیا جس نے اُسکی بڑی آؤبھگت کی ۱۳۶۵ء میں وہ افریقہ میں آیا۔ یہاں اس کا ایک قدیمی دوست ابن عبداللہ تھا جس نے قسطنطنیہ کو فتح کرلیا تھا۔ اُسکا وزیر اعظم وہ ہوگیا۔ مگر ابن عبداللہ قسطنطنیہ کے سلطان عبدالعباس سے لڑکر ایک جنگ میں مارا گیا تو ان بادشاہوں کی جنگ آزمائیوں میں ابن خلدون کے کئی برس زندگی کے بڑی تلخی میں کٹے۔ اس کا گذرہ اس طرح سے ہوتا تھا کہ آزاد زبردست قوموں کے سردار اُسکے ساتھ سلوک کرتے تھے۔ سنہ ۱۳۷۴ء سے ۱۳۷۹ء تک وہ سلطان مراکو کی خدمت میں رہا اور اُس کی طرف سے عرب کی اقوام کیساتھ صلح کے عہدو پیمان کی گفتگو کرتا رہا۔ دوبارہ پھر سپین میں آیا۔ مگر یہاں وہ زبردستی مراجعت پر مجبور کیا گیا اب وہ ملکی کاموں سے دست بردار ہوا اور چار برس تک خلوت گزین رہا اور مطالعہ علمی کے سوا کچھ اور کام نہیں کیا اور اس خلوت میں اپنی تاریخ کا مقدمہ تصنیف کیا اور عرب و بربر کی تاریخ کی تحریر کا آغاز کیا۔ اس تاریخ کی تصنیف کے واسطے اُسکو بڑے بڑے کتب خانوں کی ضرورت پڑی اسلئے وہ ۱۳۷۶ء میں طیونس گیا۔ سلطان عبدالعباس نے اُسپر نہایت عنایت اور اُسکی تعظیم و تکریم کی اور اہل شہر اور طلبہ نے اُسکے آنے کو ایک نعمت غیر مترقبہ جانا اور اُس سے اپنے جوش و محبت کا اظہار نہایت شوق سے کیا اور اُسکو جانے نہ دیا اور اپنی تعلیم و تدریس کے لئے اُسے روک لیا۔

مگر مفتی عرفہ اور اُسکے ساتھ اور امرا ابن خلدون کی جان کے دشمن بنے اور ایسی عداوت اُس کے ساتھ کی کہ اُسکو وہاں رہنا دشوار کر دیا۔ اُس نے بربر کی تاریخ ختم کر کے مکہ معظمہ کا قصد کیا۔ حج کی اجازت لیکر اکتوبر ۱۳۸۲ء کو جہاز میں سوار ہو کر مصر کی طرف چلا۔ نومبر میں اسکندریہ میں اُترا اور ایک مہینہ یہاں قیام کیا۔ پھر قاہرہ میں آیا۔ اب اُسکی ناموری اور شہرت ایسی ہو گئی تھی کہ اسکا نام یہاں اُس سے پہلے آگیا تھا۔ اس سال یہاں سے کوئی کارواں مکہ نہیں جاتا تھا اس لئے حج کو وہ نہ جا سکا اور سلطان برقوق کے کہنے سے اُس نے عہدہ مدرسی قبول کر لیا۔ بعد ازاں عہدہ قضا پر اُسکی ترقی ہوئی۔ مگر اُسکی عدالت میں ایسا تشدد تھا اور شریعت کے خلاف کاموں کی ممانعت میں ایسا سخت گیر تھا کہ اُسکے سبب سے اُسکے دشمن بہت ہو گئے اس زمانہ میں ایک حادثہ عظیم اسپر یہ نازل ہوا کہ مراکو سے مصر کو اُسکا سارا کنبہ جہاز میں سوار آتا تھا کہ جہاز تباہ ہوا اور اُسکے سب اہل و عیال بحر فنا میں غرق ہوئے۔ جسپر اُسنے یہ کہا کہ ایک ہی صدمہ میں میری مسرت و دولت و اولاد برباد ہو گئی۔ اس رنج و الم سے وہ ایسا شکستہ خاطر ہوا کہ سوا عبادت الٰہی کے اُسکے دل کو چین کسی اور کام میں نہیں ہوتا تھا۔ ۱۳۸۷ء میں وہ مکہ معظمہ گیا۔ وہاں سے قاہرہ میں آیا۔ ایک مدت تک مطالعہ اور درس علمی میں مصروف رہا۔ اپنے حالات کے بیان میں ۱۳۹۴ء تک ایک کتاب لکھی ۱۴۰۰ء میں وہ شام میں گیا۔ یہاں فرخ سلطان مصر اور صاحب قران امیر تیمور کی لڑائی ٹھن رہی تھی۔ وہ بھی اس لڑائی میں شریک ہوا۔ اور دمشق میں محصور ہوا۔ مگر پھر اپنے تئیں امیر تیمور کے حوالے کیا۔ امیر نے اپنی شاہانہ عنایت اور سخاوت سے سرافراز کیا۔ ابن خلدون نے بھی امور ملکی میں امیر کو اپنی لیاقت کے کمال دکھانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔ امیر اسکے علم کا ایسا قدر شناس ہوا کہ اُسکو اپنے ہمراہ لیجانے کا ارادہ کیا۔ یہ ترک بادشاہ اس مؤرخ کے لیجانے سے خوش ہوتا مگر اس عربی مدبر کی زبان اغوا آمیز اُسکے ارادہ کی مانع ہوئی۔ ابن خلدون قاہرہ کو پھر آیا اور یہاں قاضی القضاۃ کا عہدہ پایا۔ چوہتر برس کی عمر میں ۱۴۰۹ء میں اُسکو موت نے نہ چھوڑا۔ اُس کی تصنیفات سے چھوٹی چھوٹی کتابیں بہت ہیں مگر وہ نایاب ہیں فقط اُس کی تصنیف سے تاریخ مشہور ہے جس نے اُسکے نام کو حیات دوام دی ہے۔ ابن خلدون کا نہایت مختصر حال ہمنے اسلئے لکھا کہ جس سے تم کو معلوم ہو کہ وہ بھی ایک عجیب و غریب آدمی تھا اُس کی سوانح عمری سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ

کیسی کیسی حالتوں میں رہا۔ کہیں سازشوں کے خارستان میں ایسا پھنسا کہ جب تک اپنے پہلوؤں کو زخمی نہ کرے نکل ہی نہیں سکتا تھا۔ روز بروز اُس کے پھنسانے کے لئے سازشیں ہوتی تھیں شخصی حکومت کی بلائیں اُسکے سر پر آتی تھیں۔ یہ اسی کا کام تھا کہ ادھر گرتا تھا اُدھر پھر سنبھلکر اُٹھتا تھا اوج وحضیض دونوں کے تماشے دیکھتا تھا۔ ابتداء عمر سے آخر عمر تک اُس کو ایسے سوانح پیش آئے جس نے اُس کو سب طرح سے انقلابات دنیا کے دکھائے۔ کبھی وہ قیدخانہ میں گیا کبھی معزول ہوا کبھی با اقتدار وبا اختیار ایسا ہوا کہ سب کے دل میں اسکا خوف پیدا ہوا کبھی تحسین وآفرین کا آوازہ اُسکا بلند ہوا۔ وہ صاحب فطرت مدبر تھا اور کامل ندیم مستشار مؤتمن مقرر فصیح وبلیغ مختلف قسم کے کاموں کے لئے نہایت لایق کارکن وکارفرما۔ بڑا زمانہ ساز تھا۔ اس زمانہ میں جو مسلمانوں کے علوم وفنون تھے اُن میں سے ہر علم کا عالم اور ہر فن کا ماہر تھا۔ وہ علم میں اور ملکی امور میں شہرت حاصل کرنے میں اولوالعزم تھا۔ سازشوں میں شریک ہونے سے بھی اس کو انکار نہ تھا مگر اس میں کوئی بدعادت نہ تھی۔ یہ نیک نہاد سچا مسلمان تھا۔ اس زمانہ میں جو علوم فلسفیہ کا رواج تھا اور وہ اپنی معراج پر تھے اُنکو وہ باطل اس سبب سے بتاتا تھا کہ اُنسے مذہب کو مضرت پہونچتی تھی ان علوم فلسفیہ میں تو اُس نے کوئی اپنا علم بلند نہیں کیا۔ مگر اُس نے علم تاریخ کو ایسا شرف دیا کہ علوم حکمیہ سے بھی اُسکو بڑھا دیا۔ اب اُسکے مقدمہ کے چند فقرے جس کو جناب نواب محسن الملک محسن الدولہ مینیر نواز جنگ بہادر مولوی سید مہدی علیصاحب نے مقدمہ تاریخ ابن خلدون کے ریویو میں ترجمہ کرکے لکھے ہیں نقل کرتا ہوں اور اس پر کچھ حاشیہ چڑھاتا ہوں۔

اس نامور عالم متبحر نے اول فن تاریخ کی فضیلت اور فوائد کو بیان کیا ہے پھر اُن سببوں کو بیان کیا ہے جو اس فن کو واہی اور غلط اور غیر مفید کردیتے ہیں چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ فن تاریخ بظاہر تو نہایت آسان ہے اور اُسکا سمجھنا ہر خاص وعام وعالم وجاہل کو یکساں۔ کیونکہ پچھلے زمانہ کی باتیں اور گذشتہ واقعات کی خبریں اس سے معلوم ہوتی ہیں۔ لیکن درحقیقت اس کے لئے نہایت غور اور فکر درکار ہے تاکہ ان واقعات کے اسباب دریافت ہوں مثلاً فلاں واقعہ کیوں ہوا اور اُس کے شروع ہونے کے اسباب کیونکر ظاہر اور پیدا ہوئے اور انجام اس کا کیا ہوا۔ اور کیوں۔ پس درحقیقت فن تاریخ کو ایک عمدہ فن فنون حکمت سمجھنا چاہیئے۔ اگرچہ بڑے لایق

مسلمان مؤرخوں نے تاریخ اور اخبار کو اچھی طرح جمع کیا مگر بعد اُن کے جو مورخ پیدا ہوئے اُنھوں نے تاریخ کو لغو و باطل و وہمیات سے خلط ملط کر دیا۔ اور بہت سی باتیں بیہودہ اسمیں ملادیں اور اکثر ضعیف اور بنائی ہوئی روایتیں داخل کر دیں اور بہت لوگوں نے جو بعد اُن کے ہوئے اُنھوں نے نادانوں کی پیروی کی اور اُنھیں پوچ و لچر روایتوں اور واہی تباہی کہانیوں کو جیسا سُنا تھا ہم تک پہونچا دیا۔ نہ واقعات کے اسباب پر غور کیا اور نہ ان حالات کی تصدیق اور تنقیح پر توجہ کی نہ بیہودہ باتوں کو سچے واقعات سے جدا کیا اور نہ لغو روایتوں سے تاریخ کو پاک اسلئے تاریخ ایسا فن رہگیا جس میں تحقیق کم ہے اور تنقیح تھوڑی۔ اور غلطیاں اور اوہام بہت۔ گو کہ تقلید انسان کے رگ و پے میں سمائی ہوئی ہے اور ایک دوسرے کی پیروی کا عادی ہو رہا ہے اور جہالت آدمی کو گھیرے ہوئے ہے مگر حق ہمیشہ حق ہے جس پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا اور باطل ہمیشہ باطل ہے کہ ذرا سی غور و فکر سے اس کا بطلان ظاہر ہو سکتا ہے اور ناقل فی نفسہ ناقل ہے جو بلا تمیز صحت و غلطی کے نقل کر سکتا ہے اور غور و تامل اور سمجھ بوجھ وہ چیز ہے جو صحت غلطی کو اور خطا اور صواب کو جدا کر سکتی ہے اور علم وہ شے ہے جس سے ہر بات کی اصلیت اور ہر چیز کی حقیقت کھل جاتی ہے۔

اسکے بعد ایک جداگانہ فصل میں اس محقق نے ان باتوں کا بیان کیا ہے جو مورخ کے لئے صحیح تاریخ لکھنے کے واسطے ضرور ہیں اور ان غلطیوں اور اوہام کا بطور مثال کے تذکرہ کیا ہے جنکو بڑے بڑے مؤرخین اور مفسرین نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے پھر ان سببوں کی تشریح کی ہے جو باعث ایسی غلطیوں اور اوہام کے ہوئے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ جو شخص دینی و دنیاوی باتوں کی تحقیق چاہتا ہے اُسے فن تاریخ سے واقف ہونا ضرور ہے۔ لیکن اس فن میں چند باتوں کا لحاظ رکھنا واجبات سے ہے۔ اول ماخذ کا دریافت کرنا۔ دوسرے اس پر غور و تامل کرنا اور اسکی تصدیق و تنقیح میں ثابت قدم رہنا۔ یہی دو باتیں انسان کو حق پر پہونچاتی ہیں اور لغزشوں اور غلطیوں سے اُس کو بچاتی ہیں اگر ایسا نہ کیا جائے اور فقط نقل روایت پر اعتبار کر لیا جائے اور عادت اور سیاست اور دنیا کی طبیعت (نیچر) اور انسان کی سوسائٹی (اتحاد) کے مستحکم اصول پیش نظر نہ رکھے جاویں اور غائب کو حاضر اور گذشتہ کو حال پر قیاس نہ کیا

جائے تو کچھ شک نہیں ہے کہ انسان لغزش سے کبھی نہیں بچے گا۔ اور قدم اسکا راہ راست سے ضرور ڈگمگا جائیگا۔ اور اکثر مورخین اور مفسرین اور ائمہ نقل سے واقعات و روایات کے بیان کرنے میں یہی غلطی ہوئی کہ اُنھوں نے محض نقل پر بھروسہ کرلیا اور اسکے عیب و ثواب پر نظر نہ کی۔ نہ انکو اصول اور قواعد سے جانچا۔ اور نہ نظائر و شواہد پر قیاس کیا نہ حکمت و عقل کی کسوٹی پر کسا نہ خود موجودات کے طبائع (نیچر) سے واقف ہوئے۔ نہ غور و تامل اور سمجھ بوجھ کو ان باتونکی تحقیق میں دخل دیا۔ اسلئے وہ حق سے بہک گئے اور وہم و غلطی کے جنگل میں جا پڑے خصوصاً اعداد کے بیان میں اور مال اور لشکر کے شمار میں تو اُنھوں نے ایسا مبالغہ کیا ہے کہ بادی النظر میں جھوٹ اور غلط معلوم ہوتا ہے۔ یہ لکھکر محقق موصوف نے چند مثالیں اس قسم کے مبالغہ کی لکھی ہیں اور محض نیچر اور عقل کی مخالفت سے اُنکو باطل ٹھہرایا ہے منجملہ ان واہی تباہی خبروں کے جنکو محقق موصوف نے بطور مثال کے لکھا ہے ایک وہ خبر ہے جو بہ نسبت تبابعہ بادشاہان یمن اور جزیرہ عرب کے مؤرخین تسلیم کرتے چلے آئے ہیں کہ وہ یمن سے براہ مغرب افریقہ اور بربر تک اور مشرق کی طرف سے ترک و تبت کے شہروں پر حملہ کرتے تھے۔ اور افریقس بن قیس اسکا بڑا اور پہلا بادشاہ تھا جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں یا کچھ دنوں اُنسے پہلے افریقہ پر حملہ کیا اور اسیطرح چند اور بادشاہوں کا احوال اور ان چڑھائیوں اور لڑائیوں کے حالات مسعودی وغیرہ نے لکھے ہیں۔ ان سب کی نسبت محقق نے بڑی ہنسی اُڑائی ہے اور ان لکھنے والوں کو بڑا احمق بنایا ہے چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ یہ سب چیزیں قصہ گویونکی بنائی ہوئی کہانیوں کی طرح ہیں اور صحت و سچائی سے بہت دور ہیں مثلاً جو ذکر بادشاہوں تبابعہ کے حملوں کا اور اُنکی چڑھائیوں کی راہوں کا بیان کیا گیا ہے وہ محض غلط ہے اس لئے کہ وہ لوگ جو عرب کے جزیرہ میں رہتے تھے اور دارالقرار اُنکا صنعا و یمن تھا اور عرب کے جزیرہ کے تین طرف سمندر ہے جنوب کی طرف بحر ہند اور مشرق سے بصرہ تک فارس اور مغرب کیطرف بحر سوئیس یہ امر جغرافیہ کے نقشہ سے ہر شخص دیکھ سکتا ہے پس جو کوئی یمن سے مغرب کو جائے گا وہ سوا سوئیس کے کوئی دوسری راہ نہیں پا سکتا اور فاصلہ بحر سوئیس اور بحر شام کا دو روزہ راہ سے زیادہ نہیں ہے۔ پس عادتاً غیر ممکن ہے کہ اس راہ سے کوئی بادشاہ

اتنا بڑا لشکر لیکر نکلے اور سوئیں پر جو مصر کے علاقہ میں ہے قابض نہوا اور یہ بات بھی معلوم ہی ان صوبوں پر عمالقہ اور شام پر کنعانی اور مصر میں قبطی بادشاہ تھے اور پھر مصر کی حکومت عمالقہ کے ہاتھ میں اور شام کی بنی اسرائیل کے قبضہ میں آئی اور کبھی ان بادشاہوں کی تاریخ سے پتہ اس بات کا نہیں چلتا کہ تبابعہ ان میں سے کسی سے لڑے یا ان کے کسی صوبہ پر قابض ہوئے ہوں۔ بہرحال بہت سی اور معقول دلیلیں ہیں جن سے ان واقعات کا جو مؤرخین نے بیان کیا ہے غلط ہونا ثابت ہوتا ہے ان پرانی کہانیوں کی غلطی اور بناوٹ بیان کرکے محقق موصوف مفسرین پر متوجہ ہوتا ہے اور ان بزرگواروں نے جن کہانیوں کو قرآن کی تفسیر میں بھر دیا ہے اور جس کا بداثر دین اسلام پر پہنچتا ہے۔ ان کہانیوں کا واہی تباہی ہونا بیان کرتا ہے۔ ان بیہودہ روایتوں کی تمثیل ارم ذات العماد اور صحرا سنجلماسہ و مدینۃ النحاس کہانیوں کو لکھا ہی کہ قصہ گویوں نے بنالیا ہے اور طبائع عالم کے نہ جاننے سے عالموں نے ایسی لغو روایتوں کو قبول کرلیا ہے اور اسی قسم کی وہ روایت ہی جو حبشیوں کے سیاہ رنگ ہونے کی نسبت بیان کیجاتی ہے کہ وہ حام بن نوح کی اولاد ہیں اور نوح کی بددعا سے حام کی اولاد کا رنگ کالا ہوگیا۔ حالانکہ توریت میں اتنا ہی لکھا ہے کہ قوم نے دعا کی کہ اُس کی اولاد اپنے بھائیوں کی غلام ہو۔ لیکن بعض لوگوں نے رنگ کی سیاہی بھی اُس میں بڑھادی لیکن یہ محض طبائع کائنات کی ناواقفیت کا سبب ہے اگر وہ ہوا کے مزاج اور حرارت کی تاثیرات پر واقف ہوتے تو ایسا غلط خیال نہ کرتے۔

محقق موصوف نے ایک فصل میں جہاں حکومت اور دولت کے ضعف و قوۃ کے اسباب بیان کیے ہیں۔ وہاں بڑی بڑی عمارتوں اور دنیا کی عجیب چیزوں کو جو اس وقت موجود ہیں مثل شرشال مغرب و اہرام مصر کو بیان کرکے لکھا ہے کہ یہ بڑی بڑی عمارتیں صرف قوم کے دولتمند اور صاحب قوۃ ہونے سے بنیں مگر مؤرخوں نے طبائع عالم کی ناواقفیت سے ان عظیم الشان عمارتوں کے بنانے والوں کے جسم اور قد و قامت کو بھی ایسا ہی بڑا اور عجیب سمجھکر اُنکے لئے ایک روایت گھڑ لی اور عاد و ثمود و عمالقہ و کنعانیوں کے جسموں کو ایسا بیان کیا جنکے سننے سے حیرت ہوتی ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ عوج بن عنق ایک شخص قبیلہ عمالقہ سے تھا جس سے بنی اسرائیل لڑے تھے وہ ایسا طویل القامت تھا کہ سمندر کی تہ سے مچھلی پکڑ لاتا

اور آفتاب پر رکھ کر بھون لیتا۔ ان بزرگوں نے اپنے اس جہل پر جو انسان کی حقیقت کی نسبت تھا اس جہل کو مستند کیا جو وہ کواکب کے حالات سے رکھتے تھے آفتاب کی گرمی کو اُس کے قرب و بعد پر منحصر جانا اور یہ نہ سمجھے کہ آفتاب فی نفسہ نہ سرد ہے نہ گرم اسکے خطوط شعاعی جب سیدھے پڑتے ہیں تو صرف اُس ہوا کو گرم کرتے ہیں جو سطح ارض سے ملی ہوئی ہے اور جتنا بعد زمین سے ہوتا جاتا ہے اُتنی ہی گرمی کم ہوتی ہے۔

اس مقام پر ابن خلدون نے اوروں کی غلطیاں بتلانے میں خود غلطی کی ہے کہ آفتاب کو لکھا ہے کہ فی نفسہ نہ سرد ہے نہ گرم ہے۔ ہم یہ بیان کرتے ہیں کہ محقق کیوں اس مغالطہ میں پڑا۔ اور ثابت کرتے ہیں کہ آفتاب نہایت گرم ہے۔ جاڑے کے دن میں جس مکان میں انگیٹھی دہک رہی ہو ہم اُس کے اندر چلے جائیں تو طبیعت خوش ہو جاتی ہے اور جتنے ہم انگیٹھی کے قریب جائیں گے اُتنے ہی ہم زیادہ گرم ہو جائیں گے۔ مکان کے کنارہ پر ایک لڑکا سردی کے مارے اکڑ جاتا ہے اور انگیٹھی کے قریب بیٹھنے والوں کو ذرا سردی نہیں معلوم ہوتی۔ اگر آفتاب سے جس بُعد پر اب ہم ہیں اس سے زیادہ قریب ہو جائیں تو درجہ حرارت اتنا بڑھ جائیگا کہ ہم گرمی کے مارے بُھلس جائیں گے اور اگر اس سے زیادہ بعید ہو جائیں تو سردی کے مارے اکڑ کر رہجائینگے غرض زمین جس فاصلے پر آفتاب سے ہے اور جتنی حرارت آفتاب سے یہاں پہونچتی ہے وہ ہماری آسایش کے لئے کافی و مناسب ہے۔

آفتاب کی حرارت کا تماشا یوں دیکھ سکتے ہو کہ ایک آتشی شیشہ کو آفتاب کے سامنے رکھو تو اُسکے فوکس یعنی نقطہ آتشی پر کاغذ جلنے لگے گا اور بارود اُڑ جائے گی اور دیا سلائی روشن ہو جائیگی اگر ایک گز چوڑا آتشی شیشہ بناؤ اور اُس کو سورج کے سامنے رکھو تو ایسی تعجب خیز حرارت پیدا ہو گی کہ آتشی شیشہ کے نقطہ آتشی پر فولاد پگھل جائے گا اور وہ چیزیں جنکو گرم سے گرم بھٹی نہیں پگھلا سکتی وہ اُسکو پگھلا دے گا۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آفتاب کے درجہ حرارت کی برابر کسیطرح سے ہم زمین پر درجۂ حرارت نہیں پیدا کر سکتے۔ اب ہم نے جو اوپر بیان کیا ہے کہ ہم جتنے آفتاب کے قریب جائینگے اُتنا ہی درجہ حرارت کم ہوتا جائے گا۔ اُس کو ہر ایک شخص یہ کہ سکتا ہے کہ خلاف واقع ہے اور ہمارا بیان بالکل غلط ہے۔ جب ہم کسی پہاڑ پر چڑھتے ہیں تو ظاہر

ہے کہ پائے کوہ کی نسبت سر کوہ پر ہم آفتاب سے قریب ہو جاتے ہیں تو آپ کے قاعدہ کے موافق چاہیئے تھا کہ ہم سر کوہ پر زیادہ گرم بہ نسبت پائے کوہ کے ہوتے۔ مگر اسکے برعکس ہم سر کوہ پر زیادہ سردی بہ نسبت پائے کوہ کے پاتے ہیں۔ تم نہیں دیکھتے کہ پہاڑوں کی بلند چوٹیاں جو آفتاب سے بہ نسبت زمین کے زیادہ قریب ہیں برف سے ڈھکی رہتی ہیں اور وہاں ایسی سردی ہوتی ہے جسکے متحمل نہیں ہو سکتے اس سے ثابت ہوا کہ ہمارا یہ بیان کہ ہم آفتاب کے جتنا قریب جاتے ہیں اتنی ہی زیادہ گرمی پاتے ہیں غلط ثابت ہوا۔ یہی وجہ تھی کہ ابن خلدون نے یہ خیال کیا کہ آفتاب نہ گرم ہے نہ سرد ہے مگر اس میں مغالطہ یہ ہے کہ پہاڑوں کی چوٹیوں کے ٹھنڈے ہونے کا ایک اور سبب ہے تم جانتے ہو کہ ہماری زندگی کا مدار ہوا کے دم لینے پر ہے خواہ ہم خشکی و تری میں کہیں جائیں ہوا کو موجود پائیں گے بیلون میں جو اوپر چڑھتے ہیں ہوا ہی اُن کو اوپر لیجاتی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہوا کئی میل تک ہمارے سر پر پھیلی ہوئی ہے گو وہ لطیف و رقیق بلندی کے موافق ہوتی جاتی ہے یعنی جتنی بلندی زیادہ ہوتی جاتی ہے اتنی ہی اُسکی لطافت زیادہ ہوتی ہے۔

ہوا فقط ہمارے دم لینے ہی کے کام نہیں آتی بلکہ وہ ایک اور طرح سے بھی ہماری خدمتگذار ہے وہ زمین کا غلاف یا لحاف ہے جو زمین کو گرم رکھتا ہے۔ ہوا کو یوں سمجھو کہ وہ ایک انبار لحافونکا ہے جو اوپر تلے رکھے ہوئے ہیں۔ یہ ہوائی لحاف زمین سے اس حرارت کو جو اُسکو آفتاب سے حاصل ہوتی ہے واپس نہیں جانے دیتے اس سبب سے یہ ہمارا کرہ آبادی کے قابل ہے۔ فقط آفتاب کی حرارت ہی کے سبب سے ہماری آسایش نہیں ہے بلکہ ان ہوائی لحافوں کے سبب سے بھی جو اس حرارت کے محافظ ہیں جو اس کو آفتاب سے حاصل ہوتی ہے۔ اب اگر ان لحافوں کو اُتار ڈالیں تو ہم بیچین ہو جائینگے گو آفتاب ایسا ہی تاباں رہے جیسا کہ پہلے تھا۔ اگر ان راحت رساں لحافوں کو دُور کر دیں تو ہمکو ایسی تکلیف پہنچے گی جیسی کہ آفتاب کی روشنی معدوم ہونے سے۔ اب اگر دوپہر کو کوئی شخص پہاڑ کی بلندی پر جاتا ہے تو وہ آفتاب سے قریب ہوتا جاتا ہے اور آفتاب کی حرارت سے مستفید ہوتا ہے مگر وہ اسقدر کم ہوتی ہے کہ محسوس نہیں ہوتی۔ اگر آدمی کوہ ہمالیہ کی اونچی سے اونچی چوٹی پر بھی چڑھے تو $\frac{1}{19}$ کروڑ ویں حصہ کی برابر بہ نسبت پہلے کے زیادہ قریب ہوگا اور اس قربت سے جو حرارت میں افزایش ہوگی وہ بالکل غیر محسوس ہوگی۔ برخلاف اسکے پہاڑ پر چڑھنے سے وہ ہوا کے طبقات زیرین سے اوپر

چلا گیا۔ ہاں یہ سچ ہے کہ وہ سطح بالا میں ابھی نصف حد تک بھی نہیں پہونچا اور اپنے سر کے اوپر اس سے بہت دُور جا سکتا ہے۔ مگر کرۂ ہوائی کے طبقات بالا ایسے لطیف ہیں کہ اُن کے لحاف کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔ پس پہاڑ پر چڑھ جانے سے وہ لحاف جو ہم کو گرم رکھتے تھے وہ اُتر جاتے ہیں اس سبب سے ہم کو سردی محسوس ہونے لگتی ہے آفتاب کی قربت ہم میں وہ حرارت نہیں پیدا کرتی جو ان لحافوں کے اُتر جانے سے حرارت ہم سے چھن جاتی ہے یہ سبب ہے کہ بلندی پر چڑھنے سے سردی محسوس ہوتی ہے ورنہ آفتاب کے گرم ہونے میں کچھ شبہ نہیں اور اس کو یہ کہنا کہ وہ سرد ہے نہ گرم ہے بالکل غلطی ہے۔ (از مولف)

اب اس محقق نے اس طرح آگے بیان کیا ہے کہ عوج بن عنق کو ہم عہد بنی اسرائیل کا لکھا ہے اور بنی اسرائیل کا جسم اور اُنکا قد و قامت ایسا ہی تھا جیسا کہ ہمارا ہے اور بیت المقدس کے دروازے اگرچہ وہ بعد خراب ہو جانے کے پھر بنے ہیں مگر ان کی شکل اور انکا طول و عرض قریب قریب سابق کے ہے اُس زمانہ کے لوگوں کے قد و قامت پر شاہد ہیں اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ بہت تفاوت اور بڑا فرق ہم لوگوں کے قد و قامت سے نہ تھا تو کیونکر ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص بنی اسرائیل کا ہم عہد ایسا طویل القامت ہو یہ بات طبیعت اور فطرت کے برخلاف ہے مگر سبب اس غلطی کا یہ ہوا کہ جب مورخوں نے ان عمارتوں کو بہت لمبا اور چوڑا پایا تو وہ اسکے اسباب کے دریافت پر متوجہ ہوئے اور قومی دولت اور قوت پر خیال نہیں کیا بلکہ بنانے والوں کے جسموں اور اُن کے قد و قامت کو ایسا بیان کیا جن سے ایسی عمارتوں کا بنانا ممکن ہو اور مسعودی نے ایک اور غلطی کی ہے اور فلاسفہ کیطرف منسوب کیا ہے حالانکہ سوائے تحکم کے کوئی اسکا مستند نہیں ہے یعنی از روئے قانون فطرت کے انکے جسموں اور عمروں کا بڑا ہونا ثابت کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ اُنکی قوت از روئے مقتضائے طبیعت کے کامل اور زیادہ تھی اسلئے عمر اور جسم میں بڑے ہوتے تھے جیسے جیسے زمانہ بڑھتا گیا وہ قوت گھٹتی گئی اور مادہ کم ہوتا گیا اور اسیطرح آیندہ روز بروز کمی ہوتی جاوے گی حالانکہ یہ محض ایک غلط اور پوچ رائے ہے کبھی کوئی فلسفی ایسی حماقت کی بات نہ کہے گا نہ اس پر کوئی دلیل ہے نہ یہ مسئلہ قانون فطرت کا ہے بلکہ بالکل مشاہدہ کے برخلاف ہے کیونکہ ہم اگلوں کے گھروں اور اُن کے دروازوں اور اُنکی راہوں کو انکی بنائی ہوئی عمارتوں میں جو اب تک

یادگار اور موجود ہیں دیکھتے ہیں اس کو قریب قریب اپنے زمانہ کے پاتے ہیں اور باوجودیکہ زمانہ بہت گذرا ہمارے جسموں اور عمروں میں کچھ زیادہ کمی نہیں ہوئی جس سے ہم خیال کریں کہ زمانہ کے گذرنے سے عمر اور جسم میں کمی ہوتی ہے بہرحال یہ سب غلط خیال اور بیہودہ اقوال علم فطرت کی ناواقفیت کے نتیجے ہیں اسلئے ایسے اخبار کے جانچنے میں سب سے اول علم فطرت کی موافقت اور مخالفت کے اصول کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔

اس قسم کی بہت سی باتیں لکھکر آخر محقق موصوف لکھتا ہے کہ کہاں تک میں اسے طول دوں کیونکہ ایسی باتوں اور ایسی رایوں میں بڑے بڑے مورخین اور علماء مشہورین کے پاؤں ڈگمگا گئے ہیں اور وہ بے تحقیق و تنقیح اس قسم کی باتوں کو مانتے چلے آئے ہیں اور سب لوگ غور و فکر نکرنے اور عقل و قیاس کو دخل نہ دینے سے بے بحث و تکرار اُن کو تسلیم کرتے رہے ہیں چنانچہ اگر کتابیں ایسی ہی باتوں سے بھری ہوئی ہیں یہانتک کہ اس خرابی نے فن تاریخ کو بالکل واہی اور پوچ کر دیا اور غلط و صحیح باتوں کی اس درجہ آمیزش ہوگئی کہ اسکا دیکھنے والا دلدل اور کیچڑ میں پھنس جاتا ہے یعنی صحت اور غلطی کی تمیز نہیں کر سکتا اور اسواسطے اس علم کی کچھ وقعت نرہی پس اب مؤرخ کو ضرورت اسکی ہے کہ وہ حکومت کے قاعدوں اور موجودات کی طبیعتوں اور قوموں اور ملکوں کی مختلف حالتوں اور اگلوں کے اخلاق اور عادتوں اور رسموں اور مذہبوں اور ایسی ہی تمام باتوں کا اصلی علم حاصل کرے پھر اپنے زمانہ کی موجودہ حالتوں کو ان سے ملاوے اور اس پر پچھلی باتوں کا قیاس کرے اور جو اختلاف اس میں پایا جاوے اُس کے وجوہ اور اسباب پر غور کرے اور سلطنتوں اور حکومتوں اور مذہبوں کے پیدا ہونے اور اُنکے ترقی و قوت پانے کی علتوں کو بنظر تامل دیکھے اور اُس کے بانیوں اور پھیلانے والوں کے حالات تحقیق کرے تاکہ ہر واقعہ اور ہر حادثہ کا اصلی سبب معلوم ہوجائے مگر ہمیشہ اُسکا لحاظ رکھنا چاہیئے کہ جو چیز سُنے یا جس بات کا علم حاصل کرے اُس کے سنتے ہی سچ نہ جانے بلکہ قواعد اور اصول کا امتحان کرے اگر اُن کے موافق پاوے قبول کرے ورنہ اُس پر خط رد کھینچے۔

اسکے بعد محقق موصوف تاریخ کی حقیقت یہ بتاتا ہے کہ وہ جڑ ہے اجتماع انسانی کی جس سے عالم آباد ہوتا ہے اور اس آبادی کی طبیعت کو وہ اس طرح بتاتی ہے کہ توحش و تانس عصبیات

اور بعض بشر کے بعض بشر پر تعلیات کی اصناف کو بیان کرتی ہے اور اس سے جو ملک دول اور اُن کے مراتب پیدا ہوتے ہیں اور بشر کے اعمال و مساعی جو وہ کسب معاش و علوم و صنائع میں اور جو تمام چیزوں میں جو اس آبادی کے سبب سے پیدا ہوتے ہیں کرتا ہے پھر وہ جھوٹ اور غلطی کے اسباب بتاتا ہے چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ ان سببوں میں سے ایک سبب رائے اور مذہب ہے کیونکہ جب انسان کا نفس اعتدال کی حالت پر ہوتا ہے تو خبر کو تحقیق کر کے سچ کو جھوٹ سے جدا کر سکتا ہے لیکن اگر پہلے سے کسی رائے یا کسی مذہب کا معتقد اور اس طرف مائل ہو تو مقتضا طبیعت یہ ہے کہ وہ ان چیزوں کے سنتے ہی قبول کر لیتا ہے جو اُس کی رائے اور مذہب کے موافق مؤید ہو پس وہ اعتقاد اور میلان اُس کی بصیرت کی آنکھ کا پردہ ہو جاتا ہے اور تحقیق و تنقید سے باز رکھتا ہے اسلئے جھوٹی بات کے قبول کر لینے اور پھر اُسکی نقل کرنے کی مصیبت میں پڑ جاتا ہے اور دوسرا سبب راویوں کا اعتماد ہے یعنی نقل و روایت کرنے والوں کو سچا سمجھکر ان پر بھروسہ کرنا اور اُن کی خبر کو لایق تنقیح نہ سمجھنا اور تیسرا سبب مقصود و مراد سے غفلت کرنا ہے چنانچہ کثیر نقل کرنے والے اور راوی ایسے ہیں کہ جو مقصود و مراد پر غور نہیں کرتے بلکہ جو کچھ اُنھوں نے دیکھا یا سُنا اور جیسا کہ وہ اپنے گمان میں غلط سلط سمجھے اُنسے نقل کر دیا اور مقصود پر خیال نہ رکھنے سے سچ کا جھوٹ ہو گیا یعنے بات تو کچھ تھی اور راوی کچھ سمجھے اور اپنی ہی سمجھ کے موافق روایت کرنے لگے۔ اور چوتھا سبب خوش اعتقادی اور حسن ظن ہے اور اس کا اصل باعث نقل و روایت کرنے والوں پر اعتماد اور بھروسہ کر لینا ہے اور پانچواں سبب حقیقت اور اصلیت کی تحقیق نہ کرنی اور فریب و دغا اور نفع کی باتوں کو نادانی سے مان لینا ہے چنانچہ اکثر نقل و روایت کرنے والوں نے جیسا دیکھا ویسا نقل کر دیا۔ مگر اُنھوں نے اصلیت پر نظر نہ کی کہ وہ بات حقیقت میں ویسی نہ تھی بلکہ فی نفسہٖ اُسکی اصلیت اور کچھ تھی۔ اور چھٹا سبب خوشامد اور چاپلوسی ہے ان سب سببوں سے بڑھکر تاریخی واقعات میں جھوٹ کے رواج پانے کا بڑا سبب طبائع موجودات (نیچر) کی ناواقفیت ہے کیونکہ دنیا میں جو چیز موجود ہے اور آیندہ ہوتی جاتی ہے اسکی کوئی خاص طبیعت ضرور ہے جو اُسکی ذات اور اُسکی حالتوں سے مخصوص ہے جسمیں کسی طرح کا فرق نہیں ہو سکتا (اسلئے کہ نیچر کا بدلنا یا قانون قدرت کے

خلاف کچھ ہونا غیر ممکن ہے) پس اگر سننے والا موجودات کی طبیعتوں اور اُنکے خواص اور مقتضیات سے واقف ہوگا تو ضرور اخبار کے نتائج میں پکا لحاظ رکھے گا اور جب وہ کسی چیز کو مخالف اُسکے پاویگا فوراً غلط سمجھے گا۔ اور جب سننے والے کو ان باتوں کا علم ہی نہوگا وہ غیر ممکن اور محال چیزوں کو قبول کرلے گا۔ اور ان چیزوں کی نقل و روایت میں اُسے کچھ پس وپیش نہوگا۔ جیسا کہ مسعودی نے سکندر کی خبر لکھی ہے کہ جب دریا کے جانور اسکندریہ کے بنانے سے اُس کے مانع ہوئے تو اُس نے ایک لکڑی کا تابوت بنایا اُس کے اندر شیشہ کا صندوق رکھا اور آپ خود بیٹھا اور سمندر کی تہ تک غوطہ لگایا وہاں ان شیطانی جانوروں کی تصویریں بنائیں اور اُنکی صورتیں تانبے پیتل سے بنا کر بنیاد کے محاذی رکھدیں پس ان تصویروں کو دیکھکر دریائی جانور بھاگ گئے۔ غرضکہ مسعودی نے ایک بے معنی اور بیہودہ خرافات کہانی کو صرف اپنی بے علمی کے سبب سے مان لیا۔ اگر قطع نظر اور باتوں کے جو بادی النظر میں اس حکایت کے پوچ اور بیہودہ ہونے پر شاہد ہیں اگر صرف اس بات کا علم ہوتا کہ ذی حیات صندوق میں بند ہوکر غوطہ لگائے گا اور دیر تک پانی میں نیچے رہے گا تو بے تنفس طبعی اُس کا جینا محال ہے تو کبھی اس حکایت کو نقل نہ کرتا۔ اس حکایت کے بعد اور چند کہانیاں مسعودی وغیرہ کی اس محقق نے نقل کرکے اُس پر افسوس کیا ہے۔ اور کسی کو عقل کے برخلاف اور کسی کو نیچر کے مخالف اور کسی کو واقع کے برعکس پاکر غلط اور باطل اور خرافات بتایا ہے۔ اور آخر پر اُس نے صاف یہ لکھا ہے کہ اگر موجودات اور مخلوقات اور دنیا کی آبادی وغیرہ باتوں کا علم ان مورخوں کو ہوتا تو کبھی ایسی کہانیاں کتابوں میں لکھی نہ جاتیں۔

ایک حکیمانہ اور محققانہ اصول اس نامور مؤرخ نے اخبارات کی تحقیق میں لکھا ہے کہ عالم کی طبیعت یعنی نیچر کا جاننا اخبارات کی تنقیح کے لئے سب سے زیادہ ضرور ہے اور راویوں کی تعدیل پر مقدم ہے پس ہم جس خبر کو سنیں پہلا کام ہمارا یہ ہے کہ ہم سوچیں کہ یہ خبر فی نفسہٖ ممکن ہے یا ممتنع اگر معلوم ہو کہ اسکا ہونا محال ہے یعنے ہو ہی نہیں سکتی تو کچھ فائدہ نہیں کہ ہم راویوں کی تعدیل و تجریح کریں کیونکہ اہل دانش نے یہ اصول ٹھہرالیا ہے کہ وہ خبر ماننے ہی کے لایق نہیں ہے جو فی نفسہٖ محال ہو اسمیں ایسی تاویل کرنی مناسب ہے جسے عقل قبول نکرے۔ پس راویوں کی جرح و تعدیل

کی ضرورت کیا ہے۔ ہاں راویوں کی تعدیل و تجریح کی شرعی چیزوں کی صحت کے لئے ضرورت ہے بلکہ بڑی خبریں شریعت کی وہ ہیں جو احکام اور عملیات سے متعلق ہیں جن میں اوامر و نواہی کا اور شارع کے احکام کا بیان ہے۔ ایسی خبروں کی تصدیق کے لئے ظن کافی ہے اور صحت ظن کے لئے راویوں کی عدالت اور ضبط بس ہے لیکن وہ خبریں جو واقعات سے متعلق ہیں اُن کی تصدیق کے لئے مطابقت بہت ضرور ہے اور اس لئے ہم پر واجب ہے کہ اوّل سب سے یہ دیکھیں کہ اس کا واقع ہونا فی نفسہ ممکن ہے یا نہیں اور یہ دیکھنا راویوں کی تعدیل سے زیادہ ضرور ہے اور مقدم ہے کیونکہ احکام کے لئے فقط خبر کافی ہے اور واقعات کیلئے مطابقت واقع سے بھی ضرور ہے پس اخبار اور واقعات کے جھوٹ سچ میں تمیز کرنے کا اصل اصول مکان اور استحالہ ہے پس اگر ہم انسان کے مجمع اور دنیا کی آبادی اور موجودات کی طبیعت اور اُسکے عوارض ذاتی پر نظر کرکے کسی خبر کو محال سمجھیں۔ اُسے جھوٹا جانیں ورنہ اُسکی تصدیق کے لئے راویوں کے حالات دریافت کریں اگر ہم اس اصل اصول پر جس کی صحت میں ذرا شک نہیں ہی خبروں کی جانچ کریں تو ضرور ہم غلط خبروں کے قبول کرنے سے محفوظ رہیں گے اور جو حکایتیں یا روایتیں مؤرخین لکھ گئے ہیں اُنکی صحت اور غلطی اس اصول پر لحاظ رکھنے سے سمجھ سکیں گے۔

جو کیفیت اخبار کی اس محقق نے بیان کی اور جو اصول اُسکی تنقید کے قرار دیئے کون ہے کہ اس سے انکار کرے گا۔ اگرچہ ہر زمانہ میں محققین اہل اسلام نے اسطرف توجہ کی ہے اور اخبار اور تاریخ کی درستی میں کوشش اور اب تک اُنکی نیک کوششوں کے آثار بھی باقی ہیں مگر ایسا زمانہ اسلام کی تاریخ میں نہیں ملتا جس میں پوری کامیابی ہوئی ہو اور عموماً صحیح تاریخ نے رواج پایا ہو بلکہ بدنصیبی سے اور علوم حکمیہ کی ترقی نہ پانے سے محققین کی کوشش کا پورا اثر نہ ہوا اور متقشفین فقہانے جہانتک ہو سکا اُنکی کتابوں اور تحریروں کو شائع نہ ہونے دیا چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ فقہ اور سیر کی صدہا کتابیں مسلمانوں کے پاس موجود ہیں مگر محققین اہل اسلام کی عمدہ اور مفید تحقیقات کا کچھ نشان نہیں اور بغیر یورپ کے محققین کی اعانت کے ہم اُنکی کتابوں اور تحریروں سے واقف نہیں ہو سکتے۔ لیکن یہ بات تعجب کی نہیں ہے کیونکہ اکثر گرفتاران زنجیر تقلید ایسی محققانہ تحریروں کو بآزادی شایع و مشتہر ہونے دیتے تو اُنکا عنکبوتی کارخانہ قایم نہ رہتا اور تقلید

کی غلامی سے مسلمان کبھی کے آزاد ہوجاتے مگر جو زمانہ گذر گیا اُس میں اخبار اور تاریخ کی غلطی یا غیر معتبر ہونے نے بہت نقصان اسلام کو نہیں پہونچایا سوا اس کے کہ اور قوموں کے نامور مورخوں کی طرح اُنھوں نے قدیم زمانہ کی تاریخ لکھنے اور واقعات تاریخی کی تنقیح میں نام نہیں پایا دین و مذہب پر اسکا اثر نہیں پہونچا اسلئے کہ اسوقت عموماً مذہب اور خیال اور علم اور مذاق سبکا ایک تھا اور ایک ہی طریقہ سے مذہب کی حمایت اور اسلام کی اشاعت جاری تھی پس ہر ایک غلط اور غیر صحیح خبر جس میں کوئی حیرت اور بوالعجبی پائی جاتی یا جس سے کوئی بات عزت اور شان کی پیدا ہوتی بے عذر مان لی جاتی اور عوام الناس تو اُسے معجزہ یا کرامت یا خرق عادت سمجھ کر فوراً ایمان لے آتے گو وہ خبر از روئے اصول عقل اور فطرۃ کے کیسی ہی محال اور غیر ممکن ہوتی لیکن اسکی تنقیح اور تنقید نہ کی جاتی کیونکہ جاہل فقیہوں کے پاس ہر محال اور غیر ممکن الوقوع واقعہ کے انکار کے لئے اُنکے غلط خیال میں خدا کا کلام موجود تھا۔ جو بات عقل میں نہ آتی سادگی سے ایمان لے آتے اور کہدیتے کہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مَا لَیْسَ ذٰلِکَ مِنَ اللّٰہِ بِبَعِیْدٍ مگر یہ زمانہ جو چل رہا ہے اس میں اخبار اور تاریخ سے غفلت کرنا اور بے تحقیق و تنقیح کے انکا مان لینا مسلمانوں کے لئے مضر ہے بلکہ اسکا اثر مذہب اسلام پر پہونچتا ہے کیونکہ اسوقت مختلف مذہب اور مختلف خیال اور مختلف مذاق والوں سے اسکا مقابلہ ہے اور ہر مذہب اور ہر خیال اور ہر مذاق کو علم اور عقل اور حکمت سے مدد اور اعانت پہونچتی ہے۔ پس اس سے نازک زمانہ میں اگر ہم مسلمان غلط اور غیر صحیح اخبار سے جو علم اور عقل اور حکمت سے مخالف ہوں اپنے مذہب کی حمایت اور دوسرے کا مقابلہ کریں تو ظاہر ہے کہ اسکا نتیجہ کیا ہوگا۔ (یہاں نقل ریویو کی ختم ہوئی)

آبن خلدون نے جو تاریخ کے باب میں اصول تنقیح و تنقید و اغلاط سے بچنے کے اور طبائع عالم کے جاننے کے بیان کئے ہیں اُن کی اہل یورپ بھی تعریف کرتے ہیں۔ مگر اُس کی تاریخ میں یہ عیب بتاتے ہیں کہ وہ مشرقی زبانوں کے سوا اہل یورپ کی زبان کوئی نہیں جانتا اسلئے وہ اُن کی تاریخ سے ناواقف تھا جو حالات اُس نے اُنکے لکھے ہیں اُن میں غلطیاں کیں۔ دوزی ڈی سلین اور امری اس کی تاریخ کو ایک تاریخی کتاب تسلیم کرتے ہیں مگر یہ عیوب اسمیں بتاتے ہیں۔ تاریخ کی طرز صاف نہیں تاریک ہے۔ بے پروائی سے لکھی ہے۔ وقت کے

آبن خلدون کی تاریخ پر اہل یورپ کے اعتراضات

اعتبار سے تاریخی بیانات غلط ملط ہیں اور وہ اپنی رفتار میں فضول استدلال سے رُک جاتے ہیں تقسیم مضامین ایسی ہے جس میں بیانات مکرر آتے ہیں۔ جن استناد اور اشتہاد پر واقعات کو بیان کیا ہے اُن کو صحیح صحیح نہیں بیان کیا ہے۔

ان اعتراضات کی وقعت اُس شخص کے دل میں ذرا بھی نہیں پیدا ہوتی جس نے ابن خلدون کی اصل کتاب کو پڑھا ہو۔ یورپ کے مصنف محقق مورخ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ابن خلدون علم تاریخ کے اصول ایجاد کرنے میں سب پر سبقت لے گیا مگر اپنے ہی اصول کے موافق وہ اپنی تاریخ تالیف نکر سکا۔

اب تک میں نے علم تاریخ کے معانی و مقاصد و مفاد اور موضوع کے فرائض مشرقی خیالات کے موافق بیان کئے ہیں اب میں ان ہی باتوں کو مغربی خیالات کے موافق بیان کرتا ہوں انگریزی لفظ ہسٹوری ہے۔ جس کا ترجمہ اُردو زبان میں تاریخ کیا جاتا ہے۔ یہ ترجمہ گو اصل انگریزی لفظ کے معنے کا حق پورا نہیں ادا کرتا لیکن پھر بھی تاریخ کا لفظ قریب المعنی اصل انگریزی کا ہے۔ انگریزی ہسٹوری کے حقیقی معنے واقعات کے بیان کے ہیں لیکن ۴۰۸ء قبل از مسیح ایک نامی گرامی یونانی پارسی ہیروڈوٹس گذرا ہے جو قدیمی مورخوں کا باپ کہلاتا ہے اس نے اس لفظ کے معنے جو اب تک چلے جاتے ہیں یہ مقرر کئے ہیں کہ جب بڑے بڑے اجتماع انسانی ہوتے ہیں جنکے اثر و نکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ معاشرت میں تعلقات تمدنی مذہبی اخلاقی تجارتی سیاسی علمی پیدا ہوتے ہیں ان کے بیان کرنے کو علم تاریخ کہتے ہیں جن میں ان باتو نکا ذکر توضیح و تفصیل سے کیا جاتا ہے کہ انسان کے مدنی الطبع ہونے کے سبب سے جو برادرانہ رشتہ مندی پیدا ہوتی ہے اور جو اس کے ارتکاب فعل کے اسباب ہوتے ہیں اور اُن سے جو نتائج پیدا ہوتے ہیں۔

لارڈ بیکن انگلستان میں بڑا نامور حکیم و عالم متبحر بے مثل گذرا ہے وہ شاعری اور فلسفہ پر علم تاریخ کی فضیلت کو اس طرح بیان کرتا ہے کہ انسان کی قوائے عقلیہ یہ تین ہیں۔ حافظہ متخیلہ فہم۔ آخر دو قوا بغیر اول کے معطل و بیکار ہیں اسلئے وہ دونوں اول کے محکوم و تابع ہیں پس علم تاریخ جو حافظہ سے متعلق ہے افضل ہے شاعری سے جو قوت متخیلہ سے متعلق ہے۔

مغربی خیالات کے موافق علم تاریخ کا مفہوم

لارڈ بیکن جو علم تاریخ کی تعریف کرتا ہے

اور فلسفہ سے اعلیٰ ہے جو قوت فہم سے متعلق ہے۔

اُنیسویں صدی میں جرمن میں ہیکل بڑا نامور مورخ و حکیم ہوا ہے وہ علم تاریخ کو ان تین قسموں میں منقسم کرتا ہے۔

اوّل قسم۔ جن واقعات کو دیکھیں یا اوروں سے سُنیں اُنکو من وعن لکھ دیں انمیں دخل درمعقولات نہ کرکے بے کم و کاست لکھدیں کچھ کم وبیش نکریں اس کو خالص تاریخ کہتے ہیں۔

دوم قسم۔ اول قسم کی تاریخ کے مصالح و مادہ سے مؤرخ اس تحقیق و تفحص میں اپنی ساری ذہانت و استعداد کو صرف کرتا ہے کہ تاریخ کے لحاظ سے کون سے واقعات صحیح ہیں اور کون سے غلط ہیں۔ اور صحیح اور غلط ہونے کے وجوہ اور دلائل کیا ہیں اور غلط واقعات کو لوگوں نے کیوں صحیح مان لیا ہے۔

سوم قسم۔ تاریخی واقعات کے مقدمات کو مرتب کرکے انکے نتائج استخراج کرتے ہیں اور کل واقعات کو ایک سلسلہ میں مسلسل کرکے ان کو واحد بناتے ہیں۔ اور اس میں اسباب و نتائج و علت و معلول سے بحث کرتے ہیں (اسکو سائنس کیصورت میں ڈھالتے ہیں)

اُنیسویں صدی میں انگلستان میں بکل صاحب بڑا علم تاریخ کا عالم ہوا ہے۔ وہ تاریخ کی تعریف یہ کرتا ہے انسان کے حالات میں جو تغیرات نیچر کرتا ہے اور نیچر میں جو تصرفات انسان کرتا ہے ان تغیرات اور تصرفات کو علم تاریخ بیان کرتا ہے وہ مافوق الفطرت واقعات کو غلط بے بنیاد جانتا ہے اور ان کو اپنے سے خارج رکھتا ہے جنسے کہ قدیمی تاریخیں بھری پڑی ہیں۔

اُنیسویں صدی میں انگلینڈ میں کارلائل صاحب فن تاریخ کے ماہر کامل گذرے ہیں۔ وہ تاریخ و مورخ کی نسبت جو تحریر فرماتے ہیں اسکا مختصر بیان یہ ہے کہ آج جو تم ہری کونپلیں نکلی ہوئی اور پھول کھلے ہوئے اور ہرے بھرے درخت پھولے پھلے ہوئے دیکھتے ہو ان کے نیچے بن کے بن پہلے سالوں اور دنوں کے دبے ہوئے پڑے ہیں انمیں جن درختوں کی چھوٹی عمریں ایک برس کے اندر تھیں وہ تو بہت جلد گل سڑکر جلکر بے اعضا قالب میں جون بدلکر آگئے اور جن درختوں کی بڑی عمریں ایک یا تین ہزار سال کی تھیں (جیسے کہ ایلوے کے درخت کی) اُن کا حال بھی بہت دیر میں یہی ہو گیا۔ انسان کی تاریخ کی ابتداؤں سے ان سب درختوں کو اپنی بقا اور فنا کی

منزلوں میں زیادہ نیچا عمیق پاؤگے۔ تم خیال کروکہ یہ ہمارے حروف تہجی ہماری بولی کہاں پیدا ہوئی۔ ہمارا پکانا جسکے سبب سے ہم جیتے ہیں۔ ہماری معماری جسکی وجہ سے ہم مکان میں رہتے ہیں کہاں پیدا ہوئیں! اس دن کے واقعات کی ریشہ دار جڑیں کان سوس اور ٹرہمی جسٹس مدہومل کین اور ٹرپ ٹول کی خاک میں پاؤگے اور انکی بیخ کلان تھیں اپنے باوا آدم کے اوراماں حوا کے کوئلہ کی چنگاری میں دیکھوگے نہ میں کوئی کامل تاریخ موجود نہیں نہ کوئی کامل تاریخ خیال میں آنے کے قابل ہے۔ تمام گذشتہ صدیاں فنا اور ابتر ہوکر خاموش گونگی ہوگئیں۔ سترھویں صدی بھی اپنی آنکھیں دکھا رہی ہے کہ میں بھی یہی کرونگی۔ تواریخ ایسی ہی کامل ہوتی ہیں جیسا کہ مورخ عاقل ہوتا ہے جس کو خدا آنکھ اور عقل عطا کرتا ہے کل زمانہ گذشتہ سے جو قابل یاد یا ناقابل یاد ہے زمانہ حال کی پتّی دار کلیاں نکلتی ہیں بس یہی فن تاریخ ہے کہ یہ تمیز کیجائے کہ کون سے غنچے انمیں سطح کے اوپر شگفتہ ہیں اور ہمارے لئے شاخیں نکالتے ہیں اور کون سے ایسے ہیں کہ دیر تک سطح کے اوپر نہیں آئینگی لیکن صحیح سلامت اپنی صورتیں زمین کے اندر ہی بنا یا کرینگی۔ اور کبھی اپنے برگ و بار سے انسان کو متمتع نہیں کرینگی۔ اول کا حال سنکر ہم مسرور ہوتے ہیں اور دوسری کا حال سُنکر رنجور۔ ان دوسری باتوں کے بیان کرنیکو خود گُوڑھ مغز بھلا جانتے ہیں۔ عاقلانہ یاد اور دانشمندانہ فراموشی پر تاریخ کا مدار ہے یا دبغیر فراموشی کے ناممکن ہو۔ جب یہ دونوں یاد اور فراموشی فرزانگی کے ساتھ ہوتی ہیں اور مورخ بھی پاک نفس راست بازو موزوں طبع ہوتا ہے تو زمانہ حال کی الیاڈ بن جاتی ہے (الیاڈ روزگار گذشتہ کی یادگار نظم میں ایک نامور کتاب ہے) اگر یاد سفیہانہ اور فراموش احمقانہ ہے اور مورخ کی عقل پر بیہوشی اور دروغ کا پردہ پڑا ہوا ہے تو بالکل ایک کتاب بنتی ہے جس میں بالکل تاریکی ہوتی ہے مورخ کی بڑی غلطی ہے کہ وہ اپنی روٹی کھانے کے لئے خوشامد و چاپلوسی تاریخ مطلق کو بنائے اُسکو چاہیئے کہ وہ کسی سے خوف نکرے بیدھڑک سوائے سچ کے کچھ اور نہ لکھے نہ دوستوں کی تعریف کرے نہ دشمنوں کی ہجو۔ دونوں کو برابر جانے اپنی باتوں میں ثابت قدم رہے۔

عموماً یا کلیتہً تاریخیں جو لکھی جاتی ہیں اُنکے اظہارات سے اور بیانات زیادہ دھوکہ دینے والے اور کم از کم ناقص و ناتمام بہت بُری طرح سے ہوتے اور نہایت منزلوں پر خلل و ہل چل کے زمانوں کے

تواریخ کی بیخ کی تجدید

تاریخ ہندوستان کا ناقص ہونا

رہنے والوں کی اصلی حالتوں کے نقشوں کو جس مبالغہ سے وہ رقم کرتے ہیں اس سے زیادہ کوئی مبالغہ نہیں ہوسکتا۔ عام واقعات عظیم جنکو خاصکر تاریخ لکھتی ہے اُنکا اثر بلاواسطہ بہت ہی کم خلقت پر ہوتا ہے وہ اُن لوگوں کے لیے جو کسیقدر ان واقعات سے تعلق رکھتے ہیں کوئی بڑی کاربرآری وخوشی وبیخ نہیں پیدا کرتیں نہایت بُرے وقتوں میں جنمیں چاروں طرف ایک آفت برپا ہوتی ہے آپس میں سول وار ہوتی ہے اور انقلابات سلطنت پیدا ہوتے ہیں اور ظلم وستم برپا ہوتے ہیں تو بہت سے آدمی اس وقت کے بڑے حصہ میں اپنی عشق بازی اور دولت کی کمائی میں مصروف ہوتے ہیں وہ جلسوں اور دوستوں کی صحبتوں میں اپنا وقت تفریح وتفنن میں گذارتے ہیں اپنے پیشوں کے کام کرتے ہیں دنیوی پیش رفت کے لیے یا اپنے ذاتی تشخص وترفع کے لیے تدابیر اسطرح کرتے ہیں جیسے کہ عام امن وامان وچین چان کے زمانوں میں کرتے تھے۔ جیسے کہ ایک زمانہ میں درباداری کرتے تھے اور رقص وسرود کے جلسوں میں شریک ہوتے تھے ایسے ہی دوسرے زمانہ میں تقریبًا ہوتے ہیں وہ شادی بیاہ رچاتے ہیں اور تقریبات کی خوشیاں مناتے ہیں بن سنور کر بال کے جلسوں اور گھوڑدوڑ میں جاتے ہیں وہ اپنے مطالعوں میں اور یہی کھانا پینے کے بڑے میں مصروف ہوتے ہیں تھوڑی تھوڑی دیر بعد دل بھر کر کھانے کھاتے ہیں خوب نیندیں بھر کر سوتے ہیں اپنی پوڈ کو چھدرا کر کے لگاتے ہیں۔ نوکروں کو گھرکیاں جھڑکیاں زور شور سے دیتے ہیں۔ خوش خوش اپنے بچوں سے بکواس کرتے ہیں گویا کہ یہ معاصرین بڑا مصالح تاریخ کی غمناک فکر وغور کے لیے پیش ہی نہیں کرتے تھے۔ خلاصہ یہ ہر کہ زندگی کی نیچے کی رو میں چُپ چاپ اپنی عمیق ومستقل راہوں میں اپنی ابدی سوتوں میں چلی جاتی ہیں اسکی سطح پر جو طوفانات خلل اندازی کر رہے ہیں اُن کا اثر اُن پر کچھ نہیں ہوتا یا تھوڑا سا کچھ اضطراب پیدا ہوتا ہے لیکن ہر ملکی تاریخ پر زمانہ کا امتداد ہوتا ہے تو دو کے طلبہ کو اُس کی سرگذشتیں یہ معلوم ہوتی ہیں کہ متواتر مصائب وآفات کی ستم خیز گھنگور گھٹا چھائی ہوئی اندھیرا کر رہی ہے۔ بہت سے آدمی جو ان غمناک زمانہ کے کاموں میں موجود تھے انھیں پاؤگے کہ وہ خوشی وآرام کے اوسط سے محظوظ ومسرور تھے اور اپنے زمانہ کے واقعات کے صدموں کا اثر بہت ہی کم بہ نسبت اُن لوگوں کے تھا جو سوائے اسکے کچھ اور نہیں جانتے تھے کہ ان واردات کا وقوع ہوا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ تاریخیں ناقص اس سبب سے ہوتی ہیں کہ وہ جب ان زمانوں کے کہ آفات برپا ہوتی ہیں مصائب کی داستانیں تحریر کرتے ہیں اور مسرت وعیش کی حکایات کو

فروگذاشت کرتے ہیں وہ ان لوگوں کے حالات نہیں لکھتے جو اپنی بے فکری کے سبب سے اس زمانہ سے خبر بھی نہیں ہوئے۔

تاریخ کے مختلف فن

اُنیسویں صدی میں فروڈ صاحب جو علم تاریخ کے کامل محقق ہیں وہ تاریخ کے مخالف خوں کو اس طرح دکھلاتے ہیں کہ اور زمانوں کے حالات کا صحیح صحیح تخمینہ کرنا اور جانچنا و پرکھنا مشکل ہی نہیں ہے بلکہ ناممکن ہے جو حالات ہماری آنکھوں کے سامنے گزرتے ہیں وہ بھی ایک دھندلے آئینہ میں ہمکو دکھائی دیتے ہیں صاف سے صاف چیز جو ہمارے سامنے آتی ہے اسکی تصویر بھی جبتک ہمارے دماغ میں منقش نہیں ہوتی کہ آنکھ اور عقل دونوں اپنی طرف سے اسمیں کچھ اضافہ نہیں کرتے تاریخی تحقیقاتوں میں نہایت تعلیم یافتہ صاحب فکر ناخواندہ جاہل پر فوقیت رکھتا ہے مگر نہایت محدود۔ سوچ جتنا علم تاریخ زیادہ جانتے ہیں اُتنے ہی اس میں کم موافقت رکھتے ہیں۔ نہایت احتیاط سے جو تحقیقاتیں کیجاتی ہیں وہ منفرج راہوں پر چلتے ہیں اور جتنے وہ اپنی اپنی راہ میں دور جاتی ہیں اُتنا ہی اُنمیں فصل و دوری زیادہ ہوتی جاتی ہے اور وہ ایک دوسرے سے جدا ہوتی جاتی ہیں۔ ڈیوڈ ہوم کی نگاہ میں سکسن بادشاہوں کی تاریخ چیلوں اور کوّنکی لڑائیاں تھیں فادر سیو میں انگلینڈ کے اس زمانہ کے تنزل کی گردن پر چھری اسطرح پھیرتا ہے کہ وہ ساٹھ دلیوں کو اس زمانہ میں بتاتا ہے اور انگلینڈ کے محاوروں میں سو کون فیروں کو لکھتا ہے جو انگلینڈ کے محلوں میں تعلیم پاتے تھے کہ گناہگاروں کے گناہ معاف کرکے بہشت میں داخل کریں اس ایک ہی زمانہ کے ان دونوں خیالوں کے درمیان کیا زمین و آسمان کا فرق ہے کونسی بات مشترک ان دونوں میں ہے کہ جس سے طالب العلم ایک خیال سے دوسرے خیال میں گذر سکے گا اور اسکی توضیح کے لیے ایک اور بڑی مثال یہ ہے کہ مسٹر مکولی کو انگلینڈ کی تاریخ سترھویں صدی سے پہلے کچھ دلچسپ معلوم دیتی تھی اور لارڈ جان رسل کے نزدیک ریفورمیشن (سولھویں صدی کی اصلاح مذہبی) پہلی صدیوں کی جہالتوں اور حماقتوں سے پیدا ہوتی تھی مسٹر ہیلم بھی اسی کے مشابہ نتیجہ اعتدال کے ساتھ نرم الفاظ میں بیان کرتے ہیں مسٹر کارلائل نے بھی اس مضمون کو اُن ہی کی قابلیت اور استعداد سے مطالعہ کیا اُنکے نزدیک انگلش کرکٹر کا تنزل جب ہی سے شروع ہوا ہے کہ علم ادب کی ترقی ہوئی ہے۔ بہادروں اور شجاعوں کی نسلیں تنزل پذیر ہوئیں اور تقریروں اور اسپیچوں کے زمانے آگئے کارلائل نمایاں کے زمانہ نے سر جھکایا۔

زمانہ ماضیہ کی تاریخوں میں یعنی غیر ملکوں کے معاملات کے تعلقات میں آدمی کے اوضاع و اطوار

بیان ہوتا ہی انکے افعال اور اعمال تحریر ہوتے ہیں۔ انکے مطالعہ سے ہم کو مفید مسرت اور تفریح ہوتی ہی اُن سے ہم اتنا سیکھ سکتے ہیں اور دنیا کو جان سکتے ہیں جتنا ہم زمانہ حال کے آدمیوں میں تجسس و تحقیق سے جان سکتے ہیں۔ ہم انھیں مشاہدہ کر سکتے ہیں ہم امتحان کر سکتے ہیں ہم جسکو چاہیں الزام لگا سکتے ہیں بغیر اس کے کہ ہم کسیکو رنجیدہ کریں یا خود خطرہ میں پڑیں بیشمار کتابیں ہیں جن میں بڑے بڑے بزرگ دانشمندوں نے اپنے دل و دماغ کو کھول کر رکھا ہی اور اپنے خیالات عظیم کو ظاہر کیا ہی ہمکو چاہیے کہ اُنکی پیروی کرنے میں اپنے تئیں کافی مشغول کریں۔ ممنون ہو کر اپنے فرصت کے وقت کو اُنکے مطالعہ میں صرف کریں اور پھر اپنے کاموں کو دیکھیں اور اپنے مزاجوں اور خوؤں کا مطالعہ کریں اپنے اُصول و مقاصد کا امتحان کریں اپنے خیالات کردار و گفتار پر غور کریں خود شناسی یعنی اپنے تئیں سمجھنے میں کامل کوشش کریں اِن کاموں کے کرنے کا ہم استحقاق رکھتے ہیں اور اُنسے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔

تاریخ کا کوئی حصہ ایسا نافع و مفید نہیں جیسا یہ حصہ جسمیں یہ باتیں بیان کیجاتی ہیں جنکی تفصیل یہ ہی۔ انسان کی روحانی ترقی کا۔ انسان کی عقل کے بتدریج نشو و نما پانے کا۔ سائنسوں کے متواتر آگے قدم بڑھانے کا۔ علم جہل میں جو سوچنے والے کے لیے روشنی و تاریکی میں ہیر پھیروں کے ہونیکا۔ عقل کے عالم میں انقلابات کے پیدا ہونیکا۔ جنگ و پیکار و یورش جو بادشاہوں کا کام ہی بیان کیجاتی ہی مفید و نفیس فنون سے غفلت نہیں کیجاتی جنکے پاس تملکتیں حکومت کرنے کیلیے ہیں انکو اپنی سمجھوں کو بھی بڑھانا چاہیئے۔

وول ٹیر ایک عالم متبحر فرانس میں گذرا ہی جو اہل یورپ کا تاریخ نویسی میں معلم اول ہی وہ ارشاد کرتا ہے کہ کورٹ (دربار شاہی) اور کیمپ (لشکر آرائی) پر تاریخ کے مضامین مقصور نہیں ہونی چاہیے جو مؤرخ زمانہ ماضی کا مطالعہ کرتے ہیں اُنپر یہ فرض ہی کہ وہ تحقیق کریں کہ جس زمانہ کی تاریخ وہ لکھ رہے ہیں اُس میں عام خلقت کی حالت و معاشرت کیا تھی۔

یورپ کے محقق مؤرخ اس باب میں بڑی دقیقہ سنجی اور موشگافی کر کے تحریر بھی کرتے ہیں مگر جتنا چھانو اُتنا کنکر اکرا ہوتا ہی۔ جو مورخین اسکے بتلانے میں اپنی اعلے درجہ کی ذہانت خرچ کر کے نتائج نکالتے ہیں وہ ایسے مخالف و متضاد ہوتے ہیں کہ اُصول مسلمہ کے موافق انمیں سے کسی کا تسلیم کرنا مشکل ہوتا ہی اسکا حال ہم نے اوپر فرمڈ صاحب کی تاریخ کے مخالف رخوں کے دکھانے میں کیا ہی کہ جتنے محقق ہوتے ہیں اُتنے ہی اُنکے قیاسات ہوتے ہیں جو آپس میں متخالف ہوتے ہیں۔

مشرقی زبانوں میں جو تاریخیں ہمارے پاس موجود ہیں وہ ان زمانوں کی تصنیفات ہیں کہ جس میں مشرقی تاریخی مذاق زمانہ حال کے مغربی تاریخی مذاق سے جداگانہ تھا۔ زمانہ حال میں مغربی محقق جن باتوں کو تاریخ کی روح و رواں جانتے ہیں اُن ہی باتوں کو مشرقی مؤرخ ناپاک مُردہ جانتا ہی اور اُسکے چھونے سے بھاگتا ہی۔ آجکل مورخ عام طرز معاشرت اور تمدن خلقت کے اندازہ کرنے کی جستجو میں لگا پڑتے ہیں اور اُس کے لکھنے پر فخر و ناز کرتے ہیں۔ مشرقی مؤرخ ادنیٰ معمولی باتیں سمجھکر اُنکی تحریر کو اپنی تصنیفات کی کسر شان جانتا ہی۔ پولیٹکل معاملات اپنے رخوں کو ہمیشہ بدل کر دکھایا کرتے ہیں اب انکا رُخ کچھ ہی اور پہلے کچھ اور تھا۔ ایشیائی اور فرنگستانی طرز حکومت میں زمین آسمان کا فرق ہی ایشیا کا بادشاہ مخدوم اور رعیت خادم تھی اور اب فرنگستان میں بادشاہ خادم اور رعیت مخدوم بس دونوں ایشیا اور فرنگستان اپنے مخدوم کا ذکر کرتے ہیں ایک بادشاہ کے حالات کو تفصیل وبسط سے لکھتا ہی۔ دوسرا رعایا کے حالات کو۔ مسلمانوں نے جو تاریخیں اپنے مشرقی مذاق کے موافق لکھی ہیں انکو مغربی مذاق کے پیمانہ سے ناپ کر پایۂ اعتبار سے ساقط کرنا سراسر ظلم ہی یہ کہنا کہ ان تاریخوں پر فرنگستانی تاریخ کی جامع و مانع تعریف صادق نہیں آتی اسلیے اُنکو تاریخ کہنا ہی غلط ہی بڑی نادانی و تعصب کی بات ہی۔

بعض محقق مؤرخ یہ کہتے ہیں کہ تاریخ کی تعریف جامع و مانع الفاظ میں بتادینی تو بہت آسان ہی لیکن اسکے موافق تاریخ کا لکھنا نہایت مشکل ہی یورپ میں ہزاروں تاریخ لکھی جاتی ہیں مگر اُنمیں شاید دو چار ہی ایسی ہوں کہ جنپر تاریخ کی تعریف جامع و مانع جو بیان کیجاتی ہی صادق آتی ہو۔

مشرقی تاریخوں پر مغربی محقق زمانہ حال کے مبالغہ کا اعتراض کرتے ہیں لیکن یہ اعتراض وہ شرقی زبان سے لاعلم ہونیکے سبب سے کرتے ہیں جو شرقی زبان داں ہوگا وہ کسی واقعہ کے مبالغہ آمیز بیان سے سمجھ جائے گا کہ اصل سانحہ کیا ہی جیسے فوٹو گرفر کسی شخص کے دونوں چھوٹے بڑے فوٹو سے شخص کی صورت کی صحیح تشخیص کرلیتا ہی ایسا ہی مشرقی انشا پرداز خواہ بیان کیسا ہی مبالغہ آمیز ہو اُنسے اصل بیان کو سمجھ جاتا ہی کیونکہ وہ مبالغہ کی رموز سے واقف ہوتا ہی کہ وہ کتنا گھٹا بڑھا کر اصل حال کو بیان کرتا ہی اب اس کے برخلاف یورپ کی تاریخوں پر غلط بیانی کا اعتراض ہوتا ہی کہ وہ اصل حال کو ایسا مسخ کرکے کچھ سے کچھ بیان کرتے ہیں کہ اصل حال کا انسے پتہ ہی نہیں لگ سکتا۔ مبالغہ سے اتنی برائیاں نہیں پیدا ہوتیں جتنی غلط بیانی سے۔ انسان کو یہ شوق ہی کہ وہ پرانی برائیوں کو دور کرکے نئی برائیاں پیدا کرتا ہی اور اُن

نئی برائیوں کو بھلائیاں جانتا ہی۔

مل صاحب موخ ہند کا یہ قول بالکل صحیح ہی کہ شرقی زبانوں کے ساتھ مبالغہ جیسی خصوصیت رکھتا ہے ایسے ہی یورپ کی زبانوں سے غلط بیانی۔ زمانہ حال میں تاریخ کی چھان بین اسطرح کیجاتی ہی کہ مؤرخ جس زمانہ کی تاریخ لکھتا ہی وہ اُس زمانہ کی تاریخیں جمع کرکے انکا آپس میں مقابلہ کرتا ہی اور مؤرخوں کی قابلیتوں اور استعدادوں کو جانچتا ہی کہ ان میں اُن تاریخوں کی تحریر کی اہلیت تھی یا نہ تھی اور اُنکو تاریخی واقعات کے معلوم کرنے کے اسباب حاصل تھے یا نہ تھے۔ اُنھوں نے واقعات کو مذہب کے تعصب کے سبب سے یا کسی فریق کی طرفداری کی وجہ سے تو تاریخ میں انکو مندرج نہیں کیا۔ پھر ان سب باتوں کی جانچ پرتال کرنے کے بعد وہ اپنی غالب رائے قائم کرتے ہیں۔ پھر ان تاریخوں کے مطالعہ کے سوا اس زمانہ کے قوانین وآئین سرکاری دفتروں کے کاغذات ونوشتہ جات اہل دربار کے اخلاق واخلاقات اور عدالت کے فیصلجات دیکھتے ہیں۔ غرض اس زمانہ کی کوئی تحریر جو خبر دیتی ہی اُسکا مطالعہ کرتے ہیں۔ مذہبی مباحثوں ومناظروں سے نتائج نکالتے ہیں۔ مقامات جنگ کو خود دیکھنے چلے جاتے ہیں اُنکے نقشے کھینچتے ہیں۔ کسی مینار یا دیوار یا محراب پر کوئی کتابہ دیکھتے ہیں یا زمین کے اندر سے کوئی پرانا پتہ نکل آتا ہی تو اُسکو پڑھتے ہیں اگر وہ کٹا پھٹا ہوتا ہی تو اُسکو اور بھی غور سے مطالعہ کرتے ہیں۔ پھر خاص زمانہ کی تہذیب وتمدن وطرز معاشرت واخلاقی حالات کی تفتیش کرکے اُسکا صحیح صحیح اندازہ اپنے نزدیک کرتے ہیں اس زمانہ کے شاعروں کی اور قصہ طراز لوگوں کی تصانیف سے سیاحوں کے سیاحت ناموں سے واقعات کی خوب تحقیق کرتے ہیں جس قوم کے حالات ان وسائل سے نہیں دستیاب ہوتے اور امتداد زمانہ کے سبب سے انکے حالات بالکل تاریکی میں چھپ گئے ہیں تو اس قوم کی زبان خط وخال عادات اطوار مذہبی افسانوں کا مقابلہ اور قوموں سے کرکے اور کوئی مشابہت دریافت کرکے انکے حالات دریافت کرتے ہیں اور اسپر اپنے قیاسات دوڑاتے ہیں۔ موجودہ کہنہ وفرسودہ عمارات کو دیکھکر بنانیوالے کی تہذیب اور اُسکے انتظام سلطنت اسکی عظمت پر قیاس کرتے ہیں۔ زمانہ گذشتہ کی تاریخوں میں جو عجائبات وغرائبات وفالیں وشگون ٹوٹکے کثرت سے لکھے ہیں اُنکو نہیں مانتے اور اُنسے یہ سمجھتے ہیں کہ اُس زمانہ کے آدمیوں کی عقلوں اور خیالات کا حال ایسا ہی تھا جیسا کہ اطفال کا اور غیر مہذب نا تعلیم یافتہ آدمیوں سریع الاعتقادوں کے میلانوں کا ہوتا ہی۔ وہ ان عجائبات کا یقین اسلیے نہیں کرتے کہ اُنکی مثالیں اس زمانہ میں وقوع میں نہیں آتیں۔ انسان اُن باتوں کو جو اسپر عمل کرتے ہیں یقین نہیں کرتا جنکی نقلیں اپنے زمانہ میں نہیں دیکھتا۔

زمانہ حال کے مؤرخ یقین کرتے ہیں کہ جب تک فن تحریر ایجاد نہیں ہوا کسی صحیح علم کا پیدا ہونا ناممکن تھا۔ قدیمی مؤرخ راویوں در روایات و اعتقادات کے بیان کرنے میں حافظہ و قوت متخیلہ و موسیقی کو کام میں لاتے تھے

تاریخ اور مذہب

تاریخ کے بڑے حصہ میں مذہبی اختلافات اپنے پاؤں پھیلاتے ہیں۔ حامیان دین کے ساتھ لڑائی کے لیے بڑا ہتھیار تاریخ ہوتا ہی ایک عیسائی گروہ کے نزدیک ریفورمیشن (سولھویں صدی میں اصلاح مذہبی) علم و پارسائے وعصمت مآبی سے وحشی پنے و تو ہمات باطلہ کو لڑ کر خارج کرنا تھا دوسرے عیسائی فرقے کے نزدیک وہی ریفورمیشن مربیانہ و مجانہ و فیاضانہ حکومت پر حملہ کرکے بدنظمی و غیر آئینی و ابتری و پریشانی پھیلاتی تھی۔ ایک ہی واقعیتیں متضاد جانبوں سے دیکھی جاتی ہیں۔

یورپ میں ریفورمیشن کے سبب سے پرانے معتقدات و قدیمی قوانین سیاسیہ کا تنزل ہوگیا وہ خیالی عناصر جنھوں نے تاریخ کو افسانہ بنایا تھا بالکل اصلاح کی سخت تحریکات سے مٹ مٹا گئے مگر ہوا کیا کہ ایک جھوٹ نے دوسرے جھوٹ سے جگہ چھین لی جو پہلے سے برا تھا۔ اپنے ملک میں دیکھا ہے کہ ایک گروہ جو اصلاح تمدن و معاشرت کا مدعی ہے کہتا ہی کہ ہم سب پرانی برائیوں کو دور کرتے ہیں دوسرا گروہ انکا مخالف کہتا ہی کہ تم پرانی بھلائیوں کو دور کرکے نئی برائیوں کو پیدا کرتے ہو۔

تاریخ کا سائنس بننا

ایک خاص فرقہ عالم تحقیقی کا ہی جو تاریخ کو سائنس بنانا چاہتے ہیں لیکن ابھی سائنس جو درحقیقت سائنس جانتے ہیں انکے نزدیک جبتک تاریخی واقعیتیں تکمیل کی حد کو نہ پہنچیں اور انکا اصلی حال منکشف نہو تاریخ کسی طرح سائنس نہیں بن سکتی تاریخی واقعیتوں کی مختلف بیانی کو دیکھو۔ پہلے زمانہ میں بھی اور اس زمانہ میں ایسی رائیں عنقا ہیں جنمیں تعصب و طرفداری نہو۔ واقعیتوں کے جو حصے لکھے جاتے ہیں وہ واقعیتیں نہیں ہوتیں غالباً یہ ہوتا ہی کہ ہر مصنف واقعیتوں کے جانچنے اور دیکھنے سے پہلے نتائج نکالتا ہی اور پہلے سے جو اسکی رائیں قائم ہوتی ہیں انکو وہ صحیح یقین کرتا ہی اور اُن ہی کو وہ سوچتا اور دیکھتا ہی۔ جب واقعیتوں کی یہ صورت ہو جنکے صحیح ہونے پر سائنس کی بنیاد رکھی جاتی ہی تو تاریخ کیسے سائنس بن سکتا ہی۔

تاریخی واقعیتوں کے بگاڑنے والے

شہادت انسانی و تاریخی کے بگاڑنے والے محبان وطن و فدایان قوم و مدبران ملکی و حامیان مذہب ہی نہیں ہوئے بلکہ ان سب سے زیادہ حکما ہوئے ہیں جنکے بہت سے فریق اس زمانہ میں ہوگئے ہیں جنکی تفصیل کا محل یہ نہیں ہی۔ ہر فرقہ حکما تاریخی واقعیتوں کو اپنی ہی طرف کھینچتا ہی۔ مسٹر گلیڈسٹن جو علم متبحر اور مدبر کامل ہی اُسکا یقین ہی کہ انسان کے سب سے اول مربیوں (آدم و حوا) کو سچے اخلاق اور اسرار روحانی کا علم بذریعہ الہام الٰہی کے حاصل تھا۔ اب حکیمانہ اعتراض اسپر یہ ہوتا ہی کہ جب آدم و حوا کو علم کامل حاصل تھا

تو اُنکی زبان بھی کامل ہوگی کیونکہ خیالات تو دلمیں الفاظ ہی جماتے ہیں اب اس کے برخلاف قوموں کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ زبان کی ترقی و تکمیل بتدریج مشل اور علوم وفنون کے ہوتی ہی ابتدا سے اب تک توہمات باطلہ۔ شجاع پرستی۔ توانین طبیعات کی جہالت۔ مذہبی وسیاسی تعصبات ایسے چلے آتے ہیں کہ واقعیتوں کی صورت بگاڑ بگاڑ کر ہمارے سامنے لاتے ہیں۔ اگر سطح آب بالکل ہموار ہو تو اُس میں چیزوں کے عکسوں کو ہُو بہُو دیکھ سکتے ہیں لیکن جس سطح آب پر نسیم خواہ کیسی ہی ضعیف موجیں اُٹھا رہی ہو تو ہم اُسمیں ستاروں اور بدر کے عکس ہی کو دیکھ سکتے ہیں لیکن انسے ہمارے ذہن میں اُنکی اصلی تصویریں نہیں آسکتی ہیں

بعض محققین کہتے ہیں کہ سائنس سے تاریخ کو کسی قسم کا تعلق نہیں ہی نہ کسی سائنس کی ترقی کا اثر اسپر پڑ سکتا ہی واقعات عظیمہ کے بیانات سے انسان بالطبع محظوظ و مستفید ہوتا ہی اور تواریخ میں یہی مضمون ہوتا ہی پس شاعری کی طرح تاریخ بھی انسان کی طبیعت کو خوش کرتی ہی اسلیے وہ بھی علم ادب کی شاخ ہی سائنس کی شاخ نہیں۔ مؤرخ کو ادیب کیطرح خوش بیان فصیح وبلیغ ہونا ضرور ہی خوش بیان ہونے سے زیادہ راست گفتار ہونا ضرور ہی اگر مؤرخ سے راستبازی وصدق بیانی منفی کر دیجائے تو محض ادیب ہونیسے وہ محض افسانہ طراز یا شاعر رہ جائیگا جسکے سبب سے اُسکی تاریخ پایہ اعتبار سے ساقط ہو جائیگی جس میں قصہ طرازی و قافیہ سنجی میں اُسکا قافیہ تنگ اس سبب سے ہوگا کہ افسانہ سرا اور شاعر کیطرح مضامین کے ایجاد میں آزاد نہ ہوگا بلکہ واقعیتوں کے بیان کی قید میں جکڑا ہوا۔ تاریخ میں جبتک سائنس کی چاشنی نہو اُس میں لطف نہیں ہوتا اسی لیے پہلے زمانہ کی تاریخوں کے مطالعہ میں ایسا مزہ نہیں آتا جیسا کہ زمانہ حال کی تاریخوں میں۔

تاریخ سائنس کی شاخ ہی یا علم ادب کی

علم تاریخ خواہ علم ادب کی شاخ ہو یا سائنس کی بہرحال اس سے فائدے حاصل ہوتے ہیں کہ بیکن کا قول ہی تاریخیں آدمیوں کو عاقل بناتی ہیں اُنکے دل اپنے ملک کی محبت سے جتنے مؤثر ہوتے ہیں اُتنی ہی اُنکی دلی تمنا ہمیشہ یہ ہوتی ہی کہ وہ معتبر اور مستند حالات ان باتوں کے زیادہ جانیں کہ اُنکے ملک کی اصل حقیقت کیا ہی اُنکی تہذیب کی ترقی کیونکر ہوئی ہی وہ موجودہ حالتیں کیا ہیں جو ہمکو قوموں کی میزان میں ترقی کے سبب سے بھاری اور تنزل کے سبب سے ہلکا کر رہی ہیں۔ وہ مؤرخ انسان کا بڑا محسن ہی جو یہ کام کرتا ہی کہ ان باتوں کو صحیح صحیح سراغ لگاتا ہی کہ کسطرح کسی ملک نے بتدریج ابتدائی وحشت۔ وتاریکی دہشت پرستی سے نکلکر علوم وفنون ومذہب کی نفاست و روشنی حاصل کی پھر پیشقدمی کی یہ کام ایسا مشکل ہی کہ شاید کسی نے اختیار کیا ہو اور اس کوشش میں چند ہی آدمی کامیاب ہوئے ہوں سیکلن صاحب کہتے ہیں کہ انسان کی مختصر زندگی کی تاریخ اصلاح کرتی ہی۔

علم تاریخ کے فوائد و ثمرہ

گرے صاحب کہتے ہیں کہ تاریخ کے بڑے صفحے زمانہ کی غنیمت سے دولتمند ہوتے ہیں۔

فلر صاحب کہتے ہیں کہ علم تاریخ جوان کو بغیر محنت و مشقت کے تجربہ آموزی کرکے ایسا پیر بناتا ہے کہ جس کی چہرے پر نہ جھرپاں پڑتی ہیں نہ بال سفید ہوتے ہیں۔

پیلی صاحب کہتے ہیں کہ علم تاریخ کیا ہے؟ ایک رہبر لوگوں کی کامیابیوں اور مایوسیوں کا ہے جو اپنے اقتدار اور اختیار حاصل کرنے کے لیے جنگ و پیکار کرتے ہیں۔

ہم کو یہ قول سر ہنری لارنس کا یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر انگریز فرشتہ بھی بنکر تاریخ ہند و مسلمانوں کے عہد سلطنت ہند کی لکھیگا تو اُس کی عیب نمائی بغیر نہیں رہیگا۔

سر ہنری الیٹ صاحب جن کا نام نامی و اسم گرامی ہندوستان میں مشہور و معروف ہے اُنھوں نے ان تاریخوں کے جمع کرنے میں بڑا اہتمام کیا جن میں ہندوستان کی سلطنت اسلامیہ کا بیان تھا پھر ان تاریخوں میں سے بعض تاریخوں کا اول سے آخر تک اور اکثر میں سے بعض حصوں کا خود ترجمہ کیا یا اپنے دوستوں اور منشیوں سے انگریزی بانی میں ترجمہ کرایا اور بہت تحقیق و تدقیق سے ان پر نوٹ اور ضمیمے خود لکھے گو ان کی زندگی میں یہ مسودات مرتب ہوکر مطبوع نہیں ہوئے مگر بعد ان کی وفات کے پروفیسر جان ڈوسن صاحب نے ان مسودات کو مرتب کرکے ایک تاریخ آٹھ جلدوں میں جس کے پانچہزار صفحے ہیں تالیف کرکے شائع کی اس کا نام انگریزی زبان میں جو ہے اُس کا ترجمہ یہ ہے کہ ہندوستان کی تاریخ مسلمانوں کے عہد سلطنت کی جو ہندوستان کے خود مورخوں نے بیان کی ہے جسکو سر ایچ ایم ایلیٹ کے سی بی کے مسودات سے پروفیسر جان ڈوسن ایم آر اے ایس نے مرتب کی۔ صاحب موصوف دیباچہ میں اپنی رائے مسلمانوں کی تاریخوں اور مورخوں کے باب میں یہ تحریر فرماتے ہیں جو اُن کی قومی رائے کا آئینہ ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے ان تاریخوں کو ان کی ذاتی خوبی کے سبب سے ان کی فہرست مرتب نہیں کی میرے نزدیک تو ان تاریخوں کا نام تاریخ رکھنا ہی غلط ہے ان میں خالی سرگزشتوں کے بیان کے سوا کچھ اور نہیں ہے۔ ان میں خشک نامہ نگاری ہے مگر واقعات کے بیان میں سنہ و تاریخ کی قید کا صرف خیال رکھا گیا ہے۔ ان میں فلسفیانہ طریق پر واقعات کے باہم تعلقات کی سلسلہ بندی نہیں ہے اسباب و نتائج پر غور نہیں کی گئی۔ ایسے ایسے خیالات اور مشورے نہیں بیان ہوئے جو ذلیل و حقیر طفلانہ نہوں۔ علی العموم ایشیائی سلطنتوں میں سازشیں و سرکشیاں و فتنہ پردازی و قتل و برادر کشی مسلسل چلی جاتی ہیں۔ ہندوستان بھی ان آفتوں میں مبتلا تھا مستثنے نہ تھا ان کی نسبت کوئی ایسی رائے ان میں نہیں بیان ہوئی کہ وہ کچھ دیر کے لیے ان بلاؤں کو روکتی۔

اہل انگلستان خاص ہندوستان کی سلطنت اسلامیہ کو کس نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

یہ بُری صورتین کچھ دیر کیلئے قدیم شاہان مغلیہ کے حالات مین نظر سے چھپ جاتی ہین تو اُنکی جگہ کچھ دلچسپ تفصیلین پیدا ہوتی ہین۔ شاہان سلف کے باوشاہانہ شان و شوکت و سطوت و ہیبت دربار کے آئین و آداب و مراسم اور ارکین سلطنت کو خطابونکا عطا ہونا خلعت مین جواہر و تلوارین طبل و نیشان۔ ہاتھی گھوڑون کا ملنا۔

اگر ڈائی اوی سی اس کی یہ مصنوعی تعریف مان لی جائے کہ تاریخ وہ فلسفہ ہے جو مثالون سے تعلیم کرتا ہے تو کوئی ہندوستانی مورخ مورخ نہین ہے چند ہی ایسے مورخ ہونگے جو اعلےٰ پایہ پر پہونچے ہون اچھی مثالون اور بری مثالون ایک بڑا ذخیرہ جمع ہے مگر انمین بھی اصلی رستی کو وقائع نگار کے مذہبی اپنی پہلی رائے کے اعتقاد و منصب و خاندان کے اثر نے تاریکی مین پہنچا دیا ہے انمین اُس حکمت یا فلسفہ کا نشان تک نہین جس سے ایسے نتیجے مرتب ہون جو ہمکو زمانہ قدیم کے تجربون اور سبقون سے فائدے نیوی بخشین اور ملکی معاملات کے پیدا ہونیسے اور اُنکے نتایج سے آیندہ کیلئے ہمکو عمدہ صلاح بتلائین۔ ایسی حکمت کی تلاش انمین عبث ہے۔ ہندوستانی وقائع نگارونکی تحریرین خانگی تاریخ کا پتہ تک نہین یہی حال ابن خلدون کے سوا تمام مسلمان مورخون کا ہے۔ ان مورخون نے سوسایٹی پر اسکی رسوم روزمرہ پر اُنکے تسلیم شدہ اختیارات پر سوسائٹی کے ضروری اجزا پر و باہمی تعلقات پر۔ انکے مقررہ فرقون پر انکے عام قانون و محصولون پر۔ انکے خانگی امور پر۔ انکے میل جول کی عادتون پر کبھی غور نہین کیا۔ تجارت۔ زراعت اندرونی پولیس اور مقامی عدالتونکے بیان مین بھی کوتاہی کی ہے اور اُمرا و وزرا و سلاطین و شاہانہ اختیارون کے بیان مین یہ بھی گوارا نہ ہوا کہ کوئی امر واقعی لطیفہ۔ تقریر۔ رائے ایسی مندرج کرتے کہ جس سے عوام الناس اور ادنےٰ درجہ کے آدمیون کے حالات معلوم ہوتے۔

ان وجوہ سے ان تصانیف کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ تاریخ کیلئے جو ضروری باتین انمین تھین وہ ناقص ہین۔ ڈاکٹر آرنولڈ کا قول یہ ہے کہ تاریخ کا مقصد اعظم وہ شے ہے جو مہذب انسان کی اندرونی زندگی کو بہت قریب سے مس کرے۔ اندرونی زندگی سے مطلب سوشل و پولیٹکل اور مذہبی اصول و قوانین کی تبدیلیان ہین۔ تاریخی تحقیقات کا مقصد یہی ہے۔ ہندوستانی تاریخون مین بہت ہی کم وہ شے پائی جاتی ہے جو چمکتی سطح سے گذر کر ہمکو تہ پر لیجائے اور ایک جوہر شناس سلطنت کے عمل کو اُس کے سخت اور خونی قوانین کو اور ان نتیجونکو دیکھنے دے جو قوم کے جسم عظیم پر ان مضر آثار اور ذریعے سے پیدا ہوتے ہین۔

اب بھی اگر ہم ہندوستان کی مسلمانونکی ریاستونکی طرف توجہ کرین اور انکے فرمانرواؤن کی روش اور طریق کا امتحان کرین اور اُنکی رعایا کے حالات دریافت کرین جو اُنکے زیر حکومت ہے۔ تقریباً متشابہ تعلقات

وحالات مین گزشتہ وحال کے زمانون مین ایک مساوات دیکھ سکتے ہین ہم دیکھتے ہین کہ بادشاہ اور وہ بادشاہ کہ جنکو ہمنے بادشاہ بنایا ہی کاہلی اور بدکاری مین ایسے ڈوبے ہوئے ہین کہ بڑے بڑے ظالمونکی بدکاریونکی برابری کر رہے ہین بس ایسے حاکمونکے عہد مین اگر چشمۂ عدالت اٹ جاوے تو کیا عجب ہے۔ یہ حال تہا کہ جبر و تعدی بغیر زر مالگذاری وصول نہین ہوتا۔ دیہات جلائے جاتے ہین۔ دہقانونکے ہاتھ کاٹے جاتے ہین یا وہ فروخت کئے جاتے ہین عمال رعایا کے حق مین قزاق اور لٹیرے بنجاتے ہین نہ انکو امن مین رکھتے ہین نہ اُسکی حفاظت کرتے ہین اوباش درُست خورے اور خواجہ سرا ریاست کے مال اڑا اڑا کر مزے اڑاتے ہین اور غریبونکو ظالمونکے ہاتھ سے بچنے کا کوئی چارہ نہین مغرور اُنکی تذلیل و تحقیر مین کوئی بات اُٹھا نہین رکھتے۔ وہ بیچارے کوئی انکا چارہ نہین جانتے جب ہم اپنی آنکہونسے یہ صورتین ہان دیکھ رہے ہون جہان برٹش گورنمنٹ کی حکومت کا ہاتھ اونچا ہوا اور وہ اُسکے نمونہ سے فائدہ اُٹھا سکتے ہون اُسکی مداخلت کا خوف ایسا لگا ہوا ہو جو اُنکی بدعہدیکی ترقی کو روک سکتا ہو تو ایسے زمانہ مین اس قسم کی کوئی روک نہو تو ان ہندوستانی والیان ملک نے اور یہی اپنی رعایا کی بہبودی و عافیت کی ترقی کیطرف کم توجہ کی ہوگی۔ اگر ان مصنفین نے جنکی تصانیف سے استصواب لینے پر ہم مجبور ہین اپنے بادشاہونکا حال صحیح صحیح لکہا ہوتا اور اُنکے ساتھ ہمدردی کرکے خوشامدنہ کی ہوتی تو بالفعل ہمکو ایسے گواہونکی شہادت رہتی کیلئے زبردستی نہ لینی پڑتی جو گواہی دینے سے ناخوش ہوتے ہین باوجود ان باتونکے یہ بھی دریافت ہوتا ہی کہ عوام الناس دولت و خوشحالی مین تحت اثر انہی بیٹہے ہوئے تھے۔ اس خلاصہ مین جو مختصر عبارتین نقل ہوئی ہین انمین چند ایسی جملگین بھی نظر آتی ہین کہ مسلمانونسے جنگ و جدل کرنے مین ہندو قتل کئے جاتے تہے اُنکو بازارون مین برانونکے جاسوس نکالنے کی یوجا پاٹ اشنان کرنے کی ممانعت عام تہی اور مذہبی تعصبات یہ تہے بتون کا توڑنا مندرونکا مسمار کرنا۔ اور جبراً بیاہ کرنا قتل کے لئے انعام مقرر کرنا مال و جائداد کا ضبط کرنا قتل ہونا قتل عام ہونا۔ قہرمانونکا دیم الخمر و عیاش ہونا جوان حکمونکو جاری کرتے غرض یہ سب چیزین وہ تہین کہ جنسے ہماری اوپر کی تصویر مین کچہہ فرمایش ناجائز نہین ہوتی۔ یہ نہایت افسوس کی بات ہی کہ معمولی روزمرہ کے واقعات کو طومار اُن مصنفونکی تحریر مین موجود ہین نہ جنکو بدی سے نفرت نہ نیکی سے رغبت تھی اُن مین سے ہمکو ان باتونکو اخذ کرنا پڑتا ہی۔ اور قومون نے بھی ظلم برپا کئے ہین۔ مگر اُنکے ظلمون کی نسبت کوئی نہ کوئی ایسا شخص ہوا ہی جسنے غصہ و نفرت سے اُن ظلمونکو بیان کیا ہی جہان کہین میری انڈکس (فہرست) مین کسی تصنیف کو عمدہ یا قابل تحسین یا بیش بہا لکہا ہی تو یہ یاد رکہنا چاہئے کہ یہ تمایش کی جملہ فقط بیان واقعات کی نسبت بالکل لکہے ہین وہ عیوب جو اوپر بیان ہوئی ہین وہ عقلاً اس بات کی امید دلاتے ہین کہ ان تعریف کی الفاظ کا زور اُنسے

گھٹ جاتا ہی اُسوقت یہ عیوب اور بھی قابل افسوس ہوتے ہین جب تاریخ کا مصنف کوئی ہندو ہوتا ہی ہندو سے یہ توقع ہوسکتی تھی کہ ہم دلی رنج و راحت کی اثرون و آرزوون و اعتقادون خوفون خواہشون کو دریافت کر لیتے جو ایک محکوم قوم کو اس زمانہ مین ہوتین لیکن شامت سے وہ دوسرے منشا و حکم کے مطابق لکھتا ہی اور ہر جملہ کو محنت کیساتھ غلامانہ طرح تحریر کرتا ہی کہ جس سے ایک ظالم مسلمان حکمرانے کی خوشامد کیجاتی ہی ہندو واقعہ نگار کی طرز تحریر مین بھونڈا پن اور بناوٹ ہوتی ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ غیر ونکا لباس اُسپر ٹھیک نہین آیا۔ کوئی بات ایسی نہین لکھتا جس سے اُسکا مذہب یا قوم دریافت ہوسکے ہندو اُسکے نزدیک کافر ہوتا ہی اور مسلمان دین حق کا پیرو۔ پیرون اور دلیون کی نسبت اسطرح کی خوشامد لکھتا ہی کہ جس سے وہ بڑا کٹا پکا مسلمان معلوم ہو۔ ہندو کے مرنے پر وہ فی النار و الشقر لکھتا ہی اور مسلمان کی وفات پر اسکو جام شہادت پلاتا ہی۔ اپنی فاتحین کی زبان سے رنگین فقرے کے فقرے اور عبارتین کی عبارتین اسکو ازبر ہوتی ہین وہ لکھتا ہی کہ اسلام کی روشنی دنیا پر اپنا نور پھیلا رہی ہی۔ محرم الحرام کو پاک اور قرآن کو صحیفۂ نورانی لکھتا ہی۔ اپنی تصنیف کی ابتدا بسم اللہ الرحمن الرحیم سے کرتا ہی۔ اسکے بعد حمد الہی اور نعت رسول و منقبت آل رسول تحریر کرتا ہی۔ اور پھر مسلمانون کی عقائد رسخہ کو لکھتا ہی ایک ہندو مصنف جسکا اس کتاب مین بیان ہی لکھتا ہی کہ وہ اپنی ضعیفی مین جنازہ کے سرہانے اور قبر کے کنارہ پر کھڑا ہے حالانکہ وہ خوب جانتا ہوگا کہ بہت دن نہ گذرنے پائینگے کہ جنازہ کی جگہ ارتھی اور لب گور کیجگہ لب گنگ ہوگا جہان جلا کر اُسکی خاکستر کو دریا مین پھینک دینگے۔ اسکے بعد کے زمانہ مین بھی جب خوشامد کی ضرورت نرہی تھی ان غلامون کے قول مین سے ایک بھی ایسا نہین ملتا جو اپنے ملک کی تاریخ کو دل لگا کے لکھتا اور اپنے ان فیلنگ و جذبات اور مسرتون کو ہمارے سامنے پیش کرتا جو ایک مدت کی مظلوم قوم اپنے پہلے آقاؤنکے ظلم سے نجات پاکر ظاہر کرسکتی ہی ان غلامون مین ایک بھی ایسا نہین جو دل کی قدرتی زبان سے بغیر قید اور چاپلوسی کے ان باتونکو اظہار کرتا۔

گو ان تصانیف کی اصلی قیمت بہت کم ہو تو بھی اُسنے وہ باتین دریافت ہوتی ہین جو ایسے شخص کے لئے قابل غور ہین جو تحقیق کے ہاتھ سے انکا امتحان کرتا ہی۔ ان سے جہالت کی تاریکیان دور ہوجائینگی جو ہندوستان کے علم پر چھائی ہوئی ہین اور ثابت ہوگا کہ مسلمانون کے عہد کی تاریخ کی احتیاج کہ وہ لکھی جائے ہنوز باقی ہے ان تاریخون سے ہماری ہندوستانی رعایا پر وہ فوائد زیادہ منکشف ہونگے جو ہماری سلطنت کی عدالت اور ترقی نے پیدا کی ہین اگر ان سے انہون نے ہدایت پائی تو ان بیباک باتونسے ہمکو نجات ملیگی جو ہندوستان کی سلطنت اسلامیہ کی نسبت وہ لوگ اکثر کہتے ہین جو ایک طرح پر جاہل نہین ہین وہ بڑے

لوگ جو اسوقت اپنے کارنامونکی شان و شوکت مین شہرۂ آفاق ہین خنکو بعض مسلسل فتوحات مین ناموری حاصل ہوئی جب اُن کے حالات پر سے خوشامد کا پردہ اُٹھا دیا جائیگا اور بلاغت کا لباس اُتار کر اُنکو برہنہ کر دیا جائیگا تو وہ سچی صورت مین ظاہر ہونگے اور اونچے کرکے دکھلائی جائینگے تو غالبًا دنیا اُنپر لعنت بھیجیگی پھر ان یادہ گویون کے مُنہ سے جو ہماری گورنمنٹ مین بڑے سے بڑے رتبہ کی آزادی اور اُسنے بہت زیادہ پولیٹکل اختیارات رکھتے ہین جو کبھی پہلے کسی محکوم قوم کو دئے گئے ہون قومی ہمدردی اور موجودہ زمانہ کی خراب حالت کی نسبت لغو بیانیان سُنی جائینگی۔ اگر یہ بیان تاریخون سے ایک جلد بھی دیکھ لینگے جو یہان بیان ہوئی ہین تو ان قومی ہمدردون اور حامیون اور مربیون کو معلوم ہو جائیگا کہ اس تاریک زمانہ مین جس کیلیے وہ آہین بھر رہے ہین اگر اُنکے خیالات کا ایک دھبہ بھی زبان سے نکلتا تو بجائے سکوت اور تحقیر کے جلتے سیدھے اور سولی کی سزا سے اُنکے تئین کم کیا جاتا۔ فقط جرنل بولٹن ملیر صاحب جنہون نے ہندوستان کی تاریخون کے لکھنے مین بڑی تحقیق و تدقیق کی وہ اپنی من موجی رائین مسلمانون کی تاریخون کی نسبت لکھتے ہین۔

مسلمانون کے عہد مین مورخون نے جو واقعی تاریخین لکھی ہین اُنمین زیادہ تر راستی اور درستی اور سچائی پائی جاتی ہے بعض دفعہ وہ اُن بدکار بادشاہون کی بھی تعریف کرتے ہین جو پکے مسلمان تھے سوائے اس کے یہ مورخ معتمد و متدین بھی تھے علماء انکو اپنی حد سے پرے نکلنے نہین دیتے تھے۔ دارالسلطنت مین علماء و فضلا مفتیون فقیہون و قاضیونکا ایک مجمع رہتا تھا۔ شریعت اسلام پر سلطنت کو چلانا انکا کام تھا۔ ایشیا کی شخصی سلطنت مین یہی گروہ تھا جو اپنی آزادانہ آواز نکال سکتا تھا۔ اگر مسلمانون کے عہد سلطنت کے مورخ راستی کے بجائے چاپلوسی اور خوشامد کرتے تھے تو یہ گروہ اُنکی تحقیر و تذلیل کے درپے ہو جاتا تھا جس سے وہ پایہ اعتبار سے ساقط ہو جاتے تھے۔ پھر ہندوستان مین پبلک اوپی نین یعنی عام رائے معدوم ہو گئی۔ خوشامد و دروغ کا نام تاریخ ہو گیا۔ برسے بڑھ کر ابوالفضل اور فاضی خان جیسے خوشامدی مورخ پیدا ہو گئے۔

دنیا مین ہر چیز کو دو نگاہون سے دیکھنے والے دیکھتے ہین ایک کری ٹکل آئی یعنے نکتہ چینی اور بدنمائی و عیب بینی کی نگاہ سے۔ دوم فی ویبل آئی سے یعنے مشفقانہ نگاہ سے انسان کو اپنا نفس سا غریز ہے کہ جو باتین اس کی اپنے نفس سے متعلق ہوتی ہین اُنکو مشفقانہ نگاہ سے دیکھتا ہے اور غیرونکی باتونکو بدنیتی کی نگاہ سے ایک ہی چیز دو نگاہون کے دیکھنے سے بدو نیک نظر آتی ہین۔ کری ٹکل آئی سے دیکھنا نہایت فائدہ مند اور نیک کام ہے ایک بڑے بزرگ مسلمان کا قول ہے کہ علم مین اول قدم شبہ ہے یعنی کری ٹی سزم گر اسطرح دیکھنے کی شرائط

اس بیان سے ہندوستان کی عہد سلطنت اسلام پر یورپین نگاہ سے دیکھتے ہین

ایسی سخت ہین کہ وہ شاذ و نادر ہی کسی مین پائی جاتی ہین جب انسان کا نفس تعدیل کی حالت مین ہوتا ہے تو وہ خبر کو تحقیق کرکے سچ کو جھوٹ سے جدا کرسکتا ہی۔ مگر خود رائی تعصب بدہبی۔ رقابت۔ خود پسندی۔ خود نمائی کے اثر نفس مین تعدیل نہین پیدا ہونے دیتے۔ یورپ مین مورخونکا دائرہ فراخ ہی جس تحقیق و تدقیق سے وہ تاریخونکو لکھتے ہین اسکو مین آگے بیان کرونگا۔ انہون نے اس علم کو معراج پر پہونچا دیا۔ تاریخ مین وہ دقایق علمیہ داخل کئے ہین جنکا دنیا مین پہلے سان گمان بھی نتھا۔ ان مورخون مین متعصب۔ نیک نہاد۔ پاک دل ظاہر شناس۔ دقیق النظر۔ درست عزیمت و نیک نیت ہوتے ہین اور انکے درجے متفاوت اعلیٰ متوسط ادنےٰ ہوتے ہین۔ مگر بعض اسباب ایسے جمع ہوگئے کہ یہ سارے طائفے ہندوستان مین مسلمانونکی عملداری کے باب مین یہ ایک ہی سمان باندھتے ہین جسمین ایک ہی راگ بے سرا گاتے ہین کہ اسمین خیر اتفاقی اور شرمدامی و معمولی و استمراری تھا اور اسکو وہ اپنی بڑی راست بیانی جانتے ہین جیسا کہ ہمنے اوپر بیان کیا انگریزی مسلمانون کی تاریخون اور مورخون کو بیوقعت گنتے ہین۔ وہ سلطنت مغلیہ کی تاریخ کا استناد و استشہاد ان نوشتون سے کرتے ہین جو فرنگستان کی مختلف قومون کے سیاحون نے یہان آنکر یہانکے حالات مین لکھے ہین انکے بیانون مین ایسی مطابقت و موافقت وہ دیکھتے ہین کہ انمین جھوٹ کا احتمال کسیطرح نہین کرتے ان سیاحون کی تفصیل یہ ہی کہ (۱) ولیم ہاکنس ہی جو ایک انگریزی بحری کپتان تھا وہ آگرہ دو تین برس ۱۶۰۸ء سے ۱۶۱۱ء تک رہا وہ جہانگیر کے عہد مین آیا تھا۔ اگرچہ وہ کوئی بڑا لیاقت مند انگریز نہین تھا مگر اس نے لی ونٹ مین ترکی زبان سیکھی تھی اس لئے وہ جہانگیر سے جو اپنی چغتائی زبان بول سکتا تھا ہم کلام ہوتا تھا اسلئے وہ بادشاہ کو عزیز تھا (۲) سر طامس رو ایک عالی خاندان انگریز تھا۔ اس زمانہ کی انگلستان کے مدبرون مین شمار ہوتا تھا جیمس اول نے اسکو خطاب دیا اور اپنا ایلچی بنا کے جہانگیر کے پاس بھیجا وہ ۱۶۱۵ء سے ۱۶۱۸ء تک یہان ہندوستان مین رہا اسکا سفرنامہ لکھا ہوا ہی جسے بہت سے حالات انگریزی تاریخون مین بڑے اعتبار سے نقل کئے جاتے ہین (۳) سر طامس ہربرٹ ایک اشراف انگریز تھا جس نے ۱۶۲۷ء سے ۱۶۲۹ء کے قریب ہندوستان مین سیاحت کی (۴) جان البرٹ دی مین ویلیس ایک نوجوان شہزاد تھا جس نے ڈیوک ہولسٹین کے دربار مین تربیت پائی تھی اُسنے ہندوستان مین ۱۶۳۸ء سے ۱۶۴۰ء تک سیاحت کی (۵) فرین سر بنیر ایک فرانسیسی طبیب تھا جو ہندوستان مین ۱۶۵۶ء سے ۱۶۶۸ء تک سکونت پذیر ہوا۔ وہ دہلی مین بادشاہ کے دربار مین رہتا تھا۔ اور ہندوستانمین کشمیر سے گل گنڈہ تک سیر کی اسکا سفرنامہ انگریزی اور اردو دونون مین چھپا ہے۔

(۶) جان بپ ٹسٹاٹے ویزاو رنگ زیب اور شاہجہان کے ایام سلطنت مین دو تین دفعہ ہندوستان مین آیا وہ ایک ہوشیار جوہری تہا (۷) مونشروی نہی دی نوٹ اُس نے اورنگ زیب کی ابتدا سلطنت مین ہندوستان مین سفر کیا وہ ایک فرانسیسی اشراف تہا (۸) منوچی یہ ایک وینیشیا کا طبیب تہا ۱۶۵۹ء کے قریب ہندوستان مین آیا اور یہان ۴۰ برس کے قریب وہ رہا جب یورپ مین اس نے مراجعت کی تو وہ اپنے ساتھ ایک کتاب تگیزی زبان مین اپنی تصنیف سے لایا جسمین ہندوستان کے حالات کچھ اپنے مشاہدات سے کچھ فارسی کتابون سے اخذ کرکے لکھے تھے اور اس کتاب کو اسنے ہندوستان کے سلاطین اور امرا کی تصاویر سے آراستہ کردی تہی بادشاہی صورون کو بہت اُجرت دیکر رنگین کرایا تہا یہ کتاب معلوم نہین کہ کسطرح سے فرانسیسی ایسٹ انڈیا کمپنی کے کسی ملازم کے ہاتھ آئی اُس نے فادر کیٹ روا ایک جی سوٹ پریسٹ کو دکہائی اُس نے اپنے کیتھولک مذہب کی سعی و کوشش مین کامیابی دیکھکر اپنے مطلب کا سمجہکر اسکو فرانسیسی زبان مین ترجمہ کیا اور اسمین اپنی طرف سے دخل در معقولات دیا اور اسکا ترجمہ انگریزی مین ۱۸۲۶ء مین ہوا اور لندن مین چھپا یہ جہانگیر کی سلطنت کے بیان کی کوئی اور تاریخ سے زیادہ معتمد اور مستند نہین سمجہی جاتی غرض اہل یورپ کا خیال یہ ہے کہ ہندوستان کی سلطنت مغلیہ کی تاریخ کی تصویر انہین فرنگیونکی تحریر مین صحیح صحیح کہچی ہوئی ہے اور باقی خیر سفرنامہ بہی اگرچہ تاریخی سلسلہ کا ایک قریب حصہ ہوتا ہے لیکن جتنا قریب ہے اتنا ہی غلطیون کے احتمالات سے بھرا ہوا ہے۔ اس تہذیب و شائستگی کے زمانہ مین جو ہندوستان مین یورپ کے خاصکر انگلستان کے سیاح آتے ہین ریاضہ مین سفر کرکے اور اپنے دوست انگریزون کے گہر اُترکر اور ہندوستانیون سے ملکر یہانکے حالات کے سوے پورٹ منٹو مین رکہکر انگلستان لیجاتے ہین اور وہان جاکر انکو جو اخبارون اور رسالون مین چہپواتے ہین تو اکثر باتین یہانکے انگلو انڈین کے خلاف رائے شائع کرتے ہین تو اُنپر انگریزی اخبارات اعتراضات کی بوچہار مارتے ہین اور انکی غلطیان بتلاتے ہین اور اُنکو کم علم کہہ دیتے ہین سفرنامہ لکہنے والونکو بڑی غلطی جزئیات سے کلیات قایم کرنے مین پڑتی ہے سفر مین انسان کو جن اشخاص سے سابقہ پڑتا ہے وہ اُن کے اخلاق۔ عادات خیالات سے تمام قوم کی نسبت عام رائے قایم کرلیتا ہے حالانکہ ممکن ہے کہ وہ امور اُنہی چند اشخاص کیساتھ مخصوص ہون مثلاً ایک ممبر پارلیمنٹ کا انگلینڈ سے ہند مین آیا اور اسکی کونگریس کے کسی لایق ممبر سے ملاقات ہوئی تو وہ برٹش گورنمنٹ کے عیوب کو اُس کے ذہن نشین کردیگا پس یہ اس ایک ممبر کی رائے سنکر یہ قاعدہ کلیہ بنا لیگا کہ ساری ہندوستانی برٹش گورنمنٹ کی نسبت یہی رائے رکہتے ہین انسان بالطبع عام نتیجہ نکالنے کا شوق رکہتا ہے مگر یہ صبر اُسکو کہان ہے کہ بہت سے جزئیات کو دیکہکر استقرار سے قاعدہ کلیہ بنائے غرض نہ وہ واقعہ کے اسباب کی جستجو کرتا ہے نہ اسمین اپنا وقت صرف کرتا ہے نہ اسکو اس سفر مین اسقدر فرصت ملتی ہے

ایک اور بڑا سبب غلطی کا یہ بھی ہوتا ہی کہ جب مسافر کسی ملک کا سفر کرتا ہی اُس کی نسبت پہلے سی خیالات مخالف یا موافق
اس کی ذہن مین جمے ہوئے ہوتے ہین پس جو باتین اُسکے خیالات کیموافق ہوتی ہین انکو جلد قبول کرلیتا ہے اُسکو
اجمالی کیفیت ایسی نہین حاصل ہوتی کہ وہ استنباط و نتائج کیلئے کافی ہو۔ وہ بے صبری سی نتائج کو قایم کرتا ہے
اور ہر واقعہ کیلئے قیاسات قایم کرتا ہی اور اُس کے دل مین جو پہلی سنوزن یعنی دلین پہلے سی جو حُسن ظن یا سوظن
موجود ہوتا ہی اور وہ اپنا اثر اُسکے دلین چپکے چپکے کرتا ہی کہ اُسکو خبر نہین ہوتی دلین جو پہلے سی حُسن ظن یا سوظن
ہوتا ہی اُسکے لئے کئی سبب ہوتے ہین۔ اول تعصب مذہبی ہی خواہ آدمی کیسا ہی وسیع المشرب و فیاض دل ہو لیکن تعصب
سے جس قسم کے خیالات مین پرورش پائی ہی اور جو حالات ابتدا ہی سی اُسکو گیرے ہوئے ہین اُسکی تعلیم نے جو مختلف معلومات
اُسکے ذہن مین جمع کیا ہی۔ کانونین ہر طرف سی جو آوازین آئین ہین اور بہت سی اور چیزین ہین سب کا مقابلہ
بے تعصبی تنہا نہین کرسکتی گو اسوقت یورپ مین تعصب مذہبی ضعیف ہوگیا ہی اور بطریقہ مروجہ سمجھا جاتا ہی کہ سلمانونکے
خلاف خیالات مذہبی رنگ کے تعصب مین صاف صاف کہای جائین مگر اب ایک دانشمندانہ طریقہ اختیار کیا گیا ہی کہ اسلامی
حکومتون و اسلامی قومون۔ اسلامی معاشرت کے عیوب تاریخی پیرایہ مین ظاہر کئے جاتے ہین اور علم ادب کی تصنیفات مین
انکو ایسا جذب کردیا ہی کہ تخیل کیمیای ہی اُن کو جدا نہین کرسکتی۔ اگرچہ یہ طریقہ کل اسلامی سلطنتون کی شامل ہوتا جاتا
ہی مگر خاصکر زیادہ تر مسلمانونکی ہندوستان کی سلطنت کیونکہ اسمین بہت سے اعراض بھی شامل ہوتے ہین مسلمانونکے
نیک کامونکو بھی ایسے پیرایہ سی بیان کرتے ہین جو وہ خود غرضی پر محمول ہوتے ہین اہل یورپ جیسا کہ اور علوم مین کمال
پہونچایا ہی اسبات مین بھی کمال حاصل کیا ہی کہ وہ اور قومونکی تاریخ کی اپنے سوا ایسی تیرہ تصویر کھینچنے مین قلم کا زور
دکھاتے ہین جسمین کوئی حُسن نظر نہ آئے۔ اپنی سلطنت کی خوبیونکے بتلانے کیلئے یہ ایک لازمی امر ہوگیا ہی کہ مسلمانونکی سلطنت
کی عیب چنے جائین۔ اس اپنی بیان کی توضیح کیلئے مین چند صفحے سر جان الیٹ کی دیباچہ کے ترجمہ کرتا ہون اگر ہمارے
زمانہ کا کوئی بڑا حاکم یہ خواہش رکھتا ہی کہ شاہان مغلیہ کی عالیشان عمارتونکا حال بیان کرے تو وہ اپنے کام مین فورًا
خاطر ہوجائیگا جب وہ دیکھیگا کہ سوائے محلات و مساجد و مقبرون کے کوئی چیز ایسی نہین جسکی تحسین سرائی ہو۔ اسکو معلوم ہوگا
کہ اگر شہنشاہان دہلی کی فہرست مین سے تین نام نکالدئے جائین تو ایک بادشاہ بھی ایسا نہوگا جس نے اپنی رعایا کی خوشی
و آرام کی فکر کبھی کی ہو۔ سوائے چند سرایون اور پلون کے جو صرف ایسی سڑکون پر تھے جہان سے شاہی لشکرونکا گذر ہوتا
تھا کوئی اُن کے نشان ایسے نہ پائیگا جسمین خود غرضی کے اصول نہ شامل ہون۔ شاہان مغلیہ کی بہت سی تعمیرات
کی عمارت و زیبایش سے انکار نہین لیکن ذاتی عظمت نمائی اور خود بینی اُن کی تعمیر کا سبب ہوئی اور سوائے

ان چند عمارات کے جو اوپر بیان ہوئین کوئی تعمیر ایسی نہین کہ جو رفاہ عام کا کام دیتی ہو۔ اس حاکم کے دل مین لالہ رُخ کی فرضی چمک سی شاعرانہ خیالات پیدا ہوئے ہون اور ذہن مین جہانگیر کی شاہراہ کی تصویر پیش نظر آئی ہو جو ایک دارالخلافہ سے دوسری دارالخلافہ تک جاتی تھی اور جسپر ابتدا سے انتہا تک شاندار درختون کا سایہ تھا اور تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر سرائے اور تالاب تھے لیکن شاہ جہانگیر کی فیاضی کا درجہ اُسکی نظر مین کم ہوجائیگا جب یہ دریافت ہوگا کہ شیر شاہ نے جہانگیر سے پہلے ایسا ہی کیا تھا اور شیر شاہ سے پہلے کسی اور بادشاہ نے بھی ایسا شاہ راہ بنایا تھا اور یہ خیال بھی خلاف عقل نہوگا کہ اس بڑی شاہراہ کا اب کوئی نشان سوائے اسکے کہ کہین کوئی فرسنگ کا منارا ٹوٹا پھوٹا کھڑا ہو باقی نہین اور اس سرسبز درختی کو جو فی الحقیقت کوئی بڑا کام نہ تھا تین بڑے بادشاہونکی دولت اور قدرت بھی اس قابل نہوئی کہ اُسکو دایمی یادگار بنا سکتی جب یہ شخص پڑھتا ہو کہ فیروز شاہ و علی مردان خان کی نہرون نے ملک کو قطع کر رکھا تھا تو اُس کے ساتھ ہی اُسکو دریافت ہوگا کہ اگر یہ نہرین کبھی جاری بھی ہوئین تو صرف شاہی محلون اور شکارگاہون مین آبرسانی کیلئے ہوئین تہین اور جب یہ نقل کریگا کہ تیمور کے مورخون مین سے کسی نے بھی ان نہرون کا ذکر نہین کیا جو مقامی حالات کو ہمیشہ مفصل لکھا کرتے تھے اور یہ کہ بابر شاہ نے اپنی تزک مین لکھا ہے کہ ہندوستان کے صوبون مین کوئی نہر نہین ہے تو اُس کو ان دونون فاتحین کو اگر ان نہرون مین پانی ہوگا تو عبور کرنا پڑا ہوگا تو اسی صورت مین اُسکو شبہہ ہوگا کہ آیا یہ نہرین کبھی جاری بھی ہوئین تہین یا فقط کھود کر چھوڑ دی گئی تہین۔ علی مردان خان کی تعریف اس امر کی بہت ہے کہ نہر بنائی وہ اور بھی کم ہونی چاہیئے کیونکہ یہ دیکھنے مین آیا ہے کہ علی مردان خان کی نہرین عوام الناس کے فائدہ کے لئے تعمیر نہین ہوئین بلکہ اُنکی وجہ یہ تھی کہ علی مردان خان نے جو دولت خیانت سے جمع کی تھی اُسکو فضول خرچ کرکے اپنی شان اُس نے دکھائی کہ جس بادشاہ کی امانت مین خیانت کی تھی اس سے وہ روپیہ چھین سکے جب وہ پڑھتا ہے کہ ان بادشاہون مین سے بعض کے عہد مین جان و مال کی اس قدر سلامتی تھی کہ ہر مسافر کو اختیار تھا جہان چاہے چلا جائے اور یہ کہ سونے کی تھیلیان سڑک پر ڈالدی جائین تو کوئی ہاتھ تک نہ لگائے تو اُسکو اس بات کے یقین کرنے مین شبہہ پیدا ہوگا۔ اُس کے ساتھ یہ بھی تحقیق ہوتا ہے کہ اس عہد حکومت مین جو سب سے زیادہ پر زور تھا اور ملک کی اندرونی سلامتی ایسی تھی کہ جسکی نظیر پہلے نہ تھی۔ ایک قافلہ متھرا مین چند ہفتہ تک اسلئے ٹھیرا رہا کہ اتنے آدمی جمع نہوئے تھے کہ مضبوط ہوکر دہلی تک جائین۔ آگرہ کی فصیل ایسی بودی تھی کہ شہر کے باہر کے لٹیرون سے پناہ نہ تھی جو رات دن لوٹ مار

کیا کرتے تھے۔ قبوج شیر کے شکار کیلئے کی جگہ تھی۔ گڑھ اور کالپی مین ہاتھی کثرت سے موجود تھے تہروں اور قصبون کا اجڑنا جس کو بعض معترضین نے ہماری پولیسی کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ ہماری حکومت سے پہلے ہی شروع ہوگیا تھا ہمنے بقول سنیمر کے اس ملک کو ایسا پایا کہ ملک برباد تھا۔ شہر جلے پڑے تھے جبکہ غیرون کی اولاد فصیلین بنالے اور اُن کے بادشاہ حکم دینے آئے۔

اگر ہم دوسری نسبت سے عام امور پر غور کرین اور فرنگستانی اور ایشیائی سلطنتون کے اوضاع کا مقابلہ کرین تو دریافت ہوگا کہ ان ہندوستانی تاریخون کے پڑھنے سے بہت سے مفید سبق حاصل ہوتے ہین جو ہماری دو لڑنین اپنے ملک یعنی انگلستان اور اُسکے واجب التعظیم اصولون وقوانین کی محبت اور قدر پیدا کرتے ہین۔

جب ہم ایک خود مختار ظالم سلطنت کے برباد کرنیوالے اثر اور ایک مطلق العنان بادشاہ کی اندھے پن کو دیکھتے ہین تو ہم مین ایک باقاعدہ حکومت کی قیمت کے جانچنے کی پوری قدرت پیدا ہوتی ہے جب ہم صیغو کو دیکھتے ہین جو موجودہ اور آیندہ نسلون پر تخت کی منازعات مین پیش آتی ہین تو ہمکو اس اصول وراثت کی قیمت معلوم ہوتی ہے جسکے قواعد منضبط ہوتے ہین اور جسمین کبھی کوئی جھگڑا یا تبدیلی پیدا نہین ہوسکتی ہندوستان مین جسقدر مصائب ہین کسی ملک مین نہین۔ کسی ملک مین وراثت کے اسقدر جھگڑے اور تخت کی مدعی اتنے نہین پیدا ہوتے ہین۔ اکبر کی موت سے لیکر انگریزون کی فتح دہلی تک جو زمانہ دو سو برس کا ہے صرف ایک تخت نشینی ایسی ہوئی کہ جسپر جھگڑا نہ ہوا ہو اور اس مستثنےٰ مثال کی وجہ یہ بھی تھی کہ وہ تخت ہی کسی قابل نہ تھا کہ تخت نشینی کا فساد اُٹھتا۔ کیونکہ اسکا زمانہ وہ برا وقت تھا جب ہر بادشاہ کی تباہیان لوگونکو یاد تھین اور ابدالی دشمنی مین سب کو گمان تھا کہ کوئی اور حملہ ہونیوالا ہے۔ آج تجربہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ برائے نام بھی تخت شاہی بغیر ورثاء کے جھگڑون کے نہین رہتا۔ اسکا فیصلہ ہی نہین ہوتا۔ اگر دربار انگلستان کی مرضی اور برٹش گورنمنٹ کی خوشی تنازع پیدا ہونے سے پہلے کسی ایک شخص کے حق مین فیصلہ نکردے اور باقی ورثاء کے دلمین وہ امیدین نہ پیدا ہونے دے جسکی وجہ سے ہمیشہ شاہی خاندان کے لوگونکی جانین اس جاہ ومنصب کی قربان گاہ مین خون ہوتی ہین۔

یہ تخت کی وراثت کا قاعدہ مقررہ نہونیکا سبب تھا کہ سلطنت مین ہمیشہ شور وشغب اور ترقی کے رستے مسدود ہوگئے۔ یہ ہوتا تھا کہ زندہ بادشاہ کی لڑکے کا کوئی شخص اسکا وارث وجانشین ہوگا۔ جو مختار سلطنتون مین اگرچہ مطلق العنان بادشاہ کی مرضی قانون کا حکم رکھتی تھی لیکن مرنے کے بعد وہ مرضی اور حکم کسی بہادر سازشی رقیب کی دشمنی اور دوستی شمشیر کی چمک کے ساتھ کچھ نہین چلنے دیتی۔ بڑے بیٹے کے جانشین ہونیکے

اصول کی مقبولیت کی بہت وجوہ موجود ہین اسی اصول اور قانون سے جانشینی کے جھگڑون مین اور زیادہ ترقی ہوتی ہے کیونکہ بادشاہ ہونا اس قاعدہ پر مبنی نہین ہے۔ خاصکر ایسے ملک مین جہان کثرت سے یہ بیان کرنیکی رسم موجود ہو۔ بڑا بیٹا وہ ہوتا ہی جو سب سے زیادہ دربار سے غیر حاضر رہتا ہی جس کے ساتھ گھر والونکو پہلے ہی ہمدردی جاچکتی ہے۔ اسکا کسی صوبہ کی گورنمنٹ پر حکم ہونیکا اثر ایسا ہوتا ہی کہ موجودہ بادشاہ کے دلمین بہت سے وہم اور خطرے پیدا کرتا ہی تو ایسے بیٹے کے حقوق کسی جوان ملکہ کے خوش کرنیکے لئے فوراً تلف کئے جاتے ہین جو چاہتی ہی کہ اپنے بیٹے کو صاحب تاج وتخت دیکھے۔ جب سوسائٹی کی یہ حالت ہوتی ہی تو شہزادے جانشینی کی رقابت مین پرورش پاتے ہین یا آوارہ گردون اور قزاقون کیطرح اٹھائے جاتے ہین۔ ملک کے سردار ایک ایک شہزادے کے طرفدار ہوجاتے ہین اور کیسی اصول یا حق کو برقرار رکھنے کی غرض سے نہین بلکہ اسلئے کہ سب سے پہلے اپنے شہزادہ کی تخت نشینی سے نفع اٹھائینگے اور بادشاہ کے ہان اپنا ذاتی رسوخ پہلے ہوگا اور پھر بڑھتے بڑھتے خود تخت پر بیٹھنے کی کوشش کرینگے رعایا اطمینان سے بیٹھی ہوتی ہی کہ کون تخت حاصل کرے البتہ نتیجہ کو اضطراب سے دیکھتی رہتی ہی تاکہ جب تخت نشینی کا فیصلہ ہوجائے تو تھوڑے دن اور امن اور محنت کی زندگی بسر ہو کہ پھر نئے جھگڑون سے آپس مین خلل پڑے مختصر یہ کہ تمام جہان مین فوائد ملکی انسٹی ٹیوشن کم یا زیادہ عام استحکام اور استقامت سے واپذیر نہین ہوتے ہین جو مسلسل فسادات کی جوشون کے لازمی نتیجے ہین ان صورتون کے غور کرنے مین اور بہت سی کیفیتون پر فکر کرنے مین۔ ان کتابون کے مستعد پڑھنے والے خود نظر آتے جائینگے۔ وہ چکدار ہوکے جو اکثر شاہان گزشتہ کی نسبت دلمین رہتے تھے رفع ہوجائینگے اور پڑھنے والے پر ظاہر ہوگا کہ باوجود ہماری رول یا لیبی اور خراب موسم کے جو ہمکو اس ملک مین ہمیشہ رہنے کیلئے گھر بنانے نہین دیتا اور باوجود اسکے کہ ہمکو ذاتی نفع اس ملک کی ترقی سے نہین۔ باوجود اس امر کے کہ بہت سی عیوب بیرونی حکومت کرنے مین باقی ہونگے جہان بان رنگ مذہب۔ رسوم۔ قوانین ایسے ہین جو رعایا اور بادشاہ کو باہم ہمدردی سے محروم رکھتے ہین۔ باوجود ان تمام حالتون کے ہمنے نصف صدی مین رعایا کو وہ عمدہ اور حقیقی نفع پہونچایا ہی کہ ہم سے پہلے بادشاہون نے اس سے دس گنے وقت مین بھی اپنی رعایا کو ایسے ملک مین نہین پہونچایا جسکو انہون نے خود اپنا وطن قرار دیدیا تہا زمانہ ماضی سے پیشینگوئی کرکے آیندہ کے لئے پڑھنے والونکو امید ہوسکتی ہی کہ اس کامیابی کے جوش مین جو اسوقت تک ہمکو ہماری کوششون مین ہوئی ہی ہم آیندہ بھی متواتر کوششونکا خیال کرکے اپنے مقدر کو جس مین ہندوستان کی حکومت لکھی تہی پورا کرین گے۔

سائنس اور فلوسوفی آرٹ کی تعریف

ہم آگے لکھینگے کہ علم تاریخ سائنس یا فلوسوفی ہوسکتا ہی یا نہین - اس فقرہ مین دو انگریزی لفظ سائنس اور فلوسوفی کے موجود ہین جن کے ہم معانی الفاظ مجھے اپنی زبان مین نہین معلوم اسلئے مین انہین کو استعمال کرونگا اسلئے انکے اصطلاحی معانی جو ذرا دقیق ہین بیان کرتا ہون سائنس کے معنی یہ ہین کہ حقائق محققہ کا علم جو دلایل عقلیہ پر مبنی ہو - وہ علم عرفی یا ادنی علم کو بدلایل بتا کے اعلے درجہ کا بتاتا ہی وہ علل کے عمل کو مفصل بتاتا ہی اور یہ دکھلاتا ہی کہ واقعات کو کس طرح قوانین یا قواعد بتاتے ہین سائنس بہت سے مظہرات فطرت و منظرات قدرت کے نظم و ترتیب و قاعدون کو بیان کرتا ہے اور موجودات عالم کے اسرار کو نہایت تحقیق و تدقیق سے منکشف کرتا ہی - سائنس اور فلوسوفی ہم معنی ہین مگر آسانی کیلیے اُن مین یہ تمیز کرلی ہی کہ سائنس کو مادیات سے متعلق کردیا ہی اور فلوسوفی کو عقلیات سے تاریخ کی فلوسوفی کے معنی یہ ہین کہ واقعات اور اُن کے اسباب و نتائج کے درمیان تعلقات کو تبلائین سائنس یا فلوسوفی کے لئے بکار آمد ہونا بھی ضرور ہی اُس سائنس مین انسان ترقی کرتا ہی کہ جس سے اُسکا کام نکلتا ہی - اُسکو منفعت ہوتی ہی اس منفعت ہی کا خیال طبیعت کو اسکا شوق اور اُس کی طرف توجہ دلاتا ہی اور اُس کی تحصیل کیطرف ہمت بند ہوتا ہی جہان سائنس یا فلوسوفی سے انسان کی مطلب براری موقوف ہوئی اُس نے اِس سے ہاتھ اٹھایا

سائنس کے ساتھ ایک لفظ آرٹ کا بھی بولا جاتا ہی - یہ دونون فن کی تحقیق کرتے ہین سائنس کی تحقیقات علمیہ ہوتی ہی اور آرٹ کی تحقیقات عملیہ کسی چیز کی پیدایش کیواسطے سائنس حقایق کا اجتماع کرتا ہی اور آرٹ عمل کی ہدایت کرتا ہی اور اُسکے قواعد کا مجموعہ بناتا ہی - سائنس مین یہ بحث ہوتی ہی کہ یہ ہی اور یہ نہین ہی یہ واقع ہوتا ہی یہ نہین واقع ہوتا - آرٹ مین یہ بحث ہوتی ہی کہ یہ کرو اور اس سے بچو - سائنس مظہرات عالم کے قوانین کو منکشف کرتا ہی اور آرٹ ایک اثر کے پیدا کرنیکے لئے اسباب جمع کرتا ہی اور علت غائی بتاتا ہی - خلاصہ یہ ہی کہ سائنس معارف یقینیہ و علوم تحقیقیہ کا نام ہی اور آرٹ عمال یقینیہ و تحقیقیہ کا نام ہی آرٹ کے معانی ہمنے اِس لئے بیان کئے ہین کہ کہین ہم اُسکو بھی اپنی تاریخ مین کام مین لائینگے -

تیغ زنی کی تاریخ مین

دنیا مین سیف قاطع ہمیشہ بڑے بڑے کام کرتی ہی - پہلے زمانہ مین صرف پرائی دولت کو اپنا بنالنے کا ذریعہ صرف تلوار ہی تھی - مگر زمانہ حال مین اور بہت سی چیزین تہذیب نے ایسی ایسی ایجاد کرلی ہین کہ وہ پرائی دولت کو اپنا بنا لیتی ہین اور تلوار کی جگہ کام دیتی ہین مگر پہلے زمانہ مین شمشیر و تمشیر زنون ہی کا درجہ سب سے زیادہ اعلی سمجھا جاتا تھا اس لئے قدیم مورخون نے انہین کے حالات پر تاریخ کا خاتمہ کیا تاریخ

کے ہزارون صفحے لڑائیون کے بیان مین اور اُسکے متعلقات کے ڈکرون سے بھر دیے جن مورخون نے ایسی تاریخون کو لکھا انھون نے اپنے زمانہ مین کامیابی حاصل کی اور اس زمانہ مین جو تاریخ کا اصلی مقصد تھا وہ حاصل ہوا لیکن زمانہ مین ہمیشہ انقلاب ہوتا رہتا ہی کوئی بات ہمین اپنی اصلی حالت نہین رہتی وہی باتین جو اور زمانہ مین سرمایہ فخر و نازگنی جاتی تھین وہی دوسرے زمانہ مین ہنسی کی قابل ہوگئین۔ اس زمانہ مین جیسے پہلے تاریخون کے عیب چھپائے جاتے تھے ہمین یہ نہین وہ نہین جو ہی وہ کیا خاک ہی۔ کون کہہ سکتا ہی کہ آیندہ ایسا زمانہ ترقی کا آئے کہ اس زمانہ کی تاریخونکی خاک اسطرح اڑائی جائے جیسی کہ ہم قدیمی تاریخونکی اڑا رہے ہین۔ میرے نزدیک قدیمی مورخونکی کوشش وسعی و عرقریزی و دقیقہ سنجی پر نکتہ چینی عیب مبنی مناسب نہین۔ ہر چیز کو اُسکے زمانہ کے موافق دیکھنا چاہیے کہ ہمین کونسی چیزین قدر و قیمت رکھتی تھین۔ زمانہ حال مین تاریخ کیواسطے سامان عظیم الشان تیار ہوگیا ہی فرنگستانی اور بڑے بڑے ملکون کے حالات اور واقعات نہایت احتیاط سے جمع کئے گئے ہین جن ثبوتون پر وہ مبنی ہین انکی بھی بخوبی تحقیقات ہوئی مذہب کی تاریخ پر بھی بخوبی توجہ ہوئی ہی۔ علوم و فنون اور علم ادب اور مفید ایجادون اور آخر کار انسان کی آسایش اور آرام کے طریقون پر بہت کچھ محنت ہوئی ہی زمانہ قدیم کے حالات دریافت کئے ہین پرانی باتون کی تحقیقات کی قدیم شہرونکی جگہونکو کھود کر دریافت کیا قدیمی سکے نکالے ہین اور انکو پڑھا ہی پرانے کتبے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالے ہین اُنکے حروف تہجی پڑھ کر درست کئے ہین جو زبانین کہ حرفون مین نہین تحریر ہوتی تھین بلکہ چیزونکی شکلون مین لکھی جاتی تھین اُنکے مضمونکو دریافت کیا اور انکے مطلب کو نکالا۔ جو زبانین کہ مدت سے فراموش ہوگئی تھین اُنکو بھی نئے سرے سے یاد کیا۔ انسان کی بول چال کے استحالی قواعد اور اصول دریافت کئے اور اُسکے ذریعہ سے انسان کی ابتدائی نقل مکانی کے لیے زمانے دریافت کئے جو بالکل نامعلوم تھے علم انتظام مدن مدون ہوا جسکی بدولت دولت کی کمی بیشی کے اسباب دریافت کئے ملکونکے اور دہانکے رہنے والون کے حالات بڑی بڑی محنتون سے جمع کئے اُنکے نقشے بنائے۔ انسان کے دنیوی کامون اور اخلاقی باتونکی مشابہت کچھ حال دریافت کیا مثلاً مختلف قسم کے جرمونکی تعداد اور ایک کی نسبت بمقابل دوسریکے اور انپر جو اثر کہ زمانہ اور تعلیم کا عورت مرد ہونے کے سبب سے ہوا اُسکا اندازہ اور جو باتین اُسکے متعلق ہین وہ سب دریافت کی گئین۔ اسی کے ساتھ جغرافیہ طبعی بھی قدم بقدم چلتا ہی۔ آب و ہوا کے حالات کے جرنٹر طیار ہوئے۔ پہاڑونکی پیمایش ہوئی۔ دریا ناپے گئے اور اُنکے مخرج دریافت ہوئے سب قسم کی قدرتی پیداواریان اور اُنکی مخفی تاثیرین معلوم کین۔ ہر قسم کی خوراک کی جو انسان کی زندگی کو ضرور ہے علم کیمیا

زمانہ حال مین تاریخ کے سامان

کے ذریعہ سے تفتیش کی اُس کے اجزا شمار ہوئے اور تولے گئے۔ اور جو نسبت انہین اور انسان کے جسم مین ہے اُسکی بخوبی تحقیقات کیگئی علےٰ ہذا القیاس انسان کے متعلق جو باتین ہین اُنکی ہر قسم کی تحقیقات ہوئی یہانتک کہ مہذب و شایستہ قومون مین مرنے اور شادی کرنے پیدا ہونے اور پیشہ کرنے اور کامون مین مشغول رہنے کا اور اجرت کی کمی بیشی کا اور جو اشیاء کہ زندگی کے لئے ضروری ہین اُنکی قیمت کا اندازہ کیا یہ سب واقعات اور اس قسم کے اور بہت سے حالات جمع کئے گئے ہین اُنکو درستی سے مرتب کیا ہی اور اوہ سب کام مین لانیکے لایق ہین اُنکے ساتھ اور بہی مفید باتین شامل ہین کیونکہ صرف بڑی بڑی قومون ہی کے افعال اور خاصیتین لکھی نہین گئین بلکہ سیاحون نے تمام دنیا مین جو ابتک معلوم ہوئی ہی سفر کیا ہی اُسکے تمام حصون کی سیر کی ہی اور مختلف قومونکو دیکھا ہی اُنکے حالات دریافت کئے ہین اب ہم اُنکے ذریعہ سے تہذیب و شایستگی کے ہر درجہ کا اور ہر جگہ کا مقابلہ کر سکتے ہین جبکہ ہم یہ کہتے ہین کہ اپنے ہمجنسونکے حالات دریافت کرنیکا شوق کبھی کم نہین ہوتا بلکہ زیادہ ہوتا جاتا ہی تو ہم یہ بہی دیکھتے ہین کہ اس شوق کے پورا کرنے کے وسیلے روز بروز اُسکے ساتھ زیادہ ہوتے جاتے ہین جو باتین دریافت ہوئی ہین وہ سب موجود اور محفوظ ہین جب ہم ان سب باتون کو یکجا کرتے ہین تب ہمکو معلوم ہوتا ہی کہ جن چیزون سے ہم واقف ہوگئے ہین وہ کسقدر مفید ہین اور انکی مدد سے انسان کی کسقدر ترقی کا حال معلوم ہوتا ہی۔ مگر جب یہ بات بیان کرنی چاہین کہ سب باتون سے کیا کام لیا گیا تو ساری یہ صورت بدلجاتی ہی۔ انسانی تاریخ مین بہت بڑا نقص یہ ہے کہ گو تاریخ کے علیحدہ علیحدہ جزو کی نہایت قابلیت سے تحقیقات ہوئی ہی لیکن کسی نے ان سب اجزا کو ملاکر ان سے ایک عام نتیجہ نکالنے کی کوشش نہین کی اور نہ اس طریقہ کو دریافت کیا جسکے ذریعہ سے ان تمام چیزونکی آپس کی نسبت معلوم ہو۔ یہ بات سب کے نزدیک مسلم ہی کہ بڑی بڑی باتون کی تحقیقات کیلئے جزئیات کا استقرا کرکے کلیہ نکالتے ہین اور خاص خاص باتون سے عام قاعدہ نکالنے مین بڑی بڑی کوششین کیجاتی ہین تاکہ وہ قاعدے دریافت ہون جنکی رو سے وہ خاص خاص باتین وقوع مین آتی ہین مگر مورخون مین یہ طریقہ عام نہین ہی ان کے دل مین ایک عجیب خیال ہی کہ وہ اپنا کام صرف ہیقدر سمجھتے ہین کہ واقعات کو اور گذرے ہوئے حالات کو بیان کردین اور کہین کہین اخلاق اور انتظام مدن کی کچھ کچھ باتین جنسے کچھ فائدہ متصور ہو لکھدین ایسے مصنفونکا جو خیال کی سستی سے یا قدرتی ناقابلیت سے اعلےٰ درجہ کی تصنیف کی قابلیت نہین رکھتے یہ طریقہ ہی کہ چند سال تھوڑی سی کتابین پڑھلین اور تاریخ لکھنے کی قابلیت ہم پہونچائی پھر بڑی بڑی قومون کی تاریخین لکھنے لگے ان کی تاریخین ان مضمونون کے لئے سند ہوگئین۔

تاریخ کے نقصان

اس محدود اور تنگ طریقہ کے سبب ایسے نتیجے پیدا ہوئے جن سے ہمارے علم کی ترقی کو بہت نقصان پہونچا اس طریقہ کے سبب سے مورخون نے ایسی وسیع ابتدائی تعلیم کو ضروری نہین سمجھا جسکے ذریعہ سے اس علم کی تمام قدرتی باتین بالکل نئی گرفت مین آجاوین اور اس طریقہ کے سبب سے یہ نتیجہ ہوا کہ ایک موٴرخ تو علم انتظام مدن اور علم معاشرت سے ناواقف ہی دوسرا آئین و قانون کچھ نہین جانتا کوئی مذہبی معاملات اور تبدل رائے کی حالات سے محض ناواقف ہی کوئی فلسفہ مدنی کو نہین جانتا۔ کوئی علم طبعی سے آگاہ نہین حالانکہ یہ سب علوم نہایت ضروری ہین اسلئے کہ وہ خاص خاص باتین جنسے انسان کی مزاج اور اسکے اطوار پر اثر ہوتا ہی انہین علوم سے پیدا ہوتی ہین اگرچہ ان علومین سے ایک شخص کسی علم کو سیکھتا ہی دوسرا کسی علم کو۔ مگر عوض اسکے کہ وہ سب علوم ایک شخص مین ملائے جائین متفرق ہو جاتے ہین اور جو مدد کہ مشابہت اور مماثلت کی ایک شخص مین ان سب علوم کو جمع ہونے سے حاصل ہو سکتی تھی وہ ضائع ہو جاتی ہی اور اسی سبب سے کسی شخص نے ان سب علوم کو تاریخ مین ملانیکی کوشش نہین کی حالانکہ وہ سب تاریخ کے اجزا ہین۔ ہان البتہ اٹھارہوین صدی کے شروع سے چند عاقل پیدا ہوئے جنہون نے تاریخ کے اس نقص پر افسوس کیا اور حتے الوسع اسکی اصلاح کی کوشش کی مگر ایسی مثالین نہایت کم ہین یہانتک کہ یورپ کے تمام علم ادب مین اصل کتابین تین چار سے زیادہ نہین ہین جنمین انسان کی تاریخ کی تحقیقات ان عمدہ اور عام طریقون پر لکھی ہو جنسے وہ کامیابی ہوئی ہو جو اور سائنسون کی شاخون مین سولھوین صدی کے بعد سے اور خصوصاً آخری صدی سے مورخون مین خیال کی وسعت کے نشان اور اپنی تصنیفات مین ایسے مضمونون کے شامل کرنیکا شوق پایا جاتا ہی جنکو انسے پہلے وہ چھوتے بھی نہ تھے اس سے ایک عمدہ بات پیدا ہوتی ہی اور ایک قسم کے واقعات جمع ہونیسے قاعدہ کلیہ نکالنے کا خیال پیدا ہوا جسکا نشان یورپ کے قدیم علم ادب مین نہین پایا جاتا اس بات سے بہت بڑا فائدہ ہوا کیونکہ مورخون کے خیال نے وسعت پائی اور غور کرنے کی عادت پڑی جو اصلی واقفیت کے لئے ضرور ہے کیونکہ بغیر اسکے کوئی سائنس نہین بن سکتا۔

اس زمانہ مین اگرچہ بہ نسبت زمانہ سابق کے تاریخ کے آثار زیادہ طمانیت کے لایق موجود ہین مگر سوائے چند مثالون کے وہ سب تک آثار ہی آثار ہین۔ آجتک ان اصولونکے دریافت کرنے مین جنکا اثر قومونکی قسمت اور انکے چال چلن پر ہوتا ہی بہت کم کوشش ہوئی ہی اور کچھ شبہہ نہین کہ انسان کی اعلی خیالات کے لئے اب بھی تاریخ نہایت ہی ناقابل ہی اور وہ ایسی ہی بے ترتیب صورت مین ہی جیسے کہ اس مضمون کی صورت ہوتی جسکے قاعدے معلوم نہین ہوئے اور جس کی جڑ قایم نہین ہوئی۔ ہمارے پاس تاریخ کا اسقدر سامان موجود ہے

کہ اگر اسپر زیادہ کوشش کیجائے تو جسطرح کہ علوم طبعی کی مختلف شاخین تحریر ہوئین اسطرح انسان کی تاریخ بھی تحریر ہوسکتی ہی نیچر کی اکثر باتین جو ظاہرا بالکل بے قاعدہ معلوم ہوتی ہی اور کبھی یکسان نہین رہتی سمجھ مین آگئی ہین اور یہ بات ثابت کیگئی ہی کہ وہ بھی قواعد معینہ و مستمرہ کی بموجب ہوتی ہین قابل لوگون نے نہایت تامل و غور سے طبعی واقعات پر اس غرض سے توجہ کی ہی کہ ان کے قاعدے معلوم ہون اور اسی غور و تامل کا یہ نتیجہ حاصل ہوا ہی پس اگر انسان کے واقعات کو اسیطور پر دیکھین تو بیشک ویسے ہی نتیجے حاصل ہونگے اور یہ بات کہدینی کہ تاریخ کے واقعات کی کلیۃً قاعدہ نہین نکل سکتا ایک مرز بحقیقات کو بلا تحقیقات کی تسلیم کرلینا ہی اس قسم کے لوگ صرف ایسی ہی بات کو تسلیم کرتے ہین جسکو وہ ثابت نہین کرسکتے بلکہ ایسی باتونکو بھی مان لیتے ہین جو علم کی موجودہ حالت مین نہایت غیر ممکن ہین جو کوئی شخص اخیر دو صدی کی حالات سے واقف ہوگا وہ ضرور جانتا ہوگا کہ ہر ایک پشت مین کسی ایسے واقعہ کا باقاعدہ ہونا ثابت ہوجاتا ہی اور اسکی نسبت پیشینگوئی ہوسکتی ہی جسکو پہلی پشت کے لوگ محض بیقاعدہ اور ناقابل پیشین گوئی سمجھتے تھے پس تہذیب و شائستگی کی جو ترقی پائی جاتی ہی ہمارا یقین مضبوط ہوتا جاتا ہی کہ سب باتین باقاعدہ اور ترتیب وار ہوتی ہین پس ان باتون سے یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہی کہ اگر کسی قسم کے واقعات کا قاعدہ دریافت نہین ہوا ہی تو ہمکو یہ نہ کہنا چاہئے کہ یہ بیقاعدہ ہین بلکہ پہلے کے تجربہ کو لحاظ کرکے یہ تسلیم کرنا چاہیئے کہ جو بات اسوقت سمجھ مین نہین آتی ممکن ہی کہ آیندہ زمانہ مین سمجھ مین آجاوے بے ترتیبی مین سے ترتیب نکالنے کی امید اس درجہ تک ہوتی ہی کہ اکثر نامور عالمونکو بوجوہ امید کے یقین ہوتا ہی اور اگر یہی امید مورخون مین نہ پائی جاوے تو اسکا سبب بھی سمجھنا چاہئے کہ وہ لوگ نیچر کے محققونکی بہ نسبت کمتر لیاقت رکھتے ہین اور سیقدر یہ بھی سبب ہوسکتا ہی کہ معاشرت کی باتین جو تاریخ سے علاقہ رکھتی ہین زیادہ پیچیدہ ہوتی ہین یہی اسباب ہین جنہون نے ابتک علم تاریخ کو ایک علم ہونے نہین دیا نہایت مشہور اور نامور مورخ علم طبعی جاننے والے کے مقابلہ مین کچھ بھی درجہ نہین رکھتا ہی کسی ایسے شخص نے تاریخ کی طرف توجہ نہین کی جو ذہن و عقل مین مثل کیپلر اور نیوٹن کے وحید عصر ہوتے اگرچہ موجودات کی حالات بھی نہایت پیچیدہ ہین مگر جو مورخ فلسفہ کے طور پر تاریخ لکھتا ہی اسکو نیچر کی تحقیقات کرنے والے کی نسبت زیادہ مشکلات پیش آتی ہین کیونکہ اسکے تجربہ مین وہ غلطیان ہوسکتی ہین جو تعصب اور جوش سے پیدا ہوتی ہین اور سامان تجربہ کا جو نیچر مین ہی کہ اسکے ذریعے ہم دنیا مین نہایت پیچیدہ مسئلون کو حل کرلیتے ہین وہ سب سامان مورخ کے کام مین نہین آسکتے۔

پس اس بات کا کچھ تعجب نہین کہ انسان کے افعال کا علم بہ نسبت نیچر کے علم کے پیچھے کی حالت مین ہے

بیشک ان دونون علمونکی ترقی مین اتنا بڑا فرق ہی کہ علم طبیعی کی ایسی باتونکو جو ابتک ثابت بھی نہین ہوئین لوگ تسلیم کرلیتے ہین کہ ضرور باقاعدہ ہونگی اور اُنکی نسبت پیشینگوئی بھی کرتے ہین مگر تاریخی واقعات کا باقاعدہ ہونا کوئی تسلیم نہین کرتا بلکہ اس سے انکار کرتے ہین اس سبب سے جو شخص کہ علم تاریخ کو مثل دیگر علوم کے ترقی دینا چاہتا ہی اُسکو ابتدا ہی مین ایک بڑی مشکل پیش آتی ہی کہ اس سے کہا جاتا ہی کہ انسان کے معاملات مین کچھ ہمارا ہین اور وہ ہمارا خدا ساز ہین کہ ہماری عقل اور ہماری تحقیقات ان تک نہین پہونچ سکتی اور انسان کے آیندہ کی حالات ہمیشہ پوشیدہ رہین گے۔ اسکے جواب مین صرف اسقدر کہنا کافی ہی کہ ایسا کہنا صرف تحکماً تسلیم کرنا ہی کیونکہ اسکا ثبوت کچھ نہین ہی اور اس مشتبہ حقیقت کی مخالف ہی کہ جہان علم بڑہتا جاتا ہی وہان قاعدہ اور سلسلہ مین بھی زیادہ یقین ہوجاتا ہی اور اس قاعدہ کے بموجب یکسان حالت مین ایک سے نتیجے پیدا ہوتے ہین بہتر ہی کہ ہم اس عقدہ کے حل کرنے مین زیادہ غور کرین اور اس بات کو دیکھین کہ لوگونکی جو یہ عام رائے ہی کہ تاریخ کبھی سائنس یا فلوسوفی کے درجہ پر نہین پہونچ سکتا اسکو سائنس کہنا ایسا ہی جیسے کہ یہ کہنا کہ آواز مین رنگ ہی اور اربعہ متناسبہ کا طول وعرض ہی اسکی بنیاد درست ہی یا نہین جب ہم اسکا خیال کرتے ہین تو ہمارے دلمین ایک بڑا سوال پیدا ہوتا ہی جو اسکی جڑ ہے کہ آیا انسان کے افعال اور انسان کی باہمی معاشرت کی کام کسی قانون معین کے تابع ہین یا اتفاقیہ ہین اور ایسی باتون کے نتیجے ہین جو انسان کی سمجھ مین نہین آتے ہین ان امور کی بحث مین چند مفید باتین پیدا ہوتی ہین کیونکہ جو سوال کیا گیا ہی اُسکے متعلق دو مسئلے ہین جنکے ذریعہ سے تہذیب کے مختلف درجے ظاہر ہوتے ہین۔ پہلا مسئلہ یہہ ہی کہ تمام امور اتفاقیہ واقع ہوتے ہین اس سند کے بموجب گویا ہر ایک واقعہ علیحدہ اور تنہا واقعہ ہوتا ہی اور کسی امر اتفاقیہ کا نتیجہ سمجھا جاتا ہی۔ ایسا خیال بالکل ایک جاہل اور وحشی شخص کو ہوتا ہے اور پھر جون جون تجربہ بڑہتا ہی اور جس سے معلوم ہوتا ہی کہ سب باتین باقاعدہ ایک دوسرے کے بعد ہوتی ہین تو یہ خیال مضمحل ہوجاتا ہی مثلاً وحشی قومین جنمین تہذیب کا اثر کچھ بھی نہین معلوم ہوتا اور جو صرف شکار پر اپنی زندگی بسر کرتے ہین انکو بلاشک یہ خیال ہوسکتا ہی کہ ہماری ضروری خوراک کا ملنا صرف کسی امر اتفاقی کا نتیجہ ہی جو بیان نہین ہوسکتا چنانچہ شکار کبھی ملتا ہی اور کبھی نہین ملتا۔ کبھی افراط سے ملتا ہی اور کبھی نہایت کم اور اسی سبب سے انکو کبھی شبہہ بھی اس بات کا نہین ہوتا کہ نیچر کے انتظام مین ترتیب بھی ہے اور نہ اُن کے دل مین ان تمام اصولون کا وجود سما سکتا ہی جسکی رو سے تمام واقعات وقوع مین آتے ہین اور جن اصولون کے علم سے ہم انہین باتون کی آیندہ حالت کی نسبت پیشینگوئی کرسکتے ہین مگر جب یہی قومین کچھ ترقی کرکے

کسانوں کی حالت میں آجاتی ہیں تو وہ پہلے پہل ایسی خوراکیں کھاتے ہیں جن کا ملنا بلکہ اس کا پیدا کرنا بھی وہ اپنے ہی فعل کا نتیجہ دیکھتی ہیں یعنی جو کچھ بوتے ہیں وہی کاٹتے ہیں ان کی ضرورتوں کے ضروری سامان زیادہ تر اُن کے اختیار میں ہوجاتے ہیں اور انھیں کے محنت کرنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ جبکہ وہ بیج زمین میں بوتے ہیں اُس سے درخت پیدا ہوتے ہیں وہ پھولتا ہے پھلتا ہے بالیں نکلتی ہیں جب وہ پختہ ہوجاتی ہیں تو ان سے وہی غلہ نکلتا ہے جو بویا تھا اور اُس کو اس بیج سے بھی جو بویا تھا کچھ مناسبت ہوتی ہے ان باتوں سے انکو صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ اس میں کوئی تدبیر اور حکمت ہے یہ نتیجہ ہمیشہ یکساں ہوتا ہے اب اُن کو آیندہ کے لئے گو یقین نہو مگر ایک قسم کا اعتبار اور بھروسہ پڑجاتا ہے اور یہ اعتبار اُس سے کہیں زیادہ ہوتا ہے جو ان کو اپنی اس پہلی اور غیر معین حالت میں تھا۔ اسی سے اُن کو ایک دھندلا سا خیال اس بات کا پیدا ہوتا ہے کہ واقعات میں کچھ تسلسل اور استحکام ہے اور کچھ کچھ وہ باتیں سمجھ میں آنے لگتی ہیں جن کو آخرکار نیچر کا قانون کہتے ہیں۔ اس بڑی ترقی کے ہر ایک قدم پر اس کا خیال صاف ہوتا جاتا ہے جس قدر اُن کی تحقیقات بڑھتی ہے اور تجربہ زیادہ وسیع ہوتا جاتا ہے اُسی قدر اُن کو قاعدہ وسلسلہ اور واقعات میں باہم موافقت ملتی جاتی ہے جس کے وجود کا اُن کو پہلے شبہ بھی نہ تھا اُس کے ظاہر ہونے سے وہ مسئلہ واقعات کے اتفاقیہ ہونے کا جو شروع میں اُن کے دل میں بیٹھا ہوا تھا بودا ہوتا جاتا ہے تھوڑی سی اور ترقی کے بعد استدلال کا شوق دل میں پیدا ہوتا ہے اور ان میں سے بعض لوگ اپنی تحقیقات سے قواعد کلیہ نکالتے ہیں اور اگلی راے سے نفرت کرنے لگتے ہیں اور یہ یقین کرتے ہیں کہ ہر ایک پچھلا واقعہ اپنے پہلے واقعہ سے تعلق رکھتا ہے اور پہلے کا واقعہ اپنے سے پہلے واقعہ سے۔ اسی طرح ساری دنیا ایک زنجیرہ ہے اور ہر ایک آدمی ایک سلسلہ میں اپنا کام کرتا ہے پر وہ اس بات کا یقین نہیں کرسکتے کہ وہ کام کیا ہوگا۔

غرض ڈیڑھ سو برس سے اس باب میں کوشش ہورہی ہے کہ تاریخ کو کسی طرح سائینس بنائیں اور اس میں یہ بتائیں کہ انسانیت کا بروے کار ظاہر ہونا اور انسان کے خیالات اور تصورات میں ترقیوں کا ہونا بموجب قوانین کے کس طرح ہوا پہلے مورخ فقط واقعات بیرونی کے ہوتے تھے اب مورخ اندرونی خیالات کے ہوتے ہیں اور تاریخ میں یہ بتاتے ہیں کہ بیرونی واقعات اندرونی خیالات پر اور اندرونی خیالات بیرونی واقعات پر اپنا کیا دکھاتے ہیں۔ تاریخ کا سامان ایسا جمع کرلیا ہے کہ جیسے کسی اور سائینس میں جزئیات سے استقرار کرکے کلیات کا حکم لگاتے ہیں اسیطرح تاریخ کے جزئیات سے کلیات استنباط کرتے ہیں

اور اُس کو کوئی سائنس بتاتا ہے کوئی فلسفہ۔ گو ابھی یہ مقصد پورا نہیں حاصل ہوا مگر آخر کو کامیابی کی شکل نظر آتی ہے پروفیسر سیلی ایک بے نظیر مورخ انگلستان کے ہیں اُن کے اس لکچر سے جو اُنہوں نے انگریزوں کی تاریخ کے میلان پر دیا ہے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ اوّل تاریخ کو اس طرح پڑھنا چاہیے کہ کوئی عملی فائدہ ہو۔ دوم تاریخ میں وہ باتیں بیان ہونی چاہئیں جو سٹیٹ پر عمل کریں باقی تہذیب (سوی لیزیشن) کی داستانیں جن کا بیان استعارات اور تشبیہات میں زبان کی فصاحت کو چمکاتا ہے تاریخ میں کوئی درجہ عظیم نہیں رکھتا۔ سوم تواریخ جو قدیم مورخوں نے لکھی ہیں وہ بمقتضائے زمانہ لکھی ہیں۔

مورّخ کے کیا اغراض ہونے چاہئیں

کارلائل کا قول ہے کہ تمام تاریخ ایک بے زبان انجیل ہے غیر واضح اور پیچیدہ طریقوں سے وہ الٰہی صورتوں کو اس دنیا پر منکشف کرتی ہے۔ کسی قوم کی سوانح عمری یا تاریخ تو ایک طرف ایک شخص مفرد تک کے حالات زندگی میں خدا کا ایک پیغام پوشیدہ ہوتا ہے جو سُننے اور نہ سُننے والے کانوں کے لئے نازل ہوتا ہے۔ پس حقیقی مقصد مورخ کا یہ ہونا چاہیے کہ اس پیغام کو ہر انسان کی تہذیب اور ہر قوم کے تحفظ کے لئے صاف صاف بیان کردے اور اس سے بھی بڑھکر یہ کام کرے کہ اُس پردہ کو اُٹھادے جس کے پیچھے دنیا کے بڑے لوگوں کی شخصیت پوشیدہ ہے اس لئے سچا مورخ نوع انسان کی حق میں سب سے زیادہ نفع پہنچانے والا ہے۔ تاریخ کو محض واقعہ نگاری سے جو بقید وقت و زمانہ ہو کسی قدر زیادہ ہونا چاہیے۔ مورخ کو فقط واقعہ نویس نہونا چاہیے۔ حقیقی مورخ کا یہ کام اور مقصد ہونا چاہیے کہ وہ ایک قوم کی پوری تاریخ کو جو ایک حصّہ وقت میں گذری ہو امتحان کرے۔ اس تاریخ میں کثرت سے واقعات ملینگے جن میں سے بہت سے غیر متعلق ہونگے اور اُن کو مورخ کے مقاصد سے کوئی واسطہ نہوگا۔ بجز ایسی حالت کے جبکہ صرف اتفاقی قرب اور عارضی تطابق سے وہ واقعات متعلقہ نظر آوینگے۔ اس امتحان واقعات کے بعد اسکو ایسے واقعات منتخب کرنا چاہیے جو کسی قوم کی زندگی کو اچھی طرح سمجھنے میں ضروری ہوں اور مورخ اُن واقعات کو نظر انداز کرے جو اُس کے مضمون سے کوئی منطقی تعلق نہ رکھتے ہونگے۔ مورخ صرف صاحب فکر فلسفی اور انشا پرداز ہی نہونا چاہیے بلکہ اُس کو ممیز اور تفریق دکھلانے والا مورخ اور آیندہ کا حال بتلانے والا بھی ہونا لازم ہے سچے طور پر کسی قوم کی تاریخ لکھنے میں مورخ کے ذہن میں

اس قوم کے زمانہ ماضی کی صحیح تصویر اور اُس سرزمین کا نقشہ ہونا چاہیے جس پر اُس قوم کے بڑے لوگ اور سوسائٹی کے حالات ظاہر ہوئے ہیں۔ علم جغرافیہ اور انسان کی مختلف نسلوں کا علم اور مذاہب مختلفہ میں مشترکہ اعتقادات کا علم اور واقعات کو علمی طریق پر مشاہدہ کرنیکی مشق میں مورخ کو ماہر ہونا چاہیے اسکو فقط ان باتوں کا مطالعہ کرنا ہی لازم نہیں ہے کہ لشکر کہاں کہاں پہونچے۔ پارلیمنٹ اور عدالتوں نے کیا کیا بڑے بڑے قومی سرداروں نے قوم کے معاملات میں کہانتک دخل دیا۔ بلکہ مورخ کو اُن خاموش اور مخفی اسباب کا دیکھنا اور سمجھنا بھی ہے جو عوام الناس کے کثیر انبوہ کی زندگی میں عمل کر رہے ہیں۔ یہ اسباب وہ ہیں جو بسا اوقات زیادہ وقعت اور زیادہ دور پہونچنے والے نتائج رکھتے ہیں بہ نسبت اُن باتوں کے جو اپنی چمک نمود اور شانمیں تصور اور نظر پر بلیغ اثر کرتی ہیں۔ ہم کو شوق ہے کہ لوگوں کو اُنکے بے تکلف لباس میں دیکھیں۔ اُن کے دلی خیالات اور اُنکی روزمرہ کی زندگی کے واقعات کو معلوم کریں کیونکہ کوئی مورخ پبلک کے مذاق پر پوری قدرت نہیں رکھ سکتا جبتک کہ وہ اس عام مذاق کو پورا نہ کرے۔ اسلئے یہ بھی ایک مقصد مورخ کا ہونا چاہیے۔ مورخ کو چاہیے کہ سطح کے نیچے دیکھے اور ان اصولوں کو ڈھونڈھ کر نکالے جنپر انسان کی ملکی زندگی اور اُسکے کام قائم ہیں اور اشیا کے اسباب دریافت کرے خاصکر اُن اخلاقی اصولوں کو معلوم کرے جو انتظام معاملات ملکی میں شامل ہیں۔ اور تمیز کرے ایسی باتوں میں جو فضول ہیں اور جو حقیقی تعلق ترقی واقعات سے رکھتے ہیں۔ مورخ کو چاہیے کہ فوراً کسی قوم یا شخص یا زمانہ محدود کی خصوصیت اور خصلت کو پہچان لے اور اس قابل ہو کہ سعت کے ساتھ چھوٹی اور اصلی بزرگی کو جو قوم کے رہنماؤں میں ہوں تمیز کرے اور فرق سمجھ لے۔ اُن باتوں اور قدرتی قوتوں میں جو کسی قوم میں پیدا ہیں اور جو زمانہ کے موجودہ بڑے لوگوں میں ظاہر ہوئی ہیں اور اس ظاہر بزرگی میں جو کسی شخص پر اتفاق سے ڈالدی جاتی ہے جیسا کہ شاعر نے سچ کہا ہے۔ بعض پیدا ہوتے ہیں بڑے۔ بعض بڑائی حاصل کرتے ہیں۔ بعض پر بڑائی ڈالدی جاتی ہے۔

انگلینڈ کے ایک حکیم یگانہ و فرزانہ کی رائے میں انگلستان میں علم تاریخ جو معمولاً طلبا کو مدارس میں سکھایا جاتا ہے محض بے کار اور ہیچکارہ ہے مدرسوں میں جو بڑی بڑی تاریخیں درس میں جاری ہیں اُنمیں کمتر ملکی معاملات صحیح اصول پر بالتصریح بیان کیے جاتے ہیں ان میں اکثر طلبہ یہ باتیں پڑھتے ہیں فلاں فلاں آدمیوں نے اپنے اقتدار و تسلط کے حاصل کرنے کے لئے دنگے فساد کھڑے کئے۔ میدان جنگ میں وہ فوجیں لائے اور خوب جم کر لڑے۔ اُن کے سپہ سالاران اور ان کے ماتحت کے افسروں کے ناموں کی تفصیل ہوتی ہے۔ سواروں اور پیادوں اور توپوں کا

بیان ہوتا ہے کہ طرفین میں سے ہر ایک کے پاس کتنی کتنی تھیں۔ پھر سپاہیوں کا میدان جنگ میں ترتیب و صف آرائیوں کا بیان ہوتا ہے۔ پھر لڑائی میں آپس کے داؤں پیچوں کا ذکر ہوتا ہے کہ کس نے کس طرح حملہ کیا اور اپنے دشمن کو پس پا کیا۔ ہر روز طرفین کو کیا فائدے نقصان ہوئے۔ فلاں سوار نے میدان جنگ میں جان دی۔ کس رجمنٹ کا کوئی حصہ بالکل ضائع ہو گیا۔ آخر کو نتیجہ کا بیان ہوتا ہے کہ کون فتحیاب ہوا مقتولوں و مجروحوں و قیدیوں کی تعداد بتلائی جاتی ہے ان باتوں میں سے ایک بات بھی ایسی نہیں کہ تمدنی حیثیت سے اخلاق میں طلبہ کو فائدہ دیتی ہو۔ ان میں کوئی ملکی معاملات کا صحیح اصول ایسا نہیں بیان کیا جاتا کہ جس سے کوئی تمدنی استفادہ ہو اگر طلبہ نے دنیا کی اُن پندرہ لڑائیوں کا جنہوں نے دنیا میں کارہائے غلیمہ کا فیصلہ کیا ہے اور اور لڑائیوں کا حال برزبان کر لیا تو پارلیمنٹ کے آیندہ انتخاب کے وقت وہ اپنی رائے کی وقعت کیا دکھا سکتے ہیں۔ طلبہ کہتے ہیں کہ یہ واقعات دلچسپ ہیں بلاشبہ یہ واقعات بالکل یا بالجزو جھوٹے بناوٹی نہوں مگر اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ یہ واقعات، قدر و منزلت کے مستحق ہیں اکثر اوقات بے کار چیزوں کو مصنوعی اور فاسد رائوں کی بدولت ظاہری قدر و منزلت حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر کسی شخص کے دماغ میں گل لالہ کا سودا ہو گا یا ہوا ہو تو اس کی برابر زر وزن میں دیا جاوے تو وہ قبول نہیں کرے گا۔

بعض آدمی مشہور شہیدوں کی لاشوں یا اُن کی کسی اور چیز کو گراں قیمت پر خرید کرتے ہیں اور بطور تبرک کے رکھتے ہیں۔ غرض جیسے کسی شخص کو کسی چیز کا ذوق شوق ہوتا ہے وہ اُس سے اپنی تفریح طبع کا فائدہ اٹھا کے محظوظ و مسرور ہوتا ہے ایسے تاریخ کی بعض قسم کے واقعات کا مذاق بعض آدمیوں کو ہوتا ہے وہ اُن کے لئے مفید ہو مگر فی نفسہ اُن کی اصلی قدر و منزلت کا یہ ثبوت نہیں ہے۔ اب اُن کی نسبت یہ سوال کرنا چاہیئے کہ وہ کس کام آتے ہیں۔ واقعات کا اصلی معیار تو یہ ہے کہ ان سے کام کیا نکلتا ہے۔ اگر کوئی شخص تم کو اطلاع دے کہ تمہارے ہمسایہ میں بلی نے کل بچے دیئے ہیں۔ اگرچہ یہ بھی ایک واقعہ ہے مگر تم اس کی اطلاع کو فضول اور مہمل اس لئے کہو گے کہ ایسے واقعہ کا اثر تمہاری زندگی کے افعال پر مطلق نہیں ہو سکتا۔

تاریخی واقعات کا اصل مقصود یہ ہوتا ہے کہ وہ کچھ کارگر اور بکار آمد ہوں سو چال چلن کے اصول قائم کرنے میں غیر منضبط و بے ربط واقعات کچھ کام نہیں آتے مگر ہاں ان کو تفنن و تفریح طبع کیلئے پڑھو لو

مگر اس دھوکہ میں نہ آؤ کہ یہ واقعات مفید ہیں۔

اکثر تاریخ کی کتابوں میں وہ علم چھوڑ دیا جاتا ہے جس کو اصل حقیقت میں تاریخ کہتے ہیں۔ زمانہ حال میں بعض مورخوں نے اپنی کتابوں میں ایسے واقعات لکھنے شروع کئے ہیں کہ حقیقت میں با وقعت اور سود مند ہیں۔ ایک زمانہ میں بادشاہ ہی ہمہ چیز ہوتا تھا اور رعیت کوئی چیز نہ ہوتی تھی۔ پس قدیمی تاریخیں بادشاہ ہی کے کارہائے نمایاں کے بیانوں کا مرجع و ماٰب ہوتا تھا۔ اور اس میں قومی زندگی کی تصویر کا تیرہ و تاریک رُخ نمودار ہوتا تھا جو پردہ کے اندر ہی رہتا تھا۔ لیکن اس زمانہ میں برعکس حال ہے کہ والیان ملک کی بہبودی کی نسبت قومی بہبودی پر اور سوسائٹی کی بہبودی کے واقعات پر مورخین زیادہ متوجہ ہوئے ہیں پس جس بات کا جاننا ناگزیر ہے وہ قوم کی خصوصیات اور عادات اور اوضاع و اطوار کی تاریخ ہیں۔ ہم کو اُن تمام واقعات کا جاننا ضرور ہے جو اس امر کے سمجھنے میں اعانت کرتے ہیں کہ قوم نے کس طرح ترقی کی اور کس طور سے قوم بن گئی۔ بیشک ان واقعات کے ضمن میں ہم کو قوم کی فرماں روائی کا حال بھی معلوم کرنا چاہئے اور اس میں حتی الامکان ارکین سلطنت کے باب میں گپیں اور بے سروپا باتیں کم ہونی چاہئیں۔ اور زیادہ تر بیان ان باتوں کا ہونا چاہئے کہ سلطنت کی بنیاد کیونکر جمی اس کے اصول و طریقے و تعصبات کیا تھے۔ عمال اور اہلکار کیا کیا شرارتیں کرتے تھے رشوت ستانیاں کیونکر کرتے تھے اور اس بیان میں سنٹرل (مرکزی) گورنمنٹ نے حقیقت حال اور اور اعمال کے سوائے اس کی لوکل گورنمنٹوں کا اور اُس کے چھوٹے چھوٹے فروع کا بیان بھی ہونا پھر اس کے ساتھ چرچ (کلیسا) کی حکومت کا نظم و نسق اور ان کے دستوروں کا بیان بھی ہونا چاہئے مذہبی رسوم و خیالات و عقائد کا ذکر ہونا چاہئے۔ یہ رسوم اور خیالات صرف وہی نہ بیان ہوں جو برائے نام لوگ مانتے ہوں بلکہ وہ بھی جن سے لوگ درحقیقت عقیدت رکھتے ہوں اور ان پر عمل کرتے ہوں۔ اس بات سے مطلع کرنا چاہئے۔ سوسائٹی کے آداب و القاب و طرز خطاب و تسلیمات سے وہ اقتدار کیا ظاہر ہوتا ہے جو ایک گروہ دوسرے گروہ پر رکھتا تھا۔ ان کے سوا وہ دستور بنانے چاہئیں جو عوام الناس کے اندرونی اور بیرونی طرز معاشرت میں رہنما ہوتے تھے۔ زن و شو اور اولاد و والدین کی باہم رشتہ مندیوں میں کیا دستور برتے جاتے تھے۔ مشاہیر کی کون کون سی کہانیاں منتہ تھیں۔ کون سے معمولی مسخرہ و ٹوٹکے مروج تھے۔ توہمات مذہبی کیا کیا تھے

صنعت وحرفت کا نقشہ کھینچنا چاہیے جس سے یہ معلوم ہو کہ محنت کی تقسیم کس قدر کی گئی تھی۔ تجارت کا انتظام بتانا چاہیے کہ اس کے واسطے کون کون سی ذاتیں وجماعتیں مخصوص تھیں اور آمد ورفت کے وسائل کیا کیا تھے داد وستد میں روپیہ کا چلن وبوہار کس طرح ہوتا تھا۔ دست کاری کے فنون کا بیان بحیثیت فن اور مصنوعات کے صنعت ونوعیت کا بیان کرنا چاہیے۔ ان کے سوائے قوم کے مختلف درجوں کی عقل وذہانت کی تصویر اُتارنی چاہیے اس میں سوائے اس بیان کے کہ کس قسم کی اور کتنی تعلیم دی جاتی تھی یہ ذکر بھی کرنا چاہیے کہ سائنس کی کس قدر ترقی ہوئی تھی اور لوگوں کے خیالات کا رجحان کس جانب تھا۔ یہ بھی بیان کرنا ضروری ہے کہ فن تعمیر بُت تراشی مصوری۔ لباس۔ موسیقی۔ شاعری۔ افسانہ طرازی کی تربیت جو علم حسانت سے تعلق رکھتے ہیں ہوتی تھی۔ لوگوں کی روزمرہ معاشرت۔ اُن کی خوراک۔ مکان تفریح طبع کے اشتغال کا بیان بھی قلم انداز نہ ہونا چاہیے۔ اور ان سب بیانات کے سلسلہ میں لوگوں کے قوانین۔ عادات ضرب الامثال اور افعال سے کل جماعتوں کے جو خیال اور عملی آداب اور اخلاق ظاہر ہوں اُن کو بھی دکھلانا چاہیے۔ پھر ان واقعات کو اس خوش اسلوبی سے جمع کرنا چاہیے کہ وہ بحیثیت مجموعی اس طرح سمجھ میں آئیں کہ وہ ایک کل کے پُرزے ہیں جن کو قدرت نے ایک دوسرے کے ساتھ پیوستہ اور آراستہ کر دیا ہے اور پھر اُن کا مختصر بیان اس صحت وصفائی سے ہو کہ لوگ اُن کی باہمی مناسبت کا جلدی سُراغ لگالیں کہ ان میں کون کون سے واقعات تمدنی لازم وملزوم ہیں۔ پھر ازمنۂ آیندہ کے واقعات کا مرقعہ اس طرح کھینچنا چاہیے کہ جس سے صاف ظاہر ہو جائے۔ ہر ایک اعتقاد۔ آئین۔ رسم ورواج اور انتظام میں کس طرح تغیر وتبدل ہوگا اور پہلے پیکر افعال کی مناسبت ترقی کر کے پچھلے پیکر افعال کی صورت کیونکر بنائیگی۔ زمانہ سلف کے متعلق بھی معلومات اس قسم کی ہیں جو شہر کے باشندے کے لئے چال چلن کی ہدایت کر سکتی ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اُسی تاریخ کی عملی قدر ومنزلت ہے کہ جس میں علم معاشرت وتمدن کو بہ توضیح وتفصیل بیان کیا ہو اور مورخ کا سب سے بڑا فرض یہ ہے کہ قوموں کی سوانح عمری اس طرح بیان کرے کہ اُن کی تمدنی معاشرت کے باہمی مقابلہ کا سامان بہم پہونچ سکے تاکہ آیندہ زمانہ کے لئے ان قطعی قوانین کا تصفیہ ہو جاوے جن کے مطابق تمدنی واقعات پیش آتے ہیں۔ اگر بالفرض ہی

معلومات کا ذخیرہ تاریخ میں جمع بھی ہو جاوے تو جب تک اس کی کنجی ہمارے پاس نہ ہو تو وہ نسبتاً کم مفید ہوتا ہے۔ اس کی کنجی صرف سائنس ہے۔ اگر بیالوجی (علم طبیعات) اور سائی کالوجی (علم نفس ناطقہ) کے اصول عامہ نہوں تو امور معاشرت کی معقول تشریح ناممکن ہے جیسے فطرت انسانی کے تھوڑے بہت نتیجے اناڑی آدمی بھی جانتے ہیں ایسے ہی تمدن کے وہ آسان آسان واقعات کو بھی جان سکتے ہیں۔ جیسے کہ طلب و رسد کے باہمی تعلق کو علم المعاش کی نہایت ابتدائی باتیں بھی جب نہیں سمجھ میں آسکتیں کہ کسی قدر یہ علم ہو کہ عموماً لوگوں کے خیال و احساس و فعل کس طرح عمل کرتے ہیں۔ تو علم المعاشرت کا وسیع علم اس وقت تک حاصل ہی نہیں ہو سکتا کہ انسان اور اس کے کل جسمانی اور عقلی قوتوں کا کافی علم نہو۔ اگر مجرد عقلی حیثیت سے غور کی جاوے تو یہ نتیجہ بالکل بدیہی ہے افراد کے مجموعی کا نام قوم ہے۔ قوم میں جو کچھ ہوتا ہے وہ افراد کے مشترکہ سے ہوتا ہے اس وجہ سے قومی امور کا عقدہ صرف افراد کے افعال سے حل ہوتا ہے لیکن افراد کے افعال ان کی فطرت کے قوانین پر منحصر ہیں۔ جب تک یہ قوانین سمجھ میں نہ آئیں تو ان کے افعال سمجھ میں نہیں آسکتے۔ جب یہ قوانین سلیس عبارت میں بیان کئے جائیں تو یہ ثابت ہوگا کہ وہ عموماً جسم اور نفس ناطقہ کے قوانین کا حاصل ہے بس اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ علم معاشرت کی توضیح و تشریح کے لئے بیالوجی اور سائی کالوجی نہایت ضروری ہیں۔ ان نتائج کا بیان زیادہ سلیس یہ ہے کہ زندگی کے واقعات کل سوسائٹی کے واقعات ہیں ضرور ہے کہ قوانین زندگی کے موافق زندگی کے نہایت پیچیدہ مظاہر ظاہر ہوں۔ اور یہ ایسے اسی وقت سمجھ میں آسکتے ہیں کہ زندگی کے قوانین سمجھ میں آئیں۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ تاریخ کا مدار سائنس پر ہے۔

ایک انگریزی لفظ آئی ڈیل اور دوسرا لفظ اس کے مقابل پر مکٹی کل ہے پہلے لفظ کے معنی ایک چیز کی تکمیل کے خیال کے ہیں جو کبھی پورا عمل میں نہ آسکے۔ دوسرے لفظ کے معنی عملی کے ہیں جو عمل میں آسکے۔ کارلائل اور ہربرٹ سپنسر نے علم تاریخ کی تعریف اور مورخین کے فرائض جو بیان کئے ہیں وہ زیادہ آئی ڈیل اور کمتر پرکٹی کل ہیں خود ان کے بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یورپ میں تاریخیں اور مورخ ناقص زیادہ تر ہیں اور کامل شاذ و نادر (النادر کالمعدوم) پس جب یورپ

میں تواریخ اور مورخین کا یہ حال ہو تو ہندوستان میں ان کی آئی ڈیل تواریخ و مورخین کا موجود ہونا اور بس دشوار ہے۔ ہمارے بزرگان سلف نے تاریخیں اپنے زمانہ کے مذاق کے موافق لکھی ہیں اور وہ اب تک ہمارے مذاق کے موافق چلی جاتی ہیں ہم ان سے وہی فائدے اُٹھا سکتے ہیں جو اہل یورپ اپنی تواریخ سے۔ جو کچھ میں نے مشرقی مورخین کے اقوال تواریخ و مورخین کے باب میں چیدہ چیدہ بیان کئے ہیں ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ علم تاریخ معرفت ہے احوال اقوام کی۔ ان کے بلدان کی۔ ان کے رسوم و عادات و انساب کی۔ ضلع اشخاص کی۔ پیچ آدمیوں کی۔ حدوث امر کی جو تتابع ظہور ملت ہے و ممالک آثار علویہ سے اور حوادث سفلیہ سے ہو۔ الیٰ غیر ذلک۔ علم تاریخ کا موضوع ہے احوال اشخاص ماضیہ انبیا و اولیا علما و حکما و ملوک و شعرا وغیرہم۔ علم تاریخ کی غرض احوال ماضیہ پر مطلع ہونا۔ علم تاریخ کا فائدہ احوال ماضیہ سے عبرت پکڑنی اور نصیحت لینی اور ملکہ تجارب حاصل کرنا جو موقوف اُن نقلیات زمانہ پر ہو جن کے سبب سے ان افعال کی نقل سے احتراز ہو جن سے مضرتیں پہونچیں اور ان نظائر کی نقل کی طرف جلب ہو جن سے منافع ہوں۔ فقط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جس طور سے سورج کو دھوپ سے اور چاند کو چاندنی سے اور اصل کو فرع سے جدا نہیں کر سکتے اسیطرح عرب کو کسی سلطنت اسلامیہ سے علیحدہ نہیں کر سکتے جب عرب اسلام کا مبدء ہی اور اُسکے عروج اور اقبال کا ماخذ ہی تو ہر سلطنت اسلامیہ کی ابتدا اُسی سے ہوگی۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم ہند کی تاریخ سلطنت اسلامیہ تحریر کریں اور عرب کے اسکی بسم اللہ نہ بنائیں۔ اول دو باب عرب کے حال میں لکھے ہیں۔ پہلے باب میں زمانہ جاہلیت یعنی قبل از اسلام کا حال لکھا ہی۔ دوسرے باب میں یہ لکھا ہی کہ اہل عرب کی کل سلطنت دنیا کے کن کن ملکوں میں قایم ہوئی اور پھر اُسکے حصے کس طرح منقسم ہوئے اور وہ عرب کی حکومت سے آزاد ہو کر خود مختار ہوئے اور انمیں خلفاء اور سلاطین کے کن کن خاندانوں نے سلطنت کی اور انکی شاخیں کہاں کہاں پھیلیں جس طرح اس تمہید میں سلطنت اسلامیہ کی بہار کو دکھلایا ہی اسیطرح خاتمہ میں اُسکی خزاں کی سیر دکھائی ہی کہ اس زمانہ میں اسلامی سلطنتوں کا زوال کیسا آگیا ہی اور آیندہ آتا جاتا ہی اور اب مسلمانوں کی کہاں کہاں فرمانروائی ہی اور کیا اُن کا حال ہی اور وہ کن کشمکشوں اور مخمصوں میں مبتلا ہی۔ یہ تمہید و خاتمہ نہایت مختصر و مجمل لکھے ہیں مگر ہند کی سلطنت اسلامیہ کا حال از ابتدا تا انتہا بہت مفصل لکھا ہی۔

باب اوّل

زمانہ جاہلیت یعنی قبل از اسلام حال عرب کا

(قبل از اسلام اہل عرب خدا اور رسول اور شریعت سے جاہل تھے اسلئے قبل از اسلام اہل عرب پر جو زمانہ گذرا ہی اُسکو زمانہ جاہلیت کہتے ہیں) ہندوستان سے ملک عرب وسعت میں کچھ تھوڑا ہی کم ہوگا۔ اُسکی شکل بھی ہندوستان سے ملتی جلتی ہی اُسکو بھی مثلث نما بتلاتے ہیں اور اُسکا ایک زاویہ قائمہ باب المندب ٹھہراتے ہیں مگر حقیقت میں نہ ہندوستان کی نہ عرب کی صورت مثلث نما ہی۔ ہمارا ہندوستان تو ایسی تکُل کی شکل ہے جس کا سر کٹا ہوا اور پیٹا کنپٹی سے بائیں طرف جھک کر ملا ہوا ہو۔ اور عرب ایک بیقاعدہ متوازی الاضلاع کی شکل کا ہی۔ ایران

کیطرف جو اس کا عمان کا حصہ ہی اسے دور کر دو تو باقی حصہ خاصہ مستطیل بنجاتا ہی۔

عرب ایک جزیرہ نما ہی یعنی جسکے تین طرف پانی ہی اور ایک طرف خشکی۔ مشرق میں اسکے خلیج فارس اور بحر عمان۔ جنوب میں بحر عرب۔ مغرب میں بحر قلزم یا بحر احمر۔ شمال میں ملک شام۔ اسکو یہ ملک گھیرے ہوئے ہیں ایران سریا۔ شام مصر۔ الحق ادپیا (حبش) ۱۲° ۴۰ اور ۴۳° شمالی بلد اور ۳۲° ۳۰ و ۶۰° شرقی طول بلد کے درمیان واقع ہی۔ اسکے رقبہ کا تخمینہ ۱۰۴۸۲۹۷ مربع میل کیا گیا ہی۔ عرض سے طول دوگنا ہی۔ زیادہ سے زیادہ طول ۱۵ سو میل ہی نو میں جھوٹ یا بیچ ایک کروڑ آدمیونکی آبادی آمیں بتاتے ہیں۔ اس جزیرہ نما عرب کو جزیرۃ العرب بھی کہتے ہیں۔

عرب کی وجہ تسمیہ میں بہت کچھ محققین نے خامہ فرسائی کی ہی مگر کوئی امر متحقق نہیں ہوا۔ عربا کے معنی عبرانی زبان میں ہموار بیابان کے ہیں۔ لغت عرب میں عرب ایک خاص قوم کا نام ہی جو عجم نہو۔ عرابہ کے معنی گندم گوں کے ہیں۔ غرض ایسی وجوہ بیان کرکے عرب کی وجہ تسمیہ بیان کیجاتی ہی۔

عرب کی زمین اور آب و ہوا اور زراعت

۱۔ اس ملک میں بیابانوں و ریگستانوں و کوہستانوں کی عجیب بہار ہی۔ تاتار کے بیابانوں میں تو کہیں کہیں دست قدرت نے بلند بلند درخت اور سبز جھاڑی بوٹی لگا دی ہی جب انمیں تنہا مسافر منزل پیما ہوتا ہی تو ان نباتات کے ملنے کو بہت غنیمت جانتا ہی اور وہ انسے متمتع ہوتا ہی۔ مگر ملک عرب کے بیابان تو وہ ہموار ریگستان میدان ہیں کہ جنمیں پہاڑ ننگے کھڑے ہیں اور ان پہاڑوں پر بھی کہیں سبزہ زار نہیں۔ پھر اس صحرا میں نہ جہیں درختوں کا سایہ ہی نہ کوئی اور پناہ کی جگہ ہے۔ آفتاب کی شعاعیں سیدھی اور تیز پڑتی ہیں جو خط استوا کے اقالیم میں پڑا کرتی ہیں۔ بھلا ایسے مقام میں نسیم کا نشان کہاں اسکی جگہ پچھم و دکن کیطرف سے بادصرصر کے طوفان آتے ہیں مہلک بخارات اپنے ہمراہ لاتے ہیں۔ ریگستانوں کو نچلا بیٹھنے نہیں دیتے۔ انمیں سمندر کا سا تلاطم مچاتے ہیں۔ ریگ کے تودے کے تودے ادہر سے اُدہر ایسے لہراتے ہیں کہ جیسے بحر میں طوفان کے اندر پانی کی لہریں لہراتی ہیں انکے اندر بگولونمیں قافلے کے قافلے غائب ہوجاتے ہیں۔ فوجیں کی فوجیں دبکر دفن ہوجاتی ہیں پانی وہاں ایسا نایاب ہی کہ جسکے لئے انسان بیتاب رہتا ہی۔ جب ملجاتا ہی تو اُسکے پینے پلانے اور فائدہ اُٹھانے پر ایک فساد برپا ہوجاتا ہی۔ پانی کیساتھ آگ کی بھی قلت ہی۔ لکڑی کا کال رہتا ہی۔ آگ کا سُلگانا اور اُس کو دیر تک قایم رکھنا بڑے ہُنر اور سلیقہ کا کام گنا جاتا ہی۔ عرب کی سرزمین ایسے دریاؤں سے خالی ہی کہ جنمیں جہاز رانی ہوسکے اور وہ زمین کو سرسبز و شاداب کریں۔ اور قرب وجوار کے ملکوں کے اندر ملک کی پیداوار کو لیجانیکے لئے وہ راہیں بنائی جائیں زمین وہاں کی ہمیشہ تپتی رہتی ہی۔ اسلئے ایسی پیاسی رہتی ہی کہ جو پہاڑوں سے سیل اور روئیں پانی کی بہکر آتی ہیں اُنکو نوشجان اکے ایسے ہضم کرجاتی ہی کہ ڈکار بھی نہیں لیتی۔ کھجور کے جھنڈ اور ببولوں کے درخت نہایت سخت

پہاڑونکی چٹانوں میں اپنی جڑیں جاتے ہیں۔ رات کی اوس اُن کو پال پوس کر بڑا کرتی ہی۔ مینھ گاہی گاہی برستا ہی۔ تو مینھ کا پانی حوضوں اور نالیوں میں بھر لیا جاتا ہی۔ ریگستان میں کنوئں اور چشموں کا پانا گو پا جنگل میں ایک مخفی گنج دولت کا پانا سمجھا جاتا تھا۔ حاجی جو مکہ کو حج کرنے جاتے تھے اُن کو بڑی کڑی منزلیں خشک و گرم میدانوں میں طے کرنی پڑتی تھیں۔ جب ان کو شور زمین کا آب رواں تلخ و بے مزہ پینا پڑتا تھا تو انکی طبیعت کو نہایت ناگوار ہوتا تھا۔ قاہرہ سے مکہ تک پندرہ منزلیں ہوتی تھیں جنمیں گیارہ منزلوں میں ملتا تھا۔ غرض ملک عرب کے اکثر حصوں کی آب و ہوا کا یہ حال تھا گو بعض مقامات ان میں سے مستثنے بھی تھے۔

قاعدہ ہی کہ جہاں محنت مشقت تکلیف مصیبت کی کثرت ہوتی ہی وہاں تھوڑے سے آرام کی بھی نہایت قدر ہوتی ہی اور جہاں کچھ بھی آرام ملتا ہی وہ بہت آرام سمجھا جاتا ہی۔ جب ملک عرب کا یہ حال تھا کہ اسکی آب و ہوا روح پرور نکلے اور صرصر کا طوفان سر پر اکثر اُدھر ہوا آتش فشاں ہوتی تھی ادھر پانی اپنا پتا نہ بتاتا تھا۔ لکڑیاں جلانیکے لیئے سوکھا جواب دیتی تھیں۔ آتش آب و تنگ (سراب) جان لینے کیلئے بلاتے تھے کانٹے دلیلے چلنے کو سدراہ ہوتے تھے۔ سبزہ کھیتی اور سایہ دار درخت شاذ و نادر ہوتے تھے۔ جہاں یہ تکلیفیں نہیں ہوں۔ وہاں کے باشندے ایسے مقامات کی قدر حد سے زیادہ کیوں نکریں اور وہاں سکونت کیوں نہ اختیار کریں جہاں سایہ دار درختوں کے جھنڈ ہوں چراگاہ و سبزہ موجود ہوں۔ برسات کا پانی یا کوئی چشمہ وہاں رواں ہو۔ پس اہل عرب ایسے مقامات کی تلاش میں رہتے تھے جہاں وہ ان کو ملگئے وہاں انکے قبیلے کے قبیلے چلے جاتے تھے۔ اپنے دنبے مکریوں کے گلے اور اونٹوں اور گھوڑوں کو ساتھ لے آتے تھے اور اُن کو چراکر تازہ دم و توانا کرتے تھے اور خرما اور انگور کی زراعت سے اپنی محنت کا ثمرہ پاتے تھے۔ ملک عرب میں جو سرزمین مرتفع بحر ہند کے ساحل پر واقع ہی وہ سارے ملک میں ممتاز و سرفراز اس بات میں تھی کہ وہاں پانی اور لکڑی کی افراط تھی۔ ہوا میں اعتدال رہتا تھا۔ میوے بڑے بامزہ ہوتے تھے جانوروں اور انسانوں کی وہاں کثرت تھی۔ زمین کی شادابی اور زرخیزی کاشتکار کو پکار پکار کے بلاتی تھی کہ یہاں آؤ اور مجھ میں زراعت کرکے اپنی ریاضت کا ثمرہ پاؤ اور اُسکا مزہ اُٹھاؤ۔ یہاں زراعت کا سامان یہ تھا تجارت کیصورت یہ تھی کہ قہوہ نافہ اور لوبان معطرہ ساری دنیا کے تاجروں کو ہر زمانہ میں اپنی طرف رغبت دلاتا رہی۔ تاجر ہمیشہ اس کی طرف بطیب خاطر التفات کرتے رہے ہیں۔ ساری عبادت گاہوں کو لوبان معطر کرتا تھا پھر ایسی عمدہ چیز پر کیوں نہ تاجر دوڑتے آئیں۔ یہاں کے مصالحوں کا خوشبودار ہونا ضرب المثل کے طور پر دور دور مشہور تھا۔ کتب مقدسہ میں انکا ذکر بہت آتا ہی شعروں میں انکی تشبیہات موجود ہی۔ چنانچہ ایک شاعر کہتا ہی کہ ان خوشبوؤں سے ممنون رہو کر اپنی موجوں سے گوسوں تک تبسم کرتے ہیں۔ ملک عرب میں یہ خطہ اسکے تمام اور حصوں سے ایسا جدا ہی کہ اگر ہم اس کو فردوس عرب کہیں تو بجا ہی۔ شاعروں نے تو اپنے

خیالات اور تصورات کی رنگ آمیزی سے اسکو فردوس بنا کر کہہ دیا کہ ؎ اگر فردوس بر روی زمین ست ۔ ہمین ست و ہمین ست و ہمین ست ۔ اس خطہ کو خدا تعالیٰ نے عجب عجب نعمتیں اور اپنے ید قدرت سے عجب عجب صنعت کے کام عنایت کئے ہیں ۔ عیش عشرت و عصمت ایسے راگ ہیں کہ جنکے سر کبھی نہیں ملتے ۔ مگر یہاں ان کو ملا دیا ہے ۔ زمین کا پیٹ زر و جواہر سے بھر دیا ۔ بحر و بر کی ہوائے معطر یہاں سے ایسی اُٹھائی کہ قوت شامہ کو عطر آگیں کرتی تھی ۔

ملک عرب کی تقسیم

یونانیوں اور رومیوں کو خوب معلوم تھا کہ ملک عرب کا ایک حصہ سنگ لاخ و کوہستان ہے ۔ دوسرا بیابان و ریگستان تیسرا حصہ سرسبز و شادمان ۔ انھوں نے اسیطرح ملک عرب کی تقسیم تین حصوں میں کر دی ۔ بطلیموس نے اپنے جغرافیہ میں عرب کے یہ تین حصے کئے ۔ عرب الحجر ۔ عرب البادی ۔ عرب المعمور ۔ مگر اس تقسیم کو اہل عرب نہیں مانتے وہ صحیح بھی نہیں ہے ۔ اہل عرب نے اپنے ملک کی یہ تقسیم وجدید خود نہیں کی تعجب ہے کہ جس ملک کے باشندوں کی زبان ایک ہو اور وہ خود بھی ایک ہوں وہ اپنی سرزمین کی تقسیم قدیم کی نشانیاں اور علامتیں ذرا بھی نہ مقرر کریں ۔ عربی جغرافیوں میں ملک عرب کی تقسیم ان پانچ حصوں میں لکھی ہے ۔ تھامہ ۔ حجاز ۔ نجد ۔ عروض ۔ یمن ۔ یمن کا نام یورپ کے ملکوں میں فیلکس رکھا گیا ہے ۔

بدوؤں کے اطوار اور انکی شبانی

کیمبرج کے زمانہ میں عرب کی ماندو بود کی یہ کیفیت تھی کہ خلیج فارس اور بحر ہند اور بحر قلزم کے کنارہ پر مچھلی کا شکار کر کے اپنے پیٹ کو پالتے تھے ۔ مچھلیوں کے آسرے پر جیتے تھے ۔ ساحل بحر پر اس شکار کی تلاش میں خوار پھرتے تھے ۔ شکار کا ہاتھ آتا کچھ شکاری کے اختیار میں تو ہوتا نہیں ۔ کبھی اتنا ہاتھ آگیا کہ پیٹ بھر گیا اور بچ رہا ۔ کبھی اتنا بھی نہ ہاتھ آیا کہ پورا پڑتا یہ ابتدائی ماہی خوری کی حالت ایسی ذلیل و خوار تھی کہ اسکو تمدن انسانی کہنا ننگ نوع بشر ہے ۔ ان وحشی انسانوں میں گو مردم خوری نہ تھی مگر نہ ان کو کوئی فن آتا تھا نہ کوئی قانون دائیں جاری تھا ۔ عقل و زبان کے پیرایہ سے بھی معرا تھے ۔ انکی اور بہائم کی حالت ایسی یکساں تھی کہ ان میں تمیز کرنا بھی دشوار تھا ۔ معلوم نہیں کہ ان مچھلیوں کے صیّد نے انکو ساحل بحر کے تنگ قید خانہ میں کبتک قید رکھا ۔ اور انکو ایسا اپنے میں ڈبا رکھا کہ نہ ابھرنے کی اجازت دی نہ آگے چلنے کی اتنے قرن انکے بہائم صفتی میں گذر گئے جسکو اب مانہ یاد نہیں رکھتا ۔ بیابان بھی ان وحشونکے پاس ایسے نہ تھے کہ ان کے شکار کو مدت تک گذارہ ہو سکتا ۔ قاعدہ ہے کہ بیابان میں جب ہی تک شکاریوں کا گذارہ ہو سکتا ہے کہ پیٹ بھر کر شکار انمیں ملے پس جب ان بیابانوں میں بھی انکا گذارہ مشکل ہوا تو بہت زمانہ اسپر گذر چکا ہے کہ انھوں نے اپنے تئیں اس بستی سے ابھارا انھوں نے چرواہے ہونیکا پیشہ اختیار کیا ۔ یہ پیشہ بڑا میمون اور مانوس ہے ۔ سارے ریگستانی بیابانوں کے اقوام خانہ بدوش اسی پیشہ سے اپنی اوقات بسر کرتی تھیں ۔ زمانہ حال میں بدّوں کی صورت و شیوہ اُنکے بزرگوں کے پیشہ شبانی کی شہادت دیتا ہے ۔ وہ حضرت موسیٰ اور آنحضرت علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں ایک ہی طرح رہتے تھے ۔ وہی اُنکے

چمڑے کے خیمے بدوؤں کے خرگاہیں رہنے کیلئے تیس دنبوں اور بکریوں کے گلے اور اونٹ اپنے قبیلے کے ساتھ لئے پھرتے تھے جہاں پانی کا چشمہ اور جانوروں کا چارہ اور اپنا گذارہ دیکھا وہیں ڈیرے ڈالدیئے۔ تنبو تان لئے آسمان کے تلے بسیرا لینے لگے۔

قاعدہ ہے کہ جب سود مند اور بکار آمد جانور انسان کے قابو اور بس میں آجاتے ہیں تو انسان کی محنت کرنے اور دولت بڑھانیمیں وہ بڑے ممد و معاون ہوتے ہیں۔ پس ان عرب کے چرواہوں کو گھوڑا جو ایک وفادار دوست کا کام دیتا تھا۔ اور اونٹ جو جفاکش غلام کی سی خدمت کرتا تھا ایسے بس میں آگئے کہ انکی باگ و نکیل کو ہاتھ میں لیکر جہاں چاہیں انکو لئے پھریں اور جو خدمت چاہیں انسے لیں علم حیوانات کے جو عالم ہیں انکی یہ رائے ہے کہ گھوڑے نے سب سے پہلے ملک عرب میں جنم لیا ہے۔ اس شریف نجیب جانور کے لئے قدرت نے یہیں کی آب و ہوا کو پیدا کیا تھا گو اسکے قد و قامت کو وہ چنداں بلند نہیں کرتی۔ مگر تیزی و چستی و چالاکی شتاب روی وہ پیدا کرتی ہے کہ جسکا جواب دنیا میں نہیں۔

اسپانیہ۔ انگلستان کے گھوڑونکی نسل میں جو خوبیاں پیدا ہوئی ہیں وہ ان عربی گھوڑوں ہی کی تناسل کا طفیل ہے۔ شریف نجیب گھوڑونکی نسل کا باقی رکھنا بدوؤں کا ایمان ہے۔ اور جگہ انسان اپنی شرافت کو ایسا یاد نہیں رکھتا جیسا بدو ان گھوڑونکی نسل کی نجابت کو یاد رکھتا ہے وہ نر کو فروخت کر ڈالتا ہے مگر مادہ کو جان کے برابر رکھتا ہے مشکل ہی سے اسے جدا کرتا ہے جب کوئی نجیب گھوڑی بچہ پیدا دیتی ہے تو اسکی خوشی کی مبارک سلامت آپسمیں شادی کی سی ہوتی ہے۔ بدو اپنے خیموں میں گھوڑونکی تعلیم و تربیت اپنی اولاد کیطرح کرتے ہیں۔ اور اتنے محبت بھی اپنی اولاد سے کم نہیں کرتے اسی سبب سے گھوڑوں کو انسے موانست کی عادت ہوجاتی ہے۔ دوڑ راہوار اور سرپٹ دوڑنیکے مشاق ہوتے ہیں۔ سوار مہمیز اور تازیانہ کے متواتر مارنے سے انکے حواس کو کند نہیں کرتا بلکہ ان دو چیزوں کو اسوقت کیلئے اٹھا رکھتا ہے کہ اس کو خود بھاگنا ہوتا ہے یا کسی کے تعاقب میں جانا ہوتا ہے۔ ایسے وقتوں میں جب تازیانہ کا ہاتھ لگاتا اور ایڑ مارتا ہے تو گھوڑونکو باد فنا بنا دیتا ہے اگر کہیں سوار اسکا پیٹھ سے جدا ہو کر گر جاتا ہے تو وہ گھوڑا اس اپنے دوست کے انتظار میں کھڑا ہوجاتا ہے جب وہ اپنے ہوش حواس ٹھیک کرکے پھر سوار ہوتا ہے تو وہ آگے قدم اٹھاتا ہے۔

عرب اور افریقہ کو خدا نے بڑا شرف دیا ہے کہ یہیں اونٹ کو پیدا کیا ہے۔ یہ جانور کیا صابر حلیم ہے کیسی گرمی کی شدت تشنگی گرسنگی کا متحمل ہوتا ہے۔ کئی کئی روز تک بے آب و دانہ و چارہ کے کڑی کڑی منزلیں طے کرتا جاتا ہے ع بیچارہ خار بخورد و بار سکشد۔ اسکے پانچیں اوجھ میں ایک بڑا کیسہ ہوتا ہے وہ تازہ پانی سے بھرا رکھتا ہے۔ اونٹ کے جسم کی ساخت ایسی بنی ہے کہ گویا اسپر یہ عبارت کندہ ہے کہ اے انسان اپنا خدمتگذار بنائے وہ اطاعت کیلئے سب طرح حاضر ہے۔ اونچی نسل کا اونٹ ساڑھے بارہ من بوجھ پیٹھ پر لاد کر لیجاتا ہے۔ اور سانڈنی سبک اندام اور چالاک گھوڑ دوڑ کے تیز گھوڑوں

سے آگے نکل جاتی ہے۔ اونٹ اگر ان ملکوں نہ ہوتا تو وہاں کے باشندوں کا رشتہ معیشت ہی ٹوٹ جاتا۔ دودھ اسکا بکثرت ہوتا ہے اور مقوی بھی ہوتا ہے۔ وہی اہل عرب کی سب سے زیادہ عمدہ غذا تھی۔ اسکے بچہ کا ملائم گوشت گائے کے بچھڑے کے گوشت سے زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔ پیشاب اسکا بیش بہا نمک کی کان ہوتا ہے۔ مینگنیاں اسکی جلانے کے کام میں آتی ہیں لمبی پشم اسکی ہر سال گرتی ہے اور از سر نو جمتی ہے اسکو عورتیں تو مم کراور کات کر اور بُنکر لباس اور خیمے اور اسباب گھر کا بناتی ہیں غرض اس پشم کو عربوں کے خانماں آباد کرنے میں بڑا دخل ہے۔ اگر مینہ کے برسنے سے کہیں کہیں جنگل میں نباتات کا نمونہ ہو جاتا تھا تو انکو بدو کھا تے تھے۔ موسم گرما کی شدت حرارت اور موسم سرما کی قلت حرارت میں ساحل بحر پر یا مینہ کے پہاڑوں میں یا دریائے فرات کے قرب و جوار میں وہ اپنے خیموں کو لیجاتے تھے۔ اکثر وہ رود نیل کے کنارہ پر اور شام اور فلسطین کے مواضع میں بڑی بڑی خطرے اُٹھا کر وہاں رہنے کی اجازت بالجبر حاصل کرتے تھے۔ ایک خانہ بدوش بدو کو بعض اوقات غارتگری یا تجارت سے اپنی محنت کا ثمرہ ملجاتا تھا مگر پھر بھی اسطرح زندگی بسر کرنا سخت جانکاہی کا خطرناک تھا۔ بدوؤں کا وہ امیر متکبر جو دس ہزار سوار میدان جنگ میں لیجا سکتا تھا وہ عیش و آرام نہیں پاتا تھا جو ادنی امیر فرنگستان کا پاتا ہے۔

عرب کے قبائل کیا تو خانہ بدوش پڑے پھرتے تھے یا بہت سے مجتمع ہو کر قصبات اور دہات آباد کرتے تھے اور تجارت و فلاحت کے کام کرتے تھے۔ مویشی کی پرورش میں سخت محنت اُٹھاتے تھے۔ اور اپنے وقت کا ایک حصہ اُس میں صرف کرتے تھے صلح و جنگ کے وقت وہ اپنے رگیتانی بھائیوں کے ساتھ شریک ہو جاتے تھے یوں بدوؤں میں آپس میں آمد و رفت کا سلسلہ جاری تھا۔ تاجر بیوپاری دین ہمسایہ کے قوموں کیساتھ ہوتا تھا۔ انسے بعض حاجتیں بھی روا ہو جاتی تھیں علوم و فنون کی الف بے تے کا بھی کوئی سبق پڑھ لیتے تھے۔ ابو الفدا نے عرب میں بیالیس شہر شمار کئے تھے ان میں نہایت قدیمی اور آباد ملک یمنت اندوزمین میں واقع تھے۔

شہر صنعا کے بروج عالیشان اور مآرب کے حوض تعجب خیز اور حیرت افزا حمیر کے بادشاہوں نے بنائے تھے۔ جو صنائع معماری کے آراستہ تھے مکہ معظمہ و مدینہ منورہ نے ان دونوں شہروں کے زیب و زینت کے آفتاب کو کسوف لگا دیا۔ یہ کیوں نہ تا وہ بادشاہوں کے بنائے ہوئے یہ نبیوں کے بنائے تھے۔ کہاں بادشاہ کہاں نبی۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ میں (۲۷۰) میل کا فاصلہ ہے۔ اور دونوں شہر بحر قلزم کے نزدیک ہیں۔ ان مقدس شہروں میں سے یونانیوں نے مکہ کا نام ایسار رکھا تھا جسکے معنی اس شہر کی عظمت و شوکت کو ظاہر کرتے تھے۔ یہ شہر اپنے معراج کے زمانہ میں بھی مارسلیز پر فائق نہیں تھا۔ یہ شہر ایسی جگہ آباد ہے جہاں کوئی توقع سود اور بہبود کی نہیں ہو سکتی۔ بانیان شہر نے کوئی مبارک شگون سوچکر اور اپنی مصلحت سمجھکر اسکی بنیاد رکھی ہوگی۔ یہیں مٹی اور پتھر کے مکانات دو میل طویل اور ایک میل چوڑی

عرب کے شہر اور انکی تجارت و دولت

جگہ میں بنے ہوئے تھے۔ یہ جگہ ایسی دامن کوہ میں واقع تھی کہ جن پر نباتات نے اگنے کی قسم کھائی تھی۔ زمین پتھریلی پانی کھاری یہاں تک کہ آب متبرک چاہ زمزم بھی شیرینی سے خالی تھا۔ سبز چراگاہ شہر سے دُور فاصلہ پر۔ طائف یہاں سے ستر میل کے فاصلہ پر تھا جانکے انگور یہاں بکنے آتے تھے۔ اس شہر کی حکمران قوم قریش تھی۔ جو اور قوموں میں ممتاز اور نامور تھی۔ کل عرب میں اسکی شجاعت کی دھوم تھی۔ قوم قریش کے پاس یہاں کی زمین ایسی بے فیض تھی کہ خواہ اُسکے بونے جوتنے میں کوئی جان ہی کیوں نہ کھپاوے لیکن وہ ایک دانہ بھی اُسکو نہ دیوے۔ مگر یہاں اپنے اقامت گزینوں کو تجارت سے فائدہ پہنچاتی تھی۔

جدّہ کا بندرگاہ اس سے چالیس میل فاصلہ پر تھا۔ اسکے توسط سے ملک حبش کیساتھ سلسلہ آمدورفت بآسانی جاری تھا۔ افریقہ کا مال عرب میں ہوکر حیرۃ۔ کنتف۔ جاتا تھا۔ کہتے ہیں کہ کنتف کو ضلع بحرین میں خالدیہ کے جلائے وطنوں کے نمک کے کتل سے بنایا تھا۔ پھر یہاں سے قریش خلیج فارس کے موتیوں کو لیکر بیڑوں میں سفر کرکے دریائے فرات کے دہانہ تک لیجاتے کہ یمن اور شام کے وسط میں واقع تھا۔ ہر ایک سے ایک مہینہ کے سفر کا فاصلہ رکھتا تھا۔ ملک یمن اسکے جانب یمین میں اور ملک شام اسکے جانب یسار میں واقع تھا۔ اسکے کارواں گرمیوں میں ملک یمن میں اور جاڑوں میں ملک شام میں قیام کرتے تھے۔ ان موسموں میں عین وقت پر کاروانوں کے پہنچنے سے ہندوستان کو جہازات کو طول طویل اور خطرناک سفر بحر قلزم کا نہ طے کرنا پڑتا تھا صنعا اور مآرب کے بازاروں میں اور عدن اور عمان کی بندرگاہ ہوئیں قیمتی اور خوشبودار مصالحہ کی کھیپیں قریش لاد کر لاتے تھے۔ اور بصرہ اور دمشق کے میلوں میں سے اناج اور صنعت کاری کی چیزیں خرید کے لیجاتے تھے۔

غرض اس مفید تجارت کی بدولت مکہ کے کوچہ و بازار مال و متاع سے معمور رہتے تھے۔ وہاں کے اُمرا اور شرفا کو جیسے کہ سپہ گری کے پیشہ سے موانست تھی ایسے ہی تجارت سے بھی الفت تھی۔

منجملہ عجائبات روزگار کے یہ بات بھی تھی کہ اہل عرب ہمیشہ آزاد رہے کوئی غیر قوم انپر فرمانروا نہیں ہوئی۔ اس بات پر انکو خود بھی بڑا ناز اور افتخار تھا۔ اور غیر قومیں انکی اس بات کی مدح خواں ہیں۔

عرب کی قومی آزادی

اب اس آزادی کے سبب ارباب الرائے مختلف بتاتے ہیں۔ بعض عیسائی عالم اسکو کتاب پیدائش کے ۱۶ باب کے ۱۱ و ۱۲ آیت کی پیشینگوئی سے منسوب کرتے ہیں اور اس سے مذہب کی صداقت دکھلاتے ہیں۔ آیتیں یہ ہیں کہ (خداوند کے فرشتے نے اس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور ایک بیٹا جنیگی اُسکا نام اسمٰعیل رکھنا کہ خداوند کریم نے تیرا دکھ سُن لیا وہ وحشی آدمی ہوگا۔ اسکا ہاتھ سب کے اوپر سب کے ہاتھ اس کے برخلاف ہوں گے اور وہ اپنے سب بھائیوں کے سامنے بود و باش کریگا) اوّل تو اس آیت کے معنی بہت سے ہوسکتے ہیں۔ دوسرے وہ آوازدی عرب کی مصداق اس

سب سے بھی نہیں ہوسکتی کہ سلطنت یمن کے پیہم اہل حبش اور اہل فارس اور سلاطین مصر کے حملونکی لگد کوب میں رہی مکہ و مدینہ کے متبرک شہروں نے جابرہ سدیہ (تاتاری ظالم) کی اطاعت میں سر خم کیا یا۔ رومیوں کی سلطنت کا تو عرب ایک صوبہ تھا جسمیں وہ خاص دیرانہ شامل تھا جس میں کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور اُن کی نسل نے اپنے بھائیوں کو دفن کیا ہی۔ غرض یہ طریقہ استدلال جیسا نامعقول ہی ویسا ہی فضول۔ تم اسکو خوب یاد رکھو کہ یہ اوپر جو مستثنےٰ صورتیں بیان ہوئی ہیں وہ چند روزہ عارضی تھیں یا کسی خاص مقام سے مخصوص تھیں ورنہ عرب کی کل قوموں نے بڑے بڑے صاحب جلال اور شان و شکوہ بادشاہوں کے غاشیۂ اطاعت کو اپنے کندھے کے اوپر نہیں رکھا نہ کندھا کیکے جوئے کے نیچے دھرا ہزاروں برس آزاد رہے۔ فراعنہ مصر اور شاہان شام کی سعی اسکی فتح میں بیحاصل رہی۔ کیخسرو ایرانی اور اسکندر یونانی سے بچا رہا روم کی سلطنت کا علم ساری دنیا میں بلند ہوا مگر یہ سرزمین محفوظ رہی۔ طارس۔ پومپی۔ ٹریجن وغیرہ کی فوجیں سر پٹک کے بیٹھ رہیں مگر ملک عرب کو زیر نکر سکیں۔ گو حال میں سلطان روم انپر حکومت برائے نام رکھتا ہی اپنے انتظام کا سایہ وہاں ڈالتا ہی۔ مگر ان کو چھیڑنے سے ڈرتا ہی۔ ان پر حملہ آوری بے سود جانتا ہی۔ مگر ان سے دوستی کی التجا کرتے ہوئے بھی اُنکی شان میں خجلت آتا ہی۔ خدا نے یہ ملک ہی ایسا بنایا ہی اور اُس کے باشندوں کے خصائل اور طرز روش کو ایسا رکھا ہی کہ وہ انکی آزادی کی بڑی معاون ہیں۔ آنحضرتؐ کے عہد سے قرنوں پہلے انکی بیباکانہ جرأت و ہمت اور شجاعت کو ہمسایہ کی قوموں نے خوب آزما لیا تھا۔ کبھی وہ انپر چڑھ آئے کبھی یہ اُن پر چڑھ کر گئے دونوں نے لڑائیوں میں اپنی قوتوں اور زور و تکلو تول لیا تھا۔ انکا پیشہ چرواہوں کا ایسا تھا کہ اُس میں خود بخود دانستہ سپاہیانہ چستی و چالاکی سختی کی برداشت کرنی۔ جفاکشی کی عادتیں داخل ہو جاتی تھیں۔ بھیڑوں کے گلوں کی اور اونٹوں کی قطاروں کی نگہبانی اپنی عورتوں کے سپرد کرتے تھے۔ اور جو مردان کار ہوتے تھے وہ اپنے کسی امیر کے علم کے نیچے گھوڑوں پر سوار ہو کر میدان کارزار میں تیر چلانے کو برچھی اور تلوار مارنے کو تیار رہتے تھے۔ انکو اپنی قدیمی آزادی کی ایسی دل پسند تھی کہ وہ اسکا وظیفہ ہمیشہ پڑھا کرتے تھے اور اپنی اولاد کو یاد کرایا کرتے تھے۔ یہ دونوں باتیں اُنکی آزادی مدام کی کفیل تھیں۔ انکی اولاد خوب سمجھے ہوئے تھی کہ ہماری اصالت اور نجابت کا ثبوت یہی ہی کہ ہم آزادی کو جو باپ دادا سے ارث میں پہنچی ہے قائم و ثابت رکھیں وہ اسلئے اپنی آزادی کو جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ جب کوئی غیر دشمن ان پر حملہ آور ہوتا تھا تو وہ اپنے سارے باہمی جھگڑے و فساد تہ کر کے رکھ چھوڑتے تھے اور سب متفق ہو کر دشمن کے پیچھے نیچے جھاڑ کر پڑتے تھے۔

جب انکی ترکوتنسے آخر معرکہ آرائیاں ہوئیں ہیں تو اس میں مکہ کے ایک کارواں کو اسی ہزار اقوام ترک نے حملہ کر کے غارت و تباہ کیا تھا جب اہل عرب دشمنوں سے جنگ کے لئے آگے قدم بڑھاتے تھے تو فتح و ظفر اُن کے آگے

اور پیچھے بھی دست بستہ کھڑی ہوئی تھی۔ جب دشمنوں کے آگے سے پیچھے ہٹتے تھے تو اُسکے ہاتھ سے سلامت جانیکا یقین ساتھ ہوتا تھا۔ انکے تعاقب میں ظفرمند دشمن کی سعی کچھ کم نہ کرتی تھی۔ انکی اونٹوں کے تلے وہ خوش عنان تیز رفتار گھوڑی اور اونٹ ہوتے تھے کہ آٹھ دس روز میں چار پانچ سو میل اُنکو ایسا اُڑا کر لیجاتے تھے اور اُنکو ریگ سوزاں کے گوشوں اُتار دیتے تھے کہ دشمن انکی گرد کو بھی نہ پہنچتا تھا۔ اگر وہ انکے پیچھے جاتا تو اِدھر اُنکے پتہ لگانے میں حیران رہتا اُدھر پانی کی تلاش میں پیاسا مرتا۔ کھانیکو خاک نہ ملتا۔ یہ بھوک و پیاس پھر اسپر سفر کی درماندگی اُسکو موت کا لقمہ بناتی اور اُنکو آزاد کا آزاد رہنے دیتی۔ یہ بدوؤں کے ہتیار اور اُنکے ریگستان صرف انھیں کی آزادی کے پشت و پناہ نہ تھے بلکہ عرب شتاب یعنی ملک یمن کے دشمنوں کے لئے بھی سدّراہ تھے جہاں کے باشندے زمین کی رطوبت اور آب و ہوا کے باعث سے کمزور ہوجاتے تھے اور جنگ و پیکار سے برکنار رہتے تھے۔ اغسطوس قیصر روم نے جب یمن پر حملہ کیا تو اسکی فوج بری بیماری اور درماندگی سے تباہ ہوگئی۔ صرف فوج بحری کی امداد سے اُسنے فتح کیا۔ جب آنحضرتؐ کا علم متبرک یہاں قائم ہوا تو ملک یمن سلطنت فارس کا ایک صوبہ تھا۔ مگر پھر بھی حمیر کے خاندان کے سات شخص پہاڑوں میں حکمرانی کرتے تھے۔ کسریٰ نے جو حاکم اپنی طرف سے یہاں خسرو کو کر کے بھیجا تھا وہ اپنے ملک بعید کو اور اپنے بدنصیب آقا کو بھول گیا تھا۔

جسٹی نی ان بادشاہ روم کے عہد کے مورخوں نے ان خودمختار آزاد عربوں کے حال کو بخوبی مفصل بیان کیا ہے کہ وہ مشرقی معرکہ آرائیوں میں نہایت عرصۂ دراز تک قائم رہیں کسی اپنی مصلحت سے یا خود غرضی سے یا میلان طبع سے کسی فریق ہو کر لڑنے والوں کے ساتھ شریک و رفیق ہوگئے تھے۔ بنی غسان کو اجازت ہوگئی تھی کہ وہ ملک شام میں خیمہ زن ہوں حیرہ کے شاہزادوں کو حکم تھا کہ وہ بابل کے ویران شدہ کھنڈروں کے جنوبی جانب میں چالیس میل پر ایک شہر بسالیں یہ عرب میدان جنگ میں نہایت تیزی و چابکی و دلیری و دلاوری کے کام دیتے تھے۔ مگر اپنی دوستی نیلام کرتے تھے جتنے زیادہ قیمت دیتا تھا یار و مددگار ہوگئے۔ انکی وفاداری کا کچھ سرمایہ نہ تھا۔ عداوت میں تلوں تھا۔ ان خانہ بدوش قوموں کو جیسے کر بھڑکا دینا بہت آسان تھا مگر انسے ہتیار لینا بہت دشوار تھا۔ روز مرہ کی لڑائیوں سے وہ فارسیوں اور رومیوں کو کمزور جانتے اور حقیر و ذلیل سمجھتے تھے۔

یونانی اور رومی ان اقوام عرب کو جو کوہ سے دریائے فرات تک آباد ہیں خلط ملط کر کے سارسین کا خطاب دیتے تھے۔ یہ وہ مسلمانوں کا نام ہے کہ کسی زمانہ میں عیسائیوں کے سُننے سے نہ تھا کہ اُنکے دل میں ہول نہ اُٹھ کھڑا ہوتا تھا۔ اور عداوت و نفرت طبیعت میں نہ پیدا ہوتی تھی۔

اب اس نام کی وجہ محققین نے مختلف طور پر بیان کی ہے۔ کوئی تو مستخر کی راہ سے یہ بتاتا تھا کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ سارہ سے مشتق ہے۔ بعض اسکو سارقیہ سے جو ایک گاؤں کا نام ہے مشتق بتلاتے ہیں بعض سارق

اہل عرب کی کچھ آزادانہ طبیعت اور اسکے خصائل و عادات

سے مشتق کہتے ہیں بعض شرق سے۔ اس آخر اشتقاق میں خوبی اوروں کی نسبت کچھ ہے۔ ان سب کی تردید یوں ہوتی ہو کہ یہ خطاب جو اہل عرب کو دیا ہو وہ غیر قوموں نے دیا ہے جو عربی زبان سے محض ناآشنا تھیں پھر وجہ تسمیہ میں عربیت کو کیسے دخل ہو سکتا ہو۔ کوئی غیر قوم جو خطاب دیگی تو اپنی زبان میں نہ اپنے سے غیر زبان میں۔

اگر ایک قوم کسی غیر قوم کی محکوم نہ ہو اور خود فرمانروا ہو مگر اسکو اپنے بھائیوں اور قوم کے ہاتھ سے جور و ستم اُٹھانے پڑیں اور اپنے ہی بادشاہوں اور افسروں کے جور و جفا سہنے پڑیں تو اسکو اپنی آزادی پر ناز کرنا زیبا و نامناسب ہے۔ وہ حقیقت میں آزاد نہیں ہو۔ مگر اہل عرب اس قسم کے آزاد نہ تھے۔ بلکہ ہر فرد انکا خود سر و آزاد تھا ہر عرب تمدن و اجتماع کے فائدوں سے کسیقدر بہرہ مند ہوتا تھا۔ اور جو طبیعت بشر میں قدرتی استحقاق آزادی کے رکھے گئے ہیں۔ اُنکو وہ کبھی اپنے ہاتھ سے نہ دیتا تھا جو خاندان اپنی قوم پر اعتراض کرتا یا دولتمند ہو جاتا یا دین و مذہب کا حامی ہو جاتا وہ اپنے ہمسروں میں ممتاز و سرفراز ہوتا تھا ایسے برگزیدہ خاندان سے امیر یا شیخ نسلاً بعد نسلٍ منتخب ہو کر مقرر کیا جاتا۔ اہل عرب کے ہاں امارت کے عہدہ عظیم الشان میں قیدیں و پیچیدگیاں نہ تھیں۔ سیدھے سادھے کام اس میں ہوتے تھے۔ اگرچہ امیر یا شیخ ہونیکا قاعدہ غیر منضبط اور اور لوگوں کی مرضی پر منحصر تھا اور اسکا کچھ ٹھکانا نہ تھا۔ مگر یہ ضرور تھا کہ امیر کے رشتہ داروں میں کوئی نہایت لایق متین متحمل عمر رسیدہ سنجیدہ شخص ایسا منتخب ہوتا تھا کہ اُسمیں یہ قابلیت ہوتی تھی کہ وہ اپنے صواب دید و رائے سے معاملات نزاع کو رفع کر دیتا تھا اور خود اپنی ذات سے وہ چال چلن رکھتا تھا کہ اوروں کو شجاعت و دلاوری کے کام پر ہمت بندھواتا تھا۔ مردانگی کی راہ میں رہنما ہوتا تھا۔ یہانتک اس قاعدہ کی پابندی تھی کہ اگر کوئی عورت جری اور عقیلہ ہوتی تھی تو وہ عہدہ امارت پر مقتدر ہوتی تھی۔ چنانچہ زنوبیہ کے باشندوں پر ایک عورت صاحب فہم اور شجاعت حکمران تھی جب کبھی قبیلے عرب کے تھوڑے عرصہ کیلئے متفق ہوتے تھے تو انکا اجتماع سپاہ کیصورت دکھاتا تھا۔ اگر اس اجتماع کا زیادہ جماؤ ہوتا تو وہ ایک قوم معلوم ہوتی تھی۔ جس امیر الامرا کے علم کے نیچے وہ جمع ہوتی تھی قوم کی نظر میں وہ بادشاہ دکھائی دیتا تھا۔ عزت شاہانہ کا وہ مستحق سمجھا جاتا تھا۔

اہل عرب ہمیشہ امیروں اور شیخوں کی حلیمانہ و مربیانہ حکومت کے عادی تھے۔ اگر کوئی انمیں سے اپنے اختیار اور اقتدار کی حد سے پرے قدم رکھتا تھا تو اسکو تنہا بے پناہ چھوڑ کر سب بھاگ جاتے تھے۔ پھر کبھی اسکے پاس بھی نہیں پھٹکتے تھے یہی سزا امیر کو اپنی حد سے باہر قدم نکالنے کی ہو جاتی تھی۔ یہاں کے لوگ آزاد منش تھے۔ کوئی احاطہ ایسا بنا ہوا نہ تھا کہ انکو گھیرے رکھتا۔ کوئی ایسی بھاری بیڑی اُنکے پاؤں میں نہ تھی کہ اُنکو بھاگنے نہ دیتی۔ صحرا کے فراخ میدان اُنکی جولانیوں اور دوڑ کیلئے خالی پڑے تھے۔ جدھر دلمیں آئی مُنہ اُٹھایا چلے گئے + ملک خدا تنگ نیست پائے مرا لنگ نیست۔ ہاں جو زنجیر ان وارستہ مزاجوں کو پابستہ کرتی تھی۔ وہ آپس کا اخلاص باوفا اور بے ریا تھا۔ انکی آپس کی رضا و رغبت قبیلوں

یکجا جمع کرتی تھی ورنہ کوئی اور بندش ان کو ایک جگہ باندھ کر نہیں رکھ سکتی تھی۔

یمن کے نرم دل باشندوں نے بادشاہ کی شان و شوکت کو تسلیم کرکے خاشیۂ اطاعت دوش پر رکھا۔ اور بادشاہ کی شان کے حامی دل و جان سے ہوگئے۔ اگر بادشاہ کا ایسا حال ہوجاتا کہ محل سے باہر نکلنے میں اُسکو جان کا خوف و خطر ہوتا تھا تو سلطنت کے تمام مہمات عظیم و امورات و احکامات اہم کا اختیار امراء وزراء اور اراکین سلطنت کے ہاتھ میں آجاتا تھا ایشیا میں سلطنت جمہوری نے اپنا رنگ مکہ و مدینہ میں جو خاندان ایشیا میں ہیں دکھایا۔ آنحضرتؐ کے جدامجد اور اُنکے خاندان کے اکابر اپنے ملک کے کاروبار اور غیر ملکوں کے معاملات میں گو بادشاہانہ اختیار رکھتے تھے اور بادشاہ معلوم ہوتے تھے مگر اُنکے حکومت دیانت و دانائی کے زور سے تھی اُنکے اختیارات ذوی القربیٰ میں وراثتاً تقسیم ہوتے تھے۔ چنانچہ عصائے شاہی بڑوں سے چھوٹوں میں قوم قریش میں مستقل ہوگیا تھا۔

قاعدہ ہے کہ انسان اطاعت یا تو مجبوری سے اختیار کرتا ہے یا فہمائش سے جو ایسی فصاحت و بلاغت سے کیجاے کہ وہ دل و جان سے اُسکو بہ رغبت قبول کرے۔ اہل عرب نے اُس زمانہ میں فصاحت و بلاغت میں وہ غضب کی قدرت و شہرت حاصل کی تھی کہ اُنکا ایک فصیح بیان اپنی قدرت تقریر سے ہزاروں کے دل تسخیر کرلیتا تھا۔ اور وہ اکیلا ایک جماعت کثیر سے جو کام چاہتا تھا کرالیتا تھا۔ ان کے کلام کی تاثیر عوام کی آزادی پر شہادت دیتی ہے کہ انکے دلوں پر اثر اطاعت کا نہوتا تھا بلکہ کلام کا جس سے وہ کوئی ارادہ کرنیسے رُک جاتے تھے یا اُسپر جھک جاتے تھے۔ عرب کی آزادی اور یونان اور روم کی آزادی میں بڑا فرق یہ ہے کہ عرب کی سلطنت جمہوری سیدھی سادی تھی اور یونان و روم کی سلطنت جمہوری پیچ در پیچ تھی تصنع اور تکلف سے وہ بھری ہوئی تھی انمیں ہر رکن اختیارات ملکی و مالی کلیۃً رکھتا تھا۔ یہاں اپنی سیدھی سادی حالت میں ساری قوم عرب آزاد تھی۔ ہر شخص ان میں سے کسی آقا کی کمینہ اطاعت سے نفرت دلی رکھتا تھا۔ اسکا سینہ شجاعت و صبر و حلم و استقلال و ہمت و جرأت کا مخزن تھا۔ آزادی کا شوق اسکا خود بخود سکھاتا تھا کہ وہ اپنے نفس کو اپنے بس میں رکھے اور اپنے اختیار کو سنبھالے رہے۔

عرب کے نزدیک عزت کیلئے مرجانا کوئی بات نہ تھی۔ اپنے ننگ و ناموس کیلئے جان کھونیکو وہ تیار تھا۔ اور آزادی رکھنے کیلئے ساری تکالیف و مصائب اُٹھانیکو گوارا کرتا تھا یہانتک کہ مرنے کا بھی خوف ایسے موقعوں پر نہیں کرتا تھا اسکے بشرہ سے نہایت سنجیدگی علو ہمتی ٹپکی پڑتی تھی اسکی گفتار اختصار کیساتھ متانت و فصاحت سے آہستہ آہستہ ہوتی تھی۔ وہ کبھی اتفاق سے کسی بات پر خندہ کرتا تھا۔ ہاں یہ ضرور تھا کہ وہ اپنی ڈاڑھی پر ایک ادا و انداز کے ساتھ ہاتھ پھیرتا تھا۔ ڈاڑھی انسان کی جوانی اور مردی کی نشانی ہے۔ ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنے میں یہ رمز تھی کہ وہ اپنی

جوانی و بزرگی کو ڈاڑھی سے بتلاتا ہے۔ اس تمیز ہی کے لحاظ سے وہ اپنے ہمسروں کے ساتھ طفلانہ شوخیوں کی بات نہیں کرتا تھا۔ وہ اپنے بزرگوں سے باتیں کرنے میں کبھی نہیں جھجکتا تھا۔ اُنکے رُعب میں نہیں آتا تھا۔ زمانہ جاہلیت کی آزادی کا اثر اسلام کی ابتدا میں قایم رہا۔ خلفاء اولین نے اپنی رعایا کو بیجا کا نہ گفتگو سے نہیں روکا۔ انکے ساتھ وہ اس طرح باتیں کرتے تھے جیسے کہ آپسمیں متعارف دوست بے تکلف باتیں کرتے ہیں۔ وہ دینی امور کی ہدایت کرتے تھے۔ کوئی غرور و شان شاہانہ اپنی رعایا کو نہیں دکھاتے تھے۔ ہاں جب اسلام کا دارالسلطنت دریای دجلہ کے کنارہ پر بغداد میں منتقل ہوا تو خلفائے عباسیہ نے ایران اور روم کے بادشاہوں کی تقلید کرکے اپنے درباروں کی شان و شوکت کو ایسا بنایا کہ جس سے بادشاہ کی نخوت عیاں ہو ورنہ پہلے خلفاء کو ان باتوں کی طرف ذرا بھی خیال نہ تھا۔

اقوام اور انسانوں کے حالات پر غور و خوض کرنیسے ہمکو وہ وجوہ اور اسباب معلوم ہوسکتی ہیں جنسے کہ انمیں نفاق و وفاق پیدا ہوتا ہے اور مؤانست انسانی میں کمی و بیشی ہوتی ہے اور معاشرت بدلتی رہتی ہے۔ اہل عرب اور انسانوں سے الگ تھلگ رہتے تھے غیروں کے ساتھ نہ پیوند رکھتے تھے نہ رشتہ۔ اس سبب سے یہ امر انکی عادت میں داخل ہوگیا کہ وہ دشمن اور اجنبی آدمی میں تمیز نہیں کرتے تھے۔ ان دونوں کو دیکھنے سے انکے دلمیں ایسے خیال پیدا ہوتے تھے جو آپسمیں متضاد ہوتے تھے انھوں نے اپنی لوٹ مار اور غارتگری کے مباح ہونیکے لئے ایک مسلمہ مذہبی بنا رکھا تھا جسپر عمل درآمد کرنا وہ اپنا فرض عقیدہ جانتے تھے کہ وہ حضرت اسمٰعیل کے گھر سے اپنی ماں ہاجرہ سمیت اپنی سوتیلی ماں حضرت سارہ کے رشک و حسد کے سبب سے نکالے گئے تو انکو خداوند تعالیٰ نے یہ ملک جسمیں ایک ادنیٰ غیر ذی زرع ہے عنایت کیا اور اجازت دی کہ جو کچھ اس سے حاصل ہوسکے حاصل کرو۔ پس اپنے تئیں اس کم پیداوار کی زمین ملنے کو اور اولاد حضرت اسحٰق اور اپنے نوع انسان کو زیادہ پیداوار کی زمین ملکی کو یہ سمجھتے تھے کہ ہم حق اپنی ارث سے محروم کئے گئے ہیں اسلیے ہم جو اولاد اسحٰق یا اور غیروں کو لوٹتے ہیں تو اپنی وراثت کا حصہ لیتے ہیں کچھ دغابازی اور سینہ زوری نہیں کرتے ہیں اسیوجہ سے وہ اپنی چوری کا نام چوری نہیں رکھتے تھے بلکہ اسکو تحصیل ملکی کہتے تھے۔ جب کوئی عرب کسی آدمی کو لوٹتا تھا تو یہ نہیں کہتا تھا کہ میں آج یہ لوٹا بلکہ یہ کہیگا کہ میں نے یہ نفع کمایا۔ یہی سبب ہے کہ وہ غیروں کے لوٹنے میں دست درازی کرتے تھے مگر انکے خود ساری خیمے اور گھر کھلے پڑے رہتے تھے وہ کبھی آپس میں ایکدوسرے کی چیز نہیں چراتے تھے۔

اہل عرب کو جیسی تجارت کی عادت تھی ایسے ہی چوری و غارتگری کی طرف رغبت تھی۔ ریگستان میں جو کارواں جاتے تھے جبتک وہ فدیہ نہ دیتے تھے بدوؤں کے ہاتھ سے بچتے نہ تھے وہ اُنکو لوٹ لیتے تھے۔ حضرت ایوبؑ کے زمانہ سے اہل عرب کے ہمسائے ہمیشہ اُنکی غارتگری کے شکار رہے۔ اگر بدو دور سے دیکھتا تھا کہ مسافر اکیلا چلا آتا ہے تو وہ اُسپر لپک کر جھپٹتا تھا اور اُسکو ڈانٹ کر کہتا تھا کہ کپڑے اُتار کر رکھدے کہ تیری چچی (یعنی اُسکی زوجہ) ننگی بیٹھی ہے۔ اگر مسافر نے چپ چاپ کان

دبا کر کپڑے اُتار کر رکھدیے تو خیر گذری پھر اُس پر شفقت و مہربانی کی نظر ہے۔ اور اگر مسافر نے اُسکے کہنے کو نہ سُنا کہ کیا کہتا ہی۔ سر مقابلہ ہوا تو پھر یہاں کیا تھا سینہ میں شعلۂ غضب نے آگ لگا دی اور اپنی حفاظت نفس کے لئے مشروع طور پر اپنے خون کا کفارہ اس بیچارہ مسافر کی خونریزی کو سمجھنے لگا۔ ایک چور یا دو چار ملکر چوری کریں تو وہ چوڑ نکا نام سے بدنام ہوتے تھے۔ لیکن اگر گروہوں کا مجمع چوری کرے تو وہ جائز سمجھا جاتا تھا اور اسکا نام معزز و مشروع محاربہ رکھا جاتا تھا۔ پس آدمیوں کے طبائع یوں نوع بشر کی مخالفت پر کمربستہ ہوں انہیں دو چند اشتعالک اس سے پیدا ہو جاتی ہی کہ انتقام و قتل و غارتگری کی اجازت انکی اپنی قوم کیطرف سے بھی فونگستان کے نظم و نسق میں صلح و جنگ کا استحقاق صرف چند معزز فرمانروایوں پر محصور ہوتا ہی اور استحقاق کے موافق عمل کرنیکا اختیار نفس الامر میں اور بھی کمتر فرمانروا پر محصور ہوتا ہی۔ مگر ملک عرب میں ہر عرب فرمانروا تھا جسکی خطا کوئی پرسش نہ تھی اپنے جوطنوں کو جا ہی جلا کر مار ڈالے اور اپنے قبیلے اس کام میں بیگناہ اور نام آور جانے۔ اتفاق قومی انمیں فقط زبان اور اطوار میں ایک پریشانہ طور پر تھا۔ ہر فرقہ میں ایک رئیس یرلے کا حکومت رکھتا تھا۔ اسکو بہت اختیار اور اقتدار نہیں حاصل ہوتا تھا جب معاملات کلی میں نفاق پیدا ہو جاتا تھا۔ تو آپس میں سخت عداوت ہو جاتی تھی۔ جو جھگڑے و فساد چک کرمٹ بھی جاتے تھے اُنکا نظم و نسق میں پڑھا جانا سختی صعوبت کی اولاد کے باب میں کینہ و انتقام کی بھی جو لوگ کو سلگا دیتا تھا ہر شخص اپنے امور میں خانگی میں اور ہر ایک خاندان اپنے معاملات کے فیصلہ کرنیمیں منصف یا منتقم ہوتا تھا۔ ہر فرد کو اپنے ننگ و ناموس کا ایسا نازک خیال ہوتا تھا کہ وہ اپنے بہتک کو ایسا گرانبار جانتا تھا کہ اپنے بھاری نقصان کو اسکا پاسنگ بھی نہیں سمجھتا تھا۔ اسکے فسادوں میں یہ عزت کا خیال اپنا زہر اگلا کرتا تھا انکے عیش کو تلخ بنا دیتا تھا۔ اگر انکی عورتوں یا ڈاڑھی کی نسبت کوئی گستاخی کا کلمہ کسی کی زبان سے ذرا بھی نکل گیا تو وہ بہت چڑ جاتے تھے۔ اگر ایک نے دوسرے کی نسبت تحقیر کا لفظ کہدیا یا اور کوئی حرکت بیہودہ اُسکے ساتھ کر بیٹھا تو اُسکا عوض انتقام تلوار سے ہی لیا جاتا تھا۔ وہ اپنے انتقام لینے میں استقلال اس صبر کے ساتھ کرتے تھے کہ مہینوں اور برسوں کمین لگائے انتظار میں بیٹھے رہتے تھے کہ کب موقع ہاتھ آئیگا کہ انتقام لیکر اپنے دلکو ٹھنڈا کریں۔ ہر زمانہ میں وحشیوں میں یہ قاعدہ رہا ہی کہ قتل کے بدلے میں تاوان و خونبہا لیتے تھے۔ عرب میں یہ دستور تھا کہ مقتول کے وارث یا دیت لیں یا اپنے ہاتھ سے قاتل سے قصاص لیں۔ اسکے سوا ایک عجیب صفائی انکے کینہ میں یہ تھی کہ وہ قاتل کے سر لینے سے انکار کرتے تھے اور اسکے عوض میں یہ چاہتے تھے کہ قاتل جس قبیلہ کا ہو اسکے سب سے بڑے سردار کا سر اُڑائیں تو ہماری ناموری ہی کہ اپنے ادنیٰ آدمی کی عوض میں دشمن کے اعلیٰ افسر کا سر اُڑایا عوض وہ مجرم کے عوض ایک بیگناہ کا خون سر پر لیتے تھے۔ پس اگر قاتل کے گروہ میں اُنکا یہ نامی گرامی آدمی مارا گیا

تو پھر طرفہ انتقام کے درپے ہوا۔ اس طرح دو آدمیوں کے لڑنے مرنے پر قبیلے کے قبیلے کٹ مرتے تھے۔ اُنکے ہاں کسی شخص کا خون ہو جانا ایک ایسا قرض تھا کہ جسکی اصل اور سود ہمیشہ جمع ہی ہوا کرتے تھے اور کبھی ادا نہوتے تھے۔ طرفین کے دلونمیں روز بروز کینہ و پرخاش بڑھتا جاتا تھا۔ دونوں کی خوف وخطر میں بسر ہوتی تھی۔ بعض اوقات نصف صدی گذر جاتی تھی کہ اس انتقام کا حساب کتاب بیباق نہوتا تھا۔

بعض مسائل اور قوانین عزت کے باب میں اُنکے ہاں ایسے تھے کہ ایسی خونخوار قوموں میں بھی جو رحم وعفو سے معرا تھیں اعتدال پیدا کر دیتے تھے۔ ان مسائل کا منشا جو شائستہ تھا یہ ہوتا تھا کہ ہر خانہ جنگی میں طرفین عمر میں قوت میں تعداد میں ہتیار وغیں درجہ مساوات رکھیں اسلئے ہر سال میں دو یا چار مہینے ایسے مقرر کر رکھے تھے کہ اُنکے اندر قتل ممنوع تھا۔ کہ نہ آپسمیں لڑنے کے لئے نہ غیروں سے جنگ کرنیکے واسطے تلواریں میان سے باہر کرنی چاہیئں پس تھوڑی دنوں تک جنگ و پیکار سے باز رہنا اُنکی جنگ وجدل کی عادتوں اور ملک کی بدنظمیوں کو خوب عیاں کرتا ہے۔

کوئی روایت کرتا ہے کہ اس زمانہ میں سترہ سو لڑائیاں ہوئیں۔ کوئی بارہ سو بتلاتا ہے۔ ان بیباک اور بے قید عربوں کی معرکہ آرائیاں و خونریزیاں بڑی مشہور ہیں۔ انمیں سے دو ہم نقل کرتے ہیں۔ ایک حرب بسوس دوسری حرب داحس۔ حرب بسوس بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان ہوئی اسکا سبب یہ تھا کہ کلیب ایک بڑا مشہور امیر عرب تھا اُسنے حکم دے رکھا تھا کہ میرے چراگاہ میں کوئی اونٹ نہ چرنے پائے۔ ایک شخص قوم جرم کا حساس کی پھوپھی بسوس نامی کے اُترا تھا اسکے ناقہ کا نام سراب تھا وہ چرتے ہوئے کلیب کی چراگاہ میں چلی گئی۔ کلیب نے اُسپر تیر چلائے اور پھر اسکے تھن کاٹ لئے۔ یہ اونٹنی لہولہان اپنے مالک کے پاس بڑبڑاتی ہوئی آئی بسوس نے اسکو لہو میں لتھڑا ہوا دیکھا وہ اسکو پیار کرنے لگی اور کہنے لگی کہ ہائے افسوس کیا میرے مہمان کو تکلیف ہوئی۔ حساس نے جو اپنی پھوپھی کو غمگین پایا تو تمام قوم کو جمع کر کے کلیب کو جا گھیرا وہ اپنے احاطہ میں پھر رہا تھا کہ حساس نے اسکے ایک نیزہ ایسا مارا کہ وہ مر گیا پس اتنی بات پر آتش جنگ برسوں تک مشتعل رہی جس کے شراروں میں ستر ہزار جانیں خاکستر ہو جائیں۔ حالی

وہ بکر و تغلب کی باہم لڑائی	صدی جسمیں آدھی اُنھوں نے گنوائی	قبیلوں کی کر دی تھی جس نے صفائی
تھی اک آگ برسو عرب میں لگائی	نہ بجھ کر دیا کوئی ملک و دولت کا تھاؤ	کرشمہ اک اُنکی جہالت کا تھا وہ

جنگ داحس کا حال یہ ہے کہ عرب کا امیر قیس تھا اسکے پاس دو گھوڑے داحس اور غبرا نامی تھے حذیفہ بن بدر کے گھوڑوں کے ساتھ دوڑ ہوئی دو دو سو خچروں کی شرط بدی گئی۔ حذیفہ نے پہلے سے ایک آدمی ان گھوڑوں کی راہ میں بٹھا دیا تھا اور اس سے کہدیا تھا کہ اگر قیس کا گھوڑا داحس کے آگے نکلجائے تو اُسکو روک دینا۔ اس نے روکا مگر وہ نہ رُکا

(جلد ۱)

تو اُس نے ایک ضرب شدید سکی تھوتھنی میں لگائی جس سے وہ رُک گیا۔ مگر دوسرا گھوڑا خبر نہ روکا اور حذیفہ کے گھوڑے سے آگے نکل گیا۔ قیس بازی جیت گیا مگر حذیفہ اسپر جنیبہ کرنے لگا کہ دوبارہ پھر گھوڑ دنکو دوڑاؤ۔ اس بات پر بنی قیس بنی بدر میں کینہ پیدا ہوا۔ چالیس برس تک خونریزی کا ہنگامہ برپا رہا۔ قبیلے کے قبیلے کٹ گئے۔ ہزار ہا تن بے سر ہو گئے یہ جنگ ضرب المثل ہے۔ غرض ایسے ہی لڑائیاں ہوا کرتی تھیں۔ مسدس حالی

کہیں تھا مویشی چرانے پہ جھگڑا	کہیں پہلے گھوڑا بڑھانے پہ جھگڑا	لب جو کہیں آنے جانے پہ جھگڑا
کہیں پانی پینے پلانے پہ جھگڑا	یونہیں روز ہوتی تھی تکرار اُن میں	یونہیں چلتی رہتی تھی تلوار اُن میں

گو اہل عرب لوٹ مار میں نہایت سخت۔ اور آپس میں انتقام لینے میں درشت تھے مگر تجارت اور علم ادب کی ملائم تاثیر نے انکی درشتی اور سختی میں اعتدال پیدا کر دیا تھا۔ ملک عرب ایک جزیرہ نما ہے۔ اسکے گرد قدیم زمانہ کی نہایت مہذب قومیں آباد تھیں تاجر انسان کا خیر خواہ ہمیشہ سے چلا آتا ہے چنانچہ ان مہذب قوموں کے کارواں ہر سال وہاں جاتے تھے اور علم اور اخلاق کے بیج عرب کے شہروں میں کیا بلکہ بیابان کے خیمونمیں بوئے جاتے تھے۔ اہل عرب کا نسب خواہ کچھ ہی ہو مگر انکی ابتدائی زبان کا درخت عبرانی۔ شامی۔ خالدیہ کی زبانوں کی گٹھل سے پیدا ہوا ہے۔ اگرچہ عرب کی طبیعت کی آزادی اور خودسری نے ایک ہی زبان کے قواعد کا پابند نہیں رکھا۔ انکے قبیلوں کی زبانوں میں کچھ نہ کچھ فرق رہا۔ مگر ہر ایک قوم اپنی گفتار خاص کے بعد مکہ کے خالص اور فصیح زبان کو ترجیح دیتی تھی۔ عرب میں اور نیز یونان میں فصاحت زبان کا کمال نسبت اطوار کی تہذیب و شائستگی کے بہت بڑھا ہوا تھا۔ ایک نے علم قوم کے فقط حافظہ میں وہ بڑی کتاب نعت کی ودیعت تھی جسکے اندر شمہ کے اسی مختلف نام۔ سانپ کے دوسو۔ شیر کے پانسو۔ تلوار کے ہزار نام تھے۔

یمن میں حمیر خاندان سلطنت کرتا تھا۔ انکی عمارتوں میں کتابے خط سندین میں کندہ ہوئی ہیں۔ مگر یہ خط ایسا متروک الاستعمال ہو گیا ہے کہ اب اسکو کوئی پڑھ نہیں سکتا۔ مگر خط کوئی جس سے خط نسخ نکلا ہے دریائے فرات کے کناروں پر ایجاد ہوا تھا اور اس نویجاد خط کی تعلیم ایک شخص نے اہل مکہ کو کی تھی اہل عرب کو فصاحت کلام کی استعداد خداداد تھی۔ وہ صرف و نحو۔ عروض و قوافی۔ بدیع۔ بیان معانی کے علوم سے محض ناآشنا تھے۔ فصاحت انکا جوہر ذاتی تھا کہ اشراف خاندانوں کے بچے لطیف زبان طومطی ہزار داستان کیطرح اپنے ساتھ لیکر پیدا ہوتے تھے۔ فکر سخن میں طبیعت انکی نہایت رسا اور خیالات میں وسعت فہم مستحکم۔ ذہن نکتہ سنج۔ انکے کلام میں وہ تاثیر تھی کہ جب وہ اپنی رجزخوانی پر آتے تو ہزاروں سامعین کے دلوں کو اپنے قبضہ کر لیتے تھے جدھر چاہتے پھیر لیتے تھے۔ وہ اپنی فصاحت سے شجاعت کو جوش و خروش میں لاتے۔ مخالفوں کے جی چھوٹ جاتے جب اپنے کشتوں کی لاش پر نوحہ کرتے تو سننے والوں کے آنسو نکل پڑتے۔ وہ علم الانساب علم الانواء۔ علم التواریخ علم تعبیر رویا سیکھتے تھے۔

جب کوئی شاعر ہونہار اپنی قابلیت کو دکھاتا تو اسکی خود قوم اور اقوام ستایش میں اسکی سرگرم ہوتیں کہ دور دور اسکی شہرت ہو جاتی۔ اُسکی دعوت کا سامان کیا جاتا تھا جسمیں عورتیں دھولک بجاتیں اور بڑی دُھوم دھام مچاتیں۔ اور اپنی آوازوں کے سُر و نغمہ ملا کر اپنے بیٹوں اور خاوندوں کے سامنے یہ گاتیں کہ ہماری قوم کیا خوش قبال ہے کہ اسمیں یہ ایک نوجوان بہادر پیدا ہوا ہے جو ہمارے تمام حقوق کی حمایت کریگا اور ہمارا نقیب ہے کہ اپنی آواز سے ہماری نیکنامی کا آوازہ بلند کریگا اور ہمارے نام کو شہرت عام اور بقائے دوام بخشے گا۔ عکاظ جبل عرفات کے پیچھے مکہ کے پاس ایک مقام تھا جسمیں میلا ہر سال ہوا کرتا تھا مصدر کوس سے لوگ اسمیں آتے تھے۔ اور اُن اقوام کے آدمی بھی آتے تھے جو آپسمیں دشمنی رکھتے تھے۔ یہ میلا گویا ایک اجتماع قومی تھا جس سے ان وحشی قوموں میں مواصلت پیدا ہوتی تھی اور تہذیب پھیلتی تھی۔ وحشی صحرائیوں میں اس مل بیٹھنے سے انسانیت آتی تھی تیس روز تک یہ میلا رہتا تھا۔ اسمیں فقط ہزاروں کالین دین اور انگوروں ہی کا مبادلہ نہیں ہوتا تھا بلکہ زیادہ تر فصاحت و شاعری کا بازار گرم ہوتا تھا اس بازار میں تمام اسباب نمیں جو سخن کے برابر کوئی چیز قیمت نہیں رکھتی تھی۔ سراقان جو سخن اسمیں جمع ہوتے تھے۔ سخن کے کھوٹے کھرے کو پرکھتے تھے۔ ایک میدان میں سب جمع ہو کر خوش اسلوبی کے ساتھ بیٹھ جاتے تھے ایک شاعر کھڑا ہوتا تھا اور اپنے شعر از بر پڑھتا تھا۔ شاعر اپنی طبع آزمائیاں کرتے تھے۔ ایکدوسرے پر سبقت لیجانے میں سعی کرتے تھے۔ اپنی برتری کی دلیلیں پیش کرتے تھے اسپر جھگڑا کرنے کو بھی تیار ہوتے تھے۔ پس جو کوئی اس میدان میں سبقت لیجاتا اسکی تحسین و آفرین کا آوازہ بلند ہو جاتا۔ اسکے قصائد یا عبارت نثر صاحب امارت اور شاہزادے امیرزادے تبرک کیطرح لیجاتے تھے۔ اونٹوں و بکریوں کی جھلیوں پر۔ ابریشمی کپڑوں پر۔ سنہری حرفوں میں لکھکر کعبہ کی دیواروں پر آویزاں کرتے تھے انکو مذہبہ یا معلقہ کہتے تھے۔ چنانچہ سبعہ معلقہ ان میں سے ابتک موجود ہیں۔ افسوس ہے کہ سولئے ان سات کے کوئی اور معلقہ باقی نہیں رہا۔ ان اشعار میں شجاعت۔ دل کی اُمنگیں۔ خونریزی۔ ظرافت نسب۔ فاقت باوفا سخاوت فرحت مقام دریاؤں کی روانی جنگلوں کی ویرانی۔ پہاڑوں کی وحشتناکی جنگلوں کی سرسبزی۔ حیوانات کی خوبی اونٹ گھوڑوں کی تعریف عشق معشوق کی تعریف۔ ہجر کی اُداسی۔ وصل کی مسرت۔ اور اس قسم کے مضامین ہوا کرتے تھے خلاصہ یہ کہ یہ شاعر اخلاق کے معلم اور اپنے زمانہ کے موزخ تھے وہ عرب کی خوبیوں اور نیکیوں کا اعزاز دلوں میں دلنشین کرتے تھے۔

سخاوت و شجاعت میں ایسا پیوند ہے کہ وہ ٹوٹ نہیں سکتا۔ اس رشتہ مندی ہی پر انکے اشعار کا مدار تھا۔ سب سے زیادہ یہی مضمون دلپسند تھا۔ سخاوت۔ مہمان نوازی۔ بہادری شجاعت سے انکا تمام کلام مرصع ہے گو بدیع و معانی و بیان سے معرا ہے جب وہ کسی مبتذل قوم کی ہجو کرکے خاکہ اُڑاتے تھے تو اسکو سخت طعن سے یہ بھی کہتے تھے کہ مردونکو دینا اور عورتوں کو انکار کرنا نہیں آتا۔ وہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خوان نوال اہل عرب کے خیموں میں نظر آتا تھا

وہی تند خو بدو جو بیابان مین کسی شخص کی جان کا خواہان ہوتا اگر وہ بیخوف حجت اسکی بات پر اعتماد کرکے اسکے خیمہ مین آجاتا تھا پھر اس سے معانقہ کرتا تھا محبت کیساتھ اسکی تعظیم و تکریم کرتا تھا۔ مہمان بناتا تھا وہ اپنی دولت و افلاس مین شریک حال کرتا تھا۔ وہ بقدر اسکی حاجت کو اپنے گھر مین رکھتا تھا۔ پھر اسکا شکریہ ادا کرتا تھا دعائین دیکر رخصت کرتا تھا کبھی اس کے ساتھ کوئی عطیہ بھی کر دیتا تھا سخاوت انمین ایسی تھی کہ محتاج بھائیون اور دوستون کی تھی وہ دست کیسا وہ دست دل کشادہ رکھتے تھے شجاعت کا حال یہ تھا اسکے سخت کوئی شرط حزم و احتیاط و تجربہ کی نہین لگاتے تھے کہ جس سے اسکا احاطہ تنگ ہوجائے انکے بہادرانہ کام مدح و ستایش عام کے قابل جب ہی شمار ہوتے تھے کہ وہ اس تنگ احاطہ سے باہر ہوتے تھے اہل عرب کی ساری خوبیون کا حال اگر کوئی دیکھنا چاہے تو وہ حاتم طائی کی خصایل مین دیکھ لے اس سخی کا نام ایسا ہے کہ اسکو جاہل سے لیکر عالم تک ہندستان کے سب جانتے ہین وہ قبیلہ بنی طے کا سردار تھا۔ وہ اہل عرب کی تمام نیکیون کا آئینہ تھا۔ جوان مرد۔ بہادر۔ فیاض دریا دل۔ شاعر فصیح بیان جنگ و پیکار مین کارگذار کامران۔ مہمان نواز ایسا کہ چالیس نشستین اس کے ہان دعوت مین قربان ہوتے تھے۔ ایکدفعہ اس نے اپنے جانی دشمن کی منت سماجت کرنے پر تمام مال متاع و قیدی و غلام اسکے واپس کردئے۔ ۴۶ سنہ مین اس نے وفات پائی۔ عرب کی آزادی کا اقتضا قوانین عدالت کی پابندی سے انکو نفرت دلاتا تھا۔ انمین جو جبلی عادت سخاوت۔ شجاعت۔ رحم تھا۔ اس سے وہ مستفید ہوتے تھے سہلدہ اپنا فخر اور جوہر ذاتی سمجھتے تھے۔ قوانین و آئین کی پابندی سے جو جو بیان پیدا ہوتی ہین وہ انکے نزدیک ذلیل و حقیر تھین بدوون کے دل سخی اور قلب جری۔ انکے لغت فصیح۔ زبان بلیغ۔ نسب صحیح۔ حسب شریف۔ انکی زبان سے کلام ایسا روان نکلتا تھا جیسے تیر کمان سے۔ وہ دلونپر اثر کرتا تھا۔ نسیم بہار اور آب شیرین سے زیادہ لطف دیتا تھا وہ بہو کو نکو مصیبت مین کھانا کھلاتے تھے میدان جنگ مین زبردستون سے لڑنے مرنے کو طیار ہوتے تھے۔ یہ انکو گوارا تھا کہ کوئی غیر انکا دامی کہائے اور اپنا تابع بنائے اور ان کی عزت کا خواہان ہو۔ وہ اپنی ہمسایہ کے ایسے حامی ہوتے تھے کہ اسکو تکلیف نہین پہونچنے دیتے تھے۔ گھر کی عورتون پر کسی کی نظر پڑنے نہین دیتے تھے۔ امیرون شریفون کو ذلیل نہین ہونے دیتے تھے۔

اہل عرب جو اجرام فلکی یعنی چاند سورج ستارون کی پرستش کرتے تھے وہ صابئین کہلاتے تھے۔ عبرانی زبان مین صابی کے معنے ستارے کے ہین یہ اجرام فلکی کی پرستش انسان کے توہمی مذہب کا اختراع اول ہے۔ یہ مذہب اور مذاہب باطلہ مین زیادہ خوشنما معلوم ہوتا ہے ان اجرام فلکی کا نور جو ساری زمین اور آسمان پر چمکتا ہے وہ ذات الٰہی کے نور کی تصویر آنکھون کے سامنے رکھدیتا ہے انکی تعداد اور ایجاد حکیم و جاہل دونون کی نظر مین ایک وسعت غیر متناہی کا تصور باندھ دیتی ہین۔ ان نورانی مجسم کرون مین کہنے زوال و تنزل کے آثار نمایان نہین ہوتے

عرب کی قدیم مذہبی حالت

اس لئے انکا ازلی و ابدی ہونا انکی ذات ہی سے خود عیان ہوتا ہی۔ انکی حرکتین ایسے انضباط و قواعد کے ساتھ ہوتی ہین کہ ان مین حرکت آزادی اور عقل انسانی و حیوانی کے موجود ہونیکا خیال ہی نہین پیدا ہوتا ہی۔ تاثیرات کو اگر خواہ وہ خیالی ہون یا اصلی ہون اعتقاد باطل کی تقویت پر حمل کرتی ہین کہ وہ زمین کے باشندون کی خبرگیری اور انکے امونکا انتظام و انصرام کرتی ہین علم ہیئات کی بنا بابل مین پڑی۔ مگر اہل عرب کی استادی اس علم مین انکے صفائی مطلع سہمانی اور بیابانون کی کف دستی نے پیدا کی۔ ان کیسرا توں کے سفر و نمین یہ ستارے ہی رہنمائی کرتے تھے بدوون کو انکے نام اور ترتیب منازل معلوم تھے اور انکا تفحص و تجسس انکی عادت مین داخل تھا انہون نے اپنے تجربہ و مشاہدہ سے دور قمر کو اٹھائیس منازل مین تقسیم کیا تھا۔ اور ان ستارونکے اقتران کو نہایت سعد سمجھتے تھے کہ جنمین بارش ہوتی تھی اور انکی خشک لب زمین کی پیاس بجھتی تھی یہ تاثیرات جرم فلکی تو جسمانی تھین وہ صرف مادیات مین محسوس ہوتی تھین۔ یہ ستارہ پرست انواء منازل ستارون اور منجمین کا بہت اعتقاد رکھتے تھے ہر کام انکے انواء پر متصور تھے وہ کوئی حرکت و جنبش ہی نکرتے جب تک وہ موافق نوء کے نہوتی اور کہا کرتے تھے کہ اب کی دفعہ فلانی نوء کے سبب سے ہمارے ملک مین مینہ برسا۔

اُن کے مذہب مین روحانی مسائل کی بھی ضرورت تھی سو وہ تناسخ ارواح اور حشرات اجسام کی قایل تھے مردہ کی قبر پر ایک اونٹ مردہ کیلئے باندہ دیتے تھے کہ وہ دوسرے جنم مین اسکی خدمت کرے۔ مردون کی روحون کی حاضرات کیجاتی تھی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ بقاے روح کے مرنے کے بعد قایل تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ اسکو علم ہوتا ہی اور وہ ندرت رکھتی ہی۔ بتفصیل یہ بتلانا نہایت مشکل کام ہی کہ انکے دیوتا کون کون سے تھے اور کن کن مقامون سے مخصص تھے کون کونسے کوکب کی وہ پرستش کرتے تھے۔ عناصر کی عبادت کیونکر کرتے تھے انکی تذکیر و تانیث کیونکر مانتے تھے یعنی کیونکر دیوتا اور دیوی مقرر کرتے تھے۔ ان کے کیا خطاب و القاب تھے کیا کیا انکے صفات بیان کئے جاتے تھے۔

ایکسو سے چند مشہور باتین لکھتے ہین کہ اہل عرب مین ہر فرقہ و قبیلہ اور خود مختار جنگیار اپنی رسوم عبادت اور من مانے معبود کو جب چاہتا بدل ڈالتا تھا۔ مگر ہان کل قوم کا اسمین اتفاق تھا کہ مکہ کو تیرتھ کی جگہ مانے اُس کو کبھی نہین اُسکے تیرتھ کے آگے سر جھکایا۔ اور وہانکی زیارت کی عظمت کا اعتقاد رکھا۔ مل و دخل مین شہرستانی کہتا ہی کہ زمانہ جاہلیت مین اہل عرب کے کئی فرقے تھے ایک فریق خدا تعالی کا بالکل منکر تھا اُسکا یہ مقولہ تھا کہ ہر شے اپنی طبیعت سے زندہ ہوجاتی ہی اور دہر یا زمانہ اُسکو مار ڈالتا ہی اور پھر وہ زندہ نہین ہوتی۔ دوسرا فریق خالق کا اقرار کرتا تھا مگر مرکر پھر زندہ ہونے سے انکار کرتا تھا۔ ایک فریق بتونکو پوجتا تھا اور ہر قبیلہ کے ساتھ

ایک بت مخصوص تھا۔ اور وہ ایک جگہ قایم تہا۔ سل سب بتونمین معزز و معظم بت تہا وہ کعبہ مین تہا اور آساف نائلہ صفا والمروا مین لات قبیلۂ ثقیف کا طائف مین قریش کا اور منی کنانہ کا بت عزی تہا۔ وس اور خبرج کا منات۔ بعض فرشتون کو سجدہ کرتے تھے اور بعض جنون کو پوجتے تھے۔

کعبہ کی قدامت مین کسیکو کلام نہین۔ اسکا ذکر حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے پیشتر کی تاریخون مین موجود ہے ایک بڑا قدیمی یونانی مورخ بحر احمر کے ساحل کے ذکر مین لکھتا ہی کہ ثمود و صابئین کے درمیان ایک مشہور معبد ہے جسکو سب اہل عرب مقدس سمجھتے ہین۔ اول ہی اول حمیر کے ایک دیندار بادشاہ نے جو سات برس پہلے آنحضرت سے تہا کتان یا ریشم کا پردہ کعبہ پر چڑہایا تہا۔ جس کی نقل ابتک سلطان روم کرتا ہی۔ کہ خانہ کعبہ کے پردہ کو ہر سال بدلتا رہتا ہی۔ وحشیونکی پرستش کے لئے تو ایک خیمہ یا غار کوہ کافی تہا مگر کعبہ انکے واسطے پتھر اور چکنی مٹی کی عمارت بنگئی تہی۔ اس عمارت کی اصلی سادگی ابتک موجود ہی۔ اسمین شرقی بادشاہون نے اپنے اقتدار اور ہنرمندی کو زیادہ نہین خرچ کیا۔ کعبہ کے چارون کونو نیچے ایک ایوان تہا۔ اسمین خانہ کعبہ مربع ۲۴ ہاتھ لمبا اور ۲۳ ہاتھ چوڑا اور ۲۷ ہاتھ بلند تہا۔ ایک دروازہ اور ایک کھڑکی روشنی کے واسطے تہی۔ دو ہری چھت ستونونپر قایم تہی اسمین ایک پرنالہ مینہہ کیواسطے پانی کے نکالنے کے لئے تہا۔ چاہ زمزم پر ایک کوٹھہ بنا ہوا تہا کہ اسمین کوئی ناپاک چیز اوپر سے نہ آن پڑے۔ قریش کا قبیلہ قدیم سے مکہ مین رہتا تہا اور معزز شمار ہوتا تہا۔ قریش مکہ کی آبادی و بہبودی مین کوشش کرتے تھے۔ تجارت کا انتظام کرتے تہے۔ بنی ہاشم کا خاندان بڑا نامی اور بزرگ تہا وہ کعبہ کا متولی تہا ہر سال کے آخر مہینہ مین وہان لوگ حج (حج کے معنی قصد کے ہین اور سال کے بھی ہین۔ اسواسطے خواہ اس خیال سے کہ وہان آنے سے قصد عبادت کا ہوتا تہا یا سال بسال وہان مجمع ہوتا تہا اس سفر کا نام حج ہوگیا تہا) کو آتے تھے مناسک و مراسم حج جو اس زمانہ جاہلیت مین تھے وہ اسلام کے زمانہ تک بھی قایم رہے ہر ایک قبیلہ نے اپنا اپنا بت جداگانہ کعبہ مین رکھا تہا اسلئے خانۂ کعبہ مین تین سو ساٹھ بت تہے جسمین بعض آدمیونکے بعض ہمارے بعض شیر کے اور بعض ہرن وغیرہ کی شکل کے تہے ان سب مین اہل عرب ایک کھڑا پتھر عبادت کیواسطے رکھ لیتے تھے یا کسی چٹان مین تون اور قربانگاہ کو بنا لیتے تھے۔

قربانیان اور عبادات

دنیا مین جانیان سے لیکر پیروتک قربانیونکا عام رواج ہی قربانی کرنیوالے اپنے دیوتاؤن کی پرستش اور بندگی اسمین سمجھتے ہین کہ جو چیز ہمکو سب سے زیادہ عزیز ہو اسکو فوج کرکے قربان کر ڈالین۔ سب سے زیادہ عزیز انسان کو اپنی جان ہی وہ بھی اپنر قربان کرنی بڑی عبادت سمجھی جاتی ہی۔ بعض بتخانے ایسے ہین کہ انپر انسانونکی قربانیان

ہوتی ہین یہ رسم عرب مین بھی بہت مدت تک جاری رہی کہ ایک لڑکے کی قربانی کعبہ مین بتون پر چڑہاتے تھے۔ باپ کا اپنے بیٹے کو قربان کرنے کے لئے ہاتھ پکڑ کر تجانہ مین لیجانا عجب مذہبی جوش اور دیوانگی کی مثال ہے یہ کام وہی کرتے تھے کہ بڑے بہادر اور جری و مقدس و متبرک ہوتے تھے چنانچہ آنحضرتؐ کے والد نے بھی یہ منّت مانی تھی کہ میں اپنے بیٹے کو قربان کرونگا۔ مگر آنحضرتؐ کے والد پیدا ہوئے تو انہون نے اس قربانی کی عوض کفارہ مین اونٹ دئے زمانۂ جاہلیت مین اہل عرب کو بھی مثل یہود کے سور کے گوشت کھانے سے پرہیز تھا۔ اولاد کا ختنہ بھی وہ کراتے تھے۔ ماں بیٹی سے نکاح نہین کرتے تھے۔ اور سگی بہنون سے بیاہ کرنیکو برا جانتے تھے جو شخص اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کرلیتا تھا اُسکو بہت ہی برا جانتے تھے۔ افلاس کے سبب سے رسم دختر کشی رائج تھی۔

عرب آزاد ملک تھا ہمسایہ کی سلطنتون مین فتوحات و ظلم کے سبب سے ہل چل پڑتی تھی تو تمام رسیدہ و جفا دیدہ لوگ یہان چلے آتے تھے جہان جانتے تھے کہ جو ہم چاہینگے اپنے خیالات رکھینگے اور جو اپنا مذہب ہو وہ کرینگے صابئین یہودیون عیسائیون مجوسیون کا مذہب بالکل خلیج فارس سے بحر احمر تک خارج ہو چکا تھا بہت قدیم زمانہ مین صابئین کا مذہب خالدیہ والون کے نجومیون کے علم سے اور عصریہ والونکی تلوار سے ایشیا مین پھیلا تھا۔ وہ ہزار برس کے عرصہ مین اپنے مشاہدات اور تجربون سے بابل کے نجومیون اور پیرو مرشدون نے انتظام و تدبیرات الٰہی اور فطرت کی قوانین میں دریافت کئے وہ سات دیوتاؤن اور فرشتون کی عبادت کرتے تھے۔ ان دیوتاؤنکو کہتے تھے کہ وہ سبعہ سیارونکو اپنے مدار مین چلاتے ہین وہ اپنا اثر زمین پر ایسا کرتے ہین کہ جسکا مقابلہ کسی سے نہین ہوسکتا۔ سبعہ سیارہ کی صفات کو اور بارہ برجون اور چوبیس اشکال شمالی و جنوبی کو تصاویر سے تعبیر کرکے انکا نام طلسمات اور ہیاکل رکھا تھا۔ صابئین دن مین تین دفعہ نماز پڑہتے تھے۔ حیرہ مین ایک ہیکل قمر تھی وہان حج کو جاتے تھے۔ انکا مذہب ایسا جکڑا رہتا کہ کچھ آپ سیکھتا تھا اور کچھ اوروں سے سیکھا تا تھا۔ آفرینش عالم کا طوفان نوحؑ کے ماننے مین وہ اپنے قبلی یہودیونکا سا مذہب رکھتے تھے حضرت آدمؑ اور حضرت شیثؑ اور حضرت یونسؑ کے مصحف کو مانتے تھے جنکو وہ مخفی رکھتے تھے پھر کے عیسائیون کے عقائد کی بھی چاشنی اپنے دھریہ پن مین ملائی تھی۔ بابل کی قربانگاہین مجوسیون نے تہ و بالا کردی تھین صابئین کو جو نقصان اُنکے ہاتھ سے پہونچے تھے اسکا عوض سکندر اعظم نے خوب لیا تھا ایران پانچسو برس تک غیر قومونکی حکومت کے جوئے کو اٹھاتا رہا اور واویلا کرتا رہا۔ خالص زردشت کے مذہب والے بت پرستی کی دبا سے بچکر آزادانہ زیست بسر کرنے کے لئے عرب مین چلے گئے تھے۔

آنحضرتؐ کی ولادت سے سات سو برس پہلے یہودیون نے عرب مین سکونت اختیار کی تھی۔ طیطوس اور ہیڈرین کی

ملک عرب مین صابئین

لڑائیون کے سبب سے ارض مقدس سے بہت سے یہودی ملک عرب مین جا بسے تہے۔ یہ جلاے وطن جفاکش آزادی اور قدرت کو چاہتے تھے۔ انہون نے اپنے معابد و شہر و قلعے جنگلو مین بنا لئے تے۔ اور غیر قومین جو یہودی ہوگئی تہین وہ بنی اسرائیل کے ساتھ خلط ملط ہوگئین۔ انمین ظاہری نشانی ختنہ کی ایک ہی تہی۔

عیسائی مشنری اپنے کام مین مستعد اور نہایت کامیاب تھے۔ کیتھولک مذہب کی حکمرانی تہی جن عیسائی گروہونکو انہون نے دبایا تہا وہ رومیونکی سلطنت کی حد سے پرے نکل گئے تہے۔ انکی انجیل درعقاید رومن کیتھولک سے نہ تہے۔ انہون نے یمن مین اپنے کلیسا قایم کئے اور آزاد ہوگئے۔ غرض یون عرب جو اپنے مذہب مین آزاد تہا اسکے ساتھ یہ یہودی عیسائی مجوسی۔ اور صابئین بہی شریک ہوگئے۔ یہ جو اجنبی قومین یہان آکر آباد ہوئین ان سب کے فاضلونکا اس مسئلہ پر اتفاق تہا کہ اللہ ایک ہی۔ زمین اور آسمان سب اسکے محکوم ہین اس نے انسانون مین اپنا الہام بذریعہ فرشتون اور پیغمبرون کے بہیجا ہی اور اُسنے اپنے فضل و کرم اور عدل سے معجزات خرق عادت ظہرت کیا ہی۔ عرب کے مہذب خاص لوگ خدا کو ایک مانتے تھے۔ اگرانکی عبادت مین بُری غلطی کرتے تے تو بُتون کی عبادت کی عادت انکو تہی گو انکا اعتقاد نہ بہی ہو اہل کتاب یہود و نصارے کی عہد عتیق و عہد جدید عربی زبان مین ترجمہ ہوگئے تے انجیل طفولیت جو آجکل عیسائیونکے مذہب سے خارج سمجہی جاتی ہی اسکا رواج تہا۔ یہودیون کو اہل عرب اپنی قوم کا اب (باپ) سمجہتے تھے۔ وہ حضرت اسمعیل کی ولادت اور اُنکے وعدون کی تعریف کرتے تے حضرت ابراہیم کے مذہب کا ادب و تعظیم کرتے تہے۔ اپنے تئین اور یہودیونکو ایک باپ کی اولاد جانتے تے۔ راہبون کا ہونا اعتقاد رکہتے تہے معلوم نہین کہ کس زمانہ سے سارا جزیرہ عرب مکہ سچی روحانی کیفیات سے محض آشنا تہا۔ یہودیت و نصرانیت و فلسفہ کا اثر ملک عرب پر ایسا اوپری اوپری خفیف ناپایدار رہا تہا جیسے کہ کسی آب ایستادہ پر لہرون کا اثر ہوتا ہی کہ وہ اُسکی سطح بالا کو تو متحرک کرتی ہین مگر تہ مین اُنکا کچہہ اثر نہین ہوتا وہ بجس و حرکت رہتی ہی۔ کل عرب توہمات باطلہ مین گرفتار۔ بدکاری مین ڈوبا ہوا۔ خدائے کارساز پر ایمان نہین رکہتا تہا۔ غیر خدائی ارواح کے توہمات باطلہ پر ایمان۔ انہین کی رضا و مرضی پر دل و جان سے فدا انکی ناخوشی سے ہراسان نہ قیامت کا نہ اعمال کی سزا و جزا کا قایل۔ غرض جب یہ حالت ملک عرب کی تہی **مُسدّس حالی**

یکایک ہوئی غیرت حق کو حرکت		بڑہا جانب بوقبیس ابر رحمت	
ادا خاک بطحا نے کی وہ ودیعت		چلے آتے تے جسکے دیتے شہادت	
ہوئی پہلوے آمنہ سے ہویدا		دعاے خلیل و نوید مسیحا	

باب دوم

دنیا مین اہل عرب کی سلطنت کن کن ملکون مین قایم ہوئی پھر یہ کل سلطنت کن کن حصونمین منقسم ہوئی اور اور پھر ان حصونمین ہر ایک کتنے حصونمین تقسیم در تقسیم ہوئے اور ہر ہر حصہ مین کون کون سے دودمان خلفاء نے حکومت کی اور کہان کہان انکے شجے پھیلے اور کن کن خاندانون کے بادشاہ ہوئے۔

یاد رکھنا چاہئے کہ ہم نے سنہ ہجری و عیسائی اوپر تلے جو لکھے ہین انمین اوپر ہجری اور نیچے عیسوی سن ہین

خلفاء

(۱) خلفائے راشدین (۲) خلفائے بنی اُمیّہ (۳) خلفائے عباسیہ

فصل اوّل خلفاء راشدین و بنی اُمیہ و عباسیہ

آنحضرتؐ کی وفات ۱۱ھ/۶۳۲ء مین ہوئی اور حضرت ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے۔ بعد اُنکے جانشین بالترتیب حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ ہوئے۔ ان خلفائے راشدین مین سے کسیکی اولاد مین سلسلۂ خلافت نہین چلا۔ حضرت علیؓ کے بعد جناب امام حسنؓ چھ مہینہ تک بجائے نام خلیفہ رہے پھر خلافت اُنھون نے خود امیر معاویہ کو سپرد کردی ۴۰ھ/۶۶۱ء مین امیر معاویہ خلیفہ ہوا۔ وہ آنحضرتؐ کی قوم قریش مین امیّہ کے خاندان مین سے تھا۔ اس لئے اس خاندان کا نام بنی امیّہ یا امویہ ہے اُس خاندان مین سلسلۂ خلافت قایم ہوا اور اُس مین چودہ خلیفہ متواتر ہوئے انکا دار الخلافہ دمشق تھا۔ ۱۳۲ھ/۷۵۰ء مین سوائے اسپین کے کہین اور اس خاندان کی خلافت نہین قایم رہی آنحضرتؐ کے چچا حضرت عباسؓ کے خاندان نے اس بنی امیہ کے خاندان کو معزول کیا اور اپنے خاندان مین سلسلہ خلافت کو جاری کیا اور بغداد کی ۱۴۵ھ/۷۶۲ء مین بنیاد ڈالی اور اُسکو اپنا دار الخلافہ بنایا۔ اس خاندان کو ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء مین ہولاکو خان (ہلاکو خان) نے معزول کیا مصر مین قاہرہ کے اندر یہ خاندان عباسیہ بجائے نام خلیفہ کا لقب عظیم رکھتا تھا اور اُسکی وجہ سے برکت اور عظمت مانی جاتی تھی۔ مگر عثمانی سلطان سلیم اول نے یہ لقب بھی اپنے سلاطین قسطنطنیہ کے لئے چھین لیا۔ اب سلطان روم مسند خلافت عظمیٰ پر جلوہ افروز ہوتا ہے جسوقت حضرت ابوبکر خلیفہ ہوئے تھے تو اہل عرب کی سلطنت نے اپنا قدم ملک عرب سے باہر نہین نکالا تھا مگر خلفائے راشدین کے عہد خلافت مین ملک بملک فتح ہوتے گئے عرصۂ قلیل مین سلطنت عرب کو وہ وسعت حاصل ہوگئی جسکی نظیر دنیا کی تاریخ مین کمتر ملیگی۔ متواتر فتوح سے ۱۲ھ/۶۳۳ء مین عراق عرب پر قبضہ ہوا اور شہر حیرہ پر تسلط ہوا ۱۳ھ/۶۳۴ء مین یرموک کی لڑائی سے شام مین سلطنت اسلامیہ کو راہ ملی۔

۱۴ھ ۶۳۵ء مین دمشق فتح ہوا۔ ۱۵ھ ۶۳۵ء مین ایمی سا۔ اینٹی اوک اور تلیم تسخیر ہوا۔ ۱۶ھ ۶۳۶ء مین فتح قیصریہ سے شام بالکل مطیع ہوا اسی اثنا مین ۱۴ھ ۶۳۵ء مین جنگ قادسیہ اور فتح مدائن سے ۱۶ھ ۶۳۶ء مین عراق عرب عجم پر بالکل تسلط ہوا اور بصرہ و کوفہ کی بنیاد قایم ہوئی ۴۰ھ ۶۶۰ء مین سلطنت پرتستان و تسز کا اور اضافہ ہوا ۲۱ھ ۶۴۲ء مین نہاوند کی لڑائی نے ایران کے خاندان ساسانیہ کو بالکل سیتیا ناس تاک خاک مین ملا دیا اور سارا ایران سامان ہوگیا ۴۱ھ ۶۶۱ء مین ہرات پر اسلام کا ڈنکا بجا اور وہان سے پھر سارے افغانستان ہین سندھ تک اسلام کی اعلام ظفر قایم ہوئے اور سندھ مین انکی سلطنت کی بنیاد پڑی ۵۴ھ ۶۷۴ء مین بخارا پر اور دو برس بعد سمرقند پر تصرف ہوا ماوراء النہر کئی دفعہ کی تاخت و تاراج کے بعد ۹۳ھ ۷۱۱ء مین بالکل مطیع ہوگیا غرض عرب سے باہر جب ملکون کے فتح کرنیکے لئے اہل اسلام نے قدم نکالا چالیس برس کے عرصہ مین اپنی کشور کشائی کو مشرق مین حد غایت کو پہونچایا۔ مگر مغرب مین ملک گیری مین کچھ توقف ہوا ۲۰ھ ۶۴۱ء مین مصر تسخیر کیا ۲۶ھ ۶۴۷ء مین برقہ پر تاخت و تاراج کو رومیونکے کارتھیج تک پہونچایا برابر کے جھاکش و سختی باشندون کو زیر کرنا ایسا آسان کام نہ تھا جیسا کہ ایران یونان و شام و مصر کے عیش و دست باشندون کو محکوم بنانا ۵۰ھ ۶۷۰ء مین قیروان کی بنیاد قایم ہوئی اور وہ افریقہ کا دارالسلطنت مقرر ہوا ۷۳ھ ۶۹۳ء مین کارتھیج تسخیر ہوا عرب کی لشکر کشی بحر اطلانتک تک پہنچی تسخیر سے وہ ۹۱ھ ۷۱۰ء مین اندلس (سپین) مین داخل ہوئی ۹۳ھ ۷۱۲ء مین ٹولی ڈو کی لڑائی سے یہ گوتھک کی سلطنت سپین اہل عرب کے ہاتھ آئی ۱۱۴ھ ۷۳۲ء مین وہ طورس پر فتح حاصل کرکے جنوبی فرانس پر قابض ہوئے اور برگنڈی اور ڈافنی کو تاخت و تاراج کیا غرض خلفاء عرب نے ایک صدی مین مغرب کیطرف وسعت عظیم مین اپنی سلطنت کو قایم کرلیا شمال مین یونانیونکے پاس صرف ان ٹولیا تو باقی رہا وہ خلفا کے قبضہ مین کبھی نہین آیا مگر مسلمانون نے آرمینیا کو فتح کیا ۱۷ھ ۶۳۸ء مین ارض روم پر پہونچے ۲۶ھ ۶۴۹ء مین جزیرہ قبرس (سائی پرس) کو فتح کیا ۵۴ھ ۶۷۴ء سے قسطنطنیہ کو محاصرہ کئی دفعہ کیا۔

پس اسطرح خلفائے عرب کی سلطنت کو یہ وسعت حاصل ہوئی کہ بحر اطلانتک سے سندھ تک اور بحر کیسپین (خزر) سے رود نیل کے کناروں تک پہنچگئی جب سلطنت کو یہ وسعت عظیم حاصل ہو تو ایک بادشاہ کا یہ کام نہ تھا کہ وہ سبکو یکجا جمع رکھکر بادشاہی کرتا ضرور تھا کہ وہ حصون مین جدا جدا منقسم ہو سب سے اول اندلس (سپین) نے عرب کی خلافت سے کنارہ کشی کی عبدالرحمن جو مخزول خاندان بنی امیہ کا ایک رکن تھا وہ ۱۳۸ھ ۷۵۵ء مین بالکل اندلس کا خود مختار اور آزاد سلطان تسلیم کیا گیا اور اُس نے خاندان عباسیہ سے کچھ اپنا تعلق نہین رکھا تیس برس بعد ادریس جو حضرت علی رض کی اولاد مین سے تھا اور اسلئے وہ خاندان بنی امیہ اور خاندان عباسیہ دونونکا مخالف تھا مراکو مین خاندان

طوبہ کی آزادانہ سلطنت قایم کی اور ۱۷۲ھ/۷۸۸ء تدغا کو اپنا دارالسلطنت بنایا۔ باقی شمالی افریقہ کا ایک حصہ بھی خلافت سے نکل گیا۔ امین خاندان اغلبیہ کو غلبہ ہوا اور ۱۸۴ھ/۸۰۰ء مین قیروان کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ آیندہ صدی مین مصر اور شام دونون خلافت کی فرمانبری سے نکلکر خود مختار فرمانروا ہوگئے ۲۶۴ھ/۸۷۷ء مین طولون آزاد بادشاہ ہوا۔ یہ سچ ہے کہ خاندان طولون کی حکومت کو بعد ۳۰ برس تک خاندان عباسیہ کیطرف سے پھر یہان حاکم مقرر ہونے لگے تھے مگر ۳۳۴ھ/۹۴۵ء مین اخشیدیہ خاندان نے اپنی سلطنت جدا جمائی۔ بعد اسکے دریاے فرات کے مغرب مین کسی ملک نے معاملا ملکی مین خلفاء بغداد کی اطاعت نہین کی۔ مگر دینی اطاعت کو نہین چھوڑا خطبون مین اور سکون مین نہین خلفاء بغداد کا نام ہوتا تھا۔ مگر سپین اور مراکش مین نہ سکہ پر انکا نام تھا نہ خطبہ مین انکا نام پڑھا جاتا تھا۔

مشرق مین بھی خاندان عباسیہ کی حکومت سے ملک آزاد ہوتے جاتے تھے ۲۰۴ھ/۸۱۹ء مین خلیفہ مامون رشید نامور سپہ سالار طاہر ذوالیمینین جسکو مشرقی مین نایب خلیفہ مقرر ہوا تھا اُس نے خلیفہ سے سرتابی کی اور خود مختار ہوگیا اسکے بعد اور خاندان صفاریہ سمانیہ وغزنویہ پیدا ہوے اور جدا جدا اپنی سلطنت کرنے لگے۔ خلفا کی دینی بزرگی کو یہ سب خاندان تسلیم کرتے تھے مگر مشرقی اضلاع ایران و ماوراء النہر کی ساری دولت اور حکومت کو اپنے قبضۂ اقتدار مین رکھتے تھے تیسری صدی کے وسط سے دولت عباسیہ مین ترکی سپاہ کا بڑا غلبہ ہوتا جاتا تھا۔ باقی ملک بھی خاندان بنی بویہ کے قبضہ مین آگئے ۳۳۴ھ/۹۴۵ء مین بغداد بھی انہین کے پاس تھا۔ اس سن سے خلفاء عرب کی سلطنت کسی ملک مین باقی نہ رہی مگر انکا شاہانہ دربار موقوف ہوا تھا اور ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء مین ہلاکو نے اس خاندان کا خاتمہ کردیا یہ ایک اتفاقی تھا کہ خلیفہ ناصر نے جس عمل کی بنیاد رکھی وہی حکومت کی اور عراق عربی (کالڈیا) پر حکمرانی کی۔ دولت عباسیہ کے بعد سلاطین و خلفاے خاندانونکا حال جدا جدا لکھتے ہین۔

فصل دوم اسپین

۴ خلفاء بنی امیہ (قرطبہ) چھوٹے خاندان ۵ حمویہ (مالقا) ۶ حمویہ (الجی سی رس) ۷ عبادیہ (اشبیلیہ)
۸ زاریہ (غرناطہ) ۹ جواہریہ (قرطبہ) ۱۰ ذوالنونیہ (طلطلیہ تولودو) ۱۱ عامریہ (بلنسیہ) ۱۲ توجیہ اور ہدیہ (زاراگوزہ) ۱۳ شاہان دینیہ (المرابطین) الموحد ۱۴ قصریہ (غرناطہ)

مسلمانون نے سپین کو ۹۱-۹۳ھ/۷۱۰-۷۱۲ء مین فتح کیا تھا اور ۱۳۸ھ/۷۵۶ء تک وہان کی طرح اسپین بھی خلفاء بنی امیہ اپنی طرف سے حاکم مقرر کرتے رہے۔ خاندان بنی امیہ کے چند ارکان جو خاندان عباسیہ کے قتل عام سے بھاگ کر نکل گئے تھے انمین عبدالرحمن بنی امیہ کے دسویں خلیفہ ہشام کا پوتا بھی تھا چند روز تک وہ پریشان پھرا پھر اُس نے اندلس (سپین) مین دیکھا کہ قوم بربر اور عرب کے قبایل حسد و بغض کے سبب سے آپس مین بادشاہی کے لئے مخالفت

کر رہے ہیں۔ اسکو یہ موقع ایسا اچھا ملا کہ اُس نے اپنے تئیں سپین کا بادشاہ بنا لیا ۱۳۸۹ء/۷۹۲ھ میں سپین کے بڑے بڑے مسلمانوں نے اسکی اطاعت کر لی اور لشکر عباسیہ نے جو اُسپر حملہ کیا اُسکو شکست اس نے دیدی۔ اس فتح سے اسکے خاندانیں سپین کی فرمانروائی جم گئی اور اُسکے جانشینوں نے قرطبہ (کوردوا) کو اپنا دارالسلطنت بنایا اور شمال کے عیسائیوں کو اور بہت سی اپنی رعایا کے دنگہ وفساد و بغاوت و سرکشی کو دبایا ڈھائی سو برس تک بڑی کروفر سے سلطنت کی۔ اول اول اُنھوں نے امیر و سلطان کے لقب پر قناعت کی۔ لیکن عبدالرحمٰن ثالث کے عہد میں ۹۲۹ء/۳۱۷ھ میں خلیفہ کا خطاب اپنا رکھا۔ اس خاندان میں سب سے بڑا زبردست سلطان عبدالرحمٰن سوم ہوا، اس نے فقط اپنی ہی رعایا پر زبردست حکومت نہیں کی بلکہ عیسائی بادشاہوں کو اُس نے روکا۔ اور افریقہ کے حملوں سے اپنے ملک کو محفوظ رکھا۔ بحر مڈی ٹرینین (بحر شام) پر اُنکی بحری قوت بڑی شان و شوکت کی تھی۔ جہازوں کے بڑے بڑے جنگی بیڑے اس بحر میں اسکے رہتے تھے۔ اُسکی موت کے بعد خلیفہ بنی امیہ نے کوئی بڑا کام نہیں کیا مگر اسکے وزیر المنصور نے سلطنت میں اتنی درکھا۔

پانچویں صدی میں سپین میں مسلمانوں کے جھگڑے ایسے شروع ہوئے کہ طوائف الملوکی ہو گئی چھوٹی چھوٹی ریاستیں خود مختار ہو گئیں سپین میں خاندان بنی امیہ نے ۱۰۳۱-۱۳۸/۴۲۲-۷۵۶ تک سلطنت کی۔ قرطبہ انکا دارالسلطنت تھا۔ پھر طوائف الملوکی میں خاندان حمودیہ نے ۱۰۳۹-۴۳۱/۴۵۶ الجی سی رس میں سلطنت کی خاندان عبادیہ نے شبیلیہ (سی دل لی) میں ۱۰۹۱-۱۰۲۳/۴۸۴-۴۱۴ تک سلطنت کی۔ اور خاندان زیریہ نے قرطبہ میں ۱۰۹۰-۱۰۱۲/۴۸۳-۴۰۳ تک فرمانروائی کی اور غرناطہ میں ۱۰۶۸-۱۰۳۱/۴۶۱-۴۲۲ تک خاندان جوہریہ نے بادشاہت کی۔ تولی دو میں ۱۰۸۵-۱۰۴۴/۴۷۸-۴۲۷ تک خاندان ذوالنونیہ نے سلطنت کی۔ بلنیشیہ (ولین شیا) میں ۱۰۸۵-۱۰۲۱/۴۷۸-۴۱۲ تک خاندان عبادیہ نے حکومت کی ۱۰۸۶/۴۷۹ھ میں خاندان عبادیہ نے ایکدفعہ الفنسو لیون سے لڑنے کے لئے خاندان المرابطین کو بلایا تھا۔ دوبارہ ۱۰۹۰/۴۸۳ھ میں اُنکو پھر بلایا تو اُنھوں نے سپین کا ملک جتنا مسلمانوں کے پاس تھا اُسے فتح کر لیا۔ اور اپنی افریقہ کی سلطنت کا ایک صوبہ اُسکو بنا لیا۔ اور اُس خاندان کا قائم مقام خاندان الموحد ہوا اُنھوں نے سپین کو اپنی سلطنت کا ایک صوبہ ہی قرار دیا۔ ان دو حملوں اور خاندان الموحد کے درمیان بلنیشہ (وے لی نی شیا) اور مورشیا کی ریاستوں اور خاندانوں کی خود مختار ریاستیں قائم ہو گئیں۔

عیسائیوں سے بہت لڑائیوں کے بعد شہر غرناطہ سے مسلمانوں کو فردی نند اور ایزی بلا کے حملوں نے نکال دیا اور ۱۴۹۲ء میں مسلمانوں کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔

فصل سوم شمالی افریقہ

۱۵۔ ادریسیہ (مراکش) ۱۶۔ اغلبیہ (تیونس) خاندان بنی فاطمہ (مصر کو دیکھو) ۱۷۔ زیریہ (ٹیونس)

۱۸- حمادیہ (الجیریا) ۱۹- المرابط (مراکش- الجیریا- سپین) ۲۰- الموحد (شمالی افریقہ- سپین)
۲۱- زیانیہ (مراکش) ۲۲- زیانیہ (الجیریا) ۲۳- حفصیہ (ٹیونس) ۲۴- شرفیہ (مراکش)

افریقہ کے صحراء عظیم اور بحر ٹدی ٹرینین کے درمیان ایک حصہ زمین قابل آبادی ہے وہ ہمیشہ سے شام کی اولاد کی دایہ رہا ہے۔ یہودیوں کے ہاں جس پیغمبر کی بے قدری اپنے وطن میں ہوئی وہ یہاں ضرور آتا۔ اور یہاں کے لوگ اُسکو سر پر بٹھاتے۔ اور اُسپر ایمان دل وجان سے لاتے۔ یہاں کے باشندوں کے سرشت میں پیغمبروں کا معتقد ہوجانا داخل تھا۔ خاندان عباسیہ کیلئے یہ مشکل تھا کہ وہ ایسے دور دست ملک میں جسکے باشندے جنگجو و تندخو ہوں اپنی خلافت کو قایم رکھتے اور اُسکی رعایا کی بغاوت کے دبانیکے لئے لشکر عظیم رکھتے اور طرح طرح محنت و مشقت اُٹھاتے اور زر کثیر خرچ کرتے۔ اسلئے المرابط اور الموحد خاندانوں نے خاندان علویہ کی سلطنت جماعی جنمیں خاندان ادریسیہ اور خاندان فاطمیہ نے رونق پائی۔ شمالی افریقہ کو اہل عرب نے بڑی مشکل سے ۲۶-۶۹ھ/۶۴۶-۶۷۹ء میں فتح کیا تھا۔ خلفاء عرب جو اپنی نائب یہاں مقرر کرتے تھے۔ اُنکی کامیابی و کارروائی میں یہانکی رعایا کبھی کبھی خلل ڈالتی تھی جبتک یزید بن حاتم جو ہرثمہ لعزیز بڑا جوانمرد تھا قیروان میں خلفاء عباسیہ کیطرف سے فرمانروا رہا۔ بربر کی رعایا کو سرکشی کا حوصلہ نہوا لیکن جب اُس نے ۱۷۰ھ/۷۸۷ء میں وفات پائی تو شمالی افریقہ میں بدنظمی پھیل گئی اور طوائف الملوکی ہوگئی اور خود یہیں کے رہنے والونمیں ایسے خاندان پیدا ہوگئے۔ جنھوں نے اپنی خودمختار سلطنت قائم کرلی ۲۹۶ھ/۹۰۸ء میں حد مصر کی مغرب میں خاندان عباسیہ کی حکومت کسی طرح کی باقی نہیں رہی۔

۱۷۲- ۳۷۵- ۱۵ خاندان سادات ادریسیہ (مراکش) ۷۸۸- ۹۸۵

۱۶۸ھ/۷۸۵ء میں مدینہ میں حضرت علی کے خاندان اور اور مسلمانوں میں ہنگامہ عظیم برپا ہوا۔ اس ہنگامہ میں ادریس بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابوطالب بھی شریک تھا۔ جب یہ ہنگامہ فرو ہوا تو ادریس مصر میں بھاگ گیا اور مراکش کو چلا گیا اور یہاں خاندان علویہ کی سلطنت کی ضلع سیتہ کے قریب بنیاد قائم کی اسکے سکون میں تدغا اور ولیلہ کے شہروں کے نام ہیں یہ سلطنت اپنی غایت وسعت پر ۲۴۵ھ/۸۶۰ء میں پہونچی اور بتدریج اسکا تنزل ہوا اور ۳۷۵ھ/۹۸۵ء میں اس خاندان کا خاتمہ ہوگیا۔

۱۸۴- ۳۹۶- ۱۶ خاندان اغلبیہ (ٹیونس) ۸۰۰- ۹۰۹

خلیفہ ہارون رشید نے کل ضلاع افریقہ میں یزید کو حاکم اعلیٰ مقرر کیا تھا جو ٹیونس میں رہتا تھا۔ اُسنے خاندان ادریسیہ کو جو مغرب میں فاصلہ بعید پر حکمرانی کرتا تھا کچھ ستایا نہیں۔ ابراہیم بن اغلب صوبہ زاب میں حاکم تھا۔ اسکا خاندان

بالکل آزاد تھا۔ اغلبیہ خاندان نے بہت ہی کم خلفاء کا نام اپنے سکوں اور خطبوں میں درج کیا اور نہ اُنکی دینی و روحانی بزرگی کو تسلیم کیا صرف خشکی ہی میں وہ نہایت مہذب و شایستہ وجید حاکم نہ تھے بلکہ وہ بحری طاقت بھی رکھتے تھے۔ مڈی ٹرینیس (بحر شام) میں اُنکے بڑے بڑے جہازوں کی آمد۔ فرانس کورسیکا۔ سارڈی نیا کو ساحل بحیرہ تاخت و تاراج کرتے تھے۔ انھوں نے جزیرہ سسلی کو ۲۱۳-۲۳۴ھ / ۸۲۷-۸۴۸ء میں فتح کر لیا۔ وہ جبتک مسلمانوں کے قبضہ میں رہا کہ نورمن نے اُسے فتح کیا۔ جبتک افریقہ میں خاندان اغلبیہ کی حکومت رہی اہل عرب کی بحری قوت نہایت زبردست بحر مڈی ٹرینیس میں رہی۔ سمندروں میں اور قومیں اُنکے جہازوں کے ناموں سے کانپتی تھیں سوا رجزیرہ سسلی کے اُنھوں نے مالٹا اور سارڈی نیا کو بھی فتح کر لیا اور روم کی حدود پر بھی حملہ کیا۔ مگر آخر زمانہ میں اس خاندان میں سلاطین نالائق ہونے لگے اور مغرب میں ادریسیہ شیعوں کے غلبہ نے بھی مسلمانوں کے فرقوں میں فساد کھڑے کئے اسلئے ۲۹۶/۹۰۹ھ میں خاندان بنی فاطمہ کی فتح کیلئے دروازہ کھل گیا۔ خاندان اغلبیہ کا جانشین خاندان بنی فاطمہ ہوا۔ اس خاندان کا تعلق زیادہ تر مصر کے خاندان سے ہے۔ ایک زمانہ میں اُنکی سلطنت میں کل شمالی افریقہ کا کنارہ مصر سے لیکر بحر اطلنٹک تک داخل تھا۔ اور جزیرہ سسلی اور سارڈی نیا بھی ان میں شامل تھے۔ مگر جب ۳۶۲/۹۷۲ھ میں لڑکا دارالسلطنت قاہرہ میں منتقل ہوا تو بہت سی بربر یا ستوپیس سے اس سلطنت کا دباؤ اُٹھ گیا اور مغربی اضلاع میں اسکی حکومت کا زور بہت ضعیف ہو گیا۔ افریقہ میں جو نائب سلطان یوسف بلگین تھا اور صنہاج و بربر میں جو حاکم تھے ان سب نے اپنے تئیں خود مختار بنا لیا۔ اور خاندان زیریہ و خاندان حمادیہ نے اپنے خاندانوں کی سلطنت کو قایم کر لیا۔ خاندان حمادیہ تو الجیریا میں بوجاپا میں حکومت کرتا تھا اور خاندان زیریہ کی حکومت ضلع ٹیونس سے کچھ آگے تھی۔ مغرب میں فاصلہ دراز پر مراکش میں مختلف قومیں بربر تک نسلوغیرہ آزاد ہو گئیں اور ادریسیہ سلطنت کی قائم مقام بنگئیں مگر ان خاندانوں کو سلاطین کا درجہ نہیں حاصل ہوا۔ انکو خاندان المرابط نے محکوم کر لیا اور الجیریا میں خاندان حمادیہ کی مملکت کا حصہ اس نے دبا لیا۔ مگر حماد و زیری کی دارالسلطنتوں میں حکمرانی الموحدی کی قسمت میں لکھی تھی۔

۳۶۲ - ۵۴۳	۱۷ خاندان	زیریہ (ٹیونس)	۹۷۲ - ۱۱۴۸
۳۹۸ - ۵۴۷	۱۸ خاندان	حمادیہ (الجیریا)	۱۰۰۷ - ۱۱۵۲
۴۴۸ - ۵۵۱	۱۹ دولت المرابطین یا	(ملثمین)	۱۰۵۶ - ۱۱۴۷

قبائل حمیر میں سے ملثمین بھی ہیں۔ یمن سے حضرت ابوبکرؓ پاس وہ آئے تھے۔ شام و مصر کی طرف بھیجے گئے۔ پھر مغرب کیطرف موسیٰ بن نصیر کے ہمراہ گئے اور بعد ازاں طارق کیساتھ طنجہ تک پہنچے اُن کو تنہائی اور آزادی پسند تھی اسلئے اُنھوں نے برقہ کی سکونت اختیار کر لی۔ ۴۴۸ھ میں انمیں سے ایک شخص جوہر قبیلہ جدالہ کا قیروان سے اپنے ساتھ فقیہ عبداللہ

بن یاسین کو اس ارادہ سے لایا کہ یہاں دین اسلام کی وہ تعلیم کرے۔ چنانچہ یہ فقیہ قبیلہ المتونہ میں آیا اور شریعت اسلام کی پابندی کی تاکید کی تو انھوں نے کہا کہ بھائی سنو۔ نماز۔ روزہ۔ زکوٰۃ تو قریب العقل ہیں انکو بیشک مان لینگے مگر یہ جو تم کہتے ہو کہ جو کوئی کسیکو مار ڈالے وہ مارا جاوے اور جو چوری کرے اُسکے ہاتھ کاٹے جائیں اور جو کوئی زنا کرے وہ رجم کیا جائے یہ باتیں ہمیں نہیں ہوسکینگی تم دونوں ہمارے پاس سے چلے جاؤ۔ جوہر و عبداللہ بن یاسین اور قبائل پاس گئے جنہوں نے اکثر نے شریعت اسلام کی پیروی کو مان لیا اور بعض نے انکار کیا۔ پھر عبداللہ نے ان قبائل کو جہاد کیلئے کہا۔ انھوں نے کہا کہ آپ ہمارے امیر المسلمین بنئے مگر عبداللہ نے نہیں مانا اور نہ جوہر نے اُسے قبول کیا۔ مگر ان دونوں نے ملکر ابوبکر بن عمر کو امیر المسلمین بنایا۔ اُسکے پاس بہت سے قبائل جمع ہوگئے اُسنے اُن کو خطاب المرابطین کا دیا جسکے معنی ایسی سپاہیوں کے ہیں جو دشمنوں کی سرحد میں گھوڑے چلائیں یا باندھیں۔ ان مرابطین کا لقب ملثمین بھی اسواسطے ہے کہ انھوں نے حکومت مستقلہ کے بعد اپنی عورتوں کیلئے وہاں بند بنائی تھے کہ انکی تمیز اور غیر قوموں سے رہے اور وہ ان عورتوں کو مردانہ لباس پہنا کے اور وہاں بند لگا کے میدان جنگ میں لیگئے تھے جس سے دشمنوں نے دھوکا کھایا کہ ان عورتوں کو دشمن سپاہی سمجھے اور لشکر کی تعداد کو زیادہ ان دہان بند عورتوں کے سبب سے تخمینہ کیا اسلئے مرابطین فتحیاب ہوئے اور انھوں نے یہ خیال کرکے کہ ہمکو نشام یعنی وہان بند کی برکت سے یہ فتح نصیب ہوئی ہے اپنا لقب ملثمین رکھا۔

چھٹی صدی کے وسط میں سپین میں عیسائیوں نے فتح حاصل کیں اور اہل جنیوا اور پی سان نے مسلمانوں سے کورسیکا اور سارڈینیا چھین لیا۔ جنوبی اٹلی میں نورمن نے اپنی بہادری اور دلیری دکھائی اس سبب سے بحر مڈی ٹرینین میں مسلمانوں کی قوت ضعیف ہوگئی۔ فقط مصر میں دولت بنی فاطمہ شان اسلام کو دکھا رہی تھی۔ ٹیونس میں خاندان زیریہ میں یہ قوت نہیں تھی کہ وہ ان بغاوتوں کو جو انکی محدود سلطنت میں ہوتی تھی انکو بھی دبا سکیں۔ زیریہ۔ حمادیہ۔ فاطمیہ خاندانوں میں باہم رقابت و عداوت ایسی تھی کہ وہ سب ملکر اپنی قوت متفقہ کو ان عیسائیوں کے مقابل میں کام میں نہیں لاسکتے تھے۔ مگر قوم بربر میں فقیہ عبداللہ نے اسلامیہ قوت و حمیت اور غیرت کو پھر زندہ کر دیا۔ اس نے اسلام کی شان و شکوہ کے لیئے قبائل بربر کو جہاد پر آمادہ کیا۔ اور المرابطین انکا نام رکھا۔ اسکے علم کے نیچے لمتونیہ بربر کیساتھ قبائل عظیم مسموذ جمع ہوگئے جس سے اُسکے پاس جمعیت کثیر ہوگئی۔ اور ابوبکر اور عبداللہ بن یاسین امیر المسلمین ہوگئے اور پھر وہ اہل سوس سے لڑے۔ اور پھر مرابطین نے بنجاسہ و غمت فتح کرلیا۔ اور ابوبکر یہانکا بادشاہ ہوا تو اُسنے اپنے چچازاد بھائی یوسف بن تاشفین لمتونی کو یہاں حاکم مقرر کیا۔ یہ یوسف بن تاشفین بڑا پختہ دیندار تھا عقیل و ذہین جری بہادر بڑی بلا کا تھا۔ ۴۵۳ھ میں ابوبکر کے مرنے کے بعد یہانکا بادشاہ وہی ہوگیا اور اُسکا لقب امیر المسلمین رکھا گیا۔ وہ مغرب کیطرف گیا۔ اور چند قلعے اُسنے فتح کئے۔ پھر

۴۶۸ھ/۱۰۷۶ء میں مراکش کیطرف گیا یہاں زمین بنجر ہموار غیر آباد پڑی تھی۔ یہاں ایک شہر مراکش اُسنے آباد کیا جسکو اب مراکو کہتے ہیں اور اُسکو اپنا دار السلطنت بنایا۔ پندرہ برس کے عرصہ میں اُسنے اپنے قرب و جوار کے شہروں۔ فیض۔ مکنیسا۔ سبتہ طنجہ سلے۔ مغربی مراکش کو اپنی حکومت میں لیلیا۔ ان فتوح سے یوسف بن تاشفین کی شجاعت و سپہ سالاری و لشکر آرائی اور ملک داری کی بڑی شہرت ہوگئی تھی۔ اور مرابطین کے سبب سے اسکا لشکر بھی بڑی شان و شوکت کا ہوگیا اس کو سپین میں عبادیہ سلاطین نے اپنی اعانت کیلئے بلایا اُسوقت اُنپر یہ مصیبت آرہی تھی کہ الفنسو ششم اور بڑے بڑے جری اور بہادر عیسائی سرداروں نے انکو گھیر رکھا تھا اور یوسف نے جاکر ۲۳۔ اکتوبر ۱۰۸۶ء کو زلاکا کے میدان میں عیسائیوں کو شکست دیکر انکا کچھ مزنکالدیا۔ اندلس کی حفاظت کیواسطے وہ تین ہزار بربری سپاہی چھوڑکر خود افریقہ میں چلا آیا۔ لیکن ۱۰۹۰ء میں سپی دل لی (اسلی) کے بادشاہ نے پھر اس سے امداد کی التجا کی کہ وہ عیسائیوں کو انکی یہاں سے نکالے اسدفعہ اس نے سپین کا ملک جتنا مسلمانوں کے قبضہ میں تھا اسکو سلطنت افریقہ کیساتھ الحاق کرلیا اور اُسکو ایک صوبہ اپنی سلطنت کا بنادیا باستثنا ٹولی دو کے جو عیسائیوں کے پاس ہا اور زراگوسا جو ہدیہ کے پاس ہا۔ المرابطین کی فتح مستقل نہ تھی۔ ان کے جوانمرد جفاکش سپاہی بھی اندلس میں رہکر کمزور ہوگئے۔ اور عیسائیوں کی مستقل پیشقدمی کی اچھی طرح سدراہ نہوسکی۔ ان کو جو طاقت بحری بحر مڈی ٹرینین میں حاصل ہوئی تھی اور ایمین ضعف آگیا تھا اُسکے بحال کرنیکا ارادہ نہیں کیا اور قطع اسی پر قناعت کی کہ الجیریا۔ ٹیونس۔ تری پولی مسلمانوں کے پاس رہے۔ اس خاندان مرابطین کا ایک ہی صدی کے اندر خاتمہ ہوگیا۔ انھوں نے بہادرانہ و دلیرانہ چڑھائی تمام شمالی افریقہ اور جنوبی سپین میں کی اور کسی اپنے رقیب کے گھر کو سلامت نہ چھوڑا۔

۵۲۴ھ - ۶۶۷ھ - الموحدین (تمام شمالی افریقہ) ۱۱۳۰ - ۶۹ ۱۲ء

فرقہ الموحدین کا پیشوا ابو عبداللہ محمد بن تومرت ہے۔ وہ بربر کے قبیلہ مصمودا میں جبل سوس کا باشندہ تھا وہ بڑا صالح اور علم شریعت و حدیث نبوی و اصول فقہ سے ماہر تھا۔ لسان عرب و معرب میں بڑا فصیح تھا اور شدید الانکار ایسا کہ جب شخص کو شرع امر اللہ کے خلاف کام کرتے دیکھتا اُسکو بغیر انکار کئے نہیں رہتا۔ اسکو اسی میں لذت آتی تھی کہ بہت لوگ اسکو اذیت پہنچائیں۔ وہ دنیا کے اسباب میں سے سوا عصا و بھیڑ کے پرانے کپڑوں کے نہیں رکھتا تھا اُسکے زہد کی نوبت جنوں تک پہنچ گئی تھی اُسنے اپنا نام مہدی رکھا تھا ۵۲۲ھ/۱۱۲۸ء کو وہ مرگیا اور فرقہ الموحدین کی امارت اپنے دوست اور امیر جیش عبدالمومن کو سپرد کرگیا ۵۳۴ھ/۱۱۳۹ء میں عبدالمومن کی فتوح کا دور شروع ہوا اُسنے المرابطین کے لشکر کو بالکل تباہ کرکے اور ان تلمسان۔ فاس۔ سلا۔ سبتہ۔ اور اغمت۔ ان سبکو دو برس کے عرصہ میں فتح کیا۔ اور ۵۴۱ھ/۱۱۴۶ء میں مراکش کا گیارہ مہینے محاصرہ کرکے فتح کیا اور خاندان المرابطین کا خاتمہ کردیا ۵۴۰ھ/۱۱۴۵ء میں اس نے سپین میں سپاہ بھیجی اور پانچ سال کے عرصہ میں

سپین کے اکثر بلاد کو فتح کر لیا اور اپنا لقب امیر المومنین رکھا۔ اور مراکش و سپین پر قبضہ کیا اور اُسنے مشرق کیطرف فتح ظفر حاصل کی ۵۴۷ھ/۱۱۵۳ء میں الجیریا میں سے حمادیہ خاندان کی سلطنت کو خارج کیا۔ طورس میں جو خاندان زیریہ کے جانشین تورسن ہو رہے تھے اُنکو باہر نکال کر ترپولی کی تسخیر کرنے سے اسکی سلطنت میں سرحد مصر سے بحر اطلانٹک تک کل ساحل اور اسلامی سپین آگیا۔ اسکے جانشینوں کو یہ خطرہ عظیم پیش آیا کہ عیسائی جہادیوں نے ۶۳۲ھ/۱۲۳۵ء میں مسلمانوں کو بڑی شکست دی جس سے الموحد کا خاندان سپین کے جزیرہ نما سے خارج ہو گیا۔ غرناطہ میں جو نصریہ مسلمان تھے اُنھوں نے عیسائیوں کا سخت مقابلہ کیا اور جبتک انکا دار القرار نہ فتح ہوا اُنھوں نے مقابلہ سے ہاتھ نہیں اُٹھایا۔ مگر آخر کار فردی نندایزی بلانے مسلمانوں کو ملک سپین سے ۷۹۷ھ/۱۳۹۲ء میں بالکل خارج کر دیا۔ جسوقت مسلمانوں کے ہاتھ سے ملک سپین نکل گیا افریقہ میں خاندان الموحدین کی سلطنت میں تنزل آگیا۔ صلاح الدین نے ترپولی کو انسے ۱۱۷۲ء میں چھین لیا۔ اور ٹیونس میں جو انکی طرف سے نائب خاندان حفصیہ کے رہتے تھے اُنھوں نے بھی اطاعت سے کنارہ کشی کی اور اپنی خود مختار سلطنت ۱۲۲۸ء میں بنائی اور الجیریا کے مغرب میں تلمسان میں بھی خاندان زیانیہ نے یہی طریقہ اختیار کیا اور ۱۲۳۵ء میں ایک جدا اپنی حکومت بنائی مراکش کے تخت کے لئے بھی بہت سے مدعی کھڑے ہوئے۔ کوہستانی قوموں مرینیہ نے خاندان الموحدین کی دار السلطنت مراکش کو فتح کر کے ۶۶۷ھ/۱۲۶۹ء میں اس خاندان کا خاتمہ کر دیا۔

۶۲۵ - ۹۴۱ ۲۱ حفصیہ (ٹیونس) ۱۲۲۸ - ۱۵۳۴

الموحدین نے ٹیونس میں اپنی طرف سے اول اول اپنا نائب حفص کو بنایا اور یہ نیابت نسلاً بعد نسلٍ اس خاندان میں چلی آئی۔ پھر یہ خاندان خود مختار اور آزاد ہو گیا۔ اس خاندان نے تین سو برس تک ٹیونس میں نہایت عدل و انصاف و فرزانگی سے حکمرانی کی۔ اہل اٹلی کے ساتھ دوستانہ تجارت کا بازار گرم رکھا۔ مگر امیر البحر خیر الدین بربروسا نے ۱۵۳۴ء میں ٹیونس کو سلطان عثمان کے نام سے فتح کر لیا۔ شہنشاہ چارلس پنجم نے حفصہ بادشاہ کو پھر ۱۵۳۵ء میں ٹیونس میں بحال کیا اور ٹیونس کے اندر گولیتا کے قلعہ میں سپین کی سپاہ رکھی۔ اس صوبہ کی حکومت اکثر بحری لیڈروں کے ہاتھ میں رہی جنھوں نے ٹیونس کو دوبارہ ۱۵۶۸ء میں لیلیا اور گولیتا کو ۱۵۷۴ء میں۔ اسکے بعد وہ سلطنت عثمانیہ کا ۱۸۸۱ء میں ٹیونس عملاً فرانس کے قبضہ میں آگیا سنہ ۱۵۱۰ء میں جو ٹیونس کی مملکت میں سے اہل سپین نے ترپولی کو کر لیا تھا سنہ ۱۵۵۱ء سلطنت عثمانیہ پر اسکا اضافہ ہو گیا۔

۶۳۳ - ۷۹۶ھ ۲۲ خاندان زیانیہ الجیریا ۱۲۳۵ - ۱۳۹۳ء

دولت الموحدین کیطرف سے الجیریا میں خاندان زیانیہ کا جو نائب رہتا تھا اُسنے بھی اپنا ہمسایہ حفصہ کا

طریقہ اختیار کیا کہ آقاؤں کو ضعیف دیکھکر خود مختار اور ذی اقتدار ہو گیا انکا دار السلطنت تلمسان تھا ۷۹۶ھ/۱۳۹۲ء میں مراکش مری نیہ نے زیانیہ حکومت کا گلا گھونٹ کر بے جان کر دیا۔

بحری قوت اور سلطنت عثمانیہ

سولھوین صدی سے اس صدی تک شمالی افریقہ کے اضلاع الجیریا۔ ٹیونس۔ تری پولی سلطنت عثمانیہ میں رہی انکو بربری بحری قوت نے سلطنت میں داخل کیا تھا۔ اس سے پہلے سپین نے ساحل افریقہ پر اپنے بڑے مستحکم مقامات بنائے تھے مگر خیر الدین امیر البحر سلطنت عثمانیہ نے اہل سپین سے اکثر مقامات چھین لئے اور ٹیونس کو دولت حفصہ سے چھین لیا۔

۹۲۵ھ/۱۵۱۹ء میں صوبہ الجیریا اور ۹۷۵ھ/۱۵۶۸ء میں ٹیونس اور ۹۶۱ھ/۱۵۵۱ء تری پولی سلطنت عثمانیہ میں داخل ہوئے۔ الجیریا میں قسطنطنیہ کیطرف سے ۲۶ پاشا مقرر ہوئے اور پھر ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء میں الجیریا کے خود پرانے پیادہ سپاہی اپنے میں سے حاکم مقرر کرنے لگے جنکا لقب دے اُنھوں نے رکھا تھا (اسی سے دایہ مشتق ہے) جس سے پاشاؤں کی حکومت کو زوال آگیا۔ پھر ۱۲۳۰ھ/۱۸۱۵ء میں دا دو عہدوں کا کام دینے لگا۔ ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۰ء میں فرانسیسیوں نے الجیریا پر قبضہ کر لیا۔ ٹیونس میں سلطان روم کیطرف سے مقرر ہو کے ۱۱۷۰ھ/۱۷۵۷ء تک وہ حکومت کرتے رہے۔ پھر ترکی کی سپاہ نے اپنے میں سے انمیں حاکم مقرر کرنا شروع کیا جسکا لقب اُنھوں نے بے رکھا تھا اسکو ۱۲۸۱ھ/۱۸۸۱ء میں فرانسیسیوں نے لیلیا۔ تری پولی میں ابتک سلطان روم کیطرف سے پاشا مقرر ہوتے ہیں شمالی افریقہ کے صوبوں میں صرف مراکش میں کبھی عیسائیوں کا تسلط نہیں ہوا۔ اگرچہ ساحل پر اہل سپین نے بہت مستحکم قلعہ بنا رکھے ہیں اور سبتہ اُن کے پاس ہے۔ انگریزوں نے تنجیر کو ایکدفعہ لیلیا تھا مگر اُسکو اپنی غفلت سے کھو دیا۔

۵۹۱ - ۸۷۵ھ مرینیہ - مراکش ۱۱۹۵ - ۱۴۷۹ء

مرینیہ کا خاندان ۵۹۱ھ/۱۱۹۵ء سے مراکش کے مرتفع زمینوں پر حکومت کرتا تھا مگر ۶۶۷ھ/۱۲۶۹ء تک انکو حصہ نہیں ہوا کہ وہ الموحدین کی دار السلطنت پر دست درازی کر کے قبضہ کر لیتے۔ مگر اس سنہ میں اُنھوں نے اُسپر قبضہ کر کے ۷۹۶ھ/۱۳۹۳ء میں مغربی الجیریا کا ملک زیانیہ سے چھین کر شامل کر لیا۔ اُنکو اپنے ہی خاندان کے شعبے وطاسیوں نے برباد کر دیا اور خود اُنکا قایم مقام ہو گیا۔

۹۵۱ - ۱۳۱۱ھ ۲۴ شریف (مراکش) ۱۵۴۴ - ۱۸۹۳ء

شریف سے مراد یہاں سید ہے۔ اہل مراکش اپنی تئیں حسنی سید بتاتے ہیں ۹۵۱ھ/۱۵۴۴ء میں یہ شریف تروڈنت میں فرمانروا تھے اور مراکش اور فارس کو اُنھوں نے بہت بہت جلد اپنے قبضہ میں کر لیا تھا۔ مگر انکی سلطنت کا آغاز ۹۵۱ھ/۱۵۴۴ء سے شروع ہوتا ہے اس خاندان کے دو شعبے ہوئے۔ ایک حسنی شریف اور دوسرا فلالی شریف چھ برس تک ان دونوں میں لڑائی جھگڑا رہا اُنکی حدود سلطنت تو وہی رہیں جو آج تک ہیں۔ مگر ان حریفوں اور رقیبوں میں سے ایک شریف فاس میں دوسرا شریف اُس کے

مقابل ہیں۔ مراکش میں رہتا تھا۔ یہ شریف اپنے تئیں خلیفہ اور امیر المومنین کے لقب کا مستحق سمجھتے ہیں۔

فصل چہارم۔ مصر و شام

۲۵ طولونیہ ۱۶ اخشیدیہ۔ ۲۷ فاطمیہ۔ ۲۸ ایوبیہ۔ ۲۹ مملوک۔ عثمان لی ۳۰ خدیو

مسلمانوں کے عہد سلطنت میں مصر و شام اکثر ایک سلطنت میں شامل رہے ہیں۔ شام کو ۱۴ھ/۶۳۵ء میں اور مصر کو ۲۱ھ/۶۴۱ء میں اہل عرب نے فتح کیا تھا۔ مصر میں آغاز فتح سے ۲۵۴ھ/۸۶۸ء تک ۹۸ حاکم اپنی طرف سے خلفاء بنی امیہ و خلفاء عباسیہ نے مقرر کئے۔ مگر ۲۵۴ھ/۸۶۸ء میں احمد بن طولون ایسا حاکم مقرر ہوا کہ اس نے اپنے ایک آزاد سلطنت جمائی اور ۳۷ برس تک اسکے خاندان میں وہ چلی۔ اس خاندان کی سلطنت کے ختم ہونے کے کچھ عرصہ کے بعد اخشید یہ خاندان کی سلطنت قایم ہوئی جسکے بعد زمانہ متوسط میں خلفاء فاطمیہ نے سلطنت بڑی شان و شوکت سے کی۔ اس آخر سلطنت کے زمانہ میں ملک شام میں آزادانہ سلطنت مرداسیہ۔ بوریہ۔ زنگیہ خاندانوں کی کی۔ مگر سلطان صلاح الدین نے پھر اُن کو مصر کی سلطنت میں داخل کر لیا۔ سلطان صلاح الدین خاندان ایوبیہ کا بانی ہے۔ یہی صورت ان دونوں ملکوں کی اس زمانہ تک رہی کہ دونوں سلطنت عثمانیہ کے جداجدا صوبے بنگئے۔ ۱۸۳۱ء میں ابراہیم پاشا نے جو محمد علی کا بڑا بیٹا تھا ملک شام کو سلطنت مصر میں شامل کر لیا۔ یورپ کی سلطنتوں نے ۱۸۴۱ء میں پھر سلطان روم کو اُسے دلا دیا اب وہ ترکی ولایت ہے یعنے ترکوں کی سلطنت میں ہے۔

۲۵۴ - ۲۹۲ھ ۲۵ دولت طولونیہ ۸۶۸ - ۹۰۵ء

طولون ایک ترکی غلام تھا جسکو بخارا کے امیر نے خلیفہ مامون کو تحفتہً بھیجا تھا۔ دارالسلطنت بغداد اور سامرہ میں وزیر کے درجہ پر پہنچ گیا۔ اُسکے مرنیکے بعد ۲۴۰ھ میں اُسکا بیٹا احمد اپنے باپ کے منصب پر مقرر ہوا اور ۲۵۴ھ/۸۶۸ء میں مصر میں نائب مقرر ہوا اور یہاں وہ عملاً خود مختار ہو گیا۔ ۲۶۴ھ/۸۷۷ء میں اُسنے ملک شام کو بھی اپنی سلطنت میں داخل کر لیا۔ یہ سلطنت اس خاندان میں ۲۹۲ھ/۹۰۵ء تک قائم رہی اور پھر اُسکا خاتمہ ہو گیا۔ قسطاط اور قاہرہ کے درمیان اس خاندان کا دارالسلطنت قطائع تھا۔ وہ دولتمند بادشاہ اور عیش و عشرت میں بڑا نامور تھا اور بڑی بڑی عمارات عالیشان اُسنے بنائیں۔

۲۲۳ - ۳۵۸ھ ۲۶ دولت اخشیدیہ ۹۳۵ - ۹۶۹ء

بعد خاندان طولونیہ کے کچھ عرصہ تک مصر و شام میں پھر خلفاء عباسیہ بغداد کیطرف سے حاکم مقرر ہوتے تھے مگر انکی حکومت غیر مستقل عیروں کی مرضی پر موقوف رہی۔ محمد اخشید نے اپنے خاندان کی سلطنت جمائی۔ جیحون کے پار فرغانہ کے حاکم کو لقب اخشید تھا محمد اخشید فرغانہ کے امیر طغج کا بیٹا تھا جو خلیفہ بغداد کیطرف سے وہاں مقرر تھا۔ طغج دمشق کا حاکم مقرر ہوا مگر ذلیل و خوار ہو کر وہ قید خانہ میں گیا۔ محمد کی خوش نصیبی سے باپ کی بدنصیبی کا معاوضہ ہو گیا۔ مقتدر باللہ خلیفہ بغداد نے ۳۲۳ھ میں پہلے

اُسکو رملہ کا حاکم مقرر کیا اور راضی خلیفہ بغداد نے اسکو ۳۲۲ھ میں دمشق کا حاکم مقرر کیا اور ۲۳ رمضان ۳۲۳ھ کو وہ مصر کا حاکم مقرر ہوا ۳۲۴ھ میں اُسنے اپنا لقب اخشید رکھا ۳۳۳ھ میں اُسنے ملک شام کو اپنی سلطنت میں داخل کر لیا اور آئندہ سال میں مکہ مدینہ کو بھی اُس پر اضافہ کیا۔

۲۹۷-۵۶۷ھ - ۲۷ دولت بنی فاطمہ - ۹۰۹-۱۱۷۱ء

۲۹۷ھ/۹۰۹ء میں خلفائے سادات کی افریقہ میں ابتدائی ہوئی اور اُنکی سلطنت کا خاتمہ ۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء میں ہوا۔ اوّل خلیفہ سادات ابو محمد عبید اللہ ہوا۔ دولت ادا سیہ نے اس دولت سادات بنی فاطمہ کے لئے سلطنت کا دروازہ کھولدیا تھا۔ بہت سے شیعی داعی پیدا ہو گئے تھے۔ جو شیعہ مذہب کی طرف قبائل بربر کی دعوت کرتے تھے۔ اب ایک نیا پیشوا عبید اللہ پیدا ہوا جس نے اپنا لقب المہدی رکھا اور خلافت اور امیر المومنین ہونے کا دعویٰ کیا ۲۹۷ھ/۹۰۹ء میں اُس نے دولت اغلبیہ کے بقیہ کو باقی نہ رکھا اور شمالی افریقہ کا باستثنائے مراکش دار السلطنت ادریسیہ خود مالک ہو گیا اور ۳۰۳ھ میں موضع مہدیہ جو تیونس کے قریب تھا بڑا شہر بنایا اور اُس کو اپنی دار السلطنت مقرر کیا۔ نصف صدی کے بعد اُنہوں نے مصر اور شام کو بھی اپنی سلطنت میں شامل کر لیا اُن کے سپہ سالار جوہر نے ۳۵۸ھ/۹۶۹ء میں خاندان اخشیدیہ کے ایک طفل خرد سال سے مصر چھینا اور قاہرہ کی بنیاد رکھی اور اُسکی فصیل نہایت مضبوط بنائی اور جنوبی شام کو بھی اسی سنہ میں فتح کر لیا ۳۷۱ھ/۹۸۱ء حلب بھی سلطنت میں داخل ہو گیا اب اس سلطنت کی وسعت صحرائے شام اور تیونس سے لیکر مراکش تک ہو گئی۔ یہ اس سلطنت نے بڑی غلطی کی کہ قیروان اور مہدیہ سے دار السلطنت کو قاہرہ میں منتقل کیا جس کا بیان ہم پہلے کر چکے ہیں کہ جس کے سبب سے مغربی اضلاع اُس کی حکومت سے نکل گئے۔ نورمن نے ۱۰۹۰ء میں سسلی ۱۰۹۸ء میں مالٹا کو ۱۱۴۳ء طرابلس کو ۱۱۴۸ء میں مہدیہ اور قیروان کو اُن سے چھین لیا۔ مگر بنی فاطمہ کے خلفاء کی سلطنت مدتوں تک مصر اور شام میں بڑی شان و شوکت کی رہی اور اس میں تنزل نہیں آیا اور تمام ممالک مڈی ٹرینین میں ان کی دولت تجارت عظیم الشان جاری رہی ۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء میں صلاح الدین نے اس سلطنت کا خاتمہ کر دیا۔

۵۶۴-۶۴۸ھ - ۲۸ دولت ایوبیہ مصر و شام - ۱۱۶۹-۱۲۵۰ء

دولت ایوبیہ کی ابتدا ۵۶۴ھ کی ماہ ربیع الاوّل سے ہوئی۔

شادی کے دو بیٹے شیرکوہ اور ایوب تھے۔ شیر دوین کا وہ رہنے والا تھا۔ ابن اثیر لکھتا ہے کہ اصل ان دونوں کی اکراد ہے یعنی وہ کردستان کے رہنے والے تھے وہ رودابہ میں رہتے تھے عراق میں چلے آئے تھے۔ ایوب بڑا شیرکوہ سے تھا وہ بہرام سلجوقی کوتوال کے پاس رہا کرتا تھا اس کوتوال نے اس کو شہر تکریت کا محافظ مقرر کر دیا تھا۔ پھر یہ دونوں بھائی عماد الدین زنگی کی خدمت میں رہنے لگے۔ عماد الدین نے شہر بعلبک کا محافظ ایوب کو مقرر کر دیا اور پھر وہ لشکر

دمشق کا بڑا سردار ہوگیا شیرکوہ عمادالدین کے مرنے کے بعد اسکے بیٹے نورالدین کے پاس رہنے لگا اُسنے شہر حمص اور رحبہ عطا کئے اور اُسکی شجاعت دیکھکر اپنے لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا۔ عاضد الدین خلیفہ مصر فرنگیوں اور شاور کے ہاتھ سے تنگ تھا اُس نے نورالدین سے امداد کی التجا کی۔ نورالدین نے شیرکوہ اور صلاح الدین کو بھیجا۔ اُنہوں نے ملک مصر کے فساد اور جھگڑوں کا فیصلہ کردیا۔ عاضدالدین نے شیرکوہ کو اپنا وزیر مقرر کیا اور اُسکو وہ اختیارات دیئے جو پہلے کسی خلیفہ نے وزیر کو نہیں دیئے تھے۔ جب شیرکوہ ۵۶۴ھ/۱۱۶۹ء میں اس دنیا سے رخصت ہوا تو اپنے چچا کی جگہ صلاح الدین مقرر ہوا۔ اور عاضدالدین نے سارا ملک اُسکو سپرد کردیا۔ اسطرح اس سنہ میں وہ مصر کا بالکل مالک ہوگیا۔ گو خلیفہ بنی فاطمہ عاضد تین برس تک زندہ رہا ۵۶۷ھ/۱۱۷۱ء کے اوائل مہینے میں قاہرہ میں خلیفہ عباسیہ مستضی کا نام بجائے عاضد کے خطبہ میں پڑھا گیا۔ اُس پر کچھ فساد نہیں ہوا۔ اور مصر کی حکومت شیعہ خلفاء سے پھر اہل سنت خلفاء کے ہاتھ میں آگئی۔ حجاز کے مقدس شہروں میں اکثر سلاطین مصر کا قبضہ رہتا تھا۔ ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں صلاح الدین نے اپنے بھائی توران شاہ کو یمن کا حاکم مقرر کیا۔ ۵۶۸ھ/۱۱۷۲ء میں تریولی کو نورمن سے صلاح الدین نے چھین لیا۔ اسی سال میں نورالدین نے وفات پائی۔ شام کی حملہ آوری کیلئے رستہ کھلا ۵۷۰ھ/۱۱۷۴ء میں دمشق میں صلاح الدین داخل ہوا اور تمام ملک شام کو ہلا مارا ۵۷۰-۵۷۱ھ میں باوجود زنگیوں کی مخالفت کے اُسنے اپنی سلطنت کو دریائے فرات تک پھیلا دیا جب نورالدین کے بیٹے صالح کا انتقال ہوا تو ۵۷۹ھ/۱۱۸۳ء میں موصل پر قبضہ کرلیا اور ۵۸۱ھ میں عراق عربی کے بہت سے امیروں کو اپنا خراج گزار اور تابع بنایا۔ اب دریائے فرات سے لیکر دریائے نیل تک سوائے ان گڑھیوں کے جو عیسائی جہادیوں کے پاس تھیں وہ فرمان روائی کرتا تھا۔ جنگ حطین مہر جولائی ۱۱۸۷ء کو ہوئی تھی جسکے سبب سے اور یشلم سے عیسائی سلطنت اُٹھ گئی۔ اور تین مہینے بیت المقدس پر صلاح الدین کا تسلط ہوگیا اور کوئی قلعہ عیسائیوں کے پاس سوائے ٹائر کے باقی نہیں رہا۔ اہل یورپ کو جب یہ حال معلوم ہوا تو جہاد کیلئے تیسری دفعہ آمادہ ہوئے اور انگلستان کا بادشاہ رچرڈ اور فلپ آگسٹس شاہ فرانس دونوں ۱۱۹۰ء میں بیت المقدس کی طرف چلے اور ۱۱۹۱ء میں عکہ کے محاصرہ میں دونوں شریک ہوگئے ڈیڑھ برس تک یہ جہاد جاری رہا اور ۱۱۹۲ء میں تین برس کیلئے صلح ہوگئی جس سے اس لڑائی سے کوئی فائدہ عیسائی جہادیوں کو نہیں ہوا سلطان صلاح الدین ۲۷ صفر ۵۸۹ھ/۱۱۹۳ء میں بارہ روز بیمار رہا اور پھر اس دنیا سے سفر کیا۔ وہ تکریت میں ۵۳۲ھ میں پیدا ہوا تھا عمر اُسکی ۵۷ برس کی تھی ۲۴ برس تک ملک مصر پر حکومت کی اور ۱۹ برس شام میں سلطان کے مرنیکے بعد اسکے بھائیوں بھتیجوں نے اس وسیع سلطنت کے حصے کرکے تقسیم کرلیا۔ اس خاندان میں اسکے بھائی سیف الدین عادل نے بڑا نام پایا۔ اور بہ تدریج بڑے اعلیٰ درجہ پر پہونچا۔ ابتدا میں سلطان صلاح الدین کے بیٹے اسطرح فرمانروا مقرر ہوئے کہ

افضل دمشق میں۔ عزیز قاہرہ میں طاہر حلب میں ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء میں افضل کی جگہ دمشق میں عادل مقرر ہوا اور عزیز کے جانشین منصور کی جگہ بھی ۵۹۶ھ/۱۱۹۹ء قاہرہ کے اندر عادل مقرر ہوا۔ حلب ۶۴۸ھ/۱۲۶۰ء تک سلطان کی اولاد کے قبضہ میں رہا۔ عادل نے مصر اور شام کے بڑے حصے میں ۵۹۲-۵۹۶ھ کے اندر سلطنت حاصل کرلی اور ۵۹۷ھ/۱۲۰۰ء میں اپنے بیٹوں میں سے ایک بیٹے کو عراق عربی کا حاکم مقرر کیا۔ غرض دولت ایوبیہ میں عادل بڑا اقبال مند ہوا اور بڑے کروفر کے ساتھ سلطنت کی ۶۱۵ھ/۱۲۱۸ء میں اسنے انتقال کیا۔ اسکی اولاد مختلف ملکوں میں سلطنت کرتی رہی اور اُسکی شاخیں مصر۔ دمشق۔ عراق عربی میں حکمراں رہیں۔ یہ سب عادل کی اولاد میں سے تھیں۔ مگر حماہ اور ابھی سا دیمن میں خاندان ایوبیہ کی اور شاخوں کی اولاد فرمانروا رہی۔

۶۴۸ھ/۱۲۵۰ء میں مصر میں عادلی ایوبیہ کی شاخ عظیم سلطنت کرتی تھی اور اکثر ملک شام بھی اُنکے تحت حکومت رہتا تھا اسنے بحری مملوک (غلاموں) کو سلطنت کی راہ دکھادی۔ دمشق میں جو اس خاندان کی شاخ سلطنت کرتی تھی وہ شام کی سلطنت کیلئے ان شاخوں سے لڑتی تھی جو مصر وحلب میں حکومت کرتی تھیں۔ ان دونوں کو تاتار کے چنگیز خاں نے ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء میں ٹھکانے لگا دیا اور برباد کردیا۔ یہی حال عادل کے جانشینوں کا عراق عرب میں ۶۴۳ھ/۱۲۴۵ء میں اسنے کیا۔ مملوک نے ان سے ۶۶۱ھ/۱۲۶۲ء میں امی ساکو چھین لیا۔ ۶۲۵ھ/۱۲۲۸ء کے شروع میں عرب میں دولت ایوبیہ کی جگہ دولت رسولیہ قائم ہوئی۔ مگر حماہ میں سلطان صلاح الدین کے خاندان کی ایک شاخ ۷۴۲ھ/۱۳۴۱ء تک سلطنت کرتی رہی۔ گو کبھی اس میں خلل آگیا ابوالفدا نے ان سب کا حال مفصل لکھا ہے +

۶۵۰-۹۲۲ھ ۲۹ مملوک سلاطین ۱۲۵۲-۱۵۱۷ء

مملوک جسکے معنی غلام کے ہیں اسکا اطلاق اکثر سفید رنگ کے غلام پر کیا جاتا تھا مصر کے مملوک سلاطین ترکی اور سرکشی غلام تھے۔ سلطان صالح ایوبیہ کو ان غلاموں کا بڑا شوق تھا اس لئے انکو خاص اپنی ذات کی محافظ سپاہ میں بھرتی کیا تھا۔ ایک عورت درۃ الشجر دولت سلاطین مملوک کی بانی ہوئی ہے وہ ملک صالح کی بیوی تھی جسکے مرنیکے بعد اسنے اپنے خاوند کے غلام بغز بیگ ترکمانی سے نکاح کیا اور اُس کو اس سبب سے کہ اسنے بدرالدین لولو حاکم موصل کی بیٹی سے نکاح کرنیکا ارادہ کیا تھا حمام میں مار ڈالا۔ ملک مصر میں اسکا خطبہ پڑھا گیا۔ مگر اسکے ساتھ بڑے نام خاندان ایوبیہ میں سے موسیٰ ابن یوسف شریک تھا درۃ الشجر سے سلطنت کا سلسلہ غلاموں کے خاندان میں یعنی مملوک میں چلا۔ ان غلاموں کے خاندان کے شعبے تھے ایک بحریہ (دریائی) اور دوسرا برجی (قلعہ) کہلاتا تھا۔ ان دونوں شاخوں نے شروع سولہویں صدی تک سلطنت کی۔ اگرچہ ان سلاطین کی سلطنت تھوڑے تھوڑے دنوں رہی اور بہت سے ملکی جھگڑے اور قضایا پیش آئے اور سلاطین قتل ہوتے رہے مگر اُن کی سلطنت کا نظم ونسق بخوبی قائم رہا کچھ خلل نہیں پڑا۔ قاہرہ زبان حال سے

پکار رہا ہے کہ اُن کو کیسا عمارات کا شوق اور علوم و فنون کا ذوق تھا۔ اُنھوں نے اپنے جوہر شجاعت کو صلیبی جہادیوں اور تاتاریوں کے مقابلہ میں دکھایا۔ تیرہویں صدی میں تاتاریوں نے ایشیا کو اپنے تاخت و تاراج سے پامال کر دیا تھا اور مصر کو بھی دھمکایا تھا۔ مگر سلاطین مملوک کا وہ بال بیکا نہ کر سکے۔

۶۴۵ - ۷۹۲ھ -	ا بحری مملوک	۱۲۵۰ -	۱۳۹۰
۷۸۴ - ۹۲۲	ب برجی مملوک	۱۳۸۰ -	۱۵۱۷
۱۲۲۰ - ۱۳۱۱	۳۰ خدیو مصر	۱۸۰۵ -	۱۸۹۳

۹۲۲ھ / ۱۵۱۷ء میں سلطان روم سلیم اول نے مصر کو فتح کر لیا تھا اس زمانہ سے تین سو برس تک ملک مصر سلطنت روم کا ایک صوبہ رہا۔ سلطان روم کی طرف سے یہاں پاشا مقرر ہو کے قسطنطنیہ سے آتے تھے۔ مگر ان پاشاؤں کے اختیارات میں مملوک بے کے کونسل کے مقرر ہونے سے کمی آگئی تھی ۱۷۹۸ء میں مصر میں نپولین کے آنے سے جو انتظام سلطنت مصر کا تھا اسکا خاتمہ ہو گیا تھا لیکن ابو بکر اور اسکندریہ میں جو انگلستان کو فتوحات حاصل ہوئیں تو اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۸۰۱ء میں فرانسیسیوں کو مصر چھوڑنا پڑا اور پھر پرانے لڑائی جھگڑے قائم ہوئے ۱۸۰۵ء میں مصر کی سیاہ ترکی میں محمد علی البانین رجمنٹ کا افسر تھا اُسنے بہت سے مملوک سرداروں کو قتل کر ڈالا اور آپ قاہرہ کا مالک بن بیٹھا۔ ایک ایسا ہی اور قتل عام ہوا اسلئے ملک مصر میں برائے نام سلطان روم کی سلطنت باقی رہگئی اصل میں سلطنت محمد علی کے خاندان میں تھی ۱۸۶۶ء میں اس خاندان کے چوتھے فرمانروا مصر نے اپنا خطاب خدیو اختیار کیا۔ ۱۸۳۱ء ملک شام بھی اس سلطنت میں داخل ہو گیا تھا مگر انگلستان کے دباؤ سے پھر ۱۸۴۱ء میں سلطان روم کو واپس مل گیا۔ سوڈان پر بڑی ناکام چڑھائیاں ہوئیں مگر جنرل گارڈن کی وفات کے بعد ۱۸۸۵ء میں سوڈان مصر کی ماتحتی سے نکل گیا مصر کی جنوبی سرحد رود نیل کے دوسرے آبشار تک ہے اور جب سے عربی پاشا کی بغاوت کو انگریزوں نے فرو کیا ہے مصر کا نظم و نسق سلطنت انگلیشیہ کی صلاح سے ہوتا ہے۔

فصل پنجم یمن

۳۳ زیادیہ (زبید) ۳۴ یعفوریہ (شاوجند) ۳۵ نجاحیہ (زبید) ۳۶ صلیحیہ (صنعا) ۳۷ ہمدانیہ (زبید) ۳۸ زوریہ (عدن) دولت ایوبیہ میں سے ۳۹ رسولیہ (یمن) ۴۰ طاہریہ (یمن) ۴۱ ائمہ رسد (سعدا) ۴۲ ائمہ صنعا

یمن

یمن میں ایک حاکم اور اُسکا نائب مکہ یا مدینہ میں خلفا مقرر کیا کرتے تھے۔ انکے سوا اور آبادیاں تھیں۔ انمیں شیخ

اپنے اپنے قبیلہ کا انتظام کرتے تھے۔ تیسری صدی میں جب شمالی افریقہ میں دولت ادریسیہ و دولت اغلبیہ آزاد و خود مختار ہوگئیں تو ان کی دیکھا دیکھی یمن بھی ایک جدا خود مختار آزاد سلطنت ہوگئی جس زمانہ میں دولت عباسیہ کے دست رست کو خراسان طاہر قطع کر رہا تھا محمد زیاد نے بھی تہامہ میں ایک شہر زبید تعمیر کرا کے اپنی جدا سلطنت جمائی۔ اگرچہ کبھی کبھی خلفا کی طرف سے بھی یمن میں حاکم مقرر ہوتے رہے۔

۲۰۴ - ۴۰۹ھ ۳۳-۸۱۹ء دولت زیادیہ (زبید) ۸۱۹ - ۱۰۱۸ء

محمد آل زیاد سے تھا۔ وہ فضل بن سہیل ذوالریاستین کے پاس رہتا تھا جب یمن میں خلیفہ مامون کے عہد میں خلل پڑا تو فضل کی سفارش کر کے محمد ابن زیاد کو یمن میں امیر مقرر کرا دیا ۲۰۳ھ میں تہامہ کو فتح کر لیا ۲۰۴ھ میں اُسنے شہر زبید کی بنا ڈالی اور اسکی فصیل بنائی۔ جعفر اپنے غلام کو بہت سے تحفہ تحائف دیکر خلیفہ مامون پاس بھیجا اور مامون کی پاس سے ۲۰۷ھ میں جعفر مع لشکر دو ہزار سوار کے یمن میں آیا تو ابن زیاد کی حکومت کو اور استواری ہوئی اور ولایت یمن کا مالک ہوگیا جعفر اسکا غلام بڑا دانشمند و دلاور تھا اُسکے سبب سے ابن زیاد کی سلطنت کو بڑی ترقی و رونق ہوئی۔ دو سو چار برس تک اس خاندان میں حکومت برقرار رہی ۴۰۴ھ میں اسکا آغاز اور ۴۰۹ھ میں اسکا انجام ہوا جب سلطنت کا تنزل شروع ہوا تو ملک کے مختلف حصوں میں نئے نئے خاندان خود مختار مطلق العنان حاکم بن بیٹھے اور دولت زیاد کے غلاموں میں سلطنت تقسیم ہوئی صنعا اور جند میں یعفری نے اپنی حکومت قایم کی سلیمان بن طرف نے یمن کے مغربی اطراف میں بہت کچھ حصہ ملک کا دبا لیا اور عشر کو اپنا دارالسلطنت بنا لیا ۲۹۲ھ میں قرمطی علی بن فضل نے زبید کو خوب لوٹا۔ دولت زیاد کے آخر بادشاہ ابراہیم کے زمانہ میں غلاموں کے ہاتھ سلطنت کے کل اختیارات تھے۔ نجاح حبشی نے جو مرجان کا غلام تھا ملک پر قبضہ کر لیا اور زبید میں ۴۱۲ھ/۱۰۲۱ء سے دولت نجاحیہ کا دور شروع ہوا۔

۲۴۷ - ۳۴۵ھ ۳۴ یعفریہ صنعا اور جند - ۸۶۱ - ۹۵۶ء

۴۱۲ - ۵۵۳ھ ۳۵ دولت نجاحیہ (زبید) ۱۰۲۱-۱۱۵۸ء

نجاح نے ۴۵۲ھ/۱۰۶۰ء تک سلطنت کی اور پھر اس دنیا سے سفر کیا ۴۷۳ھ میں زبید کو صلیحی نے فتح کر لیا مگر نجاحی بیٹے نے پھر اسپر قبضہ کیا۔ غرض نجاح و صلیحی کی خاندان میں دو دو ہاتھ ہمیشہ ہوتے رہے آخر کو نجاح کے خاندان کا خاتمہ صلیحی کے خاندان نے کر دیا۔

۴۲۹ - ۴۹۵ھ ۳۶ دولت صلیحیہ صنعا - ۱۰۳۷ - ۱۱۰۱ء

تمام ملک یمن میں علی بن محمد بن علی صلیحی کا قبضہ و تصرف ہوگیا علی الصلیحی کے باپ قاضی محمد کا مذہب سنی تھا اور جبل حراز کے سب آدمی اُسکے مطیع و منقاد تھے اسکے بیٹے علی نے عامر بن عبد اللہ رواحی سے تعلیم شیعہ مذہب کی پائی اور اس کا

قائمقام ہوا۔ اور شیعہ مذہب کی دعوت لوگوں کو کرتا رہا۔ ۴۲۹ھ میں وہ اس کام کو چھوڑ کر مسار میں جا کر خود مختار اور آزاد ہو گیا۔ نجاح کے مرنے کے بعد ۴۵۴ھ میں زبید کو اور ۴۵۵ھ میں کل یمن کو فتح کر لیا اور ۴۵۵-۴۵۶ھ میں مکہ پر قبضہ کیا اور صنعا کو اپنا دار السلطنت بنایا۔ ۴۷۳ھ میں انتقال کیا مرتے تک زبید اسکے قبضہ میں رہا مگر پھر نکل گیا۔ ۴۷۵ھ میں اسکے بیٹے مکرم احمد نے پھر اسپر قبضہ کیا مگر پھر ۴۷۹ھ میں اسکے ہاتھ سے وہ نکل گیا۔ پھر اسنے ۴۸۸ھ میں اسے فتح کیا مگر فتح ہوتے ہی پھر اسکے ہاتھ سے ایسا گیا کہ پھر ہاتھ نہ آیا۔ ۴۸۹ھ میں مکرم نے اپنی دار الحکومت کو مخلاف جعفر میں ذوجبلہ میں بدلا تھا۔

۴۹۲-۵۶۹ھ ۳۷ دولت ہمدانیہ صنعا۔ ۱۰۹۸-۱۱۷۳ء

یمن کے وہ ہمیر حاشد اور بکیل کے قبائل بڑے مشہور و معروف تھے اور صنعا و سعدا کے قریب رہتے تھے انکی بہت سی شاخیں بنو ہمدان بنیں۔ خاندان صلیحیہ کے بعد خاندان ایوبیہ کے حملوں تک پون صدی تک بنو ہمدان میں سے ہی صنعا کے حاکم ہوتے رہے۔

۵۵۴-۵۶۹ھ ۱۵ دولت مہدیہ۔ زبید۔ ۱۱۵۹-۱۱۷۳ء

علی بن مہدی ذی یمن سے نجاح کی ریاست کو دور کر کے ۴۵۴ھ میں اپنی ریاست جمائی۔ علی بن مہدی قبیلہ حمیر میں تھا اور عنبرہ میں رہتا تھا جو زبید کے محاذات میں سے ہے اسکا باپ مہدی مرد صالح عزلت نشین تھا۔ اسکا بیٹا بھی اپنے باپ کے طریقہ پر چلا۔ اول حاجی ہوا۔ پھر واعظ بنا وہ بہت حسین و فصیح عالم تھا۔ کچھ غیب کی باتیں بھی بتایا کرتا تھا۔ غرض دلوں کے تسخیر کرنیکے سب گر اُسے یاد تھے جب ایک جم غفیر اُسکا معتقد اور مطیع ہو گیا تو ۴۵۱ھ میں پہاڑ دنیں چلا گیا اور وہاں ایک قلعہ میں جسکا نام الشرف ہے گیا یہاں کے باشندوں نے جو قبیلہ جولان کے تھے اُسکی اطاعت کی غرض ان لوگوں کا نام مہاجرین رکھا تھا جو تہامہ سے اسکے ساتھ گئے تھے اور قبیلہ جولان کا نام انصار رکھا۔ غرض آنحضرتؐ کی نقل اُتاری۔ پھر مہاجرین اور انصار کے امام الگ الگ مقرر کر لئے اور امامونکا شیخ الاسلام لقب دیا۔ اور رات دن لوٹنے کا شیوہ اختیار کیا۔ اسکی لوٹ سے سوداگروں کی راہیں بند ہو گئیں۔ کاروان اور قافلے ویران و تباہ ہو گئے۔ بعد ازاں زبید کا محاصرہ کئے رہا جبتک کہ فاتک بن محمد نے جو آخر بادشاہ ملوک بنی نجاح میں سے تھا مقتول ہوا۔ بعد اسکے قتل ہونیکے اُسکے غلام علی بن مہدی سے خوب لڑتے رہے مگر آخر کار علی بن مہدی کو فتح ہوئی۔ چنانچہ بروز جمعہ ۱۴ تاریخ ۱۰ رجب ۵۵۴ھ میں دار الملک زبید پر اسکا قبضہ ہوا۔ دو مہینے ۱۲ روز سلطنت کی پھر ماہ شوال میں وفات پائی۔ اسکی اولاد تہامہ اور بعض اور اضلاع پر قابض رہی جبتک خاندان ایوبیہ نے اُسکو برباد کیا۔

۴۷۶-۵۶۹ھ ۳۹ دولت زوریہ۔ عدن۔ ۱۰۸۳-۱۱۷۳ء

۴۷۶ھ میں کرم صلیحی نے عباس اور مسعود دونوں کو عدن میں حاکم اپنی طرف سے مقرر کیا تھا۔ یہاں کئی

نسلوں تک یہ مشترک انتظام چلا۔ ابو مسعود اور ابو غانم نے بادشاہ صنعا کی اطاعت سے سرتابی کرکے آزادی حاصل کی مگر وہ آزادی کو ہمیشہ سنبھال نہ سکے۔ یمن میں صلیحیہ کے اس خاندان کی عظمت بھی مانی جاتی ہے۔ دولت ایوبیہ نے اسے بھی برباد کیا۔

۵۶۹ - ۶۲۵ھ - ایوبیہ یمن ۱۱۷۳ - ۱۲۲۸ء

عرب کے زمانہ متوسط کی تاریخ میں ایوبیہ کی فتح ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں واقعہ عظیم سمجھا جاتا ہے۔ سلطان صلاح الدین کے رشتہ دار نے یمن کے تمام خاندانوں کا خاتمہ کیا اور اسکو بالکل تاخت وتاراج کیا اور جس شان وشکوہ سے سلطنت مصر شام عراق عرب میں کی تھی ایسی ہی یہانکی صنعا سے ہمدانیوں کو زبید سے مہدیہ کو عدن سے زوریہ کو توران شاہ بن ایوب نے خارج کردیا۔ اور نصف صدی تک (۵۶۹ - ۶۲۵) تک یمن اسی خاندان کے قبضہ میں رہا جو مصر وشام میں حکومت کرتا تھا۔

۶۲۶ - ۸۵۸ھ ۴۰ رسولیہ یمن - ۱۲۲۹ - ۱۴۵۴ء

ملک مسعود بن کامل جب حج کو گیا ہے تو اُسنے دارو غہ علی بن رسول کو یمن میں اپنا نائب مقرر کیا تھا وہ اولاد ایوب کی حکومت تک نائب رہا۔ علی بن رسول کے چند بھائی بطور اول کے مصر میں لاکر اس خیال سے رکھے گئے تھے کہ وہ کوئی تغلب وخیانت یمن میں نہ کرنے پائے۔ جب اس کا انتقال ہوا تو عمر بن علی اپنے باپ کی جگہ مقرر ہوا۔ جب اس کے چچاؤں نے چند ایلچی اسکے معزول کرنیکے لئے اس لئے بھیجے کہ وہ خود یمن کی نیابت کے خواہاں تھے تو اُسنے ایلچیوں کو قید کیا اور یمن میں مطلق العنان ہوکر سلطنت کرنے لگا۔ حضرموت سے مکہ تک دو سو برس اس خاندان نے سلطنت کی۔

۸۵۰ - ۹۲۳ھ ۴۱ طاہریہ یمن - ۱۴۴۵ - ۱۵۱۷ء

جب خاندان رسولیہ تباہ ہوا تو یمن میں بنی طاہر اسکا جانشین ہوا۔ اور جبتک اسنے سلطنت کی کہ مصر کے سلاطین مملوک میں سے آخر سلطان قانصوہ غوری نے ملک عرب کو فتح کیا۔ پھر ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء میں عثمان لی ترک نے فتح کرلیا۔ مگر ۹۴۳ھ/۱۵۳۶ء میں اُس کو چھوڑ دیا اور وہیں کے اماموں کو حکومت دیدی۔

۲۸۸ - ۷۰۰ ھ - ۴۲ - ائمہ رسّی - سعدا - ۸۹۳ - ۱۳۰۰ء

شیعوں میں ائمہ زیدیہ کا ایک فرقہ ہے جسکو قاسم رسّی کے پوتے ہادی یحییٰ نے اوّل یمن میں سعدا کے اندر قائم کیا تھا خلیفہ ماموں کے عہد میں قاسم رسّی ایک ضعیف الاعتقاد وسیع المشرب تھا۔ یہ فرقہ زیدیہ امامونکا ابتک قائم ہے گو کہیں کہیں ان کے سلسلہ میں شکستگی آگئی ہے۔

۱۰۰۰ھ - ۴۳ - ائمہ صنعا - ۱۵۹۱ء

ائمہ مذکورہ بالا اپنا صدر مقام سعدا میں رکھتے تھے مگر انکے جانشین اکثر صنعا میں بھی ہوتے تھے۔ عثمان لی ترک

کا اخراج جبتک کہ ۱۰۴۳ھ/۱۶۳۳ء میں نہیں ہوا ئمین میں اماموں کا مستقل دارالحکومت صنعا نہیں ہوا۔ جو امام یہاں حکومت کرتا ہے اُسکو امام صنعا کہتے ہیں۔ درحقیقت یہ انہیں اماموں کی نسل میں سے ہیں جو سعدا میں رہتے تھے۔ ہادی یحیی کے بڑے پوتے یوسف داعی کی اولاد میں قاسم منصور تھا جس نے ائمہ صنعا کی بنا ڈالی۔ ہادی یحیی ائمہ سعدا کا بانی تھا۔

فصل ششم۔ شام وعراق عرب (زمانہ اہل عرب)

(۴۴) حمدانیہ (موصل حلب (۴۵) مرداسیہ حلب (۴۶) عقیلیہ (موصل وغیرہ) (۴۷) مرداسیہ (دیاربکر) (۴۸) مزیدیہ (حلہ)

ایشیا میں دول اسلامیہ کی تقسیم اسطرح ہے۔ اوّل شام اور عراق عرب کی دول اسلامیہ عرب قبل از حملہ سلجوقی ترک دوم دول ایران وماوراالنہر قبل از سلجوق۔ سوم دولت سلجوقیہ اور اُس کی شاخیں۔ چہارم ان امرا کی دول جنہوں نے سلجوق کی ملازمت میں کارہائے عظیم کئے تھے اور وہ دولت سلجوقیہ کے تنزل اور مغلوں کے حملوں کے درمیان قائم ہوئیں۔ پنجم دولت سلجوقیہ کے قائمقام خصوصاً عثمان کی۔ ششم چنگیز خاں کی دولت مغلیہ اور اُسکی شاخیں۔ ہفتم دولت مغلیہ کے تنزل کی حالت میں جو ایران میں دول قائم ہوئیں۔ ہشتم دولت تیموریہ ماوراالنہر میں جو قدیمی مغلوں کی سلطنت کے زوال سے پیدا ہوئی۔ نہم دول ہندوستان جنمیں افغانستان بھی شامل ہے۔ اس ترتیب میں جغرافیہ کے جو ترقی مغرب سے مشرق کو ہوئی ہے وہ قائم رہتی ہے۔ ان دول کا بیان اسطرح کرینگے۔ شام وعراق عرب کا بیان جبتک کہ سلجوقیوں کا حملہ ہوا۔ ایران اور ماوراالنہر کا۔ سلجوق اور اُنکے امرا سلجوقیہ کے قائمقام جو مغرب میں پھیلے۔ ایک نئی دولت مغلیہ کا پیدا ہونا جسنے کل دول کو سوا روم دولت عثمانیہ کے غارت کردیا۔ مغلوں کی دولت کا تنزل اُسکے قائمقام شاہان ایران جو مختلف خاندان کے تھے اور وہ ابتک قائم ہیں شمال اور مشرق میں دولت تیموریہ کی جدا ایک شاخ کا قائم ہونا ماوراالنہر میں دولت تیموریہ کا قائمقام ازبک کا ہونا جو ابتک موجود ہیں۔ مشرق میں دول اسلامیہ ہندوستان میں اور افغانستان میں دولت غزنویہ کا قائم ہونا دولت اسلامیہ ہند کی بجاے برٹش گورنمنٹ کا قائم ہونا۔

۳۱۷-۳۹۴ھ ۴۴۔ دولت حمدانیہ (موصل وحلب وغیرہ) ۹۲۹-۱۰۰۳ء

خاندان حمدانیہ عرب کے قبیلہ تغلب التغلبی کی نسل سے تھا۔ وہ موصل کے قریب رہتا تھا۔ حمدان بن حمدون ۲۶۰ھ سے اس کے معاملات ملکی میں بہت دخل دیتا تھا ۲۸۱ھ/۸۹۴ء میں محمد بن حمدان نے ناردین پر قبضہ کرلیا۔ مگر خلیفہ المعتضد باللہ نے ۲۹۲ھ/۹۰۴ء اُسے نکالدیا۔ ابوالہیجا عبداللہ بن حمدان کو موصل اور اُسکے محالات کا حاکم مقرر کیا۔ اُسوقت سے معاملات ملکی میں خاندان حمدانیہ کو زیادہ اقتدار حاصل ہوا ۳۰۶ھ/۹۱۹ء میں دربار ربیعہ کا حاکم ابراہیم بن حمدان مقرر ہوا اور ۳۰۹ھ/۹۲۱ء میں داؤد اُسکا بھائی جانشین اُسکا ہوا اور ۳۱۲ھ/۹۲۴ء میں سعید بن حمدان نہاوند میں حاکم مقرر ہوا اور اس خاندان کے

بعض اور ارکان نے بھی اسطرح کے اعلیٰ عہدے پائے۔ عبداللہ نے اپنے بیٹے حسن کو موصل میں اپنا نائب بنایا جب عبداللہ ابوالہیجا بغداد میں مارا گیا تو موصل میں اُسکا بیٹا حسن باپ کی جگہ مقرر ہوا۔ ابوالعلا بن حمدان اُسکا چچا اس امر کا ذمہ لیکر کہ میں اپنے بھتیجے کے قبضہ سے مال نکالکر خلیفہ کے دربار میں بھیجونگا۔ موصل گیا مگر وہاں بھتیجے کے ہاتھ سے مارا گیا جب یہ خبر خلیفہ مکتفی باللہ کو پہونچی تو اُس نے وزیر ابن مقلہ کو لشکر دیکر موصل بھیجا۔ حسن بھاگ کر کہیں چھپ گیا۔ ابن مقلہ موصل میں ۳۱۷ھ - ۳۱۹ھ تک رہا اور پھر بغداد میں چلا آیا تو حسن نے خلیفہ کو عرضی بھیجی اور مال مذکور کے دینے کا ضامن ہوا خلیفہ نے اس کا قصور معاف کردیا۔ ان سالوں کے سوا، وہ دیار ربیعہ اور دیار بکر و موصل میں فرمانروائی جبتک کرتا رہا کہ اُسکے بیٹے ابوتغلب نے اسے معزول کیا۔ خلیفہ مکتفی باللہ نے ۳۳۰ھ - ۹۴۱ء میں اُس کو ناصرالدولہ کا اور اُسکے بھائی علی کو سیف الدولہ کا خطاب دیا۔ سیف الدولہ نے اوّل واسط پر حکمرانی کی پھر ۳۳۳ھ - ۹۴۴ء میں احمد بن سعید الکلابی صاحب لاختیہ سے حلب لے لیا اور یونانیوں کیساتھ رزم آرائی میں بڑا نام پیدا کیا۔ خاندان حمدانیہ شیعہ تھا۔ اور سیف الدولہ دولت بنی فاطمہ کی اطاعت کرتا تھا جب ان دونوں بھائیوں کا انتقال ہوگیا تو دولت حمدانیہ میں زوال آگیا۔ دولت بنی فاطمہ نے سیف الدولہ کے پوتے سے اُسکی سلطنت جو شام میں تھی چھین لی اور ۴۶۷ھ میں ابوتغلب سے عراق عرب کی سلطنت دولت بویہ نے لے لی اُنکے بھائیوں حسین اور ابوطاہر نے موصل کو پھر لے لیا تھا اُسپر قبضہ چند روز رہا اور پھر وہ چھن گیا۔ ناصرالدولہ کے حالات میں کئی دفعہ انقلاب ہوا۔ اسکو اپنے بھائی سیف الدولہ سے نہایت محبت تھی جب وہ مرگیا تو اُسکے غم میں سیع الاخلاق اور ضعیف العقل ہوگیا کہ اولاد کے نزدیک بھی اسکی حرمت باقی نرہی۔ اُسکے بیٹے ابوتغلب فضل اللہ الملقب بعدۃ الدولہ المعروف بالفضنفر نے باپ کو قلعہ زرد شت میں قید کیا جہاں وہ جمعہ کے دن ۲۴ جمادی الاولیٰ ۳۵۶ھ کو مرگیا۔

۳۱۴ - ۴۷۲ھ - ۹۴۵ - ۱۰۷۹ء دولت مرداسیہ حلب - ۱۰۲۳ء

قبلہ بنو کلب میں اسد الدولہ ابوعلی صالح بن مرداس تھا۔ اسنے بدؤ نکو ساتھ لیکر ۴۰۲ھ - ۱۰۱۱ء سے بغاوت اختیار کرکے شہر شہر حلب صالح کے حوالہ کیا۔ وہ یہاں فرمانروائی کرتا رہا۔ مصریوں کیساتھ لڑا اور اُسمیں ۴۱۲ھ - ۱۰۲۱ء میں مارا گیا۔ اس کا بیٹا شبل الدولہ نصر اسکا جانشین ہوا مگر اُسکو بھی سپاہ بنی فاطمہ نے ۴۲۹ھ - ۱۰۳۷ء میں مار ڈالا۔ اسپر پانچ برس نہ گذرنے پائے تھے کہ معزالدولہ تمال حاکم رحبہ نے مصریوں سے حلب کو دوبارہ لے لیا ۴۴۴ھ - ۱۰۵۲ء میں تمال نے پھر مصریوں کو حلب دیدیا۔ رحبہ پر اُسکا بھائی عطیہ قبضہ رکھتا تھا ۴۵۲ھ - ۱۰۶۰ء میں بنی فاطمہ کی جو تازی عملداری ہوئی تھی اسکا رشید و ثقہ الدولہ نے حلب کو فتح کرکے خاتمہ کردیا۔ معزالدولہ اُسکے چچا نے اُسکو یہاں سے خارج کردیا مگر وہ ۴۵۴ھ میں مرگیا اور حلب میں فرمانروائی کی وصیت اپنے بھائی کیلئے کرگیا۔ رشید الدولہ اسی سال میں حلب پر پھر مستولی ہوگیا۔ اور عطیہ نے

رقہ پر قبضہ کیا یہاں سے عقیل مسلم بنی قریش نے ۴۶۳ھ میں اسے نکالدیا۔ رشید الدولہ کے بعد اسکا بیٹا جلال الدولہ تخت نشین ہوا اور یونانیوں سے اس نے من بج چھین لیا۔ جلب اسکے بھائی شبیب کے پاس جتبک رہا کہ ۴۷۲ھ/۱۰۷۹ء میں عقیل بن سلیم نے فتح کرلیا۔

۳۸۶ - ۴۸۹ھ - ۴۶ دولت عقیلیہ (موصل وغیرہ) ۹۹۶ - ۱۰۹۶ء

بنو قبائل مودرات میں جو بنو کعب کے پانچ قبائل تھے اُنمیں سے بنو عقیل بھی ایک تھا اور جب اُنہوں نے اسلام قبول کرلیا تو اُنکی شاخیں شام۔ عراق۔ شمال افریقہ اور اندلس میں پھیلیں دولت عباسیہ کے ابتدا میں ملک عراق قبیلہ بنو عقیل سے خوب معمور تھا۔ انکی ایک شاخ بصرہ کے قریب بطیحہ میں جلی گئی (البطیحہ کے معنی عربی میں دلدل کے ہیں) بنو خفاجہ نے خاندان معروف کے ماتحت صدیوں تک کاروانوں کو لوٹنے کیلیے صحرا عراق میں اقامت اختیار کی۔

۳۲۷ھ میں بنو عبادہ نے بنو متفق کے ساتھ شریک ہوکر کوفہ۔ واسط۔ بصرہ کے درمیانی ملک میں رہنا شروع کیا تو موصل میں عقیلیہ امراء کا سلسلہ قائم ہوگیا۔ چوتھی صدی میں شام اور عراق کے بنو عقیلیہ دولت حمدانیہ عرب کے جو رہی شان وشکوہ کی تھی خراجگذار تھی مگر جب اس دولت کا زوال آیا تو بنو عقیلیہ نے اپنی خود مختار آزاد سلطنت قائم کرلی ۳۷۹ھ/۹۸۹ء میں دولت حمدانیہ کے آخر خلیفہ نے ابو جواد محمد کو نصیبین اور بلد کے شہر عطا کئے جسپر اسنے موصل کا اور اضافہ کیا مگر دولت بویہ نے اسکو ۳۸۱ھ میں خارج کردیا اسکے بھائی مقلد کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی کہ ۳۸۶ھ/۹۹۶ء میں موصل کو اس نے لے لیا۔ کوفہ قصر جامعین سلطان بہاء الدولہ بویہ نے اس شرط سے اسکو دیدیئے کہ وہ خراج دیا کرے اور تیار بالفعل انبار۔ مدائن وقوفذکا اور اضافہ ہوا مسلم بن قریش کے عہد میں سلطنت عقیلیہ موصل سے لیکر بغداد کے قریب حلب تک تھی۔ مگر اسکے مرتے ہی سلطنت پر زوال و وبال آگیا۔ موصل جو اسکی دار السلطنت تھا اُسکو قوام الدولہ کُرجانے ۴۸۹ھ/۱۰۹۶ء میں فتح کرلیا۔ اور وہ دولت سلجوقیہ میں شامل ہوگیا جب عراق میں بنو عقیل کی سلطنت یوں بگڑ گئی تو پھر غزنین جاکر اپنی قدیمی زمینوں میں خیمہ زن ہوئے۔

۳۸۰ - ۴۸۹ھ - ۴۷ دولت مروانیہ (دیار بکر) ۹۹۰ - ۱۰۹۶ء

۳۸۰ھ/۹۹۰ء میں جب حسن کیفہ کا حاکم بادمر گیا تو اُسکا بھانجہ ابو علی بن مروان جانشین ہوا وہ خاندان کرد سے تھا۔ اسکی مملکت میں دیار بکر کے ایسے بڑے بڑے شہر تھے جیسے کہ آمد۔ رزن۔ میافارقین اور کیفہ۔ اسکے جانشین مصر کے خلفاء بنی فاطمہ کے تابع تھے اس اطاعت کے عوض میں خلفا نے انکو حلب کی حکومت دیدی تھی وہ گویا خلیفہ کی طرف سے معزول حمدانی افسروں کے قائمقام چند عرصہ تک رہے۔ مروانیہ دولت بویہ کی بھی اطاعت کرتے تھے۔ مگر جب نیز سلجوقیوں نے

حملہ کیا تو انکا خاتمہ ہوگیا + ۴۰۳ - ۴۵ ۴۵ - ۴۸ مزیدیہ حملہ - ۱۰۱۲ - ۱۱۵۰ء

بنو اسد کے قبائل میں سے بنو مزید بھی تھے۔ وہ عرب کو چھوڑ کر صحرار قادسیہ میں دریا ئے فرات کے بائیں کنارہ کی طرف پھیل گئے۔ چوتھی نسل میں ۴۹۵ھ/۱۱۰۱ء میں صدقہ نے اپنی دار السلطنت حلہ بجائے جامعین کے بنائی۔ اس شہر کی عمارات کی خوشنمائی اور اُسکے صناعوں کی کاریگری مدتوں تک ضرب المثل رہی۔ عرب کی تاریخ میں صدقہ بھی بڑے بڑے مشہور شجاعوں میں شمار ہوتا ہے۔ شاعر اسکی بہت تعریف کرتے ہیں اور تاریخ میں بھی اسکے بڑے بڑے کارنامے لکھے جاتے ہیں۔ اسکے مرنیکے بعد ہی اس خاندان کا تنزل ہوگیا۔ ۵۵۵ھ/۱۱۶۲ء میں خلیفہ مستنجد باللہ نے عراق میں قبائل بنو اسد پر حملہ کیا اور چار ہزار آدمی انمیں سے مارڈالے۔ ملک فرات سے انکا نام و نشان مٹا دیا بطیحہ کے بنو مشقق انکے ملک پر متصرف ہوئے مگر اتنے زنگیوں نے چھین لیا۔

فصل ہفتم - ایران وماوراء النہر (زمانہ ایرانی)

(۴۹) دلفیہ (کردستان) (۵۰) ساجیہ (آذربائیجان) (۵۱) علویہ (طبرستان) (۵۲) طاہریہ (خراسان) (۵۳) صفاریہ (فارس) (۵۴) سامانیہ (ماوراء النہر و فارس) (۵۵) ایلک خاں (ترکستان) (۵۶) زیاریہ (جرجان) (۵۷) حسنویہ (کردستان) (۵۸) جنوبی فارس وعراق (۵۹) کاکوانیہ (کردستان)

زمانہ ایرانی

فارس اور ماوراء النہر میں جن خاندانوں نے سلجوقیوں کی حمایہ تک سلطنت کی ہے وہ زمانہ ایرانی سے تعلق رکھتے ہیں۔ مامون الرشید کی ماں کنیز ک ایرانی تھی۔ اس خلیفہ نے خراسان میں ایرانی سپاہ بھرتی کرکے اپنے بھائی امین کو معزول کیا تھا۔ اسکی تدبیر مملکت یہ تھی کہ ایرانیوں سے جہاں تک ممکن ہو اتحاد و داد پیدا کیا جائے پس اسکا نتیجہ یہ تھا کہ انتظام ملکی میں جتنا اہل ایران کا رعب و داب زیادہ ہوتا جاتا تھا اتنا قدیمی اہل عرب کا اثر کم ہوتا جاتا جس سے سلطنت میں ضعف آتا جاتا تھا۔ صوبوں اضلاع میں اعلیٰ عہدے اور حاکم اعلیٰ سپہ سالار ایرانی مقرر ہوتے تھے اور انکی خود مختاری اور آزادی اتنی بڑھ گئی تھی جس سے سلطنت معرض خطر میں آگئی تھی۔ ایرانیوں کو نہ خود مامون رشید نہ اُسکے جانشین دبا سکے اور بہت سے دول ایرانیہ برائے نام خلیفوں کو مانتے تھے۔ اہل ایران کا حال عجم میں بعینہ ایسا ہوگیا تھا جیسا کہ قبائل عرب کا حال عراق میں تھا کہ تنکہ یہ حال خلافت کے خلاف وہ فرمانروائی کرتے تھے۔ بعض خاندان جیسے کہ خان بویہ ہی وہ اہل سنت وجماعت نہ تھے بلکہ شیعہ تھے۔ ہمیشہ سے اہل ایران کو جیسا کہ آجکل شیعہ مذہب پسندی ایسا ہی ہمیشہ سے پسند رہا ہے۔ اگرچہ یہ عہد ایرانی کہلاتا ہے مگر یہ نہیں کہ سارے خاندان شیعہ ایرانی ہی ہوں۔ مثلاً ابو دلف کا خاندان عرب تھا۔ خاندان حسنویہ کرد تھا۔ ایلک خاں کا خاندان ترک تھا۔ مگر اکثر خاندان ایرانی الاصل تھے۔

ایک البتگین تھا جس نے دولت غزنویہ کو قائم کیا اور ۳۸۴ھ/۹۹۴ء میں قائمقام دولت سامانیہ کا اس ملک میں جو دریائے جیحوں کے جنوب میں تھا۔ اس دریا کے شمال میں سلطنت سامانیہ کو ایلک خاں ترکستانی نے کمزور کیا تھا وہ ترکی قوموں کی فرغانہ سے لیکر سرحد چین تک پیشوائی کرتا تھا اُسنے ماوراء النہر پر حملہ کیا اور ۳۸۰ھ/۹۹۹ء میں بخارا پر قبضہ کیا اور ۳۸۹ھ/۹۹۹ء میں دولت سامانیہ کو بالکل ستیاناس کر دیا۔ اگرچہ ابراہیم منتصر ۳۰۵ھ/۹۰۴ء تک سلطنت کے لئے لڑائی جھگڑے کرتا رہا۔

۳۲۰ - ۵۶۰ھ - ۵۵ - ایلک خاں (ترکستان) ۹۳۲ - ۱۱۶۵ء

فرغانہ کے مشرق میں جو قبائل ترک مسلمان ہو گئے تھے اُنھوں نے چوتھی صدی میں اپنی سلطنت قائم کی سکا دارالخلافہ کاشغر تھا۔ دولت سامانیہ سے جب ماوراء النہر چھین لیا تو ۳۸۹ھ/۹۹۹ء میں ایلک خاں قبائل ترک پر حکمرانی کرنے لگا۔ یہ قبائل ترک بخارا سے بحر کیسپین (خزر) سے چین کی حدود تک خانہ بدوش بادیہ گرد رہتے تھے۔ اُنھوں نے دریائے جیحوں کے جنوبی اضلاع کے فتح کرنے میں ۴۰۱ھ/۱۰۱۰ء میں محمود غزنوی سے شکست پائی۔ اُس وقت سے ایلک خاں ماوراء النہر کا شغر۔ مشرقی تاتار سے آگے نہیں بڑھے۔ انکی حکومت میں بہت سے قبائل ترک نے ماوراء النہر میں اقامت اختیار کی اور بعد ازاں وہ ایران میں ڈھکیلے گئے جنمیں سے سلجوق کی قوم ترکمان نہایت مشہور اور نامور ہوئی۔ ان خاندانوں کی سلطنت کی تاریخ بڑی بے ربط لکھی گئی ہے اُس پر کچھ اعتبار نہیں ہو سکتا۔

۳۱۶ - ۴۳۴ھ - ۵۶ دولت زیادیہ (جرجان) ۹۲۸ - ۱۰۴۲ء

بحر کیسپین (خزر) کے جنوبی کنارہ پر خلفا کی سلطنت بخوبی کبھی نہیں ہوئی۔ اکثر حضرت علیؓ کے پیروان اضلاع میں اپنی حکومت جماتے رہے۔ جیسا کہ خلفا کی حکومت کا یہاں حال تھا ایسا ہی دولت سامانیہ کی سلطنت کا رہا۔ مرداویج بن زیار جو خاندانی امیرزادہ تھا اسنے طبرستان اور جرجان میں اپنے تئیں خود مختار حکمران بنایا اور ۳۱۶-۳۱۹ھ کے درمیان اصفہان اور ہمدان کو بھی دبا لیا اور اپنی حکومت کو عراق کی سرحد پر حلوان تک پہنچایا۔ وہ خاندان بویہ کا مربی تھا علی بن بویہ کو سب سے اعلیٰ درجہ عہدہ کرج کی حکومت کا دیا مرداویج اپنے تئیں دولت عباسیہ کا ماتحت سمجھتا تھا اسکا بھائی وشمگیر اسکا جانشین ہوا۔ وہ بھی خاندان سامانیہ کی اطاعت برائے نام کرتا تھا ۳۲۲ھ/۹۳۲ء میں جب خاندان بویہ بلند اقبال ہوا تو دولت زیاریہ کی حکومت صرف جرجان اور طبرستان میں رہ گئی اور مؤید الدولہ بویہ نے قابوس کو اٹھارہ سال کے لئے (۳۷۱ - ۳۸۹ھ) کے درمیان جلا وطن کیا۔ جب وطن میں اسنے مراجعت کی تو اُسنے گیلان کو اور جن اضلاع میں پہلے اسکی سلطنت تھی تسخیر کر لیا۔ اُنمیں اسکی اولاد بعد تک جانشین ہوتی رہی کہ خاندان نے یہ اضلاع اس سے چھین لئے

۳۴۸ - ۴۰۶ھ - ۵۷ حسن دیہ (کردستان) ۹۵۹ - ۱۰۱۵ء

قبائل قریش کا حسن ویہ بن حسین بن رکانی بڑا امیر تھا۔ چوتھی صدی میں اُسنے شمل مروانیہ کے والا پاگی پر اپنے تئیں پہنچایا تھا۔ اور اس صدی کے وسط سے پیشتر اُس نے کردستان پر قبضہ کرلیا جسمیں یہ مشہور شہر بھی داخل تھے دنیاور ہمدان۔ نہاوند۔ قلعہ سرماج وغیرہ۔ اسکی قوت وہ زبردست تھی کہ دولت بویہ اس سے کچھ نہیں بولی اسکے مرنیکے بعد عضدالدولہ بویہ نے اسکی مملکت کو اپنے ملک میں شامل کرکے اُسکے بیٹے بدربن حسنویہ کو اسکی قلمرو میں حکمران مقرر کیا۔ بدر نے اپنے خاندان کی شان وشکوہ کو اور بڑھایا اور خلیفہ نے اُسکو لقب ناصرالدولہ کا عنایت فرمایا۔ اسکا پوتا طاہر ۴۰۳ھ/۱۰۱۲ء میں اسکا جانشین مقرر ہوا۔ ایک ہی برس حکمرانی کرنے پایا تھا کہ شمس الدولہ نے اُسنے نکالدیا اور پھر اسکو قتل کرڈالا۔

۳۲۰ - ۴۴۷ھ - ۵۸ بویہ (جنوبی ایران وعراق) ۹۳۲ - ۱۰۵۵ء

قدیمی خاندان شاہی ایران کی نسل میں بویہ تھا اور دیلم کے ایک کوہستانی قبیلہ جنگجو کا امیر تھا۔ اور اپنے اہل وطن کی مثل اکثر لڑائیوں میں شریک رہتا تھا اور پھر کیسپین (بحرخزر) کے اضلاع پر دست درازیاں کرتا رہا اپنے ہموطنوں کیطرح اُسنے بھی دولت سامانیہ کی خدمات سے کنارہ کشی کرکے مرداویج زیاریہ کی خدمات ۳۱۶ھ/۹۲۸ء میں اختیار کی تھی اور اُسکے بڑے بیٹے علی (عمادالدولہ) کو مرداویج کو کرج کی حکومت سپرد کی تھی۔ علی نے اہل دیلم اور گیلان کو سپاہ میں بھرتی کیا اور اُنکی مدد سے اپنی عملداری کو جنوب کیطرف بڑھایا اور کچھ مدت تک اصفہان پر قابض رہا اور ۳۲۰ھ/۹۳۲ء ارجان پر اور ۳۲۱ھ میں نوبندجان پر قبضہ کیا اور اُسکے بھائی حسن (رکن الدولہ) نے کازی رون سے عرب کی فوج کو نکالدیا۔ یہ دونوں بھائی مشرق کی طرف آگے بڑھے چلے گئے اور تیسرے اپنے بھائی احمد (معزالدولہ) کو شریک کرلیا اور ۳۲۲ھ میں شیراز پر قبضہ کیا۔ خلیفہ کو زبردستی انھیں اپنا نائب اضلاع میں ماننا پڑا۔ کرمان سے معزالدولہ مغرب کیطرف آگے بڑھا اور اضلاع ہوازیاخزستان کو مطیع کرلیا اور ۳۳۴ھ/۹۴۵ء میں بغداد میں داخل ہوا تو خلیفہ مستکفی نے فقط ان تینوں بھائیوں کو خطاب عمادالدولہ۔ رکن الدولہ ومعزالدولہ ہی کے نہیں عنایت کئے بلکہ معزالدولہ کو امیرالامرا کا خطاب عطا کیا جو اُس کے خاندان میں مدت تک قائم رہا گو انہوں نے سلطان کا لقب اپنا نہیں اختیار کیا اور اپنے سکوں میں امیر اور ملک کا خطاب جاری کیا۔ مگر اُنکی حکومت مطلق العنان بغداد میں تھی اور خلفا رانکے ہاتھ کی کٹ پتلی تھے۔ اس خاندان کا رجحان شیعیت کیطرف تھا مگر وہ خلفائے بغداد کی ظاہری تعظیم وتکریم وادب بہت کرتے تھے پھر اس خاندان نے ایران اور عراق کو آپسمیں تقسیم کرلیا۔ اس تقسیم میں کچھ افراط تفریط ہوئی اور یہ وسیع دولت بویہ ٹکڑے ہوکر دولت غزنویہ دولت کاکویہ و دولت سلجوق میں مل گئی۔

۳۹۸ - ۴۴۲ھ - ۵۹ کاک ویہ (کردستان) ۱۰۰۷ - ۱۰۵۱ء

محمد بن شمس الدین معروف بابن کاک دیلمی چچیرا بھائی مجد الدولہ بویہ کا تھا جو ہمدان حکمرانی کرتا تھا ۴۱۹ھ/۱۰۲۸ء میں سہاء الدولہ کو اُسنے معزول کرکے اُسکی قلمرو کو اپنی مملکت میں ملالیا ۴۲۹ھ/۱۰۳۷ء میں اصفہان کو پہلے ہی لے لیا تھا۔ اس خاندان کی سلطنت اصفہان۔ ہمدان۔ یزد۔ نہاوند وغیرہ میں رہی جبتک کہ ۴۳۳ھ/۱۰۴۱ء میں طغرل بیگ سلجوقی نے ان کو فتح سے مغلوب کیا۔

فصل ہشتم۔ سلجوق

۶۰ (ا) سلجوق اعظم (ایران) (ب) سلجوق کرمان (ت) سلجوق شام (ث) سلجوق عراق (ج) سلجوق روم (۶۰، ا) دولت دانشمندیہ (کیپ پڈوشیہ)

۴۲۹ - ۷۰۰ھ - ۶۰ سلجوق (مغربی ایشیا) ۱۰۳۷ - ۱۳۰۰ء

مسلمانوں کی تاریخ میں وہ زمانہ بھی مشہور ہے جسمیں ترکی سلجوق نے اسلام اختیار کیا۔ جب انکا اقبال چمکا ہے تو خلافت کا ادبار آچکا تھا۔ وہ سلطنت عظیم الشان جسمیں ایک مسلمان خلیفہ حکومت کرتا تھا وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوکر مختلف خاندانوں میں تقسیم ہوچکی تھی جنمیں سوائے بنی فاطمہ (شیعہ) کے ملک مصر میں کوئی شاہانہ حکومت نہیں رکھتا۔ اسپین۔ افریقہ جنمیں صوبہ مصر داخل تھا مدت سے خلفاء بغداد کی سلطنت سے خارج ہوگئے تھے۔ شمالی شام اور عراق عرب جنگجو قبائل عرب کے ہاتھ میں تھے جنمیں سے بعض نے اپنے خاندان میں سلطنت قائم کرلی تھی۔ ایران بہت سے بویہ شاہزادوں میں منقسم تھا جو شیعہ ہونیکے سبب سے خلفاء بغداد کی جبکا حال کاٹھ کی پتلی کا سا ہوگیا تھا اطاعت نہیں کرتے تھے۔ یہ شاہزادے آپسمیں ایک دوسرے پر حملہ آوری کیلئے تلے بیٹھے رہتے تھے آپسمیں کٹے مرتے تھے اور اسطرح ایک دوسرے کو ضعیف کرتے تھے۔ اس آپس کی پھوٹ نے زوال پذیر سلطنت کے بہت سے صوبوں اور اضلاع کو جدا کردیا تھا جب سلطنت اسلامیہ ایسی علیل ہورہی تھی تو اُسکی شفا کے واسطے خدا تعالیٰ نے ترکوں کو دوا بنا دیا جنسے آپمیں پھر جان ڈالدی۔ ترکوں کی خانہ بدوش صحرا نورد قومونمیں وہ خرابیاں نہیں پیدا ہوئی تھیں جو شہر کی سکونت سے پیدا ہوتی ہیں۔ وہ مذہب جسے اُنھوں نے نہایت طیب خاطر سے اسلام قبول کیا اور مردہ سلطنت اسلامیہ کو اپنے تازہ اسلام سے زندہ کردیا۔ اُنھوں نے ایران۔ عراق۔ شام۔ ایشیائے کوچک میں جو خاندان سلطنت کررہے تھے سبکو معزول کردیا۔ اور اُنھوں نے ایشیا میں افغانستان کی مغربی سرحد سے بحر مڈیٹرینین تک ایسی سلطنت اسلامیہ قائم کردی جسمیں ایک سلطان واحد سلطنت کرے مسلمانوں کا عزم جو مُردہ ہوچلا تھا اُسکو ایسا زندہ کیا کہ اُسنے بائی زین ٹین کی دولت کو جو قریب آتی جاتی تھی پورے ڈھکیل دیا۔ اور وہ بہادر جوانمرد و شجاع مسلمان پیدا کردیئے جو میدان جنگ سے کبھی منہ موڑنا جانتے ہی نہ تھے۔ عیسائیوں کے جہادونمیں اُنھوں نے بڑی دلاوری اور دلیری دکھائی۔ غرض تاریخ سلطنت اسلامیہ کے تاج کا ایک گوہر بے بہا قوم سلجوق بنی ہے۔ سلجوق بن یکاک۔ ایک ترکمانی امیر

تھا اور ترکستان کے امیروں کے ہاں صاحب منصب تھا۔ اُسکی اولاد کو سلجوقی یا سلجوق کہتے ہیں۔ کرغیز کی غیر مزروعہ زمینوں سے سلجوق نے مع اپنے قبائل کے چند ضلع بخارا میں نقل مکان کیا اور اُسکے تمام گروہ نے یہاں آنکر بڑے شوق و گرمجوشی سے اسلام قبول کیا۔ وہ خود اور اُسکے بیٹے پوتے ان لڑائیوں میں شریک ہوئے جو دولت سامانیہ اور ایلک خانان اور محمود غزنوی میں ہوئی تھیں اُنمیں سے دو بھائی طغرل بیگ و جگر بیگ آخر کو ایسے قوی صاحب طاقت ہوگئے کہ انہوں نے اپنی جنگجو قوم ترکمان کو ہمراہ لیکر خراسان پر حملہ کیا اور لشکر غزنویہ پر کئی دفعہ فتح پائی اور بڑے بڑے شہر اُنہوں نے تسخیر کرلئے ۱۰۳۷ء میں جگر بیگ داؤد شہنشاہ کے نام کا خطبہ مرو کی مسجدوں نمازمیں پڑھا گیا۔ اسیطرح سے اسکے بھائی طغرل بیگ کا خطبہ نیشاپور میں پڑھا گیا۔ بلخ۔ جرجان۔ طبرستان خوارزم کو جلدی سے اُنہوں نے اپنی قلمرو میں داخل کرلیا اور ۱۰۴۳ء میں جبال ہمدان۔ دینور حلوان۔ رے۔ اصفہان فتح ہوگئے اور ۱۰۵۵ء میں طغرل بیگ بغداد میں داخل ہوا اور اس دارالخلافت میں اپنا لقب سلطان مشتہر کیا۔ اور ترکی قومیں بھی انکے ساتھ شامل ہوگئیں جس سے اُسکی سپاہ کی جمعیت کثیر ہوگئی اور کل مغربی ایشیا حدود افغانستان سے لیکر یونانیوں کی سلطنت ایشیائے کوچک کی حد تک اور مصر کی بنی فاطمہ کی سلطنت یہ سب ملکر ایک سلطنت سلجوقیہ ۱۰۷۲ء سے بنگئی۔ کل اس وسیع سلطنت پر طغرل بیگ الپ ارسلان ملک شاہ نے نہایت عدل و انصاف و شان و شکوہ و حشمت سے سلطنت کی مگر ملک شاہ کے انتقال پر ملکی فساد آپسمیں کھڑے ہوئے اور برگ یارق اور محمد میں آپسمیں لڑائی جھگڑے ہوئے جس سے سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہوکر خاندان سلجوق میں منقسم ہوئی اور ان حصوں میں وہ آزادانہ خود مختار سلطنت کرتے رہے اور سلجوق کے خاندان کے آخر سلطان سنجر کی اطاعت برائے نام کرتے رہے۔ اس سلطان کی سلطنت کی حدود خراسان میں محصور تھی اور اُس نے ۱۱۵۷ء میں وفات پائی۔ اس خاندان کی شاخہائے عظیمہ یہ ہیں سلجوقیان کرمان۔ سلجوقیان عراق سلجوقیان شام۔ سلجوقیان روم یا ایشیائے کوچک باقی اور چھوٹی چھوٹی شاخیں اسکی آذربائجان۔ طخارستان اور اصفہان میں حکومت کرتی تھیں۔ مشرق میں سلطنت سلجوقیہ کا خاتمہ خوارزم شاہ کے حملہ سے پہلے ہوگیا تھا۔ آذربائجان۔ فارس۔ ماوراء النہر۔ دیار بکر میں سلاطین سلجوقیہ کے افسروں اتابکوں نے اپنے اپنے خاندانوں کی سلطنتیں جمائیں۔ مگر روم میں سلطنت سلجوقیوں کی ۱۳۰۷ء تک باقی رہی۔ اُسکو اس سنہ میں عثمان لی ترکوں نے ختم کیا۔

۴۹۰-۵۶۰ھ - ۱۰۹۷-۱۱۶۵ء - (دولت دانشمندیہ (سیواس - قیصریہ - ملطیہ)

ایشیائی کی زمیں جس وقت سلجوقی ترک اپنی سلطنت بڑھا رہے تھے تو ایک اور ترکی امیر گونتگیں بن دانشمند نے سلطنت کپی ڈوشیا کے شہروں سیواس۔ قیصریہ۔ ملطیہ میں قائم کی اور ملطیہ کے قریب اسنے فرنگیوں کو سخت شکست

دی۔ اسکے جانشینوں نے عیسائی جہاد نہیں بڑا نام پیدا کیا مگر جلدی سے یہ سلطنت سلجوقیوں کی بڑی سلطنتوں میں شامل ہوگئی

فصل نہم۔ اتابیگ (سلجوقی افسر)

(۶۱) بوریہ (اتابیگ دمشق) ۶۲۔ (زنگی (موصل) (ب) حلب (ت) ہنجار (ث) جزیرہ (۶۳) بگ تگینہ (اربلا) (۶۴) ا اور توقد (کیفہ) (ب) دین (۶۵) شاہان آرمینیا (۶۶) اتابیگ (آذربائیجان) (۶۷) سلغاریہ اتابیگ (فارس) (۶۸) ہزارسپہ اتابیگ (لرستان) (۶۹) شاہان خوارزم (۷۰) قتلغ خانان۔

سلجوقیوں کی سلطنت ایک جنگی قوت تھی۔ اور سپاہ جس پر اسکی بقا کا مدار تھا اسکے تمام افسر ترکی غلام تھے اس خاندان کی یہ رسم تھی کہ وہ عہدے جنمیں اعتماد و وفا کی ضرورت ہوتی تھی سوا غلاموں کے کسی آزاد آدمی کو نہیں دیتے تھے اور دور دور کے صوبوں میں حاکم انہیں غلاموں میں سے مقرر کرتے تھے۔ غرض انہیں زرخرید غلاموں کی وفاداری پر اعتبار ہوتا تھا جو دربار میں سلاطین اور امرا کے پاس تربیت تعلیم یافتہ ہوتے تھے۔ ہر سلجوق سلطان پاس مملوک ہوتے اور اکثر وہ دشت قپچاق سے منگا کے خریدے جاتے اور انہیں میں سے سپاہ اور دربار میں اعلیٰ عہدہ و پیر سرافراز اور ممتاز ہوتے۔ ان غلاموں نے اپنے آقاؤں کی نہایت سخت خدمتگزاری کرکے اپنے تئیں آزاد کیا۔ اس انتظام کا لازمی نتیجہ آخر کو یہ ہوا کہ بوڑھے مالکوں کی جانشین جوانمرد مملوک ہوگئے جب سلاطین سلجوقیہ ضعیف ہوجاتے اور انکی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے ہوتے۔ تو مملوک جو اُنکے واسطے سخت لڑائیاں لڑے تھے اُنکی نوعمر والوں کے اتابیگ مقرر ہوتے۔ رشیدی میں لکھا ہے کہ اتابگ مکسر ہائے موحدہ و کاف فارسی مرکب ہے لفظ اب سے کہ بمعنی پدر ہے اور لفظ بگ مخفف بیگ سے جسکے معنی امیر کے ہیں پس اسکے معنی یہ ہوئے کہ ایسا امیر جو بجائے پدر ہو) پس اتابگ ان کی محافظت کرتے اور نیابت کا کام دیتے اور جلدی سے اپنے کام کو بادشاہی سے بدل لیتے اسطرح سے طغتگین جو سلجوق تو تش کا مملوک تھا اسکے نونہال بیٹے وفاق کا اتابگ مقرر ہوا اور اُسکے مرنے پر خود بالکل سلطنت کا مالک ہوگیا اور دمشق میں فرمانروائی کرنے لگا۔ امام الدولہ زنگی سلجوقی سلطان سوم ملک شاہ کے مملوک کا بیٹا تھا۔ اُسنے موصل اور حلب وغیرہ میں اتابگ کی سلطنت قائم کی عراق کا سلجوقی سلطان مسعود تھا اُسکا ایک غلام خپچاقی تھا جسنے آذربائیجان میں اتابگ کی سلطنت جمائی۔ سلطان ملک شاہ کا ساقی انوشتگین تھا جو شاہان خوارزم کا باپ دادا تھا اور توق اور سلغریہ سلجوقی افسر تھے جو دولت دیار بکر اور فارس کے بانی ہوئے اور بگ تگین ہزارسپہ اور قتلغ خاں سلجوقی غلاموں کے افسر تھے۔ چھٹی صدی میں کل سلطنت سلجوقیہ اُنکے لشکر کے افسروں کے ہاتھ میں تھی جنہوں نے جدا جدا اپنے خاندان کے حقوں میں سلطنت کو قائم کیا۔

۴۹۷ - ۴۹۵ھ - ۶۱ بوریہ اتابگ دمشق - ۱۱۰۳ - ۱۱۰۱ء

سلجوق کی سپاہ کے افسروں میں ایک اعلیٰ درجہ کا عہدہ دار طغتگین تھا اور نوعمر سلجوق شاہزادوں کی نیابت میں سلطنت کے کاروبار کرتا تھا۔ آخر کو اسنے اُنکے اختیارات کو غصب کرلیا۔ وہ سلطان توتوش کا آزاد غلام تھا اور ۴۸۸ھ/۱۰۹۵ء میں اُسکے بیٹے وفاق کا اتابک دمشق میں ہوا جس کے بعد وہ خود جانشین ہوا۔

۵۲۱ - ۴۸۸ھ - ۶۲ زنگی شام و عراق کے اتابک - ۱۱۲۷ - ۱۰۹۵ء

ملک شاہ کا ترکی غلام اق سنقر تھا اور اسکا حاجب بھی تھا اور ۴۷۵ھ - ۴۸۵ھ/۱۰۸۲ - ۱۰۹۲ء نائب تتوش کا حلب میں رہا تھا اُسنے بغاوت اس سے کی اور مارا گیا ۵۱۲ھ/۱۱۲۷ء میں اسکی جگہ اسکا بیٹا امام الدین زنگی عراق کا جسمیں بغداد بھی شامل تھا حاکم مقرر ہوا۔ اسی سال میں اسنے موصل۔ سنجار۔ جزیرہ۔ حران کو اور ۵۲۲ھ میں حلب کو اور شام کے اور شہروں میں اپنی عملداری کرلی۔ اسنے جہاد دونیں جو مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان ہوئے اپنی ذاتی شجاعت کو دکھایا۔ اور حقیقت میں سلطان صلاح الدین کا وہ داہنا ہاتھ تھا جب وہ عالم جاودانی کو رخصت ہوا تو اسکی سلطنت اُسکے بیٹونمیں اسطرح تقسیم ہوئی کہ نورالدین محمود کو شام ملا اور سیف الدین غازی کو موصل اور عراق نورالدین نے بھی جہادونمیں بڑے بڑے کام کئے تھے جس کے سبب سے اسکا نام ابتک مشہور ہے۔ شام کی سلطنت کی شاخ تو دوسری نسل میں بالکل مُردہ ہوگئی مگر اسکا ایک نیا شعبہ سنجار میں قائم ہوا اور ایک اور اُسکی چوتھی شاخ جزیرہ بھوٹی ۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء میں خاندان سنجر کی قائمقام دولت ایوبیہ ہوئی اور باقی اور سلطنت لور کی قبضہ اختیار میں آئی اور وہ آخر موصلی زنگی بادشاہ کا غلام تھا اور آخر کو کل سلطنت مغلوں کی سلطنت میں داخل ہوئی۔

۵۳۹ - ۶۳۰ھ ۶۳ بک تگینہ اتابک اربلا وغیرہ - ۱۱۴۴ - ۱۲۳۲ء

امام الدین زنگی کے ترکی افسروں میں ایک زین الدین علی کوچک بن بک تگین تھا ۵۳۹ھ/۱۱۴۴ء میں اُسنے اپنا نائب موصل میں اُسکو مقرر کیا اور ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء میں پہلے سنجار اور پھر حران۔ تکریت۔ اربل (اربیلا) وغیرہ اسنے اپنے ماتحت کرلئے ۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء میں اربل میں زین الدین کا انتقال ہوگیا تو اسکا بڑا بیٹا مظفر الدین کوک بری حران میں بھاگ گیا اور چھوٹے بیٹے زین الدین یوسف کو اربل ہاتھ لگ گیا اور اسکا اتالیق امیر مجاہد الدین قائماز بنا۔ جب یوسف کا انتقال ہوا تو ۶۰۲ھ/۱۲۰۹ء میں سلطان صلاح الدین نے جس کا شام و عراق پر بڑا اختیار و اقتدار تھا مظفر الدین کوک بری کو اسکے بھائی کا جانشین اربل۔ شہرزور میں مقرر کیا اور حران روہا (اوسیا) سوئی ساط کو اسکے بھتیجے تقی الدین عمر کو حوالہ کیا۔ کوکبری نے ۶۳۰ھ/۱۲۳۲ء میں وفات پائی۔ لاولد تھا وصیت کرگیا کہ اربل خلفاے عباسیہ لے لیں۔

۴۹۵ - ۷۱۲ھ - ۶۴ - ارتوقیہ (دیار بکر) ۱۱۰۱ - ۱۳۱۲ء

ارتوق بن اکسب اس خاندان کا بانی اول تھا وہ افواج سلجوقی میں ایک ترکمانی افسر تھا۔ اور جب بیت المقدس

فتح ہوگیا تو توش سلجوقی سلطان دمشق کیطرف سے وہ اور شلیم کا حاکم مقرر ہوا۔ اُسکے دونوں بیٹوں سکمان اور ایل غازی نے عیسائی تاجروں پلیسائن (فلسطن) کیساتھ لڑنے میں بڑا نام پیدا کیا تھا وہ ۱۰۹۱ء/۴۸۴ھ میں اپنے باپ کے جانشین ہوئے مگر جب ۱۰۹۶ء/۴۸۹ھ میں کواس شہر دولت بنی فاطمہ نے لیا تو سکمان روہا (ایڈیسہ) کو اور ایل غازی عراق کو چلا گیا۔ پھر ۱۰۹۵ء/۴۸۹ھ میں سلجوق سلطان محمد نے ایل غازی کو بغداد میں اور سکمان کو حصن کیفا کا حاکم دیار بکر میں مقرر کیا اور دو برس بعد اُسپر ماردین کا اور اضافہ کیا ۱۱۰۵ء/۵۰۲ھ میں ماردین کو اُسکے بھائی ایل غازی پاس منتقل کر دیا۔ اب اس خاندان ارتوقیہ کے دو شعبے ہوگئے ایک کیفا میں دوسرا ماردین میں ایل غازی جو خاندان ماردین کا بانی تھا اُسنے ۱۱۱۷ء/۵۱۱ھ میں حلب پر قبضہ کرلیا۔ اور دیار بکر میں میافارقین بلدون اور جوسی لن سی جو سکمان کے کارزار عظیم ہوئے اسلئے کیفا شعبہ اس خاندان کا آشتی امن کی تاریکی میں منقسم ہوا اور جب سلطان صلاح الدین کی طاقت نے اسے دھمکایا تو جلدی سے اُسکی اطاعت قبول کرلی جسکے صلہ میں ۱۱۸۳ء/۵۷۹ھ میں شہرزند کا اُسکی ریاست پر اضافہ ہوگیا۔ وہ ۱۲۳۱ء/۶۲۹ھ تک حکمران رہا مگر اس سنہ میں سلطان کامل ایوبیہ نے اُسکو غارت کر دیا۔ مگر اسکی ایک چھوٹی سی شاخ دیار بکر میں خرت پرت میں ۱۱۲۷ء/۵۲۱ھ سے ۱۲۲۳ء/۶۲۰ھ تک حکومت کرتی رہی۔ ایل خان غازی جو دولت ماری دین کا بانی تھا اسنے ۱۱۱۷ء/۵۱۱ھ میں حلب پر قبضہ کیا۔ اور ۱۱۲۱ء/۵۱۵ھ میں اور دیار بکر میں میافارقین کی حکومت سلطان محمود نے اسے دیدی عیسائیونکے جہاد میں وہ بڑا جری و دلاور شجاع لڑنیوالا تھا کہ جسکے نام سے عیسائی جہادی کانپتے تھے۔ اسکی اولاد میں ماری دین اور میافارقین کی حکومت ۱۱۸۴ء/۵۸۰ھ تک جاری رہی۔ میافارقین میں حکومت ۱۱۸۴ء/۵۸۰ھ تک قائم رہی اور ماری دین میں حکومت جنگ قائم رہی کہ وہ تیمور کی مطیع ہوئی۔ اور فرانقیوں لی نے ۱۴۰۸ء/۸۱۱ھ میں اسکو مٹا دیا۔ مگر ماری دین کے امرا کا جب زوال شروع ہوا کہ دولت ایوبیہ کا عروج کی شام و عراق میں ابتدا ہوئی ۱۱۲۳ء/۵۱۷ھ میں ارتوقیہ امیر بلک بن بہرام نے حلب کو تسخیر کرلیا۔ اسنے ۱۱۲۶ء/۵۲۰ھ میں آنا کو اور ۱۱۲۵ء/۵۱۹ھ میں خرت پرت کو فتح کرلیا۔ اور عیسائیونکے جہاد میں بڑا نام سپہ سالاری میں پیدا کیا۔

۴۹۳ھ - ۶۰۴ھ - ۶۵ شاہان آرمینیا - ۱۱۰۰ - ۱۲۰۷ء

آذربائجان میں مرند کا حاکم سلجوقی قطب الدین اسماعیل تھا اسکا غلام سکمان قطبی تھا قطبی آقا کے نام کے سبب سے نام قطبی تھا ۱۱۹۲ء/۵۹۳ھ میں آرمینیا میں شہر خلاط کو دولت مروانیہ سے چھین لیا۔ اسکی اولاد اور مملوک اسمیں جبتک حکمرانی کرتے رہے کہ ۱۲۰۴ء/۶۰۰ھ میں دولت ایوبیہ نے اسے فتح کیا۔

۵۳۱ - ۶۳۲ھ - ۶۶ - اتابک (آذربائجان) ۱۱۳۶ - ۱۲۲۵ء

ایل دی گز ایک ترکی غلام دشت خفچاق کا رہنے والا تھا وہ عراق کے سلجوق سلطان مسعود کے بہت منہ

چڑھا اور اُسکے دربار میں اقبال اُسکا خوب چمکا۔ وہ آذربائجان کا حاکم مقرر ہوا اور سلطان کی بیوہ سالی اسکے ساتھ حکومت میں شریک کیگئی۔ اسکا بیٹا محمد حقیقت میں عراق کی سلجوقی سلطنت کا فرمانروا اور اس صوبہ پر حکمرانی کرتا تھا۔ محمد کا بھائی قزل ارسلان جو آذربائجان میں اسکا نائب تھا وہ اسکا جانشین مقرر ہوا اور امیرالامرا کا خطاب ملا۔ مگر جب وہ بادشاہی کا دعویٰ کرنے لگا تو قتل کیا گیا۔ اسکے دو بھتیجوں نے پھر اپنی عالی ہمتی میں اعتدال پیدا کیا۔

۵۴۳ - ۶۸۶ھ - ۶۷ سلغریہ (اتابک فارس) ۱۱۴۸ - ۱۲۸۷ء

ایک ترکانی گروہ کا سردار سلغر تھا۔ وہ خراسان میں آگیا تھا کچھ زمانہ اپنا تاخت و تاراج میں بسر کیا۔ پھر سلجوق طغرل بیگ سے جا کر یارانہ جوڑا۔ اسکی اولاد میں سے سنقر بن مودود ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں صوبہ فارس کا مالک بن بیٹھا اور اپنے خاندان کی سلطنت ایسی جمائی کہ ڈیڑھ سو برس تک وہ اپنی جگہ سے نہ ہلی۔ اتابک سعد خراجگذار شاہ خوارزم کا ہوا جسکو اُسنے استخر اور اسکو ران حوالہ کئے پھر اسکی جگہ اتابک ابوبکر نے اگدائی خاں مغل کی اطاعت اختیار کی اور اُس کو قتلغ خاں کا خطاب ملا پھر سلاطین مغلیہ کے اتابک ایران با جگذار اور تابع رہے اور انمیں سے آخر ملکہ جیش زوجہ منگو تیمورین ہولاکو کی ہوئی۔ حضرت شیخ سعدیؒ نے اسی اتابک ابوبکر کا ذکر اپنی تصنیفات میں کیا ہے۔

۵۴۳ - ۷۴۰ھ - ۶۸ دولت ہزارسپہ - اتابک لرستان - ۱۱۴۸ - ۱۳۳۹ء

اس خاندان کی دولت کا بانی اوّل ابوطاہر تھا۔ اسکو ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں سلغری اتابک نے لرستان بزرگ کے فتح کرنیکے لئے بھیجا تھا۔ اصل ملک مغل اباگا نے صوبہ خوزستان کا اپنی عطا سے اور اضافہ کر دیا تھا۔ اتابک افراسیاب اوّل نے اصفہان کو ارغون کے مرنے پر تسخیر کر لیا مگر اُسکو بہت جلد اس حرکت پر سزا دیگئی۔ یہ چھوٹا سا خاندان تقریباً ۷۴۰ھ/۱۳۳۹ء تک حکمرانی کرتا رہا انکا دارالحکومت ای داج تھا۔ لکھا ہے کہ یوسف شاہ ثانی نے شوستر خوزیا۔ بصرہ میں اپنی عملداری کر لی تھی۔ اس خاندان کا ایک اور چھوٹا سا شعبہ ہے جو لرستان کو چک پر چھٹی صدی سے دسویں صدی تک حکومت کرتا رہا۔

۴۷۰ - ۶۲۸ھ - ۶۹ شاہان خوارزم - ۱۰۷۷ - ۱۲۳۱ء

بلگاتگین غزنوی کا ایک ترکی غلام انوشتگین تھا جو اقبال کی یاوری سے سلطان ملکشاہ سلجوقی کا آبدار ہو گیا اور اُسکو سلطان نے خوارزم (خیوا) کا حاکم مقرر کیا۔ اور پھر اُسکا بیٹا جانشین ہوا جس کا لقب خوارزم شاہ ہوا۔ اس خاندان میں اتسیز اوّل شخص تھا جس نے اپنی علو ہمت آزادی کیلئے دکھائی تھی ۵۳۸ھ/۱۱۴۳ء میں اُسنے سرکشی کی جس کے سبب سے سلطان سنجر نے اُسکو خوارزم سے معزول کیا مگر تھوڑے دنوں بعد اتسیز نے مراجعت کی اور پھر شاہان خوارزم کو شاہانہ قوت حاصل ہو گئی اتسیز نے اپنی حکومت دریائے سیحون کے کنارہ تک جنداتک پھیلائی ۵۸۹ھ

میں بادشاہ تو توش نے۔ خراسان سے۔ اصفہان کو اس سلطنت پر اضافہ کیا اور ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء میں اسکے نامور بیٹے علاء الدین محمد نے غوریوں سے خراسان میں بعد ایک سخت جنگ کے ایران کے ایک بڑے حصہ کو فتح کر لیا۔ بخارا اور سمرقند تسخیر کیا۔ قراخطے کے گورخاں کے ملک پر حملہ کر کے اسکی دارالسلطنت اترار کو فتح کر لیا ۶۱۱ھ/۱۲۱۴ء میں وہ افغانستان میں داخل ہوا اور غزنین کو فتح کر لیا۔ شیعہ مذہب کو اختیار کر کے اسکا یہ عزم بلند ہوا کہ دولت عباسیہ کا خاتمہ کر دے۔ مگر اسکی سلطنت کی شمالی سرحد پر چنگیز خانی مغلوں کے حملوں نے اسکے سارے ارادوں کو پست کر دیا۔ ان ہشیار خونخوار دشمنوں کے گروہوں کے سامنے وہ بھاگتا پھرا اور مایوسانہ خاتمہ اسکی زندگی کا جزیرہ بحر کیسپین (بحر خضر) میں ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء میں ہوا اسکے تین بیٹے تھے وہ کچھ دنوں اضلاع ایران میں پریشان پڑے پھرے اور انمیں سے جلال الدین ہندوستان میں بھی دو برس رہا ۶۲۲ھ-۶۲۸ھ تک وہ خوارزم کے فتح کرنیکی تدبیریں کرتا رہا اور ادھر اُدھر پریشان کرتا رہا مگر آخر کو ۶۲۸ھ/۱۲۳۱ء میں مغلوں نے اُسے بالکل خارج کر دیا۔ ایک زمانہ میں خوارزم شاہ کی سلطنت سلجوق کی سلطنت کے ہم پلہ تھی۔ مگر اس وسعت سلطنت کو بارہ برس سے زیادہ قرار نہیں رہا۔

۶۱۹ - ۷۰۳ھ / ۱۲۲۲ - ۱۳۰۳ء خانان قتلغ۔ کرمان۔

جب چنگیز خاں نے خوارزم شاہ کی سلطنت میں ہل چل ڈالکر پامال کیا ہے اور انہیں طوائف الملوکی و بدنظمی نے پاؤں جمانے ہیں تو براک حاجب باشندہ قراخطے کا تھا۔ اور علاء الدین خوارزم شاہ کے ہاں ایک افسر تھا۔ اسنے ۶۱۹ھ/۱۲۲۲ء میں کرمان میں اپنی عملداری کر لی۔ اور مغل اگدائی خاں نے اُسکو حاکم مستقل مقرر کر دیا۔ اور اُسکو قتلغ خاں کا خطاب دیا۔ اس خاندان کی حکومت فقط کرمان ہی میں محدود رہی اور وہ ایران کے مغل بادشاہوں کی اطاعت و وفاداری کے ساتھ کرتی رہی۔ اس خاندان میں جو آخر امیر تھا اُسکی بیٹی فارس کے بادشاہ مظفر شاہ کو بیاہی گئی۔

فصل دہم۔ مغربی ایشیا میں سلجوقیوں کے جانشین

امرار ایشیا مائنر (ایشیائے کوچک)

(۷۱) کراسی (میسیا) (۷۲) حمید (پسی دیا) (۷۳) کرمیان (فریجیا) (۷۴) آیدن (لائی سیا) (۷۵) صارون خان (لیدیا) (۷۶) آئی دین (لیدیا) (۷۷) منتشا (کیریا) (۷۸) قزل احمدلی (لیف کے گونیا) (۷۹) قرامان (لائی کے اونیا) (۸۰) عثمان لی سلاطین ترکی۔

مغرب میں سلاطین سلجوقی کے جانشین

ہمنے اوپر بیان کیا ہے کہ کس طرح اتابک اور افسران سلجوقی نے اپنی اپنی سلطنتیں ایران۔ شام کے صوبوں

قائم کیں مگر وہ اپنے دول کو مستقل اور قوی نہ کر سکے اور ساتویں صدی میں مغلوں کے مطیع ہو گئے مگر سلطنت سلجوقیہ کا ایک حصہ ایسا تھا کہ وہاں مغلوں کی سلطنت کا مستقل نقشہ نہ جم سکا اور وہاں دولت سلجوقیہ سے برتر دولت عثمان لی ترک پیدا ہوئی پہلے اس سے کہ مسلمانوں کی تاریخ کے اس حصہ کا بیان کریں جو سلطنت مغلیہ سے تعلق رکھتی ہے ہم ان امیروں کا ذکر کرتے ہیں جو مغرب میں دولت سلجوقیہ کے جانشین ہوئے۔ ساتویں صدی کے نصف آخر میں روم کے یا ہر ایشیا کے ایران سلجوقی شاہان مغلیہ ایران کے تابع ہوئے۔ جو انتولیا میں اپنی طرف سے حاکم مقرر کر کے حکمرانی کرتے تھے۔ مگر اس دور دراز صوبے پر مغلوں کی سلطنت کا قبضہ و تسلط کم تھا اور دیر پا نہ تھا جو سلجوقی ضعیف پیر تھے وہ اسکی اطاعت کرتے تھے مگر جو انکی اولاد نوجوان ہوئی وہ ایران کی حکومت شخصیہ کو مانتی نہ تھی۔ شاہان ایران نے بھی ان کی آزادی کے روکنے میں بہت کوشش نہیں کی مملکت روم جو سلجوقیوں کے پاس تھی دس ریاستوں میں تقسیم ہو گئی۔ کراسی کا خاندان می سیا میں۔ صارو خان اورائی دین کا گھرانا لیدیا میں اور منتشا کے شاہزادے کریا میں۔ تکا کے شاہزادے لائی سیا میں۔ اور پیم فی لیا میں۔ حمید کا خاندان پی سی دیا۔ اورائی سو دریائی میں کرمیان فریجیا میں۔ قزل احمدلی کا خاندان بے فلے گونیا میں اور عثمان کا خاندان فریجیا ایک ٹی ٹس میں قرمان لائی کے نویان میں۔ عثمان لی کا خاندان کا وہ ستارہ اقبال چمکا کہ یہ تمام ریاستیں اسکی تابع ہو گئیں۔ کیا انکی ریاست سب سے چھوٹی تھی یا سب سے بڑی ہو گئی ۷۳۶ھ/۱۳۳۶ء میں عثمان لی ریاست میں کراسی شامل ہوئی ۷۸۳ھ/۱۳۸۱ء میں ریاست حمید جیز میں آئی اور ۷۹۲ھ/۱۳۹۰ء میں بایزید نے کرمیان تکا۔ صارو خان۔ آئی دین۔ منتشا کو ایک نو جنگی میں تسخیر کر لیا۔ اور قرمان قزل احمدلی کو ۷۹۶ھ-۸۰۲ھ/۱۳۹۴ء-۱۴۰۰ء میں فتح کر کے اپنی سلطنت آنی کو پورا کیا۔ چودھویں عیسائی صدی کے آخر میں ایک سو برس کے اندر عثمان اول کے بڑے پوتے نے اپنی رقیب سلطنتوں کو مطیع کر لیا ۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء میں انگورا کی لڑائی ہوئی جسمیں بایزید کو شکست ہوئی اور تیمور نے اسے قید کیا۔ اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ ایشیا میں عثمان لی کی قوت تاتاریوں کے ہاتھ سے بالکل برباد ہو جائیگی۔ ان ریاستوں میں سوا کراسی یا حمید کے تیمور نے سب کو بحال کر دیا۔ اور چوتھائی صدی کیلئے انہیں از سر نو جان پڑ گئی اور وہ زندہ رہیں۔ پھر دولت عثمان لی اس صدمۂ عظیم کو اٹھا کر جو سنبھلی اور اسنے اپنے تئیں بحال کیا تو ۸۲۴ھ-۸۳۳ھ/۱۴۲۱ء-۱۴۲۹ء میں پانچ ریاستیں جو اس عرصہ میں اپنی اصلی حالت میں آ گئی تھیں ان کو پھر دوبارہ مراد ثانی اموروث نے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا ۸۷۱ھ/۱۴۶۶ء میں قرمان میں دوسری فتح حاصل کی اور محمد ثانی کے زبردست ہاتھ میں عثمان سلطنت عثمانیہ جب آئی تو تمام وہ اضلاع جو دس امیروں کی حکومت مانتے تھے اب دولت عثمانیہ کے مطیع ہو گئے اور آجتک بڑھتے جاتے ہیں۔ اب آگے

اور حال بیان ہوتا ہے۔

۶۹۹ - ۱۳۱۱ھ - ۸۰ عثمان لی یا عثمانی سلاطین ترکی - ۱۲۹۹ - ۱۸۹۳ء

قوم اوغوز کا ایک چھوٹا سا جرگہ عثمان لی یا عثمانی ترک تھے۔ خراسان میں جب مغل آباد ہوئے تو انھوں نے عثمانی ترکوں کو مغرب کی طرف نکالدیا۔ اور ساتویں صدی میں ایشیائے کوچک میں جاکر وہ پناہ گزین ہوئے۔ چونکہ سلجوقی بادشاہوں کے خبگ پیکار میں وہ مددگار رہتے تھے اس لئے انکو یہ اجازت سلجوقی بادشاہوں نے دیدی کہ وہ اس ضلع میں اپنی مویشی چرایا کریں جس کا نام قدیمی زمانہ میں فرائی جیا ای پکٹی ٹس تھا اور وہ قوم بائی زین ٹائن کی تبھی نیا کے کناروں پر تھا۔ ان ترکوں کے آباد ہونیسے اب اسکو سلطان ادنی کہتے ہیں اور انکا صدر مقام سگت (تھی بی شین) تھا۔ یہاں عثمان نے اپنے خاندان کی وہ سلطنت باشان وشوکت عظیم الشان قائم کی کہ اس خاندان کے ۳۵ سلطان ہوچکے ہیں۔ اور یہ بانی خاندان ۶۵۷ھ/۱۲۵۸ء میں پیدا ہوا تھا اس نے بائی زین ٹائن کی حد کو پرے پیچھے ہٹا دیا اور اُسکے بیٹے اورخان نے بروسا تائی کے آکو تسخیر کرلیا۔ اور اپنے ہمسایہ کی ریاست کراسی کو اپنی سلطنت میں داخل کرلیا اور ایک پیادہ جرار قہار مانی چری (پیادہ نو) تیار کی جو کئی صدیوں تک افواج عثمانیہ کی گل سرسبد رہی ۷۵۹ھ/۱۳۵۸ء میں یہ ترک دریائے ہیلس پونٹ سے اُترے اور انھوں نے گیلی پولی میں قلعہ بنا کے سپاہ کی چھاؤنی ڈالی۔ یورپ میں بائی زین ٹائن کی سلطنت کو فتح کرنا شروع کیا۔ ایڈری نوپل فلپوپولس کو چند سال بعد انھوں نے فتح کرلیا ۷۶۴ھ/۱۳۶۳ء میں مری ٹزا کی اور ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء میں کوسودو کی اور ۷۹۷ھ/۱۳۹۴ء میں مکڈونیا پولس کی فتوح سے بلکن کے جزیرہ نما پر سوا قسطنطنیہ کے ضلع کے قبضہ ہوگیا اور ترکوں نے یورپ کے سارے شہسواروں کے دانت کھٹے کردیئے لیکن ترکی سلطنت کا دارالسلطنت ترکوں کے ہاتھ سے اس سبب سے بچا رہا کہ انکی توجہ تیمور کے ساتھ لڑائی کی طرف مصروف ہوئی۔ اور ۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء میں بایزید کو بڑی شکست فاش انگورا کے میدان میں ہوئی تھوڑی دیر کیلئے یہ معلوم ہوتا تھا کہ اب سلطنت ترکی کی ترکی تمام ہوئی۔ انکی سلطنت جو دریائے ڈینوب سے اور ٹوک پیلی ہوئی تھی وہ اس صدمہ عظیم سے بالکل غارت وتباہ ہوجاتی مگر محمد اول نے وہ دانشمندانہ نظم ونسق کیا کہ پھر سلطنت کا بحال ہونا ایک اعجاز معلوم ہوتا ہے۔ ایسا امن وامان قائم کیا کہ سلطنت کو ایسا استقلال حاصل ہوگیا کہ مراد ثانی نے اپنی سلطنت کو ہن یاڈی وائٹ نائٹ آف دولیچیا کے حملوں سے محفوظ رکھا اور ۸۴۴ھ/۱۴۴۴ء میں ورنا میں فتح عظیم اور فیصلہ کرنیوالی حاصل کی اور عیسائی جہادیوں کے لشکر عظیم کو ہزیمت دی۔ ان عیسائیوں نے عہدنامہ کو توڑا تھا اسلئے انکو سخت سزا دی۔ اس فتح نمایاں نے ترکوں کو شمالی حملوں سے محفوظ کردیا دوسو

برس تک مظفر و منصور رہے ۱۴۵۳ء میں محمد ثانی نے قسطنطنیہ کو فتح کرلیا۔ رہی سہی بازنٹائن کی سلطنت کو نیست و نابود کردیا ۱۴۶۱ء میں کریمیا کو اپنی سلطنت میں شامل کرلیا ایجی این کے جزائر عثمان کی سرزمین بنگئی اور اٹلی میں قلعہ اوٹرین ٹو پر ترکونکا پھریرا پھرتا تھا۔ آٹھ سال کے عرصہ میں سلیم اول نے شاہ ایران کو شکست دی اور ترکی سلطنت پر کردستان اور دیاربکر کا اضافہ کیا ۱۵۱۷ء میں شام مصر عرب کو فتح کرلیا اور صرف مکہ معظمہ و مدینہ منورہ ہی کو تسخیر نہیں کیا بلکہ خلیفہ کے لقب عظیم کو حاصل کیا۔ اسوقت تک یہ لقب قاہرہ میں برائے نام خاندان عباسیہ میں چلا جاتا تھا۔ اب وہ سلطان ترکی کو حاصل ہوگیا اور اس لقب کے سبب سے جو مسلمانوں میں تعظیم و تکریم ہوتی ہے وہ سلطان ترکی کی ہونے لگی۔

سلطان سلیمان اعظم کی فتوح عظیم نے سلطان سلیم کی فتوح کو بھی مات کردیا ۱۵۲۲ء میں اس نے رہوڈس کے نائیٹوں کو بحری کمینگاہوں سے نکالدیا جہاں انکے جہاز غارتگری کیلئے لگے رہتے تھے۔ شمال میں اس نے بلگریڈ کو فتح کیا اور ۱۵۲۶ء میں ہنگری والوں کو بالکل پیس ڈالا۔ میدان مہاسن میں انکے بادشاہ لوئیس دوم کو اور اسکی بیس ہزار سپاہ کو قتل کیا۔ ہنگری ڈیڑھ سو برس تک ترکی سلطنت کا ایک صوبہ رہا ۱۵۲۹ء میں سلطان سلیمان نے دینا کا محاصرہ کیا۔ اگرچہ اسکو وہ بالکل مطیع نہیں کرسکا مگر آرچ ڈیوک فرڈیننڈ کو اسنے خراجگزار بنایا۔ سلطان سلیمان اعظم کی عظمت اس سبب سے نہیں ہے کہ اس نے بہت سا ملک یورپ میں فتح کیا بلکہ ایسے زمانہ میں فتح کیا کہ بڑے بڑے فرمانروا یورپ میں ایسے موجود تھے جیسے کہ چارلس اول۔ فرین سیس اول۔ الیزبتھ۔ لیو دہم اور ایسے ایسے جہازران موجود تھے جیسے کہ کولمبس۔ کورٹس۔ رے لیف۔ چارلس کے عین زمانہ اقبال میں اسنے ہنگری کو اپنی عملداری میں داخل کرلیا اور دنیا کا محاصرہ کیا۔ اور اس زمانہ جہازرانی میں کہ امیر البحر ڈوری آ ڈریک کی بڑی دھاک تھی اس نے سپین کے کنارہ تک سمندر کو چھان ڈالا اور اسکے امیر البحر ون۔ بروس پائی الی اور ڈراگٹ کے خوف سے تمام ساحل بحر مڈیٹرینین پر لوگ لرزان رہتے تھے۔ اسنے بربری کی ریاستوں سے اہل سپین کو نکالدیا ۱۵۳۸ء میں بڑی جنگ بحری پڑی ڈیسا میں پوپ کو اور شہنشاہ کو شکست دی۔ سلطان سلیمان کی سلطنت دریائے ڈینوب کے کنارہ پر بوداپستہ سے لیکر اسوان تک جو رود نیل کے انتار پر ہے اور دریائے فرات سے جبل طارق تک۔ سلطان سلیمان اعظم کے زمانہ میں سلطنت عثمانیہ اپنے معراج پر پہونچی بعد ازاں اس صعود سے تنزل شروع ہوا ۱۵۷۱ء میں آسٹریا کے ڈون جان نے لے پینٹو میں ترکی ایسی شکست دی کہ اسکی بحری قوت پر صدمۂ عظیم ایسا پہونچا کہ پھر وہ نہ پنپی۔ گو ۱۵۷۱ء میں ترکوں نے جزیرہ سائی پرس (قبرس)

فتح کرلیا اور ۱۵۹۶ء میں کیرس ٹرنس کے میدانمیں آسٹریا والونکو شکست دی مگر ترکی کی جو عظمت و شوکت و سطوت اہل یورپ کے دلونمیں پہلی بیٹھی ہوئی تھی وہ باقی نہیں رہی۔ سلطان مراد چہارم نے ۱۶۳۸ء میں اپنی ایشیائی سلطنت میں بغداد کا اضافہ کیا اور ۱۶۴۵ء میں اہل وی نیشیا سے کین ڈیا اور اور جزیرے لے لئے۔ مگر یورپمیں انکو شکستیں ہوئیں ۱۶۶۴ء میں سینٹ گوتھرڈ میں ۱۶۷۴ء میں چوک زم میں ۱۶۷۵ء میں لیمبرگ میں جان سوبیسکی کے ہاتھ سے ۱۶۸۲ء میں دینا کی محاصرہ میں ان شکستوں کا عروج تھا۔ مہاکز کے شکست کے بعد ۱۶۸۶ء میں ہنگری بالکل ہاتھ سے نکل گیا اور بوس نیا۔ گریس (یونان) پر اہل آسٹریا اور اہل وی نیشیا نے کئی حملے کئے ۱۶۹۷ء میں زنٹا کی لڑائی میں شاہزادہ یوجین نے صدیہ عظیم ترکونکو پہنچایا اور ۱۶۹۹ء میں صلحنامہ کارلووٹز اور ۱۷۱۸ء کی پاس سروویز کے عہدنامہ نے ہنگری۔ پوڈولیا اور ٹرین سال وے نیا میں ترکونکا تسلط کچھ باقی نہیں رکھا۔ ۱۷۷۴ء تک ترکی کی سلطنت کی حدود تقریباً بدستور قائم رہیں ۱۷۳۶ء سے روسیوں نے ترکوں پر دستدرازی کرنا اور انکی ملکونکا دبانا شروع کیا۔ اوک زے کو۔ ازوو کو ترکونسے انھوں نے لیا۔ ۱۷۸۳ء میں کریمیا دبالیا اور دریائے ڈنیوب کی مملکتو پر کئی حملے کئے۔ ترکی پر خود یہ آفت آرہی تھی کہ اسکی سپاہ مان چیری بغاوت کررہی تھی۔ آخر زمانہ کے سلاطین میں سلطان محمود ثانی معظم تھا۔ اسنے ۱۸۲۶ء میں مان چیری کے ساتھ باغی سپاہیونکو اڑادیا۔ مگر سلطنت عثمانیہ کے جو ٹکڑے ہورہے تھے اُسکو وہ نہ بچاسکا۔ افریقہ میں مصر کو اس صدی کے اوائل چوتھائی میں محمد علی نے ترکی سلطنت سے عملاً آزاد کرلیا۔ ۱۸۳۰ء میں برٹش گورنمنٹ کے تسلط نے مصر میں رہا سہا بھی ترکی کا تعلق اس سے کم کردیا وے جو سلطان ترکی کی طرف سے الجیریا اور ٹیونس میں حاکم مقرر ہوتے تھے اُنکی حکومت کے سبب سے الجیریا ۱۰۱۸ھ ۱۶۰۹ء میں اور ٹیونس ۱۱۱۷ھ ۱۷۰۵ء میں آدھے خود مختار ہوگئے اور فرانس نے ۱۸۳۰ء میں الجیریا پر اور ٹیونس پر ۱۸۸۱ء میں قبضہ کرلیا۔ افریقہ میں صرف طرابلس باقی ہے جسمیں سلطان روم کی طرف سے حاکم مقرر ہوتا ہے۔ جب سے سلطان مراد چہارم نے بغداد کو ایران سے چھین کر اپنی ایشیائی سلطنت میں ملایا ہے۔ ترکی سلطنت کا بہت کم نقصان ایشیا میں ہوا ہے ۱۸۷۸ء برلن کے عہدنامہ کے موافق فقط قرص اور باطوم روس نے لیا اور سائی پرس (قبرس) میں برطانیہ عظم سلطان کی طرف سے سلطنت کرتی ہے۔

ترکی کی سلطنت کا نقصان عظیم یورپ میں ہوا ہے۔ ۱۸۶۶ء میں ریاستہائے ڈین یوب سے ریاست رومینیا سے اور ۱۸۷۶ء میں سرویا سے ترکی سپاہ کی چھاؤنی قلعہ سے اُٹھی ۱۸۵۴ء و ۱۸۵۵ء میں جو روسیونکا ارادہ عظیم کریمیا کی لڑائی میں ہوا تھا اور انگلستان اور فرانس نے اسے روکا تھا ۱۸۷۷ء ۱۸۷۸ء میں پھر اسکا اعادہ ہوا۔ مگر یورپ کی سلطنتہائے عظیم نے اس ارادہ کو پورا ہونے دیا کہ اُسکے پورا ہونیسے روس کی سلطنت اور یورپ کی سلطنتوں پر غالب ہوجاتی۔ گو اسے روس کو تو ملک تھوڑا ہی سا ہاتھ لگا۔ مگر یورپ میں ترکی کی سلطنت کے ٹکڑے ہونے شروع ہوگئے۔ رومینیا میں اور سرویا میں جدا

سلطنت قائم ہوئی مونٹی نیگرو آزاد و خودمختار ہوئی۔ گریس کو تھسلی ملا۔ بوسنیا۔ ہرزی گوینا و ونو آسٹریا کو سپرد ہوئے۔ اب ۱۸۸۵ء میں ایک نئی باجگزار ریاست مشرقی رومیلیا قائم ہوئی جس کے سبب سے کوہ بالکن کے شمال میں ترکی سلطنت باقی نہیں رہی۔ صرف اس کے جنوب میں ایک قطعہ ملک یورپ میں سلطان روم کے پاس رہ گیا ہے کیا یہ تنگی ہے یا وہ فراخی تھی کہ سلطان سلیمان اعظم کے عہد میں دنیا کے دروازہ پر ڈنکا اس کا بجتا تھا۔

فصل یازدہم

(۸۱) مغل کے خانان اعظم (۸۲) ایران کے مغل بادشاہ (۸۳) خفچاق کے سیر اوردا (۸۴) قرم (کریمیا) کے خانان (۸۵) خانان چغتائی۔

مغل یا موغل

قاعدہ ہے کہ جب کوئی قوم اعلی درجہ کی نامور ہوتی ہے تو جس زمانہ کا حال اسکا نہیں معلوم ہوتا ہے اسکی بابت بہت سے قصے کہانیاں گڑھے جاتے ہیں مغلوں کا ستارہ اقبال کا طلوع چنگیز خاں سے ہوا اور جب ہی سے مغلوں کی تاریخ کا آغاز سمجھنا چاہیے اس زمانہ سے پہلے انکے حالات کی افسانے بے سروپا ہیں کہ ترک ہزرگترین فرزند حضرت یافث کا تھا حضرت عصمت قباب جناب قدسی نقاب النقوا خواب راحت میں تھیں کہ ایک نور شگرف انیز نازل ہوا اور حضرت مریم بنت عمران کی طرح وہ حاملہ ہوئی اور بچہ جنا بیت حکایات مریم اگر نشنوی + بالفونیا ہمچنان بگروی۔ اصل حال فقط اتنا تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ دشت گوبی (جسکو چینی شامو کہتے ہیں) شمالی ملکوں میں مغلوں کے جرگے خانہ بدوش بادیہ گرد رہتے تھے۔ پانی اور چراگاہوں کی تلاش میں پڑے پھرتے تھے۔ شکار میں اور چوپایوں کے پالنے میں زندگی بسر کرتے تھے۔ گوشت اور ترش دودھ کھاتے پیتے تھے۔ اور ہم قوموں خصوصاً ترکوں اور چینیوں سے جنکے وہ دوست تھے۔ کھالوں اور جانوروں کا مبادلہ کرتے تھے اور اس سے نفع کماتے تھے۔ غیر ملکوں میں دسویں صدی تک کوئی مغلوں کا نام ہی نہیں جانتا تھا۔ مغلوں کا بادشاہ سوغی چی جن تھا اسکا سپہ سالار سیوگائے بہادر تھا۔ بادشاہ نے اس سپہ سالار کو تاتار پر لشکر کشی کے لئے بھیجا۔ وہ تاتار پر غالب آیا۔ اور موضع دیلون بلدق میں ۱۰۹۴ء تیمجین کی حاملہ بیوی اودتون کے ہاں بیٹا پیدا ہوا جس کا نام باپ نے تموجین رکھا ۱۱۶۲ء میں باپ نے انتقال کیا تو تموجین کی عمر تیرہ سال کی تھی۔ بادشاہ سوغوجن نے جسپر مدار ملک و سلطنت و گرد دار لشکر و سپاہ کا تھا چند روز میں اردو وفا میں کوچ کیا۔ اس کا بڑا بیٹا قاچار نویان صغرسن تھا سیوگائے اگرچہ دولت مغلیہ کی عظمت کا بانی مبانی نہ تھا مگر امیر تک تھا کہ وہ اسکا بڑا معین و مددگار تھا۔ شاید یہ اول اسی کے خیال میں آیا تھا کہ مغلوں کو کندھے سے چینیوں کی اطاعت کا جوا اتار لیجئے اور مطلق العنان اور آزاد ہو جئے۔ گو اسکو سلطنت حاصل نہ تھی مگر بہی چالیس ہزار خیمے (خانوار) اسکو اپنا سردار مانتے تھے

غرض یہ ساری ثروت تھی جو چنگیز خاں کو باپ سے ورثہ میں ہاتھ لگی مگر اسی ثروت کو بیٹے نے بیس برس کے عرصہ میں سلطنت عظیم الشان بنا دیا کہ دنیا نے کبھی دیکھی نہ تھی لفظ سیزدہ سالہ کو جین اپنے باپ کی جگہ اونن کے کنارونکے قبائل بادیہ گرد پر حکومت کرتا تھا۔ اسکو ایشیا کا سکندر اعظم کہتے ہیں اسکی پوری تاریخ لکھنا ہمارا مطلب نہیں ہے بلکہ اسکا مختصر حال جو مسلمانوں کی تاریخ سے تعلق رکھتا ہے لکھتے ہیں۔ قوم نیرون نے تموجین سے روگردانی کی اور قوم تاتجوت سے ارتباط کیا۔ اس سے تموجین کو بہت سی تکلیف اٹھانی پڑی اور بہت سی بلاؤں میں مبتلا ہوا مگر ان خطروں سے اسنے نجات پائی۔ قوم جاموقہ۔ تاتجوت و قنقرات و جلائر وغیرہ سے لڑائیاں لڑا جب اسکی عمر تیس برس سے آگے بڑھی تو وہ اپنے ایل والوس کا سردار ہو گیا۔ بعض فرمانروایان ترکستان کی مخالفت کی سبب سے چالیس برس کی عمر میں وہ قراچار نویان کی رہنمونی سے آونگ خاں حاکم قوم کرمیت پاس گیا یہ حاکم اسکے باپ یسوگائے بہادر سے سابقہ محبت رکھتا تھا وہاں جاکر کارہائے پسندیدہ بجالایا۔ قرب منزلت علو مرتبت کو اس حد پر پہونچایا کہ امرا عظام و یگانوں کو اسپر حسد ہوا جاموقہ کہ جاجرات کا سردار تھا اسنے منگو پسر آونگ خاں کو اپنے ساتھ متفق کیا اور تموجین کے حق میں نیشنرنی کی اونگ خان کو اسکی طرف خیال فاسد ہوا۔ تموجین اندیشہ مند ہوا مگر اپنی درست تدبیروں سے اس مملکہ سے اسنے نجات پائی۔ دو دفعہ محاربات عظیم اسسے ہوئے جنمیں تموجین کو فتح ہوئی۔ اکنچاس سال یا پچاس سال کی عمر میں ۵۹۹ھ کو وہ دولت سلطنت و جہانداری پر کامران ہوا جب اسنے فرمانروائی اور جہانبانی پر تین سال گزرے تو اسنے کیورلتائی یعنی مجلس عظیم ضیافت عام میں کل قبائل مغل کے سرداروں کو بلایا اور اس تب تنگری نے جو پیشوران عالم غیب و مژدہ رسانیان درگاہ کبریا میں سے تھا اپنے الہام ربانی سے تموجین کو خطاب چنگیز خاں (یا چنگیز قآان) سے مخاطب کیا جسکے معنی شاہ شاہان ہیں۔ روز بروز اسکا نجم اقبال فروزاں تر اور سال بسال برق دولت اسکی سوزاں تر ہوتی جاتی تھی۔ تمام خطای و ختن و چین و ماچین و دشت قبچاق و سغنین و بلغار و آس و روس آلان وغیرہ پر وہ سرور ہو گیا۔ ۶۱۵ھ میں ماوراالنہر کی جانب اس نے محمد خوارزم شاہ کے مغلوب کرنیکا قصد کیا اپنے قہر قلم سے اس دیار کے آدمیوں کی جان باقی نہیں رکھی جب ماوراالنہر سے فارغ ہوا تو آب آمو سے عبور کیا۔ بلخ کیجانب عنان کشور کشائی پھیری۔ تولی خاں اسکا بیٹا لشکر گراں کیساتھ ولایت خراسان کیطرف روانہ کیا۔ خود ممالک ایران و توران تسخیر کر کے بلخ سے عالقان پر آیا۔ یہانسے سلطان جلال الدین منکبرنی کے دفع کرنیپر متوجہ ہوا اور ۶۲۴ھ میں اسکو آب سند تک ہزیمت دی پھر یہاں سے ماوراالنہر میں مراجعت کی اوچہارم صفر ۶۲۴ھ چونسٹھ برس کی عمر میں ولایت تنقوت میں سفر آخرت کیا۔ اسکے چار بیٹے تھے۔ جوجی۔ چغتائی۔ اگدائی یا اکتائی۔ تولی یا تولو۔ بزم و نگار کی ترتیب جوجی خاں سے متعلق تھی سیاسات کا کرنا کہ ممالک رائی کا نظام اس سے مربوط ہے چغتائی خاں کے سپرد تھا۔ تدبیرات جہانبانی و ترتیب امور ملی

اوگدائی خاں کے مخصوص تھیں۔ سرانجام مہام سپاہ و محافظت اُردو تولی خاں سے متعلق تھیں۔ جو ملک اسنے خود اور اُسکے بیٹوں نے فتح کئے تھے وہ بیلوہی (بحر زرد) سے جیحون تک اور وہ سرزمینیں اور قومیں اس میں داخل تھیں جو چینیوں تنکوت یا تنغوت۔ افغان ایران کے ماتحت تھیں۔

امرا مغل میں یہ دستور تھا کہ جن قبائل پر ان کو حکومت ہوتی تھی اُنکو بطور التمغا کے اپنے بیٹوں میں تقسیم کرتے تھے اور چنگیز خاں کی سلطنت جو بیٹوں میں تقسیم ہوئی۔ اسمیں قبائل کی تقسیم ملک کی تقسیم سے زیادہ تر عمل میں آئی۔ چنگیز خاں نے ہر ایک بیٹے کو خاص قبائل مغل آل تمغا میں دیئے مگر انکے خیمے لگانیکی زمینوں کی حدیں اچھی طرح متعین نہیں کیں اور اپنا قائمقام سریر خانی پر اوگدائی خاں کو مقرر کیا۔ اب اول خاقانوں کا ذکر جو سب پر فائق تھے کرتے ہیں۔ اور پھر اگے اس ترتیب سے حالات لکھیں گے۔

(اوّل) خاندان اگدائی خاں جسنے قوم زنگوریا۔ خاقانوں پر جتنک حکومت کی کہ تولی خاں نے اس کا خاتمہ کیا۔

(دوم) خاندان تولی خاں جسنے اپنی قوموں مغلستان۔ خاقانوں پر بعد اوگدائی خاں کے خاندان کے حکومت جتنک کی کہ منچو نے اُسپر غلبہ پایا۔

(سوم) تولی خاں کے خاندانوں کی شعبہ ہولاکو خاں (ہلاکو خاں) اور اُسکے جانشینوں ایران کے ایل خانوں کا۔

(چہارم) خاندان جوجی خاں جسنے قبائل ترکی خانیت خفچاق پر حکومت کی۔ خانان سیر اور داد و آق اور واپرس کا ضمیمہ خانیت استراخاں اور اُسکے شعبے خانیت کزن۔ کزی موف دقرم تھے اور آخر کو خانان خیوا و بخارا ہوئے۔

(پنجم) خاندان چغتائی خاں جس نے ماوراء النہر پر سلطنت کی۔

۶۰۳ - ۱۰۴۳ھ - ۱۲۰۶ - ۱۶۳۴ء خانان اعظم۔

(۱) خاندان اوگدائی خاں۔ التمغا۔ زنگوریا۔ اعظم خاقانان۔

اوگدائی کی رعایا نے زنگوریا کے اندر یا قریب خیمہ زنی کی جگہ فقط التمغا زنگوریا لکھنا اس بات کے بتانے کے لئے آسان ہے کہ اوگدائی خاں کی رعایا کا مقام خیمہ زنی کہاں تھا۔ چنگیز خاں کی وثیقت نامہ یا وصیت نامہ کے بموجب اوگدائی خاں کو علاوہ التمغا زنگوریا کے خانی بھی ملی تھی۔ یہ چنگیز خاں کی تعظیم و ادب کی بڑی دلیل ہے کہ اس دولت مغلیہ کے بانی کے احکام کا پاس و لحاظ بعد اُسکی موت کے اتنا تھا کہ باوجودیکہ اوگدائی خاں اسکے بیٹوں میں یہ سب سے بڑا تھا نہ لیاقت و قابلیت میں زیادہ تھا۔ مگر تمام قبائل مغلیہ کے امرا اور خاندان اور باجگذاروں نے اسکی شاہنشاہی کو قبول کر لیا ۱۲۲۹ء میں کیورل تائی (ضیافت عظیم) میں اسکی خانی و خاقانی کو تسلیم کر لیا۔ اوگدائی خاں کی سلطنت

میں بھی مغلوں کی فتوح عظیمہ کا سلسلہ جاری رہا اور پہلا ہی سال دوران اسکا رہا۔ چین کی نصف شمالی سلطنت یعنی کین پر چنگیز خاں کی زندگی میں مغلوں کا کچھ تسلط ہوا تھا۔ مگر ۱۲۳۴ء میں بالکل تابع ہوگئی۔ اور نصف جنوبی یعنی سنگ سلطنت مغلوں کے حملوں کا مقابلہ قوبلے خاں کے زمانہ تک کرتی رہی ۱۲۷۹ء میں کوریا مغلوں کی سلطنت میں شامل ہوا شجاع جوانمرد جلال الدین جو خوارزم شاہ محمد کا بیٹا تھا۔ وہ اپنے باپ کی ساری سلطنت عظیم الشان میں مغلوں کے ہاتھ سے مارا مارا پھرا۔ اور مغلوں نے اور کہیں اسکو چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ جبتک کہ اس بدنصیب کی ساری سلطنت پر تسلط نہ کرلیا۔

ایک مہم عظیم یورپ پر یہ ہوئی کہ جوجو خاں کے بیٹے باتو خاں نے مغلوں کو موسکو اور نووگورروڈ میں داخل کیا۔ ہنگری میں ہنگامہ برپا کیا۔ کراکو کو جلا دیا پیسٹھ کا محاصرہ کیا۔ یورپ کی خیر مغلوں کے ہاتھ سے اس سبب سے ہوگئی کہ اوگدائی خاں کا انتقال ہوا جس کے سبب سے سارے خاندان کو کیورل تائی کی مجلس عامہ کیلئے جانا پڑا۔ اور گرینڈ ڈیوک آسٹریا نے لیگ نٹز میں مغلوں کو شکست بھی دی۔ اس عرصہ میں اعلیٰ وزیر تیلیوچیت سائی نے امور مملکت کا نظم و نسق بہت عمدہ طرح سے کیا۔ مستانہ نوشی مغلوں کی عادت میں داخل ہوگئی یہ بلا اوگدائی خاں کے پیچھے بھی لگ گئی تھی۔ مگر اس وزیر نے اسکی اس غفلت کا معاوضہ اپنی ہوشیاری سے کیا کہ ہر ہر صوبہ وضلع میں امن و امان رعایا پروری اور عدل گستری کے ساتھ قائم رکھا۔

اوگدائی خاں ذیقعدہ ۱۲۴۱ء میں مرا تھا۔ کئی برس تک اسکے بعد کوئی بادشاہ نہیں ہوا اسکی بیوی ترکینہ نیابت سلطانی کا کام کرتی تھی اور منتظر تھی کہ کب اسکا بڑا بیٹا گیوک خاں یا گیوک خاں یورپ سے مراجعت کرے۔ یورپ میں گیوک خاں نے ہنگری کی فتح کرنے میں اپنے چچیرے بھائی باتو خاں کیساتھ بڑی ناموری اور شہرت شجاعت اور دلیری میں حاصل کی تھی ۱۲۴۶ء میں قراقورم یا کراکورم میں درکیورل تائی کی مجلس میں وہ خاقان مقرر ہوا اور اس مجلس میں سب امرا مغل شریک ہوئے مگر جوجو خاں کے بیٹے نہیں آئے انہوں نے یہ عذر کیا کہ ہمکو یہ جانشینی پسند نہیں ہے گیوک خاں نے جو اسکی ماں کے عہد میں کچھ بدنظمی ملک و سپاہ میں پھیلگئی تھی اسکو دور کیا اور سپاہ کو چین و ایرانمین سلطنت کے بڑھانیکے لئے بھیجا۔

خاندان اوگدائی خاں میں فقط گیوک خاں ہی سریر خاقانی پر جلوہ افروز ہوا جب وہ ۱۲۴۸ء میں مرگیا تو کوئی اسکے بیٹوں اور خاندانمیں سے جانشین نہیں ہوا بلکہ تولی خاں کے خاندانمیں سلطنت منتقل ہوگئی۔ اس نئے خاندان کے اول خاقان منگو خان کے معزول کرنیکا ارادہ اوگدائی خاں کے خاندانمیں سے کسی نے نہیں کیا۔ مگر جب منگو خاں مرگیا اور اسکی جانشینی کیلئے قبلے خاں منتخب ہوا اور چین میں ایک بے قاعدہ مجلس کیورل تائی میں وہ خاقان مقرر ہوا تو اوگدائی خاں کے خاندان نے بغاوت اختیار کی اور ایک ہنگامہ کارزار گرم کیا۔ اوگدائی خاں کا پوتا قیدو خاں اکتالیس سے کم لڑائیاں مشرق

میں حامیان خاندان تولی خاں سے نہیں لڑا اور خیحاق میں جو جو دوست خاندان تولی خاں کے تھے انسے مغرب میں پندرہ لڑائیاں لڑا۔ مگر یہ جنگ برابر والوں میں تھی جب قیدو خاں نے ۱۳۰۱ھ میں قید حیات سے رہائی پائی تو خاندان اوگدائی خاں خاندان تولی خاں کا مطیع ہوگیا۔ اس خاندان کے جو قبائل دوست تھے وہ ماوراء النہر اور خیحاق کے قبائل میں پراگندہ ہوکر ملگئے اور اُنکے امیر گمنامی کی حالت میں چغتائی خاں کی عملداری میں زندگی بسر کرنے لگے۔ بدنظمی کی حالت میں خاندان اوگدائی خانمیں سے ایک نے ماوراء النہر کی تخت سلطنت میں بادشاہ ہوگئی اور تیمور نے پھر اس دودمان کی شمع کو روشن کرنا چاہا اور امیر سیورغاتمس کو اور اُسکے بیٹے محمود کو چغتائی مغزول بادشاہوں کی جگہ تخت سلطنت پر بٹھایا مگر خاندان ایسا مردہ ہوگیا تھا کہ اسمیں جان نہیں پڑسکتی تھی۔ اس تخت نشینی سے وہ اصل خاقان نہیں بن سکتے تھے۔ یہ تخت نشینی ایک جھوٹ موٹ کا تماشا تیمور نے دکھایا تھا۔

دوم۔ خاندان لولی خاں التمغا منولستان۔ خاقان ۱۲۴۸-۱۳۳۴ء تک تین عہد۔ (۱) یوائن خاندان چین میں ۱۲۴۸-۱۳۷۰ء کا (۲) قراقورم میں گھٹیا راج ۱۳۷۰-۱۵۴۳ء (۳) قبائل کا تقسیم ہونا اور انکا منچو کا بتدریج مطیع ہونا ۱۵۴۳-۱۶۳۳ء تولی خاں بیٹا منگو خاں بڑا سپہ سالار اور صاحب جلادت و شجاعت تھا جنگ کے سارے اصول اور کاموں سے خوب ماہر تھا۔ سوا اسکے قبائل مغلیہ جو منغلو کی سپاہ چنگیز خانی کی جان تھی وہ تولیخاں کی التمغا تھی۔ ان دونوں باتوں نے ملکر منگو خاں کو خاقان ۱۲۵۱ء میں بنا یا اور ۱۲۵۷ء میں پیغام اجل اُسکے پاس آیا۔ مگر اس مختصر عرصہ میں دو عظیم الشان انقلابوں کی افتادیری ایک یہ کہ منگو خاں دشت گوبی کے شمال میں اپنا قدیمی دارالسلطنت قراقورم رکھتا تھا اور اپنے بھائی قبلے خاں کو جنوبی اضلاع میں حاکم مقرر کر رکھا تھا پس یہ ابتدا تھی کہ قراقورم سے پیلنگ میں دارالسلطنت تبدیل ہوجاوے۔ دوم یہ کہ ایران ہولاکو خاں (ہلاکو خاں) کو حاکم مقرر کیا جس نے ایران میں اپنے خاندان کی سلطنت جمائی اور وہ قاعدہ جو ہمیشہ ایرانمیں حاکموں کے تقرر کا بدلتا رہتا تھا موقوف کیا اور ایرانمیں چنگیز خاں کی خاندان میں سے بادشاہوں کا سلسلہ قائم ہوا۔ جیسا کہ سلطنت مغلیہ کے اور صوبوں میں تھا۔

۱۲۵۷ء میں منگو خاں نے انتقال کیا جسکا اوپر ذکر ہوا ہے اور ادھر منگو کے بھائی ارک بوکا نے اُدھر قبلے خاں نے اپنے گھر مغلستان کی سلطنت کا دعویٰ کیا۔ چین کی سپاہ نے قبلے خاں کی خاقان کے ہونیکی سلامی اتاری۔ قراقورم میں مجلس کورلتائی نے ارک بوکا کو خاقانی کیلئے انتخاب کیا اور مغرب میں قبائل اوگدائی اور چغتائی نے قیدو خاں کو خطاب خاقان دیا۔ خیحاق میں جو جو خان نے خاقانی کا دعویٰ نہیں کیا بلکہ وہ خاندان تولیخاں کا حامی بنا۔ ان سب میں قبلے خاں کا پلہ بھاری رہا اور وہی خاقان ہوا۔ اور تمام جھگڑوں و فسادوں کو اُس نے پاک صاف کردیا۔ ارک بوکا کو جلد شکست دیدی۔ قیدو خاں کو دور دور بھینکتا رہا اور جبتک تکلیف دیتا رہا کہ قبلے خاں کو موت آئے۔

اب چنگیز خاں کی نسل کے خاقان چینی ہوگئی اور وہ چینی کہلانے لگے ۱۲۸۰ء میں چین کی جنوبی مملکت یعنی

سونگ کو بالکل انہوں نے فتح کرلیا۔ اور اسطرح کل ملک کی ایک سلطنت بنالی جسمیں اسکے سوا کوئی فرمانروائی نہیں کرتا تھا اسنے اپنا دارالحکومت خان بلغ (کام بلوک) یعنی خان کا شہر بنایا۔ جسکو اب پیکنگ کہتے ہیں اور پرانا دارالسلطنت قراقورم ایک صوبہ کا مرکز ان تینوں عہد میں رہا کہ جسمیں قبلے خاں کی اولاد کی تاریخ منقسم ہوتی ہے۔ اوّل عہد میں یہ صدی ہے کہ جو چین کی سلطنت مغلیہ کے آغاز اور حملہ آوروں کے دفع کرنیمیں دسویں جانشین تغان تیمور تک گذری یعنی ۱۳۶۸ء تک چین کی تاریخ میں ان مغلونکے خاقان کو یوان کا خاندان کہتے ہیں۔ اس خاندان کی والاشکوہی کے تنزل کے اسباب بیان کئے جاتے ہیں کہ دربار کی اسراف اور عیش و عشرت و آرام طلبی و تن آسانی۔ لاما گروؤں کی تعظیم و تکریم اور انکی مواظبت رسومات کی مفلسی و بیماری۔ وبائیں۔ قحط۔ زلزلے اور ایسی ہی اور بلائیں سلطنت کے دعویدار بہت سے کھڑے ہوئے۔ آخر کو چو یوان چنگ نے خاندان منگ کو قائم کرکے ۱۳۶۸ء میں پیکنگ کو لے لیا اور دو سال میں چین نے مغلونکے ہاتھ سے فراغت پائی۔ پھر تاریخ میں انکی خاقانی کی اقبالمندی کے زمانہ کا ذکر نہیں ہوا۔ دوسرا عہد اسوقت سے شروع ہوتا ہے کہ چین سے مغلونکی سلطنت خارج ہوئی اور کچھ دنوں پھر دیان خاں کے زمانہ ۱۳۷۱-۱۳۵۵ء میں وہ اپنی بجلی کی چمک دکھا گئی۔ اس عہد کو مغلونکا گھٹیا راج کہتے ہیں کہ وہ ان مزروعہ زمینوں میں مقید تھی جہاں سے وہ دریا کروڑوں اور اونٹ کی پار اُتر کر دشت گوبی کے شمال میں خیمہ زنی کی زمینوں فتح کرنے گئی تھے۔ منگ کی سپاہ نے مغلونکو بویور کی جھیل پر جالیا اور اسکو بالکل شکست دی اور اسی ہزار آدمی قید کئے اور ڈیڑھ لاکھ مویشی پکڑ لئے اور بہت سا مال اسباب انکا لوٹا۔ پس اس شکست سے خاقانونکا دم نکل گیا اور فقط انکی بزرگی نام ہی میں باقی رہی اور وہ بالکل تابع منگ کے شاہنشاہ کے ہوگئی۔ منگ کے شاہنشاہ ہی پیکنگ میں قبائل مغلیہ کے حاکم اپنے حکم سے مقرر کرتے اور انکو سند حکومت دیتے۔ پندرہ صدی میں ایک واقعہ اپنے آئی۔ کچھ مدت کیلئے بہت سے قبائل یوآئی ت کی رعیت بنگئی۔ مگر اسی صدی کے آخر میں دیان خاں کے جو تغان تیمور کے جانشینوں میں چودھواں تھا اُس نے متفرق قبائل کو یکجا جمع کیا اور انکو بالترتیب جاعتوں میں تقسیم کیا۔ تیسرا عہد تاریخی یہ ہے کہ قبائل جو تقسیم ہوکر جدا جدا ہوگئے تھے انکی معاملات ملکی میں فساد و عناد کا اور اسکی آپس کی نااتفاقی اور عناد کا نتیجہ یہ تھا کہ وہ یکے بعد دیگرے منچو کی قوت کے محکوم ہوگئے۔ چین میں جب منگ کا ستارہ اقبال غروب ہوا تو منچو کا اقبال چمکنا شروع ہوا تھا اندرونی جنگ آرائیاں خاندانوں کا اختلاف اور عام نااتفاقی سے خاقان کی بادشاہی برائے نام رہ گئی تھی اسکا نام بھی باقی نہیں رہا ۱۶۴۳ء کے قبلے خاں کی اولاد فقط چین کی رعیت ہوگئی۔

۶۵۴ - ۷۵۰ ھ ۱۲۵۶ - ۱۳۴۹ ع

منگو خاں نے اپنے خاقانی کے عہد میں تولیخاں کی اولاد میں سے ہولاگو خاں (ہلاکو خاں) کے گھرانے میں ایران کی بادشاہت دیدی جنکو ایل خانان یعنی خانان اضلاع کہتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہو کہ وہ خاقان معظم کے مطیع ہیں۔ ایل خانان

ہمیشہ خاقانونکی اطاعت کا زبانی اقرار کرتے رہے ہیں۔ ہلاکو خاں جب ایران میں حاکم مقرر ہوا تو اُسکو اپنی فرمانروائی قائم کرنے میں کوئی دقت نہیں واقع ہوئی۔ عالی ہمت اولوالعزم خوارزم شاہ نے (جسکو چنگیز خاں نے شکست دی تھی) ایران کے بہترین حصونکو فتح کرکے اور ونکو ایران کے فتح کرنیکا رستہ بتا دیا تھا۔ اور کوئی قوی مقابلہ کرنیوالا باقی نہیں چھوڑا تھا اُس نے جو سلطنت ایران کو شکستہ کرکے پارہ پارہ کیا تھا اور ان پارونکو جو شاہزادگان اپنی سعی و کوشش سے جوڑ رہے تھے ان سبکو ہلاکو خاں نے اپنے آگے سے اڑا دیا۔ وہ بغداد میں آیا اور خلیفہ مستعصم باللہ کو جو خلفاء عباسیہ میں سے تھا نہایت ظلم سے قتل کیا۔ اور پھر وہ آگے بے مزاحمت بڑھتا چلا گیا۔ مگر شام کے بہادر مملوک مصر نے کامیابی کیساتھ اپنے قریب اُسکو روکا۔ اب ہلاکو خاں ممالک ایران اور ایشیائے مائی نر کا مالک ہنسے لیکر بحر قلزم تک ہوگیا۔ اسکی سلطنت کی حدود شمال میں برار چغتائی فوجی کی سلطنت سے اور جنوب میں سلاطین مصر سے ملی ہوئی تھیں۔ ان حدود کے اندر اُسکے خاندان نے سو سال تک سلطنت کی اور عملاً وہ مطلق العنان اور خود مختار رہی۔ دُور دراز کے فاصلہ پر برائے نام چین کے خاقان کی اطاعت کا اقرار کرتی رہی۔ کبھی کبھی کچھ جانشینی کے لئے جھگڑا ہو جاتا تھا ورنہ ملک میں سطح سے امن امان رہتا تھا رعایا سکھ چین سے رہتی تھی۔ اور ان خانان ایل نے علوم و فنون و علم ادب کی وہ قدر شناسی کی کہ جس سے اُنکی وہ ترقی ہوئی کہ کبھی شاہان ایران کے زمانہ میں نہیں ہوئی۔ ہمنے پہلے بیان کیا ہے کہ دولت خلفاء و دولت سلجوقیہ۔ دولت مملوک مصر کا زوال کن سببوں سے آیا۔ انھیں سببوں سے ابوسعید کے زمانہ میں اس دولت ایل خانیہ پر تباہی و بربادی آئی کہ اُمراء وزراء سپہ سالار جو آپس میں قابت رکھتے تھے وہ ملک کے نظم و نسق میں زیادہ دخیل ہوگئے انکے آپس کے رشک و حسد و عداوت مخالفت نے اول دولت ایل خانیہ کو خوف و خطر میں ڈالا۔ جب ابوسعید کا انتقال ہوا تو پھر سلطنت ایران کا تخت ایسا ہوگیا کہ اُس پر رقیب اُمراء وزراء جسکو چاہیں بٹھائیں اور کٹ پتلیوں کی طرح نچائیں۔ ایران کے ٹکڑے دو خاندانوں نے کئے۔ ایک امیر چوپان نے جو غزن خاں اور اُسکے جانشینوں کا بڑا منہ لگا پیارا جنرل تھا۔ دوسرا امیر حسین جالیر تھا جسکو ایلکائین بھی کہتے ہیں۔ ان میں چوپان کا بیٹا امیر حسین کوچک تھا اور جالیر کا بیٹا امیر شیخ حسین بزرگ تھا۔ ابوسعید کے مرنے کے بعد ارپاخاں جو ہلاکو خاں کی اولاد میں سے تھا بلکہ اس کے بھائی ارک بوکا کی اولاد میں سے تھا وہ تخت سلطنت پر بیٹھا۔ مگر اسی سال ۱۳۳۵ء میں موسے نے اُسکو معزول کیا جسکا سلسلہ نسب ہلاکو خاں تک پہنچتا ہے جو چھٹا ایل خاں تھا۔ شیخ حسین بزرگ کے طرفداروں نے موسی کو بھی بہت جلد تخت سے اُتار دیا اب حسین بزرگ کا رقیب خاندان چوپان تھا جس نے اس تخت نشینی کا دعویٰ ابوسعید کی بہن ساتی بیگم کی طرف سے کیا۔ اور اُسکو بادشاہ بنایا۔ اس بیگم کی پہلی شادی چوپان خاں کے بھائی پھر ارپا خاں سے۔ اور آخر کو سلیمان سے جس نے اسکی برتری کو مٹا دیا آخر بادشاہ نوشیرواں تھا جسکی سلطنت میں فساد برپا ہے آخر کو ایران میں جالیر کی قوت و قدرت

وسطوت سب سے زیادہ ہوگئی اور ہلاکو خاں کا خاندان بالکل ختم ہوگیا۔ جالیر مظفریہ۔ سربہ داریہ وغیرہ نے ملک میں جب تک بڑی ہل چل مچائی کہ تیمور یہاں آیا اور اُس نے ان سب پر جھاڑو پھیر دی۔

۶۲۱-۹۰۷ھ - ۸۳ - خانان سیراوردا (خیمہ زریں) ۱۲۲۴-۱۵۰۲ء

چنگیز خاں کے سب سے بڑے بیٹے جوجی خاں کے حصہ میں قدیمی سلطنت قراختے کے قبائل آئے تھے۔ یہ قبایل دریاے سیحون کے شمال میں رہتے تھے۔ جوجی خاں (نوشی خان) اپنے باپ کے سامنے مرگیا تھا اور اُسکے بیٹے بہت سے تھے انمیں سے بڑے بیٹے اوردا خاں کو جانشین کر دیا تھا۔ مگر جوجی خاں کے سب سے چھوٹے بیٹے باتو خاں نے یورپ کے مشہور حملے میں بڑا نام پیدا کیا تھا اور اُسنے اپنے خاندان کے التمغا کو مغرب میں بہت بڑھایا تھا اور اپنے تئیں اُس نے ترکی خانیت خفچاق کا بادشاہ بنایا۔ باتو خاں کے ملک کے شمال میں جسکا بھائی توقا تیمور ضلع بلگیر یا بزرگ کا دریاے ودلگا کے اوپر حکومت کرتا تھا اور جوجی خاں کا چوتھا بیٹا شیبان خاں غیر مزروعہ سرزمینوں پر حکومت کرتا تھا جنکو اردا خاں کے التمغا کے شمال میں کرغیز کزکس کہتے ہیں۔ پانچواں بیٹا تیول خاں چینگ کو جسکو پچھلے زمانہ میں تو کالیس کہتے تھے یورال اور بمبا میں یہ کل قبائل تھوڑی یا بہت اطاعت خاندان باتو کی کرتے تھے اگرچہ وہ شنخ کوچک تھی اسنے بڑی بزرگی حاصل کی تھی اور اس نے دریاے ودلگا کے اوپر سلطنت جوجیہ کا پایہ تخت سراے کو بنایا۔ ان سب اقوام کو اس سبب سے کہ ان کا خان بادشاہانہ خیمہ زریں لگاتا تھا سیراوردا یعنی زریں خیمہ کہتے ہیں۔ یہ بھی کہنا ضرور چاہیے کہ جو خاندان حکومت رکھتا تھا اُس کی سپاہ کا عطر و لب لباب نسل مغلیہ ہوتی تھی۔ جوجی خاں کے حصہ میں جو قبائل آئے تھے انمیں سے زیادہ تر وہ مفتوحہ ترک یا ترکمان تھے جنکو مغلوب کیا تھا۔

جوجی خاں کے کنبے کے خانان سیراوردا (زریں خیمہ) کے مختلف خاندان یہ ہیں۔

(ا) خاندان باتو خاں۔ سیراوردا کے خانان معظم جو مغربی خفچاق میں سنہ ۱۲۲۴-۱۳۵۹ء تک قبائل قوق اوردا (نیلے خیمہ) پر حکومت کرتے رہے۔

(ب) خاندان اوردا (اوردا خاندانی لقب سے مشرقی خفچاق پر سنہ ۱۲۲۶-۱۴۲۸ء تک قبائل آق اوردا (خیمہ سفید) پر حکومت کرتا رہا مغربی خفچاق میں قبائل سیراوردا کے بعد باتو خاں کا خاندان سنہ ۱۳۷۸-۱۵۰۳ء میں کرتا رہا اور بعد تنزل کے استرخان کے خانان سنہ ۱۴۶۶-۱۴۵۴ء تک وہ رہے۔

(ت) خاندان توقا تیمور شمالی خفچاق میں بلگیر یا میں خانان رہے۔ مغربی خفچاق میں اُنھوں نے خانان قبائل سیراوردا پیدا کر دئے آخر کو اور خانان کزن سنہ ۱۴۵۰-۱۶۷۸ء میں اور خانان قرم ۱۴۲۰-۱۷۸۳ء میں پیدا کئے۔

(ث) خاندان شیبان ۱۲۲۴-۱۶۵۹ء میں ازبگ یا کرغیز کی زیر روعہ سرزمینوں میں حکومت کرتے تھے انھوں نے ۱۵۰۰-۱۸۷۲ء میں نقل مکان کرکے اپنے تئیں خیوا اور بخارا کا خانان بنایا۔

(ج) باتوخاں کا خاندان۔ سیر اور دا کے خانان معظم۔ التمغا مغرب میں خفچاق کے قبائل آق اور دا ۱۲۲۴-۱۳۵۱ء مغرب کی خانیت معظم میں باتوخاں کے خاندان کی حکومت بڑی کروفر سے ہوئی۔ چونکہ وہ روسیوں کی ترقی ونشوونما سے علاقہ رکھتی ہے اسلئے وہ تاریخ میں بڑی عظمت و وقعت رکھتی ہے۔ وہ روسی اُمرا و شاہزادوں کی خداوند نعمت تھی۔ ان سے خراج لیتی تھی۔ انکی لڑکیوں کی مالک تھی۔ مگر خفچاق کے خانان معظم کی تقدیر میں یہ تھا کہ وہ جنکے حاکم تھے اُنکے محکوم بنیں جنکو وہ غلامی میں رکھتی تھے اُنکی غلامی میں رہیں۔ مگر پہلے اس کو کہ اس تنزل کی نوبت پہونچی۔ باتوخاں کا خاندان مٹ چکا تھا اُسکے بھائیوں کی اولاد اُسکی قایم مقام ہوگئی تھی۔ بہتک باتوخاں کی اولاد کے ہاتھ میں خانان حکومت رہی وہ بڑی باقبال اور بااختیار و اقتدار رہی۔ اس خاندان میں سے دس خانان معظم نے فرمانروائی کی۔ جانی بیگ آخر فرمانروا تھا ۱۳۷۵ء میں اُسکے مرنے کے بعد بدنظمی پھیلی۔ جانی بیگ کا بیٹا بردی بیگ اُسکا جانشین ہوا۔ دو برس تک فرمانروا رہا۔ جانی بیگ کے بیٹے ہونے کا دعویٰ دو خانوں نے کیا اور وہ ایک ہی سال میں جانشین ہوئے۔ پھر بعد اسکے بیس برس تک سلطنت کے مدعی اور رقیب آپس میں لڑتے رہے۔

جب باتوخاں کے خاندان کا خاتمہ ہوگیا تو جوجی خان کے گھرانیکی پانچ شاخیں سیر اور دا کی خانیت کے دعویٰ کیلئے کھڑی ہوئیں اور انھوں نے اپنی سلطنتیں اسطرح جمائیں تو کاتیمور کی بہت سی اولاد نے تو بلگیر یا بزرگ کے شمال اور جنوب اور قوم میں۔ باتوخاں کے دوسرے جانشین اور اُسکے بھائی براکا (براق خاں) کی اولاد نے جنوب میں کوہ قاف کے پاس تیریک۔ کما میں خیمے لگائے۔ براق خاں کے سبب سے قبائل سیر اور دا نے اپنی بڑی ہیئت پیدا کی تھی۔ اور دا کے کنبے کے سرداروں نے اور قبایل آق اور دا نے خانیت معظم کے مشرق میں اپنا سکہ جمایا شیبان خان کی سربراہی میں قبائل ازبگ نے مشرق میں بھی اور زیادہ تر شمال میں حکمرانی کی اور بحر خزر (کیسپین) کے شمالی کناروں پر قبائل نوگائے نے اپنے مویشی چرائے ان رقیب خاندانوں میں سے پندرہ خانوں نے حکومت کی اور ۱۳۷۹ء میں قبائل سیر اور دا کے خاندان کی حکومت اور دا کے خاندان میں توق تمش کے ہاتھ میں آگئی۔

(ب) خاندان اور دا۔ التمغا قبائل آق اور دا مشرق خفچاق میں ۱۲۲۶-۱۴۲۸ء قبائل سیر اور دا مغربی خفچاق میں ۱۳۷۸-۱۵۰۲ء خان استراخان ۱۴۶۶-۱۵۵۴ء (مشرقی خفچاق میں دریا جیحون کے نیچے کے ملک اور یونع کوہستان کو چک تاغ شامل تھے۔ اور اُنکی سرحدیں مغرب میں باتوخاں کے قوق اور دا سے اور شمال میں شیبان ازبگ سے

مشرق میں چغتائی خانیسے۔ جنوب میں دشت قزل قم اور انگزنڈ رود کی کے سلسلہ سے ملی ہوئی تھیں قبائل سیر اور دا (خیبہ زریں) دو حصوں میں منقسم تھے ایک قبائل آق اور دا یعنی سفید اور دا اور دوسرے قبائل کوک (فوق) اور دا یعنی نیلگوں اور دا کہلاتے تھے اور ایک خیالی بات ان قبائل کے ذہن میں تھی کہ سفید رنگ کو برتری نیلے رنگ پر ہے اسلئے فوق اور دا کا نام اس نیلے رنگ پر رکھا گیا تھا کہ وہ آق اور دا (سفید) کے تابع تھیں۔

جوجی خاں کی اولاد میں سب سے زیادہ شجاع اور قوی وصاحب جلادت باتوخاں تھا۔ مگر باپ کی التمغا میں اور داخاں جانشین ہوا اور خاندان کی سرداری اُسکے ارث میں ہمیشہ رہی۔ یہ التمغا دریاہیجوں کے پاس تھی۔ وہ سیر اور دا کے بائیں حصّہ پر حکومت کرتا تھا جسکو آق اور دا کہتے ہیں۔ بحر خزر کی دور کی خیز مزروعہ زمینوں میں وہ رہتا تھا آق اور دا نے ڈون۔ وولگا پر اپنے بھائی توق اور دا کو مطیع کر لیا۔ انکے سردار کوچی خاں نے بلاد غزنہ بامیان پر قبضہ کر لیا اس خاندان میں آرروس خاں ایسا ہوا کہ جس نے تیمور کی سپاہ کو کئی دفعہ شکست دیدی۔ تیمور نے جوجی خاں کی قبائل اقوام پر توق تامش خاں کو حاکم مقرر کر دیا جسکے باپ کو اروس خاں نے قتل کیا تھا خود اُسکو جلاوطن کیا تھا۔ اروس خاں نے کئی دفعہ توق تامش کے حملہ کو دفع کر دیا۔ مگر جب اروس خاں مرگیا اور اُسکا بیٹا توق تا کیا کچھ دنوں باپ کا جانشین رہا۔ پھر توق تامش خاں نے اروس خاں کے دوسرے بیٹے تیمور ملک سے آق اور دا کی حکومت چھین لی۔

قبائل سیر اور دا کی تاریخ میں توق تامش آخری فرمانروا ہی جب اُسنے قبائل آق اور دا کا تخت سلطنت چھین لیا تو خفچاق کی مغرب میں گیا اور سرائے کے بادشاہ حماۃ خاں کو شکست دیدی۔ اس فتح نے ۷۸۰ھ ۱۳۷۸ء میں قبائل آق اور دا میں جو تفریق ہو رہی تھی اُسکو مٹا دیا۔ اور اُسنے مشرقی اور مغربی خفچاق کو ملا کر ایک کر دیا۔ مگر اور دا خاندان کے چراخور زمینیں شیبا خاں کی اولاد کے قبضہ میں آگئی تھیں اُنکو سیر اور دا نے توق تامش سے چھین لیں اُسپر توق تامش نے ایک بڑی لشکر کشی کی اُسکی دارالسلطنت عظیم ماسکو کو ۷۸۳ھ ۱۳۸۱ء میں غارت اور تباہ اور جلا کر خاک سیاہ کر دیا خفچاق کی سلطنت کا اس فتح عظیم سے چمکنا ایسا تھا جیسا کہ چراغ بجھنے کیوقت اپنی روشنی دکھاتا ہے۔ توق تامش خاں کی یہ بدقسمتی تھی کہ اُسنے اپنے محسن تیمور سے جسکی بدولت یہ فتح نصیب ہوئی تھی سرتابی کی۔ بھلا تیمور کے آگے کسکو تاب تھی کہ وہ سرتابی کرے اور سزا سے بچے۔ تیمور اعظم نے دو دفعہ اُسپر لشکر کشی کی۔ ایک لڑائی ۱۸ جون ۱۳۹۱ء کو ارتوپا میں اور دوسری لڑائی تیریک میں ۷۹۵ھ ۱۳۹۵ء میں ہوئی ان دونوں لڑائیوں نے توق تامش کی سپاہ کا بھرکس نکالدیا اور وہ خود جلاوطن ہوا جب تیمور یہاں سے چلا گیا تو سرائے میں پھر وہ آیا۔ مگر اُسکو اروس خاں کے بیٹے تیمور قتلغ نے نکالدیا اور ۸۰۲ھ ۱۴۰۰ء میں مرگیا یہاں کی سلطنت خستہ حال خفچاق کے تین دعوی دار پیدا ہوئے ایک اروس خاں کا کنبہ جسکے حامی قوم نوگائے سردار

ایدوکو خاں ہوا۔ دوم خفچاق کے بادشاہ گرتوق تامش خاں کے بیٹے۔ سوم شیبان کے کنبے کے بعض نوجوان۔ انمیں آپس میں جھگڑے فساد ہوتے رہے۔ انمیں جو ایک غالب و حاکم ہوا پھر وہی مغلوب و محکوم ہوا۔ یہ سانگ ہوتے رہے عرصہ یوں قبائل سیراوردا کی حکومت کا زوال آیا ۱۵۳۲ء میں روس نے اسکو اپنا محکوم بنالیا۔ اب آگے اسکی تاریخ میں کچھ چھوٹی چھوٹی ریاستوں کا ذکر آتا ہے۔ اور داخاں کے کنبے میں سے کوچک محمد کے پوتے قاسم خاں نے ۱۴۶۶ء میں ایک چھوٹی سی ریاست استرخاں کی قایم کرلی تھی جسکو روسیوں نے ۱۵۵۴ء میں اپنے قبضے میں کرلیا۔

۸۲۳ - ۱۱۹۷ - ۸۴ - قرم یا کریمیا کے خانان - ۱۴۳۰ - ۱۷۸۳ء

(ت) خاندان توکا تیمور۔ التمغا۔ بلگیر یا بزرگ بعد ازاں قرم اور کافہ۔ کبھی کبھی قبائل سیراوردا کے خانان آخر کو کزن۔ کزی موف۔ قرم کے خانان۔ جوجی خاں کا سب سے چھوٹا بیٹا توکا تیمور تھا۔ اور قبائل سیراوردا میں قبائل توق اور دا اس سے متعلق تھے اور غالباً اُسکی اپنی خیمہ زنی زنی دولگا کے حصہ بالا میں تھی جس میں بلگیر یا بزرگ شامل تھی۔ اس شعبے کے اصلی مقامات ٹھیک ٹھیک نہیں معلوم باتوخاں کے خاندان میں منگو تیمور نے توکا تیمور کے بیٹے یورنگ تیمور کو قرم اور کافہ دیے اسطرح سے باتوخاں کی خانیت کے شمال اور جنوب میں اس خاندان کی ریاست کی بنا پڑی۔ باتوخاں کے خاندان کی جانشینی میں وہ دخل دینے لگا۔ رقیب خاندانوں کے تین خانان جو غالباً توکا تیمور کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے انکا بیان اوپر ہمنے کردیا ہے تیمور کے حملوں کے بعد جب قبائل سیراوردا کا زوال ہوا ہی تو اس خاندان کی شاخ سرسبز و بارآور ہوئی۔ اس خاندان میں اولغ محمد نے براق خاں کی موت کے بعد خانیت معظم پر قبضہ کرنیکی کوشش کی اور ۱۴۳۸ء میں اپنی موروثی بلگیر یا بزرگ پر قابض ہوا اور اپنے باپ دادا کی حکومت کو دوبارہ زندہ کرلیا۔ اُس نے خانیت کزن اسکا نام رکھا۔ مگر وہ روسیوں کو جنکی سلطنت روز بروز بڑھتی جاتی تھی کانٹے کیطرح دلمیں کھٹکتی تھی ۱۵۱۹ء میں جسکا عین خان کا انتقال ہوا اسکی موت کے ساتھ ہی کزن کی باقی سلطنت کی اولاد کا خاتمہ ہوگیا۔ انکی جگہ سلیمان خان کزی موف قرم۔ استرخان کی فرمانروائی کرتے رہے مگر آخر کو روسیوں نے اس حکومت کا قبضہ کیا اور روسیوں کی طرف سے بھی مسلمان خانان مقرر ہونے موقوف ہوئے اور ۱۵۵۲ء میں کزن میں روسی گورنر مقرر ہوا۔

جب اولغ محمد کو اُسکے بیٹے محمود نے مار ڈالا تو اُسکے دو بیٹے بھاگ کر روسیوں کے پاس ۱۴۴۶ء میں گئے اور روسی افواج میں اُنھوں نے خدمات بزرگ کیں۔ انمیں سے قاسم خان کو روسیوں نے ضلع و شہر گورودیز دیا۔ اور اُسنے اس شہر کا نام اپنے نام پر رکھا۔ یہاں اس خاندان کے خانان کی حکومت شروع

ہوئی۔ انکا خطاب خانان کزی موف ہی۔ کزن میں جو روسیوں کے زبردست ہمسایہ تھے انکے برخلاف ان خانون سے کام لیتے رہے اور انھیں سے خانیت معظم میں بھی الغ محمد کے مرنیکے بعد دو خان مسلمان مقرر کئے جو اُسکے ہم خاندان تھے۔ یہ خانیت جو کبھی آزاد و خود مختار نہیں ہوئی اُسکو ۱۷۶۷ء میں روسیوں نے ہضم کر لیا۔

تو کا تیمور کے خاندان کے جو تین شعبے تھے انمیں وہ شعبہ بڑا تھا جو قرم میں فرمانروا تھا۔ الغ محمد کا ایک بھائی تاش تیمور تھا جو توق تامش جسکے ماتحت سپہ سالار بھی رہ چکا تھا اور بڑا دلاور و شجاع تھا وہ دراصل قرم یا کریمیا کے خاندان کی دولت کا بانی مبانی تھا۔ عوام اسکے بیٹے حاجی گیرائے خان کو پہلا خان کو پہلا خان سمجھتے ہیں۔ مشرقی معاملات عظیم میں قرم کا خاندان بھی ایک کن اعظم سمجھا جاتا ہی وہ سلطنت ترکی کی تو دور دراز فوج کا مقام تھا اور روسیوں کا وہ دوست تھا اسلئے دونوں ترکی اور روس کو اُسکی طرف خیال پیدا ہوا۔ اسکے دونوں طرف قاہر و جابر ہمسائے لگے رہتے تھے ۱۷۸۴ء میں روسیوں اور ترکی کے درمیان ایسا عہد نامہ ہوا کہ جسمیں خانان قرم کے خاندان کا چراغ گل ہوا۔ ان قوی دلاور خانوں میں سے سلطان قرم گیرائے کئی خاں نے ایڈنبرگ میں ایک سکوٹ لینڈ کی لیڈی سے شادی کر کے وہیں کی سکونت اختیار کی (ث) خاندان شیبان التمغاء ازبگ کا ملک (یورال اور چودریاؤں کے درمیان) کبھی کبھی قبائل سیر اوردا کے خانان تھے زارتائی یومین کے ۱۲۲۶-۱۶۵۵ء بخارا کے خانان ۱۵۰۰-۱۶۶۸ء اور خیوا کے ۱۵۱۵ء سے ۱۸۷۳ء تک ۱۲۲۳ء میں جب باتو خاں نے ہنگری پر حملہ کیا تھا تو اُسکے بھائی شیبان خاں نے جو اُسکے ہمراہ تھا ایسے ایسے کارنمایاں کئے تھے کہ باتو خاں نے اُسکو ہنگری کا بادشاہ برائے نام مقرر کیا تھا۔ مگر اسکی التمغا میں اوردا کی خانیت میں سے خاص قبائل شمالی دیدیئے تھے جو گرمی میں کوہستان یورال سے لیکر دریاؤں ایلک اور غیزی تک خیمہ زنی کرتے تھے۔ اور جاڑے میں ان سرزمینوں میں جو دریاؤں سیر۔ چو۔ سری سو سے سیراب ہوتی تھیں منگو تیمور اسکی چھٹی نسل میں پیدا ہوا۔ قبائل سیر اوردا کے خان معظم ازبک کا وہ ہمعصر تھا۔ اور اسکے سبب سے شیبان کے جرگو کا نام ازبگ رکھا گیا اور وہی مشہور ہو گیا۔ باتو خاں کے خاندان کا زوال آیا تو شیبان خاں کو خاندانیں سے کئی ایک قبائل سیر اوردا کے خان ہوئے۔ اوران قریب خاندانوں کے دوسرے عہد میں جب توق تامش برباد ہو گیا تو شیبان کے گھرانیکا نام غالباً درویش خان اور سید احمد ہو گیا۔

اس خاندان کے شعبے بڑے یہ ہوئے ایک منگو تیمور کے بیٹے پولاد خاں کی اولاد جو ایک قبائل سیر اوردا کے بھی خان ہو گئے تھے پولاد خاں کے دو بیٹے تھے ایک ابرہیم خاں دوسرا شاہ یہی بخارا اور خوارزم یعنی خیوا کے خانان کی باپ دادا تھے اول خانیت کا بانی ۱۵۱۵ء میں محمد شیبانی پوتا ابوالخیر کا تھا۔ یہ خانی ابتک چلی جاتی ہے۔ اگرچہ جرنیل کوف نے ۱۸۶۸ء میں اس کو سلطنت روس کا باجگزار بنا لیا ہی خیوا کی خانیت کا بانی عرب شاہ ہی جسنے توق تامش کے حملہ سے پہلے خفچاق میں اپنا سکہ چلایا تھا۔ گو وہ قبائل اوردا سیر کا خان نہ تھا۔ اسکی پانچویں نسل میں ایل برس خاں نے ۱۵۱۵ء میں محمد شیبانی کے

مرنے کے بعد ماوراء النہر اُسکے متصل کے بلاد پر زور قبضہ کرلیا۔ اُسکی اولاد ابتک خان خیوا کہلاتی ہے مگر وہ ۱۸۷۳ء میں سلطنت روس کے اجگزار ہوگئی ہے۔ یہ بیان کرنا ضرور ہے کہ جوجی خان کا بیٹا تیول خاں تھا اور نیچے نیگ کا سردار تھا اور جنوبی روس میں دریا برگ کے قریب خیمہ زنی کیا کرتا تھا اور نوگے کہ دادا تھا جو قبائل سیبر اور دا کے معاملات میں بڑا حصہ رکھتا تھا۔ مگر توق تو نے اُسکو پامال کردیا تھا۔ اور اُسکو معہ اُسکے جرگو نکے نحال دیا جنھوں کا نام دولگا کے پرے نوگا مشہور ہوا وہ اکثر خانہ بدوش بادیہ گرد رہے۔ انکی تاریخ پراگندہ ہی مربوط نہیں۔

۱۲۴ - ۷۶۰ - ۸۵ خانان چغتائی (ماوراء النہر) - ۲۲۷ - ۱۳۵۸ ع

چنگیز خان کے تین بیٹوں اوگدائی خاں۔ تولی خاں۔ جوجی نے جو خانیت قایم کی اسکا بیان اوپر ہوا۔ اب چغتائی خان کا حال باقی رہا جسکے التمغا ماوراء النہر (بخاریہ) کاشغر کے ملک کا کچھ حصہ بدخشاں اور بلخ اور غزنہ تھے اور اس نے اس بلاد میں خانیت قایم کی۔ اس خاندان کی تاریخ بہت کم لکھی گئی ہے۔ انکی تاریخ میں صرف ایران کی سرحد پر جو انھوں نے تاخت و تاراج کی یا اُنہیں جو خانگی فساد ہوئے اُنکا بیان لکھا جاتا ہے۔ اس خاندان کے شجرہ کا حال تحقیق نہیں ہوتا۔ اسلئے کہ دونوں خاندان اوگدائی خاں اور چغتائی خاں کو علی اور دانشمند خان نے خلط ملط کردیا ہے یہ دونوں اوگدائی خاں کے خاندان کے تھے اور چغتائی خاں کے سلسلہ میں شامل تھے۔

فصل دوازدہم شاہان ایران

(۸۶) جالیر (عراق) (۸۷) مظفریہ (فارس) (۸۸) سربہ داریہ (خراسان) (۸۹) کرت (ہرات)

تیموریہ فصل سیزدہم دیکھو

(۹۰) قراقیون لی (آذربائجان) (۹۱) شاہان ایران (۹۲) صفویہ (۹۳) افغانیہ (۹۴) افشاریہ (۹۵) زند (۹۶) قاجاریہ

ایران

جب ایران کی سلطنت کا تنزل ہوا تو اُسکے ہر صوبہ میں جدا جدا حاکم بن بیٹھا اور خود مختار اور مطلق العنان ہوکر فرمانروائی کرنے لگا۔ ان سب میں زیادہ صاحب اقتدار قوم جالیر ہوئی۔ وہ ضلاع عراق اور آذربائجان میں حکومت کرتی تھی۔ اسکے بعد قراقیون لی۔ آق قیون لی۔ ترکمان فرمانروا ہوئے اکثر ضلاع شرقیہ میں خاندان مظفریہ حکومت کرتا تھا۔ ابو اسحاق سے اور محمد شاہ انجو کے خاندان سے ہمیشہ اسکا دنگہ فساد رہتا تھا۔ اسکا دارالسلطنت اصفہان تھا شمال مشرق میں ایک زمانہ میں خراسان کی حکومت خاندان سربہ داریہ اور ہرات کے ملوک کرت میں منقسم رہی ۱۳۸۴-۹۳ء میں ایران کو تیمور نے فتح کیا۔ اور اُسکے ایک حصہ میں اُسکی اولاد ایک صدی تک فرمانروائی کرتی رہی۔ سولہویں صدی

کے شروع میں اُن تمام صوبوں میں شاہ اسمٰعیل صفوی نے اپنی حکومت جمائی جنہیں تیموریہ ترکمان اور چھوٹے چھوٹے خاندان حکومت کرتے تھے اور اسپر خراسان کا اور اضافہ کیا۔ اس زمانہ سے سلطنت ایران کی حدود میں کچھ فرق نہیں آیا ترکی کے مغرب میں اسکا کچھ نقصان ہوگیا ہے۔

۷۳۶ - ۸۱۴ھ جالیر (عراق وغیرہ) ۱۳۳۶ - ۱۴۱۱ء

قوم جالیر کے امراء کو ایل کانی کہتے ہیں جب مغلی فرمانروا ابوسعید کا انتقال ہوا تو اس قوم کا اقبال یاور ہوا انکا سردار شیخ حسن بزرگ تھا جسکا ذکر پہلے ہوچکا ہے کہ اسنے ایران کے تخت پر مغل بادشاہوں کو کاٹ کی پتلیوں کی طرح نچایا تھا۔ اسکے بعد وہ خود سلطنت کرنے لگا۔ عراق پر اُسنے قبضہ کرلیا اور بغداد کو اپنی دارالسلطنت بنایا۔ اسکا بیٹا اویس خاں ۱۳۵۶ء میں اسکا جانشین ہوا اس نے ۷۵۹ھ میں آذربائجان اور تبریز کو ترکمانوں سے لیلیا اور ۷۶۶ھ میں اپنی سلطنت پر موصل اور دیاربکر کا اور اضافہ کیا۔ حسین جو اسکا جانشین تھا اُسنے خاندان مظفریہ اپنے ہمسایوں سے مشرقی ایران میں لڑائیاں شروع کیں اور سیاہ میشی ترکمانوں سے لڑتا بھڑتا رہا۔ یہ ترکمان آرمینیا اور نہردیں کے جنوبی ملک میں حکومت کرتے تھے ۷۷۹ھ میں ان ترکمانوں سے مصالحت ہوگئی ۷۸۴ھ ۱۳۸۲ء میں اسکا انتقال ہوا اور اُسکی سلطنت اُسکے دو بیٹوں میں اسطرح تقسیم ہوئی کہ عراق اور آذربائجان سلطان احمد کو اور کردستان کا ایک حصہ ایک سال کیلئے بایزید کو ملا ۱۳۸۴ء میں تیمور نے شمالی ایران کو اور آرمینیا کو تاخت و تاراج کیا۔ اور ۷۹۳ھ ۱۳۹۱ء میں بغداد۔ عراق۔ دیاربکر۔ دین کو مطیع کیا سلطان احمد مصر کو بھاگ گیا مملوک سلطان برقوق کے پاس جاکر پناہ گزیں ہوا۔ بغداد سے جب تیمور ثمرقند چلا گیا تو سلطان برقوق نے سلطان احمد کو بغداد پھر دلا دیا۔ اس وقت سے لیکر تیمور کی موت تک جو ۸۰۷ھ ۱۴۰۵ء میں واقع ہوئی سلطان احمد کی زندگی ایسی بسر ہوئی کہ کبھی سلطنت ہاتھ سے جاتی رہی کبھی پھر ہاتھ میں آگئی ۸۰۸ھ میں ایکدفعہ پھر بغداد کا وہ مالک ہوگیا۔ قرایوسف خاں ترکمان کیساتھ بدعہدی کرنیسے اور آذربائجان پر حملہ کرنے سے ۸۱۳ھ ۱۴۱۰ء میں اُسکو شکست بھی ہوئی اور جان بھی گئی۔ اسکا بھتیجا شاہ ولد بغداد میں ۱۴۱۱ء تک حکومت کرتا رہا۔ پھر سیاہ میشی ترکمانوں نے اس سے حکومت لے لی۔ شاہ ولد کی بیوہ تندو جسکی شادی پہلے مملوک برقوق سے ہوئی تھی وہ ۸۱۹ھ تک واسط بصرہ۔ شوستر میں حکومت کرتی رہی اور تیموریہ شاہرخ مرزا کی اطاعت کرتی رہی۔ پھر اسکا سوتیلا بیٹا حکمراں ہوا اور اُسکے بعد اُسکے بھائی اویس ۸۲۲-۸۲۹ھ اور محمدؒ اور آخر اسکا چچیرا بھائی حسین حکمران ہوئے جن کو سیاہ میشی ترکمانوں نے مار ڈالا۔

۷۱۳ - ۷۹۵ھ - خاندان مظفریہ (فارس کرمان - کردستان) ۱۳۱۳-۱۳۹۳ء

حاجی غیاث الدین خراسانی کا پوتا امیر مظفر اس خاندان کا بانی تھا۔ ایران کے سلاطین مغلیہ کے دربار

میں وہ خدمات بزرگ پر مامور رہا تھا اور وہ اصفہان کے قریب بیند کا حاکم مقرر ہوا۔ اسکا بیٹا ۷۱۳ھ میں مبارزالدین محمد جانشین ہوا ۷۱۵ھ/۱۳۱۹ء میں مغل بادشاہ ابوسعید نے یزد۔ فارس کی حکومت عالیشان اسکو عطا کی ۷۴۱ھ/۱۳۴۰ء میں کرمان کا اور اضافہ ہوا۔ محمد اسحق انجو سے بعد بہت سی لڑائی جھگڑوں کے شیراز اسکو ہاتھ لگا ۷۵۴ھ/۱۳۵۳ء میں تمام فارس پر اسکا قبضہ ہوا اور ۷۵۸ھ/۱۳۵۶ء میں اصفہان کا اور اضافہ ہوا اور ابو اسحاق قتل کیا گیا وہ ۷۵۹ھ میں تبریز تک ملکوں کو فتح کرتا ہوا چلا گیا۔ بعد ازاں ۷۵۹ھ/۱۳۵۸ء میں مبارزالدین محمد پھر معزول ہوا اور آنکھیں اسکی نکلوائی گئیں۔ اگرچہ وہ پھر کچھ تھوڑے دنوں کے لئے بحال ہو گیا تھا۔ مگر دوبارہ ۷۶۵ھ/۱۳۶۴ء میں جلاوطن کیا گیا۔ اور اس دنیا سے بھی رخصت ہوا۔ اسکے جانشینوں کی سلطنت میں فارس۔ کرمان۔ کردستان جبتک کہ تیمور نے ۱۳۸۷ء میں طوفان اٹھایا۔ حافظ شیراز علیہ الرحمۃ اس خاندان کے بادشاہ شجاع کے دربار کو رونق دیتے تھے۔

۷۳۷ - ۷۸۳ھ - سربہ داریہ خراسان - ۱۳۳۷ - ۱۳۸۱ء

خراسان میں باشتین ایک گانوں ہے اسکا رہنے والا عبدالرزاق تھا اور ۷۳۷ھ/۱۳۳۷ء میں ابوسعید کیخدمت میں رہتا تھا ایک دفعہ وہ اپنی قوم کا سرغنہ بنا جس نے حاکم ضلع کے ظلم کے سبب سے بغاوت اختیار کی تھی۔ ان باغیوں نے اپنا نام سربہ دار رکھا تھا جسکے معنی یہ تھے کہ ہم اپنے مقصد کے حاصل کرنے کے لئے جان کی پروا نہیں کرتے سر کو دار پر لئے پھرتے ہیں۔ انھوں نے سبزوار اور قوچ وجوار کے ملک پر قبضہ کر لیا اور اسپر نصف صدی تک قابض رہے۔ اس عرصہ میں بارہ حکمران ہوئے جنمیں سے نو بڑے ظلم سے مارے گئے۔

۷۴۳ - ۷۹۱ھ - کرت (ہرات) ۱۲۴۵ - ۱۳۸۹ء

غور میں جو کرت کی نسل تھی وہ ایران کے سلاطین مغلیہ سے بہت دنوں پہلے سے ہرات میں حکومت کرتی تھی خراسان میں جب مغلوں کا ادبار آیا تو کرت کا اقبال چمکا اور جب تک چمکتا رہا کہ تیمور نے ۷۸۳ھ/۱۳۸۱ء میں ہرات کو فتح کیا۔ کچھ دنوں یہ خاندان تابع رہ کر ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء میں بالکل نیست و نابود ہو گیا۔

۷۸۰ - ۸۷۴ھ - قراقیونلی (ترکمان سیاہ میشی) (آذربائجان وغیرہ) ۱۳۷۸ - ۱۴۶۹ء

ان ترکمانوں قراقیونلی (سیاہ میشی) اسلئے کہتے تھے کہ وہ اپنے علم پر سیاہ بھیڑ کی تصویر بناتے تھے وہ چودھویں صدی کے آخر چوتھائی حصہ میں نہروین کے جنوبی ملک میں حکومت کرتے تھے جالیر سلطان حسین سے انھوں نے دوستی پیدا کر کے اپنے خاندان کی سلطنت آرمینیا اور آذربائجان میں قائم کی تھی۔ قرایوسف جو اس خاندان میں پہلے امیر کا جانشین ہوا اسکو تیمور نے کئی دفعہ جلاوطن کیا مگر جتنی دفعہ وہ جلاوطن ہوا اتنی ہی دفعہ

وہ پھر آیا۔ اور جب تیمور ۱۴۰۲ء میں مرگیا تو اُس نے اپنی مملکت پر پھر آن کر قبضہ کرلیا۔ ان ترکمان سیاہ میشی کو ۱۴۶۷ء میں انکے رقیبوں ترکمان آق قیون لی (سفید میشی) کے امیر ازن حسین نے معزول کیا۔

۷۸۰-۹۰۸ھ۔ آق قیون لی (سفید میشی) آذربائجان وغیرہ۔ ۱۳۷۸-۱۵۰۲ء

آق قیون لی (سفید میشی اپنے رقیبوں قراقیون لی (سیاہ میشی) کی جگہ آذربائجان اور دیار بکر پر مسلط ہوئے مگر تیس سال بعد ۱۵۰۲ء میں اسکو شروز کی لڑائی میں شاہ اسمٰعیل صفوی نے وہ شکست دی کہ پھر تھوڑے دنوں بعد اُن کا نام ونشان باقی نہیں رہا۔

شاہان ایران

شاہان ایران کا سلسلہ ان پانچ خاندانوں سے جو مختلف النسل ہیں بنتا ہے۔ صفوی۔ افغان۔ افشار۔ زند قاچار۔ انمیں سے اول صفوی اپنے تئیں حضرت موسیٰ کاظم کی اولاد میں سے بتاتے ہیں۔ اس خاندان میں سے بہت سے شیخ مقدس اتقیا ورع وزہد میں مشہور ومعروف ہوئے۔ اُن سب کا سرتاج شیخ صفی الدین اردبیلی ہوا۔ اسکے نام نامی سے اس خاندان کا لقب صفوی ہوا۔ شیخ صفوی کی اولاد کی پانچویں نسل میں حیدر پیدا ہوا جسنے اپنے آبائی پیشہ زہد پر جنگ آوری کا ہنر اور اضافہ کیا آق قیون لی ترکمانوں نے سردار ازن خاں سے لڑائی جھگڑا شروع کیا اور اُسکے تیسرے بیٹے اسمٰعیل نے اپنے باپ کی تدابیر ملکی کو جاری رکھکر شروان پر قبضہ کیا اور ۱۵۰۱ء میں شروز کے میدان میں ترکمانوں کو بڑی شکست دی اور تبریز کو اپنا دارالسلطنت بناکے تمام ایران کو فتح کرلیا۔ حاکمان تیموریہ اور چھوٹے موٹے اور امراسب اسکے مطیع ہوگئے اور چند سال میں شاہ اسمٰعیل کی لشکر کشی خراسان پر ہونے لگی اور ہرات تک اسکی نوبت پہونچی۔ اپنی قلمرو میں اس نے جو بی ضلاع شامل کئے اور سوار اسکے اُسنے اپنی فتح وظفر سے سلطنت کو ایسی وسعت دی کہ دریا جیحون سے خلیج فارس تک اور افغانستان سے دریا فرات تک اسی کی عملداری ہوگئی۔ اسکی مملکت عثمانیہ مملکت کے ساتھ چلنے لگے۔ سنیوں وشیعوں میں ہمیشہ سے سخت عداوت چلی آتی ہے جب ایشیا رمائی زمیں شیعوں کا پھیلاؤ بہت سا ہوگیا تھا تو عثمانی ترکوں سے اس کی جنگ ہونی شروع ہوئی۔ سلطان سلیم نے اپنی ایشیائی سلطنت میں چالیس ہزار شیعہ قتل کرڈالے اور شاہ اسمٰعیل پر لشکر کشی کی۔ اسی ہزار سوار اور چالیس ہزار پیدل کو ساتھ لیکر ایران پر چڑھ گئے اور ۱۵۱۴ء میں چالدران کے میدان میں شاہ اسمٰعیل کو مجبوری لڑنا پڑا۔ شیبان پاشا اور یانی چیری کی بہادری نے میدان جیت لیا سلطان سلیم فتحمند ہوکر تبریز میں داخل ہوا۔ دیار بکر اور اُسکی نواح کے ضلاع کو اپنی مملکت میں داخل کرکے مشرق کی طرف آگے سلطنت بڑھانے سے وہ مصر پر حملہ آوری کو بہتر سمجھا۔ اس زمانہ سے ایران وترکستان کی سرحد پر دنگہ فساد

ہونا شروع ہوا اور جارجیا اور آرمینیا کے اضلاع کبھی ایران کے ہاتھ آگئے کبھی ہاتھ سے نکل گئے۔ سرحد عام میں اسے انقلاب نہیں ہوا مگر جب ہوا کہ سلطان مراد چہارم نے بغداد کو فتح کیا اور عراق کو ۱۶۳۸ء میں سلطنت عثمانیہ میں شامل کیا۔ اسیطرح سے شمالی حد پر ازبک لڑتے رہے اور افغانستان کبھی ایران کی سلطنت کا ایک حصہ بنا کبھی ہندوستان کی سلطنت کا ۱۷۴۷ء میں احمد شاہ دُرّانی نے افغانستان کی ایک جدا سلطنت آزاد و مطلق العنان قائم کی۔ بابر جس نے ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کی بنیاد رکھی شاہ اسمٰعیل کا بڑا یکدل دوست تھا۔ اُسکے بیٹے ہمایوں کی دوبارہ سلطنت حاصل کرنے میں بہت مدد کی تھی۔ خاندان صفویہ میں ۱۵۸۷-۱۶۲۹ء میں سب سے زیادہ عظیم الشان بادشاہ ایران کا شاہ عباس ہوا ہے۔ سرانتھونی شرلی نے اُسکی سپاہ کو ایسا آراستہ و پیراستہ کیا کہ اُسنے مغربی اضلاع سلطنت عثمانیہ سے چھین لیے اُسکی سلطنت علم و ہنر کی قدرشناسی کیلئے بڑی مشہور ہے اسکے عہد میں علوم و فنون اور علم و ادب کی بڑی ترقی ہوئی۔ عمارات بڑی رفیع البنیان تعمیر ہوئیں اور اسنے غیر سلطنتوں کے ساتھ اپنے تعلقات کا نہایت ہی شائستہ انتظام کیا تو یہ اس زمانہ میں تھا کہ اور ملکوں میں بھی بڑے بڑے نامور حکمران تھے جیسے سلطان سلیمان۔ شہنشاہ اکبر اعظم۔ ملکہ ایلزبتھ خاندان صفویہ کا زوال اسیوقت سے آگیا کہ افغانوں نے محمود کو اپنا افسر بنا کے سرکشی کی اور ہرات اور مشہد پر قبضہ کر لیا اور شاہ حسین کو شکست دی اور سات مہینے محاصرہ کر کے ۱۱۳۵ھ/۱۷۲۲ء میں دارالسلطنت اصفہان کو فتح کر لیا مگر ازندران میں کچھ اسکی سلطنت کی علامت باقی تھی۔ دس برس تک ایران میں طوائف الملوکی اور بدنظمی رہی اور روسیوں اور ترکوں کے حملے ہوتے رہے۔ نادر قلی ایک افشار ترک نے یہ بہانہ بنا کے کہ میں خاندان صفویہ کی سلطنت کو دوبارہ زندہ کرتا ہوں اپنی قوت و قدرت و اختیارات کو بڑھا لیا اور ۱۱۴۸ھ/۱۷۳۶ء میں اصل میں ایسا بادشاہ ہو گیا کہ اُسکی سلطنت کو سب نے مان لیا۔ نادر شاہ نے ایران کی سلطنت کو جتنی وسعت میں تھی اپنے قبضہ میں رکھا اور افغانستان کو مطیع کر لیا اور ۱۷۳۷ء میں کابل و قندھار کو تسخیر کیا اور لاہور پر آگے بڑھ کر آیا اور کرنال میں محمد شاہ کو شکست دی۔ دہلی کو ۱۱۵۱ھ/۱۷۳۸ء میں لوٹا۔ پھر محمد شاہ سے عہدنامہ ہو گیا۔ اور کچھ زمانہ تک ایران کی سلطنت دریائے سندھ سے لیکر کوہ قاف تک رہی۔ نادر شاہ نے سلطنت ایران پر بڑا احسان کیا ہے اسی کے سبب اس سلطنت کا نام چلا جاتا ہے۔ افشاریہ خاندان کے صرف چار بادشاہ ہوئے بعد اسکے بدنظمی ایران میں پھیلی جسمیں افغان آزاد خاں آذربائجان کو دبا بیٹھا اور علی مردان خاں بختیاری اصفہان پر متسلط ہوا۔ محمد حسین جو قوم قاچار ترک کا افسر تھا وہ استرآباد پر فرمانروائی کرتا تھا اور شاہرخ افشار سے تخت سلطنت کے لئے کریم خاں زند لڑا۔ آخر کو زند غالب ہوا ۱۱۶۳ھ/۱۷۵۰ء سے ۱۱۹۳ھ/۱۷۷۹ء تک وہ کل ایران پر سوا خراسان کے سلطنت کرتا رہا۔ شاہرخ افشار بھی اگرچہ بوڑھا اور اندھا ہو گیا تھا مگر پھر بھی

سلطنت کی نمود کچھ دکھاتا تھا۔ جب کریم خاں نے رحلت کی تو بارہ برس تک نذکے جانشینوں اور آقا محمد قاچار کے درمیان جنگ و پیکار کا ہنگامہ برپا رہا۔ آخر کو قاچار غالب ہوا۔ اسی خاندان کے حصہ میں سلطنت آگئی بالفعل جو شاہ ایران ہے اور طہران اسکی دارالسلطنت ہے وہ چوتھا بادشاہ خاندان قاچار کا ہے۔

باب سیزدہم۔ ماوراء النہر

۹۷ تیموریہ - ۹۸ شیبانیہ - ۹۹ خانیہ استراخان - ۱۰۰ منگت - ۱۰۱ خان قوقند - ۱۰۲ خان خیوہ

۷۷۱ - ۹۰۶ھ - ۹۷ تیموریہ - ۱۳۶۹ - ۱۵۰۰ء

چنگیز خاں سے تیمور کچھ قرابت رکھتا تھا۔ اور اُسکے بیٹے چغتائی خاں فرمانروائے ماوراء النہر کا وزیر کوئی تیمور کے باپ ادا میں سے تھا۔ تیمور ۷۳۶ھ/۱۳۳۵ء میں پیدا ہوا اور توغا تیمور نے اسکو کش کا حاکم مقرر کیا۔ پھر وہ چغتائی خاں سورغاتمش کا وزیر مقرر ہوا جسکی حکومت کو اُسنے ۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء سے پہلے غصب کر لیا گو اسنے خان اور اُسکے جانشین محمود کو برائے نام سلطنت رکھنی کی ۸۰۰ھ/۱۳۹۷ء میں اجازت دی ۷۸۲ھ/۱۳۸۰ء میں تیمور نے ایران میں لڑائیوں کا سلسلہ جاری رکھا اور سات برس میں خراسان۔ جرجان۔ مازندران۔ سجستان۔ آذربائیجان۔ کردستان کو تسخیر کر لیا ۷۸۹ھ/۱۳۸۸ء میں قبائل سیر اور داغاں تو تامش کے حملہ نے تیمور کو گھر کی طرف بلایا۔ اسنے ۷۹۲ھ/۱۳۹۱ء میں ۷۹۷ھ/۱۳۹۵ء میں دو متواتر تخت تیں دیں۔ اس اثنار میں ۱۳۹۳ء میں بغداد کو جالیروں سے لیلیا۔ عراق کو فتح کیا ۱۳۹۷ء میں شمالی ہندوستان داخل ہوا ۸۰۱ھ میں کشمیر اور دہلی کو تاخت و تاراج کیا۔ پھر ایک مہم عظیم مغرب کی طرف کی ۸۰۲ھ/۱۴۰۳ء میں انتولیہ پر حملہ کیا اور سیواس اور ملطیہ پر قبضہ کیا ۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء میں انگورا میں عثمانی ترکوں کو شکست دی اور سلطان بایزید کو قید کر لیا ایشیا مائی نر کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں قدیمی رئیسوں کو بحال کیا شام کو فتح کیا اور ۸۰۳ھ میں حلب و دمشق پر قبضہ کیا عصر کے مملوک سلطان نے اطاعت اختیار کی چین کی تسخیر کیلئے سفر کیا کہ اترار میں ۷۰ برس کی عمر میں ۸۰۷ھ میں سفر آخرت پیش آیا۔ تیمور کی ان فتح و فیروزی نے ماوراء النہر کی سلطنت کو دریای جیحون سے پرے بڑھایا اور اُسکو وہ عظمت و شان و شوکت و سطوت حاصل ہوئی جو پہلے کبھی نہیں حاصل ہوئی تھی۔ ثمرقند اس سلطنت کا دارالسلطنت بنا جسکی وسعت عظیم یہ تھی کہ دہلی سے دمشق تک اور بحر ارال سے خلیج فارس تک۔ گو بہت سے ملک ماوراء النہر کی حکومت سے نکل گئے مگر پھر بھی، قرنوں تک اسمیں یہ ملک شامل رہے۔ ایران اور افغانستان کا بڑا حصہ سوا ان اضلاع کے جو دریاء جیحون سے باہر تھے۔ تیمور کی سلطنت ایسی وسیع ملک پر پھیل گئی تھی کہ کوئی تیمور ہی جیسا فرزانہ یگانہ ہوتا تو اُس کو سنبھالتا ایران کے چھوٹے چھوٹے خاندان امرا کی کثرت۔ سربہ دار۔ مظفریہ۔ جالیر بالکل تباہ کر دئے گئے تھے

ترکوں کو انتولیہ سے نکال دیا تھا۔ اور مغربی ایشیا میں ہندوکش سے لیکر بحر قلزم تک اسکے خوف سے بادشاہ تھراتے تھے خدا نے اس ایک آدمی کو وہ حکومت وسلطنت دی تھی جو کسی اور کو عطا کی تھی جہان فتح عظیمہ کا حاصل کرنیوالا اس دنیا سے رحلت کر گیا تو عثمان لی ترکوں نے۔ جالیروں۔ ترکمانوں نے اپنے اپنے ملکوں پر جو قبضہ اختیار سے باہر ہو گئے تھے پھر قبضہ کر لیا۔ اگرچہ اولاد تیمور نے ایک سو برس تک شمالی ایران پر قبضہ رکھا مگر وہ اپنے ضعف کے سبب سے خاندان صفویہ کے اقبال کا مقابلہ نکر سکے۔ اور جب سولھویں صدی میں چنگیز خاں کے خاندان میں سے شیبان کا خاندان دار السلطنت تیموریہ کے تخت پر بیٹھا تو تیمور کی اولاد کی سلطنت اتنی رہگئی جسکو خانات بخارا نے مدتوں تک قائم رکھا۔ ادھر تیمور کی خود اولاد میں آپس میں بڑے سخت ہنگامہ کارزار گرم ہوئے ادھر رقیبوں نے مخالفت پر کمر باندھی۔ غرض ۸۸۵ھ میں سلطنت چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم ہوئی۔ ایران میں خاندان دولت صفویہ کا اور ماوراء النہر میں دولت سامانیہ کا تسلط ہو گیا مگر اس خاندان تیموریہ میں بابر ایسا خوش اقبال دلاور فرزند پیدا ہوا کہ اسنے ہندوستان میں سلطنت عظیم مغلیہ کی وہ بنیاد ڈالی کہ جسکو صدیوں کے بعد انیسویں صدی میں موت آئی۔

۹۰۶ - ۱۰۰۷ھ - ۹۸ شیبانیہ - ۱۵۰۰ - ۱۵۹۹ ع

ماوراء النہر کے آخر سلطان محمود کے تین بیٹے اس شکستہ حال سلطنت کے لئے آپس میں لڑ رہے تھے کہ ایک اور قوت ایسی پیدا ہوئی کہ جسنے ماوراء النہر کے تمام شہزادوں کا خاتمہ کر دیا اور طوائف الملوکی کی بجائے ایک زبردست سلطنت قایم کی یہ قوت قوم ازبک کی تھی جسکا سردار محمد شیبان تھا جو چنگیز خاں کے خاندان کی بڑے لڑنیوالوں میں سے آخر تھا۔ اُن کا گھر سائبیریا میں تھا۔ جہان تائی یومن کے زار رہتے تھے جنکا ذکر پہلے ہوا۔ مگر انمیں سے ایک بڑا گروہ ازبک کا محمد شیبان اپنے ہمراہ لیکر ماوراء النہر میں آ گیا اور شاہزادگان تیموریہ کو جو آپس میں عداوت کے سبب سے لڑ رہے تھے نکال دیا۔ اور قوم ازبک کی سلطنت قائم کی جو بخارا اور خیوہ کے خانات میں جبتک زندہ رہی کہ روسیوں نے اُسکو مطیع کیا جسپر چوتھائی صدی کا عرصہ گذرا ہے۔ ازبک کی سلطنت میں کئی خاندانوں نے سلطنت کی۔ اول شیبانیوں نے سولھویں صدی میں ماوراء النہر پر حکومت کی اور خوارزم (خیوا) میں اسی خاندان کے خان جو محمد شیبان کے اولاد میں تھے حکومت کرتے رہے۔ دو خراسان کو دولت صفویہ دیکر یہاں آئے تھے۔ دوسرے جانی یا استراخانی فرمانروا تھے جو ماں کیطرف سے محمد شیبان سے رشتہ رکھتے تھے اُنھوں نے سلطنت کی مگر سترھویں اٹھارھویں صدی میں اُنکی سلطنت گھٹتی گئی۔ تیسرا خاندان منگٹ کا تھا جس نے رشتہ شیبان کے خاندان سے مصاہرت سے پیدا کیا تھا اُسنے بخارا کے خانات کا حق غصب کیا۔ جنکا دم ضیق میں اپنے ہمسایہ خانات قوقند سے آ رہا تھا۔ اور بہت سی ریاستیں خود مختار ہو گئی تھیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔ تاش کند۔

یورنیپا۔ اور اور جگہ افغانستان کے دُرّانی بھی ستا رہے تھے۔ آخر کار ۱۸۸۵ء میں بخارا۔ خیوا۔ قوقند سب روسیوں کے قبضہ میں آگئے۔ اگرچہ شیبانیوں کا دارالسلطنت ثمرقند تھا مگر اکثر زیادہ طاقتور اور بعض اوقات خود مختار سلطنت بخارا میں تھی۔ کئی دفعہ امیر بخارا عملاً امیر ماوراء النہر ہو چکا تھا۔

۱۰۰۷۔ ۱۲۰۰ھ۔ ۹۹ جانیہ یا خاندان استراخان۔ ۱۵۹۹۔ ۱۷۸۵ء

جب روسیوں نے استراخان لیلیا۔ سولھویں صدی کے وسط میں اُسکے دو امیر معزول یا محمدؐ اور اُسکا بیٹا جان بخارا میں سکندر شیبانی پاس جاکر پناہ گیر ہوئے۔ اسکندر نے فوراً اپنی بیٹی جان سے بیاہ دی جس سے باقی محمدؐ پیدا ہوا جب اس کا ماموں عبداللہ دوم کا انتقال ہوا تو اس انتقال کے ایک برس بعد باقی محمد اپنے ماموں کا جانشین ہوا۔ اور اُسکی اولاد نے سترھویں صدی کے اخر زمانہ میں۔ سمرقند۔ بخارا۔ فرغانہ۔ بدخشاں بلخ پر حکومت کی۔ بعض اوقات بیچ میں خود مختار ریاست بھی ہو گئی۔ اب اس خاندان کی سلطنت کا تنزل شروع ہوا۔ اور آخر کو دُرّانیوں نے اُنکے تمام ملک جو بحر جیحون کے اسطرف تھے ۱۷۵۰ء کے قریب قوقند (فرغانہ) میں ایک اور خاندان انکا رقیب کھڑا ہوا ۱۷۸۵ء میں قوم منگت نے جان کے خاندان کو نکالدیا ہنوز آخر جانی امیر ابوالغازی کی تخت سلطنت نہیں چھینا تھا کہ ساری سلطنت کے اختیار خان منگت کو حاصل ہو گئے تھے

۱۲۰۰۔ ۱۲۸۴ھ۔ ۱۰۰ منگت۔ ۱۷۸۵۔ ۱۸۶۸ء

منگت کے معنی چوڑی ناک یا فراخ بینی والے کے ہیں۔ یہ قوم منگت ہم نسل نوگائے کی تھی سولھویں صدی کے شروع میں انھوں نے اپنے وطن دشت قپچاق کو محمد شیبان کی تقلید کرکے چھوڑا۔ وہ دولت استراخان میں بتدریج ذی جاہ ہوئے۔ اور اٹھارھویں صدی کے آخر نصف میں اُنکے سردار فرمانروایان بخارا کے وزیر ہوئے۔ پھر جنکے وزیر بنے تھے اُنھیں کو معزول کرکے بادشاہ ہو گئے۔ اب اس مملکت میں وہ وسعت نہیں رہی جو شیبانیوں کے عہد میں تھی وہ بہت کم ہو گئی تھی معصوم شاہ نے دُرّانیوں سے اس لئے لڑائیاں کیں کہ دریا جیحون کے اس طرف کی ممالک کو پھر لے اسکو چند روزہ کامیابی ہوئی۔ بالفعل جو خاں ہے وہ روسیوں کا باجگذار ۱۸۶۸ء سے ہو گیا ہے۔

۹۲۔ ۱۲۸۹ھ۔ خیوا کے خانان۔ ۱۵۱۵۔ ۱۸۷۲ء

خوارزم یعنی خیوا جہیں کسی زمانہ میں اسکے اپنے خاندان کے بڑے بڑے بادشاہ حکومت کرتے تھے وہ جوجی خاں کے خاندان کا جاگیر دار تھا۔ اور وہ ماوراء النہر کے خانان سے تیمور کیوقت تک ٹھیک طور سے کچھ تعلق نہیں رکھتا تھا اور اور قبائل سیر اور دا سے تعلق رکھتا تھا۔ جب تیمور کے زمانہ کے بعد ملک میں ہل چل پڑی تو محمد شیبانی کے ازبکوں نے خیوا پر اسیطرح قبضہ کیا جس طرح ماوراء النہر پر اور ۱۵۱۵ء میں ازبکوں کی ایک ریاست قایم ہو گئی جسکی ابتدائی

تاریخ معلوم نہیں۔ بخارا کیساتھ برابر لڑائیوں میں کامیابیاں اور ناکامیاں ہوتی رہیں ۱۷۴۱ء میں نادرشاہ نے خیوا کو فتح کرلیا۔ اور ایک برس تک وہاں ایک ایرانی حاکم رہا۔ آخر کو جرنیل کوف مین نے ۱۸۷۳ء میں اسکو روسیوں کی سلطنت کا ایک ضلع بنالیا۔

۱۲ ۱۱ - ۱۲۹۳ ھ - ۱۰۲ خانان قوقند - ۱۷۰۰ - ۱۸۷۶ء

شاہ رخ جو چنگیز خاں کی اولاد میں تھا وہ فرغانہ میں خود مختار رئیس بنگیا ۱۷۱۰ء میں قوقند کی ریاست قائم کی۔ قوقند میں تاشقند شامل ہوگیا۔ یہ سب ۱۸۷۶ء میں روسیوں کے قبضہ میں آگئے۔

باب چہاردہم۔ ہندوستان و افغانستان

(۱۰۳) غزنویہ (۱۰۴) غوری (۱۰۵) سلاطین دہلی (۱۰۶) شاہان بنگال (۱۰۷) شاہان جونپور (۱۰۸) شاہان مالوہ (۱۰۹) شاہان گجرات (۱۱۰) شاہان خاندیس (۱۱۱) دکن کے شاہان (۱۱۲) برار کے عمادشاہی (۱۱۳) احمد آباد کے نظام شاہی (۱۱۴) بیدر کے بریدشاہی (۱۱۵) بیجاپور کے عادل شاہی (۱۱۶) گول گنڈہ کے قطب شاہی (۱۱۷) ہندوستان کے شاہنشاہان (۱۱۸) امیران افغانستان۔

ہندوستان و افغانستان

خلفاء عرب سے کبھی ہندوستان کے کسی حصہ عظیم کا تعلق نہیں ہوا جب اہل عرب نے ہرات کو فتح کرلیا تو اُس کے بعد ۶۶۴ء میں وہ کابل میں آن دھمکے اور یہاں سے ملتان میں اُترے مگر اُنھوں نے یہاں مستقل اقامت و حکومت کا ارادہ نہیں کیا۔ جنوب کیطرف سے جو آگے بڑھے تو اُس سے نتائج مستقل پیدا ہوئے۔ اہل اسلام نے اپنی ابتدائی ہی بحری چھیڑ چھاڑ سمندر میں سندھ کے دہانے تک شروع کردی تھی اور ۷۱۲ء میں محمد قاسم نے سندھ کو فتح کرلیا اور ملتان تک قبضہ کرلیا۔ مگر پھر اہل عرب نے یہاں اپنی سلطنت کے وسیع کرنے کا خیال نہیں کیا۔ تقریباً دو سو برس تک اہل عرب نے سندھ پر حکمرانی کی اور یہاں حاکم اپنی طرف سے مقرر کرتے رہے۔

اہل اسلام نے ہندوستان کو ملک سندھ کی راہ سے نہیں فتح کیا بلکہ افغانستان کی راہ سے۔ ہندوکش کے جنوبی کوہستانی ملکوں کو اہل عرب کا اپنی مملکت میں ابتداءً ملانا عارضی اور چند روزہ تھا مگر سجستان کے امیر یعقوب بن لیث صفاریہ نے اول کابل میں اہل اسلام کی مستقل حکومت جمادی دولت صفاریہ کی حکومت کے بعد دولت سمانیہ اپنی طرف سے یہاں حاکم مقرر کرنے لگی خلیفہ سمانیہ کی طرف سے ایک صوبہ کا حاکم الپتگین تھا اس نے غزنی (غزنہ) میں ایک خود مختار و آزاد سلطنت دولت اسلامیہ کی قایم کی۔

اسکے بعد غزنی دوسو برس تک دارالسلطنت خاندان غزنویہ کا رہا۔ یہ خاندان بھی سلطنت اسلامیہ میں پایہ بلند رکھتا ہے۔ سلاطین غزنویہ نے ہندوستان پر حملہ کرکے اور لاہور میں اقامت اختیار کرکے دراصل ہندوستان میں سلطنت اسلامیہ کی ابتدا کی ہے۔ لاہور میں سلطنت غزنویہ نے محمد بن سام غوری کو ہندوستان میں فتح وظفر کی راہ بتائی اور دہلی میں اسی کے سبب سے وہ سلاطین ہوئے جنھوں نے سارے شمالی ہندوستان میں اپنی حکومت وتسلط کو قائم کرلیا۔ پھر بابر نے ہندوستان پر حملہ کرکے ان تمام جھگڑوں کو مٹا دیا جو دہلی کی سلطنت کی بابت آپس میں ہورہے تھے اور جنکے سبب سے حکومت میں ضعف آگیا تھا۔ بعدازاں بابر کے پوتے اکبر نے کل ہندوستان پر اپنی سلطنت کا نقارہ بجوایا اور سلطنت بڑی شان وشوکت وعظمت کی قایم کی جسکا خاتمہ اس صدی میں ہوا۔

۳۵۱-۵۸۲ھ - ۱۰۳-۱۱۸۶ء غزنویہ (افغانستان وپنجاب) ۹۶۲-۱۱۸۶ء

سلاطین سمانیہ کو شوق تھا کہ وہ ترکی غلاموں کو اعلیٰ عہدے دینے سے اور صوبوں میں حاکم مقرر کرنے سے بڑے خوش ہوتے تھے چنانچہ سلطان عبدالملک نے اپنے غلام الپتگین کو خراسان میں اپنی سپاہ کا سپہ سالار مقرر کیا۔ لیکن جب عبدالملک نے اس دنیا سے رحلت کی تو الپتگین اپنے منصب عالی سے محروم کیا گیا وہ ناراض ہوکر ۳۵۱ھ/۹۶۲ء میں شہر غزنی میں چلا آیا۔ جو کوہستان سلیمان کے مرکز میں واقع تھا الپتگین کا غلام سبکتگین تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اسکا داماد بھی تھا اُسنے دولت غزنویہ کو قائم کردیا اور اُس نے اپنی سلطنت کو دونوں طرف ہندوستان اور جیحوں کو شکست دیکر پشاور میں اپنی حکومت قائم کی اور ایران میں خراسان کو چھین لیا۔ سبکتگین کا بیٹا سلطان محمود تو ہندوستان کی سلطنت اسلامیہ کی تاریخ کا سرتاج ہے۔ اسکے بارہ حملے ہندوستان پر مشہور ہیں۔ تاریخ میں سلطان محمود کا حال مفصل پڑھوگے کہ اُسنے اپنی سلطنت لاہور سے ثمرقند اور اصفہان تک قائم کرلی۔ پھر ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء میں سلطنت غزنویہ غوریوں کے ہاتھ لگی۔



نقطہ دار خط غلام اور آقا کے تعلق کو بتاتا ہے

۵۴۳ - ۶۱۲ھ - ۱۰۴۸ - ۱۲۱۵ء غوری (افغانستان وہندستان) ۱۱۴۸ -

مدتوں سے غور کا کوہستانی ضلع جو ہرات اور غزنی کے درمیان تھا ایک ریاست خود مختار چلی آتی تھی اور فیروزکوہ اُسکی دارالریاست تھی۔ محمود غزنوی نے ۴۰۱ھ/۱۰۱۱ء میں اس ریاست کو جو وقت افغان محمد بن سوری اسمیں حکومت کرتا تھا۔ فتح کرلیا۔ اسی سردار کی اولاد میں سے دولت غزنویہ کیطرف سے فیروزہ کو اور بامیان میں حکمران مقرر ہوتی تھے۔ جب بہرام شاہ غزنوی نے اس خاندان سے اپنے داماد قطب الدین محمد کو قتل کروا دیا تو اسکے بھائی سیف الدین سوری حاکم غور نے انتقام لیا اور ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں غزنی کو نیست کرایا۔ مگر آیندہ سال میں بہرام شاہ پھر داخل ہوا اور اُس نے سیف الدین کو قتل کر ڈالا مگر اس وحشیانہ قتل نے ایک اور غزنی پر قیامت برپا کی کہ اُسکے بھائی علاؤالدین جہانسوز نے شہر غزنی کو تباہ اور جلا کر خاک سیاہ کر دیا۔ اس شہر کو جلا ہوا دیکھ کر وہ غور میں آیا۔ کچھ دنوں خراسان میں سلطان سنجر سلجوقی کی قید میں رہا اور ۵۵۶ھ/۱۱۶۱ء میں مرگیا اسوقت بدنظمی پھیل رہی تھی۔ ترکمان افغانستان کو پامال کر رہا تھا اور اُس نے دونوں غزنی والوں اور غور کی حکومت کو اُٹھا دیا تھا۔ غرخان تو یہاں سے ایران کو گیا علاءالدین جہانسوز کے دو بھتیجوں نے دولت غوریہ کو پھر قایم کر دیا۔ بڑا انمیں غیاث الدین بن سام تھا اُس نے ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں غزنی سے غزنی لے لیا اور دو برس بعد ہرات کو اپنی مملکت میں شامل کرلیا۔ غرض وہ اپنی زندگی میں اپنے خاندان کی کل مملکت پر بادشاہ رہا اور ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء میں اس جہان سے رخصت ہوا۔ اسکا چھوٹا بھائی شہاب الدین جسکو معزالدین بھی کہتے ہیں جسکا عرف محمد غوری ہے وہ اس مملکت کا بادشاہ ہوا۔ اور اُس نے اپنی سلطنت کو وسعت دی۔ اس نے سلجوقیوں سے خراسان کا ایک حصہ چھین لیا اور پھر ہندوستان پر حملوں کا سلسلہ باندھ دیا ۵۸۳ھ میں سندھ وملتان کو فتح کرلیا۔ یہاں کے لوگ غزنی حاکموں کی سلطنت کے سبب سے مسلمانوں کی سلطنت سے آشنا ہو گئے۔ خاندان غزنویہ کو محکوم کیا جو بھاگ کر آخر کو ۵۸۲ھ/۱۱۸۶ء میں لاہور میں آئے تھے پھر اُس نے اجمیر کے راجہ پرتھوی راج چوہان سے لڑائی کی۔ مگر ۵۸۷ھ کی لڑائی میں اسکا بڑا نقصان ہوا۔ سال آیندہ میں تھانیسر کے میدان میں اس راجہ کو شکست فاحش دی اس میں راجہ پرتھی راج اور ۱۵۰ راجہ جو ہندوستان کی حفاظت کیلئے جمع ہوئے تھے مارے گئے۔ اس فتح نے سارے شمالی ہندوستان کو مسلمانوں کا محکوم بنا دیا ۱۱۹۴ء میں قنوج فتح ہوا۔ اور محمد غوری کے سپہ سالاروں نے گوالیار۔ بندیلکھنڈ۔ بہار۔ بنگال۔ بعد ایکدوسرے کے فتح کرلئے۔ اول دفعہ تھی کہ کل ہندوستان مسلمانوں کا کم وبیش مطیع ہو گیا۔

جبتک محمد غوری کا بھائی غیاث الدین زندہ رہا وہ اسکا نائب وفادار اور خیرخواہ رہا ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء میں اسنے انتقال کیا

تو اسکا جانشین ہوا اول کام اسکا یہ تھا کہ وہ خوارزم شاہ سے اپنی سلطنت کو بچاوے خوارزم شاہ نے ایران کو فتح کر لیا تھا اور افغانستان کی طرف وہ بزور دخل کرتا ہوا چلا آتا تھا۔ اسکی حملہ آوری میں محمد غوری کو ۶۰۲ھ میں گکھڑوں نے قتل کر ڈالا پھر اُسکے خاندان میں بہت دنوں تک سلطنت نہیں باقی رہی۔ اسکا بھتیجا محمود اس سلطنت عظیم میں کہ چچا نے پیدا کی تھی سلطان ہوا۔ ترکی غلام جو محمد غوری کی سلطنت میں سپہ سالار تھے وہ خود مختار اور آزاد ہو گئے۔ غلام بادشاہوں میں اول مسلمان بادشاہ ہندوستان کا قطب الدین ایبک ہے ہی میں ہوا۔ سندھ میں ناصر الدین قباچہ حکومت کرنے لگا غزنی میں یلدوز خاں سلطنت کرتا تھا جو غوریوں کے برائے نام سلطان فیروزہ کوہ میں ہوتے تھے وہ فقط مغربی افغانستان میں غور اور ہرات پر حکومت کرتے تھے کچھ حصہ خراسان کا بھی اُنکے پاس تھا ۶۱۲ھ میں خوارزم شاہ نے ان بلاد سے بھی غوریوں کو نکال دیا۔ مدتوں کے بعد اس خاندان نے اپنی موروثی سلطنت کا کچھ حصہ پھر لے لیا۔ ہرات کے شاہزادہ کرت اپنے تئیں سلطان محمود غوری کی اولاد سے بتاتے ہیں۔

غوریہ

عزالدین حسن غوری

غور

- قطب الدین محمد کو فیروزہ کوہ میں بہرام شاہ نے مارا
- ۲۔ سیف الدین سوری غور۔ سنہ ۵۴۳ھ بہرام شاہ نے ۵۴۴ھ میں مارا
- ۳۔ علاء الدین حسن جہان سوز۔ غور (۵۴۴-۵۵۶ھ) غزنین۔ (۵۵۳)
- ۴۔ سیف الدین محمد غور ۵۵۶-۸
- ۹۔ علاء الدین جہان سوز غور ۶۰۷-۶۱۰
- بہاء الدین شاہ (فیروزہ کوہ ۵۴۴ھ)
- ۵۔ غیاث الدین محمد (غور ۵۵۸ھ) ہرات ۵۷۱-۵۹۹
- ۷۔ محمود (بست ۵۹۹ھ) (غور و فیروزہ کوہ ۶۰۳-۶۰۷)
- بہاء الدین سام غور وغیرہ ۶۰۷
- شہاب الدین محمد (مادین)
- شہاب الدین معز الدین محمد غوری غزنی ۵۶۹ سند ۵۷۱ لاہور ۵۸۲ ہندوستان ۵۸۸ غور غزنی (۵۹۹-۶۰۲)
- شجاع الدین علی (خراسان) ۱۰۔ علاء الدین محمد غور و فیروزہ کوہ (ماتحت) ۵۹۹-۶۰۳ بحالی ۶۱۰ حوالگی خوارزم شاہ کو (۶۱۲)
- علاء الدین غزنی ۶۰۲-۳
- بابیان کا خاندان اول فخر الدین مسعود (۵۵۰ھ)
- دوم۔ شمس الدین محمد
- سوم۔ بہاء الدین سام ۶۰۲
- چہارم۔ جلال الدین ۶۰۲-۹ خوارزم شاہ نے قتل کیا

۶۰۲ھ - ۶۹۲ھ - ۱۰۵ سلاطین دہلی ہندوستان - ۱۲۰۶ء - ۱۵۰۴ء

چونکہ تمام سلاطین کا حال مفصل تاریخ میں بیان کیا گیا ہے اس لئے یہاں فقط بادشاہوں کے نام اور اُن کی تخت نشینی کے سنہ لکھے ہیں

۱- غلام بادشاہ

ہجری سنہ	نام بادشاہ	سنہ عیسوی
۶۰۲	قطب الدین ایبک	۱۲۰۶
۶۰۷	آرام شاہ	۱۲۱۰
۶۰۷	شمس الدین التمش	۱۲۱۰
۶۳۳	رکن الدین فیروز شاہ اول	۱۲۳۵
۶۳۴	رضیہ بیگم	۱۲۳۶
۶۳۷	معز الدین بہرام شاہ	۱۲۳۹
۶۳۹	علاء الدین مسعود شاہ	۱۲۴۱
۶۴۴	ناصر الدین محمود شاہ	۱۲۴۶
۶۶۴	غیاث الدین بلبن	۱۲۶۵
۶۸۶	معز الدین کے قباد	۱۲۸۷
	(ب خلجی بادشاہ)	
۶۸۹	جلال الدین فیروز شاہ دوم	۱۲۹۰
۶۹۵	رکن الدین ابراہیم شاہ	۱۲۹۵
۷۱۵	علاء الدین محمد شاہ	۱۲۹۵
۷۱۵	شہاب الدین عمر بادشاہ	۱۳۱۵
۷۱۶	قطب الدین مبارک شاہ	۱۳۱۶
۷۲۰	ناصر الدین خسرو شاہ	۱۳۲۰
	(ت تغلق بادشاہ)	
۷۲۰	غیاث الدین تغلق شاہ	۱۳۲۰
۷۲۵	محمد دوم بن تغلق	۱۳۲۴
۷۵۲	فیروز شاہ سوم	۱۳۵۱

سنہ ھ	نام بادشاہ	سنہ ع
۷۹۰	تغلق شاہ دوم	۱۳۸۸
۷۹۱	ابوبکر شاہ	۱۳۸۸
۷۹۲	محمد شاہ سوم	۱۳۸۹
۷۹۵	سکندر شاہ اول	۱۳۹۲
۷۹۵	محمود شاہ دوم	۱۳۹۲
۷۹۷	نصرت شاہ (وقفہ)	۱۳۹۴
۸۰۲	محمود ثانی - بحال ہوا	۱۳۹۹
۸۱۵	دولت خاں لودی	۱۴۱۲
	(ث سید بادشاہ)	
۸۱۷	خضر خاں	۱۴۱۴
۸۲۴	معز الدین مبارک شاہ دوم	۱۴۲۱
۸۳۷	محمد شاہ چہارم	۱۴۳۳
۸۴۷	عالم شاہ	۱۴۴۳
	(ج لودی بادشاہ)	
۸۵۵	بہلول لودی	۱۴۵۱
۸۹۴	سکندر شاہ دوم بہلول	۱۴۸۸
۹۲۳	ابراہیم بن سکندر	۱۵۱۷
۹۳۰	حملہ بابر	۱۵۲۶
	(ح - افغان بادشاہ)	
۹۴۶	شیر شاہ	۱۵۳۹
۹۵۲	اسلام شاہ	۱۵۴۵
۹۶۰	عادل شاہ محمد	۱۵۵۲
۹۶۱	ابراہیم سُور	۱۵۵۳
۹۶۲	سکندر شاہ سُور	۱۵۵۴

۱- غلام بادشاہ

۱ قطب الدین ایبک غلام محمد غوری



ہندوستان

ب۔ شاہان خلجی

۱۱۔ فیروز شاہ
۱۲۔ ابراہیم اول
نامعلوم
۱۳۔ محمد اول
۱۴۔ عمر
۱۵۔ مبارک اول
۱۶۔ خسرو شاہ

ت۔ شاہان تغلق

۱۷۔ تغلق اول
۱۸۔ محمد جونا
محمود
سپہ سالار پنجاب
۱۹۔ فیروز شاہ سوم
فتح خاں
۲۰۔ تغلق دوم
۲۱۔ ظفر خاں
۲۲۔ محمد خاں سوم
۲۳۔ سکندر اول
۲۴۔ محمود دوم
۲۵۔ نصرت

ث۔ شاہان سید

۲۶۔ خضر
۲۷۔ مبارک شاہ دوم
فرید
۲۸۔ محمد چہارم
۲۹۔ شاہ عالم

افغان بادشاہ



ہندوستان کے صوبوں میں جنھوں نے بادشاہی کی

محمد تغلق کی سلطنت میں سارا ہندوستان داخل تھا۔ بنگالہ اور اضلاع دکن بھی اسمیں شامل تھے۔ اسکی موت سے پہلے دُور کے اضلاع نے خود مختاری اختیار کی تھی اور پندرھویں صدی کا آغاز ہی تھا کہ اسکی مملکت کا بڑا حصہ سوا ہندو راجاؤں کے سات مسلمانی خاندانوں کے تصرف میں تھا۔

	سنہ ھ		سنہ ع
۱	۷۹۹ — ۹۸۴	حکام اور بادشاہ بنگال	۱۲۰۲ — ۱۵۷۶
۲	۷۹۶ — ۹۰۵	جونپور کے شاہان شرقی	۱۳۹۴ — ۱۵۰۰
۳	۸۰۴ — ۹۳۷	شاہان مالوہ	۱۴۰۱ — ۱۵۳۰
۴	۷۹۹ — ۹۸۰	شاہان گجرات	۱۳۹۶ — ۱۵۷۲
۵	۷۳۵ — ۹۹۵	شاہان کشمیر	۱۳۳۴ — ۱۵۸۷
۶	۸۰۱ — ۱۰۰۸	خاندیس کے شاہان فاروقی	۱۳۹۹ — ۱۵۹۹
۷	۷۴۸ — ۹۳۳	گلبرگہ کے شاہان بہمینہ	۱۳۴۷ — ۱۵۲۶

جب شاہان بہمینہ کا زوال آیا تو اُن کی سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہوکر اس طرح تقسیم ہوئی

	سنہ ھ		سنہ ع
۸	۸۹۰ — ۹۸۰	عماد شاہیہ برار	۱۴۸۴ — ۱۵۷۲
۹	۸۹۶ — ۱۰۰۴	نظام شاہیہ احمد نگر	۱۴۹۰ — ۱۵۹۵
۱۰	۸۹۰ — ۱۰۱۸	برید شاہیہ بیدر	۱۴۹۲ — ۱۶۰۹
۱۱	۸۹۵ — ۱۰۹۷	عماد شاہیہ بیجاپور	۱۴۸۹ — ۱۶۸۶
۱۲	۹۱۸ — ۱۰۹۸	قطب شاہیہ گول گنڈھ	۱۵۱۲ — ۱۶۸۷

اکبر نے دکن میں ہندو راجاؤں کو ملک کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا تھا۔ اورنگ زیب نے ان مسلمانوں کی مملکتوں کو اپنی سلطنت میں داخل کر لیا

۵۹۹ - ۱۲۰۲ء - ۶۰۱ بنگال کے حاکم اور بادشاہ - ۱۲۰۲ - ۱۵۷۶ء

بنگال کا اول فتح کرنیوالا اختیار تھا۔ اسوقت جو صوبہ بنگال ہے زیادہ تر اسکا ایک حصہ اس نے اپنی دارالسلطنت لکھنوتی کے گرد فتح کیا تھا۔ تیرہویں صدی کے پہلے حصہ میں ستارگاؤں (ساتگاؤں) کو مسلمانوں نے اپنے حاکموں کے رہنے کیلئے دارالخلافت مقرر کیا۔ فیروزآباد (پنڈوہ) تین صوبوں کا دارالحکومت ۸۴۵ھ/۱۴۴۱ء تک رہا۔ اسکے بعد پھر دارالحکومت لکھنوتی میں منتقل ہوا جسکا نام پہلے گور رہا اور ۹۷۲ھ/۱۵۶۴ء تک دارالحکومت رہا۔ پھر اسکے بعد ٹانڈہ دارالحکومت مقرر ہوا۔ بعض اوقات بنگال کے حاکموں کے ماتحت بہار رہتا تھا اور کبھی کبھی چٹاگاؤں (چٹ گام) اور اوڑیسہ بھی اُنکے زیر فرمان رہتے تھے۔ جب شاہان دہلی کی قوت و قدرت میں ضعف آتا تو حاکمان بنگالہ خود مختاری اختیار کرتے اور بعض حاکموں کے خاندان بادشاہی حاصل کر لیتے۔ بنگال میں ہمایوں ۹۴۳ھ/۱۵۳۶ء میں تھا مگر جب ۹۴۶ھ/۱۵۳۹ء میں شیر شاہ نے شکست دی تو پھر حاکم مقرر ہونے شروع ہوئے اور ۹۶۲ھ میں پھر وہ آزاد خود مختار ہو کر بادشاہ بن بیٹھے۔ شہنشاہ اکبر نے بہار کو ۹۸۲ھ میں فتح کیا اور ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء سے سلاطین مغلیہ کا تسلط پورا ہو گیا۔

۱۔ حاکمان بنگالہ

محمد بختیار خاں خلجی	۵۹۹ / ۱۲۰۲	عزیز الدین طغرل توغان خاں	۶۳۱ / ۱۲۳۳
عزیز الدین محمد شیران	۶۰۲ / ۱۲۰۵	قمر الدین تمر خاں قران	۶۴۲ / ۱۲۴۴
علاء الدین مردان	۶۰۵ / ۱۲۰۸	اختیار الدین (معیث الدین) یوسبک	۶۴۴ / ۱۲۴۶
غیاث الدین غوث	۶۰۸ / ۱۲۱۱	جلال الدین مسعود ملک جانی	۶۵۶ / ۱۲۵۸
ناصر الدین محمود	۶۲۴ / ۱۲۲۶	عز الدین بلبن	۶۵۷ / ۱۲۵۸
علاء الدین جانی	۶۲۷ / ۱۲۲۹	محمد ارسلان تاتار خاں	۶۵۹ / ۱۲۶۰
سیف الدین ایبک	۶۲۷ / ۱۲۲۹	شیر خاں	
امین خاں		یہ چھ حاکم سلطان بلبن دہلی کے خاندان کے ہیں	
مغیث الدین تغلق طغرل	۶۷۷ / ۱۲۷۸	ناصر الدین	۶ - ۷۲۳ / ۵ - ۱۳۲۳
ناصر الدین بغراخاں	۶۸۱ / ۱۲۸۲	بہادر بہرام کے ساتھ ہوا	۳ - ۷۲۵ / ۳۰ - ۱۳۲۴
رکن الدین کے کاؤس	۶۹۱ / ۱۲۹۲	مشرقی بنگال	
شمس الدین فیروز شاہ	۷۰۲ / ۱۳۰۲	بہرام شاہ تنہا	۹ - ۷۳۱ / ۸ - ۱۳۳۰
شہاب الدین بغراشاہ مغربی بنگال	۷۱۸ / ۱۳۱۸	قدر خاں لکھنوتی	۴۰ - ۷۲۶ / ۳۹ - ۱۳۲۵
غیاث الدین بہادر مشرقی بنگال	۷۱۰ / ۱۳۱۰	عز الدین اعظم الملک ست گاؤں	۴۰ - ۷۲۴ / ۳۹ - ۱۳۲۳
تمام بنگال	۷۱۹ / ۱۳۱۹		

	سنہ ھ	سنہ ع
۷۳۹-۷۸۲ھ ب شاہان بنگال	۱۳۳۸-۱۵۷۶	
۷۳۹-۵ فخرالدین مبارک شاہ مشرقی بنگال	۱۳۳۸-۴۹	
۷۵۰-۳-اختیارالدین غازی شاہ مشرقی بنگال	۱۳۴۹-۵۲	
۷۴۰-۶ علاءالدین علی شاہ مغربی بنگال	۱۳۳۹-۴۵	
(خاندان الیاس)		
۷۴۰-۶ شمس الدین الیاس شاہ (مغربی بنگال)	۱۳۳۹-۴۵	
۷۴۶ 〃 〃	۱۳۴۵	
۷۵۳-۹ شمس الدین الیاس شاہ تمام بنگال	۱۳۵۲-۸۹	
۷۵۹-۹۲-سکندر شاہ اول بن الیاس		
۷۹۲-غیاث الدین اعظم شاہ بن سکندر نے سرکشی کی اور سلطنت کی	۱۳۸۹	
۷۹۹-سیف الدین حمزہ شاہ بن اعظم	۱۳۹۶	
۸۰۹-شمس الدین احمد شاہ بن محمد	۱۴۳۱	
(راجہ کنس کا خاندان)		
۸۱۲-شہاب الدین بایزید شاہ (راجہ کنس کے ساتھ)	۱۴۰۹	
۸۱۷-جلال الدین محمد شاہ بن راجہ کنس	۱۴۱۴	
۸۳۵-شمس الدین احمد شاہ بن محمد شاہ	۱۴۳۱	
(خاندان الیاس پھر بحال ہوا)		
۸۴۶-نصیر الدین محمد شاہ	۱۴۴۲	
۸۶۴-رکن الدین باربک شاہ	۱۴۵۹	
۸۷۹-شمس الدین یوسف شاہ بن باربک	۱۴۷۴	
۸۸۶-سکندر شاہ دوم بن یوسف	۱۴۸۱	
۸۸۶-جلال الدین فتح شاہ بن محمود اول	۱۴۸۱	
(شاہان حبشی)		

	سنہ ھ	سنہ ع
۸۹۲-سلطان شہزاد باربک		۱۴۸۶
۸۹۲-سیف الدین فیروز شاہ		۱۴۸۶
۸۹۵-ناصر الدین محمود شاہ دوم بن فتح شاہ خاندان الیاس		۱۴۸۹
۸۹۶-شمس الدین ابو نصر مظفر شاہ		۱۴۹۰
(خاندان حسین شاہ)		
۸۹۹-علاءالدین حسین شاہ		۱۴۹۳
۹۲۵-ناصر الدین نصرت شاہ بن حسین		۱۵۱۸
۹۳۹-علاءالدین فیروز شاہ دوم بن نصرت		۱۵۳۲
۹۳۹-غیاث الدین محمود شاہ سوم بن حسین کچھ حصہ پر فرمانروا ۱۵۳۲-۳۳		
۹۴۴-ہمایوں کی فتح		۱۵۳۷
(خاندان محمد افغان سور)		
۹۶۰-شمس الدین محمد-غازی شاہ پور		۱۵۵۲
۹۶۲-بہادر شاہ (خضر) محمد غازی شاہ سور		۱۵۵۴
۹۶۸-غیاث الدین جلال شاہ بن محمد غازی خاں سور		۱۵۶۰
۱۷۱-اوپر کے بادشاہ کا بیٹا		۱۵۶۳
خاندان سلیمان قرارانی (کرانی)		
۹۷۱-سلیمان خاں قرارانی (بہار و بنگال)		۱۵۶۳
۹۸۰-بایزید شاہ بن سلیمان		۱۵۷۲
۹۸۰-داؤد شاہ بن سلیمان		۱۵۷۲
۹۸۴-شاہان مغلیہ		۱۵۷۶
۷۹۶-۹۰۹-۱۰۷-شرقی شاہان (جونپور)	۱۳۹۴-۱۵۰۰	

شاہان شرقی

تغلق کے گھرانے میں سلطان محمود کا وزیر خواجہ جہان تھا۔ وہ اپنے بادشاہ صغیر سن کو چھوڑ کر جونپور میں چلا آیا۔ اور یہاں جدا اپنی خود مختار سلطنت قایم کی۔ اس نے اور اُسکے جانشینوں نے بہار۔ اودھ۔ قنوج۔ بہرائچ اور کچھ دور ملک پر خوب سلطنت کی۔ انکی عمدہ یادگاریں اس امر کی شہادت دیتی ہیں اور شاہان دہلی سے جو اُن کے آقا ہیں خوب لڑائیاں لڑے۔ شاہان دہلی اور شاہان مالوہ نے دو دفعہ انکا محاصرہ کیا ۱۴۷۶ء/۸۸۱ھ میں اور بعض کے نزدیک ۱۴۷۹ء/۸۸۴ھ میں سکندر بہلول نے جونپور کو فتح کرکے دہلی میں شامل کر لیا۔ مگر حسین شاہ مخرج کے جو وابستہ تھے انھوں نے کئی برسوں تک پھر اُسکے آزاد کرکے بحال کرنے میں کوشش کی۔

سنہ ھ		سنہ ع
۷۹۶	خواجہ جہان	۱۳۹۴
۸۰۲	مبارک شاہ	۱۳۹۹
۸۰۳	شمس الدین ابراہیم شاہ مشرقی بن مبارک شاہ	۱۴۰۰
۸۴۴	محمود شاہ بن ابراہیم شاہ	۱۴۴۰
۸۶۱	محمود شاہ بشرائکت اپنے باپ محمود بنگال کو بھاگا ۸۸۱ میں مرگیا	۱۴۵۸
	بعد ازاں سلاطین دہلی کی سلطنت شروع ہوئی	

۸۰۴ - ۹۳۷ شاہان مالوہ ۱۴۰۱ - ۱۵۳۰

مالوہ راجپوتوں کی قدیمی سلطنت تھی اس نے مسلمانوں کے حملوں کا بہت دنوں تک مقابلہ کیا۔ یہاں کے راجپوت خاندان بڑا مشہور اور نامور تھا اور انکا دارالسلطنت اُجین تھا جو ہندوستان میں علم و فضل و ہنر میں اپنا نظیر نہیں رکھتا تھا۔ تین سو برس تک لڑتے رہے مگر آخر کو سلطان بلبن نے اُسے فتح کر لیا۔ اس کی قدرتی حدود یہ تھیں جنوب میں دریا نربدا۔ شمال میں دریا چنبل اور مغرب و مشرق میں گجرات اور بندیلکھنڈ۔ شاہان خلجی کے عہد میں اس میں ہوشنگ آباد۔ اجمیر۔ رنتھنبور اور ایلچپور بھی داخل تھے اور کبھی کبھی وہ چتوڑ سے بھی زبردستی خراج لیتا تھا۔ اس میں مسلمانوں کی دارالسلطنت پانڈو تھی جسکی بنیاد ہوشنگ غوری نے رکھی تھی۔ وہ ایک منفرد زمین پر واقع ہے اور پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے۔ اسمیں محل اور مساجد بڑی رفیع الشان اور عظیم البنیان بنی ہوئے ہیں اس میں دو مسلمانوں کے خاندانوں نے سلطنت کی ہے ایک خاندان کا بانی اول دلاور خاں تھا جسکو دہلی کے بادشاہ نے وہاں حاکم مقرر کیا تھا۔ اس خاندان میں فقط اُس نے اور اُسکے بیٹے اور پوتے نے سلطنت کی

دوسری خاندان کا بانی اول محمود خلجی تھا جو دلاور خاں کے پوتے کا وزیر تھا۔ اس خاندان کا جب زوال آگیا کہ ۹۳۷ھ ۱۵۳۰ء میں ہمایہ میں شاہ گجرات نے مالوہ اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔ اسکے ساتھ مالوہ کے حاکم ہمیشہ لڑائیاں لڑتے رہے۔ خلجیوں کی قوم جنگجو تھی اور وہ مالوہ کے ہتیاروں کو شمال میں دہلی کے دروازہ تک لے لگئی تھی اور جنوب میں بیدر تک۔ چتوڑ اور رنتھبیری کے راجپوتوں سے ہمیشہ انکا عناد و فساد رہا۔

اول غوری		دوم خلجی	
سنہ ھ	سنہ ء	سنہ ھ	سنہ ء
۸۰۴ دلاور خاں غوری	۱۴۰۱	۸۲۹ محمود شاہ اول خلجی	۱۴۳۵
۸۰۸ ہوشنگ کرامت خاں بن دلاور خاں	۱۴۰۵	۸۸۰ غیاث شاہ بن محمود	۱۴۷۵
۸۳۸ محمد غزنی خاں بن ہوشنگ	۱۴۳۴	۹۰۶ ناصر شاہ بن غیاث	۱۵۰۰
		۹۱۶ محمود دوم بن ناصر	۱۵۱۰
		۹۳۷ شاہان گجرات	۱۵۳۰

شاہان کشمیر

عالم کے مشہور ملکوں میں کشمیر بھی ہے اس کا مفصل حال ہماری تاریخ میں آئیگا۔ شاہان کشمیر کے خاندان کا بانی وال شاہ مرزا کشمیر کے راجہ کا وزیر تھا اُس نے اپنے تئیں بادشاہ بنایا اور اپنا خطاب شمس الدین رکھا اور سکہ اور خطبہ اپنے نام جاری کرایا اسکے بعد اسکا بیٹا شاہ جمشید تخت نشین ہوا۔

شمس الدین	شاہ حیدر حاجی خاں
شاہ جمشید	شاہ حسن
سلطان علاء الدین	محمد شاہ
سلطان شہاب الدین شیر اسالک	فتح شاہ
سلطان قطب الدین ہندال	ابراہیم شاہ
سکندر بت شکن	نازک شاہ
علی شاہ	شمس الدین بن محمد شاہ
سلطان زین العابدین	اسمٰعیل شاہ

ان بادشاہوں کے سنہ جلوس اچھی طرح معلوم نہیں

حبیب شاہ	غازی شاہ
حسین شاہ	علی شاہ
یوسف شاہ	سلطنت مغلیہ

۷۹۹ - ۹۸۰ھ - ۱۰۹ شاہان گجرات - ۱۳۹۶ - ۱۵۷۲ ع

گجرات ایسی ایک قلب دشوار گذار بلاد تھی کہ وہ مسلمانوں کے حملوں سے مدت تک بچی رہی صحراؤں اور پہاڑوں سے جوار دلی اور بندہیاچل کو ملاتے ہیں ان سے وہ گھری ہوئی تھی کہ اسپر حملہ کرنا سوار سمندر کی طرف کے دشوار تھا

تیرھویں صدی کے آخر میں سلطان علاء الدین نے اُس کو فتح کرکے مسلمانوں کی سلطنت کا ایک صوبہ بنایا۔ چودھویں صدی کے آخر میں پھر وہ خود مختار ہوگئی مگر اسکے فرمانروا بجائے ہندؤں کے مسلمان تھے۔ ظفر خاں پہلے راجپوت تھا پھر مسلمان ہوگیا وہ ۷۹۳ھ میں گجرات کا حاکم مقرر ہوا وہ ۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء میں خود مختار حاکم بن بیٹھا۔ اس کو چاروں طرف سے راجپوت راجاؤں اور وحشی اقوام بھیل نے گھیر رکھا تھا یہ دونوں اُس کے دشمن تھے۔ اُسکے پاس فقط پہاڑوں اور سمندروں کے درمیان ایک چھوٹی سی سرزمین تھی زیادہ تر اسمیں ساحل بحر سورت تک تھا۔ اس نے ایدر اور دیو کو فتح کرکے اپنی سلطنت کو وسعت دی۔ جھالور پر تاخت و تاراج کی اور ۸۰۶ھ/۱۴۰۳ء میں کچھ مدت کیلئے مالوہ پر تسلط کیا اسکا قایم مقام احمد شاہ اوّل ہوا اُس نے احمد آباد کو آباد کیا جو اس خاندان کا دارالسلطنت ہوا اور سلاطین مغلیہ کے صوبہ کا صدر مقام۔ اب بھی وہ نہایت عمدہ شہر ہے محمود شاہ اول نے مالوہ اور خاندیس سے اپنے خاندان کی طرف سے لڑائیاں لڑا اور جوناگڈھ کے قلعے کو کاٹھیاواریں اور چمپانیر کو اپنی سلطنت میں اضافہ کیا اور ایک بڑا بیڑا انبا کے جزائر کے بحری قزاقوں کو ٹھیک بنایا اور پرتگیزوں پر حملہ کیا۔ بہادر شاہ نے مالوہ کو فتح کرلیا اور پرتگیزوں کو اجازت دیدی کہ وہ دیو میں اپنی کوٹھی بنالیں۔ پرتگیزوں ہی کے ہاتھوں سے اسکی موت آئی۔ اس سلطنت کا زوال اس طرح آیا کہ اُنکی سلطنت میں باہم نفاق ہوا اور بادشاہ اُنکے ہاتھ میں کاٹھ کی پتلی بنگئے آخرکار ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں شہنشاہ اکبر نے گجرات کو فتح کرکے اُس میں امن امان قائم کردیا۔

سنہ	سنہ	سنہ	سنہ
۷۹۹ ظفر خاں مظفر شاہ اول	۱۳۹۶	۹۳۲ ناصر خاں محمود دوم	۱۵۲۵
۸۱۴ احمد شاہ اول	۱۴۱۱	۹۳۲ بہادر شاہ	۱۵۲۶
۸۱۶ محمد شاہ	۱۴۴۳	۹۴۳ میراں محمد شاہ فاروقی (خاندیس)	۱۵۳۶
۸۵۵ قطب الدین	۱۴۵۱	۹۴۴ محمود شاہ سوم	۱۵۳۷
۸۶۳ داؤد شاہ	۱۴۵۸	۹۶۱ احمد شاہ دوم	۱۵۵۳
۸۶۳ محمد شاہ اول بیکر	۱۴۵۸	۹۶۹ حبیب مظفر شاہ سوم	۱۵۶۱
۹۱۷ مظفر شاہ دوم	۱۵۱۱	۹۸۰ سلاطین مغلیہ	۱۵۷۲
۹۳۲ سکندر شاہ	۱۵۲۵		

(شجرہ بصفحہ ۱۵۶)

شاہان گجرات



۱۰۰۸۰۰۱ھ شاہان خاندیس - ۱۳۹۹ - ۱۵۹۹ء

خاندیس میں اول مسلمان حاکم ناصر خاں تھا جس نے شاہان دہلی سے اپنا تعلق چھوڑا اور خود مختار آزاد فرمانروا بنا اور اپنے تئیں فاروقی یعنی حضرت عمر کی اولاد میں بتایا۔ شاہان گجرات سے رشتہ مصاہرت کیا تھا۔ خاندیس جسمیں وادی زیریں تاپتی بھی داخل ہے اور گجرات کی سلطنت کے درمیان ایک جنگل کا حلقہ حد فاصل تھا۔ قلعہ اسیر گڈھ کے پاس برہانپور کو آباد کر کے دار السلطنت اُس نے بنایا۔ شہنشاہ اکبر نے ۱۵۶۲ء برہانپور فتح کر لیا۔ اور یہاں کے باشاہ کو باجگزار بنایا۔ مگر ۱۵۹۹ء میں قلعہ اسیر گڈھ فتح ہوا ہے تو خاندیس پوری سے سلطنت مغلیہ میں شامل ہوا ہے اسیر گڈھ چھ مہینے کے محاصرہ میں فتح ہوا ہے

سنہ	سنہ	سنہ	سنہ
۷۷۲ ملک رجا	۱۳۷۰	۹۴۲ میراں مبارک دوم	۱۵۳۵
۸۰۱ ناصر خاں	۱۳۹۹	۹۷۴ میراں محمد دوم	۱۵۶۶
۸۴۱ میراں عادل خان اول	۱۴۳۷	۹۸۴ علی خاں	۱۵۷۶
۸۴۴ میراں مبارک اول	۱۴۴۱	۱۰۰۵ بہادر شاہ	۱۵۹۶
۸۶۱ عادل خاں دوم	۱۴۵۷	۱۰۰۸ سلاطین مغلیہ	۱۵۹۹
۹۰۹ داؤد خاں	۱۵۰۳		
۹۱۶ عادل خاں سوم	۱۵۱۰		
۹۲۶ میراں محمد شاہ اول	۱۵۲۰		

دکن

۷۴۵ - ۹۳۳ھ - شاہان بہمنیہ - ۱۳۴۷ - ۱۵۲۶ء

شاہان گلبرگہ وغیرہ

دکن کا کچھ حصہ سلطان علاء الدین دہلی نے فتح کیا تھا ۱۲۹۴ء میں اُس نے دیوگیری اور ایلچپور کو فتح کرکے ایک صوبہ کوہستان ست پڑا کے جنوب میں بنایا تھا۔ محمد بن تغلق نے اس دکنی صوبہ کو زیادہ وسعت دی ۱۳۲۲ء میں تلنگانہ پر حملہ کیا اور کچھ دنوں دیوگیری کا نام دولت آباد رکھکر اپنی سلطنت کا دارالسلطنت بنایا اسکی سلطنت میں بہت سی بغاوتیں و فساد برپا ہوئے تو سب سے اوّل یہ صوبہ دکن آزاد ہوا ۱۳۴۷ء سے تقریباً دو سو برس تک شاہان بہمنیہ گلبرگہ - ورنگل - بیدر نے دریا کشنا سے اوپر نصف شمالی دکن پر اپنا تسلط رکھا۔ بانی اس خاندان کا حسن گانگوئی تھا جو دہلی کے ایک برہمن کا ملازم تھا۔ سلاطین تغلق کے عہد میں وہ بلند پایہ اور اعلیٰ درجہ پر پہنچا اور اُسکو ظفر خاں کا خطاب ملا جب دکن میں محمد بن تغلق کے عہد میں بغاوت برپا ہوئی تو باغیوں کا سرغنہ حسن تھا۔ جسنے بادشاہی سپاہ کو دکن سے بالکل خارج کر دیا۔ اور گلبرگہ میں تخت سلطنت پر جلوس کیا اور اپنا لقب علاء الدین حسن گانگوئی بہمنی رکھا۔ اسکی سلطنت شمال میں برار کیطرف اور مشرق میں تلنگانہ میں بڑھی اور جنوبی مغربی حدیں اسکی دریا کرشنا اور سمندر قایم ہوئیں۔ اسمیں زیادہ تر نظام حیدرآباد کا ملک اور ساحل بمبئی کا ملک جو سورت کے جنوب میں شامل تھا۔ سوا اسکے تلنگانہ اور بجے نگر کے راجاؤں سے بزور شمشیر خراج لیتا تھا۔ علاء الدین احمد دوم نے کونکان کو تسخیر کیا۔ اور ہمسایہ شاہان خاندیس اور گجرات کو شکستیں دیں ۱۴۷۱ء میں محمد شاہ دوم نے اُڑیسہ پر لشکر کشی کی اور کنجی درم کو لیلیا اور جنوب میں راجہ بیجاؤں سے لڑا۔ غرض شاہان بہمنیہ کی حکومت سمندر سے سمندر تک میسور کے جنوب میں تھی جب سلطنت میں ملک بڑھا تو اُس کی ضرورت ہوئی کہ وہ صوبوں میں تقسیم ہوا اور ان صوبوں کی تقسیم نے اس وسیع سلطنت کو ٹکڑے کر دئے اور ہر ٹکڑے میں ایک جدا خود مختار فرمانروا بن بیٹھا۔ یوسف عادل شاہ جو محمد شاہ دوم کا فتحیاب سپہ سالار تھا وہ صوبہ جدید بیجاپور میں خود مختار حکمران ہوگیا۔ نظام الملک نے جونیر کو جدا کرلیا۔ عماد الملک برار میں بادشاہ بنگیا۔ جب سلطنت سے یہ صوبے نکلگئے تو باقی ملک میں سلطنت باقی نہ رہی اور خاندان بہمنیہ کا جو سب کا مربی تھا خاتمہ ہو۔ برار میں عماد شاہ۔ احمد نگر میں نظام شاہ بیدر میں برید شاہ۔ بیجاپور میں عادل شاہ۔ گول کنڈہ میں قطب شاہ بادشاہ بن گئے اور مملکت بہمنیہ ان میں تقسیم ہوگئی

	سنہ		سنہ
۷۴۸	حسن گانگوئی علاء الدین ظفرخاں	۱۳۴۷	۸۶۲ علاء الدین ہمایوں شاہ ۱۴۵۷
۷۵۹	محمد شاہ اول	۱۳۵۸	۸۶۵ نظام شاہ ۱۴۶۱
۷۷۶	مجاہد شاہ	۱۳۷۵	۸۶۷ محمد شاہ دوم ۱۴۶۳
۷۸۰	داؤد شاہ	۱۳۷۸	۸۸۷ محمود شاہ دوم ۱۴۸۲
۷۸۰	محمود شاہ اول	۱۳۷۸	۹۲۴ احمد شاہ سوم ۱۵۱۸
۷۹۹	غیاث الدین	۱۳۹۷	۹۲۷ علاء الدین شاہ ۱۵۲۰
۷۹۹	شمس الدین	۱۳۹۷	۹۲۹ ولی اللہ شاہ ۱۵۲۲
۸۰۰	تاج الدین فیروز شاہ	۱۳۹۷	۹۳۲ کلیم اللہ شاہ ۱۵۲۵
۸۲۵	احمد شاہ اول	۱۴۲۱	۹۳۳ خاندان دکن ۱۵۲۶
۸۳۸	علاء الدین احمد شاہ دوم	۱۴۳۵	

بہمن گانگوئی



(۸۹۰-۹۸۰ھ (۱۱۲) عماد شاہیہ برار ۱۴۸۴-۱۵۷۲ء)

سنہ ھ		سنہ ع
۸۹۰	فتح اللہ	۱۴۸۴
۹۱۰	علاء الدین	۱۵۰۴
۹۳۶	دریا شاہ	۱۵۲۹
۹۶۸	برہان شاہ	۱۵۶۰
۹۷۶	توقال (غاصب)	۱۵۶۸
۹۸۰		۱۵۷۲

(۱۱۳- نظام شاہیہ احمد نگر)

۸۸۶	احمد شاہ اول بن نظام شاہ	۱۴۹۰
۹۱۴	برہان شاہ اول	۱۵۰۸
۹۶۱	حسین شاہ	۱۵۵۴
۹۷۲	مرتضےٰ شاہ	۱۵۶۵
۹۹۶	میراں حسین شاہ	۱۵۸۸
۹۹۷	اسمٰعیل	۱۵۸۹
۹۹۹	برہان شاہ دوم	۱۵۹۰
۱۰۰۳	ابراہیم شاہ	۱۵۹۴
۱۰۰۴	احمد شاہ دوم	۱۵۹۴
۱۰۰۴	بہادر شاہ	۱۵۹۵

(سلاطین مغلیہ)

مرتضےٰ دوم برائے نام بادشاہ ۱۵۹۸-۱۶۰۷ء میں سارا اختیار ملک عنبر کے ہاتھ میں تھا

(۸۹۵-۱۰۱۸ھ (۱۱۴) بریدشاہیہ بیدر ۱۴۹۲-۱۶۰۹ء)

سنہ ھ		سنہ ع
۸۹۷	قاسم شاہ اول	۱۴۹۲
۹۱۰	امیر شاہ اول	۱۵۰۴
۹۴۵	علی شاہ	۱۵۴۹
۹۹۰	ابراہیم شاہ	۱۵۶۲
۹۹۷	قاسم شاہ دوم	۱۵۶۹
۱۰۰۰	مرزا علی شاہ	۱۵۷۲
۱۰۱۸	امیر شاہ دوم	۱۶۰۹

(۸۹۵-۱۰۹۷ھ (۱۱۸) عادل شاہیہ بیجاپور ۱۴۸۹-۱۶۸۶ء)

۸۹۵	یوسف عادل شاہ	۱۴۸۹
۹۱۶	اسمٰعیل شاہ	۱۵۱۱
۹۴۱	ملو شاہ	۱۵۳۴
۹۴۱	ابراہیم عادل شاہ اول	۱۵۳۵
۹۶۵	علی عادل شاہ	۱۵۵۷
۹۸۷	ابراہیم عادل شاہ دوم	۱۵۷۹
۱۰۳۵	محمد شاہ	۱۶۲۶
۱۰۷۰	علی شاہ دوم	۱۶۶۰
۱۰۹۷	سلاطین مغلیہ	۱۶۳۶

(۹۱۸-۱۰۹۸ھ (۱۱۶) قطب شاہیہ گولکنڈہ ۱۵۱۲-۱۶۸۷ء)

۹۱۸	سلطان قلی	۱۵۱۲
۹۴۰	جمشید	۱۵۴۳
۹۵۷	سبحان قلی	۱۵۵۰
۹۵۷	ابراہیم شاہ	۱۵۵۰
۹۸۹	محمد قلی	۱۵۸۱
۱۰۲۰	عبداللہ شاہ	۱۹۱۱
۱۰۸۳	ابوالحسن	۱۶۷۲
۱۰۹۸	سلاطین مغلیہ	۱۶۸۷

(۹۳۲-۱۲۷۵ھ (۱۱۷) سلاطین مغلیہ ۱۵۲۵-۱۸۵۷ء)

ہم مغلوں کی سلطنت کا حال مفصل تاریخ میں لکھیں گے یہاں
فقط فہرست اُنکے سنہ جلوس وغیرہ اور شجرہ لکھ دیتے ہیں

سنہ ھ		سنہ ع
۹۳۲	ظہیر الدین بابر شاہ	۱۵۲۶
۹۳۷	ناصر الدین ہمایوں شاہ	۱۵۳۰
۹۶۳	جلال الدین اکبر شاہ	۱۵۵۶
۱۰۱۴	نور الدین جہانگیر شاہ	۱۶۰۵
۱۰۳۷	داور بخش	۱۶۲۷ء
۱۰۳۷	شہاب الدین شاہ جہاں	۱۶۲۸
۱۰۶۸	مراد بخش گجرات میں	۱۶۵۸
۱۰۶۸	شجاع بنگالہ میں	۱۶۵۸-۶۰
۱۰۶۹	محی الدین اورنگ زیب عالمگیر	۱۶۵۹
۱۱۱۸	اعظم شاہ	۱۷۰۷
۱۱۱۹-۲۰	کام بخش	۱۷۰۸
۱۱۱۹	قطب الدین شاہ عالم بہادر شاہ	۱۷۰۷

سنہ ھ		سنہ ع
۱۱۲۴	معظم الدین جہاندار شاہ	۱۷۱۲
۱۱۲۴	فرخ سیر	۱۷۱۳
۱۱۳۱	شمس الدین رفیع الدرجات	۱۷۱۹
۱۱۳۱	رفیع الدولہ شاہ جہاں دوم	۱۷۱۹
۱۱۳۱	نکوسیر	۱۷۱۹
۱۱۳۲	ابراہیم	۱۷۲۰
۱۱۳۱	ناصر الدین محمد شاہ	۱۷۱۹
۱۱۶۱	احمد شاہ	۱۷۴۸
۱۱۶۷	عزیز الدین عالمگیر ثانی	۱۷۵۴
۱۱۷۳-۴	شاہجہاں سوم	۶۰-۱۷۵۹
۱۱۷۳	جلال الدین شاہ عالم	۱۷۵۹
۱۲۰۲	بیدار بخت	۱۷۸۸
۱۲۲۱	محمد اکبر شاہ دوم	۱۸۰۶
۱۲۵۳	بہادر شاہ	۱۸۳۷
۱۲۷۵	سلطنت انگلشیہ	۱۸۵۷



امیران افغانستان

۱۱۶۰ - ۱۳۱۱ ۱۷۴۷ - ۱۸۹۳ء

افغانستان مین جب سے کہ خاندان غوریہ کا زوال آیا تو پھر آجمین خود اس کے اپنے فرمانروا ہوئے موقوف ہوئے اور وہ کبھی سلطنت عظیم کا ایک صوبہ رہا کبھی وہ ایران کا شاہان ایل خان کے عہد مین صوبہ بنا کبھی ہندوستان کا شاہان تیموریہ کے عہد مین صوبہ رہا۔ ان سلطنتون مین کبھی کبھی وہ پورا صوبہ بنتا تھا۔ مگر اکثر انمین منقسم رہتا تھا۔ شاہان مغلیہ کی سلطنت مین کابل و قندہار اکثر رہتے تھے۔ اورنگ زیب کے مرنے کے بعد ایران سے ہرات متعلق ہوگیا۔ ہرات اس حال مین مستثنے رہا کہ افغانستان کبھی سلطنت عظیم کا صوبہ نہ بنتا تھا یہمین کرت خود مختار حکومت کرتے تھے نادر شاہ ایران نے کابل اور قندہار کو لے لیا ۱۷۴۷ء مین وہ قتل کیا گیا تو افغانون نے ارادہ کیا کہ ایران کی اطاعت سے آزادی حاصل کیجئے۔ احمد شاہ کو جو ابدالی یا دُرّانی قوم کا سردار تھا اپنا بادشاہ بنایا۔ اور جمال خان کو جو بارک زئی قوم کا سردار تھا وزارت دی اور ایک صدی تک انمین یہ انتظام جاری رہا کہ بادشاہ دُرانی ہوا وزیر بارک زئی ہو۔ احمد شاہ نے کل افغانستان پر قبضہ کرلیا۔ ہرات اور خراسان کو فتح کرلیا اور کئی دفعہ ہندوستان پر حملہ کیا اور کچھ دنون ہی مین کشمیر سندھ اور پنجاب کے ایک حصہ کو اپنی سلطنت مین شامل کیا۔ مگر ہندوستان مین جو مملکت اسکے پاس تھی وہ سکھون نے اس سے چھین لی۔ اٹھارہوین صدی کے ختم ہونے سے پہلے پنجاب کے مالک سکھ ہوگئے احمد شاہ کے پوتے زمان شاہ نے قوم بارک زئی کے آدمی بہت مارڈالے اس قتل ہونے سے بارک زئی کا تنزل نہین ہوا۔ بلکہ اور زیادہ انکا عروج ہوا

مصرعہ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد

ان کے اختیارات محمود شاہ کی سلطنت اور شجاع کی آیندہ سلطنت مین بہت بڑھ گئے۔ بہت دفعہ دُرانیون نے کوشش کی کہ بارک زئی کو زیر کرین اور انکی قدرت اور اختیار کو گھٹائین مگر جب ۱۸۱۸ء مین فتح خان بارک زئی کو اندھا کرکے قتل کیا ہی گویا وہ درانی خاندان کے ادبار کے آثار تھے۔ کچھ دنون بدنظمی کے بعد دوست محمد خان جو فتح خان کا بھائی تھا تخت سلطنت پر بیٹھا وہ اول افغانستان کا امیر بارک زئی تھا۔ افغانستان کے زمانہ حال کی تاریخ ۱۸۳۷ء سے شروع سمجھنی چاہیے جب درانیون کی سلطنت کمزور ہوئی تو ایرانیون نے ہرات اپنے زور سے دبایا جب احمد شاہ درانی نے ہرات کو فتح کیا ہی تو اس شہر مین بہت افغان شاہزادے رہتے تھے اور وہ کچھ شاہ کابل کی اطاعت برے نام کرتے تھے ۱۸۳۷ء مین ایرانیون نے ہرات پر حملہ کیا جس کو فتح خان بارک زئی نے برے ہٹا دیا۔ ہرات کو کلید ہند کہتے ہین ۱۸۳۷ء مین روسیونکی تحریک سے پھر شاہ ایران نے ہرات پر حملہ کیا دس مہینے تک محاصرہ رکھا۔ مگر ایڈورڈ ابوٹ صاحب نے اس محاصرہ کا مقابلہ ایسی خوبی و بہادری و جوانمردی سے کیا کہ ۱۸۳۸ء مین ایرانیون کو پسپا کیا۔ شاہ شجاع درانیون کا معزول شاہ کابل برٹش گورنمنٹ کی پاس آیا

جسکی تخت نشینی کیلئے برٹش گورنمنٹ نے افغانستان پر ۱۸۳۹-۴۲ء مین فوجکشی کی اور شاہ شجاع کو تخت پر بٹھایا۔ اور سر ولیم میک ناٹن کابل مین برٹش رزیڈنٹ مقرر ہوئے۔ دوست محمد خان نے اپنے تئین حوالہ کردیا اور چپ چاپ رہا مگر اسکا بیٹا اکبر خان بارک زئی قوم کو ساتھ لیکر مقابلہ کرتا رہا ۱۸۴۱ء مین میک ناٹن صاحب و برنیز صاحب مارے گئے اور سولہ ہزار سپاہ انگریزی مین صرف ایک آدمی بچا جس نے سب کے قتل ہونیکے حال سے مطلع کیا۔ پالک صاحب نے ۱۸۴۲ء مین اس قتل کا انتقام لیا۔ پھر اس زمانہ سے افغان اپنے ملک کے آپ منتظم و حاکم ہوئے دوست محمد خان نے ۱۸۶۳ء مین اس دنیا سے رحلت کی۔ بعد ازان اس کے بیٹون اور پوتون مین تخت نشینی کے لئے جھگڑے ہوتے رہے پھر برٹش گورنمنٹ نے اپنا رزیڈنٹ کابل مین مقرر کرنا چاہا کہ وہ روسیون کے دخل کو افغانستان مین روکے جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۸۷۹-۸۱ء مین امیر شیر علیخان معزول ہوا۔ گیوک ناری جو رزیڈنٹ مقرر ہوا تھا قتل کیا گیا اور جنرل سٹورٹ اور جنرل روبرٹس صاحبنے فوج کشی کی۔ بعد کا انجام یہ ہوا کہ امیر عبدالرحمن خان کل افغانستان کا امیر ہوا۔ برٹش گورنمنٹ کے ساتھ اسکا اتحاد ہے اور وہ اسکی بڑی حامی و مددگار ہے اور دوستانہ سالانہ روپیہ بھی اس کو دیتی ہے۔

باب سوم

ملک سندھ کی تاریخ اور اسکے تاریخی افسانے اس زمانہ تک کہ اسکا سلسلہ خلافت سے انقطاع ہوا

سندھ ایک ملک کا نام بھی ہے اور ایک دریا کا نام بھی ہے جسکو انگریز انڈس کہتے ہین۔ ہندو اسکا چینی سن تاؤ۔ ایک اور نام اسکا اباسن ہے جسکا لفظی ترجمہ دریاؤن کا باپ ہے۔ وہ مان سرور جھیل کے شمالی برفستانی پہاڑونکی چوٹی کیلاس کی ڈھلان سے سن گایاب (دہن شیر) سے نکلتا ہے اور ۸۰۲ میل بہہ کر بحر عرب مین جا ملتا ہے اور ۳۷۲۷۰۰ میل زمین کے پانی کا نکاس اس مین ہوتا ہے۔ پس اس سرزمین کے مختلف حصونکا نام مختلف زمانون مین ملک سندھ رہا ہے قدیمی ملک سندھ کا جغرافیہ اچھی طرح سمجھ مین نہین آتا۔ اس لئے کہ جو شہر پہلے اس مین آباد تھے وہ ایسے برباد ہوگئے ہین کہ نہین ہے بعض کا نشان سارے ملک کی خاک چھانئے تو نہین ملتا بعض کے کھنڈر و ڈھیر موجود ہین تو وہ اپنے نام بتانے مین گونگے ہین۔ اشارے سے جو اپنے نام بتاتے ہین وہ سمجھ مین نہین آتے بعض کے نامون کی تحریف ایسی ہوگئی ہے کہ وہ حال کے شہرون کے ناموں سے کچھ مناسبت نہین رکھتے گو دریا اور پہاڑ اپنی جگہ سے نہ ٹلے ہون مگر نام کچھ سے کچھ ہو گئے ہین محققین جغرافیہ جو انکے نامونکے مطابقت بتاتے ہین وہ قیاسی ہوتی ہے کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ کہتا ہے۔ ابن حوقل کی کتاب المالک والمسالک سے ایک نقشہ کی نقل اتار کر اس کتاب مین درج

کہتے ہین۔ اس مین کل ملک سندھ اور اُس کے مضافات اور کچھ حصے ہند و توران و بدھ کے ملکون کے کچھے ہوئے ہین اسکی ساری شرقی سرحد پر بحر فارس ہی۔ مغربی حد پر کرمان و سجستان اور اُسکے متعلقات شمالی سرحد پر بلاد ہند جنوب مین وہ صحرا ہے جو مکران اور ان پہاڑون کے درمیان ہی جس سے پرے ساحل بحر فارس ہے اس نقشہ سے تم پر عیان ہی کہ کرمان و سجستان سے جو ملک ایران کے بلاد ہین ملک سندھ کی سرحد ملی ہوئی ہی پس جب ۲۰ھ کے اندر ہی ملک ایران پر اہل عرب کا تسلط ہوگیا۔ اس لئے انکو کرمان اور سجستان پر بھی قبضہ کہنا ضرور پڑا اس طرح ملک سندھ سے انکی سلطنت کا ڈانڈا مینڈا آن ملا۔ اور اہل عرب کے حملے ملک سندھ پر شروع ہوئے مگر ہم پہلے اس سے کہ ملک سندھ پر اہل اسلام کی حملہ آوری اور فتحیابی کا بیان کرین ملک سندھ کے حالات بیان کرتے کہ اُسوقت مین کیا تھے تحفۃ الکریم مین لکھا ہی کہ اگرچہ ملک سندھ کے قدیم راجاؤن کی ابتدا نہین معلوم کہ کب سے ہوئی۔ مگر صرف پانچ راجاؤن کے نام بیان کئے جاتے ہین جو مشہور اور نامور ہین اور اُنکا زمانہ سلطنت ۱۳۷ سال آتا ہی

راجہ دیوائچ۔ یہ بڑا صاحب اختیار راجہ تھا اسکا دارالسلطنت شہر الور تھا اسکی مملکت کی یہ حد تھی مشرق مین کشمیر و قنوج مغرب مین مکران اور ساحل بحر عمان یعنی دیبل کا ایک حصہ جنوب مین بندرگاہ سورت (سورشٹرا) اور شمال مین قندہار اور سیستان۔ اور کے کانان۔ اس ملک پر وہ فرمانروائی کرتا تھا۔ ہند کے بہت سے راجاؤن سے رابطہ اتحاد رکھتا تھا۔ اسکے تمام ملک مین کاروان بحفظ و امان رواں دواں رہتے تھے اسکے مرنے کے بعد اسکا بیٹا راجہ سی ہرس تخت پر بیٹھا۔ باپ ہی کی سی روش پر چلا۔ اسکا عہد سلطنت بہت مدت تک رہا اور سارے ملک مین امن و امان چین و آرام رہا اسکے بعد اسکا نامور پسر راے ساہ سی کے ہاتھ مین عصا سلطنت آیا بڑی شان و شکوہ سے سلطنت کی باپ دادا کے زمانہ سے جو دستور و آئین چلے آتے تھے انکو بدستور قایم رکھا اور اپنی ساری دلی تمناؤن کو پورا کیا۔ بعد اسکے اسکا بیٹا سی ہرس دوم راجہ ہوا جسکا بیان چچ نامہ مین اس طرح لکھا ہے کہ دریاے مہران (دریاے سندھ کو پہلے دریاے مہران کہتے تھے) ملک ہند و سندھ کا دارالملک الور تھا یہ شہر وسعت مین بڑا تھا طرح طرح باغون اور محلون حوضون نہرون سے آراستہ تھا۔ یہان کے راجہ سی ہرس پاس بڑے وفینے اور خزانے تھے۔ سارے ملک مین اس راجہ کی عدالت و سخاوت کی دھوم مچی ہوئی تھی اُسکی ممالک و مسالک کی حد وہ تھین کہ جانب شرقی کشمیر تک طرف غربی حد مکران تک حد جنوبی محیط آب شور و دریاے تک طرف شمالی کوہ کردان و کیکانان تک اس ملک کو اب یون سمجھنا چاہیے کہ وہ سندہ و ملتان اور شاید اُچ کے پاس کی میدان کا لابلغ کے پہاڑون تک نہ تھا) اس لئے ہم ملک کو ان چار حصون مین تقسیم کیا تھا ایک حصہ مین برہمن آباد

وحصار نیرون و دیبل و لوہانہ ولاکھ وسمہ تا زیر دریا۔ دوسرے حصہ مین سوستان و بودھیہ پور۔ کلان کوہ یا یہ روجہان تا حد مکران سوم حصہ مین حصار اسکندہ۔ دیا بیہ جنکو ملوارہ و چچپورہ بھی کہتے ہین اور اس کے مضافات تا حد بودھ پور۔ چہارم ملتان۔ سکر۔ برہمپور۔ کرور۔ کیچھ۔ سرحد کشمیر تک۔ مہاراجہ خود دارالملک الور مین رہتا تھا۔ اور خاص اپنے تخت حکومت کرمان کیکانان رکھتا تھا اور باقی چار حصون مین سے ہر ایک حصہ مین اپنی طرف سے راجہ مقرر کرتا تھا اور ہر ایک پر تاکید رکھتا تھا کہ وہ سامان جنگ کے لیئے گھوڑون اور ہتھیارون کو تیار رکھے اور اُسکو حکم دیتا رہتا تھا کہ رعایا کی بہبودی و رفاہ مین اور عمارات کی تعمیر مین ایسی کوشش کرتا رہے کہ جس سے ملک محفوظ و مصئون رہے (ملک کو حصونمین تقسیم کرنیکا اور انمین اپنے اپنے بندونکو راجہ مقرر کرنیکا ڈھنگ چچ نامہ کا سا تھا) کل ملک کے اندر کوئی اسکا بیری بدخواہ ایسا نہتا کہ شور و فساد مچاتا۔ مگر یہ از غیبی گولہ آن کر لگا کہ پارس کے بادشاہ نیمروز کا لشکر کمران کیطرف وارد ہوا۔ راجہ سی ہرس دل بے قرار دل باغ باتکیر رکھتا تھا۔ فارس کے لشکر کی جب اُسکو خبر ہوئی وہ اُس سے جا کر لڑنے لگا۔ طرفین سے مردان نامدار دلیران کارزار تیغ خونخوار کے طعمہ بنے۔ اہل فارس نے اسکے لشکر پر حملہ کر کے شکست دی اور بہگا دیا مگر راجہ اپنی جگہ جما رہا اور لڑتا رہا جنتک کہ دم مین دم رہا۔ شاہ فارس اسکو شکست دینے کے بعد اپنے ملک کو چلا گیا یہان سا سی اپنے باپ کی گدی پر بیٹھا اور باپ کی ساری مملکت پر اپنی فرمانروائی کا سکہ خوب جما لیا ملک کے چاردن حصونکے راجہ اسکے مطیع و فرمانبردار تھے اور ہمیشہ اسکے خزانہ مین روپیہ داخل کرتے تھے اسطرح سے ملک کا انتظام کر لیا۔ اس شرط پر رعایا کی مالگذاری بہبودی کا وعدہ کیا کہ وہ چھ قلعونمین چوٹی کا کام ہی بنا کر پورا کر دین۔ اسکے بنا ہی پر چار بڑے سکھ چین سے رہتی تھی اسکا وزیر بدھی من تھا اور اسکا کارپرداز سلطنت یعنی حاجب رام بن ابی کا تھا۔ راجکا سارا کام کاج اس کے حوالے تھا جو چاہے سیاہ سفید کرے۔ کوئی شخص اس کے کام کاج مین نہ دخل دیسکتا تھا نہ مزاحمت کر سکتا تھا اس کے سارے احکام نافذ و ناطق تھے وہ بڑا حکیم و عالم تھا راجہ اسکی علم بلاغت رقم پر بڑا اعتبار رکھتا تھا۔

ایکدن دیوان عام مین بدھی من وزیر اور رام دونون بیٹھے ہوئے تھے کہ چچ بن سلائج دہان وارد ہوا رام نے پوچھا کہ یہان آپکا آنا کیونکر ہوا۔ چچ نے عرض کیا کہ جناب کی بلاغت و فصاحت کی شہرت مجھے یہان [illegible] خدمت بابرکت مین حاضر ہو کر اس سے مستفیض ہون۔ رام نے کہا کہ آپکے کلام سے تو خود فصاحت و بلاغت ٹپک رہی ہے چچ نے کہا کہ ہان مجھے چار وید یاد زبان ہین اور کچھ اور استعداد بھی رکھتا ہون یہ باتین ہی [illegible] کہ دیبل کیطرف سے کچھ کاغذات رام کی رائے کیلیے آئے۔ اُس نے چچ کو وہ کاغذات دیدیے

راجہ سی ہرس کے بیان سے کا آنا اور اُسکا حاجب مقرر ہونا

چچ نے رائے نہایت بلیغ عبارت مین اور پاکیزہ خط مین لکھکر راجہ کے سامنے پیش کی۔ وہ اُس کو پڑھکر نہایت مسرور ہوا اور چچ کی نہایت ستایش کی اور اُسکو اپنا نائب مقرر کر دیا۔ ایکروز یہ اتفاق ہوا کہ راجہ ساہ سی دربار مین بیٹھا ہوا تھا کہ سیوستان سی کچھ کاغذات آئے راجہ نے رام کو یاد کیا وہ موجود نہ تھا چچ نے عرض کیا کہ بندہ اسکا نائب حاضر ہی جو ارشاد ہو اُسکو بجا لاؤن۔ راجہ نے وہ کاغذات چچ کو دئے اُس نے راجہ کے روبرو اُنکو بڑی شرح و بسط کے ساتھ پڑھا اور جواب یا صلو بنا لکھدیا۔ راجہ خود علم بلاغت سی ماہر تھا اُس نے چچ کی تحریر کی داد دی۔ جب رام سے ملا تو اُس سی کہا کہ یہ برہمن ہمکو خوب ملگیا ہی۔ ہمیشہ ایسی مہربانی رکھو کہ وہ کہین اور جانیکا قصد نکرے۔ غرض جب رام کو موت کا پیغام آیا تو اُسکی جگہ راجہ نے چچ کو حاجب مقرر کیا۔ چچ نے لوگونکے ساتھ وہ مروت و محبت کا طریقہ برتا کہ وہ اُسکے مطیع ہوگئے اور کل کام اُسکی صلاح پر ہونے لگے۔ غرض چچ کو اپنی چرب بانی اور سخن سرائی کی بڑی قیمت ملگئی اور تھوڑی زمانہ مین وہ الاباگی پر پہونچگیا

ایکدن ذکر ہی کہ راجہ رانی سوہندی دیبی اپنے محل مین بیٹھے ہوئے باتین کر رہے تھے کہ کسی اشد ضرورت کے سبب سے راجہ نے چچ کو خلوتخانہ مین بلا لیا۔ جو کام تھا وہ لیکر راجہ نے اُسکو رخصت کیا مگر رانی صاحبہ کی نظر اُس نوجوان برہمن خوش رو پر پڑی دیکھتے ہی دل و جان سے اُسپر فریفتہ ہوگئی اُس نے کسی اپنی بڑی بی کو بلا کر کہا کہ مین چچ کے عشق مین دیوانی ہو رہی ہون اگر تو میری چارہ سازی نہ کریگی تو چچ پاس جاکر اُسکے وصال کے واخانہ نے دانہ لائیگی تو مین ہلاک ہو جاؤنگی۔ بڑی بی چچ پاس پہونچی اور یہ سندیسہ سنایا۔ چچ نے کانون پر ہاتھ دہرے کہ مجھ سے یہ کام ہرگز نہوگا اسمین جان کا خطرہ ہی۔ آخرت کے عذاب کی گرفتاری ہی اور دنیا کی بدنامی ہی حکما کا قول ہی کہ بادشاہ تشنہ و مار و آب پر اعتماد نہین چاہیئے۔ ابھی راجہ کو اسکی خبر ہو جائے اور اُسکو غصہ آئے تو میری جان بغت جائیگی۔ بڑی بی نے چچ کی یہ باتین سنکر رانی سے آکر کہین۔ رانی نے پھر اُسکو چچ پاس بھیجا اور کہا کہ میری طرف سی چچ سے کہو کہ اگر آپکو میری موانست سے احتراز ہے تو گاہی ماہی یہ عنایت تو مجھپر کیجیئے کہ اپنے جمال کو دکھا کر میرے دل بیقرار کو تسکین دیجیئے۔ اشعار خرسندم اگر سال بسالت بینم + ور در عمری بشبے خیالت بینم + نومیدم مگر دم از خیالت ضمنا + آخر روزے بشبے وصالت بینم

آخر کو ان دونون مین موافقت ہوگئی اور محبت و الفت ایسی بڑھ گئی کہ لوگون کو بدگمانی ہونے لگی انہون نے راجہ کے کان بھرنے شروع کئے کہ چچ نے اپنی بدگوہری اور تباہ سرشتی سے رانی سے یہ پیوند دوستی پیدا کیا ہی مگر راجہ کو چچ پر ایسا اعتماد تھا کہ کسی کے کہنے سننے پر اعتبار نہوا۔ اپنی سلطنت کے سارے جھولے

راجہ ساہ سی کی رانی کا چچ پر عاشق ہونا

راجہ ساہ سی کے مرنے کے بعد کاف نے اور دیکھا جانے چچ کا ہونا

بڑے کام اُسکو سپرد کردے۔ جو کام وہ کرتا راجہ کو پسند آتا اسکے صلاح و مشورہ بغیر کوئی کام نکرتا۔ غرض ساری سلطنت پر بچھ ہی کے احکام جاری ہوتے تھے۔ راجہ ساہسی ایسا بیمار ہوا کہ موت کے آثار نمودار ہوئے اُسنے بچھ کو بلاکر کہا کہ اب میرے مرنے کا وقت قریب آگیا ہے کوئی میرا بیٹا نہین کہ وارث تاج و تخت ہو ضرور میرے مرنے کے بعد سرے اقربا ملک پر قابض ہونگے اور دشمنی کے سبب سے میرے نام کو مٹا ینگے جب میں زندگی مین مجھپر طعن کرتے تھے تو مرنے پر نہین معلوم کیا میری دُردشا کرینگے اسلئے میری رائے مین تجھ بہتیرا نیک معلوم ہوتی ہے کہ تجھے اپنا جانشین بنا جاؤن بچھ نے یہ سُنکر کہا کہ آپکے فرمان پر سے دل و جان قربان حضور کا ارشاد عین مصلحت ہے لیکن خاص مخلص خدمتگارون سے بھی یہین مشورت کرنی واجب ہے غرض صلاح و مشورہ ہوکر راجہ نے بچھ کو حکم دیا کہ تو پچاس عدد زبردست طوق تیار کرا اور انکو رات کو لاکر مکان مین چھپا دے۔ پس بچھ نے اس حکم کی تعمیل کی اتنی دیر مین راجہ کی نزع کی نوبت پہونچی۔ اطبا مایوس ہوکر اپنے گھر جانے لگے۔ رانی سبھدیوی نے انہین روکا اور ایک مکان مین انکو ٹھیرا دروازہ بند کردیا ادہر ساہسی پاس موت کا پیغام آیا اُدہر رانی نے اُسکے تمام رشتہ دارون کو جو سلطنت کے مدعی تھے پیغام بھیجا کہ بعنایت الہی آج راجہ کی طبیعت اچھی ہے تمکو کسی مہم کی مشورت کیلئے وہ بلاتا ہے اس بلاوے سے جو رشتہ دار نہ آتا اسکو وہ گھر بتایا جاتا جس مین طوق و زنجیر اُسکے منتظر بیٹھے تھے اُسکے آتے ہی ایک گلے لگتا دوسرا پانون پڑتا جبتک بڑے بڑے امیر اقربا یون اسیر ہوئے تو اُنکے مفلس اقربا کو یہ فرمایش ہوئی کہ وہ رشتہ دار جنکی عداوت تمکو چین سے رات مین سونے نہین دیتی تھی وہ راجہ کے عتاب مین آکر اسیر ہوئے ہین اگر تمکو اپنے فقر و فاقہ سے افاقہ منظور ہو تو قید خانہ پر جاؤ اور اپنے دشمن کا سر اڑاؤ اور انکا کل مال و متاع کے مالک بنجاؤ یہان کیا چاہئے تھا اندھے کو دو آنکھین وہ دوڑے دوڑے گئے اور اپنے دشمنو نکو مار کر انکے گھر گئے اور سارے گھر کے مالک ہوگئے غرض ایک رات مین بچھ اور اس نا پارسا رانی نے یون سازش کرکے تمام سران لشکر و مدعیان سلطنت کو ایک کو نہین بہانے انہین کے بھائی بندونکے ہاتھون سے قتل کرا دیا۔ تو پھر دربار عام بڑی دھوم دھام سے ہوا۔ سنگاسن زر و جواہر سے آراستہ ہوا۔ پردہ کے اندر ادہر رانی دیوی جلوہ افروز ہوئین ادہر وزیر بدھی من یون سخن سرا ہوئے کہ اگرچہ بفضل الٰہی راجہ صاحب تندرست ہوگئے ہین مگر دربار مین آنے کی قوت اور کاروبار سلطنت کرنیکی طاقت نہین ہے اسلئے وہ جبتک جی اپنے بچھ کو اپنا قایم مقام مقرر کرلے ہین تاکہ رعایا کی دادرسی مین التوا نہ ہو۔ حاضرین دربار نے یہ سُنکر عرض کیا کہ راجہ کا حکم ہمارے سر و چشم پر۔ رانی سبھدیوی نے اپنے مخلص تابعین و روسا و معتمدین کو بڑے بڑے گران بہا خلعت عنایت کئے اور بدھی من کو از سر نو پہر وزارت پر مامور فرمایا۔ خواص کو انعام اور امرا کو جاگیرین

عطا کین چھ مہینے یونہین گذرے کہ اس عرصہ مین راجہ ساہ سی کے مرنے کی خبر اُسکے بھائی دھرت راجہ جے دار کو
پہونچی۔ وہ دفعتہً لشکر جرار تیار کرکے آندہی کیطرح الور پر چڑھ آیا اور اُس سے ایک کوس پر خیمے ڈیرے ڈال دئے
اپنے خاص معتمدین کو چچ کے پاس بھیجا کہ اسکو میری طرف سے یہ پیغام پہونچا مین کہ مین اس ملک کا حقیقی وارث ہون
میرے باپ دادا کا یہ ملک ہی۔ میرے بھائی کا ملک آپ مجھے عنایت کیجیے اور آپ خود بدستور اپنے عہدہ وجاہت پر
قایم رہئے مین ہمیشہ آپکا خیر خواہ اور خیر طلب ہونگا یہ سنکر چچ پیٹ پکڑے ہوئے حیران پریشان رانی پاس آیا اور
گھبرا کر کہنے لگا کہ دشمن تو گھر مین آپہونچا۔ ملک میراث کا دعویٰ وہ کر رہا ہی۔ اب مین کیا کرون۔ رانی یہ حال
دیکھ کر ہنسی اور کہنے لگی کہ مین تو پردہ نشین عورت ہون اگر میدان جنگ مین جانے کے لیے میری ضرورت ہی تو میرے
کپڑے تم پہنو اور اپنے کپڑے مجھے پہننے کو دو کہ باہر جاکر ہنگامہ کارزار گرم کرون۔ مین حیران ہون کہ یہ بات
مشکل کیا ہی تمہین مجھہ سے مشورہ وصلاح کی حاجت کیا ہی۔ میان تم مستعد وکمربستہ ہو کر شیر کطرح دشمن پر جاپڑو
اور اُس کے رفع دفع کرنے مین کوشش کرو۔ عزت کے ساتھہ مرنا ذلت کے ساتھہ جینے سے بہتر ہے اشعار

ہم فیل داری ہم حشم ہم خیل داری ہم خدم ✦ مردانہ بیرون نہ قدم زیر وزبر کن خصم را

یہ چچ رانی کا یہ جواب سنکر شرمندگی کے مارے پانی پانی ہوگیا۔ فوراً مسلح ہوگیا اور لشکر کو لیجا کر میدان جنگ
گرم کیا طرفین سے مردان دلاور مارے جانے لگے تو راجہ دھرت نے چچ سے کہا کہ دشمنی وعداوت تو ہم مین اور
تم مین ہی آؤ ہم تم لڑکر فیصلہ کرلین جو زندہ رہے وہ مالک تخت وتاج رہے ناحق اور شریفون کی جانین کیون
ضائع کرتے ہو چچ نے بھی دھرت کی اس درخواست کو منظور کرلیا۔ اور لڑنے کیلئے روبرو آیا۔ اُسنے چچ سے کہا کہ مین
برہمن ہون گھوڑے پر سوار ہو کر نہین لڑسکتا ہون۔ آپ پیادہ ہو کر لڑنے کیلئے آئیے۔ راجہ صاحب نے غرور شجاعت کے
گھوڑے پر سوار تھے چچ کی حقیقت اپنے آگے کیا گنتے تھے جھٹ گھوڑے سے اُتر کر کہا کہ آؤ ہم پیادہ ہی لڑنے کو
تیار ہین چچ بھی پیادہ پا ہوا مگر یہ چال چل گیا کہ سائیس سے کہدیا کہ میرے پیچھے پیچھے گھوڑے کو ساتھہ لاؤ جب
دونو آپسمین نزدیک ہوئے تو چچ نے جھٹ پٹ گھوڑے پر چڑھہ کر راجہ دھرت کا سر تن سے اُتار لیا جب جڑ کا
کٹ گیا تو اسکا لشکر بھی بن سرا ہو کر تتر بتر ہو گیا۔ چچ سے امان کا خواہان ہوا۔ امان پانے پر اطاعت قبول
کی چچ اس فریب سے فتح پاکے شہر الور مین آئے اور اس فتح کی خوشی مین ایک جشن شاہانہ کیا۔

جب یہ فتح حاصل ہوئی تو رانی نے تمام اعیان واکابر شہر کو بلا کر اُنسے کہا کہ راجہ ساہ سی مر گیا مجھے کوئی
اولاد اُسکی نہین پیدا ہوئی کہ وہ وارث تخت وتاج ہوتی اس لئے یہ سلطنت چچ کو دیدی گئی ہے اس سے

دھرت اور چچ کی لڑائی مین رانی اور دھرت کا راجہ

رانی کے ساتھ چچ کا برتاؤ کرنا

اپنا بیاہ کرتی ہون - رؤسالے بالاتفاق دربار مین رانی سُبھدیوی کا بیاہ پرچ سے کردیا جس سے دو بیٹے داہر اور دہرسیہ اور ایک بیٹی مائی پیدا ہوئی - پرچ نے اپنے بھائی چندر کو بلاکر الور مین اپنا نائب مقرر کردیا

بدھی من وزیر کو پرچ کا بلانا اور انتظام مسلطنت کے بارہ مین صلاح پوچھنا

بدھی من وزیر کو پرچ نے بلایا اور اسسے کہا کہ آپ مجھے یہ تبلایئے کہ ساہسی کے تخت اقتدار مین جو چار ملک تھے وہ کون کون سے تھے - انکی حدود کیا تھین تاکہ مین انپر جاؤن اور ہر ایک کی اطاعت و مخالفت کا امتحان کرون جو انمین میرے مطیع ہون انپر عنایت کرون جو مخالف ہون انپر عتاب کرون انکے دفع کرنیکا تدارک کرون جس سے سارے ملک قبضۂ اقتدار مین آجائین اور کوئی مخالف سرکش فساد کرنیوالا باقی نرہے یہ سنکر بدھی من نے سر جھکایا اور عرض کیا کہ مہاراج یہ دارالملک اسلطنت ایک راجہ کی تولیت مین تھے اور راجہ اسکی اطاعت و فرمانبرداری کرتے تھے جب مملکت مہاراجہ ساہسی ہرسیہ دیوائج کو پہونچی اور وہ لشکر فارس کے ہاتھ سے منہزم ہوا تو شاہی راجہ ہوا اُس نے چار راجاؤن کو اسلئے مقرر کیا کہ خزانہ شاہی کے لئے وہ تحصیل اموال کرین اور ملک کی حفاظت کرین آپکو چاہئے کہ ان چار راجاؤن کو اپنا فرمانبردار رکھین جس سے سارا ملک انکے ماتحت رہے -

بدھی من کا یہ کہنا اس کے دلپر جادو کا اثر کرگیا - اسکو اپنے لئے بشارت غیبی وہ سمجھا - نہایت شاد و خرم ہوکر اس وزیر کی تقریر کی نہایت تحسین و آفرین کی اور اطراف کی معتمدان پاس فرمان روانہ کئے اور ملوک نواحی سے امداد طلب کی - اُسنے یہ کہکر کہ ملک ہند مین ۹ تک جاؤنگا جہان اسکی سرحد ملک کی سی ملتی ہے - بڑا لشکر تیار کیا نجومیون سے طالع سعد صحیح استخراج کرکے منزل پیما ہوا - اور بہت سی منزلین طے کرکے قلعہ پاسیہ کے پاس پہونچا جو دریاے بیاس کے جنوبی کنارہ پر ہے - وہان کا راجہ بمقابلہ پیش آیا لڑائی ہوئی - راجہ پاسیہ کو ہزیمت ہوئی وہ قلعہ کے اندر چلا گیا راے پرچ غالب ہوا - ایک مدت تک قلعہ کو حصار کئے رہا جب اہل حصار کو غلہ کی تنگی نے اور گھاس لکڑی ایندھن کے توڑنے نے تنگ کیا تو وہ جو قت کہ عالم نے سیاہ کمبل اوڑھا اور شاہ انجم نے تاریکی شب کی چادر اوڑھی تو راجہ اس حصار سے نکلکر قلعہ اسکندہ یا اسکلندہ کی نواح مین جاکر فروکش ہوا قلعہ پاسیہ سے یہ قلعہ زیادہ مستحکم تھا اور اسکے زیر حکم تھا یہانتک اُسنے دشمن کے احوال دریافت کرنیکے لئے جاسوس بھیجے انہون نے آکر خبر دی کہ پاسیہ کے قلعہ کے اندر پرچ موجود ہے

پرچ کا حصار کلکندہ مین جانا

جب پرچ کو معلوم ہوا کہ دشمن اسکلندہ کے قلعہ مین چلا گیا ہے تو اُسنے یہانکے قلعہ مین ایک اپنا امین مقرر کیا اور خود اسکلندہ کیطرف چلا - وہان پہونچکر اُسکے گرد لشکر کو اُتارا - اس حصار مین اسکا ایک قدیمی یار یا وفادار فرمانبردار مقدم رہتا تھا - وہ بڑا شجاع تھا - اہل حصار پر اسکا بڑا رعب و داب تھا - اہل حصار اسکی رائے صواب سے استصواب کرتے اور کبھی اُس سے تجاوز نہ کرتے اس مابین پرچ نے یہ پیغام بھیجا کہ اگر وہ چترا راجہ پاسیہ کو قید کرلے یا مار ڈالے تو اس

خدمت کے جلد وہین یہ قلعہ اور قلعہ پایہ دونون اُسکے حوالہ کردے جاوینگے۔ مقدم بنے چچ کی اس شرط کو قبول کرلیا اور چچ کے پاس اپنے بیٹے کو بھیجدیا اور خود چھترا کی نظر بین ایسا اعتبار پیدا کرلیا کہ اُسکے دربار مین رات کو بے روک ٹوک جانے لگا۔ ایکدن آدہی رات کو فرصت پاکر چترکو مارڈالا اور اُسکے سر کو چچ پاس بھیجدیا۔ رائے چچ نے اس کام کے عوض مین اسکو بہت انعام دیا اور یہ قلعہ اُسکو دیدیا اور سب اعیان شہر کو اُسکو نذرین دلوائین اُسکی اطاعت کیلئے قول وقسم لئے اور اُسکو ایسی نصیحتین کین کہ وہ ہمیشہ اُسکا مطیع رہا۔

چچ مہم اسکلندہ سے فارغ ہوکر سکہ اور ملتان کیطرف چلا۔ یہان راجہ بجہرا راج کرتا تھا وہ بڑی قابلیت ولیاقت رکھتا تھا مملکت اسکی وسیع تھی۔ مہاراجہ ساہ سی کا وہ رشتہ دار تھا جب اُسکو چچ کے آنے کی خبر ہوئی تو وہ دریائے راوی کے کنارہ پر آیا ملتان کے مغاربی مشرق مین سکہ تھا اسمین ہتیا سہی دل حاکم تھا۔ اسنے عمزاد بجہرا ایک بڑے لشکر کے ساتھ چچ سے لڑنے کیلئے آیا چچ نے بیاس کی گذرگاہ مین تین ماہ اقامت کی جب پانی اتر گیا تو وہ معہ لشکر دریا سے اُتر کر قصبہ سکہ مین آیا سہی دل سے لڑائی شروع ہوئی چچ کے تھوڑے سے آدمی و مخالفون کے بہت سے آدمی مارے گئے تو سہی دل بھاگ کر حصار ملتان کو چلا گیا اور دریا ہی راوی کے کنارہ پر جنگ کے لئے مستعد ہوا چچ نے قلعہ سکہ پر قبضہ کیا۔ پانچہزار سپاہیون کو مارڈالا اور وہانکے باشندونکو لونڈی غلام وبہیر کیا اور یہان امیر علاء الدولہ یامین الدولہ کو اپنی طرف سے منتظم وحاکم مقرر کیا اور خود دریا کو عبور کرکے ملتان کی جانب چلا دونو لشکر آمنے سامنے ہوئے۔ راجہ بجہرا لشکر جرار وجنگی ہاتھی وجنگی مرد ساتھ لیکر باہر لڑنے کیلئے آیا۔ اور چچ سے جنگ شروع کی۔ خوب لڑائی ہوئی طرفین سے بہت آدمی مارے گئے تو بجہرہ حصار مین چلا گیا۔ اور کشمیر کو خط اس مضمون کے قاصد کے ہاتھ بھیجے کہ برہمن چچ بن سلاچ بلاد الملک اُور کا دلی ہوگیا اور لشکر ذراوان لئے جلد جلد چلا آتا ہی اور اُسنے سارے حصار فتح کرکے استوار بنالئے ہین۔ ہم مین اُسکے لڑنیکی قدرت نہین ہے حضہا حصین اسکے تحت فرمان ہیں اب تک کوئی مہراس سے لڑکر فتحیاب نہین ہم ملتان مین وہ پہونچگیا ہی ایسے بُرے وقت مین آپکی مدد اعانت کیجئے کشمیر مین اس قاصد کے پہنچنے سے پہلے وہان کے راجہ کو موت کا پیغام آچکا تھا۔ اُسکا لڑکا گادی پر بیٹھا تھا۔ وہان وزرا اور ندما وخواص واکابر واعیان ملک نے آپس مین اس بات کا مشورہ کیا اور بجہرہ کے خط کا خوب جواب لکھا کہ رائے کشمیر تو دارالبقا کو سدہارا اسکا خرد سال بیٹا تخت پر بیٹھا ہے سیاہ جاجیگا بگڑی مٹھی ہے۔ ہمکو اول اسکی درستی ضرور ہی اسواسطے تمہاری مدد کا سامان ہم سے مہیا نہین ہوسکتا۔ تم خود اپنے کام کا آپ انتظام کرو جب خط کا جواب قاصد لایا تو راے بجہرہ کشمیر کی استعانت سے مایوس ہوا ناچار راے چچ سے یہ درخواست کی کہ

چچ کا ملتان اور سکہ پر حملہ کرنا

کشمیر سے بجہرہ کے قاصد کا بھیجا جانا

مین آپکو قلعہ خالی کرکے حوالہ کرتا ہون آپ مجھے بغیر کسی روک ٹوک کے جب تک مین کسی امن کی جگہ نہ پہونچ جاؤن باہر جانے دیجئے پرچ نے اس درخواست کو قبول کرلیا۔ بجبرہ کو امان دی وہ مع اپنے متعلقین کے کوہ کشمیرہ کو چلا گیا۔ بعد اسکے پرچ نے قلعہ مین اپنا عمل دخل کرلیا۔

جب حصار ملتان پر پرچ کا قبضہ خاطر خواہ ہوگیا تو وہان اپنا ایک نائب ٹھاکر مقرر کیا خود یہان سے روانہ ہوا۔ راہ مین ریم بود۔ کرور۔ اش ہار کے حاکمون نے اطاعت قبول کی۔ یہان سے وہ کشمیر کی حد تک گیا۔ کسی راہ مین کوئی اسکے سامنے نہ لڑنے کو آیا نہ کسی اور طرح کا مقابلہ کیا قاعدہ ہے۔ خدا تعالیٰ جب کسیکو بزرگ بناتا ہے تو ساری مصیبتین آسان اور مشکلین سہل کردیتا ہے اور اسکی آرزوئین پوری کرتا ہے جہان پرچ گیا وہان اسکو لوگون نے سر انکھون پر بٹھایا خدمت و اطاعت کیلئے تیار ہوئے۔ یون وہ حصار شاہ کلہار پر پہونچا۔ اس موضع کی ایک جگہ بلند جسکو کنبھ کہتے ہین اور سرحد کشمیر پر وہ ہے وہان ایک مہینے اس نے قیام کیا۔ اس نواح کے بعض راجاؤن کو اسنے سزا دی۔ رام اور راجاؤن سے عہد و پیمان لئے اور ساری مملکت پر اپنا قبضہ کیا اور یہان سے ایک لشکر فراوان جمع کیا پھر اس نے دو درخت ایک سیسم یعنی سفید بید کا دوسرا دیودار کا منگا کر سرحد کشمیر پر پنج مایات ندی کے کنارہ پر لگائے یہ ندی کوہ کشمیر سے متصل تھی جس سے چشمے جاری رہتے تھے۔ یہان پرچ نے جب تک قامت کی کہ ان دونون درختون کی شاخین بڑھ کر ایکدوسرے سے آپسمین ملین جب یہ شاخین مل گئین تو پھر اس نے یہان یہ نشان کندہ کیا کہ اے کشمیر کے اور میرے ملک کی یہ سرحد ہے اس سے آگے مین نہین جاؤنگا۔

پرچ جب کشمیر کی حد پر اپنی سرحد مقرر کرچکا تو وہان سے اپنے دارالملک الور کو چلا آیا اور ایک سال تک یہین مقیم رہا جسمین خود سفر کی تکان اتار کر اسودہ ہوا۔ اس عرصہ مین اور سردارون نے اسباب و آلات جنگ کو بھی مہیا کرلیا۔

ایک دن اسنے اپنے وزیر کو بلا کر کہا کہ اب مشرق کیطرف سے میرا دل فارغ ہے مغرب و جنوب کیطرف کا قصد ہے اسکے حالات پر آپ مطلع فرمائیے یہ سنکر وزیر نے عرض کیا کہ بادشاہونکی یہ برگزیدہ خصلت ہے کہ وہ اپنی ولایت کی اخبار دنکے تفحص مین رہا کرین۔ مہاراج وہانکا حال یہ ہے کہ آپکی غیبت کے سبب سے اضلاع بالا کے حاکمونکے دماغ مین یہ غرور سمارہا ہے کہ راجہ ساہسی کے بعد کوئی ہمسے خراج ملکی لینے والا نہین رہا۔ اس سے وہان ضرور فساد و فتور برپا ہونیوالا ہے سنکر اسنے سبھ گڑی سفر کے لئے پوچھی اور حصار بھٹیہ و سوستان کیطرف روانہ ہوا۔ اسوقت حصار سوستان مین حاکم مہتہ تھا۔ دریاے مہران سے عبور اس موضع سے کیا جسکو وہ بائت کہتے تھے اور سمہ اور الور کے درمیان وہ حد فاصل تھی اس جگہ سے بدہیہ کا قصد کیا جس مین حاکم کوتل بن بہندر گوہگو اور دارالملک اسکا کاراج یا نانا راج تھا

ملتان مین پرچ کا نائب مقرر کرنا اور وہان سے جانا

کشمیر کی سرحد مقرر کرنے کے بعد پرچ کی مراجعت

اور یہان کے رہنے والونکو سویس کہتے تہے چچ نے حملہ کرکے حصار سویس کو فتح کرلیا۔ کہابن کا آگے آیا اُسنے اور راجا کے اور متعلقین نے امان چاہی۔ خراج دینے کا اور اطاعت کا وعدہ کیا۔

چچ کا سوستان مین جانا

یہان سے چچ سوستان کیا وہان مہتہ بڑے سامان کے تھا لشکر لیکر چچ سے لڑنے آیا مگر شکست پاکر قلعہ مین چلا گیا چچ نے حصار کا محاصرہ کیا ایک ہفتہ مین محصور بن نے عاجز ہوکر اپنے تئین حوالہ کیا اور امان چاہی۔ شرائط صلح منظور ہوئین اہل حصار باہر آئے اور حصار کی کنجیان چچ کے حوالہ ہوئین چچ نے ابر بڑی مہربانی کی مہتہ ہی کو حصار کی ریاست دیدی اور ایک شحنہ معتمد اپنی طرف سے وہان مقرر کرایا۔ یہان چند روز چچ نے اس لئے اقامت کی کہ ملکی کام سب درست اور ٹہیک ہوجائین۔

چچ کا مہتہ بہمن آباد مین آنا

جب سوستان کی مہم سے چچ کو فراغت ہوئی تو اُسنے اکہم لوہانہ حاکم برہمن آباد یعنی لکہا وسمر وستہا کو خط لکہا کہ میری اطاعت اختیار کیجئے۔ چچ چند دنون کی راہ پر مکران سے تہا کہ یہ دون نے جو اُس نے راہ پر تعین کئے تہے ایک قاصد کو پکڑا جسکے پاس خطوط اکہم کے مہتہ کے حاکم سوستان کے نام لکہے ہوئے نکلے جنکا مضمون یہ تہا کہ مینے ہمیشہ آپکے ساتھ الفت وہوا خواہی کا طریقہ جاری رکہا کسیوقت آپسے مخالفت ومنازعت نہین کی خط جو آپنے بطریق مودت ارسال کئے تہے وہ میرے پاس پہونچے اور پڑہنے سے مجھے فخر حاصل ہوا۔ میری اور آپکی موافقت ہمیشہ مستحکم رہیگی اور کبہی بیمین مخالفت نہین ہوگی مین آپکے حکمونکی تعمیل کرونگا آپ جدا در ابن راجہ ہین۔ ہم اور آپ ایک ہین ہمیشہ ایسی حالتین بہت آدمیونکو پیش آتی رہتی ہین کہ وہ بلاد سے بچنے کیلئے اور نکی امداد کے خواہشگار ہوا کرتے ہین آپکا اعانت چاہنا کوئی نئی بات نہین ہے۔ آپکو اجازت ہے کہ نواح برہمن آباد سے لیکر بحر ہیل تک جس موضع مین آپکی رائے ہو اقامت کیجئے اور اگر کسی اور طرف جانیکا قصد ہو تو کوئی آدمی آپکا مانع اور مزاحم نہین ہوگا خواہ آپ کہین ہون مین آپکا معین اور مددگار ہون۔ میرے پاس اتنا لشکر وسپاہ ہے کہ مین لڑنے سے آپکی مدد کرسکتا ہون۔ مہتہ کی رائے مین یہ مناسب معلوم ہوا کہ وہ ناحیہ ہند مین راجہ دہل پاس جاکے جسکو بہٹی کہتے تہے۔

چچ کا خط اکہم لوہانہ کو

اکہم لوہانہ کو خط مین چچ نے یہ لکہا کہ تم اپنی قوت شوکت اصل نسب کے سبب سے اپنے تئین بادشاہ وقت گنتے ہو اگرچہ یہ مملکت وسلطنت واموال وثروت ومکنت ومقدرت مجھے آباواجداد سے میراث مین نہین ملی مگر عنایت وفضل الہی سے عطا ہوئی ہین۔ ملک کو لشکر سے لینے نہین حاصل کیا بلکہ خدا سے یگانہ وبیچون نے سیلاج پر مہربانی کرکے مجھے عنایت کیا ہے۔ ہرحال مین خدا ہی سے مدد پاتا ہون کسی دوسرے آدمی کی عنایت کا محتاج نہین ہوتا وہی میرا پروردگار میرے کاموں کا اہتمام کرنیوالا ہے۔ وہی مہمات مین میرا یاوری دینے والا ہے۔ وہی کل منازعات

ونخالفات مین نصرت و فتح کی بخشنے والا ہی۔ اُسی نے مجھے وجہان کی نعمتین دی ہین اگر تم کو حول و قوت اپنی شہامت و صولت عدت و آلہت پر ہو تو ضرور اسپر زوال آیگا۔ تمہاری جان کا لے لینا حلال ہوگا۔

اب اُسنے چچ نے اکھم لوہانہ سے لڑنے کا عزم کیا۔ وہ برہمن آباد سے اپنے ملک مین گیا ہوا تھا جب چچ کے آنے کی خبر سنی تو وہ برہمن آباد مین آیا اور لڑائی کا سارا سامان تیار کرنے لگا۔ جب چچ نے برہمن آباد مین قدم رکھا تو وہ اُس سے لڑنے کو کھڑا ہوا۔ طرفین سے بڑے بڑے نامدار لڑنے والے مارے گئے آخر کو اکھم کے لشکر کو شکست ہوئی اور وہ حصار مین چلا گیا۔ چچ نے حصار کا محاصرہ کیا اور یہ محاصرہ ایک سال تک جاری رہا۔ اسوقت ملک ہندوستان مین یعنی کنوج (قنوج) مین سب پال پسر اسل راج کرتا تھا اکھم نے اسے لکھکر امداد کی درخواست کی۔ جواب آنے پایا تھا کہ اکھم مرگیا اور اُسکا بیٹا باپ کا جانشین ہوا اکھم کا ایک دست بستہ بدہ رکھوا (یعنی محفوظ الصنم تھا) اُسکو باپ ایک بتکدہ تھا جسکا نام بدھ تو دہار تھا اور اُسکے بدھ کا نام ولبھا تھا وہ اسکا پوجاری تھا بڑا عابد زاہد مشہور تھا اس نواح کے سب آدمی اسکے تابع تھے۔ اکھم بھی اُسکا معتقد تھا بیٹیکا مذہب اختیار کرلیا تھا اسکو اپنا قطب سمجھتا تھا۔ جب اکھم حصار مین محصور ہوا تو سمنی نے اُسکی امداد کی تھی وہ لڑا نہین۔ عبادتخانہ مین کتابین پڑھتا رہا جب اکھم مرا اور اُسکا بیٹا جانشین ہوا تو سمنی ہراسان ہوا اُسکو ایذا بھی دہان پہونچی وہ یہ نہین چاہتا تھا کہ ملک اسپر سے اطاعت اسکے ہاتھ سے نکلجائین اس اضطراب مین اُسنے دیکھا بھالا کہ حکم لگایا کہ چچ کے حوالے ملک ہوگا وہ مجھ سے موافق ہوگا جب اکھم کا بیٹا لڑنے سے عاجز ہوا لشکر نے بھی لڑنیسے ہاتھ کھینچے تو حصار چچ کو سپرد کیا گیا اور اُس نے اپنی حکومت کو مستحکم کیا۔

جب چچ نے سمنی کا حال سُنا تھا کہ اُسنے اکھم اور اُسکے بیٹے کی ہیبت کی ہی اور اسی کے سحر و تلبیس و جادو و تدبیر سے یہ ایک سال قلعہ کی فتح مین التوا ہوا تو اُسنے قسم کھائی تھی کہ اگر اُس قلعہ پر مجھے فتح نصیب ہوئی تو سمنی کو گرفتار کرکے کمال اُسکی بیخ کنی کرونگا اور حکم دونگا کہ نقارون پر وہ منڈھی جائے اور اُسکے بدن کی پوستین اڑائے جائین جب سمنی نے اس قسم کو سُنا تو وہ ہنسا اور کہنے لگا کہ چچ کو یہ دسترس نہین ہوگی کہ وہ مجھے ہلاک کرسکے برہمن آباد والے مدت تک لڑتے رہے اور بہت آدمی ہلاک ہوئے تو انہون نے لڑائی سے ہاتھ کھینچا اور صلح کی درخواست کی معتمدون نے دونون کے درمیان پڑکر صلح کرادی اور حصار چچ کو سپرد ہوا اور چچ نے اہل حصار سے کہدیا کہ جسکا جی چاہے یہان سے چلا جائے کوئی مانع و مزاحم نہین ہوگا۔ جسکا جی چاہے یہان رہے جب اکھم کے بیٹے سرمند نے چچ کی یہ مہربانی دیکھی تو وہ متعلقین کے ہمین رہگیا چچ یہین مقیم رہا تاکہ رعایا کی مزاج شناسی کرے چچ نے سرمند کی ماں سے پیغام اپنے بیاہ کا بھیجا۔ ماں کو بیٹا لے آیا اور بیاہ ہوگیا چچ نے اپنے برادرزادہ کی لڑکی دہنسہ کو سرمند سے بڑی دھوم دھام سے بیاہ دیا۔

چچ کا قصہ برہمن آباد مین آنا اور فتح کرنا

تیج نے ایک سال یہان قیام کیا اور اپنی طرف سے عمال مقرر کئے کہ وہ خراج وصول کرین گرد و نواح کے حاکمونکو بھی اُس نے محکوم کیا۔ آخرکار اُسنے یہ پوچھا کہ وہ سمانی ساحر کہان ہی اس سے ملنا چاہتا ہون لوگون نے کہا کہ وہ بڑا ہے اور وہ راہبون ہی مین رہتا ہی۔ وہ حکما ہندمین یکتا ہی وہ بدہ نو دہار کے تکدہ کا محافظ ہی اور وہ کل راہبون مین بڑا اور صاحب کمال ہی اسکو وہ سحر اور منتر آتے ہین کہ اُس نے ایک عالم کو تسخیر کر رکھا ہی۔ وہ اپنے علم سحر کے زور سے تمام حوایج کو خود دفع کر لیتا ہی وہ سرہند کا بھی دوست تہا اُسکے باپ کا دوست تہا یہ اسکی کرامت تہی کہ لڑائی مین ایک سال کا عرصہ لگ گیا جب حصار برہمن آباد فتح ہو گیا تو تیج سلحدار و جاندار و نکو تھا لیکر سمنی کے رستے قصد بدہ نو دہار کو روانہ ہوا سلاحداروں کو سکھا دیا کہ جب مین اس سے باتین کر کے چکا ہو رہون اور تمکو دیکھون تو تم تلوار کھینچکر اُسکا سر تن سے اُتار لینا جب بدہ نو دہار مین پہنچ گیا سمنی کو دیکھا کہ وہ کرسی پر بیٹھا ہوا مستغرق عبادت ہے اور خارہ کی گل اُسکے ہاتھ مین ہے اور بدہون کو بنا رہا ہی اور ایک مہرا اُسکے پاس ہی جس کے لگانیسے صورت بدھ کی اس مٹی پر بن جاتی ہی اسطرح وہ بدہون کو بنا کر رکھتا جاتا تہا تیج اس کے سر پر کھڑا رہا مگر وہ اُسکی طرف ملتفت نہوا آخر مین گھنٹہ گذر گیا وہ بدہون کے بنانیسے فارغ ہوا تو اُس نے سر اٹھایا اور بولا کہ پیر سیلاج آیا ہی تیج نے جواب دیا کہ ہان اسے ناستک (بدھ مذہب والا) سمنی نے کہا کہ تم کس کام کے لئے آئے ہو تیج نے کہا تجھے دیکھنے کے تمنا تہی اسلئے آیا ہون اُس نے ایک عمدہ فرش بچہا کر تیج کو بٹہایا اور اُس سے پوچھا کہ آپکی کیا حاجت ہی تیج نے کہا میری یہ آرزو ہی کہ آپ میرے ساتھ موافقت رکھیے اور حصار برہمن آباد مین تشریف لایئے تاکہ مین وہان کے لوگون سے بنا دون اور بڑے بڑے کام پر کر دون۔ آپ سرہند کے کنارے ہمسے کوس پر آ درایے بتلایئے۔ ناستک نے کہا کہ مجھے آپکے ملک کی ضرورت نہین ہی اشغال دنیا سے مجھے رغبت نہین ہی۔ کارہائے دنیوی کی مجھے ضرورت نہین ہی۔ پھر تیج نے اُسے پوچھا کہ اگر یہ حال ہی تو پھر حصار برہمن آباد مین کیون آدمیونکی طرفداری کرتے تہے اُس نے کہا کہ جب کم لوہانہ مر گیا تو اُسکا بیٹا سرہند باپ کی جدائی سے نہایت غمناک تہا مین اُسکو صبر کرنے پر تنبیہ کرتا تہا اور خدا کی درگاہ مین دعا صالحہ کرتا تہا کہ مخالفون مین صلح و موافقت وہ ظاہر کر دے میرے لئے تو یہی بہتر ہے کہ مین بدہ کی خدمت کرون اور نجات آخرت کی طلب کرون اور اشغال مہتری دنیوی سے پرہیز کرون اگر تم اس ساری مملکت کے راجہ ہو تمہارے حکم سے مین کل قبایل کو لیکر جوار حصار مین چلا جاؤنگا اگر یہ مجھے یہ خوف ہی کہ اہل حصار زراعت بدھ سے کراہت کرینگے اور ایذا پہونچائینگے تیج نے کہا کہ بدہ کی پرستش بڑی عظمت رکھتی ہے اُسپر مداومت کرنی اولی ہے لیکن کوئی تیری حاجت ہو تو مجھ سے کہہ مین اُسکے پورا کرنیمین اپنی سعادت سمجھونگا ناستک نے کہا کہ مجھے کوئی حاجت دنیاوی نہین خدا مجھے مہمات اخروی کی توفیق دے تیج نے کہا کہ مین

یہی نجات اخروی کا خواستگار ہون تو مجھے ہدایت کر کہ مین یہ جانون کہ کسی کام مین اعانت کرنی میری نجات کا سبب ہوگی سمنی نے کہا کہ تیری ہمت امور خیرات پر و خرید حسنات پر مقصور ہی تو مین تجکو بتاتا ہون کہ ایک پرستشگاہ ہی جسکا نام بدھ نود ہار مشہور ہے زمانہ کے ہاتھ سے اُسمین خلل و زلل آگیا ہی اپنی گرہ کے روپیہ سے ازسرنو تعمیر کرادے اس طرح تیری اعانت سے مجھے فائدہ ہوگا بچ نے کہا کہ اپکی اس عنایت کا شکریہ ادا کرتا ہون جب بچ یہان سے برہمن آباد کو سوار ہو کر گیا تو وزیر نے پوچھا کہ آپکا تو عزم مصمم یہ تہا کہ سمنی کو قتل کرے جب آپ اُسکے سامنے گئے تو آپ اُسکی رضاجوئی کے خود خواستگار ہوئے۔ اور اُسکی درخواست کو منظور کر لیا بچ نے کہا کہ جب مین اسکے پاس گیا۔ تو مینے دیکھا کہ کوئی چیز سحر و شعبدہ کی نہین ہی۔ اور مینے یہ معائنہ کیا کہ میری نظر کے سامنے اُسکے سر پر ایک پیکر کھڑی ہوئی ہی جب مین بیٹھا تو اُسکی صورت مجھے مگر وہ و ہمناک و مدور معلوم ہونے لگی اسکی آنکھین آگ کیطرح چمکتی تہین بعضہ سے بہری ہوئی تہین۔ اُس کے ہونٹ موٹے اور لمبے تہے۔ اور اُس کے دانت مثل سنان تھے اس کے ہاتھ مین ایک نیزہ تہا جو الماس کیطرح تابان تہا یہ معلوم ہوتا تہا کہ اب وہ کسی پر اُسکو چلائیگی۔ اُسے دیکھکر مین بہت ڈرا اور اس سے کوئی بات ایسی نہین کر سکتا تہا جس کو تم سُن سکو مجھے اپنے بچانے کی فکر تہی۔ مین اسکی اعانت کر کے اپنی جان بچا لایا۔

برہمن آباد مین بچ جب تک مقیم رہا کہ مملکت کے تمام کام وجوہ مال و نزفیہ رعایا کا استحکام ہوا اُس نے جانون اور لوہانیونکو ذلیل کیا اور اُنکے سردارونکو سزا دی۔ اُسنے اول لیکر برہمن آباد مین قید کئے اور انکو مجبور کر کے یہ شرط ٹہیرائین کہ وہ کبھی تلوار نہ باندہین اگر باندہین تو نقلی تلوار وہ کبھی حامہ زرین پشمینی نہ پہنین اگر چادر ریسمانی پہنین تو سُرخ و سیاہ رنگ کی ہو بے زین اپ پر سوار ہون سر و پا برہنہ کہین۔ گہر سے باہر نکلین تو کتے ساتھ رکہین والی برہمن آباد کے باورچی خانہ کے لئے لکڑیان بہم پہونچائین ہمیشہ وجاسوسی کیلئے وہ آدمی بہیجین جو مخصوص اخلاص کیشی ہون سرحد پر اکہم کے تھا موافقت کہین اگر کوئی اُسکا دشمن اس ملک مین لڑنے بہڑنے آئے تو اپنے اوپر سرحد کی مدد کرنی واجب جانین۔ غرض اُسنے یہ سب کام کر کے اپنی سلطنت کو مستحکم کر لیا اور جسے گردنکشی کی اور عداوت اُسکی اس سے اول لئے اور اُسکو سزا دی تاکہ وہ اپنی تئین درست کرے

برہمن آباد مین بچ کا داخل ہونا

بچ کا ان کاموں سے فراغت کرنا اور حدود کو متعین کرنا

جب بچ کو ان کاموں سے فراغت ہوئی تو اُسنے یہ ارادہ کیا کہ کرمان کی حدود کو متعین کرے کہ ملوک ہند کی سلطنت کی حدود سے ملی ہوئی تہین کیونکہ بن ہرمز کے مرنے اور ملک فارس کی بربادی کے بعد اُسوقت زمانہ مین امور سلطنت ایک شہزادی دختر توران یا دختر زنان کے ہاتہ مین تہی جب بچ کو معلوم ہوا تو اُس نے لشکر عظم کو تہا لیکر کرمان

جانیکا ارادہ کیا۔ اور جوتشیون نے سفر کی ساعت نیک مقرر کی ہمین وہ ارمایل کیطرف روانہ ہوا۔ یہان کا حاکم اُس کے استقبال کو آیا۔ باہم قول و قرار ایسے ہوگئے کہ جسسے انکی درمیان دلون مین مودت و محبت قایم ہوگئی۔ یہان سے وہ مکران کو روانہ ہوا۔ راہ مین جو رئیس ملا اُس نے اطاعت اُسکی اختیار کی۔ بلاد مکران اور کوہستان سے نکلکر وہ ایک اور بلاد مین پہونچا۔ یہان ایک پرانا حصار کہنہ پور تھا۔ اُس کے از سر نو تعمیر کرنیکا حکم دیا اور تمام گرد کی دہاقین کو جمع کرکے اس عمارت کو پورا بنا دیا اور یہ حکم جاری کیا کہ ہر روز صبح وشام پانچ باجونکی نوبت بجا کرے یہانسے پھر کرمان کیطرف گیا۔ اس ندی کے کنارہ پر ٹھیرا کہ مکران اور کرمان کے درمیان روان تھی۔ یہان شہر فنی تعمیر کی۔ اور اس ندی کے کنارے پر کھجور کے درخت لگائے اور یہ نشان کردیا کہ حجاج بن سلائج بن بساس کے عہد مین یہ ہند کی حد تھی اور آج وہ ہمارے قبضہ مین آئی۔ یہان سے چل کر وہ ارمایل مین آیا۔ اور توران کی ملک مین گزر کر دشت نورانی مین آیا۔ راہ مین کوئی شخص اُس سے لڑنے کو نہین کھڑا ہوا۔ پھر وہ بلاد قندہار بیل و قندھار مین آیا۔ یہان بھی یہان کو طی کرکے حصار کا قصد کیا۔ آدمیون نے حصین پناہ لی پس جب بے بسی کے کنارہ پر آیا تو یہان خیمہ لگایا۔ اہل حصار کو ایسا تنگ کیا کہ مالگزاری کے لئے انہون نے لاکھ درہم اور ایکہزار کوہی اسپ سالانہ دینے کا اقرار کیا یہانسے اپنی دارالسلطنت الور مین آیا یہین مقیم رہا حینتک کہ سفر آخرت پیش آیا۔ چالیس برس تک سلطنت کی اور ملک کی آبادی اور افزایش مین کوشش کی۔ حجاج کی وفات کے بعد اُسکا بھائی چندر بن سلائج دارالملک الور مین تخت نشین ہوا اُسنے راہبون اور ناستکون (بدھون) کے مذہب کو بڑی تقویت دی اور اس مذہب کے مسایل کو رواج دیا جب آدمیونکو بزور شمشیر اس مذہب مین داخل کیا اُسکو سلاطین ہند نے بہت سے خطوط و مکتوب لکھے۔

جب مہتہ رئیس سوستان راجہ کنوج (قنوج) پاس پہونچا ہندوستان کا ملک اُسوقت نہایت سرسبز ہورہا تھا۔ قنوج مین سہی رس بن راہل راجہ تھا۔ مہتہ نے اُس پاس جاکر یہ کہا کہ حجاج بن سلائج مرگیا اور اُسکا بھائی چندر جو راہب ہے تخت نشین ہوا۔ وہ ناستک ہی عبادت خانہ مین سارے دن وہ ناستکون اور مذہبی آدمیون کیساتھ تدریس علم مین مشغول رہتا ہی ایسے آدمی سے سلطنت کا چھین لینا سہل ہی اور اس ملک پر قبضہ کرکے مجھے عنایت کرے تو اس نواح کی مالگذاری مین اپنے ذمہ لیکر راجہ کے خزانہ مین بھیجا کرون۔

سہی رس نے مہتہ سے کہا کہ حجاج کا ملک بزرگ اور ولایت اُسکی وسیع تھی وہ مرگیا اگر اس کے ملک پر مین قبضہ کرلون اور کسی حصہ مین تجھے حاکم مقرر کرون تو میری مملکت وسیع ہوجائیگی اور پس سہی رس نے اپنے بھائی برماس بن کسائیس کو روانہ کیا ملک کشمیر ورل مین حجاج کا نواسہ راج کرتا تھا اُسنے بھی برماس کے

مہتہ رئیس سوستان کا سفر

حجاج کیطرف جنید بن سلائج کا تخت نشین ہونا

حجاج کا ارمایل پہونچنا اور مالگزاری مقرر کرنا۔

شریک ہونیکا وعدہ کیا اور دونون لشکر لیکر روانہ ہوئے اور وہ ماہی ندی کے کنارہ پر پہونچے حصار دیول مین جو چندر کے گماشتے اور اہلکار تھے وہ بھاگ گئے اُس حصار پر حملہ آورون نے قبضہ کیا اور آگے بڑھے اور بند کا ہویہ پر پہونچے یہان ایک مہینہ قیام کیا اور بدھ کی پوجا کی چندر بن سیلایچ پاس قاصد اور نامہ بھیجا کہ تم یہان آؤ اور ہماری طاعت اختیار کرو اور ہم تمہاری حفاظت کرین۔ چندر نے آنے اور اطاعت سے انکار کیا اور سامان جنگ مہیا کیا۔

سی ہرس نے داہر پاس ایلچی بھیجا۔ کچھ دغا و فریب کی چالین چلا مگر کوئی داؤ اُسکا نہ چلا بے نیل مرام رہا۔ چندر کی سلطنت قایم ہوگئی۔ رعایا سکھ چین سے رہنے لگی سات برس تک اس نے راج کیا آٹھوین سال موت آگئی الور کے تخت پر داہر بیٹھا اور برہمن آباد مین چندر کا بیٹا راج راجہ ہوا مگر یہان راج کی حکومت ایک برس ہی کہ وہ مرگیا اس کے بعد داہر سیہ مین چ نے اس ملک پر قبضہ کیا۔ اسکی بہن بائی اس بہائی کے ساتھ بہت موافقت رکھتی تھی اور اُس کی اطاعت کرتی تھی اکھم کی بیٹی سے داہر سیہ نے شادی کی اور وہ پانچ برس تک برہمن آباد مین رہا۔ اطراف کے رؤسا نے اسکی اطاعت اختیار کی کچھ نون وہ قلعہ راور مین رہا۔ اس قلعہ کی بنیاد اچ نے ڈالی تھی۔ مگر اسکو پورا بنا ہوا اپنی زندگی مین نہین دیکھ سکا۔ مگر داہر سیہ نے اس کام کو پورا کیا اور اُس پاس کے باشندے یہان بسا دیئے اور اسکا نام راور رکھا اور پھر وہ برہمن آباد چلا گیا اور یہان اپنی سلطنت کو نہایت مستحکم کیا

ایکدن داہر سیہ یہ سوچ ہی رہا تھا کہ میری بہن بیاہنے کے قابل ہوگئی ہے اور کہین اس کا بیاہ نہین ہوتا کہ اُس پاس قاصد یہ پیغام لیکر آئے کہ ملک راسل مین جو بھاٹیہ کا راجہ سون ہے وہ یہ چاہتا ہے کہ آپ اپنی بہن کا بیاہ اُس سے کردین۔ اُس نے بہن کا جہیز شاہانہ تیار کیا اور سات سو گھوڑے اور پانچسو باندی بہن کے ہمراہ کرکے الور کو راجہ داہر پاس بھیجدیا۔ اور بھائی کو لکھا کہ وہ بہن کی شادی بھاٹیہ کے راجہ سے کردے اس راجہ نے یہ اقرار کرلیا ہے کہ وہ حصار کو اپنی بیوی کے مہر مین دیدیگا۔ قاصد الور مین آیا اور ایک مہینہ تک ٹھیرا رہا۔

ارکان شاہی مین سے کسی ایک نے راجہ داہر سے کہا کہ ایک منجم بڑا صاحب کمال آیا ہے راجہ نے کہا کہ تم جاکر ہمارے سفر و حضر و رونق مملکت و امور سلطنت کے باب مین اُس سے استفسار کرو اُسنے کہا کہ مہاراج راجاؤنکو یہ زیبا نہین ہے کہ حکما و علما و فضلا کے لئے اپنے دربار مین آنے کا وقت تنگ کرین کیونکہ یہی ہمارے امام اور پیشوا ہین اُنکی خدمت بجا لانا اور اُنکا احترام کرنا اپنے اوپر لازم کرنا چاہئے کہ اُنکی رضا سے جاہ و مرتبہ کو ازدیاد و دوام ہوتا ہے بہتر یہی ہے کہ آپ خود روبرو ہوکر منجمون سے پوچھین گچھین۔ یہ سنکر راجہ داہر خود منجم پاس گیا اور بہت سے سوالات کئے منجمون نے اُنکے ایک یہ بھی تھا کہ ہماری بہن مائی کے طالع کی کیفیت کیا ہے۔ منجم نے کہا کہ حساب

چندر کی سلطنت

انسانی زندگی داہر کے ساتھ

یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حصار الور سے باہر نہیں جائیگی اور جس شخص کے تحت فرمان ملک ہندوستان ہوگا اُس سے اُس کا بیاہ ہوگا۔ منجم سے یہ بات سُنکر راجہ کو فکر ہوا۔ وزیر بدھی من اپنے باپ کے وزیر کو بُلایا۔ یہ سارا حال اُس کو سُنایا۔ وزیر نے کہا کہ مہاراج یہ چار چیزیں جب اپنے مقام سے ٹل جاتی ہیں تو پھر اپنی جگہ پر قائم نہیں ہوتیں۔ بادشاہ اپنے مُلک سے۔ وزیر اپنی وزارت سے۔ گرو اپنے چیلوں سے۔ بال بدن سے۔ بادشاہ مملکت کے لئے اپنے بھائیوں اور عزیزوں کی جان لے لیتے ہیں ان کو جلا وطن کر دیتے ہیں اور اُن کی مداخلت اور مشارکت کو ملکداری میں روا نہیں رکھتے جب بادشاہ معزول ہو جاتا ہے تو عوام الناس کے مساوی ہو جاتا ہے۔ منجم نے جو حکم لگایا ہے۔ اُس کے موافق آپ کو اپنی بہن کے ساتھ بیاہ کر لینا چاہیئے اور اسکو اپنے تخت پر اپنی برابر بٹھانا چاہیئے تاکہ یہ مملکت تیری قائم رہے۔ دا ہر نے وزیر سے یہ پوچھکر اُن پانسو آدمیوں کو جو اُسکے خواص اور معتمد تھے بُلایا اور یہ فرمایا کہ مجھے ہر حال میں اعتقاد اور اعتضاد تمہاری کفایت و شہامت پر ہے تمہاری مشاورت و مصالحت و مناصحت بغیر میں کوئی کام سلطنت کا نہیں کرتا۔ منجم نے یہ کہا کہ مائی اس حصار سے باہر نہیں جائیگی اور شوہر اُس کا وہ شخص ہوگا جس کے قبضہ میں یہ مملکت ہوگی۔ ایسا نہو کہ سلطنت کا انقلاب ہو۔ راج پاٹ چھوٹنا بڑا دشوار ہے۔ بدھی من وزیر نے جو مصلحت بتلائی ہے وہ نہایت شرمناک ہے۔ اس سے برہمنوں کے خاندان کا مُنہ کالا ہوتا ہے جب اس کا شوہر ہوگا تو اور راجا اور پرجا ذات سے نکالدینگے۔ اب تم سب سوچ کر جواب دو۔ راجہ کے اس وسوسہ کے دور کرنیکے لئے بدھ من وزیر نے یہ حکمت نکالی کہ ایک بکری کی پستم پر خشخاش کے دانے بوکر اُس کو سرسبز کیا اور اُسکو شہر میں چھوڑ دیا۔ سارے شہر میں اُس کی دھوم مچگئی۔ جو ہے اسی کا ذکر کرتا ہے اور تعجب کی نگاہ سے دیکھتا ہے مگر تین روز کے بعد پھر کسی نے اُسکو نہ پوچھا کہ وہ کیا ہے۔ وزیر نے یہ تماشا دکھا کر راجہ سے کہا کہ جو کام نیک و بد ہوتا ہے اُس کا چرچا تین چار روز تک رہتا ہے پھر کوئی اسکی خیر و شر کو یاد نہیں کرتا۔ بادشاہ پر یہ فرض ہے کہ وہ کام کرے جس سے سلطنت ہاتھ سے نہ جاے۔ غرض وزیر کی اس فہمائش سے ان پانسو آدمیوں نے بھی اس پر اتفاق کر لیا کہ راجہ اپنی بہن سے بیاہ کرے۔ راجہ نے بہن سے شادی کر لی۔ اور اس کا حال سب خاص و عام پر کھلگیا۔ اسکے بعد راجہ دا ہر نے اپنے بڑے بھائی دہرسیہ کو بصد تعظیم و تکریم خط میں یہ سارا حال اوّل سے آخر تک لکھا۔ دہرسیہ نے اس خط کے جواب میں لکھا کہ یہ کام تم نے خواہ بہ مجبوری کیا ہو یا باختیار کسی طرح ہمیں تمہارا عذر قابل پذیرائی نہیں ہے۔ یہ خط دہرسیہ کا دا ہر پاس پہنچا تو اُس نے ارادہ کیا کہ جائی پاس جائے اور معذرت کیجئے اسکی صلاح وزیر سے پوچھی۔ وزیر نے کہا کہ اگر وہاں جانیکا ارادہ رکھتے ہو تو پہلے جان سے ہاتھ دھولو

اس معاملہ میں دونوں بھائیوں میں بہت کچھ خط کتابت ہوئی جس کا انجام یہ ہوا کہ الور پر دھرسیہ نے چڑھائی کی بہت دنوں تک داہر کی گرفتاری کی فکر میں رہا۔ اُسکو اپنے پاس بُلاتا رہا۔ داہر کو بدھی من وزیر سمجھاتا رہا کہ تو بھائی پاس گیا نہیں کہ مارا گیا نہیں۔ غرض دونوں بھائیوں میں خوب دانو پیچ ہوئے مگر ایک دوسرے کو پچھاڑ نہ سکا۔ دھرسیہ کو ان رنجشوں سے ایک دن تپ چڑھی دوسرے دن بدن پر آبلے نکلے چوتھے روز جان عزیز رخصت ہوئی۔ داہر کو اس کی خبر ہوئی اُس نے بھائی کے لشکر میں جانے کا قصد کیا اس حال میں بھی بدھی من وزیر نے جانے سے منع کیا اور یہ لومڑی کی نقل سُنائی کہ ایک لومڑی چلنے پھرنے سے جب عاجز ہوئی تو مردہ نگر وہ لیٹ جاتی مُردار خوار جانور اُسکے کھانے کو اکٹھے ہوتے یہ اُنمیں سے کسی کو نوش جان کرتی۔ راجہ صاحب کہیں یہی واقعہ آپکو نہ پیش آئے۔ غرض جب سب طرح سے تحقیق ہوگیا کہ دھرسیہ حقیقت میں مرہی گیا تو داہر اُسکے لشکر میں گیا اور اُسکی لاش کو جلایا۔

داہر کا برہمن آباد میں آنا

داہر برہمن آباد میں آکر ایک سال مقیم رہا کہ اطراف ملک کے رئیسوں کو مطیع کرے۔ اُسنے دھرسیہ کے بیٹے پر بڑی مہربانی اور شفقت کی۔ پھر وہ سوستان گیا۔ وہاں سے راور جس کا ذکر پہلے ہوچکا ہے۔ یہانکی آب وہوا خوش تھی۔ جاڑے کے چار مہینے یہیں بسر کئے۔ آٹھ برس تک وہ ملک کے انتظام میں ساعی رہا تو اُسکی سلطنت ہند وسند میں بخوبی قائم ہوگئی۔ اسکے راج کی دھوم مچگئی۔ رل کے رئیس نکو اُسکی دولت اور ہاتھیوں کا حال معلوم ہوا

رل کے رئیس کا داہر سے لڑنے کا ارادہ

رل کے رئیس ایک لشکر جرار اور ہاتھیوں کو ساتھ لیکر بڑے ساز وسامان سے داہر سے لڑنے کے لئے بدھیہ کی راہ سے قلعہ راور پر آئے اور اُس کو فتح کرکے وہ الور پہونچے۔ داہر کو جب اسکی خبر پہونچی تو اُس نے بدھی من وزیر کو بُلاکر کہا کہ ایک دشمن قوی ہماری ولایت کے اندر آگیا ہے آپکی صلاح ومشورہ اس کے دفع کرنیکے لئے کیا ہی مطلع کیجئے۔ وزیر نے کہا کہ بقا بادشاہ را۔ اگر آپ حرب ومخاصمت میں تقویت وشوکت ایسی رکھتے ہیں کہ اُس سے لڑسکتے ہیں تو تلوار میان سے نکالئے اور لڑائی کیلئے کمر باندھئے اور دشمن کو دفع کیجئے۔ اگر یہ نہیں ہوسکتا تو مصالحت و موافقت کیلئے مال نذر دیجئے۔ بادشاہ اسی دن کیلئے دفینے رکھتے ہیں کہ کیا اسکو سپاہ میں خرچ کرکے دشمن سے لڑتے ہیں یا اُس کو دشمنوں کو دیکر دفع کرتے ہیں۔ آدمی کے دین دنیا کے کام دولت ہی سے سرسبز ہوتے ہیں۔ دنیا میں دشمنوں کو وہ مدفع کردیتی ہے۔ آخرت کیلئے وہ زاد راہ تیار کردیتی ہے۔ داہر نے کہا کہ مجھے اس عار اُٹھانے سے کہ دوسرے کے آگے سر جھکاؤں مرنا بہتر معلوم ہوتا ہے۔

محمد علافی نبی سامہ میں سے داہر کے پاس یا نوعرب لیکر آگیا تھا (اُس کا حال پیچھے بیان ہوگا) اسکو بدھی من

محمد علافی عرب

وزیر نے راجہ داہر کو تبلایا کہ اہل عرب کی برابر کوئی شیوۂ جنگ نہیں جانتا اس سے استدعا کر کہ وہ تیری طرف سے لڑے راجہ داہر ہاتھی پر بیٹھکر اُسکے گھر گیا اور کہا کہ اے وجیہ العرب میں تجکو عزیز رکھتا ہوں اور بہت رعایت تیرے ساتھ کرتا ہوں۔ مجھ پر یہ گڑا وقت آیا ہے کہ ایک دشمن قوی سر پر آگیا ہے اسمیں تیری رائے صواب کیا ہے اس سے اطلاع دے۔ جو کچھ تو کر سکتا ہے اُسے کہہ۔ محمد علافی نے کہا کہ راجہ کو خوش دل ہونا چاہئے اور کوئی اندیشہ نہ کرنا چاہیے کہ میری تدبیر دشمن کے ہٹا دینے کیلئے کافی ہوگی۔ محمد علافی نے پانسو عربی سپاہیوں اور باقی ہندی سپاہیوں سے رل کے لشکر پر شبخون مارا اور چاروں طرف سے گھیر لیا۔ دشمن کا لشکر پریشان ہوگیا۔ اسّی ہزار آدمی اور چار سو ہاتھی گرفتار کئے اور گھوڑے اور ہتھیاروں کا تو حساب ہی نہیں کہ کتنے ہاتھ آئے غرض بڑی فتح نمایاں حاصل کی۔ دوسرے روز قیدی آئے اُنکے قتل کا حکم ہوا۔ مگر وزیر علافی نے کہا کہ جب بادشاہوں کو خدا تعالیٰ فتح دے اور دشمن کے اکابر و اعیان اسیر ہوں تو اُنپر رحم کرنا چاہیے۔ بہتر ہے کہ ان قیدیوں کی جاں بخشی کی جائے۔ اس سفارش سے داہر نے قیدیوں کو رہا کر دیا۔ داہر نے وزیر مبارک تدبیر محمد علافی سے کہا کہ جو کچھ تم چاہتے ہو مانگو۔ وزیر نے کہا کہ میرے بیٹا کوئی نہیں ہے کہ میرا نام دنیا میں زندہ رہے اسلئے آپ یہ حکم دیدیجئے کہ دارالضرب میں جو سکے ڈھلیں اُنکے ایک طرف میرا نام ہو اور دوسری طرف آپکا۔ جس سے ہند و سندھ میں میرا نام ہمیشہ یادگار رہے۔ راجہ نے یہی حکم دیدیا اُسکی سلطنت کو پھر استحکام ہوگیا۔ وہی راجائی جبتک کرتا رہا کہ مسلمانوں کی مداخلت اسکے راج میں شروع ہوئی۔

تحفۃ الکرام میں یہ لکھا ہے کہ چچ نے دھرت راجہ چتوریا چیتور کو مار کر اپنی سلطنت ۱۰ھ میں جمائی چالیس برس سلطنت کی۔ اسکے بعد جو راجہ چندر راجہ ہوا اُسنے آٹھ برس راج کیا اُسکے بعد راجہ داہر ۳۰ برس سلطنت کر ۹۳ھ میں مارگیا۔ ان برہمنوں کے بنس کے راج کی مدت ۹۲ سال ہوتی ہے مگر جو اوپر اُس نے تفصیل لکھی ہے اُس سے ان تینوں سلطنتوں کی مدت ۱۸ سال ہوتی ہے۔

ملک سندھ پر اہل عرب کی حملہ آوری اور فتحیابی

ہمنے پہلے بیان کیا کہ بلاد کرمان و سجستان کی فتوح سے اہل عرب کی سلطنت کا دائرہ ملک سندھ کی سلطنت سے ملگیا تھا۔ قاعدہ ہے کہ زبردست سلطنت کے ہمسایہ میں جو کمزور سلطنت ہوتی ہے وہ ہمیشہ زبردست سلطنت کی محکوم ہو جاتی ہے اسلئے ضرور تھا کہ ملک سندھ پر اہل عرب کا تسلط ہو۔ آنحضرت صلعم اور حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں تو اہل عرب کو ملک سندھ کی طرف کچھ خیال نہیں ہوا۔ مگر بعد اس زمانہ کے خلفا کے عہد میں اُنھوں نے اس ملک پر حملے کئے اور فتحیں پائیں جو حملات و فتوحات کو بالترتیب اول سے اس زمانہ تک کہ سلسلہ خلافت عرب سے ملک سندھ جدا ہوگیا بیان کرتے ہیں

خلفاے راشدین

اس خلافت میں ۱۵ یا ۱۶ھ میں عثمان بن عاص ثقفی حاکم بحرین و عمان نے حضرت عمرؓ کے بغیر صلاح و مشورہ عمان کی راہ سے ساحل ہند پر ایک لشکر جنگ و غزا کے لئے بھیجدیا وہ بمبئی میں ٹانا تک آیا اس پر حضرت عمرؓ نے ناراض ہو کر یہ خط لکھا کہ اے برادر ثقفی تو نے لکڑی میں گھن لگا دیا۔ اس مہم میں میرے آدمی شکست پاکر جتنے مارے جاتے تو بخدا اُتنے آدمی تیرے قبیلہ سے قتل کرتا۔

اسی زمانہ میں حکم برادر عثمان جو بحرین کا حاکم مقرر ہوا تھا بھروچ پر فوج بھیجی۔ کشتیاں لشکر سمیت دریا کی راہ سے روانہ کیں اور اس لشکر کا سردار اپنے بھائی مغیرہ بن العاص کو مقرر کیا۔ تاکہ اس راہ سے دیبل پر پہونچے۔ اس زمانہ میں ملک سندھ پر چچ بن سلایچ کا راج ۴۵ سال سے چلا آتا تھا۔ یہاں کے رہنے والے تجارت پیشہ تھے۔ سمبھا بن دیوراج یہاں چچ کی طرف سے حاکم تھا جب اہل عرب کا لشکر دیبل پر پہونچا تو وہ اُنسے لڑنے آیا۔ لشکر و نکا مقابلہ ہوا ایک شخص نقیبونمیں سے یہ حکایت کرتا ہے کہ مغیرہ ابن العاص کے ہاتھ میں ننگی تلوار تھی اور زبان پر بسم اللہ فی سبیل اللہ کا کلمہ تھا کہ وہ شہید ہو گیا۔ اس سے لوگوں نے پوچھا کہ تو نے یہ آواز کہاں سے سُن لی اُس نے کہا کہ ہاتھ اٹھاتا تھا۔ گوش دل یہ آواز سُنتا تھا۔

تھوڑے دنوں کے بعد عراق کا حاکم ابو موسیٰ اشعری مقرر ہوا۔ ربیع بن زیاد حارثی کو اُسنے بلاد کرمان و مکران میں حاکم مقرر کیا۔ دار الخلافت سے ابو موسیٰ اشعری کے نام حکم آیا کہ ممالک و مسالک ہند کا حال حتی الوسع دریافت کر کے اطلاع دے۔ ابو موسیٰ اشعری ابھی مغیرہ کی مہم کا حال دیکھ چکا تھا۔ اُسنے خلیفہ کو جواب لکھا کہ ہند و سندھ کا راجہ بڑا طاقتور اور متکبر و خبیث الباطن و بد پرست ہے۔ اُس پر حضرت عمرؓ نے تاکیدی احکام جاری کر دیئے کہ ہند پر جہاد نہ کیا جائے۔ بحری مہمات حضرت عمرؓ کو پسند خاطر نہ تھیں انمیں بہت سی مصلحتیں تھیں۔ وہ خوب جانتے تھے کہ اہل عرب سب طرف ساحل بحر پر بحری کاموں میں مشاق نہیں ہیں۔ بحر قلزم کے ساحل پر اہل عرب بحری کاموں میں ایسے مشاق و چست و چالاک نہ تھے جیسے کہ بحر ہند کے ساحل پر۔ جب ملک مصر فتح ہوا ہے تو اُنھوں نے عمر بن عاص سے پوچھا کہ سمندر کا حال کیا ہے تو اُسنے جواب میں لکھا کہ سمندر ایک بڑا پوکھر ہے جسمیں بعض پانی اس طرح کاٹ کر چلتے ہیں جس طرح لکڑی کے شہتیروں کو کیڑے۔ یہ دیکھکر حضرت عمرؓ نے بحری مہمات کی ممانعت فرادی حضرت عثمانؓ کی خلافت میں یہ ممانعت دور ہوئی۔ امیر معاویہ نے ۲۷ھ میں جزیرہ قبرس پر جس کو اب سائی پرس کہتے ہیں حملہ کیا ہے۔ پھر مسلمانوں میں بحری مہمات کا آغاز ہوا۔ اور امیر معاویہ نے اپنی خلافت میں تو دشمنوں کے مقابلہ میں بحری لشکر روانہ کئے۔

۲۲ھ میں عبداللہ بن عامر بن ربیعہ کرمان کو فتح کرکے سیستان یا سجستان میں داخل ہوا اور اُسکی دارالسلطنت کواشیر کو جو مثل خیمہ بے چوب تھا فتح کیا اور مکران میں آگے قدم بڑھایا۔ اہل مکران نے فرمانروائے سندھ سے امداد طلب کی۔ اُسنے اپنا لشکر اُنکی امداد کے لئے بھیجا مگر دونوں لشکروں نے ملکر لشکر اسلام سے ایک رات میں ہزیمت پائی کوئی لکھتا ہے کہ اس لڑائی میں ہند و سندھ کا فرمان روا بھی مارا گیا۔ ان فتوحات کے جوش میں آکر عبداللہ بن عامر نے حضرت عمرؓ سے دریاے سندھ کے عبور کرنیکی درخواست کی مگر وہ اپنی اسی محتاط تدبیر کے پابند تھے اس لئے یہ درخواست نامنظور فرمائی۔ اس خلافت میں شہر بصرہ کی بنیاد بھی اس نظر سے ڈالی گئی کہ فارس اور ہند کے راستہ پر قبضہ ہوجاے اور خلیج فارس کی آمد و رفت پر اختیار ہوجاے اور شاہی خاندان فارس کے بھاگ جانے کا یہ رستہ بھی بند ہوجاے بصرہ کے بندرگاہ میں ابتک یورپ کے جہازوں کی آمد و رفت ہے۔ ہند کی تجارت کیلئے یہ عمدہ راستہ و قیام گاہ ہے۔

اس خلافت میں ہرمز لعزیز ابو موسیٰ اشعری کی جگہ عبداللہ بن عامر بصرہ میں حاکم مقرر ہوا اُس نے یہ خیال کرکے کہ مشرق میں سلطنت بڑہانے کا موقع یہ خوب ہے۔ خلیفہ سے اجازت حاصل کرکے حکیم بن جبلہ العبدی کو اس غرض سے روانہ کیا کہ وہ سجستان و مکران کا اور نیز ملک سندھ کا حال تحقیق کرکے اطلاع دے۔ حکیم بڑا سخنگو اور شاعر کامل تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ امیرالمومنین عثمانؓ نے عبداللہ بن عامر کو لکھا تھا کہ حکیم ابن جبلہ کو ہندوستان روانہ کرے کہ وہ ممالک ہند و سندھ کا حال تحقیق کرے۔ عبداللہ نے اُسے بھیجدیا وہاں سے سارے حالات تحقیق کرکے عبداللہ کے پاس آیا اور اُنکو بشرح و بسط اُسکے روبرو بیان کیا۔ عبداللہ نے اُسکو امیرالمومنین عثمانؓ پاس بھیجدیا۔ وہ جب اُنکی خدمت میں حاضر ہوا تو اُنہوں نے اس سے پوچھا کہ اے حکیم تو نے ہندوستان کو دیکھا وہاں کے حالات کیا ہیں۔ اُسنے کہا کہ ہاں میں نے دیکھا کہ آب کم یاب میوے ترش و بے مزہ۔ زمین سنگ لاخ۔ باشندے وہانکے بہادر اگر تھوڑی فوج وہاں جاے تو اُسے وہاں کے آدمی کھا جائیں اور اگر زیادہ جاے تو بھوکی پیاسی مرجاے۔ اُس پر حضرت عثمانؓ نے پوچھا کہ عہد و پیمان کے ایفا میں اہل ہند کا کیا حال ہے تو اُس نے جواب دیا کہ بڑے خائن اور غدار ہیں۔ پس یہ حالات سُنکر خلیفہ نے عبداللہ کو لکھ بھیجا کہ سندھ پر لشکر کشی سے احتراز کرے۔ حکیم ملک کے ایسے بُرے حصہ میں آیا کہ جنکے حالات دریافت ہونیسے اہل عرب کا خیال اس طرف فتوحات کا سرد ہوگیا۔

حضرت علی مرتضیٰؓ کی خلافت میں عامر بن حارث یہ روایت کرتا ہے کہ اُنہوں نے تاغر بن دعور کو سرحد ہند کے لشکر پر افسر مقرر کیا۔ اور ایک لشکر اُسکے ساتھ کیا جسمیں ایک جماعت اکابر و اعیان کی تھی ۳۸ھ میں وہ راہ بھر کوہ پایہ سے روانہ ہوا۔ جہاں گیا وہاں مظفر و منصور رہا۔ غنیمت و لونڈی غلام اسکے ہاتھ لگے۔ اسیطرح کیکانان

یعنی کنکان میں پہونچا۔ جہاں کے بیس ہزار آدمی اُس کے روکنے اور لڑنے کیلئے کھڑے ہوئے۔ اس لشکر میں حارث بن مرہ بڑا مرد شجاع تھا۔ ایک ہزار سوار مبارز اُسکے لشکر میں تھے سخت لڑائی شروع ہوئی۔ اہل عرب کا رستہ اہل کیکان بند کرنا چاہتے تھے مگر اہل عرب نے اللہ اکبر کا نعرہ مارا کہ سارے چپ و راست کے پہاڑ گونج اُٹھے اور دشمنوں کے لڑائی سے پیر اُکھڑ گئے۔ بعض نے آنکر اسلام قبول کیا۔ باقی حیران و پریشان فرار ہو گئے۔ یہ ایک فسانہ سا معلوم ہوتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ آجتک ان پہاڑوں سے اللہ اکبر کی آواز آتی ہے۔ یہ فتح حاصل ہو ہی رہی تھی کہ امیر المومنین حضرت علیؓ کی شہادت کی خبر آئی۔ جب وہاں سے لشکر پھر کر مکران میں آیا تو سنا کہ امیر معاویہ خلیفہ ہو گیا۔ اس لڑائی میں حارث بن مرہ نے بڑا نام پایا۔

خلفائے خاندان امویہ یعنی بنی اُمیہ کی خلافت ۴۱-۱۳۲ھ / ۶۶۱-۷۵۰ء

اس خاندان میں اوّل خلیفہ امیر معاویہ ہوا۔ اُس نے عبداللہ بن سوار کو چار ہزار سوار دیکر ہند کی سرحد پر جو کیکان کی طرف ہے حاکم مقرر کیا۔ عبداللہ کی سخاوت کا حال یہ تھا کہ سوائے اُس کے گھر کے کسی اور شخص کے گھر میں آگ نہیں جلتی تھی۔ مشرقی سرحد پر اُس نے بہت غنیمت حاصل کی۔ جب وہ امیر معاویہ پاس گیا تو اُسنے کیکان کے گھوڑے نذر کئے۔ وہ تھوڑے دنوں امیر معاویہ کی خدمت میں رہا۔ پھر کیکان میں آیا جہاں ترک اپنا سارا لشکر جمع کر کے اُس سے لڑے اور اُسکو مار ڈالا

اسی حال کو بچ نامہ میں یوں لکھا ہے کہ امیر معاویہ نے عبداللہ بن سوار کو چار ہزار سوار دیکر ولایت سندھ حوالہ کی اور یہ کہا کہ وہاں ایک کوہ کیکان ہے جہاں کے گھوڑے بلند قامت و موزوں صورت ہوتے ہیں وہ پہلے غنایم میں میرے پاس آچکے ہیں۔ مگر وہاں کے آدمی غدار ہیں۔ پہاڑ و نہیں پناہ گیر ہو کر اپنے تمرد اور سرکشی کی سزا سے بچ جاتے ہیں عمر بن عبداللہ بن عامر کو ارماہیل کے فتح کرنیکے لئے بھیجا۔ اوپر کے واقعہ کی روایت ایک اور طرح سے بھی کیگئی ہے کہ جب عبداللہ بن سوار چار ہزار سوار کے ساتھ بھیجا گیا تو کوئی شخص اُسکے لشکر میں آگ نہیں جلاتا تھا۔ کل زاد راہ ہمراہ تھا۔ ایک رات کو شعاع آتش نمایاں ہوئی جب اُسکی تحقیقات ہوئی تو معلوم ہوا کہ کسی زن حاملہ کو آگ کی ضرورت پڑی تھی اُس نے آگ روشن کی تھی۔ عبداللہ نے اس عورت کو آگ روشن کرنیکی اجازت دیدی تو وہ ایسی خوش ہوئی کہ تین روز تک سارے لشکر کو کھانا کھلایا۔ پس جب وہ بلاد کیکان میں پہنچا تو دشمنوں کا غلبہ ہوا پہاڑ کے تمام دروں کو دشمنوں نے بند کر دیا۔ عبداللہ اپنے سلاحدار و خواص کے ساتھ لڑنے کھڑا ہوا اور پکار کے کہا کہ اے فرزندان مہاجر و انصار دشمنوں سے لڑنے میں روگردانی مت کرو اور اپنے ایمان میں خلل نہ ڈالو مگر کیکانیوں نے لشکر اسلام کو شکست دیدی اور عبداللہ بن سوار شہید ہوا۔ اُسکی جگہ سنان بن سلمہ مقرر ہوا۔ اسکے بعد امیر معاویہ نے زیاد والی عراق

کو لکھا کہ کسی ایسے شخص کو انتخاب کرو کہ وہ ملک ہند کیلئے لائق و شایستہ ہو۔ زیاد نے قیس کو انتخاب کیا جو موجودین میں سب میں لائق تھا۔ وہ مکران میں گیا اور دو سال ایک مہینہ کے بعد وہ معزول ہوا۔

ایک مورخ اس طرح اس اوپر کے حال کو لکھتا ہے کہ زیاد بن ابوسفیان نے سنان بن سلمہ کو ہندی حکومت حوالہ کی وہ بڑا لائق اور خدا ترس تھا۔ یہی اوّل شخص تھا کہ جس نے سپاہیوں کی حلف میں بیوی کے طلاق دینے کی سزا داخل کی اُس نے اپنے منصب کے کام کو بہت اچھی طرح سے کیا۔ مکران کو زیر کیا اور وہاں شہر آباد کئے۔ وہیں سکونت اختیار کی اور تمام اخلاص سے مالگذاری کا روپیہ وصول کیا۔ ابن الکلبی اس فتح کو حکیم سے جس کا اوپر ذکر ہوا منسوب کرتا ہے۔ ہند کی روایت کرتا ہے کہ جب زیاد نے بن سلمہ کو معزول کیا تو اُسکی جگہ راشد بن عمر المذند کو مقرر کیا۔ راشد شریف اور بزرگ ہمت تھا۔ امیر معاویہ نے اُسے بلایا اور اپنے پاس تخت پر بٹھایا اور بزرگان سلطنت سے اُسنے کہا کہ راشد مرد شریف ہے۔ اسکی اطاعت سب اپنے اوپر واجب جانیں۔ لڑائی میں اُسکی مدد کریں۔ تنہا اُسکو نہ چھوڑیں جب وہ مکران میں گیا تو اپنے اعیان اور بزرگوں کیساتھ سنان سے ملاقات کرنے گیا۔ اُسکو کامل قوی راے اور لشکر کشی کیلئے ایک مرد بزرگ دیکھا دونوں ساتھ ملے۔ امیر معاویہ نے سنان کو لکھ بھیجا تھا کہ تم راشد سے ملکر سندھ و ہند کے کل راز کے معاملات پر اسے مطلع کردو۔ راشد نے سنان سے سب مخفی معاملات ہند و سندھ خوب دریافت کرکے سرحد کی طرف لشکر کشی کا ارادہ کیا۔ کوہ پایہ سے مالگذاری کا روپیہ وصول کیا۔ یہاں سے کیکان گیا۔ وہاں سال حال کی اور سالگذشتہ کی باقی مالگذاری کا روپیہ وصول کیا۔ بہت کچھ غنیمت حاصل کی۔ اور سرکشوں کو لونڈی غلام بنایا۔ ایک سال وہاں ٹھیر کر سوستان کی راہ سے مراجعت کا ارادہ کیا۔ اور کوہستان مندرا اور بہرج میں پہونچا۔ ان پہاڑیوں کی جماعت پچاس ہزار کی جمع ہوگئی اور راہیں ساری اُنہوں نے بند کردیں۔ صبح سے شام تک لڑائی رہی جسمیں راشد شہید ہوا تو سنان بن سلمہ اُسکی جگہ نہایت اعزاز کیساتھ پھر مقرر ہوا وہ کیکانان کی طرف روانہ ہوا سب جگہ اُسکو کامیابی اور فتحیابی حاصل ہوئی وہ اس طرح فتحیاب ہوتا ہوا بدھیہ پر پہونچا۔ یہاں کے آدمیوں نے غدر مچاکے اُسکو شہید کیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اُسنے قصدار کو فتح کیا اور یہیں وفات پائی۔

سنہ ۶۰ھ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ سرحد ہند کی حکومت کا خلعت منذر بن جارود کو پہنایا گیا جس وقت وہ روانہ ہوا تو اُس کا کپڑا کسی لکڑی میں پھنسکر پھٹ گیا تو عبداللہ بن زیاد اسکو فال بد سمجھا اُسکو رخصت کیا اور رویا کہ منذر اس سفر سے زندہ سلامت نہیں آئیگا وہ ہلاک ہوگا (یہ خیال ایسا ہی تھا جیسا کہ سموائل کی کتاب میں ۱۵ باب ۲۷ و ۲۸ آیتہ میں لکھا ہے کہ جب سموائل پھرا کہ روانہ ہوتو اُسنے اُسکی چادر کا کونہ پکڑا اور وہ چاک ہوگیا تب سموائل نے اُس سے

کہا کہ خداوند نے تیری بادشاہت جو تو بنی اسرائیل پر کرتا تھا تجھ سے آج ہی چاک کر لی) پس جب منذر سرحد تورانی پر پہونچا تو بیمار ہو کر مر گیا۔ اس وقت اس کا بیٹا حکم کرمان میں تھا۔ وہ عبداللہ کے پاس آیا تو اُس نے اُسکو باپ کی جگہ چھ مہینے کے لئے مقرر کیا اور بیس ہزار درہم عنایت کئے۔

خلیفہ عبدالملک کے عہد میں مورخ کہتے ہیں کہ ۶۵ھ میں سندھ کی راہ سے راجپوتانہ پر مسلمانوں نے حملہ کیا اور اُن کے ساتھ لڑائی میں اجمیر کا راجہ مانک رائے اور اُس کا بیٹا دونوں مارے گئے۔

جب عبدالملک نے باپ کی مسند خلافت پر بیٹھا تو مملکت میں بہت طرف شور و فساد برپا تھا مگر اُسنے ان تمام فسادوں کو مٹا کر اور اپنے ملک پر پورا تسلط کر کے سلطنت کے وسیع کرنے پر کمر ہمت چست کی۔ اُسنے اپنے معتمد سپہ سالار حجاج بن یوسف کو عراق کا حاکم مقرر کیا۔ اسنے سعید بن اسلم کلابی کو مکران کی حکومت پر مقرر کیا۔ جب وہ یہاں آیا تو اُسنے سنھوی بن لام الحمانی کو مار ڈالا اور کھال اُتروا کے سر کو حجاج پاس بھیجدیا اور اُسنے تحصیل مال کرنیکے لئے معتمدوں کو مقرر کیا بہت کچھ مال وصول کیا (مال اس خراج سے مراد ہے جو زمین کی پیداوار پر لیا جاتا تھا) سعید کو اپنی بدنصیبی سے حرث کے بیٹوں معاویہ و محمد سے جن کے ناموں کے اول علافی لگایا جاتا تھا مقابلہ کرنا پڑا۔ یہ علافی علاف کی اولاد میں سے تھے۔ سنھوی جنکی جان سعید نے لی تھی وہ ان علافیوں کا رشتہ دار تھا اس لئے علافیوں نے سعید پر حملہ کیا اور اُسکو پکڑ کر بدن کی کھال اُتروائی۔ اور مکران پر قبضہ کر لیا۔ حجاج نے یہ سُنکر سلیمان علافی کو جو علافیوں کے قبیلے کا ایک سردار تھا حکم دیکر قتل کرا دیا اور اسکے سر کو سعید کے اہل و عیال پاس بھجوا دیا جسے دیکھکر وہ شاد شاد ہوئے۔ اسلئے حجاج نے عبدالرحمن بن عشا کو علافیوں سے لڑنے کے لئے بھیجا۔ علافیوں نے اسے مار ڈالا۔ حجاج نے جب مجاعہ بن سعید کو خراسان میں حاکم مقرر کیا تو اس سے علافیوں نے لڑنا مناسب نہ جانا۔ وہ ۸۵ھ میں بھاگ کر ملک سندھ میں راجہ داہر پاس چلے آئے جسنے انپر یہ مہربانی کی کہ انکو نوکر رکھ لیا۔ یہ علافی سندھ میں جبتک رہے کہ یہاں محمد قاسم آیا۔ مکران میں مجاعہ ایک سال حاکم رہا اور پھر بیمار ہو کر اس دنیا سے سفر کر گیا۔ اسی سال میں عبدالملک کا بھی انتقال ہوا۔

اس خلیفہ کی خلافت بڑی شان و شوکت و جلالت و سطوت کی ہوئی سلطنت اسلامیہ نے وسعت عظیم پائی مجاعہ کے بعد حجاج نے محمد بن ہارون کو سرحد ہند پر حاکم مقرر کیا تھا اور اُسکو اختیار مطلق دیدیا تھا کہ یہاں جو چاہے سو کرے اُسکو حکم تھا کہ وہ علافیوں کو جس طرح چاہے گرفتار کر کے سعید کے خون کا اُنسے انتقام لے۔ اُسنے خلیفہ کے حکم سے ایک علافی کو قتل کر کے اسکا سر حجاج پاس بھیجدیا اور اُسکے ساتھ خط میں یہ لکھا کہ اگر میری

عمر نے وفا کی اور نصیبہ نے یاری دی تو علافیوں میں سے ایک کو بھی جیتا نہ چھوڑوں گا۔ کوئی کہتا ہے کہ پانچ سال تک کوئی کہتا ہے کہ پانچ مہینہ تک وہ دریاؤں اور صحراؤں کو فتح کرتا پھرا۔

حجاج یہ چاہتا تھا کہ فقط عراق ہی نہیں بلکہ جتنا ملک اہل ایران کے اختیار میں تھا وہ سارے کا سارا میرے قبضۂ اقتدار میں ہو اسلئے اُس نے ایک لشکر کتیبہ کو حوالہ کیا جسنے خوارزم کو فتح کرکے بخارا۔ خجند۔ شاش۔ ثمرقند فرغانہ کو فتح کیا اور کاشغر تک پہونچا جہاں شاہ چین کے سفیروں کی معرفت اُسکے عہد و پیمان ہوئے۔ ایک اور لشکر شاہ کابل کے راجہ سے لڑنے کے لئے بھیجا اور تیسرا لشکر اُسنے دریائے سندھ کے نیچے مکران کو روانہ کیا۔

اس آخر فوجکشی کا سبب یہ تھا کہ راجہ سراندیپ (سی لون۔ لنکا) نے یہ چاہا کہ میں بھی حجاج حاکم عراق کا مورد عنایت و مکرمت ہوں۔ اُسنے آٹھ جہاز دیبل بہت سے تحائف بھرے جن میں لونڈی غلام بھی تھے۔ اُسکی عملداری میں جتنے مسلمان رہتے تھے اور اُنکے بچے یتیم ہوگئے تھے وہ بھی ان جہازوں میں سوار تھے اور حج کے ارادے سے بھی کچھ مسلمان آن بیٹھے تھے۔ یہ جہاز بلا دقادروں میں پہونچے تو باد مخالف نے انکو راہ راست سے برگشتہ کرکے ساحل دیبل پر پہونچایا یہاں بحری قزاق رہتے تھے۔ اُنہوں نے آٹھوں جہازوں کو پکڑ لیا۔ تمام مال اسباب لوٹ کر اور عورتوں مردوں بچوں کو گرفتار کرکے لیگئے۔ ہرچند شاہ سراندیپ کے معتمدوں نے اور عورتوں نے اس سے کہا کہ یہ مال خلیفہ وقت کی نذر کیلئے لئے جاتے ہیں مگر اس داد فریاد پر لٹیروں نے کچھ التفات نہیں کیا اور کہا کہ اگر کوئی تمہارا فریادرس ہو تو بلاؤ۔ اُسپر ایک عورت نے کہا کہ یا حجاج یا حجاج اغثنی۔ بھاگ کر جو لوگ بچے تھے وہ اور آردبیل کے لوگ حجاج پاس آئے اور اُنہوں نے یہ سارا حال بیان کیا کہ مسلمانوں کی عورتیں فریاد کر رہی ہیں کہ یا حجاج اغثنی (اے حجاج مجکو بچاؤ) یہ سُنکر حجاج نے داہر کے پاس سفیر روانہ کیا۔ اور محمد بن ہارون کو بھی لکھا کہ وہ اس سفیر کے ساتھ اپنے معتمد ہمراہ کرکے داہر پاس بھیجے تاکہ وہ گرفتار مسلمان عورتوں کو خلاص کرے اور تحائف دارالخلافت کو واپس کرے۔ داہر کے پاس حجاج کا خط یہ سفیر لایا تو اُسنے خط کو سُنکر یہ معذرت نامہ لکھا یا کہ سمندری چوروں نے جہاز کا مال اسباب لوٹا ہے اور عورتوں کو گرفتار کیا ہے۔ اُنپر میرا بس کچھ نہیں چلتا اور کوئی اُنسے زیادہ قوی ہندوستان میں نہیں ہے۔ وہ میری حکومت کو کچھ نہیں گنتے۔ اب حجاج کو یہ حال معلوم ہوا تو اُسنے خلیفہ عبدالملک کو لکھا کہ ہند و سندھ پر غزا کی اجازت دیجئے مگر خلیفہ نے اجازت نہیں دی۔ پھر دوبارہ اجازت مانگی تو خلیفہ نے دیدی۔ پس حجاج نے عبداللہ بن نابہان اسلمی کو دیبل پر روانہ کیا یہاں اسکو شکست ہوئی اور اُسکی جان بھی گئی۔

پھر حجاج نے بدیل کو جسکی قوم مجالی تھی لکھا کہ وہ مکران کو جائے۔ محمد ہارون کو حکم ہوا کہ سندھ پر چڑھنے کے

لیے تین ہزار سپاہ تیار رکھے۔ عبداللہ بن قحطان کو حکم کیا کہ وہ عمان کیطرف سے وہاں پہونچے۔ یہ چلکر نیرون میں بدیل سے ملا۔ بدیل تین سو آدمی لیکر مکران سے چلا۔ راہ میں محمد ہارون کا لشکر ملا۔ غرض یوں دیبل پر بدیل پہونچا۔ وہاں داہر کا بیٹا جے سیہ چار ہزار اسپ و شتر سوار لیے جلدان پہونچا صبح سے شام تک لڑائی ہوتی رہی۔ بدیل کا گھوڑا ہاتھیوں سے ڈر کر گر تا تھا اُس پر اندھیری لگائی گئی۔ میدان جنگ میں بدیل نے داد مردانگی دی مگر گھوڑے کی شرارت سے وہ نیچے گرا دشمنوں نے اُسے گھیر کر شہید کیا۔ اور مسلمانوں کو خوب مارا (مقام جنگ میں مورخین کا اختلاف ہے کوئی اسکو دیبل بتاتا ہے کوئی اور مقام) جے سینے دیبل میں ہاتھیوں اور لشکر کو متعین کیا۔

حجاج کو جب بدیل کی شہادت کی خبر پہونچی تو نہایت غمگین ہوا۔ موذن کو حکم دیا کہ جب اذان دے تو مجھے بدیل کا نام یاد دلا دے کہ میں انتقام لوں۔ اس شکست یافتہ میں سے ایک شخص حجاج پاس آیا اُسنے جنگ کا حال بیان کیا اور یہیں ذکر کیا کہ بدیل بڑی شجاعت دکھا کر کشتہ ہوا۔ میں وہاں حاضر تھا جب وہ اپنی یہ کہانی کہہ چکا تو حجاج نے کہا کہ اگر تو مرد شجاع ہوتا تو بدیل کے ساتھ جان دیتا۔ اس قصور میں کہ تو زندہ رہا وہ کشتہ ہوا میں تجھے سزا دیتا ہوں۔

جب مسلمانوں کو شکست ہوئی تو اہل نیرون کو یہ خوف پیدا ہوا کہ مسلمان بیشک انتقام اس مہم کا لینگے اور ہم اُن کی گذرگاہ میں بیٹھے ہیں۔ اوّل وہ ہمکو پامال کرینگے۔ اس وقت یہانکا والی ملک سمنی تھا یعنی بدھ مذہب کا رکھنے والا اُسنے داہر سے مخفی اپنے معتمدونکے ہاتھ حجاج پاس پیغام بھیجا اور امان نامہ کی درخواست کی اور مالگذاری اپنے اوپر مقرر کرکے عہد کیا کہ وہ ہمیشہ ادا کی جائیگی۔ حجاج نے فوراً امان نامہ لکھدیا اور اپنے عہد واثق سے اُنکا دل قوی کردیا اور اُنسے کہا کہ ہمارے قیدیوں کو خلاص کرادو وگرنہ چین تک کسی کافر کو حسام اسلام زندہ نہیں چھوڑیگی۔

عامر بن عبداللہ نے کہا کہ ولایت ہند کی تو نیت مجھے سپرد ہو حجاج نے کہا کہ تجکو یہ طمع ہے مگر منجموں نے یہ حکم لگایا ہے کہ ولایت ہند عمادالدین محمد قاسم کے ہاتھ سے فتح ہوگی۔

محمد قاسم کو کوئی محمد بن القاسم ثقفی اور ابوالفدا محمد بن القاسم لکھتا ہے۔ اسوقت محمد قاسم ایک نوجوان ستر ہ برس کا تھا۔ وہ حجاج کا چچازاد بھائی اور داماد تھا۔ اور ملک فارس میں نہایت عقل و فراست و شجاعت سے کام کر رہا تھا۔ ہند کی مہم عظیم جو اُس کے حوالہ ہوئی معلوم نہیں کہ اسمیں حجاج کی اس قرابت کو کتنا دخل تھا اور اُسکی فرزانگی و دلاوری کا کتنا اثر تھا۔ مگر اس تقریر میں خواہ اس کا کچھ ہی سبب ہو۔ حجاج کی پرلے درجہ کی دانائی اور روشن ضمیری معلوم ہوتی ہے کہ اس نے فتح ہند کے واسطے ایسا شخص دلاور مقرر کیا کہ سب طرح سے لائق تھا۔

دلیہ خلیفہ وقت سے حجاج نے درخواست کی کہ فتح ہند کی اجازت دیجیے۔ خلیفہ نے یہ حکم دیا کہ وہاں کی قوم

مخالف ہی اور ولایت دور دست ہی اُسکے واسطے لشکر کی تیاری اور اسباب جنگ کی دستی میں زر کثیر صرف ہوگا اور اسمیں محنت و تکلیف بہت اُٹھانی پڑیگی اسلئے اسمیں توقف کرنا چاہیئے وہاں ہر دفعہ لشکر جاتا ہی اور مسلمان ہلاک ہوتے ہیں۔ جب یہ خلیفہ کا حکم حجاج پاس آیا تو اُسنے دوبارہ لکھا کہ اے امیرالمومنین مدت سے مسلمان کافرونکے ہاتھ میں قید ہیں اور لشکر اسلام کو اُنھوں نے ہزیمت دی ہی اُنسے انتقام لینا ضرور چاہیئے۔ فرمان میں جو یہ اشارہ فرمایا ہی کہ ولایت دور دست ہی اور لشکر اور اسباب حرب کی تیاری میں زر کثیر صرف ہوتا ہی ہمارے پاس سب طرح کا سامان جنگ موجود ہے روپیہ کی خرچ کی بابت جو لکھا ہی اُسکی نسبت گذارش یہ ہی کہ جتنا روپیہ اس مہم میں خرچ ہو اُس سے دو چند حضور کے خزانہ معمور میں داخل کرنیکو موجود ہوں جب یہ عرضداشت خلیفہ کے پاس پہونچی تو اُس نے سفر ہند کی اجازت لشکر کو دیدی۔ پھر حجاج نے یہ عرضی بھیجی کہ حضور نے میری درخواست کی منظوری سے مجھے مشرف فرمایا۔ اب چھ ہزار مردوں کو روسار شام میں سے حکم فرمائے کہ وہ سب طرح سے اپنا سامان درست کرکے میرے پاس آئیں تاکہ ہر ایک سے میں واقف ہوجاؤں۔ پس چھ ہزار سپاہ شام سے حجاج پاس آگئی اُس نے اس سپاہ کو نصیحت کی کہ تم محمد قاسم کے ساتھ وفادار رہو اور جنگ و پیکار میں غیرت و شجاعت کے ساتھ قائم رہو۔

جمعہ کے روز یہ خطبہ حجاج نے پڑھا کہ زمانہ دور کرتا ہی اور حرب ہی ہمارا فخر ہے تیغ درود ہر روز ہماری روزی رساں ہی۔ ہم خداوند عزوجل کی ستایش زبان سے اور لشکر دل سے کرتے ہیں کہ وہ ہمکو عظمت تمام ہمیشہ ارزانی کرتا ہی اور کسی دروازہ کو ہمپر بند نہیں کرتا۔ وہ بدیل کی مفارقت کی آواز کو گوش دلمیں پہنچاتا ہی اور اُسکے لشکر کی مصائب کو یاد دلاتا ہی میں واللہ سچ کہتا ہوں کہ تمام عراق کا مال اور جو کچھ میرے پاس ہی اسکو اس کام میں جبتک خرچ کئے جاؤنگا کہ میں انتقام نہ لونگا اور اپنی آتش غضب کو نہ بجھا لونگا۔

حجاج نے محمد قاسم کو سوار کرایا اور بہت سے صدقات دیئے۔ لشکر کو بہت سا مال دیکر مستظہر کیا۔ سفر ہند و سندھ پر اُسکو نامزد فرمایا۔ محمد قاسم سے کہا کہ راہ شیراز سے باہر جاؤ اور بتدریج منزل پیما ہونا تاکہ سارا لشکر شیراز میں جمع ہوجائے پس محمد قاسم نے نیک ساعت میں شیراز میں اقامت کی جبتک کہ سارا لشکر عراق اور شام کا آس پاس جمع۔ قلعہ کنائی کا سارا سامان منجنیق وغیرہ کو حجاج نے کشتیوں میں لاد دیا۔ ابن خریم مغیرہ کو سرے کی کشتی پر شحنہ مقرر کیا اور محمد قاسم کو لکھ بھیجا کہ وہ تجھ سے دیبل میں ملیگا۔ وہاں اسکے پہونچنے تک توقف کرنا۔ اس لشکر کے لئے آسائش و آرام کا اسباب یہانتک تیار کیا گیا تھا کہ سوئی تاگا تک اُسکے ساتھ تھا۔ چار سوار دنکو ایک اونٹ ملا تھا کہ اُسپر اپنا اسباب لادیں۔ اُسنے سارے لشکر کو نصیحت لکھی کہ خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو صبر کرتے رہو۔ دشمن کی ولایت پر پہونچو تو صحرا

حجاج کا محمد قاسم کو سفر ہند کا حکم بھیجنا

ہاموں میں کشادہ جگہ میں اُترو جنگ کے وقت جب ہاتھیونکی فوج سامنے آئے تو الگ الگ ٹکڑیاں بنالو۔ اور جب وہ حملہ کریں تو ایک جگہ قائم ہوکر اُنپر تیر برساؤ۔ برگستوانوں کو شیر اور ہاتھی کی شکل بنواؤ۔ غرض اور خطوط حجاج کے شیراز میں پہونچے اور وہاں اتنا لشکر اُس پاس جمع ہوگیا کہ چھ ہزار سوار۔ چھ ہزار جمازہ تین ہزار شتر بختی بارکش تھے۔

محمد قاسم کا مکران میں داخل ہونا

محمد قاسم جب مکران میں پہونچا تو محمد ہارون سے ملاقات ہوئی وہ پیادہ پا محمد قاسم کے ساتھ چلا تو اُسنے اُسکو سوار کرایا جب منزل میں اپنے گھر ونمیں اُترے تو اُسکے پاس بہت سے تحفہ تحائف و نزل بھیجے۔ محمد قاسم نے اس تواضع و لطف و کرم کے سبب سے بڑا نام پایا۔ اسی اہلیت و عقل و صلح کل ہنر و کفایت کے سبب سے وہ ملک سندھ کا مالک ہوا۔ مکران سے محمد قاسم ارمابیل کی طرف روانہ ہوا۔ محمد ہارون اگرچہ علیل تھا مگر اُسکے ساتھ ہمراہ ہوا۔ ارمن بیلہ کی منزل پر پہنچکر اس دنیا سے سفر کر گیا اور یہیں مدفون ہوا۔ ارمن بیلہ کو محمد قاسم نے فتح کر لیا۔

ارمن بیلہ سے محمد قاسم کا دیبل کی طرف روانہ ہونا

ارمن بیلہ (ارمابیل) سے محمد قاسم مع لشکر دیبل کیطرف روانہ ہوا۔ اُسوقت جی سیہ داہر کا بیٹا نیرون میں تھا اُسنے باپ کو لکھا کہ محمد قاسم عرب کا لشکر لیکر سواد دیبل میں آگیا ہے اُسکی جنگ کے واسطے اجازت ہو تو جاؤں داہر نے علافیوں کو بلاکر صلاح پوچھی۔ علافیوں نے داہر سے عرض کی کہ محمد قاسم عمزاد حجاج کا ہے لشکر جرار اُسکے ساتھ ہے۔ اسمیں شجاعان نامدار و امیرزادگان دلیر اور گھوڑے اور اسلحہ حرب عمدہ اُن پاس موجود ہیں۔ ہرگز ہرگز اُنسے مقابلہ نہ کیجئے اسیوقت ایک شامی آیا وہ کہتا تھا کہ ہر سوار عرب داہر سے انتقام لینے آیا ہے۔ داہر نے لشکر کو لڑائی سے منع کیا۔

حجاج کا محمد قاسم کو ہدایت نامہ لکھنا

محمد قاسم نے ارمن بیلہ کو جب فتح کیا تھا تو یہاں حجاج کا حکم یہ آیا کہ سندھ و سواد دیبل میں منازل و مراحل میں تم ہمیشہ دشمنوں سے ڈرتے رہا کرو۔ جہاں اُترو وہاں ایک خندق اپنے لشکر کے گرد کھودلیا کرو کہ وہ تمہاری محافظ ہو۔ اکثر جاگتے رہا کرو۔ ہمیشہ تلاوت قرآن میں مصروف رہا کرو۔ دعائیں پڑھتے رہا کرو۔ خدا تعالیٰ کا ذکر ہر وقت زبان پر ہو توفیق الٰہی سے نصرت کے خواہاں رہو۔ خدا عزوجل تجکو نصرت دیگا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کو اپنا مددگار بناؤ۔ جب سواد دیبل میں پہونچو تو بارہ گز عرض کی چھ گز عمق کی خندق کھودو۔ جب دشمنوں سے مقابلہ کرو تو خاموش رہو۔ اگر دشمن نعرہ ماریں اور فحش بکیں اور لڑنے نہیں تو اُنسے نہ لڑو جبتک میرا حکم نہ پہونچے میں اپنے مکتوبات میں جو اپنی رائے اور تدبیر بتلاؤں اُسی کو تم اپنے لئے صواب جانو وہی تمہارے لئے کافی ہے۔

محمد قاسم نے دیبل کے پاس اپنے لشکر کے مقدمہ۔ ساقہ۔ میمنہ و میسرہ و قلب میں لشکر تقسیم کر کے اُنکے افسر نہایت شجاع و دلیر مقرر کئے۔ جمعہ کے روز محرم ۹۳ھ کو ہتیاروں کی کشتیاں خریم ابن مغیرہ لیکر آگیا۔ اور حجاج کا نامہ بھی لایا جسمیں محمد قاسم کو لکھا تھا کہ میں تیرے پاس ایسے بزرگوں کو بھیجتا ہوں کہ انمیں سے ایک عبداللہ الرحمن بن سلم الکلبی

کہ بہت دفعہ شجاعت و مردانگی میدان کارزار میں ایسی دکھائی کہ دشمنوں کا منہ نہیں پڑتا تھا کہ اُسکے سامنے آئیں
وہ بڑا تجربہ کار و آزمودہ کار ہی دوسرا سفیان الابردک ہی کہ فرزانگی و مردانگی و راستگوئی میں کامل ہی جو کام اُسکو
سپرد کیا جاتا ہی اُسمیں وہ شرط فرمانبرداری و وفاداری بجالاتا ہی۔ تیسرا حجاج بن نوبہ بڑا معتمد امین ہی۔ خریم بن مغیرہ
ایسا شیر دل ہی کہ لڑائی کے وقت متفکر نہیں ہوتا۔ عرض یہ سب تیرے اصحاب ایسے مقرر کئے ہیں کہ مجھسے مخالفت
نہیں کرینگے اور نہ دشمنوں سے مخالطت۔ میرے خط کا جواب اور تمام امور کی روئداد شرح و بسط کے ساتھ جلد لکھو
کھاؤ پیو نہیں۔ قاسم کو حجاج بہت دوست رکھتا تھا ہمیشہ اُسکے لئے صدقے دیتا اور دعائیں مانگتا۔

محمد قاسم نے لشکر اسطرح آراستہ کرکے اُسکے گرد خندق کھودی۔ نیزہ بردار اُسکے محافظ مقرر کئے۔ جا بجا علم ایستادہ کئے
ہر علم کی ایک فوج متعین تھی۔ وہ جدا جدا اپنے علم کے نیچے تقسیم تھی منجنیق کشتیوں سے اُتار کر درستی سے لگائے گئے
انمیں ایک منجنیق خاص امیر المومنین کا تھا جس کا نام عروسک تھا اُسکو پانسو آدمی کھینچتے تھے تو اُس سے سنگ انداز ہی
ہوتی تھی۔ چار اور منجنیق تھے۔ دیبل میں ایک تبکدہ تھا اُس کا ایک گنبد بڑا بلند تھا اُس پر ایک جھنڈا لگا ہوا تھا
حریر سبز کا پھریرا تھا۔ اُسکے چار حصے تھے جب اُسکو کھولدیتے تھے تو وہ شہر کے چاروں طرف پھرتا تھا۔ جب دیبل کے
سامنے کشتیونمیں لشکر اسلام آیا تو اُسے کھولدیا اسکے کھلتے ہی سب اہل حصار لڑنے کو آمادہ ہوئے۔ سات دن تک
لڑائی ہوتی رہی آٹھویں روز لشکر اسلام حملہ کر رہا تھا کہ ایک برہمن حصار میں سے باہر آیا اور جان کی امان مانگکر
یہ کہا کہ امیر عادل کو ہمیشہ بقا ہو ہماری جوتش کی کتابونمیں لکھا ہی کہ ولایت سندھ کو لشکر اسلام فتح کریگا۔ مگر یہاں
ایک ایسا طلسم ہی کہ جبتک اُسے نہ توڑوگے تو حصار کا فتح ہونا ناممکن ہی جسوقت اس جھنڈے کو توڑ دوگے حصار
کو فتح کرلوگے۔ یہ سنکر محمد قاسم نے جوبہ منجنیقی کو حکم دیا کہ منجنیق لگاکے اس جھنڈے کو توڑو گے تو میں تمکو دسہزار درم
انعام دونگا۔ جوبہ نے اقرار کیا کہ ابھی اسے توڑتا ہوں اگر اسے نہ توڑدوں تو آپ میرے ہاتھ کاٹ ڈالئے۔ اسی
اثنار میں ایک جوتشی آیا اُسنے کہا کہ ہماری کتابونمیں لکھا ہی کہ اس ملک کی بادشاہی مسلمانوں کے ہاتھ لگے گی۔ اسلئے
جو مسلمانوں کے قیدی ہیں اُنکو یہ کہکر تقویت دیجاتی ہی۔ اگر میری اور میرے اہل و عیال کی جان مال کی امان دیجئے
تو مسلمان قیدیوں کو آپکی خبر سنا کر قوی دل کردوں۔ محمد قاسم نے اُسکو امان دیکر قیدیوں کے پاس بھیجا جس نے
جاکر اُنکے دل کو تسکین و تسلی دی نویں روز جوبہ نے منجنیق کو درست کرکے لگایا۔ حجاج کو یہاں کا حال ذرہ
ذرہ تیرے روز لکھا جاتا تھا اور آیندہ کیلئے صلاح و تدبیر پوچھی جاتی تھی۔ جوبہ اور اُس سے جو شرط ٹھیری تھی
اُس سے بھی اطلاع دی تو اسکا جواب وہاں سے یہ آیا کہ جب لڑو تو آفتاب کو پس پشت رکھو تاکہ دشمن تمہارے

آنکھوں کے سامنے ہو۔ اوّل روز لڑا کرو۔ منجنیق کو مشرق کی طرف لگاؤ اور اُسکے پانوں کو چھوٹا کردو اور جو یہ سے کہو کہ جھنڈے کو نشانہ بنا کے اُڑا دے۔ غرض جو یہ نے اوّل نشانہ میں جھنڈے کو اُڑا دیا۔ اس جھنڈے کا اُڑنا کیا تھا گویا دشمنوں کا دل ٹوٹنا تھا۔ محمد قاسم نے حصار کے شمالی و جنوبی و مشرقی و مغربی برجوں کے لیے سپاہ حملہ آوری کی متعین کی وہ زینے لگا کر قلعہ کی فصیل پر چڑھ گئے۔ اوّل شخص جو چڑھا وہ خرمہ کوفی تھا اُسکے بعد عجل بن عبد الملک بصری تھا۔ غرض حصار میں محمد قاسم بتخانہ پر گیا تو پجاریوں نے دروازہ بند کر کے یہ چاہا کہ جلکر خاک ہو جائیں۔ دروازہ پر دو آدمی تھے اُنکو قتل کیا۔ سات سو یا چار سو عورتیں بدھ کی خدمتیں رہتی تھیں اور روز زیور سے آراستہ تھیں وہ بندی میں آئیں۔ تین روز تک ہتھیار بند سپاہی قتل ہوتے رہے۔ برہمن جو محمد قاسم پاس آیا تھا اور ان قیدیوں کی خبر لایا تھا جو سراندیپ کے جہاز دیبل میں سے گرفتار ہوئے تھے۔ اُس کو محمد قاسم نے بُلوایا۔ اُسنے آکر عرض کی کہ دیبل کے قلعہ میں جو عورت مرد مسلمان قید تھے وہ خلاص ہو کر قید خانہ سے باہر ہو گئے ہیں۔ محمد قاسم نے ان قیدیوں کو اپنے لشکر میں بھیجدیا کہ آسائش و آرام کریں اور اس شخص کو بُلایا جسکی حراست میں یہ قید رہتے تھے۔ یہ شخص ایک پنڈت تھا جو نہایت عادل عالم ادیب تھا جب وہ آیا تو امیر محمد قاسم نے اُسکو سزا کا حکم دیا تو اُسنے ترجمان کی معرفت عرض کی کہ آپ ان قیدیوں سے پوچھئے کہ میں نے انکے ساتھ کیا سلوک کیا۔ محمد قاسم نے قیدیوں سے پوچھا سب نے بالاتفاق یہ کہا کہ اُسنے ہمارے ساتھ ایسی تواضع و مدارات کی ہے کہ ہم اسکے ستایش گر ہیں اور وہ ہمیشہ لشکر اسلام کی خوشخبری سے ہمارے دلکو تسکین دیتا تھا۔ محمد قاسم نے اس پنڈت سے کہا کہ تم اسلام قبول کرو اُسنے اسلام قبول کیا۔ محمد قاسم اُسکو اپنا نائب دیبل میں مقرر کر دیا کہ انتظام کرے اور حمید بن دراع کو شحنہ یہاں کا مقرر کیا۔ یہاں چھاؤنی ڈالی اور اسمیں چار ہزار مسلمانوں کو آباد کیا اور ایک مسجد بنوا دی۔

سراندیپ کے جہاز دیبل میں قید ہونیکا بیان

نقد و غنائم و بردہ بہت کچھ ہاتھ آیا۔ پس خمس اس کا خزانہ حجاج میں تحویل ہوا اور حاکم دیبل کی دو لڑکیاں حجاج کے پاس بھیجی گئیں اور باقی غنیمت بطریق استحقاق اسطرح تقسیم ہوئی کہ سوار کو دو سہم اور اشتر سوار و پیادہ کو ایک سہم۔

تقسیم غنائم

جب راجہ داہر کو خبر پہونچی کہ لشکر اسلام نے دیبل کو فتح کر لیا تو اُسنے حاکم نیرون کو لکھا کہ دریاے مہران سے عبور کر کے برہمن آباد میں آئے اور حفظ حصار میں سعی کرے۔ اور محمد قاسم کو یہ خط لکھا۔

محمد قاسم و راجہ داہر کے خط و کتابت

خط داہر۔ داہر بادشاہ ہند فرمان دہ بحر و بر کا یہ خط ہے بجانب مغرور و مفتون محمد قاسم کہ جو مارنے اور قتل کرنے پر حریص ہے اور بے رحم ایسا ہے کہ اپنے لشکر پر بھی رحم نہیں کرنا جانتا۔ پہلے بھی مسلمانوں کے دماغ میں یہ خبط سمایا تھا کہ ہند و سندھ کو فتح کیجئے۔ لشکر جو حملہ کے لئے آیا تھا اُس کو ٹھاکروں نے کہ لشکر کے لئے دیبل میں گئے تھے

اُسکو شکست دیکر پریشان کردیا۔ اب تیرے دماغ میں یہ سودا پھر اُٹھا ہے کہ لشکر لیکر ہم سے لڑنے آیا ہے۔ دیبل کو جسمیں اہل تجارت و اہل حرفہ و پیشہ رہتے ہیں فتح کرکے اترایا ہے۔ دیبل نہ کوئی حصن حصین تھا نہ کوئی وہاں لشکر باتمکین تھا جو لشکر اسلام سے مقابل ہوتا اگر وہاں ہمارے نامور لشکر آرا ہوتے تو مسلمانوں کا نشان نہ چھوڑتے۔ راجہ جے سیہ کہ روے زمین پر بادشاہ اُسکے آگے سر جھکاتے ہیں۔ زمانہ کے بڑے بڑے جابر اُسکے آگے کانپتے ہیں۔ ہند و سندھ کے تمام فرمانروا اُسکے آستانہ پر ماتھا رگڑتے ہیں۔ بلاد مکران و توران کے باشندے اُسکے طوق اطاعت کو گردن میں ڈالتے ہیں وہ صاحب صد زنجیر فیل مست اور اکب فیل سفید ہے جس کے آگے گھوڑوں کی کیا مجال جو ٹھیر سکیں اگر میں اُسکو اجازت دیبل پر لڑنے کی دیتا تو کسی لشکر کی کیا مجال تھی جو وہاں قدم بھی رکھ سکتا۔ اب تو خواب غرور میں نہ سو نہیں تو تیرا بھی حال وہ ہوگا جو بدیل کا ہوا کہ ہمارے ہاتھ سے بچکر نہ جا سکے گا۔ فقط

جب محمد قاسم پاس یہ خط آیا تو دبیر کو بلا کر اُس کا ترجمہ سُنا اور یہ جواب لکھا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یہ خط ہے محمد قاسم ثقفی کی طرف سے کافر جاہل۔ متکبر و منکر داہر کی طرف۔ جو کچھ تو نے اپنی جہالت و حماقت و نخوت سے لکھا وہ اور جو کچھ اپنی قوت و شوکت اور فیل و سوار لشکر کی کثرت کا بیان کیا وہ ہمکو معلوم و مفہوم ہوا۔ صرف کرم الٰہی پر توکل ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پر عمل ہے۔ ہم فیل کو ذلیل جانتے ہیں جو ایک مچھر کو اپنے اوپر سے نہیں اُڑا سکتا ہم گھوڑوں کی کچھ اصل نہیں جانتے۔ ہم تو صرف خدا تعالیٰ پر بھروسہ رکھتے ہیں ہم نے جو تجھ پر لشکر کشی کی تیری اس بدافعالی کے سبب سے کی ہے کہ تو نے سراندیپ کے جہازوں کا مال جو خلیفہ کی نذر کے لئے جاتا تھا لوٹ لیا۔ مسلمانوں کو قید کرکے لونڈی غلام بنایا۔ آج ہمارے خلیفہ کے فرمان کا ادب ساری دنیا کرتی ہے مگر تو نے اس کا کچھ لحاظ و پاس نہ کیا اسلئے دار الخلافہ سے فرمان صادر ہوا کہ تیرے ان افعال کا انتقام لیا جاوے اور تجھ سے میں لڑوں۔ خدا تعالےٰ مجھے جس موقع پر تو میرے مقابل ہو مظفر و منصور کرے۔ میں تیرا سر کاٹ کر خلیفہ کے پاس بھیجوں یا راہِ خدا میں میرا سر تن سے جدا ہو۔ رضاے الٰہی کے لئے یہ کام ہم نے کیا ہے۔ خدا ہی سے اُمید ہے کہ فتح و نصرت ہم کو وہ دے انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقط سنہ ۹۳ھ

جب دیبل فتح ہوگیا تو محمد قاسم نے ادھر کشتیوں نہنگیوں کو لدوا کر سند ساگر کے دریا میں روانہ کیا اور اُدھر خود خشکی کی راہ سے سیسم کی طرف روانہ ہوا۔ جب یہاں پہنچا تو امیر حجاج کا فرمان یہ آیا کہ حجاج بن یوسف کی طرف سے محمد قاسم کو معلوم ہو کہ میرا مقتضاے خاطر یہ ہے کہ تجکو خدا تعالیٰ سب جگہ مظفر و منصور کرے اور تیرے دشمنوں کو مغلوب۔ یہ جو مال و متاع و فیل و اسپ ہاتھ آتے ہیں اُسکو تو اپنا مت خیال کر تجکو چاہیے کہ یاروں کے ساتھ

دیبل سے نیرون کی طرف محمد قاسم کا

ایک نہ مگانی بسر کر۔ ہر ایک کا احترام و خاطرداری کر جن چیزوں کی لشکر کو احتیاج ہو اُسکے رفع کرنیمیں کوشش کر۔ مال غنیمت سپاہیوں کو دیدے۔ ایسی فیاضی کر کہ تیرے لشکر میں غلہ ارزاں ہو۔ جب مملکت پر حکومت مسلم ہو جائے اور قلعے مضبوط و استوار ہو جائیں تو جو کچھ بچے اُسکو رعایا کی رفاہ و بہبودی میں خرچ کرنیکے اندر دریغ نہ کر زراعت و صناع و تجار کی مرفع حالی سے ملک مزروع و معمور ہوتا ہے انکے ساتھ رعایت کر کہ وہ تیری طرف راغب ہو جائیں۔ تاریخ تحریر ۱۲ رجب ۹۳ھ

ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ جب لشکر عرب کو شکست ہوئی تھی اور بدیل شہید ہوا تھا تو اہل نیرون نے امان نامہ حجاج سے لکھا لیا تھا۔ دیبل سے نیرون ۲۵ فرسنگ تھا چھ روز میں اس سفر کو ختم کر کے ساتویں روز یہاں محمد قاسم پہونچا لشکر میں پانی کا کال تھا۔ محمد قاسم نے دوگانہ نماز ادا کر کے مینھ کی دعا مانگی خدا کے حکم سے مینھ برسا۔ سارا شہر سیراب ہو گیا اہل نیرون نے حصار کا دروازہ بند کر لیا۔ انکا سردار سمانی یہاں نہیں تھا۔ سامان رسد کا اندیشہ محمد قاسم کو ہوا۔ پانچ چھ روز بعد سمانی نے دو مقدم اور فرمان حجاج اور سامان رسد محمد قاسم کی خدمت میں بھیجا۔ یہ زبانی پیغام کہلا کہ یہاں میں حجاج کے فرمان کے بموجب مقیم ہوں اور اُسکی تقویت پر قائم ہوں۔ میں یہاں حاضر نہ تھا داہر پاس تھا رعایا نے متردد ہو کر دروازہ بند کر لیا پھر سامانیوں نے دروازہ کھولدیا اور لشکریوں کے ساتھ خرید و فروخت شروع کی۔ محمد قاسم نے اسکا شکریہ ادا کیا۔ حجاج کو اس کا حال لکھا۔ حجاج نے اس کے جواب میں اہل نیرون کی بڑی استمالت کی اور محمد قاسم پر تاکید کی کہ انکی رفاہ و بہبودی میں سعی کرے جو کوئی تجھ سے امان چاہے اُسکو امن کر۔ اگر کسی جگہ کے بزرگ اکابر تجھ سے ملیں تو انکو خلعت گرانمایہ دینا اور انعام و اکرام سے انکو سرفراز کرنا اپنے اوپر واجب سمجھ۔ عقل کو اپنا پیشوا بنانا کہ امرار ولایت و معارف نواحی کو تیرے قول اور فعل پر اعتماد ہو۔

محمد قاسم نے حاکم نیرون کو اپنے معتمد و خواص کی زبانی کہلا بھیجا کہ دروازہ کے بند ہونے سے ہمکو غصہ آیا تھا مگر تیری غیر حاضری کے عذر سننے سے وہ غصہ فرو ہو گیا اب تیرے اکرام و احترام میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ ہوگا۔ یہ سُنکر سمانی حاکم نیرون بہت سے تحائف و نزل لیکر محمد قاسم کی خدمت میں آیا۔ اور پھر اپنے قلعہ میں گیا اور محمد قاسم کی ضیافت کی اور لشکریوں پاس بہت غلہ بھیجا پھر لشکر میں غلہ کی تنگی نہ رہی۔ محمد قاسم نے حصار کے اندر ایک شحنہ مقرر کیا۔ ایک بتکدہ کی جگہ مسجد بنائی۔ موذن اور امام مقرر کیا۔ یہاں سے سوستان کی طرف کوچ کیا۔

محمد قاسم کا سوستان جاٹ و جنگ سوستان

جب نیرون کا انتظام خاطرخواہ ہو گیا تو یہاں سے وہ سمانی کی رہبری سے سوستان کی طرف باقاعدہ منزل بمنزل ہوا۔ بہرج میں جو ۳۰ فرسنگ نیرون سے تھا پہونچا۔ یہاں سمانی مقدم تھا اور حصار میں راجہ داہر کا بھتیجا چندر کا بیٹا بجھرا حاکم تھا۔ یہاں سمانیوں نے ملکر ایک جلسہ کیا اور بجھرا کو پیغام بھیجا ہمارا مذہب سلامت کا اور دین عافیت کا

ہماری کمین میں مارنا لڑنا روانہیں ہی خونریزی منع ہی آپ تو کوٹ بلند پر بیخوف وخطر بیٹھے ہوئی ہیں ہمکو خوف ہی کہ لشکر اسلام اس سبب سے کہ ہم تیزی تابع ہیں ہیں ڈالیگا جان ومال کو لے لیگا۔ یہ ہمکو معلوم ہی کہ محمد قاسم پاس ایلچی حجاج کا فرمان ہی کہ جو شخص اُس سے امان مانگے اُسکو امن دیکر امین کر۔ اہل عرب بہت باوفا ہیں عہد وپیمان کے بڑے پکے ہیں۔ ایفاء عہد انکا ایمان ہی۔ اگر آپکے نزدیک مصلحت ہو تو ہم اُن سے موافقت کرکے عہد وپیمان کرلیں۔ بجھرا نے انکی اس درخواست کو نامنظور کیا۔ محمد قاسم نے ایک شخص کو بطور مخبر کے شہر میں بھیجا کہ وہ اہل شہر کے مزاج سے اطلاع دے کہ وہ باہم موافق ہیں یا منافق۔ اس مخبر نے خبر دی کہ اہل حصار باہر لڑنے کے لئے مستعد ومہیا کھڑے ہیں۔ محمد قاسم نے منجنیقوں کو درست کرکے لگوایا۔ لڑائی شروع ہوئی۔ سمانیوں نے اپنے سردار کو لڑائی سے روکا کہ اس لشکر سے تو مقابلہ وجنگ نہیں کر سکتا جان ومال کو کیوں خطرہ میں ڈالتا ہی۔ مگر اُسنے رعایا کی مصلحت کو نہ سُنا۔ سمینیوں نے محمد قاسم پاس پیغام بھیجا کہ تمام رعایا کاشتکار وصناع وتجار اور اوباش بجھرا سے ناراض ہیں اور اُسکے مطیع نہیں ہیں وہ تجھ سے منازعت ومحاربت نہیں کرنا چاہتے۔ یہ سُنکر لشکر اسلام کی اور ہمت بڑھی۔ اور محمد قاسم نے رات دن لڑنا شروع کیا ایک ہفتہ کے اندر اہل حصار نے جنگ سے ہاتھ کھینچ لیا۔ بجھرا نے دیکھا کہ اب اہل حصار پر وقت تنگ آگیا ہی وہ رات کو چُپ کر بھاگ گیا اور بدھیہ کی سرحد میں جا پہنچا اُسوقت بدھیہ میں کاکا بیٹا کوٹل کا فرمانروا تھا اور وہ سمانی تھا اور اسکا حصن حصین سیہم ندی کبھہ کے کنارہ پر تھا۔ وہانکے باشندے بجھرا کے استقبال کو آئے اور حصار کے آگے اُسے اُتارا۔

جب بجھرا بھاگ گیا تو سمانیوں نے مسلمانوں کی اطاعت قبول کرلی۔ سوستان کو قلعہ میں محمد قاسم آیا اور یہاں کا انتظام خاطر خواہ کیا۔ اور ملکی منصبوں پر عمال اور اپنے نائب مقرر کئے اور اضلاع کے انتظام اور اختیار اُنکو سپرد کیا جہاں سونا چاندی اُسکو ملا وہ لے لیا اور سیم وپیرایہ ونقود کی گٹھریاں باندھیں مگر سمانیوں سے جتنے کہ پہلے عہد وپیمان ہو چکے تھے کچھ نہ لیا۔ اور لشکر اسلام جقدر مال کا مستحق تھا اُسکو دیا غنیمت کا پانچوان حصہ حجاج کے خزانچی کو حوالہ کیا راوتونکو عہدہ دار نامزد کیا۔ حجاج کو غنیمت اور بردہ اور اُسکے ساتھ فتحنامہ بھیجا اور خود سوستان میں ٹھہرا۔ اس خمس اور سپاہ کے حصونکی تقسیم سے فارغ ہوکر دو تین روز بعد حصار سیہم کیطرف وہ روانہ ہوا اہل بدھیہ اور سوستان کا راجہ اس سے لڑنیکے لئے طیار ہوئے۔ سوستان کی حفاظت کے لئے جو لشکر مقرر تھا اُسے چھوڑکر باقی لشکر کو وہ ساتھ لیکر نیل بان پر دریائے کنجہ کے کنارہ پہونچا۔ یہاں چاروں طرف اسلام کے دشمن ہی دشمن تھے ان سب نے جمع ہوکر یہ ارادہ کیا کہ اس لشکر پر شب خون کے اُسکو پریشان کردیجئے۔

بدھیہ کے اکابر واعیان کاکا کوٹل کے پاس گئے۔ بدھیہ کے رانا یونکی نسل سے تھے جو اصل میں ایودھا کے

(جلد ۱)

ایودھا رگنگا کے کنارہ پر ایک نگر ہی۔ لشکر عرب پر شبخون مارنے کے باب میں مشورہ کیا گیا۔ کاکا نے اپنی رائے یہ ظاہر کی۔ اگر تم شبخون مار سکتے ہو تو مار و نہایت عمدہ تدبیر ہے مگر ہمارے پنڈتوں اور جوتشیوں نے جو تلش کی کتابوں سے خوب حساب کر کے یہ لکھا ہی کہ اس نواح میں مسلمانوں کی حکومت ہوگی۔ اُسنے جاٹوں کی فوج جمع کر کے اُسکا سپہ سالار پھن مقرر کیا ایک ہزار سپاہی دلاور شمشیر زن اسکے ہمراہ تھے۔ ہر ایک سپاہی کے پاس تلوار تیر و نیزہ و کٹار تھی جب دن کی رومی سپاہ نے رات کی زنگی سپاہ سے ہزیمت پائی تو لشکر شبخون مارنے کے لئے روانہ ہوا جب وہ لشکر عرب کے قریب آیا تو راہ بھول گیا رات بھر بھٹکتا پھرا۔ چار فریق جو اس سپاہ کے تھے انہیں نہ مقدمہ ساقہ کے ساتھ ملا نہ میمنہ میسرہ کے سامنے آیا۔ جنگل میں ہر ایک سرمارتا پھرا۔ جب اُس نے سر اُٹھا کے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ سیم کے قلعہ کے گرد کھڑے ہیں۔ جب دن ہوا تو وہ قلعہ کے اندر گئے اور سارا حال کاکا کو تل سے بیان کیا کہ یہ ہماری تدبیر نہ چل سکی۔ کاکا نے کہا کہ تم خوب جانتے ہو کہ میں شجاعت و مردانگی و شہامت و فرزانگی میں کیسا نامور ہوں اور میری ناموری میں تمنے کتنی مہمات سر کی ہیں لیکن بدہوں کی کتاب میں علم نجوم سے حساب کر کے لکھا ہی کہ لشکر اسلام کے ہاتھ پر ہندوستان فتح ہوگا۔ مجھے اسکا یقین ہی کہ یہی ہو کر رہیگا۔

کاکا مع معتمدوں و خواص کے لشکر عرب کی طرف چلا تھوڑی دور گیا تھا کہ وہ بنانہ میں حنظلہ سے ملا جو پیش رو اُس لشکر کا تھا اور دشمن کی سپاہ کا حال دریافت کرنے جاتا تھا۔ کاکا کو وہ محمد قاسم پاس لے آیا۔ محمد قاسم بہت خوش ہو کر اُس سے ملا۔ اُسنے شبخون مارنیکا حال بیان کیا۔ جو لشکر شبخون مارنیکو چلا تھا خدا تعالیٰ نے اُسکو گمراہ کر دیا۔ ساری رات پریشان پشیمان پڑا پھرا۔ ہمارے منجموں و معبروں نے علم نجوم کے موافق یہ حکم لگایا ہی کہ لشکر اسلام کے ہاتھ یہ نواح آئیگی چنانچہ اُنکے بیان معجز طراز کی تصدیق اس شبخون کے منصوبہ نہ چلنے سے ہو گئی اسکا یقین ہو گیا کہ حکم الٰہی یہی ہی کہ کسیکا مکر و غدر عرب کی طاقت کے آگے نہ چل سکے گا۔ اب ہر طرح سے اپنا اطمینان رکھئے کہ دشمنو پر آپکو فتح ہوگی میں آپکی اطاعت قبول کرتا ہوں اور ناصح بنکر ساتھ ہوتا ہوں جہاں تک مجھ سے ہو سکیگا میں آپکا یار و یاور رہونگا۔ دشمنونکے قلع و قمع کے لئے رہبر رہونگا۔ محمد قاسم نے ان باتوں کو منکر درگاہ الٰہی میں سجدہ شکر ادا کیا۔ خود کاکا کی اور کل اُسکے ساتھیونکی سب طرح سے خاطر جمع کی۔ اُسنے کاکا سے کہا کہ اے امیر ہند تیرے ہاں تشریف (خلعت دینے) کا کیا دستور ہی۔ کاکا نے کہا کہ ہمارے ہاں سمانی جاٹوں کی تشریف کی رسم یہ ہے کہ کرسی ملتی ہی۔ جامہ ریشمی ہندی یا حریری پہنایا جاتا ہی اور دستار بندی ہوتی ہے۔ کاکا کو یہ خلعت پہنایا گیا تاکہ نواح کے کل مقدموں اور بزرگوں کو اس کی اطاعت کیطرف رغبت ہوئی۔ جن لوگوں نے موفقت کی

کاکا کا محمد قاسم پاس آنا

اُنکے دلوں سے اُسنے اہل عرب کا خوف دُور کر دیا۔ اور جنھوں نے مخالفت کی اُنکو رہنمائی کرکے راہ پر وہ لے آیا۔
عبدالملک بن قیس شحنہ مقرر ہوا کہ ہر متمرد کو سزا دے۔ کاکا نے ایک دولتمند گروہ کو لوٹا اور اُنسے نقد و جنس دستور
بردہ و غلہ بہت کچھ لیا۔ جس سے لشکر عرب میں گائے کا گوشت تک ارزاں ہوگیا۔ پس محمد قاسم یہاں سے چلکر حصار
سیسم پر آیا دو روز تک لڑائی رہی خدا نے اُسے فتح دی اور دشمن فرار ہوئے۔ داہر کا بھتیجا بن چندر اور اُس کے
تابعین راوت وٹھارے گئے۔ باقی لڑنیوالوں میں سے کچھ تو بدھیہ کے پرے کچھ بھٹ نو میں جو ساموج اور
قندھابیل کے درمیان میں ہی بھاگ کر چلے گئے یہاں سے امان نامہ کی درخواست کی۔ یہ سب داہر سے مخالفت
رکھتے تھے۔ بعض داہر کے ہاتھ سے ذبح ہوئے تھے اسلئے اُنھوں نے اُس سے بغاوت اختیار کی اور اپنے ایلچیوں کو
بھیجا اور ایک ہزار درم وزن چاندی دینے کا وعدہ کیا اور اپنی طرف سے اوّل سوستان روانہ کئے۔

محمد قاسم نے بعض رئیسوں پر زرگذاری مقرر کر دیا اور از سر نو انکی رفاہ کا عہد و پیمان کر لیا اور حمید بن وداع
النجدی اور عبدالقیس آل حارد و کو یہاں مناسب پر مقرر کیا اور اُنکے معتمد ہونے کے سبب سے سارے کاموں کا
اہتمام انھیں کے سپرد کیا۔ اسطرح سیسم کے انتظام سے فارغ ہوا تو حجاج کا فرمان پہونچا کہ کہیں اور نہ جاؤ نیرون کو واپس
آؤ اور مہران سے عبور کرنے کی تدبیر کرو اور داہر سے لڑائی لڑو اور خدائے عزوجل سے دعا مانگو کہ تجھے ظفر و نصرت
عنایت کرے۔ جب ان نواحی پر تیرا تسلط ہو تو وہاں کلّی و جزوی انتظام کرا اور حصاروں کو مضبوط کرا دو کسیکو غیر مضبوط
نہ چھوڑو۔ محمد قاسم نے جب اس فرمان کو پڑھا تو وہ نیرون میں آیا۔ یہاں سے یہ خط لکھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ امیر اہل عالم تاج دین پناہ عجم و ہند حجاج بن یوسف کی بارگاہ رفیع میں خدمتگار محمد قاسم
بعد بندگی و خدمت عرض کرتا ہے کہ میں مخلص مع تمام امیر و حشم و خدم و جماعت لشکر مسلمانوں کے ضمان سلامت
میں ہوں اور ہمارے تمام امور کو استقامت اور مسرّت کو استدامت حاصل ہے رائے انور پر روشن ہو کہ بیابان
اور اُسکی منازل مہلک کو قطع کرکے بلاد سندہ میں پہنچا وہ حصہ ملک کا جو قلعہ لہرور (نیرون) کے محاذی دریائے
مہران پر واقع ہے فتح ہوا۔ یہ قلعہ اُلور کے ملک میں رائے داہر کی ملک میں تھا۔ جن لوگوں نے سرکشی کی وہ قید
کئے گئے یا بھاگ گئے۔ جب فرمان امیر نافذ ہوا اور مراجعت کی طرف اشارہ تو میں حصار میں کہ کوہ نیرون میں
ہے پھر آگیا ہوں اور یہ حصار دار الخلافہ سے نزدیک ہے اُمید ہے کہ عنایت بادشاہی اور اقبال امیر معظم
سے دشمنوں کے حصنہائے حصین فتح ہوں اور ہمارے خزانے دولت سے معمور ہوں۔ بفعل حصار سوستان و سیسم
میں ہماری حکومت مسلم ہوگئی۔ پسر عم زاد داہر اور اُسکے اعیان و شجاع قتل کئے گئے اور مشرک مسلمان ہوئے

حجاج بن یوسف کا فرمان دریائے مہران سے عبور کرنے اور داہر سے لڑنے کے متعلق

یا مفتوح۔ بتکدوں کی بجائے مساجد و معابد بنائے گئے اُنمیں منبر قایم ہوئے خطبہ پڑھا گیا۔ اذاں دی گئی۔ اوقات مقررہ پر فرض نماز ادا ہوتا ہے۔ خدائے عزوجل کی ذکر و تذکیر صبح و شام ہوتی ہے قرآن کی آیتوں کیموافق احکام الٰہی کی تعمیل ہوتی ہے۔ میں ایسے حصن کے جوار میں مقیم ہوں کہ وہ سد سکندری پر بھی افتخار کرتا ہے۔ حول و قوت ہماری خدائے عزوجل کیساتھ ہیں۔ رائے رفیع کے لئے یہ مکتوب بھیجتا ہوں اور فرمان نافذ و مثال ناطق کے صدور کا منتظر ہوں۔ جو حکم وارشاد ہوگا توفیق الٰہی سے اُسی کے موافق تعمیل ہوگی۔ سامی رسل ہے جو راجہ داہر کے توابعین میں سے ہے عہد و پیمان کی گفتگو ہو رہی ہے اگر یہ امر طے ہو جائیگا تو دریائے مہران سے گذرنا ہمپر آسان ہو جائیگا۔

فرمان حجاج بنام محمد قاسم

فرمان حجاج بنام محمد قاسم

فرمان حجاج۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ فرزند عزیز کریم الدین محمد قاسم ادام اللہ تمکنہ کا مکتوب پہنچا۔ انواع تکلف و اصناف تعظیم سے آراستہ تھا۔ اُس سے تمام حال وہاں کا جو وقوع میں آیا معلوم ہوا۔ اے پسر کیا کہنا تجکو ہو گیا ہے کہ رائے و عقیل و تدبیر و تمیز اپنی معین کر کے ملوک مشرق کو لڑائی میں معطوف نہیں کرتا اور ان لشکروں کو کہ لشکر اسلام کی مدافعت چاہتے ہیں تباہ و برباد نہیں کرتا تو اُنکے کید اور شر کو دفع کر اور مال جتنا تو خرچ کر سکتا ہے انعام و بخشش لشکر میں صرف کر اور جو کوئی تجھ سے اقطاع ولایت چاہے اُسے تو ناامید نہ کر اور اُسکی ملتمسات کو قبول کر۔ امان سے رعایا کو اطمینان دے بادشاہی کے چار ارکان ہیں اوّل مدارا و مواسا و مسامحت و مصاہرت۔ دوم بذل مال و عطیہ سوم دشمنوں کی مخالفت میں رائے صواب انکی مزاج شناسی میں علم۔ چہارم رعب مہابت و شہامت و قوت و شوکت۔ دشمنوں کے دفع کرنے میں ان طریقوں سے دشمنوں کو دفع کرنا چاہیئے تو راجاؤں کو عہد و اثق سے راہ پر لا جب وہ مالگذاری دینے کا اقرار کر لیں تو بسطوح سے تو اُنکو قوی پشت کر جب کسیکو سفیر بنا کے بھیج تو پہلے اُسکی عقل و مذہب و کیاست و امانت پر خوب اعتماد حاصل کر لے کہ مبادا اُسکی رفتار و گفتار سے اسلام کی گردن پر وبال آئے۔ اپنے تئیں دشمنوں کے مکر و غدر سے بچاتا رہ۔ حمامات میں حزم و ہوشیاری کو کام میں لا۔ دواہر سے ہمیشہ محترز رہ۔ اگر وہ کوئی اپنا معتقد و معتمد بھیجے تو اُسکی مجالست سے بخوف نہ رہ جب اُسکو بلا تو بزرگوں کی محفل میں جواب شافی بے محابا دے۔ جو شخص وحدانیت الٰہی کا اقرار کرے اور تیری اطاعت کرے تو اُسکے تمام مال و اسباب و ننگ و ناموس کو برقرار رکھ اور جو اسلام نہ قبول کرے تو اُسکو فقط اتنی گزند پہونچا کہ وہ مطیع ہو جائے۔ جو لوگ تمرد اختیار کریں تو اُنسے لڑنے کے لئے تیار ہو۔ اور ایسی جگہ لڑ کہ وہاں زمین فراخ ہو تاکہ مرد مرد کے ساتھ اور سوار سوار کے ساتھ میدان میں جولانیاں کر سکیں جب لڑائی میں مصروف ہو تو کرم الٰہی پر توکل کر۔ دریائے مہران سے اول تو عبور کرتا کہ تیری ہیبت لوگوں کے دلوں میں اثر کرے اور ایسی جگہ سے عبور کر کہ وہاں پل استوار باندھ سکے اُسکا پہلے خوب امتحان کر لے۔ فقط۔

جب یہ فرمان حجاج کا آیا تو محمد قاسم دریا کے عبور کرنے کی تدبیر سوچنے لگا۔

جب داہر کو یہ خبر پہونچی کہ محمد قاسم نیرون میں آگیا تو اُس نے نجومیوں سے پوچھا کہ تمہارا علم نجوم کیا کہتا ہے سب نے بالاتفاق کہا کہ مسلمانوں کی فتح ہوگی۔ داہر نے سمانی بھندر کو اکوجس کی ایالت میں حصار نیرون تھا نیرون بھیجا کہ وہاں کے حال سے اطلاع دے۔ وہ لشکر گاہ عرب میں پانچ مقدموں کے ساتھ آیا اور حجاج کا فرمان بھی ساتھ لایا۔ اور محمد قاسم کو دکھلایا۔ محمد قاسم نے کہا کہ میں اس فرمان کی فرمانبرداری کے لئے موجود ہوں۔ مگر اہل نیرون نے جو حصار کا دروازہ لشکر کے لئے بند کیا جسکے سبب سے لشکر میں غلّہ کا کال پڑگیا یہ نیک کام نہ تھا۔ اُسنے یہ عذر کیا کہ ہماری تمام مصالح امور راجہ داہر سے متعلق ہیں میں اُس پاس حاضر تھا۔ میری غیر حاضری میں رعایا نے متردد ہوکر اور لشکر سے ڈرکر دروازہ بند کرلیا۔ اب میں حاضر ہوں جو حکم ہوگا بجا لاؤنگا۔ اُسپر سمانی کو محمد قاسم نے خلعت دیا اور نہایت عنایت کی اور اُسکو واپس بھیجا اُسنے جاکر حصار کا دروازہ کھولدیا۔ محمد قاسم گھوڑے پر سوار ہوا اور اپنے اکابر و اعیان کو ساتھ لیا اور حصار میں آیا۔ بجائے بتکدہ کے مسجد بنوائی۔ دو گانہ نماز اُسمیں ادا کیا حصار میں شحنہ اپنی طرف سے مقرر کیا۔ پھر یہاں سے حصار اش ہار پر محرم ۹۳ھ میں گیا اور اُسکے سوا دیس اُترا۔ یہ حصار نہایت استوار تھا۔ اہل حصار نے لڑنے کی تیاری کی اور حصار کے گرد گہری خندق کھودی۔ ایک ہفتہ تک لڑائی رہی۔ پھر اہل حصار نے اطاعت اختیار کی۔ محمد قاسم نے امان دی۔ انھوں نے مالگذاری دینے کا وعدہ کیا قلعہ کی کنجیاں دیدیں۔ محمد قاسم نے حصار کا انتظام اپنے معتقدین و معتمدین کے حوالہ کیا۔

محمد قاسم بعزم جہان پر پہونچا تو داہر کو اسکی خبر ہوئی وہ سمجھا کہ اہل عرب کا استیلا روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ تو اُسنے موکہ بن بسایا پاس ایلچی بھیجا کہ اگر تو ہماری اطاعت کریگا تو تیرا ملک بدستور تیرے پاس رہیگا۔ اسکے جواب میں موکہ نے محمد قاسم کو لکھا کہ تیری اطاعت کی طرف رغبت ہوتی ہے مگر سندھ ہمارا مسکن و ماواہی ہمارے باپ دادا کا ملک ہے میری راجہ داہر سے قرابت ہے مجھ پر اُسکے ساتھ ہر حال میں شریک رہنا فرض ہے۔ گو میں جانتا ہوں کہ ہماری سلطنت کا زوال آگیا۔ پھر موکہ نے منجّموں سے پوچھا کہ آیندہ کیا ہونے والا ہے۔ اُنھوں نے بہت سے عذرات کے بعد یہ عرض کیا کہ یہ ملک ہمارے ہاتھ سے نکلکر مسلمانوں کے ہاتھ میں جائیگا۔ موکہ کے قول پر محمد قاسم کو اعتماد تھا اُسنے بنانہ بن حنظلہ کلابی کو ہزار سوار کے ساتھ موکہ کے گرفتار کرنے کے لئے بھیجا۔ ترجان اُسکے ساتھ گیا۔ پس بنانہ نے موکہ پسر بسایا کو مع تیس ٹھاکروں کے گرفتار کیا اور محمد قاسم کے روبرو لایا۔ محمد قاسم نے اُس کی بڑی آؤ بھگت کی۔ موکہ کو ملک بیت تمام و کمال عطا کیا اور اسکی سند لکھ کر دیدی کہ وہ نسلاً بعد نسلٍ مالک رہے۔ اور

محمد قاسم کا حاکم نیرون کے عورتوں کو بھیجنا

موکہ کے اطاعت محمد قاسم کا اور اسکا ملک بیت پر قابض ہونا

ایک لاکھ درم صلہ میں دیئے۔ سبز چتر طاؤسی و کرسی و خلعت دیا۔ اور اُس کو کشتیوں کے فراہم کرنے کا وعدہ لیا۔

داہر کے پاس ایک شامی ایلچی بھیجا اور مولائے اسلام کو ترجمان کیلئے اُسکے ہمراہ کیا یہ مولا دیبل کے رہنے والے تھے اور محمد قاسم کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے تھے۔ جب یہ دونوں داہر کے پاس پہونچے تو مولا نے داہر کو سلام نہیں کیا اس پہ داہر نے مولا سے کہا کہ تو دستور کے موافق آداب کورنش کیوں نہیں بجالایا۔ اسپر مولا نے کہا کہ جب آپکے مذہب میں تھا تو آپکو بندگی کرتا تھا۔ اب اسلام مشرف ہوا ہوں شاہ اسلام کو سلام کرتا ہوں کافر کو سلام نہیں کرتا۔ داہر نے کہا کہ تو ایلچی بنکر نہ آتا تو تجکو سزا دیتا۔ اسپر مولا نے کہا کہ اگر تو مجھکو مار ڈالتا تو اسلام کا کچھ نقصان نہوتا مگر میرے خون کا انتقام جب وہ لیتے تو تجکو بڑی سزا لیتے۔ شامی نے محمد قاسم کا یہ پیغام پہونچایا کہ دریائے مہران سے تم عبور کرکے ہم سے لڑو یا ہمکو عبور کرنے دو ہم تم سے لڑیں۔ اسپر وزیر سیسی ساگر سے داہر نے مشورہ لیا اُسنے کہا کہ میرے نزدیک اُنکو دریا سے اُترنے دو پیچھے اُنکے دریا ہوگا اور آگے تیرا لشکر ہوگا۔ اُنکا فریاد رس نہ کوئی آگے ہوگا نہ پیچھے یوں نرغہ میں وہ پھنس جائینگے۔ مگر جب اسی امر میں محمد علافی سے مشورہ کیا (محمد علافی کا پہلے ذکر ہوچکا ہے) اور سی ساگر کی رائے اُسکے سامنے بیان کی اُسنے کہا کہ وزیر کی رائے غلطی پر ہے۔ عرب کا لشکر جرار ہے وہ رضائے الٰہی میں اپنی جان دینے کو تیار ہے۔ وہ مرنے کو شہادت جانتا ہے اور اُسکے بدلے میں جنت کا یقین رکھتا ہے۔ اگر وہ دریا سے عبور کرکے اسطرف آگیا تو قیامت برپا کردے گا۔ رعایا سب اسکے خوف کے مارے اسکی اطاعت قبول کرلیگی۔ اس دریا کو درمیان حائل ہونیکو غنیمت سمجھو۔ میری نزدیک اہل عرب کا دریا سے گذرنا مصلحت نہیں ہے۔ بہتر ہے کہ کشتی کے ملاحوں پر ایسی درشتی رکھو کہ وہ علف و غلہ و ہیزم و کاہ کی راہیں سب طرف سے لشکر عرب پر بند کردیں۔ اس طرح آدمیوں کو بھوکا اور گھوڑوں کو بے علف رکھکر اس لشکر کو متفرق و پریشان کریں۔ اس صلاح و مشورہ کے بعد داہر نے ایلچی کو واپس بھیجا اور یہ کہلا بھیجا کہ ہم سطح سے لڑائی کے لئے آمادہ ہیں خواہ تم دریا سے عبور کرو یا ہم عبور کریں۔ ایلچی نے جب محمد قاسم سے یہ آنکر کہدیا تو اُسنے کہا کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہم ہی دریا کو عبور کرینگے۔ وہ مہران کی جانب مغربی اُترا اور موکرین بسایا کو بلایا اور کشتیوں کا سامان کرنے لگا۔ حجاج کو داہر کے جواب سے اطلاع دی تو اُسنے بھی یہی صلاح لکھی کہ دریا مہران سے عبور کرو میں رات دن خدا تعالیٰ سے تمہاری فتح کی دعا مانگتا ہوں یقین ہے کہ خدا تمہاری مراد پوری کریگا ایک دعا بھیجتا ہوں اُسے پڑھتے رہا کرو۔ پل کے بنانیکی اور اُسکی آزمایش کی ترکیب لکھ بھیجی۔ پھر اسکے بعد ایک خط حجاج کا آیا جسمیں لکھا تھا کہ تم اول نقشہ دریا مہران کے چار فرسنگ کا بنوا کے میری پاس بھیجدو اُسے دیکھکر میں تمکو بتلا دونگا کہ کس موضع سے تمکو اُترنا چاہیئے۔ محمد قاسم جیپور کے مقابل آیا۔ داہر بھی ہاتھی پر سوار ہوکر لشکر اسلام کی برابر آیا۔

دونوں کے درمیان دریا مہران حد فاصل تھا۔ ایک شامی کہ تیراندازی میں قادر و ماہر تھا اُسنے چاہا کہ گھوڑے کو دریا میں ڈالکر داہر پر تیر چلائے مگر اُسکا گھوڑا پانی سے جھجکا کہ داہر نے ایسا تیر اُسکے لگایا کہ اُسکی روح پرواز ہوئی۔ داہر چلا گیا اور جاہن کو معبر دریا پر متعین کیا کہ اہل عرب کے لشکر کو اُترنے نہ دے۔

لشکر اسلام سے چند سواروں نے محمد قاسم سے آنکر کہا کہ چند ربن بالا نے حصار سوستان سے عربوں کو نکالدیا۔ محمد قاسم نے مصعب بن عبدالرحمن کو ہزار سوار اور دو ہزار پیادے دیکر وہاں روانہ کیا۔ حصار سے باہر چند رام سے لڑائی ہوئی اور اُسکے لشکر کو ہزیمت ہوئی اُسنے حصار میں جانا چاہا مگر وہاں اہل حصار نے اُسکو آنے نہیں دیا وہ مارا گیا۔ اہل تجارت واہل حرفہ وپیشہ نے اپنے معزز آدمیوں کو مصعب پاس بھیجا اور عرض کی کہ یہ عذر ہماری طرف سے نہ تھا ایک چور گھس آیا تھا اُسنے یہ دنگہ فساد برپا کیا۔ غرض حصار کا دروازہ انھوں نے کھولدیا اور مصعب نے حصار کا انتظام کر لیا اور فتح کی خبر محمد قاسم کو بھیجدی محمد قاسم نے اُسے لکھا کہ حصار کی حفاظت کے لئے معتمد وامین مقرر کردو اور تجار وصناع ومعارف سے اُول لے لو اور چار ہزار جنگی سپاہی اپنے ساتھ لاؤ۔ مصعب نے محمد قاسم کے حکم کی تعمیل کی اور محمد قاسم سے آن ملا اور حصار بیت کے پاس موکر پسر لبا یا بھی اُس سے ملا۔

جب داہر کو یہ یقین ہوگیا کہ محمد قاسم سے موکر نے بیعت کر لی۔ تو اُسنے اپنے بیٹے جے سیہ کو حصار بیت میں بھیجا کہ لشکر اسلام کے مقابل ایستادہ ہو کر انکو دریا سے نہ گذرنے دے۔ بڑا لاؤ لشکر اُسکے ساتھ تھا۔ وہ دریای انک کے ساحل پر مقیم ہوا اُسکے سامنے جبل وکرہل میں محمد قاسم کا لشکر اُترا ہوا تھا۔ پچاس روز یہاں قیام رہا جسکے سبب سے غلہ وکاہ میں کمی ہوئی اور کھانے کی تنگی سے لشکر مترددہوا۔ گھوڑے بغیر دانے جاڑے کے بیمار ہونے شروع ہوئے جو گھوڑا بیمار ہوتا اُسکو فوج کر کے لشکر کھاتا۔ دشمن بھی چاروں طرف گھات لگائے بیٹھے تھے راجہ داہر یہ حال دیکھکر خوش ہوتا تھا اُسنے محمد قاسم پاس ایلچی بھیجا۔

محمد قاسم سے ایلچی نے آنکر کہا کہ تو نے دیکھا کہ تیرا انجام کار کیا ہوا۔ تیرے لشکر کو غلہ نہیں میسّر ہوتا۔ اب اگر صلح کر لو تو میں علوفہ بھیجدوں کہ تیرا لشکر گرسنگی وبے برگی سے ہلاک نہو۔ خوب سمجھ لے کہ ہمسے لڑائی میں کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا محمد قاسم نے جواب دیا کہ میں یوں تو مصالحت نہیں کرتا اگر تم جزیہ دینا قبول کرو اور خزانہ دار الخلافت میں روپیہ داخل کرو تو میں صلح کر لونگا وگرنہ خدا کی امداد سے تیرا سر کاٹ کر عراق بھیجوں گا۔

محمد قاسم نے حجاج کو لکھا کہ داہر کا ایلچی یہ پیغام لیکر آیا تھا اور میں نے اُسکا جواب اُسکو دیا۔ سوار ازیں گھوڑوں میں وبا پھیلی ہوئی ہے جس سے بہت گھوڑے مر گئے۔ چارہ وغلہ کی تنگی رہتی ہے۔ دریا سے پار جانے کیلئے کشتیاں میسّر نہیں ہوتیں۔ حجاج نے بھی طیار کو اس لئے یہاں مقرر کر کے بھیجا تھا کہ وہ محمد قاسم سے خفیہ یہاں کے حالات

سے اُسے اطلاع دے۔ وہ کران میں پہونچا تھا کہ اُسکو سرِ راہ محمد قاسم کے لشکر گاہ سے ایک مسافر آتا ہوا ملا طیار نے اُس سے لشکر کا حال پوچھا اُسنے نہایت شرح وبسط سے وہاں کا حال بیان کیا کہ لشکرِ عرب اس سبب سے متردد ومتفکر رہتا ہے کہ گھوڑے وبا سے مر رہے ہیں۔ غلہ وعلف کی تنگی رہتی ہے اور اور طرح کی بھی تکلیفات ہیں طیار یہ حالات سنکر اور مسافر کو ساتھ لیکر حجاج پاس اُلٹا چلا گیا۔ اور اُس کو ان حالات پر آگاہ کیا جس سے وہ نہایت متاسف ہوا اُس نے صلحا وعلما سے التماس کی کہ وہ خدا سے دعا صالح مانگیں۔ مسافر کو اپنے پاس بلا کر لشکر کا حال پوچھا اُس نے بیان کیا کہ بہت گھوڑے وبا سے مر گئے اور غلّہ وچارہ نہیں ملتا۔ مگر میں جب وہاں سے چلا آیا ہوں تو گھوڑوں کی وبا موقوف ہو گئی تھی اور غلہ کے تاجر چار ونظرف سے غلہ لشکر میں لاتے تھے اور ارزاں بیچتے تھے۔ گھوڑے جو زندہ سلامت رہے تھے وہ بالکل تندرست تھے۔ حضور نے جو اپنے مرید معتمد سے یہ حال سنا ہے وہ میں نے ہی اُس سے کہا تھا مگر پورا اس نظر سے نہیں کہا کہ دوست دشمن جب اُسکو سُنیں گے تو اندیشہ تھا کہ کہیں کوئی دشمن لشکر کو اذیت نہ پہونچائے۔ حجاج نے اس مسافر کو دار الخلافت میں خلیفہ کے پاس ان تمام حالات کے بیان سُنانے کے لئے بھیجدیا۔

جب حجاج نے یہ حالات سنے تو محمد قاسم پاس یہ حکم بھیجا کہ تمہاری تحریر سے اور قاصد کی تقریر سے وہاں کے کل حالات معلوم ہوئے کہ کچھ گھوڑے سقط ہوئے اور باقی زندہ وسلامت ہیں اسلئے تمہارے پاس دو ہزار گھوڑے بھیجے جاتے ہیں تم اُنکو معتمدوں اور مبارزوں ولشکر کے سرداروں کے حوالے کروا دو اُنسے کہدو کہ وہ ان گھوڑوں کو اپنا ہی سمجھیں تم لشکر کی شوکت کو دشمنوں کو دکھاتے رہو۔ یاد رکھو کہ کسی شخص کی تمنا اپنے ارادہ سے پوری نہیں ہوتی جبتک خدا تعالےٰ اُسکو نہ برلائے۔ خدا تعالیٰ ہماری تمنا کو ہماری دشمنوں کے مقابل میں پوری کریگا۔ تمکو چاہیئے کہ جسطرح ہو سکے کشتیاں بہم پہنچاؤ اُنکا پل بناؤ تاکہ دریا سے عبور کرنا آسان ہو۔ محمد قاسم نے یہ حکم سب لشکر کو سُنا دیا۔

محمد قاسم نے اس فرمان کے جواب میں عرضی لکھی کہ یہاں خوراک طبیعت کے مخالف ایسی ملتی ہے کہ جس سے بیماری اور رطوبت پیدا ہوتی ہے اسلئے ترشی کی ضرورت ہے اپنے خاص مودی خانہ سے کسیقدر سرکہ عنایت فرمائیں کہ لشکر کو اسکی بڑی ضرورت ہے۔ حجاج نے دُھنکی ہوئی روئی کو سرکہ میں تر کر کے خشک کیا اور اُسکی گٹھریاں بندھوا کے محمد قاسم پاس بھجوا دیں اور لکھ بھیجا کہ روئی کو پانی میں تر کر کے اس سے سرکہ نکال لیا کرو۔

حجاج نے محمد قاسم کو لکھا کہ تمہاری رائے صواب ہے یہ کچھ تعجب کی بات نہیں ہے کہ تم دشمنوں کو امان دینے پر بڑے حریص ہو مگر یہ امر تمہارا مجھکو مکدر معلوم ہوتا ہے جس دشمن کی عداوت کا امتحان ہو چکا ہو اُسکو امان دینی

نہیں چاہیئے۔ فیصع و شریف کو ایک محل پر نہیں کہنا چاہیئے۔ عقل سے کام کو اسطرح انجام دو کہ دشمنوں کو تمہارے عجز پر احتمال ہو۔ مدت سے دشمنوں کے مقابل میں تم پڑے ہو۔ تم صلح میں کوشش کرتے ہو۔ لوگ اس صلح جوئی کو تمہارا عجز و قصور پر حمل کرتے ہیں۔ تمکو چاہیئے کہ رسم سیاست و ریاست کو بجا رکھو۔ سہم و فہم کو نگاہ رکھو۔ خوب صبر کرو۔ خدا کے آگے اپنی جان حاضر رکھو۔ دریائے مہران کے نقشہ کے دیکھنے سے ہم کو یہ معلوم ہوا کہ دریا کا عرض موضع بیت پر تنگ ہے اور وہاں کا کنارہ بھی سہل گذار ہے اس لیئے تم وہاں سے پار اترو۔

جب حجاج کے یہ احکام محمد قاسم کے پاس پہونچے تو وہ بیم سے سفر کرکے ساگر میں پہونچگیا تھا وہاں کشتیوں اور تختوں کو جمع ہونیکا حکم دیا تھا۔ اور دریا سے عبور کرنیکا عزم مصمم کیا۔ یہاں یہ بلند ارادے ہو رہے تھے۔ وہاں راجہ داہر اندر لہو و طرب میں صید و لعب میں مشغول تھا تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو کہ ان کو وہ ایسا ہیچ سمجھتا ہے کہ کچھ انکی پروا نہیں کرتا اس خیال میں راجہ کے پاس اسکا وزیر سمانی آیا اور کہنے لگا کہ راجہ کی عمر دراز ہو۔ آپ تو شطرنج اور نرد بازی میں مشغول ہیں اور اہل عرب دریا سے عبور کرنے کی تدبیر میں مصروف ہیں۔ راجہ نے کہا کہ آپ ہی کوئی مصلحت بتائیے کہ میں کیا کروں۔ وزیر نے کہا میں تین تدبیریں آپ کو بتاتا ہوں۔ انمیں سے جو آپ کو پسند آئے وہ اختیار کیجئے اول یہ کہ آپ ہند کو اپنے اہل و عیال و اقربا روانہ کر دیجئے اور خود برہمنہ ہر طرف سے فیلان مست اور مردان دلاور کو جمع کیجئے اور دشمنوں پر غلہ و علف کی راہیں بند کیجئے اور لشکر کو انتخاب کرکے دشمن پر حملہ کیجئے دوم یہ کہ یہاں سے نقل مکان کیجئے اور ریگستان میں چلے جائیے کہ وہ بجائے خود ایک حصن حصین ہوگا۔ اور وہاں کے آدمیوں سے کہئے کہ وہ آپ کے ساتھ شریک ہو کر اہل عرب سے لڑیں اور اگر وہ ایسا نکرینگے تو ہمارے غارت ہونے سے وہ بھی تباہ ہو جائیں گے۔ سوم تدبیر یہ ہے کہ فرزندوں اور اقرباؤں کو ساتھ لیکر سرزمین ہند میں چلے جائیے وہاں آپ کی ہر طرح کی امداد ہوگی اور وہاں سے کمک لیکر اپنے ملک کو واپس آئیے اور لشکر عرب سے انتقام لیجئے لشکر عرب کو کوئی تمتع اس ملک سے نہیں ہوگا۔ لیکن اگر اب ابتدا میں آپکو شکست ہو گئی اور دشمن کو غلبہ ہو گیا تو پھر اہل عرب سے اس ملک کا چھین لینا ملوک ہند کے بس میں نہیں رہیگا۔

راجہ داہر نے یہ سنکر وزیر سے کہا کہ جو کچھ آپکے نزدیک تدبیر صواب ہو وہ میں مصلحت میری لئے ہی۔ مگر میری رائے میں دیار ہند میں اہل و عیال اقربا کے بھیجنے سے رعایا کو تردد پیدا ہوگا۔ ٹھاکر اور امرا دل شکستہ ہو جائینگے اور متفق ہو کر لڑنے کے نہیں بلکہ متفرق ہو جائینگے۔ مجھے خود بھی اس سے ننگ آتی ہے کہ دوسرے سے التجا کروں یا کسی دوسرے کے دروازہ پر جاؤں پس بہتر یہی ہے کہ دشمن سے مقابلہ کرکے لڑوں اگر اسپر غالب آیا تو میری سلطنت مستحکم و مستولی

ہوجائیگی اور اگر مغلوب ہوگیا تو عرب کی کتابوں میں اور شاہان عالم میں میرا یہ ذکر باقی رہیگا کہ اپنے ملک کی حمایت میں جان کو صدقے کیا۔ وزیر نے کہا کہ میں تو آپکی ذات کی بقا اور آپکے لئے سلطنت کا خواہان ہوں اور اپنے لئے ایک مٹھی ستو اور ایک گھونٹ پانی کا اور ایک ٹکڑا کپڑے کا کافی جانتا ہوں۔ آپ جو چاہیے سو کیجئے۔

محمد قاسم نے دریاے مہران سے عبور کرنیکا مصمم ارادہ کرلیا تو اُسکو یہ اندیشہ دامنگیر ہوا کہ کہیں راجہ داہر لشکر لیکر اُسکے عبور کرنیمیں مزاحمت نکرے۔ اسلئے اُس نے سلمان بن تہان قریشی کو حکم دیا کہ بغرور میں جائے اور فیوفی راجہ داہر کے بیٹے کو باپ سے نہ ملنے دے۔ اس حکم کیموافق سلمان چھ سو آدمی لیکر بغرور گیا۔ پسر عطیہ ثعلبی یا طفلی کو حکم دیا کہ وہ پانچسو آدمیوں کو گنداوا کی سرزمین پر اکھم کو نہ بڑھنے دے۔ سمانی جو قلعہ نیرون میں حاکم تھا حکم دیا کہ وہ غلہ اور علف کی جتنی ضرورت لشکر کو ہو پہنچاتا رہے۔ مصعب بن عبدالرحمن کو حکم ہوا کہ وہ آگے جائے اور راہوں کی حفاظت کرے۔ نہ بن حنظلہ کلابی کو حکم ہوا کہ ہزار سوار لیکر قلب لشکر میں رہے اور ذکوان بن علوان النہاری کو حکم دیا کہ پندرہ سو سوار لیکر ہو کہ بن بسایا حاکم بیت کے ہمراہ رہے اور بھیتی تھا کہ روں اور غزنوی جاٹوں کو جنہوں نے مسلمانوں کی اطاعت اختیار کرلی تھی اور اُن کو محمد قاسم نے نوکر رکھ لیا تھا حکم دیا کہ وہ ساگر اور جزیرہ بیت میں رہیں اور دریاے مہران کی کم عرض جگہ تجویز کرکے کشتیوں کو حکم دیا کہ یہاں لگائی جاویں۔

جب داہر کو خبر ہوئی کہ محمد قاسم کے پاس بہت سی کشتیاں ہو کہ پسر بسایا نے جمع کردی ہیں تاکہ وہ دریا سے عبور کرجائے تو اُس نے اپنے بیٹے کو بیت میں بھیجا کہ وہ محمد قاسم کو روکے ہو کہ کا سگا بھائی راہل تھا جو ہمیشہ ہو کہ سے دشمنی رکھتا تھا وہ داہر کے پاس آیا اور اُسنے کہا کہ مہاراج آپ اجازت دیجئے کہ میں بیت میں جاکر لشکر عرب کو دریا نہ اُترنے دوں داہر نے اُسکی درخواست منظور کرکے بیت کے اور سب مقدموں اور اکابر کو کہدیا کہ اُسکی اطاعت کریں اور اپنے بیٹے کو واپس بلالیا

جب محمد قاسم نے کشتیوں کو جمع کراکے اُنکو بندھوانا شروع کیا تو راہل مقدموں اور بڑے بڑے آدمیوں کو ساتھ لیکر حملہ آور ہوا کہ محمد قاسم کشتیوں کا پُل نہ بنا سکا۔ محمد قاسم نے یہ دیکھکر حکم دیا کہ کشتیوں کو مغربی کنارہ پر لیجاکر بقدر دریا کے عرض کے جوڑیں۔ جب کشتیاں جڑگئیں تو اپنے مردان جنگی پورے ہتیار لگاکے بٹھائے اور پُل کے سرے کی کشتی پر تیر اندازوں کو بٹھایا جنہوں نے راستہ روکنے والے دشمنوں پر تیروں کا مینہ برسایا۔ اسطرح پل کو تیار کرکے مشرقی کنارہ پر جا لگایا پھر زمین میں میخیں گاڑکر پل کو باندھ دیا۔ اُسپر سے پیادوں اور سواروں نے اُتر کر دشمن کے لشکر کو جیہم کے دروازہ تک تعاقب کیا صبح کو راجہ داہر خواب راحت میں تھے کہ ایک شخص نے جگاکر مفصل حال اس ماجرے کا سُنایا تو داہر نے خفا ہوکر اُس سے کہا کہ کیا بُری خبر لایا ہے اور اُسکی پیٹھ پر ایک ایسا گھونسہ مارا کہ وہ مرگیا۔

محمد قاسم کی تیاری کی مشرقی فوج کو دریا کے اُتارنے سے روکنا

راہل کا بیت میں مقرر ہونا

محمد قاسم کا مقابل میں پہنچنا اور دریا سے عبور کرنا

جب محمد قاسم نے دریا سے عبور کیا تو اُس نے منادی کی کہ اے لشکر اسلام اب مہران تمہاری پس پشت ہے اور لشکر دشمنان تمہارے روبرو ہے جس شخص کا دل چاہے وہ بہتر ہے کہ یہاں سے اُلٹا چلا جائے اگر لڑائی کے وقت دشمن سے کوئی بھاگے گا تو لشکر کی دلشکنی ہوگی اور دشمن کا حوصلہ بڑھیگا یہ سنکر سوائے تین شخصوں کے کوئی اور واپس نہ گیا۔ انمیں سے ایک شخص نے کہا کہ ایک لڑکی کے سوائے میرا کوئی اور نہیں ہے جو اُسکی خبر لے۔ دوسرے نے کہا کہ ماں کے سوائے میرے گھر میں کوئی اور نہیں ہے کہ اُسکو دفن بھی کرے۔ تیسرے نے کہا کہ مجھ پر قرض بہت ہے کوئی اُسکا ادا کرنیوالا نہیں ہے اُنکو محمد قاسم نے اجازت دیدی۔ سارا لشکر پُل پر سے بخیر و خوبی اُتر گیا صرف ایک شخص پل پر سے گر ضائع ہوا۔ اہل عرب کے سارے گھوڑے لوہے میں غرق تھے۔ وہ چلکر حصار بیت میں پہونچے اور یہاں اُنہوں نے دم لیا۔ طلایہ مقرر کیا۔ لشکر کے گرد خندق کھودی اور سارا اسباب اپنا قلعہ میں رکھا۔ پھر قلعہ بیت کے محمد قاسم راور کو روانہ ہوا اور جیوار (جیسور) میں پہونچا۔ جیوار اور راور کے درمیان ایک جھیل تھی جس پر راجہ داہر نے اپنے منتخب دل اور فوج کو بٹھا رکھا تھا۔

راجہ داہر نے محمد حارث علافی کو بلا کر یہ کہا کہ اے حارث ہمنے تمکو آج ہی کے دن کیلئے پرورش کیا ہے تمکو ہمیشہ ہم لشکر طلایہ سپرد کیا کرتے ہیں۔ اب بھی اُسکو حوالے کرتے ہیں تم لشکر عرب کی رسم سے واقف ہو اس کام کو خوب انجام دوگے۔ علافی نے جواب دیا کہ ای راجہ صاحب آپکا حق نعمت مجھپر واجب ہے۔ مگر ہم مسلمان ہیں اور لشکر اسلام سے لڑنا ہمارے مذہب میں حرام ہے اسلئے کہ اگر لڑائی میں مسلمانوں کے ہاتھ سے ہم مارے جائیں تو حرام موت مریں اور اگر اُنکو ماریں تو قیامت کو دوزخ میں جائیں۔ اگرچہ میں مرہون منت ہوں۔ مگر اب یہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ مجھے ترک خدمت کی اجازت فرمائیے۔ راجہ داہر نے حارث سے کہا کہ اعانت کی تجھ سے توقع نہیں رہی تو میں مجبوراً تجھکو موقوف کرتا ہوں محمد حارث علافی یوں موقوف ہو کر بیل مان میں چلا گیا وہیں ٹھہرا رہا جبتک کہ داہر کشتہ ہوا۔ بعد ازاں محمد قاسم نے اُسے امان دیکر ایک عہدہ پر مقرر کر دیا۔ وہ ملوک ہندوستان پاس جاتا اور انکو مسلمان ہونے پر یا خراج دینے پر تحریص دیتا اور محمد قاسم کی عنایت کا اُنسے وعدہ کرتا۔ اسطرح اُن کو اطاعت میں لاتا۔ ملتان میں پہونچکر وہ مرگیا۔

ایک روایت یہ ہے کہ محمد حارث علافی سے راجہ داہر نے کہا کہ لشکر عرب سے تو لڑتا نہیں تو میرے ساتھ رہ لشکر عرب کے مکر و کید پر مطلع کرتا رہ۔ اور اُنکے دفع کی تدبیر بتلاتا رہ۔ اُسنے راجہ داہر کا کہنا مان لیا اور اُسکے لشکر طلایہ کیساتھ لشکر عرب کے تجسس میں روانہ ہوا تو اہل عرب نے اُس کو بہت لعن طعن کی اور اُسکو شکست دی اور وہ واپس چلا آیا۔

جب محمد قاسم نے حجاج کو دریا عبور کرنیکا حال تحریر کیا تو وہاں سے لکھا آیا کہ پانچ وقت کی نماز پڑھکر اور

داہر کا محمد علافی سے درخواست کرنا اور اُسکا جواب دینا اور موقوف ہونا

تکبیر و قرأت و قیام و رکوع و سجود و قعود میں تضرع و زاری خدا کے روبرو کیا کرو ہر وقت زبان پر ذکر الٰہی جاری رکھو تاکہ کام کا انجام بخوبی ہو کیونکہ قوت و شوکت بے عنایت الٰہی کے میسر نہیں ہوتی۔ اگر خدا تعالیٰ کے فضل و کرم پر بھروسا قوی رکھوگے تو اُمید قوی ہے کہ فتح و نصرت قرین و معین ہوگی۔

جب محمد علافی طلایہ سے واپس آگیا تو راجہ داہر نے اپنے بیٹے جے سیہ کو بہت سی سپاہ اور ہاتھیوں کے ساتھ روانہ کیا لشکر عرب نے جے سیہ پر حملہ کیا اور اُسکے لشکر میں بہت آدمی مارے جے سیہ ہاتھی پر سوار تھا فیلبان نے اُس سے پوچھا کہ کیا لڑیئے گا یا مراجعت کیجئے گا اور اس ہلاکت سے بچئے گا۔ راجہ جے سیہ نے کہا کہ میں کیونکر بچ سکتا ہوں۔ چاروں طرف کی راہیں بند کر رکھی ہیں۔ دشمن باہر نکلنے نہیں دینگے۔ اس کہنے سے فیلبان اسکا ایما سمجھ گیا کہ وہ بھاگنے کا ارادہ رکھتا ہے اُس نے ایک طرف ہاتھی سے عربوں کو ہٹا دیا اور جے سیہ کو سلامت نکالکر لے گیا اور باپ پاس پہنچا دیا۔ باپ بیٹے کو زندہ دیکھ کر نہال نہال ہوگیا۔ مگر جے سیہ کا لشکر سارا مارا گیا۔

جے سیہ کو ہزیمت ہوئی اور اسکا لشکر مارا گیا تو راسل نے محمد قاسم پاس ایلچی بھیجا۔ وزیر نے اُسکو سمجھایا کہ رائے داہر تجھ پر بالکل اعتماد رکھتا ہے اور تیری موافقت پر اُسکے کار کا مدار ہے۔ معلوم نہیں اہل عرب کو فتح ہو یا شکست ہو موکہ تیرا بھائی تیری مخالفت کے سبب سے اہل عرب سے ملا ہے اگر ایسی حالت میں تو داہر سے دغا کریگا تو ہمیشہ کے تیرے خاندان کو داغ لگجائیگا مگر محمد قاسم کو اُسنے ایک معتمد کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ میں اپنی رونق کار چاہتا ہوں اور مخالفوں کے طعن سے بچنا چاہتا ہوں۔ میں راجہ داہر پاس فلاں راہ سے جاتا ہوں آپ لشکر اس راہ میں بھیجدیجئے میں اس سے لڑنے کا نہیں بلکہ اُسکے ہاتھ میں گرفتار ہوجاؤنگا یوں لوگوں کی طعن و تشنیع سے بچ جاؤنگا آپ سے بس ملیگا چنانچہ یہی ہوا کہ اسلام کا ایک لشکر اُسکو گرفتار کر لایا۔ محمد قاسم نے اس سے استعالی کہ تو ہمارا دوست صادق بنجا اور جس ملک کو تو کہے گا میں اُسے تجھے دیدونگا۔ راسل نے اس سے اقرار کیا کہ میں کبھی آپکی اطاعت سے سرتابی نہ کرونگا اور آپ کی خدمت کرونگا اور آپکی رضا سے باہر قدم نہیں رکھونگا۔ راسل جلد مرگیا۔ اس لئے ملک موعود سے محروم رہا مگر اُسکے بھائی کو وہ مل گیا۔ راسل اور موکہ دونوں متفق الرائے ہوکر محمد قاسم کو ایک منزل آگے موضع تارائنی میں لیگئے اُسوقت راجہ داہر کانسبی جاٹ میں تھا۔ ان دونوں کے لشکروں کے درمیان ایک بڑی جھیل حائل تھی جس سے پار جانا مشکل تھا۔ راسل نے محمد قاسم سے کہا کہ اس جھیل سے عبور کرنا ضرور ہے۔ وہ ایک کشتی لے آیا اور تین تین آدمیوں کو بٹھا کر سارا لشکر اُتروا دیا اور جھیل کے کنارہ پر خیمہ لگایا۔ یہاں سے محمد قاسم کو راسل ایک منزل آگے لے گیا اور ندی دادھا وہ پر جے وار (جیسلمیر) میں اُتارا اور اُس سے کہا کہ یہ مقام آپکی لشکر گاہ

راجہ داہر کی جے سیہ کو بھیجنے پر محمد قاسم کی مخالفت کا ذکر

کے لئے مناسب ہے۔ یہاں سے آپ داہر کے لشکر پر پس و پیش حملہ کر سکتے ہیں۔

راجہ داہر کو یہ خبر پہنچی کہ جیوار میں محمد قاسم مع لشکر آن پہونچا۔ وزیر سی ساگر یہ خبر سنکر آہیں سرد کھینچنے لگا کہ ہائے افسوس ہم غارت و تباہ ہوئے۔ دشمنوں نے مقام جیوار (مقام فتح) میں ہو تو اُنکے جے ہونے میں کیا شبہ ہے۔ راجہ داہر وزیر کی یہ بات سنکر بہت خفا ہوا اور کہنے لگا کہ دشمنوں کا مقام جیوار میں نہیں ہے بلکہ ہین وار میں ہے۔ جہاں اُنکی ہڈیاں پڑی سڑا کرینگی۔ اب داہر یہاں سے پریشان خاطر ہو کر راور کے قلعہ میں پہونچا یہاں اپنے اہل و عیال و اقربا اور مال اسباب کو محفوظ کر کے ایسے مقام پر آیا کہ لشکر عرب سے نصف فرسنگ تھا۔ نجومیوں سے داہر نے کہا کہ آج میں لڑونگا بتاؤ زہرہ آسمان میں کس مقام پر ہے اور ان دونوں لشکروں میں سے کون غالب مغلوب ہوگا۔

جوتشیوں نے بچار کر کے کہا کہ ہماری گنت سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ لشکر عرب غالب ہو۔ اسواسطے کہ زہرہ آپکی پس پشت ہے اور آپکے روبرو ہے۔ داہر اس بات کو سنکر غصہ ہوا تو نجومیوں نے کہا کہ آپ خفا کیوں ہوتے ہیں زہرہ کی پیکر زر بنوا لیجئے اور اور فتراک میں اُسے باندھ لیجئے تو زہرہ پس پشت آپکے ہو جائیگا۔ اور فتح آپ کو ہو جائے گی (اس حماقت کو دیکھئے کہ کہاں لڑائی اور کہاں یہ ٹونکا۔ جو تمام عالی دماغی اور بہادری کے بازوؤں کا کاٹنے والا ہو وہ بھلا کہیں ان نجومیوں کی پیشینگوئی سے چل سکتا ہے)

جب ان لشکروں میں یہ قربت ہو گئی تو راجہ داہر نے ایک اپنے بڑے دلیر ٹھاکر کو لڑنے کے لئے بھیجا۔ صبح سے شام تک معرکہ جنگ گرم رہا۔ شام کو لشکر جدا ہو گئے۔ تیسرے روز داہر نے ایک چوہاکے ٹھاکر کو لڑنے کیلئے بھیجا وہ خوب لڑا اور بقدر جان لڑائی کی نذر کر گیا۔ وزیر سی ساگر نے راجہ سے کہا کہ جراح سے آپ لڑائی لڑتے ہیں خفا کرتے ہیں اور ایک ٹھاکر کو اور اُسکے لشکر کو مسلمانوں کے ہاتھوں سے قتل کراتے ہیں۔ اول تو آپکو دریا رہمان سے عبور کر کے مسلمانوں کے لشکر کو پریشان کرنا چاہیئے تھا۔ اب جو لشکریاں سر پر آگیا تو آپکو چاہیئے کہ اپنے سارے لشکر سے اُنپر حملہ کیجئے۔ اگر فتح ہوئی تو دشمن پامال ہوا اور اگر شکست ہوئی تو معذوری ہے۔ کوئی اُسپر آپکی اولاد کو طعنہ نہیں دیگا۔ داہر نے یہ بات قبول کی۔

دوسرے روز داہر پانچ ہزار سوار ساٹھ جنگی فیل مین ہزار پیادے لیکر لشکر عرب پر چڑھا اور خود زندہ فیل پر بیٹھا سرتاپا ہتیاروں میں غرق تھا۔ عماری میں دو کنیزکیں بھی بیٹھی ہوئی تھیں۔ انمیں سے ایک راجہ کو تیر دیتی تھی اور دوسری اُسکو پان کھلاتی تھی۔ راجہ جیسیہ کے ساتھ محمد علافی کو کیا اور کہدیا کہ وہ عرب کے لشکر کے حال کو خوب جانتا ہے۔ اُسکے کہنے کیموافق آگے پیچھے بڑہنا و ہٹنا۔ آج نویں رمضان ۹۳ھ تھی۔ محمد قاسم مسلمانوں کے دلوں کو تقویت دیتا تھا اور اُنکو جنگ پر مستعد کرتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ اے اہل عرب آج ہی کوشش کا دن ہے خدا پر بھروسہ

اگر کے ایسی جد وجہد کرو کہ مشرکوں کو دفع کرو اور اُنکے ملک و مال کے مالک بنو۔ اگر تم ساکن رہوگے اور متردد ہوگے اور عجز وضعف کو دل میں راہ دوگے تو دشمن غالب ہونگے اور ہم میں سے کسیکو زندہ نہیں چھوڑینگے۔ اگر دشمنوں سے منہ پھیر لوگے تو سیدھے جہنم میں جاؤگے اور ہمیشہ کیلئے اپنے اوپر نامردی کا داغ لگا جاوگے جو کسیطرح مٹنے کا نہیں محمد قاسم نے لشکر آرائی پانچ صفوں میمنہ میسرہ وقلب وساقہ وطلایہ میں کی اور ہر ایک صف میں افسر دلاور و دلیر مقرر کئے اور یہ بھی کہدیا کہ اگر میں لڑائی میں مارا جاؤں تو محمز بن ثابت میری جگہ مقرر ہو اور اگر وہ بھی شہادت پاوے تو سعید مقرر ہو۔ لشکر اعدا میں بھی راجہ داہر نے خوب صف آرائی کی۔ غرضکہ بہادران عرب و ہند نے فرداً فرداً اپنے سارے ہنر جوانمردی کے دکھائے اول محز نے حملہ کیا اور وہ کشتہ ہوا۔ پھر سعید نے لشکر کو تقویت دی اور لڑنا شروع کیا اور وہ بھی شہید ہوا۔ بعد ازاں حسن بن مجلۃ البکری کھڑے ہوئے وہ بھی زخم تیغ سے کشتہ ہوئے جب دشمنوں نے جنگی ہاتھیوں سے لشکر اسلام پر حملہ کیا تو انھوں نے بڑی مردانگی اور دلاوری سے اُسکو ہٹا دیا۔ اتنے میں دن ختم ہو گیا۔ لڑائی کا خاتمہ ہوا۔ لشکر واپس گئے پھر دوسرے روز اور زیادہ طرفین سے ساز وسامان جنگ ہوئے۔ محمد قاسم نے اہل عرب کے روبرو خطبہ پڑھا کہ تم دشمنوں پر جست کرکے جاؤ وہ اپنے مال وعیال گھر واسباب کے لئے یکدل ویکجہت ہوکر جان لڑاتے ہیں۔ تم قوت الٰہی سے اُنپر غالب ہوکر یہ ساری چیزیں اُنکی چھین لو اور سب آپسمیں یکدل ہو جاؤ اور کسی وقت خدائے عزوجل سے غافل نہ ہو اور قرآن مجید پڑھتے رہو۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا ورد رکھو۔ لشکر میں یہانتک اہتمام تھا کہ کسی سپاہی کو پیاس بجھانے کیلئے جانا نہیں پڑتا تھا۔ پانی پلانے والے پیاسوں کے لئے پانی لئے کھڑے رہتے تھے۔ دشمنوں کے پاس بھی لشکر اور سامان لشکر ایسا فراوان تھا کہ وہ خوشی کے مارے پھولے نہ سماتے تھے۔ محمد قاسم نے پھر لشکر کے سامنے خطبہ پڑھا کہ اے مسلمانو استغفار کرو اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھو۔ اور ایسے قوی دل ہوکہ دشمنوں پر فتح پاؤ۔ فقط دشمنوں میں سے چند آدمی محمد قاسم پاس آئے اور انھوں نے کہا کہ اے امیر عادل ہم اپنے مذہب کو چھوڑتے ہیں اور اسلام اختیار کرتے ہیں ہمکو اپنے سواروں کی فوج کا افتیار دے تو ہم داہر کے لشکر پر پس پشت اور تم روبرو حملہ آور ہو اور یوں لشکر کو دو دل کرکے تتر بتر کردو۔ محمد قاسم نے اسی وقت مروان بن اشیم یمنی اور تمیم بن زید حبشی کو سیاہ علم سواروں کے ساتھ کر دیا کہ داہر کے لشکر کے عقب میں جاکر حملہ کریں۔ اس لشکر کے حملہ سے داہر کے لشکر میں ایک انتشار پیدا ہو گیا۔ پھر محمد قاسم نے سامنے سے حملہ کیا بڑی سخت لڑائی ہوئی اور متواتر جنگ ہوتی رہی۔ مسلمانوں کے لشکر میں ایک شجاع حبشی تھا کہ شجاعت میں بیمثل تھا اُسنے محمد قاسم کے آگے قسم کھائی کہ جبتک داہر کے مقابل نہ ہوں اور اُس کے ہاتھی پر زخم نہ لگاؤں کھانا پینا مجھ پر حرام ہے جب تک جسم میں جان رہیگی لڑتا رہونگا ورنہ شہید ہو جاؤں گا۔ چنانچہ وہ سیاہ گھوڑے پر سوار

ہوکر اس سفید ہاتھی کے سامنے جا اڑا کہ جس پر داہر سوار تھا۔ اسکا گھوڑا ہاتھی سے جھجکا۔ اندھیری اُس کے مُنہ پر ڈالی حبشی چاہتا تھا کہ ہاتھی پر تیر سے زخم لگائے کہ داہر نے ایک تیر کہ مقراض کیطرح کاٹتا تھا ایسا اُسکے مارا کہ سر اُسکا کٹ کر جدا جا پڑا اور تن بے سر گھوڑے پر رہ گیا۔ اس سے لشکر اسلام پر لشکر اعدا کی ہیبت چھائی۔ لشکر اسلام اس حیرت و وحشت میں مبتلا تھا کہ محمد قاسم نے بدہوشی کی حالت میں اپنے غلام ساتی سے کہا کہ مجھے پانی پلاؤ۔ پانی پیکر پھر اُس نے لشکر اسلام کو سنبھالا۔ اور محمد قاسم نے اپنے سب یاروں کو پکارا اور للکارا اور خدا کا نام لے کر دشمنوں پر حملہ کر دیا تلواروں کے زخموں سے ہوا میں آگ لگی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ نیزے ایک دوسرے پر چل رہے تھے۔ ہتیار جب ٹوٹ جاتے تھے تو کشتی ہونے لگتی تھی۔ صبح سے شام تک یہی حال رہا۔ دشمنوں کے بہت آدمی مارے گئے۔ اور داہر پاس صرف ایک ہزار سوار باقی رہ گئے۔

مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ روز پنجشنبہ دہم ماہ رمضان ۹۳ھ کو حصار راور میں راجہ داہر شام کو کشتہ ہوا۔ ابی الیش نے جس روایت کو اپنے باپ سے سُنا تھا اُسکو اوڈھن یوں بیان کرتا ہے کہ بائیں طرف سے داہر نے آواز سُنی اُسنے جانا کہ آواز میرے لشکر سے آئی ہے۔ اُسنے کہا کہ ادھر آؤ میں یہاں ہوں۔ عورتوں نے چلّا کر کہا کہ اے راجہ ہم تیرے گھر کی عورتیں ہیں اہل عرب ہمکو پکڑے لے جاتے ہیں۔ راجہ داہر نے کہا کہ میں ابتک زندہ ہوں کسنے تمکو پکڑا ہے۔ یہ کہکر اُسنے اپنی ہاتھی کو مسلمانوں کیطرف پھیلا۔ محمد قاسم نے فقط زنوں سے کہا کہ دیکھو کیا خوب شکار تمہارے لئے چلا آتا ہے۔ چنانچہ ایک ہنرمند نے فقط ایسا مارا کہ راجہ کے ہاتھی کے ہودہ میں اُس سے آگ لگ گئی۔ راجہ داہر نے حکم دیا کہ ہاتھی کو اُسٹالیچلو وہ پیاسا ہے اور ہودہ جلتا ہے اگرچہ اسوقت ہاتھی فیلبان کے انکس کو کب مانتا تھا اور اُسکے کہنے میں چلتا تھا۔ مگر جوں توں کرکے پانی کے اندر ہاتھی کو لیگئے یہاں وہ ایسا رو میں آیا کہ اُسکا نکلنا دشوار ہوگیا۔ راجہ کے کچھ سپاہی پانی کے اندر تھے کچھ کنارہ پر کھڑے تھے جب عرب کے سوار آن پہنچے تو وہ اُنھیں دیکھکر بھاگ گئے۔ ہاتھی نے پانی پیکر اپنا رُخ قلعہ کیطرف پھیرا۔ کہ مسلمان تیراندازوں نے راجہ داہر پر تیروں کا مینہ برسا دیا اور ایک تیرانداز نے اُسکی چھاتی پر تیر مارا کہ سینہ کو چھید کر دلکے پار نکل گیا جس سے راجہ ہودہ اگرا ہاتھی جو پانی پیکر نکلا اُسنے اپنے ہی لشکر کو روندنا شروع کیا۔ (مثل مشہور ہے کہ نامرد ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارتا ہے) جس سے لشکر متفرق ہوگیا۔ داہر ہاتھی سے اُترکر ایک عرب سے مقابل ہوا۔ اس عرب نے سر کے عین وسط میں ایک تلوار کا ہاتھ ایسا مارا کہ اُسنے راجہ کے سر کے ناک تک دو ٹکڑے کر دیئے اور اسطرح اُسکا کام جو پہلے تمام تھا تمام کر دیا۔ دونوں لشکر پاس پاس آگئے مسلمانوں اور دشمنوں کے لشکر میں بہت گمسان لڑائی ہوئی اور اسطرح لڑتے لڑتے قلعہ راور تک لشکر عرب پہنچا۔ برہمن جو پانی میں کھڑے تھے انھوں نے اب دیکھا کہ جہاں داہر کشتہ ہوا تھا وہ میدان خالی پڑا ہے تو وہ پانی سے باہر آئے اور انھوں نے داہر

راجہ داہر کا مارا جانا

کی لاش کو پانی کے کنارہ پر دیدیا۔ سفید ہاتھی دشمنوں کے لشکر کی طرف بھاگا اور پھر اُسکا پتہ نہ لگا۔

محمد قاسم نے جیش پسر اخی عامر سے کہا کہ لشکر میں منادی تم کردو کہ وہ بھی اپنی کمریں نہ کھولیں اور ہوشیار رہیں داہر غائب معلوم ہوتا ہی لیکن جیش نے کہا کہ میرا دل گواہی دیتا ہی کہ داہر مارا گیا۔ محمد قاسم ہر شخص سے پوچھتا تھا کہ داہر غائب ہوا اسکی خبر بتاؤ۔ ایک برہمن نے کہا کہ اے امیر عادل مجھے اور میرے فرزندوں اور عزیز واقارباکو جان ومال کی امان دے تو میں داہر کو بتلاتا ہوں کہ وہ کہاں کشتہ پڑا ہی۔ برہمن کی درخواست منظور ہوئی معتمد اسکے ساتھ کیئے گئے وہ اُسکی لاش کو نکال لائے۔ اس میں مشک وعطر کی خوشبو ابتک آتی تھی۔ پھر اُسکا سر کاٹ لیا اور نیزہ پر چڑھایا۔ اور محمد قاسم کے آگے لاکر رکھا۔ محمد قاسم نے کہا کہ کوئی شخص ایسا ہی جو اس سر کو پہچانتا ہے۔ وہی دونوں لونڈیاں جو اُسکے ساتھ سواری میں بیٹھی تھیں حاضر ہوئیں۔ اُنھوں نے سر کو پہچانا اس خدمت کے جلدو میں لونڈیوں اور برہمن کے تین سو رشتہ دار آزاد ہوئے۔ اہل حرب جو ماخوذ ہوئے تھے اُنکو بالکل مار ڈالا اور جو صناع وتجار تھے اُن کو جان ومال کی امان دیگئی اور سب کو حکم دیدیا گیا کہ وہ اپنے گھروں میں آباد رہیں۔

رانی لادی اپنا حال یہ بیان کرتی ہی کہ جب لشکر اسلام داہر سے لڑ رہا تھا تو ہر رانی پر ایک موکل مقرر کیا تھا کہ اگر لشکر عرب کو فتح ہو تو یہ موکل ان رانیوں کو مار ڈالیں۔ تاکہ وہ مسلمانوں کے ہاتھ میں گرفتار ہو کر بے عصمت نہوں جو موکل مجھ پر متعین تھا اُسنے مجھ سے کہا کہ تیرا بشرہ ایسا شگفتہ معلوم ہوتا ہی کہ تیرا دل اہل عرب کیطرف مائل ہی۔ پس جب لشکر ہند کو شکست ہوئی تو موکلوں نے اپنی اپنی رانیوں کو مارنا شروع کیا۔ میں اونٹ سے اُتر کر لڑائی میں شریک ہو گئی موکل نے میرے قتل کرنیکا خیال نہ کیا اور وہ بھاگ گیا مسلمانوں نے مجھے گرفتار کر لیا۔ محمد قاسم نے اُسکے خریدنے کی اجازت طلب کی۔ حجاج نے خلیفہ ولید سے اجازت لی تب محمد قاسم نے مجھے خریدا اور اپنا نکاح مجھ سے کیا۔

امیر عراق وہند حجاج بن یوسف کی پیشگاہ میں بعد از تحیات وافرہ وخدمات متوافرہ کے محمد قاسم عرض کرتا ہی کہ خدا تعالیٰ کی عنایت سے لشکر اسلام کو فتح ہوئی۔ جانبین سے مبارزان دلیر شجاعان دلاور فداکار تیغ آبدار ہوئے اور لشکر داہر میں جو پیلان مست اور سوار سلاح میں غرق تھے وہ منہزم ومقہور ہوئے۔ ہاتھی گھوڑے واسعتہ واقمشہ وبردہ وموا شی اُنکے سب ہمارے تصرف میں آئے۔ خمس اسکا دار الخلافہ کے خزانہ داخل ہوا۔ جب کام اس طرح بن گیا ہے تو کرم الٰہی سے توقع ہی کہ کل ممالک ہند وسندھ محکوم ومطیع ہو جائیں گے۔

محمد قاسم نے داہر کا سر حجاج پاس بھیجدیا اور اُسکے ساتھ بہت سے وہ خاص الخاص آدمی کردیئے جنھوں نے اس لڑائی میں کارنمایاں کیئے تھے اور اُنکی تعریف شرح وبسط سے لکھدی کہ انھیں کی قوت وشوکت واعانت سے

فتح ہوئی اور جن رؤسا ہند نے سرکشی کی تھی اُنکے سر بھی اور نام بھی لکھکر بھیجدیجئے۔ اور بٹھا کروں کے سر اور سلطنت کے علم وطبل ایک جماعت لیکر حجاج پاس آئی۔ حجاج نے حکم دیا کہ کوفہ میں منادی کریں اور خود جامع مسجد کو فہ میں ممبر پر چڑھا۔ خدا کی حمد پڑھی اور رسول خدا پر درود پڑھا۔ دولت محمدی کے چاکروں پر ثناء وافر کہی۔ اہل شام وعرب کو مبارکباد دی کہ ملک ہند ایسا ہاتھ لگا ہے کہ جسمیں مال بہت ہے۔ دریا، مہران کا پانی لذیذ ہے اور بے انتہا میوے وہاں ہوتے ہیں۔ جس گروہ نے کہ لڑائی میں دلیرانہ کام کئے تھے اُن کو گرانمایہ خلعت اور بہت انعام دئے۔ خلیفہ ولید سے اُنکی ایک تخصیص کرادی اور محمد قاسم کے فتحنامہ کے جواب میں مبارکباد نامہ لکھ بھیجا۔

حکایت حجاج کی بیٹی کے نکاح کی محمد قاسم کے ساتھ

حجاج کی بیٹی کا جو نکاح محمد قاسم کیساتھ ہوا اُسکی یہ حکایت مشہور ہے کہ ایک روز حجاج خوش ہوکر محمد قاسم سے کہا کہ جو چاہو وہ مانگو اور جو دل میں آرزو ہو اُسے کہو۔ محمد قاسم نے کہا کہ میری یہ درخواست ہے کہ آپ مجھے بادشاہ بنادیں اور اپنی بیٹی کا نکاح میرے ساتھ کردیں۔ اُسپر حجاج نے ایک قحبہ محمد قاسم کے سر پر ماری اور پھر کہا کہ مانگنا ہے اور جو کہتا ہے وہ کہہ۔ تو محمد قاسم نے پھر وہی درخواست کی۔ اسپر پھر قحبہ لگی۔ اور تیسری دفعہ پھر حجاج نے اُس سے کہا کہ جو چاہو مانگو جو دل میں ہو سو کہو محمد قاسم نے پھر وہی پہلی درخواست کی حجاج نے کہا کہ میں اپنی بیٹی کا نکاح اس شرط سے کرتا ہوں کہ لشکر فارس یا ہند پر تو بادشاہ ہو اور وہاں کی مال و دولت کو حاصل کرے اور اُس کو فتح کرکے نظم ونسق مستحکم تو وہاں کردے۔

راجہ جے سیہ کا قلعہ راور میں محصور ہونا اور اُسکے لئے علاقی کا روانہ ہونا

سب مؤرخوں کا اس میں اتفاق ہے کہ راجہ داہر نے جب اس دنیا سے انتقال کیا تو راجہ جے سیہ اُسکا بیٹا اور رانی مائی جو اُسکی بہن بھی تھی اور رانی بھی تھی اور تخت سلطنت پر بھی برابر بیٹھتی تھی یہ دونوں اور بہت سے عزیز و اقربا۔ امراء سردار و لشکر قلعہ راور میں پناہ گزیں ہوئے۔ راجہ کو اپنی شوکت و شجاعت و قوت پر بڑا اعتماد و غرور تھا اُسنے لڑنے کا ارادہ کیا محمد علافی بھی اُسکے ساتھ تھا۔ جب باپ کے مرنے کی خبر آئی اور اُسکا سفید ہاتھی لنگڑاتا ہوا سامنے آیا تو جے سیہ نے کہا کہ اب ہم خصم سے لڑتے ہیں اور اپنے نام نیک کی بقا کیلئے تیغ زنی کرتے ہیں اگر اسمیں جان بھی جاتی رہیگی تو کچھ نقصان نہیں ہوگا اسپر سی ساگر وزیر نے کہا کہ شاہزادہ کی یہ رائے ناصواب ہے۔ ہمارا راجہ مارا گیا۔ لشکر کو ہزیمت ہوئی ہماری جمعیت متفرق ہوئی۔ دشمن کی تلوار کا رعب ایسا دلپر بیٹھا ہے کہ جنگ سے نفرت ہے۔ کس طرح اہل عرب سے ہم حرب کرسکتے ہیں۔ ابھی ملک برقرار ہے حصنہای حصین موجود ہیں۔ اُنمیں مردان جنگی اور رعیت حاضر ہیں۔ رائے صواب اور مصلحت یہ ہے کہ برہمن آباد چلئے یہ قلعہ آپکے باپ دادا کی میراث ہے اور راجہ داہر کا مسکن ہے۔ خزینے دفینے وہاں موجود ہیں۔ رعیت وہانکی خاندان چچ کی ہوا خواہ ہے۔ سب آپ کیطرف سے دشمنوں سے لڑنے کو اور جان دینے کو تیار رہیں۔ علافی سے بھی اس باب میں مشورت لیگئی۔ اُسنے اس رائے سے اتفاق کیا۔ جے سیہ نے اس

راے کو پسند کیا اور وہ مع اپنے متعلقوں اور عزیز واقربا کے برہمن آباد چلا گیا۔ رانی مائی مع سرداران فوج کے لڑنے کو تیار ہوئی۔ قلعہ میں اُس نے اپنے لشکر کا ملاحظہ کیا تو پندرہ ہزار سپاہی تھے اور مرنے پر سب کے سب تیار تھے۔ جب دوسری صبح کو راجہ داہر کے مرنے کی خبر سُنی تو مہران اور ندی دوہاد اکے درمیان تمام سردار اور امراء و رادت جو رانی مائی سے اتحاد رکھتے تھے وہ قلعہ میں داخل ہوئے۔ محمد قاسم کو جب یہ خبر ہوئی تو وہ حصار کی طرف چلا اور حصار کے زیر دیوار خیمے ڈیرے ڈالے۔ اہل حصار نے قلعہ کی فصیل و برجوں پر طبل و بوق بجا کر منجنیق سے تیر اور تبر اور برچھے پھینکنے شروع کئے۔

محمد قاسم نے سُرنگ کھودنے والونکو دیوار کے نیچے سُرنگ کھودنیکا حکم دیا اور اپنی لشکر کو دو حصونمیں تقسیم کیا۔ ایک حصہ دن کو منجنیق و تیر و نیزہ سے جنگ کرتا تھا اور دوسرا حصہ رات کو نفطے کے حُقے اور پتھر مارتا تھا۔ اُنھوں نے قلعہ کے برج گرا دیئے۔ اب داہر کی بھی رانی مائی نے اپنی سہیلیوں کو بلایا اور یہ فرمایا کہ ہمکو جوہر کیلا چھوڑ گیا۔ اور محمد قاسم سر پر آن پہنچا خدا وہ دن نکرے کہ ہم ان گاؤ کھانیوالوں ملیچھوں کے ہاتھ پڑیں اور ہماری عصمت و عفت کو داغ لگے اب جائے قرار نہ رہے فرار۔ بہتر ہو کہ گھر میں روئی تیل لکڑی جمع کیجئے اور آگ لگا کے جل مریئے اور اپنے اپنے خاوندوں سے جا ملئے جس کسیکو یہ منظور نہو وہ اپنی جان بچا کر چلا جائے۔ یہ کہکر وہ سب گھر میں گئیں اور اُس کو آگ لگا دی اور جلکر خاکستر ہو گئیں پھر محمد قاسم نے قلعہ لے لیا دو تین روز یہاں مقام کیا چھ ہزار جنگی مردوں کو جو قلعہ کے اندر تھے تلواروں اور تیروں سے مار ڈالا اور اور لوگوں کو مع زن و بچہ کے اسیر کیا۔

جب قلعہ را و فتح ہو گیا تو ساری خزانے و اموال و سلاح سوائے اُنکے جو جو سیہ اپنے ساتھ لیگیا تھا فتحمندوں کے ہاتھ آئے اور وہ سب محمد قاسم کے پاس آئے جب قیدیونکا شمار ہوا تو وہ تیس ہزار تھے منجملہ اُنکے تیس امیر زادیاں و شہزادیاں تھیں اور ایک راجہ داہر کی سگی بھانجی تھی جسکا نام حمیسیہ تھا اُن کو اور داہر کا سر اور قیدیونکا خمس کعب بن محارق کے ہاتھ حجاج پاس بھیجدیا جب داہر کا سر اور یہ عورتیں اور مال حجاج پاس پہونچے تو اُسنے خدا کی درگاہ میں سجدہ کیا اور دو گانہ شکر ادا کیا اور خطبہ پڑھا جسکا ذکر اوپر ہوا۔ اور اُسنے کہا کہ اب مجکو ساری دنیا کے خزانے و دفینے اور اموال اور ملک ملگئے خلیفہ کے پاس اپنی ایک عرضداشت کے ساتھ داہر کا سر اور اُسکے چتر و اعلام جو راج کی نشانیاں تھیں اور مال و اثاث الخلافہ کو روانہ کئے۔ جب خلیفہ وقت نے حجاج کا نامہ پڑھا تو خدا کا شکر ادا کیا۔ غنیمت میں جو لونڈیاں امیر زادیاں وہاں گئیں تھیں اُنمیں سے بعض کو بیچ ڈالا۔ بعض کو یوں ہی انعام میں دیدیا۔ انمیں داہر کی بھانجی بھی تھی۔ اسکے حسن و جمال کو دیکھا تو خلیفہ دنگ رہگیا۔ عبداللہ بن عباس نے اُسکی درخواست کی تو خلیفہ نے اُس سے کہا کہ اے عم زادی اس لونڈی کا جمال

ایسا باکمال ہی کہ میرا دل اُس پر فریفتہ ہے اس کو میں اپنے تصرف میں لانا چاہتا ہوں مگر مناسب یہی معلوم ہوتا ہی کہ تو اُسے لے لے اور وہ تیرے ہی گھر میں تیری اولاد کی ماں بنے۔ پس اسکی اجازت سے عبداللہ نے اُسے لے لیا مگر کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

جب حجاج پاس محمد قاسم کا فتحنامہ پہونچا تو اُسکا جواب یہ لکھا کہ ای ابن عم مکتوب جان فزا پہونچا جس سے کمال مسرت ہوئی تیرا سارا انتظام و بندوبست شرع کے موافق ہی مگر اماں دینے کا طریقہ جو تو نے اختیار کیا ہی کہ خاص و عام کو امان دیدیتا ہی اور دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا ہمیں خدا کے اس حکم کا پاس لحاظ رکھکر شیر کین کو امان دو اُنکا گلا کاٹو۔ امان دینے پر ایسے حریص ہونگے جس سے کام طول پکڑیگا آیندہ کسی دشمن کو امان نہ دو مگر اُن کو جو ذی وقعت و بزرگ ہوں۔ مقام نافہ ۹۳ھ

برہمن مؤرخوں نے داہر کے قتل اور محمد قاسم کے مہمات کے باب میں یہ بیان کیا ہی کہ جب داہر مارا گیا اور جیسیہ برہمن آباد میں حصاری ہوا اور راو فتح ہو گیا تو راجہ جیسیہ نے لڑائی کا سامان تیار کیا اور چاروں طرف خط لکھے۔ ایک خط اپنے چھوٹے بھائی فیونی کو جو داہر کا چھوٹا بیٹا تھا اور دار الملک ارور کے حصار میں تھا دوسرا خط اپنے بھتیجے چچ پسر داہر سیہ کو جو قلعہ باتیا میں تھا اور تیسرا خط اپنے چچیرے بھائی دھیول پسر چندر کو جو بدھیہ کے کانان میں تھا۔ ان سبکو داہر کی وفات پر مطلع کیا اور اُنکی تسلی کی اور خود برہمن آباد میں مردان دلاور کو ساتھ لیکر جنگ پر مستعد ہوا۔

اب راور سے محمد قاسم نے برہمن آباد جانیکا عزم کیا۔ اثنار راہ میں دو قلعے بھرور اور دہلیلہ واقع ہوے جنمیں سولہ ہزار سپاہی موجود تھے۔ اول بھرور کا محاصرہ کیا۔ اس محاصرہ میں دو مہینہ کا عرصہ لگ گیا تو محمد قاسم نے سپاہ کے دو غول کئے جنمیں سے ایکدل کو لڑاتا اور دوسرا رات کو۔ انھوں نے منجنیقوں سے پتھروں کی اور نفطوں کی وہ بھرمار کی کہ قلعہ کی دیوار مسمار ہوئی اور سارے مردان جنگی مارے گئے۔ غنیمت، دولت اور غلام ہاتھ آئے۔ پانچواں حصہ اسکا بیت المال میں داخل ہوا جب اور بھرور کی فتح کی خبر دہلیلہ میں پہونچی تو وہاں کے سپاہیوں کے دل دہل گئے اور جان گئے کہ محمد قاسم بہت بڑا جوانمرد و مستقل مزاج ہی اُس سے ہمکو بچنا چاہیئے۔ یہاں کے تاجر تو بھاگ کر ملک ہند کو چلے گئے اور سپاہی اپنے ملک کی حفاظت کیلئے کمربستہ ہوئے۔ اب محمد قاسم دہلیلہ پر آن دھمکا اور اسکا محاصرہ کر لیا۔ اسمیں دو مہینے سے کچھ کم و بیش عرصہ لگ گیا تو محصورین کا قافیہ تنگ ہوا۔ کہیں سے انکو امید کمک نہ تھی۔ آخر کو لاچار گلے میں کفن ڈالا اور بدن کو عطر سے معطر کیا اور حصار کے دروازہ سے جو پل کیطرف تھا اپنے اہل و عیال کو باہر بھیجدیا اور ندی منجھل سے پار اُتار دیا۔ یہ کام رات کو اس طرح کیا کہ مسلمانوں کو اُسکی کچھ خبر نہ ہوئی۔

جب صبح صادق نے اپنے منہ سے نقاب اُٹھایا تو محمد قاسم کو اسطرح سے بھاگ جانے کی خبر ملی تو فوراً اُس نے اپنی سپاہ

اُنکے پیچھے دوڑائی جسنے دریا اترتوں کو جالیا۔ جو اُتر گئے تھے وہ تو بچگئے مگر جو اترتے تھے وہ ہندوستانیں رمل و ریگستان کی راہ سے چلے گئے۔ یہاں داہر کے چچیرے بھائی دیو راج تھا۔ محمد قاسم نے دہلیلہ بھی فتح کرلیا جو غنیمت کا مال ہاتھ آیا اُسکا پانچواں حصہ حجاج کو بھیجا اور اسکو بھرور اور دہلیلہ کی فتح کا حال بھی مفصل لکھ بھیجا۔

اب محمد قاسم نے ہند کے بڑے بڑے نامور امراؤ رؤسا فرمانروایوں کے نام اس مضمون کے پروانہ روانہ کئے کہ دین اسلام یا اطاعت اسلام اختیار کرو۔ جب سی ساگر وزیر راجہ داہر نے یہ حکم سنا تو اُسنے بعض معتمد آدمی اپنے محمد قاسم پاس بھیجے اور جان و مال کی اماں چاہی۔ محمد قاسم نے اُسکی یہ درخواست منظور کی۔ سی ساگر خود آیا اور اپنے ساتھ ان مسلمان عورتوں کو لایا جو اُسکے قبضہ میں تھیں اور بیان کیا کہ یہ وہ عورتیں ہیں جنھوں نے اپنی گرفتاری کے وقت حجاج کو پکارا تھا۔

محمد قاسم نے بھی اس وزیر کی تعظیم و تکریم میں کوئی بات فروگذاشت نہیں کی استقبال کیواسطے اپنے معتمد امرا بھیجے اور عہدہ وزارت پر اُسکو نامزد کیا۔ اب وہ مسلمانوں کا وزیر و مشیر ہوگیا۔ محمد قاسم نے اپنے ساری اسرار سربستہ اُسکے سامنے کھولے۔ اور تمام معاملات ملکی میں اور انتظامات سلطنت میں اور اپنی فتوح کے شیوع کرنے کے باب میں اس سے صلاح و مشورے لئے۔ غرض کوئی تدبیر ملکی ایسی نہوتی جسمیں یہ وزیر محمد قاسم کا مشیر نہ ہوتا۔ اس وزیر نے محمد قاسم کے سامنے اس انتظام کی بہت ستایش کی کہ زمین کی مالگذاری قدیم رسم و رواج کے موافق مقرر کیگئی ہے اور کوئی دست درازی ہمیں نہیں ہوئی اور رعایا کی گردن پر کسی محصول کا بوجھ نہیں ڈالا گیا۔ اس رعیت نہایت خوش ہے۔ یہی رعایا نوازی اور عدل گستری کا ایسا آئین و دستور ہے کہ جس سے سارے دشمن پامال ہونگے اور رعایا نہال ہوگی اور اور ملک مفتوح ہونگے۔

بعض آدمی کہتے ہیں کہ جب دہلیلہ فتح ہوگیا تو محمد قاسم نے نیرون پسر داہر کو بلا کر اور عہد و پیمان کر کے یہاں کا راج اور اُسکے آس پاس کا علاقہ مشرق و مغرب میں دیدیا۔ ساحل دریا پر کشتیوں کا اہتمام موضع دوہا تھیتک اُسکے سپرد کیا۔ محمد قاسم برہمن آباد سے ایک فرسنگ پر تھا کہ جرسیہ کو خبر پہونچی کہ مسلمانوں کا لشکر آن پہنچا ہے۔

محمد قاسم دہلیلہ سے چلکر نہر جلوالی کے کنارہ پر برہمن آباد کے مشرقی طرف اُترا۔ برہمن آباد کے لوگوں پاس ایلچی بھیجکر یہ پیغام بھیجا کہ کیا وہ اطاعت اختیار کریں یا مسلمان ہوں اگر اسلام اور جزیہ میں سے کسی ایک کو قبول نہ کرو تو لڑائی کی تیاری کریں اور ایلچیوں کے پہنچنے سے پہلے جرسیہ پسر داہر خود تو جیز کو چلا گیا تھا اور برہمن آباد کا یہ انتظام کر گیا کہ اُسکے چار دروازے تھے ہر دروازہ پر چار چار رئیس و امیر کچھ سپاہ کے ساتھ بٹھا دیئے۔ شہر کے امرا میں سے اُسنے سولہ آدمی انتخاب کئے تھے۔ ان دروازوں کے نام یہ تھے۔ جو تیری یا بھارنڈ۔ ساتیہ۔ مالیہ۔ سالیہ۔

جب محمد قاسم نے مورچہ بندی کیلئے اپنے لشکر کے گرد خندق کھودی۔ دشمن کے لشکر میں چالیس ہزار لڑنے والے تھے ہفتہ کے

دن سے لڑائی شروع ہوئی۔ ہر روز دشمن لڑتے آتے اور خوب ڈھول بجاتے۔ صبح سے شام تک لڑائی رہتی۔ شام کو لشکر اسلام خندق کے اندر جاتا اور لشکر اعدا حصار میں آتا۔ اسطرح چھ مہینے تک شب و روز گذرے۔ محمد قاسم فتح سے ناامید ہو کر متفکر ہوا۔ اور یکشنبہ ماہ ذی الحجہ کی ۹۳ھ کے آخر میں جرسیہ جو ملک دہل میں جسکو باتیہ کہتے ہیں بھاگ گیا تھا وہ واپس آیا اور رستہ میں مسلمانوں کی سپاہ کی راہ زنی کر کے تکلیف پہونچائی

محمد قاسم نے اپنے ایک معتمد نوکر کے ذریعہ سے موکہ بسایا کو خبر دی کہ جرسیہ اُسکو بڑا ستاتا ہے اور لشکر کو رسد نہیں پہنچنے دیتا۔ اسکا علاج تم بتاؤ موکہ نے جواب لکھا کہ جرسیہ بت قریب جا پہونچا ہے سوای اسکے اور کوئی علاج اُسکا نہیں ہے کہ وہاں سے وہ ہٹا دیا جاوے۔ اسلئے میں ایک اپنا بڑا معتمد لشکر اُسکے پرے ہٹانے کے لئے روانہ کرتا ہوں۔

بنانہ بن حنظلہ کلابی وعطیہ ثعلبی وصارم بن ابی صارم ہمدانی وعبدالملک مدنی معہ سوار ونکے روانہ ہوئے۔ موکہ بسایا اسکا سردار تھا اور ان سبکا سپہ سالار جریم بن عمر الموسی تھا۔ سامان رسد اُنکے ساتھ تھا۔ جب جرسیہ کو اس لشکر کی روانگی کی خبر پہونچی تو وہ اسی مقام میں سب اہل وعیال ومال کو چھوڑ کر ریگستان کی راہ سے جوار (جیپور) پہنچا۔ محمد علافی کا ساتھ بھی اُس نے چھوڑ دیا۔ پھر یہاں جوار سے وہ طاکیہ کو چلا۔ اور یہ قصد کیا کہ مہاراجہ کشمیر کنیدیت میں پہونچے جبکا دارالسلطنت پہاڑ میں تھا۔ اسلئے رائے کشمیر کو اس مقام سے اُسنے خط لکھا کہ میں آزادانہ ومخلصانہ آپکی خدمت میں حاضر ہوا ہوں جب یہ خط رائے کشمیر نے پڑھا تو اُسنے حکم دیا کہ موضع شاکلہا جو کشمیر سے متعلق تھا وہ اُسکی جاگیر میں دیا جائے اور وہ یہیں قیام کرے جبدن رائے کشمیر سے جرسیہ کی ملاقات ہوئی تو اُسنے جرسیہ کو پچاس گھوڑے مع زین اور اُسکے ہمراہیوں کو دو سو خلعت گرانمایہ عطا کئے اور دوسری ملاقات میں اُسکو چتر وکرسی اور تحائف جو مخصوص راجائی کے ساتھ ہوتے ہیں دیئے اور بڑی شان وشوکت کے ساتھ پھر شاکلہار کو روانہ کیا وہ اُسکی بڑی خاطرداری وتواضع کرتا تھا جب راجہ جرسیہ جوار (جیپور) میں مقیم تھا تو اُسنے الور میں فیونی پسر داہر کو خطوط بھیجے جنمیں الور کی حفاظت کرنے کی تاکید لکھی تھی اور ملک کو جس سبب سے اُس نے چھوڑا تھا اُس کو بیان کیا تھا۔ ان خطوں کے آنے سے اور راجہ جرسیہ کے جوار میں پہونچ جانے سے فیونی کو بڑی طمانیت ہوئی۔

اب یہاں برہمن آباد میں چھ مہینے سے روز لڑائی ہو رہی تھی۔ اس طوالت جنگ سے لڑنیوالے عاجز ہو گئے تھے۔ راجہ جرسیہ کی خبر جیز سے آگئی تھی۔ پس شہر کے چار تجار عظیم نے جو شہر کے دروازہ جوتیری پر نامزد تھے یہ صلاح کی کہ اب اہل عرب سے کل ملک فتح کر لیا۔ داہر مارا گیا اُسکی جگہ جرسیہ راجہ ہے اور قلعہ کے محاصرہ پر چھ مہینہ کا عرصہ گذر گیا ہے اب نہ ہمارے پاس دولت ہے نہ ہم میں طاقت ہے جسکے بھروسہ پر ہم لڑائی لڑیں یا صلح وآشتی کریں اسطرح اگر دو چار روز اور دشمن ہمکو

گھیرے رہیگا تو وہ آخر کو فحتیاب ہوگا۔ پھر ہم کس مُنہ سے اُس سے پناہ و اماں مانگیں گے۔ کوئی راجہ بھی ایسا نہیں کہ اُس سے امداد کی التجا کرینگے۔ اب ہم میں دشمن سے لڑنے کی سکت نہیں رہی بہتر ہے کہ ہم سب متفق ہو کر باہر نکلیں اور محمد قاسم پر حملہ کر کے مرجائیں۔ اسلئے کہ اگر صلح بھی ہو جائیگی تو ہتیار بند آدمی سب مارے جائینگے عوام الناس۔ تجار صناع و زراع امان پائینگے۔ بہتر یہی معلوم ہوتا ہے کہ محمد قاسم پر اعتماد کر کے اس سے یہ عہد و پیمان واثق کریں کہ ہم اُس کو قلعہ حوالہ کریں۔ اُسکی شرائط خدمت بجالائیں اور وہ ہمکو اپنی حمایت میں لیکر اپنا مقرب بنالے۔ اس تدبیر پر ہم سب کا اتفاق ہوا۔ محمد قاسم سے جان و مال کی امان کی درخواست کیگئی۔

محمد قاسم نے اُنکے عہد واثق پر امان دینا قبول کر لیا۔ لیکن یہ کہدیا کہ سپاہی قتل کئے جائینگے اور اُنکے متعلقین اسیر ہونگے اور قیدیوں میں سے جو تیس برس کی عمر کے اندر جو کام کے قابل ہونگے وہ غلام بنائے جائینگے اور خاص قیمت پر بھیجے جائینگے محمد قاسم نے حجاج کے سارے اکابر کو بلا کر برہمن آباد والوں کا پیغام سُنا دیا اور کہدیا کہ برہمن آباد سے ایلچی آئے ہوئے ہیں جو وہ کہتے ہیں تم اُسکو سُن لو اور جواب باصواب لکھکر دیدو۔

موکہ نے کہا کہ اے امیر یہ حصار ہند کے سارے شہروں کی ناک ہے اگر وہ قبضہ میں آگیا تو ملک سندھ سارا قبضہ میں آجائیگا اور مستحکم قلعے ہمارے ماتحت ہو جائینگے اور اسلام کی شوکت و عظمت و سطوت و حشمت کی ایک دھوم مچ جائیگی راجہ داہر کی اولاد میں سے کچھ ہمارے مطیع ہو جائینگے کچھ بھاگ جائینگے۔

یہاں جو مراسلت ہوئی تھی اُس سے محمد قاسم نے حجاج کو اطلاع دی اور عہد نامہ لکھکر برہمن آباد والوں کو دیدیا۔ اُس نے ایک میعاد اور دن مقرر کر دیا کہ قلعہ ہمارے حوالہ کیا جائے۔ برہمن آباد والوں نے اقرار کیا کہ اس روز آپ حملہ کیجئے۔ ہم باہر آکر مقابلہ کرینگے۔ لیکن عین لڑائی میں لشکر عرب کے حملہ کے وقت حصار کے اندر چلے جائینگے اور دروازہ کھلا چھوڑ جائینگے۔ جب حجاج نے حکم دیدیا کہ اماں دیدو اور اپنے عہد و پیمان کو ایمان کے ساتھ ایفا کرو۔ محمد قاسم کے لشکر نے حصار پر حملہ کیا تو برائے نام اہل حصار ایک ساعت لڑے اور پھر قلعہ کا دروازہ کھلا ہوا چھوڑ کر قلعہ کے اندر وہ چلے گئے۔ اس دروازہ سے لشکر عرب داخل ہوا اور فصیل پر چڑھ گیا اور اُس نے اللہ اکبر کا نعرہ ایسا مارا کہ اہل قلعہ تھرا گئے اور لشکر کا غلبہ دیکھکر وہ مشرقی دروازہ کو کھول کر باہر بھاگنے شروع ہوئے۔ مسلمان اُنکے پیچھے پڑے مگر محمد قاسم نے حکم دیدیا کہ جو تم سے لڑے اُسے مارو اور کسی اور سے کچھ نہ بولو۔ مسلمانوں نے جس کو ہتیار بند دیکھا گرفتار کیا اور محمد قاسم پاس لائے۔ جس نے اُسکے سامنے سر جھکا دیا اُس کا سر اُس نے اُٹھالیا۔ اور اماں دی اور اُس کا خانماں بچا دیا۔ اپنے گھر میں آباد کرا دیا۔

محمد کا امان نامہ اور اہل قلعہ کا قبول کرنا

اسے موکہ نے کہا

برہمن آباد کے بزرگوں سے یہ سننے میں آیا ہے کہ راجہ داہر کے مرنیکے بعد اُسکی رانی لاوی اور بیٹا جے سیہ یہیں رہتے تھے اور اسوقت بھی یہیں تھے۔ برہمن آباد کا قلعہ محمد قاسم کے حوالہ ہوا تو اُس رانی نے کہا کہ میں کیونکر ایسے مستحکم قلعہ کو اور اپنے گھر بار کو دشمنوں کے حوالے کر سکتی ہوں۔ اس قلعہ میں استقامت اختیار کر کے دشمنوں کو مغلوب کرنا چاہیئے۔ اور اپنے مسکن اور وطن کو بچانا چاہیئے۔ اور اگر لشکر عرب غالب ہو تو اور تدبیر کرنی چاہیئے۔ پس اُسنے اپنی سارے خزانوں کی دولت سپاہیوں تقسیم کر دی۔ جس سے جوانمردوں کی ہمت و جرأت بڑھ گئی۔ دوسرے دروازہ پر لڑائی شروع کر دی اور لاوی نے اپنے دلمیں یہ مستحکم ارادہ کر لیا کہ اگر دشمن قلعہ کو فتح کر لینگے تو میں مع اپنے عزیز و اقربا کے آگ میں جلکر مر جاؤنگی۔ مگر قلعہ دفعتاً مسلمانوں نے لیلیا۔ اور راجہ داہر کے محل کے محافظ اُنکے عزیز و اقربا کو لائے جنمیں لاوی بھی تھی۔

جب محمد قاسم کے سامنے غنائم و لونڈی غلام پیش ہوئے تو ہر ایک قیدی کا حال پوچھا جاتا تھا اس سے معلوم ہوا کہ رانی لاوی اور دو اور دوشیزہ دختر جو راجہ داہر کی بیٹیاں دوسری رانی کے پیٹ سے تھیں حصار میں موجود ہیں اُنکے چہروں پر نقاب ڈالکر ایک خادم کو اُنھیں سپرد کیا اور جدا بٹھائی گئیں۔ تمام قیدیوں کا خمس جدا کیا گیا تو اُسکی تعداد بیس ہزار تھی اسکے سوا سارے قیدی سپاہیوں کو دیدیئے گئے۔

کاریگروں اور تاجروں اور پیشہ وروں اور عوام الناس کو اماں دیگئی اور قیدیونکو چھوڑ دیا۔ مگر محمد قاسم نے یہ ظلم کیا کہ چھ ہزار بعض کہتے ہیں کہ سولہ ہزار سپاہی مار ڈالے۔ باقی کی جان بخشی کی۔

بعض داہر کے علاقہ دار برہمن آباد کے یہ کہتے ہیں کہ لونڈیونمیں داہر کے رشتہ دار دنکا پتہ نہ ملا تو رُسا، شہر سہی کی خبر بھی گئی کیسنے کچھ پتہ اُنکا نہ بتلایا۔ لیکن دوسرے روز ایکہزار برہمن بھدرہ کئے ہوئے محمد قاسم پاس آئے جنسے اُنکا حال معلوم ہوا۔

محمد قاسم نے جب ان برہمنوں کو دیکھا تو پوچھا کہ آپ کس فوج کے سپاہی ہیں اور کیوں ایسی صورت بنا کر میرے پاس آئے ہیں تو اُنھوں نے جواب دیا کہ اے امیر باوفا ہمارا راجہ برہمن تھا تو نے اُسے قتل کیا اُسکا ملک تو نے لیا۔ ہم میں سے بعض ایسے وفادار اپنے راجہ کے تھے کہ اُسپر اُنھوں نے اپنی جان نثار کی۔ باقی ہمنے اُسکے ماتم میں زرد لباس پہنا ہے۔ بھدرا کیا ہے۔ اے امیر عادل تجکو الیشور نے راج دیا ہے۔ تیرے پاس ہم آئے ہیں کہ تو ہمکو کیا حکم دیتا ہے۔ محمد قاسم نے سوچکر یہ جواب دیا کہ میں اپنے سر و جان کی قسم کھاتا ہوں کہ تم بڑے پکے وفادار ہو میں تم کو اماں دیتا ہوں اس شرط پر کہ راجہ کے رشتہ دار جہاں جگہ ہوں اُنکو پکڑ کر میرے پاس لاؤ۔ پس برہمنوں نے اس وعدہ پر اماں لی اور گھر میں سے لاوی کو لائے۔ محمد قاسم سب پر خراج موافق شرع اسلام کے مقرر کیا۔ جن لوگوں نے اسلام قبول کیا وہ جزیہ و بندگی و گزند سے معاف کئے گئے اور جنھوں نے اسلام نہیں قبول کیا اُنکو تین قسم کے جزیہ میں سے ایک قسم کا جزیہ دینا پڑا۔ فوج میں سے اعلیٰ درجہ کے

پیشہ وروں کی اماں — لاوی فوج و دیگر رشتہ داروں کی گرفتاری — برہمنوں کا محمد قاسم سے امان

گروہ میں سے ہر متنفس ۴۸ درم وزن نقرہ متوسط گروہ میں سے چوبیس درم نقرہ اور ادنی گروہ میں سے بارہ درم وزن نقرہ
آج ہی چلے جاؤ اور یہ اذن عام سُن جاؤ کہ جو شخص مسلمان ہوگا وہ جزیہ سے معاف کیا جائیگا اور جو لوگ اپنے مذہب پر
چلیں گے اُنکو جزیہ دینا پڑیگا اور اُن کو اجازت ہوگی کہ وہ اپنے باپ دادا کے مذہب پر چلیں بعض مسلمان ہوگئے بعض
اپنے اسلاف کے مذہب پر چلے اُنھوں نے جزیہ دیا۔ مگر نہ اُنکی زمینیں چھینی گئیں نہ اُنکا مال لیا گیا۔

برہمن آباسی ولایت کے امینوں کو محمد قاسم نے حوالہ کیا اُنمیں سے ہر ایک امین سے بقدر اُسکی حیثیت کے زرمالگذاری
ادا کرنیکا وعدہ لیا گیا اور حصار کے چاروں دروازوں پر فوج مقرر کرکے اُنکا اہتمام بھی اُنھیں کے سپرد کر دیا گیا۔ اور
اُن کو اپنی مرحمت و شفقت سے ہند کی رسم و رواج کے موافق سونے کے کڑے ہاتھوں اور پاؤں کے اور گھوڑی مع زین
عطا کئے اور ہر ایک امین کو مجلس شوریٰ کا رکن مقرر کیا۔

اُسنے عوام الناس میں سے تاجروں صناعوں۔ کاشتکاروں کو لکھوایا۔ اُنکی تعداد دسہزار ہوئی۔ پس حکم دیا کہ خزانہ
میں سے بارہ درم وزن نقرہ ہر ایک کو اس سبب سے دیا جائے کہ اُسکا سارا مال اسباب لُٹ گیا ہے تحصیل زرمالگذاری کیلئے داہلین
اور رئیسوں کو مقرر کیا کہ وہ شہر اور رئیسوں سے محصول زمین وصول کریں جس سے اُنکو تقویت اور استظہار ہو۔ جب برہمنوں نے
یہ دیکھا تو اُنھوں نے اپنا عرض حال کیا کہ یہ کام خاص ہمارا ہے ہمیشہ ہم اُسکو کرتے آئے ہیں رئیسان شہر نے بھی اُنکی علت پر
شہادت دی۔ محمد قاسم نے برہمنوں کو معزز جانا اور اُنکی یہ عزت کی کہ جلیل عہدوں پر اُنکو مقرر کرکے ممتاز و سرفراز کر دیا اور
اُنکی برتری کے قائم رہنے کا حکم صادر فرمایا اُنکی ایسی حمایت کی کہ اُنکے ساتھ کوئی مقابلہ اور زبردستی نہیں کر سکتا تھا۔
ہر ایک برہمن کو ایک عہدہ دیدیا۔ اُسکو پورا اعتبار تھا کہ برہمن کبھی دغا نہ کرینگے۔ راجہ بیچ کیطرح ہر برہمن کو کسی نہ کسی
شغل میں لگا دیا اور کل برہمنوں کو بلا کر اُنکو یاد دلا دیا کہ راجہ داہر کے عہد میں تم بڑے بڑے عہدوں پر مامور تھے اسلئے
تم کو شہر اور حوالی شہر کا حال بخوبی معلوم ہوگا۔ اگر تم کسی مشہور و معروف آدمی کو جانتے ہو تو مجھے مطلع کرو میں اُسکو عہدہ
جلیلہ پر مقرر کر دونگا اور اُسکو انعام و اکرام دونگا۔ میں تم سبکی دیانت و امانت پر اعتماد کلی رکھتا ہوں اسلئے یہ عہدے
تم کو عطا کرتا ہوں اور سارے ملک کا انتظام تمہارے ہاتھ میں دیتا ہوں۔ اور یہ عہدے تمکو نسلاً بعد نسلٍ عطا ہوئے
ہیں اور وہ تم سے چھین کر دوسرے کو نہیں دئے جائیں گے۔

یہ برہمن اور عمال اضلاع میں جاکر یہ کہنے لگے کہ اے قوم کے بزرگو اور رئیسو تم یقینی جان لو کہ راجہ داہر مارا گیا ہماری
سلطنت کا خاتمہ ہوا۔ ہند و سندھ میں اہل عرب کا تسلط ہوا۔ اب شہر و گاؤں میں چھوٹے بڑے سب برابر ہوئے سلطان معظم
نے ہم غریبوں پر یہ عنایت کی ہے کہ تمہارے پاس ہمکو بھیجا ہے۔ اور ہمارے ساتھ نیک وعدے کئے ہیں اگر

ہم عرب کی فرمانبرداری نکرینگے تو ہمارے پاس نہ مال ہوگا نہ معاش ہوگی۔ اگر ہم اسکی نیازمندی کرینگے تو ہم مورد فضل و
کرم شاہانہ ہونگے اسوقت ہم اپنے گھر سے نہیں نکالے گئے ہیں لیکن تم پر جو یہ خراج مقرر کیا گیا ہی اگر اُسکے متحمل تم نہیں
ہوسکتے اور اُسکا ادا کرنا تمکو گراں معلوم ہو تو وقت فرصت میں ہند و سند میں کسی ایسے موضع میں معہ اہل و عیال جا سکتے
ہو کہ جہاں جان و مال محفوظ ہو۔ آدمی زاد کے لئے سلامتی نفس سے زیادہ کوئی چیز بہتر نہیں ہی۔ پس اس شرط کے
درطہ ہولناک سے سلامت بچکیئے تو ہم اپنے اہل و عیال و مال کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ شہر کے آدمی و دہاقین محمد قاسم
پاس آئے اور خراج کا دینا قبول کیا اور اُنھوں نے خود محمد قاسم سے پوچھ لیا کہ کتنا خراج ہم پر مقرر ہوا۔ برہمنوں سے
جنکو محمد قاسم نے محصل مال اور عمال مقرر کیا تھا۔ اُسنے یہ کہا کہ رعایا اور بادشاہ کے درمیان معاملہ راستی سے کرو
اور اُنکے بیچ میں جب کوئی تقسیم کا معاملہ ہو تو دونوں میں نصفا نصفی کا معاملہ کرو۔ اور محصول اتنا لوگوں پر مقرر کرو
کہ وہ ادا کر سکیں۔ تم اور وہ ملکے ساتھ موافقت کرو اور ایسے متردد نہو کہ ملک خراب ہو۔

محمد قاسم نے ہر ایک کو بلا کر یہ نصیحت کی کہ تو سب طرح خوش دل رہ اور کچھ اندیشہ نکر کہ سیطرح کا الزام تجھپر
نہیں لگایا جائیگا۔ تجھ سے محصول کی بابت میں کوئی دستاویز نہیں لکھاتا ہوں بلکہ ایک جمع مقرر کی ہی اُسکو تو ادا کر
اسمیں بھی تیرے ساتھ نرمی اور رعایت برتی جائیگی اور اس معاملہ میں جو تیری درخواست ہوگی تو میں اُسکو سنوں گا
اور اُسکا جواب شافی دونگا اور تیری دلی تمنا پوری کیجائیگی۔

پہلے تینخانو میں سوداگر اور ٹھاکر اور بُت پرست بتوں کی پرستش سے اپنا دل خوش کرتے تھے بتو نپر نذر بھینٹ
میں روپیہ چڑھاتے تھے۔ یہ سب مال برہمنوں کے گھر میں جاتا تھا اُس سے اُنکی پرورش ہوتی تھی۔ مگر اب یہ رسم قدیم
مسدود سی ہوگئی تھی لشکر کے خوف کے مارے اس خیرات میں خلل آگیا تھا وہ باقاعدہ نہیں دیجاتی تھی اس لئے
برہمن بچارے روٹی کے ماری مارے پڑے پھرتے تھے۔ ایک دن محمد قاسم کے دروازہ پر آئے اور دعا کے لئے ہاتھ
اُٹھایا کہ اے امیر عادل تجکو بقا ہو ہم بُدہ کے مندر کے پجاری ہیں۔ ہمکو روزی اسی مندر سے ملتی تھی۔ تو نے سب پر
رحم کیا۔ سوداگروں کا مال دلوایا۔ تجارت کا باب کھلوا دیا۔ اور اور نکو ذمی بنا کر اپنے اپنے کام میں لگا دیا۔ ہمکو تیسے
کرم خداوندی سے یہ اُمید ہی کہ ہندوؤں کو ایک اشارہ کردے کہ وہ اپنے معبود کی پرستش کریں اور خانہ بدھ کو آباد کریں
اسپر محمد قاسم نے کہا کہ تمہارے تینخانہ کا تعلق دارالسلطنت الور سے ہی (یہ دارالسلطنت محمد قاسم کے قبضہ میں نہیں تھا)
یہ نواح اسکے مضافات ہی ہے۔ اسپر ہندوؤں نے کہا کہ یہ تینخانہ برہمنوں سے متعلق ہی۔ یہ برہمن ہی ہمارے طبیب و پروہت
و پنڈت ہیں شادی و غمی کی ساری رسمیں وہی ادا کرتے ہیں ہم نے جزیہ و خراج اسی سبب سے قبول کیا ہے کہ

ہم میں ہر ایک اپنے مذہب پر چلے۔ اب یہ ہمارا خانہ بدوش خراب خستہ پڑا ہی۔ ہم بتوں کی پوجا و پرستش سے محروم ہیں اُسکی تعمیر و مرمت کا حکم دے کہ ہم اپنے معبود کی عبادت کریں اور ہمارے برہمنوں کی وجہ معاش ہو۔

محمد قاسم نے اس معاملہ کا سارا حال حجاج کو لکھا جسکا جواب چند روز بعد یہ آیا کہ میرے عزیز عم زاد محمد قاسم کا مکتوب پہنچا اور اُس سے یہ احوال معلوم ہوا کہ برہمن آباد کے مقدم بدہ کی عمارت کو بنانا چاہتے ہیں۔ چونکہ انھوں نے اطاعت اختیار کرلی ہی اور دارالخلافت کیلئے مال کو اپنے ذمہ مقرر کرلیا ہی تو سوائے اس مال کے کوئی اور اُنپر ہمارا حق نہیں ہی جب وہ ذمی ہوگئے ہیں تو اُنکی جان و مال میں کسیطرح کی دست اندازی نہیں ہوسکتی اُنکو اجازت دیجائے کہ وہ اپنے معبود کی عبادت کریں اپنے مذہب کی پیروی میں کسی شخص پر زجر نہیں چاہیئے تاکہ وہ اپنے گھر میں جسطرح سے اُسکا جی چاہے رہے۔

محمد قاسم پاس جب اپنی عرضداشت کا جواب آیا تو وہ ایک منزل برہمن آباد سے چلا گیا تھا اُسنے شہر کے اکابر و معتمدوں و برہمنوں کو ہدایت کردی کہ اپنے مندر کو تعمیر کرلیں اور مسلمانوں کے ساتھ خرید و فروخت کریں اور بیخوف و خطر رہیں اور اپنے حال کے بہتر کرنے میں سعی کریں۔ بھکاری برہمنوں کو دان پُن دیں اور اپنے باپ دادا کی مراسم کو بجا لائیں اور اُنمیں جو دکھشنا و بھینٹ برہمنوں کو دیتے تھے دیں اور جیسا پہلے ملک کے محاصل میں تین روپیہ سیکڑا برہمنوں کے لئے جدا کیا جاتا تھا اور اُسمیں سے بقدر ضرورت اُنکو دیا جاتا تھا اور باقی خزانہ شاہی میں امانت میں رہتا تھا کہ اسمیں خیانت نہو اور اسکا حساب رہتا تھا اب بھی اُسیطرح عمل کیا جائے امرا اور رؤسا جو برہمنوں کے مواجب قدیمی چلے آتے ہیں وہ اُن کو دیا کریں بعض اونیوں کا یہ قول ہی کہ برہمنوں کو شستی بھکشا کی اجازت ملگئی کہ وہ ایک تانبے کا برتن لیکر گھر گھر بھیک مانگنے جایا کریں۔ اُنسے پیٹ پالن کیا کریں اور بھوکے نہ مریں۔ غرض محمد قاسم نے برہمن آباد کے رہنے والونکی درخواست کو منظور کرلیا اور اُنسے کہدیا کہ تمہارے مندر ایسے ہیں جیسے کہ شام و عراق میں یہودیوں اور عیسائیوں کے معابد اور مجوسیوں کے آتشکدے ہیں اُنسے کچھ تعرض نہوگا۔ جس طرح چاہیں اپنے معبدوں کو بنائیں اور انمیں جسطرح چاہیں اپنے معبودوں کی پرستش کریں۔ یہ سمجھا کر برہمن آباد والوں کو رخصت کیا اور اُنکے بڑے رئیس کو رانا کا خطاب دیا۔

محمد قاسم کا سارا وزیر کو بلانا

محمد قاسم نے وزیر سی ساگر اور موکا بسایا کو بلا کر اُنسے پوچھا کہ راجہ چچ و داہر کے عہد میں لوہانہ کے جاٹ کیا کام کرتے تھے اور کیا اُنکے ساتھ برتاؤ برتا جاتا تھا۔ موکا بسایا کے سامنے سی ساگر نے محمد قاسم سے جاٹوں کا حال یہ عرض کیا کہ راجہ چچ کے عہد میں لوہانہ کے جاٹوں کو حکم تھا کہ وہ زم جامہ نہ پہنیں اور سر کو مخمل سے نہ ڈھکیں بلکہ وہ اندر سیاہ کمبل پہنیں اور اُسکے اوپر کندھوں پر موٹی چادر اوڑھیں۔ سر اور بالوں کو ننگا رکھیں۔ اگر کوئی اُن میں باریک جامہ پہنتا تو اُس پر جرمانہ ہوتا۔ اُن کو حکم تھا کہ جب وہ گھر سے باہر نکلیں تو کتا ساتھ رکھیں۔ ان کتوں کا ساتھ ہونا اُنکے

جاٹ ہونیکی نشانی تھی۔ اور اُنکے کسی بزرگ کو گھوڑے کی سواری کی اجازت نہ تھی جب راجاؤنکو اطراف میں راہ بری کیضرورت ہوتی تو وہ اُنکے سپرد ہوتی اور راہ میں کھانے پینے کا سامان بہم پہنچانا اُنکا کام ہوتا۔ اس کام کے لئے ہر گروہ کے واسطے ایک حد مقرر تھی۔ اگر کوئی رانا اُنکا گھوڑے پر بیٹھتا تو گھوڑے کی پیٹھ پر کمبل ڈالکر بے زین ولگام سوار ہوتا۔ اگر راہ میں کسی شخص پر کوئی حادثہ واقع ہوتا تو اُسکی جوابدہی انھیں کرنی پڑتی۔ اگر کوئی انمیں سے چوری کرتا تو اُنکے مقدموں پر یہ واجب ہوتا کہ چور کو مع اُسکے بال بچوں اور کنبے کے جلا دیتے رات دن کا کاروانوں کی رہبری کرنی اُنکا کام تھا۔ اُنکے اندر کچھ چھوٹے بڑے کی تمیز نہ تھی۔ مزاج اُنکا وحشی ہی ہمیشہ والیان ملک سے بغاوت وسرکشی کرتے رہتے ہیں۔ وہ راستے لوٹتے ہیں۔ اور دہیل کے اندر اُنکی قزاقی میں سب شریک ہوجاتے ہیں۔ راجاؤنکے بورچی خانہ کیلئے لکڑیاں بہم پہونچانا اُنکا کام تھا۔ محمد قاسم نے یہ حال سُنکر کہا کہ جاٹ بڑی اُجٹ قوم ہی۔ اُنکی وحشت کا حال ایسا ہی جیسا کہ ایرانی کوہستانی جنگلی آدمیوں کا۔ محمد قاسم نے اُنکے واسطے ان سب دستوروں اور قاعدوں کو بدستور قائم رکھا اور اُن پر یہ اور اضافہ کیا کہ ہر وار وصاور کو وہ ایک روز کھانا کھلایا کریں اور اگر وہ بیمار ہوجائے تو دو وقت تین دن تک۔ یہ قاعدہ حضرت عمرؓ نے شام میں جاری کیا تھا۔

جب محمد قاسم برہمن آباد دلوہانہ کے کاموں سے فارغ ہوا اور اپنے خراج مقرر کرچکا تو اس سارے احوال سے حجاج کو اطلاعدی اور ملک سند کے انتظام کا حال مفصل لکھا۔ یہ خط ندی جلوانی برہمن آباد سے لکھا تھا اسکا جواب حجاج نے یہ لکھا کہ ابن عم محمد قاسم تمنے پہداری وعیت نوازی اور انتظام ملکی اور رفاہ عام میں جو سعی کی وہ نہایت تعریف کے قابل ہی ہر موضع پر جو خراج مقرر کیا ہی اور ہر صنف کے آدمیوں کو قانون کے پابند ہونیکے لئے جو تدابیر کی ہیں اور اُنھوں نے جو اُنکی اطاعت کی ہی اُنسے قوام دولت اور نظام مملکت کو استحکام ہوگیا ہی۔ اب تو زیادہ اس موضع میں نہ ٹھیر اور ہند و سند کے دور کن اعظم الور وملتان میں اُنکی خبر لے۔ یہ دونوں شہر بادشاہ ہونکے دار الملک رہے ہیں اُنکے خزانے اور دفینے وہاں بہت سے دفن ہونگے۔ اگر کہیں مقام کرنا چاہیئے تو ایسی جگہ انتخاب کر کہ وہاں تر و تازگی تجکو حاصل ہو۔ اور ولایت سند و ہند میں مسلمانونکی سلطنت کو تسلط ہو۔ جو کوئی اسلام کی اطاعت سے انکار کرے اُس کو بیدریغ قتل کر۔ حق تعالےٰ تجھکو ایسا فتحمند کرے کہ ہند کو سرحد چین تک تو تسخیر کرے۔ امیر قتیبہ بن مسلم خراسانی اور اُسکے ساتھ لشکر بھیجا گیا ہی جتنے اُول تیرے پاس ہیں اُنھیں اسکو حوالہ کر۔ ای ابن عم ولپسر حبیبہ ایسے کام کر کہ تیرا نام روشن ہو اور تیرے دشمن عاجز و پریشان ہوں انشاء اللہ تعالیٰ۔ محمد قاسم پاس یہ خط آیا اُسمیں یہ بھی لکھا تھا کہ اے محمد قاسم تیرا ہر امر میں مجھ سے صلاح پوچھنا تیرے حزم واحتیاط کا اقتضا ہی مگر فاصلہ ایسا دُور دراز ہی کہ اس سے کامونمیں التوا ہوتا ہے۔ تو ایسی

فتوحات محمد قاسم

رعیت نوازی کرا ور عدل گستری کا طریقہ اختیار کر کہ دشمن تیری اطاعت سے آرزومند ہو جائیں۔

انتظام برہمن آباد

محمد قاسم نے وداع بن حمید النجدی کو برہمن آباد کا انتظام سپرد کیا اور اُسکے نائب اور عمال مقرر کئے اور یہیں سے چار تاجر دنکو مال کے متعلق ساری معاملات حوالہ کئے اور اُنکو تاکید کردی کہ امور کلی وجزوی ہمارے حضور میں پیش ہوں اور بے مشورت ہماری کسی کام اور معاملہ کا آخری فیصلہ نہو۔ نیو بہ بن دارس کو عمدہ انتظام کیلئے حصار اور سپرد ہوا اور یہ بھی اُسکو حکم ہوا کہ کشتیاں ہمیشہ جمع رکھے اور جو سپاہی اور ہتیار آتے جاتے کشتیو نمیں ہوا کریں اُنکو اور کے قلعہ میں لیجایا کرے۔ دریا کے حصہ بالا کی کشتیوں کا اہتمام زیاد العبدی کے سپرد ہوا اور ہندال بن سلمان کو ان ضلاع کا بندوبست سپرد کیا گیا کہ ولایت کے راج سے ہمیشہ متعلق تھے۔ دلہیل کا حاکم حنظلہ بن اخی کلبی مقرر کیا کہ وہ اپنے گرد و نواح کے ملک کے حالات دریافت کرکے ہر مہینے مجکو اطلاع دیا کریں۔ اور یہ بھی تاکید کے ساتھ ہدایت کردی کہ وہ سب اس سے متحد و یکدل و یکجہت رہیں۔ باہر سے دشمنو نکے لشکر کا خوف نہو اور اندر رعایا کو سرکشی کا حوصلہ نہو جو کوئی امن میں خلل انداز ہو اُسکو سزا دیں قیس عبدالملک بن قیس الدمنی وخالد انصاری کو مع دو ہزار پیادہ سپاہی کے سوستان میں بھیجا مسعود بن تمیمی بن شیبہ حدیدی و فراستی عتقی وغیرہ کو دہلیلہ۔ نیروں۔ دیبل میں بھیجا کہ وہ ان مقامات پر قابض رہیں۔ ملیخ کو کروایل میں عامل مقرر کیا یہاں علوان بکری و قیس بن ثعلبہ تین سو آدمیوں کے ساتھ بس گئے اور بیوی بچے بھی اُنکے یہیں ہونے لگے اسطرح جاٹوں کے کل ملک کا انتظام کیا اور اپنی حکومت کو استحکام دیا۔

سانوندی اور سمہ کو جانا

کہتے ہیں جب محمد قاسم برہمن آباد اور ملک کے مشرقی و مغربی ضلاع کے انتظام سے فارغ ہوا تو اپنے مقام سے ۱۳ محرم ۹۴ھ کو روانہ ہوا اور موضع منہل میں جو ساوندی کے قریب تھا اترا یہاں ایک تالاب تھا اور اُسکے آس پاس ایک مرغزار نہایت سرسبز و شاداب تھا اُسکو ڈنڈا اور کہا کہتے تھے اسلئے ڈنڈہ کے کنارہ خیمے ڈیرے ڈالے۔ یہانکے باشندے سمانی تھے اُنکے سرداروں اور تاجروں نے اطاعت قبول کی۔ اُسنے حجاج کے حکم کے موافق سبکو امان دی اور اُنسے کہا کہ تم اپنے وطن میں آسودگی کے ساتھ رہو اور مالگذاری مقرر کرکے کہا کہ اسکو وقت موعود پر خزانہ میں داخل کرتے رہو اور ہر فرقہ میں ایک آدمی کو اپنے فرقہ کا رئیس مقرر کردیا۔ یہ ساری حالات حجاج کو لکھے گئے تو اُسکا جواب بڑی زور شور سے لکھا آیا کہ جو اہل حرب ہوں اُنکو قتل کرو اور اُنکے لڑکے اور لڑکیوں کو بطور اول کے قید کرکے رکھو جو مطیع ہوں اور اُنکے حلق میں سفائی کا پانی جاری ہو اُنکو امان دو اور مالگذاری اُنپر مقرر کردو اور صناع و تجار کو سبک بار زیادہ رکھو اور جس کسیکو جانو کہ وہ زراعت و عمارت میں بڑی تن دہی اور جانفشانی کرتا ہے اُسکو تقاوی دو اور سبطرح سے اُسکی امداد کرو۔ اور جو لوگ اسلام سے مشرف ہوں اُنسے عشر یعنی اُنکے مال زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ اور جو لوگ اپنی مذہب پر

قایم رہی ہوں تو وہ اپنے ملک کے قدیمی دستور کے موافق جو جمع راجاؤں کو دیتے آئے ہوں وہ ہمارے عمال کو دیں۔ محمد قاسم یہاں سے کوچ کرکے بھراور میں پہونچا۔ یہاں اُس نے سلیمان بن مہان اور بافضۃ الفشوری کو بلایا۔

قوم مہ کا استقبال

یہاں سے محمد قاسم اقوام سمہ کیطرف متوجہ ہوا جب وہ اُنکے قریب پہنچا تو وہ استقبال کیلئے ناچتے ہوئے اور ڈھول بجاتے ہوئے آئے۔ محمد قاسم نے پوچھا کہ یہ کیا غل شور ہے۔ وہانکے لوگوں نے کہا کہ یہ ان اقوام کی رسم ہے کہ جب اُنکے ہاں کوئی نیا بادشاہ آتا ہے تو وہ بڑی شادی کرتے ہیں اور اسطرح گاجے باجے کیساتھ اُسکے استقبال کو آتے ہیں۔ خریم بن عمر نے جو نہایت امین و ظریف ذہین و عقیل تھا۔ محمد قاسم سے کہا کہ آپ پوچھتے کیا ہیں خدا تعالیٰ کی تحمید و تہلیل کیجیے کہ اُسنے اپنے فضل و کرم سے اس قوم کو ہمارا محکوم و مسخر بنایا اور ہمارے اوامر و نواہی اسمیں جاری کئے۔ محمد قاسم کو اس کہنے پر ہنسی آئی اور اُسنے خریم سے کہا کہ تو ہی اس قوم کا حاکم بنایا جائیگا اور باجے والوں سے کہا کہ تم اُسکے سامنے رقص و بازی کرو۔ خریم نے بیس دینار زر مغربی اُنکو عطا کئے اور کہا کہ یہ بادشاہ کا حق ہے کہ اُسکے آنے پر تم شادی کرو اور اس نعمت الٰہی کا شکریہ بجالاؤ یہ نعمت تم پر خدا بہت دنوں قایم رکھے۔

آلور کا اور مہیکر کے قلعہ کا فتح ہونا

مؤرخ کہتے ہیں کہ لوہانہ سے جب محمد قاسم فارغ ہوا تو وہ سہتہ میں آیا۔ یہانکے رئیس کا تنتکا ننگے سر ننگے پاؤں اُسکے استقبال کو آئے اور رحم کی التجا کی۔ محمد قاسم نے اُنکو امان دی اور خراج اُنپر مقرر کیا اور کچھ آدمی اُول میں لئے اور اُنسے الور تک تمام منازل و مراحل کو پوچھکر لکھ لیا۔ اُنھوں نے رہبروں کو ساتھ کردیا کہ وہ اُسکو الور تک پہنچا دیں الور دارالسلطنت ہند تھا اور ملک سند میں سب سے بڑا شہر تھا۔ یہاں کے باشندے پیشہ ور و تاجر و کاشتکار تھے۔ راجہ داہر کا بیٹا قیونی یہاں فرمانروا تھا اُسکے سامنے کسی آدمی کا مقدور یہ نہ تھا کہ زبان سے کہتا کہ راجہ داہر مرگیا اُسکو یقین تھا کہ وہ زندہ ہے اور ہند سے فوج لیکر چلا آتا ہے جسکی امداد اور اعتضاد سے وہ لشکر عرب سے لڑیگا۔ ایک مہینہ تک محمد قاسم قلعہ کے سامنے ایک میل کے فاصلہ پر مقیم رہا۔ اسمیں مسجد بنوائی جسمیں ہر جمعہ کو خطبہ پڑھا جاتا۔

الور کے آدمیوں سے لڑائی

الور کے آدمیوں سے لڑائی شروع ہوئی اُنکو یقین تھا کہ راجہ داہر فوج لئے اُنکی امداد کو آتا ہے وہ فصیل پر چڑھکر محاصرین سے کہتے تھے کہ اب تم اپنی جان سے ہاتھ دھوؤ۔ راجہ داہر ایک فوج قاہرہ بیشمار ہاتھیونکی اور سواروں اور پیدلونکی تمہارے پیچھے لئے چلا آتا ہے اور ہم قلعہ سے تمہارے روبرو باہر نکلتے ہیں اس سے آگے پیچھے سے تمہیں گھیر کر تمہارے لشکر کو شکست دیتے ہیں۔ اب تمہاری خیر اسی میں ہے کہ اپنا اسباب و دولت بالکل چھوڑکر اپنی جانیں بچاکر نکل جاؤ۔ نہیں تو تم مارے جاؤگے۔ یہ ہماری نصیحت سن لو۔

جب محمد قاسم نے دیکھا کہ دشمن لڑنے میں بڑی جدوجہد کرتے ہیں اور اُنکے دماغ میں یہ خبط سمایا ہوا ہے کہ

راجہ داہر مرا نہیں۔ لشکر لئے وہ چلا آتا ہی تو رانی داہر کو جسکو اُسنے خرید کرکے نکاح اُس سے کیا تھا۔ اُس سیاہ اونٹ پر بٹھاکر جسپر وہ ہمیشہ سوار ہوا کرتی تھی۔ اور معتمد نکو اُسکے ساتھ کرکے حصار کے آگے بھیجا۔ وہاں پہنچکر یہ رانی چلائی کہ اے اہل حصار میں تمہاری مصلحت کے لئے ایک بات کہنے آئی ہوں اُسکو کھڑے کھڑے سن جاؤ۔ یہ سنکر ایک جماعت بڑے بڑے آدمیونکی فصیل پر چڑھ آئی۔ لادی نے نقاب چہرہ سے اُٹھائی اور یوں اُنسے مخاطب ہوئی کہ میں راجہ داہر کی رانی ہوں میرا خاوند مارا گیا۔ سر اُسکا عراق بھیجا گیا۔ اُسکے راج کے نشان اور چتر دار الخلافہ کو روانہ ہوئے۔ تم اپنے تئیں آپ کو کیوں ہلاک کرتے ہو۔ خدا قرآن میں فرماتا ہی کہ اپنے ہاتھوں سے اپنی ہلاکت نہ ڈھونڈو۔ یہ کہکر وہ چنگیں مارکر رونے لگی اور ایک نوحہ گانے لگی۔ اہل حصار نے فصیل پر سے جواب دیا کہ تو جھوٹی ہی چنڈالوں اور گائی کھانے والوں سے تو مل چل گئی ہی۔ ہمارا راجہ زندہ ہی اور ایک لشکر گراں اور مست ہاتھیوں کو ساتھ لاتا ہی اور دشمن کو دفع کرتا ہی۔ تو اہل حرب سے لگاوٹ کرکے خراب ہوگئی ہی۔ اور اپنے راجاؤں کو بھول گئی۔ ہمارے دشمنونکو ہمارے راجاؤں پر فوقیت دیتی ہی۔ اور کچھ گالیاں بھی اُسکو سنائیں جب محمد قاسم کو یہ خبر پہونچی تو اُسنے لادی کو بُلالیا اور یہ کہا کہ اب خاندان سلایچ کا بخت برگشتہ ہوگیا ہی اور خاتمہ کا وقت آگیا ہی۔

لادی رانی کا حصین کو سمجھانا

حصار الور میں ایک ساحرہ رہتی تھی اُسکو جوگنی کہتے تھے۔ راجہ فیونی اور ارکان سلطنت اُسکے پاس گئے اور پوچھنے لگے کہ تو اپنے علم زور سے بتلا کہ راجہ داہر کہاں ہی۔ اُسنے جواب دیا کہ مجھے آجکی مہلت اس کام کیلئے دو تاکہ میں اس سوال کا استحان کرکے کل جواب دوں۔ پس دوسرے دن سہ پہر کو سراندیپ کی کالی مرچ و جو زبو یا کی ہری بھری کلیاں کھلی پھل لگی شاخیں ہاتھ میں لئے آئی اور کہنے لگی کہ میں ساری دنیا میں قاف سے قاف تک پھر آئی کہیں سندھ و ہند میں راجہ داہر مجھے نہیں ملا اور نہ اُسکی خبر میں نے سنی اگر وہ زندہ ہوتا تو مجھ سے وہ کہیں نہیں چھپ سکتا تھا اور اس خبر کی صحت کیلئے میں یہ سبز شاخیں سراندیپ سے لائی ہوں تاکہ تم مجھ پر بدگمان نہ ہو۔ مجھے تحقیق ہوگیا ہی کہ تمہارا راجہ روئے زمین پر زندہ نہیں اب تم اپنی آپ چارہ جوئی کرو۔

قصہ راجہ داہر کا محمد قاسم کو گرفتار کرنا

جب یہ خبر مشہور ہوئی تو شہر کے سب خاص و عام کہنے لگے کہ ہمنے محمد قاسم کے عدل و انصاف و فضل و عہد و پیماں کا وثوق قول کی صداقت و دیانت پہ ساری صفات سُنی تھیں اب وہ آنکھوں سے دیکھ لیں۔ اب مناسب ہی کہ کسی معتمد کیساتھ پیغام بھیجکر اُس سے امان مانگی جائے اور حصار اُسکے سپرد کیا جائے۔ فیونی کو جب یہ رائے پسند آئی کہ یہ تردد اور راجہ داہر کی وفات کا حال معلوم ہوا تو وہ رات کو مع اپنے اہل و عیال اور متعلقین کے حصار سے باہر نکلا اور جیپور کی طرف چلا۔ یہاں اسکا بھائی جے سہ راجہ داہر کے اور بیٹے تھے اور وہ ایک موضع میں رہتے تھے جس کا نام

افسانہ مرگ داہر کا امتحان ایک جوگنی کا

صندل نزول (چندن اوتار) تھا۔ قوم علافی میں سے ایک آدمی حصار میں تھا۔ جو فیونی کا یار تھا۔ اُسنے ایک کاغذ پر فیونی کے فرار ہونیکا اور اہل حصار کا حال لکھا اور اُسکو تیر پر لگا کے لشکر عرب میں پھینکدیا جس سے یہانکا حال محمد قاسم کو معلوم ہوا تو اُسنے لشکر کو اڑنے کے لئے بھیجا۔ مران کارزار اور شجاعان بر دبار حصار پر چڑھ کر حملے کرنے لگے۔

پس تمام رعایا و تاجروں و کاریگروں اور اہل حرفہ نے یہ پیغام بھیجا کہ اب ہمنے برہمنو کی بیعت تو ترک کی ہمارا رائے داہر ہمارے سر سے اُٹھ گیا۔ فیونی اُسکے بیٹے نے ہمسے مُنہ پھیر لیا جو وقوع میں آیا وہ ہماری مرضی کے خلاف تھا لیکن حکم الٰہی سطح مقدر تھا قضا و قدر الٰہی کا مقابلہ کوئی مخلوق نہیں کرسکتی اور وہ کسی جنگ و مکر سے ٹل نہیں سکتیں اور دنیا کی مملکت کسی کی ہلاک سے نہیں ہوتی جب لشکر قضا رالٰہی پردۂ کمین سے باہر نکلتا ہی تو بعض بادشاہوں کو تاج و تخت سے محروم کرتا ہی۔ بعض کو زمانہ کے انقلاب و حوادث سے مردہ پژمردہ کرتا ہی۔ پس نہ قدیمی نہ جدید سلطنت پر اعتماد ہوسکتا ہی وہ ایک آنی جانی چیز ہی۔ تو ان باتو کو سمجھ۔ ہم تیری خدمت میں حاضر ہوئے ہیں اور تیری عدل و انصاف کے بھروسے پر تیری اطاعت کا طوق اپنی گردن میں ڈالتے ہیں اور حصار کو امیر عادل کے امینوں کو سپرد کرتے ہیں ہم کو امان دے اور لشکر کے خوف سے ایمن کر۔ یہ مملکت قدیم و عظیم ہمکو رائے داہر نے عطا کی تھی۔ جبتک وہ زندہ رہا اُسکی اطاعت کا حق بجا لاتے رہے جب وہ مرگیا اور اسکا بیٹا فیونی بھاگ گیا۔ اب ہمکو بہتر یہی معلوم ہوا کہ تیری اطاعت کریں۔ محمد قاسم نے اسکا یہ جواب دیا کہ میں نے نہ تمہاری پاس پیغام بھیجا نہ کوئی ایلچی۔ تم خود متفق ہوکر امان چاہتے ہو اور عہد و پیمان کرتے ہو۔ اگر تمہاری رضا و میلان خاطر ہماری خدمت و اطاعت کے لئے سچا ہے تو لڑائی سے ہاتھ کھینچو اور عہد و پیمان کرنے کیلئے نیچے اُتر آؤ۔ میں تمکو امان دونگا۔ ورنہ ہمارے تمہارے درمیان وہی دشمنی ہی جو تھی۔ بعد اسکے میں تمہارا ایک عذر نہ قبول کرونگا اور نہ تم کو بخشوں گا نہ تم کو لشکر سے بچنے دونگا۔ پس اہل حصار فصیل پر سے اُتر آئے اور آپسمیں سب کا اسپر اتفاق ہوا کہ محمد قاسم کے اس قول پر کہ امان دونگا دروازے کھولدیں اور ان میں جب تک محمد قاسم آئے خود کھڑے رہیں اور اُس سے کہیں کہ ہم تیری اطاعت و خدمت کیلئے حاضر ہوئے ہیں اگر اُس نے اپنے سخا و کرم سے یہ درخواست قبول کرلی اور امان دیدی تو فبہا ورنہ پھر ہم غدر مچائیں۔ پس وہ کنجیاں ہاتھوں میں لیکر دروازے میں آن کھڑے ہوئے اور حجاج کے امین منتخب ہوکر اس کام میں واسطہ بنے۔ اُنکو اہل حصار نے کنجیاں دیدیں دروازہ کھولدیا۔ محمد قاسم دروازہ سے داخل ہوا۔ اُس نے دیکھا کہ سارے شہر کے آدمی بتخانہ نوبہار میں بُت کے آگے سجدے کررہے ہیں۔ محمد قاسم نے پوچھا کہ یہ گھر کس کا ہی کہ سب وضیع و شریف اسمیں سجدے کررہی ہیں لوگوں نے جواب دیا کہ یہ ایک مندر ہے جس کا نام نوبہار ہے۔

محمد قاسم نے حکم دیا کہ تہخانہ کا دروازہ کھولدیں اُسنے وہاں دیکھا کہ گھوڑے پر ایک مورت سوار ہی اُسکے اندر۔ پھر وہ اپنے افسروں سمیت گیا اور دیکھا کہ سخت پتھر کا بُت بنا ہوا ہی اور زرین کنگن یاقوت وجواہر سے مرصع ہاتھوں میں پہنے ہوئے ہی۔ محمد قاسم نے ہاتھ دراز کرکے ایک کنگن اُتار لیا اور مندر کے پجاری سے کہا کہ تمہارا صنم یہ ہی اُسنے کہا کہ ہاں۔ مگر پہلے اُسکے ہاتھ نہیں دو کنگن تھے ایک رہ گیا ہی۔ محمد قاسم نے کہا کہ تمہارا معبود نہیں جانتا کہ کنگن کون لے گیا یہ سکر پجاری نے گردن نیچی کرلی محمد قاسم نے ہنسکر کنگن بُت کے ہاتھ میں ڈال دیا۔

محمد قاسم نے حکم دیا کہ جو اہل حرب اطاعت کریں وہ نہ قتل کئے جائیں۔ لادی نے کہا کہ اس ولایت کے آدمی کاریگر ہیں اور بعض تاجر ہیں۔ یہ شہر انھیں سے آباد ہی اور وہی یہانکی زمین میں کھیتی کرتے ہیں اگر انمیں سے ہر شخص پر جمع لگادی جائیگی تو انھیں کی محنت مزدوری سے خزانہ میں مال داخل ہوگا۔ محمد قاسم نے کہا کہ یہ لادی نے حکم دیا ہی اور سبکو جان ومال کی امان دیدی۔ مؤرخ بیان کرتے ہیں کہ محمد قاسم نے جن آدمیونکو قتل کیلئے موکلوں کو سپرد کیا تھا انمیں سے ایک شخص نکلکر آگے کھڑا ہوا۔ اور بولا کہ مجھے ایک عجیب تماشا کرنا آتا ہی۔ موکل نے کہا کہ مجھے دکھا اُس نے کہا کہ میں تجھے نہیں دکھاتا امیر کو دکھاؤنگا۔ محمد قاسم کو اسکی اطلاع ہوئی اُسنے اُسکو بُلایا اور پوچھا کہ کیا عجیب تماشا کرنا آتا ہی اُسنے کہا کہ میرے پاس ایسی چیز ہے کہ کبھی کسی نے نہ دیکھی ہوگی مگر اس شرط سے دکھاؤنگا کہ میرے کل عیال و اطفال کو امان دیدے۔ محمد قاسم نے کہا کہ میں نے امان دی اُسنے کہا کہ امان نامہ عنایت ہو اور اُسپر دستخط ہوں محمد قاسم نے جانا کہ اس پاس کوئی بیش قیمت جواہر یا زیور ہوگا۔ امان نامہ بھی اُسکے ہاتھ میں دیدیا۔ تو اُسنے اپنی ڈاڑھی اور موچھوں کو کھینچا اور بالونکو دراز کیا اور پاؤنکی اُنگلیوں کو اپنے سر سے لگایا اور ناچنے لگا اور یہ کہنے لگا کہ کسی شخص نے یہ میرا عجیب تماشا نہ دیکھا ہوگا ؎ موئے ریشم ہمیں کشان تاپاست ۔ محمد قاسم متعجب ہوا جو لوگ وہاں حاضر تھے اُنھوں نے کہا کہ یہ کیا عجیب تماشا ہی جسکے لئے امان دیجائے اُسنے ہمکو فریب دیا۔ محمد قاسم نے کہا کہ قول قول ہی اور عہد عہد ہی اس سے پھرنا بزرگ آدمیوں کا کام نہیں **اشعار** منگر تو بداں کہ ذ دفنون آید مرد ۔ در عہد وفا نگر کہ چوں آید مرد ۔ در عہدہ عہد اگر بروں آید مرد ۔ از ہر چہ گمان بری فزوں آید مرد ۔ اسکو مارنا نہیں چاہیئے قید رکھنا چاہیئے۔ اور حجاج سے یہ حال عرض کرنا چاہیئے۔ اسلئے اُسکو اور اُسکے کہنے کے بائیس آدمیوں کو قید خانہ میں بھیجدیا۔ اور حجاج کو اسکا حال لکھا۔ حجاج نے کوفہ وبصرہ کے علماء سے فتویٰ لیا اور عبدالملک خلیفہ کو اسکی اطلاع دی جواب خلیفہ اور فتویٰ علماء کا حجاج نے محمد قاسم پاس بھیجدیا جس سے ان قیدیوں کو رہائی ہوئی۔

بڑے بڑے معتبر اکابر یہ بیان کرتے ہیں کہ جب سیستان سوسوار اور پیادہ ہمراہ لیکر حصار کوج میں پہونچا۔

محمد قاسم کا قلعہ الور جرے کے باب میں ایک شخص کی امان چاہنا

افسانۂ چوبیہ کے کوچ میں جانے کا

کوچ کے راجہ درو ہر رائے نے اُسکا استقبال کیا اور اُسکی بڑی آؤبھگت کی اور اُس سے وعدے خوب کئے اور اُسکی اُمید و نکو بڑھایا اور کہا کہ میں لشکر اسلام سے لڑنے کیلئے تیری مدد کرونگا۔ اس راجہ کا یہ دستور تھا کہ ہر شب شاہی میں ایک روز خلوتخانہ میں عورتوں کے ساتھ شراب پیتا اور ناچ دیکھتا گانا سنتا اور اس مجلس میں کسی اجنبی آدمی کو آنے نہ دیتا۔ یہ ایک اتفاق کی بات تھی کہ جوچیسہ اسی روز یہاں آیا کہ یہ عیش و طرب کا دن راجہ کے ہاں تھا۔ راجہ نے آس پاس آدمی بھیجکر کہلا بھیجا کہ آج ہمارے عیش کا دن ہے اور کوئی غیر ہمارے شبستان میں نہیں آسکتا مگر تم ہمارے عزیز مہمان ہو اور بجائے ہمارے فرزند کے ہو تم یہاں قدمرنجہ کرو۔ جوچیسہ اس مجلس میں آیا اور عورتوں کے اندر گردن جھکا کر بیٹھ گیا۔ کسی عورت کی طرف نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھا۔ اپنے گرد خط کھینچ لئے جس سے باہر اُسنے نہ دیکھا درو ہر نے کہا کہ یہ عورتیں ماں بہنوں کی بجائے ہیں تم سر اُٹھاؤ اور اُنکو دیکھو۔ جوچیسہ نے کہا کہ میں اصل میں جوگی ہوں کسی نامحرم عورت کیطرف دیکھنا مجھے حرام ہے درو ہر نے بھی اُسے عورتوں کے دیکھنے کے لئے کچھ نہیں کہا۔ اور اُسکی پرہیزگاری و زہد پر شاباش کی۔ درو ہر کی بہن جانکی نہایت حسینہ تھی جب اُس نے جوچیسہ کو دیکھا تو وہ بے اختیار اُسپر عاشق ہو گئی۔ لحہ لحہ اُسکو کنکھیوں سے دیکھتی تھی اور کرشموں سے اپنی محبت کو جتلاتی تھی۔ جب مجلس برخاست ہوئی جوچیسہ اپنے محل میں گیا تو جانکی اپنے گھر میں گئی اور دہان بن سنور کر ایک ڈولے میں سوار ہو کر جوچیسہ کے پاس پہونچی۔ وہ پڑا سوتا تھا جب جانکی کے منہ سے شراب کی بو اُسکے دماغ میں پہونچی تو وہ جاگا اور پوچھا کہ رانی صاحبہ اسوقت قدمرنجہ فرمانیکا کیا سبب ہے اور یہ کون وقت آنیکا ہے۔ جانکی نے کہا تو بھی عجب احمق ہے۔ اس بات کے پوچھنے کی ضرورت کیا ہے کہ کیوں آئی ہو۔ جب خوبصورت عورت اندھیری رات میں تیری زیارت کو آئے اور تجھ سوتے کو جگائے تو اُسکا مطلب سوائے اس کے کیا ہوگا کہ تو وہ ایک جامہ میں سوئیں خاصکر مجھ جیسی حسینہ کہ جس کے عشق میں ایک عالم دیوانہ ہو رہا ہو تیرے پاس آئے اب آگے شرح و بسط سے حال نہ پوچھ اس اپنی فتح کو صبح تک غنیمت جان۔ جوچیسہ نے کہا کہ اے راجہ کی بیٹی مجھے سوائے اپنی منکوحہ حلال عورت کے کسی عورت نامحرم کیساتھ مخالطت کی مجال نہیں ہے مجھ سے یہ کام نہیں ہو سکتا میں بن جوگی پرہیزگار ہوں۔ ایسا نالایق کام بزرگوں کے لایق نہیں ہوتا۔ اس گناہ میں خدا کیواسطے مجھے مبتلا نہ کر ہر چند جانکی نے لجاجت کی مگر اُسنے اُسپر التفات نہ کی جب جانکی نا اُمید ہوئی تو اُسنے یہ ارادہ کیا کہ جوچیسہ کو ہلاک کروں اور خود جلکر مر جاؤں۔ وہ اپنے گھر چلی گئی۔ اور دوسرے روز اٹھواٹی کھٹواٹی لئے پڑی رہی۔ بھائی بغیر بہن کے مُنہ دیکھے کھانا نہیں کھاتا تھا جب بن اپنے وقت پر نہ آئی تو وہ بن کے دیکھنے کو گھر گیا تو اُس کا چہرہ متغیر پایا۔ حال پوچھا جانکی نے کہا کہ جس احمق سندی نے مجھے آپکی مجلس میں دیکھا تھا وہ کل رات میرے حرم سرا میں آیا اور اُسنے

ارادہ کیا کہ میرے دامن عصمت کو گرد عصیاں سے آلودہ کرے۔ یہ سنکر دروہر کے سینہ میں غصہ کے مارے آگ لگ گئی اُسنے بہن سے کہا کہ وہ ہمارا مہمان ہی اور جوگی برہمن ہی اور ہم سے استعانت چاہتا ہی ایکزار جنگی آدمی اُس کے ساتھ ہیں اگر اُسکو ظاہر مارتے ہیں تو ہمارے آدمی بھی مارے جائینگے اسلئے بہتر ہی کہ اسکو حکمت سے ماریں تو اُٹھ اور کھانا کھا۔ پس دروہر گھر میں آیا اور اُسنے دو سلاحدار ونکو حکم دیا کہ میں پہر دن چڑھی جے سیہ کو بلاؤنگا۔ اور تناول طعام کے بعد خلوت میں اُس سے شطرنج کھیلونگا جو وقت میں یہ کہوں کہ وہ شاہ مات ہوا تو تم جے سیہ کو قتل کر ڈالنا۔ راجہ دروہر راؤ کے خدمتگارونمیں ایک سندی آدمی بھی تھا۔ جب اُسکو یہ خبر ہوئی تو جے سیہ کو اس سازش سے مطلع کیا جے سیہ نے اپنے دو جانداروں سے کہدیا کہ میں دروہر کے ہاں جب کھانا کھانے جاؤں تو تم مسلح میرے ساتھ رہنا۔ اگر وہاں تم دیکھو کہ کوئی مجھپر وار کرتا ہی تو تم بھی ہوشیار رہنا۔ غرض جے سیہ اسیطرح دروہر کے ہاں گیا اور شطرنج کی بازی کھیلا دروہر نے سر اُٹھایا تو دیکھا کہ جے سیہ کے دو سپاہی سر پر مسلح کھڑے ہیں تو پشیمان ہو کر یہ کہنے لگا کہ بادشاہ مات نہیں ہوا بھبڑکو مارنا نہیں چاہیئے۔ جے سیہ وہاں سے اپنے گھر آیا اور دوسرے روز مع اپنے رفقا کے دروہر سے اجازت لیکر بغیر کسان میں پہونچا جو جالندھر کی سرحد پر تھا اور اُسکے راجا کا نام بلہرا تھا۔ جب تک یہیں وہ مقیم رہا کہ عمر عبد العزیز کی خلافت میں عمر بن سلم خلیفہ کے حکم سے یہاں آیا اور اس ولایت کو اُس نے فتح کیا۔

جے سیہ کی مردانگی اور فرزانگی میں اپنا نظیر نہیں رکھتا تھا۔ اسکی ولایت کی داستان اسطرح بیان کرتے ہیں کہ راجہ داہر شکار کو گیا تھا کہ ایک شیر نظر آیا۔ داہر گھوڑے سے اُتر کر پیادہ پا اُسکے مقابل ہوا اور اپنے ہاتھ پر چادر لپیٹ کر شیر کے مُنہ میں دیدی اور تلوار سے پہلے اُسکے پاؤں قلم کئے اور پھر پیٹ کو چیر ڈالا۔ لوگ جو اس واقعہ کو دیکھ کر ہول سے بھاگ کر وہ رانی پاس پہونچے اور اُسکو خبر کی کہ راجہ شیر سے لڑ رہا ہی۔ رانی حاملہ تھی جب اُسکو یہ خبر ہوئی تو اپنے خاوند کی غایت محبت کے سبب سے بیہوش ہو گئی اور اُسکی جان ہول کے مارے نکل گئی۔ داہر جب شکار سے گھر میں آیا تو رانی کو مردہ پایا۔ مگر پیٹ میں بچہ زندہ پھرتا نظر آیا۔ رانی کا پیٹ چیر کر اُسے نکال لیا اسلئے جے سیہ اُسکا نام رکھا جسکے معنی عربی میں المظفر یا اسد اور فارسی میں شیر فیروز ہی۔ (اس سے معلوم ہوتا ہی کہ اسکا نام جے سنگھ ہوگا جسکو عربی کتابوں میں جے سیہ لکھا ہی)

جب الور کے مغرور باشندے مطیع ہو گئے اور اس دار الملک پر پورا تسلط ہو گیا تو محمد قاسم نے رواح بن سید کو یہاں حاکم اور امور شرعی کے لئے موسی بن یعقوب کو قاضی مقرر کیا۔ اور اُنکو حکم دیدیا کہ جہاں تک ہو سکے رعیت پروری اور عدل گستری کریں۔ اور امور معروف پر اوامر اور اوامر منکر پر نہی کرتے رہیں۔ اُنکو اختیار مطلق دیکر وہ منزل بمنزل ہوا اور دریائے بیاس کے جنوبی کنارہ پر بانبیہ میں پہونچا۔

جے سیہ کی مردانگی اور فرزانگی کی داستان اور اسکی ولایت فتح کرنا

رواح بن سید کا الور میں حاکم مقرر ہونا

یا بیہ ایک پرانا قلعہ تھا اور یہاں کا رئیس لکسہ بن چندر بن سلائج راجہ داہر کا عم زادہ تھا وہ داہر کیساتھ لڑائی میں شریک تھا اور نہایت خستہ و شکستہ ہوکر اس قلعہ میں آنکر پناہ گیر ہوا تھا اور یہیں کی سکونت اختیار کرلی تھی جب لشکر اسلام سر پر آیا تو امرا و رؤسا نذریں لے لیکر دوڑے محمد قاسم نے اُنکے حال پر کمال التفات کی اور خلعت فاخرہ اُنکو عنایت کئے۔ اور اُنسے پوچھا کہ یہ لکسہ کیا خاندان الور میں سے ہے۔ جسکا ہر ایک رکن حکیم عاقل و امین و راستکار ہے۔ اگر لکسہ میرے پاس آجائے تو میں اُسکو اپنا وزیر مقرر کروں۔ لکسہ ہند میں بڑا عالم و حکیم تھا وہ محمد قاسم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ محمد قاسم ہمیشہ اُسکو اپنے تخت کے آگے بٹھاتا اور اُس سے مشورے لیتا۔ اُسکو تمام سپہداروں اور لشکر کا پیشوا بنایا۔ اموال نواحی کی تحصیل اُسکو سپرد کی۔ خزانہ کی کنجیاں اور اپنی مہر اُسکو حوالہ کی۔ غرض وہ سب کاموں میں محمد قاسم کا مشیر تھا اسلئے اسکا نام مبارک مشیر مشہور تھا۔

جب لکسہ کے ساتھ معاملات یوں طے ہوئے تو محمد قاسم قلعہ کو چھوڑکر دریائے بیاس کے پار گیا اور حصار اسکلندہ پر پہنچا۔ اہل حصار عرب کے لشکر سے لڑنے کیلئے باہر آئے۔ رواح بن عمرو الطیفی و لکسہ لشکر کے پیش رو تھے۔ ایسی سخت لڑائی آن پڑی کہ طرفین سے خون کے نالے بہنے لگے۔ صبح کی نماز کے وقت اہل عرب اللہ اکبر کا نعرہ مار کر حملہ آور ہوئے تو دشمن پس پا ہوئے اور قلعہ کے اندر گھس گئے پھر لشکر عرب نے حصار پر تیر و نکا مینہ برسا دیا منجنیقوں سے دیواروں پر پتھر و نکی بوچھار لگا دی یہ جنگ سات روز تک اسطرح جاری رہی۔ امیر ملتان کا بھتیجا یہاں سردار تھا اُس نے مسلمانوں پر بھی ایسے حملے کئے کہ کھانے پینے کی تنگی ہونے لگی مگر آخر کار رات کو اسکلندہ کا راجہ بھاگ کر سکھ ملتان میں چلا گیا۔ سکھ ایک بہت بڑا قلعہ دریائے راوی کے جنوب میں ہے۔ بجہرہ یہاں کا راجہ تھا۔ جب راجہ سکہ کو چلا گیا تو رعایا و کاریگروں و اہل تجارت نے پیغام محمد قاسم پاس بھیجا کہ ہمارا والی چلا گیا اب آپ ہمارے والی ہیں۔ اور ہم آپ کی رعیت ہیں۔ محمد قاسم نے اہل تجارت و اہل زراعت و اہل صنعت کو امان دی مگر قلعہ میں آنکر چار ہزار ہتھیار بند سپاہیوں کو قتل کیا اور اُنکے اہل و عیال کو بردہ بنایا۔ اور قلعہ کا حاکم عتبہ بن سلمہ تمیمی کو مقرر کیا۔ اور اب وہ مع لشکر کے سکہ ملتان کی طرف سے متوجہ ہوا۔ جب حصار کے سامنے لشکر عرب آیا تو اہل حصار باہر نکلکر لڑنے لگے سترہ روز تک ہنگامہ کارزار خوب گرم رہا۔ محمد قاسم کے پچیس دوست اس لڑائی میں شہید ہوئے اور لشکر شام میں سے دو سو پندرہ آدمی مارے گئے۔ بجہرہ دریائے راوی عبور کرکے ملتان چلا گیا۔ محمد قاسم نے اپنے یاروں کے مارے جانے کے سبب سے قسم کھائی تھی کہ میں اس قلعہ کی اینٹ سے اینٹ بجا دونگا اور سارا منہدم کراؤں گا۔ اُس نے حکم دیدیا کہ ساری شہر کو برباد کردیں اور وہ خود شہر کے نیچے جو گھاٹ تھا اُترکر ملتان پہونچا۔ بجہرہ لڑنے کے لئے سامنے ہوا۔ گھاٹ پر

دشمنوں سے لڑائی صبح سے شام تک رہی جب رات ہوئی تو دونوں لشکر اپنے قیام گاہ میں چلے گئے۔ دوسرے روز پھر صبحکو ہنگامہ جنگ گرم ہوا۔ طرفین سے بہت آدمی کشتہ ہوئے اور اسیطرح یہ لڑائی دو مہینے تک قائم رہی۔ حصار کے اوپر سے تیر اور منجنیقوں سے پتھر آتے رہے جس سے لشکر اسلام میں غلہ نہایت گراں ہوگیا۔ یہانتک کہ گدھی کی سری پانچسو درم کو فروخت ہوتی تھی۔ راجہ گورسیہ پسر چندر چچپر سے بھائی داہر نے دیکھا کہ لشکر عرب ایسا مستقل ہے کہ اُسکا دل کسی طرح مضطر نہیں ہوتا اور ہمکو کسیطرح سے مدد کی امید نہیں اسلئے یہانسے وہ کافور ہوا اور راجہ کشمیر پاس چلا گیا۔ دوسرے روز پھر لشکر عرب سے لڑائی ہوئی۔ اہل عرب کو کوئی جگہ ایسی نہیں ملتی تھی کہ نقب لگائیں۔ حصار میں سے ایک شخص آیا اور امان چاہی۔ محمد قاسم نے اُسے امان دی اُسنے دریا کے شمالی جانب میں سُرنگ لگانیکی جگہ بتلادی وہاں سُرنگ کھودنے سے دو تین دنمیں حصار کی دیوار گر پڑی اور حصار فتح ہوگیا۔ چھ ہزار جنگی سپاہیوں کو قتل کیا اور اُنکے اہل وعیال کو لونڈی غلام بنایا۔ اہل تجارت وزراعت وصنعت کو امان دی۔ محمد قاسم نے یہ کہا کہ خلیفہ کے خزانہ میں غنیمت بھیجنی چاہیئے مگر اس قلعہ کی فتح میں سپاہیوں نے بڑی مدت تک طرح طرح کی آفتیں سہی ہیں مصیبتیں اُٹھائی ہیں اور جانیں لڑائی اور کھپائی ہیں اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ساری غنیمت سپاہیوں میں تقسیم ہو۔

تمام اکابر اور اعیان شہر جمع ہوئے اور ساٹھ ہزار درم وزن میں چاندی تقسیم ہوئی ہر سوار کے حصہ میں چار سو درم وزن میں آئی۔ محمد قاسم نے کہا کہ اب دارالخلافہ کے خزانہ کیلئے بھی مال کے حاصل کرنیکی کوئی تدبیر سوچنی چاہیئے۔ وہ اس معاملہ میں متفکر تھا کہ ناگاہ ایک برہمن آیا اور اُسنے کہا کہ اب ہندو نکا خاتمہ ہوا۔ اسلام کا نور سارے عالم میں چمکا۔ بتکدے مسمار ہوئے مساجد ومنابر تعمیر ہوئے۔ میں نے ملتان کے بزرگوں سے یوں سُنا ہے کہ پہلے زمانہ میں اس شہر میں راجہ کشمیر کی اولاد میں سے جبوبن نامی راجہ تھا اور وہ برہمن اور جوگی تھا اور اپنے مذہب کا بڑا پکا تھا۔ اور رات دن بتونکی پوجا میں لگا رہتا تھا جب اُسکے خزانہ میں بیشمار روپیہ جمع ہوگیا تو اُسنے ملتان کی مشرقی سمت میں ایک حوض سو گز سے سو گز بنوایا اور اُسکے گرد درخت لگوائے اور بیچوبیچ میں ایک بتکدہ پچاس گز سے پچاس گز تعمیر کرایا اور اُس میں ایک بُت زرِ سُرخ کا بنوا کر رکھا اور چالیس دیگیں تین سو تیس من سونے کے ٹکڑوں سے بھر کر اُن کے نیچے دفن کیں۔ محمد قاسم یہ سنکر مع اپنے خواص ورفقا کے اُٹھ کھڑا ہوا اور اُس بتکدہ میں گیا۔ وہاں ایک سونیکا بُت دیکھا جس کی آنکھیں یاقوت سُرخ کی تھیں۔ محمد قاسم نے یہ جان کر کہ شاید وہ آدمی ہو میان سے تلوار اُسکے مارنے کے لئے کھینچی کہ اس برہمن نے کہا کہ اے امیر عادل یہ تو وہی بُت ہے جسکو راجہ جبوبن نے طیار کیا تھا اور اُسکے نیچے سونا دفن کیا تھا۔ محمد قاسم نے اس بُت کو اُٹھوا کر تُلوایا تو اُسکے سونے کا وزن دو سو تیس من نکلا

اور پھر چالیس دیگیں سونے کی بھری ہوئی نکالیں تو تیرہ ہزار دو سو من انمیں سونا نکلا۔ اس سونے اور بت کو خزانہ میں داخل کیا اور اُسکے ساتھ مروارید اور جواہر بھی کہ شہر ملتان کی غنیمت میں آئے تھے شامل کئے۔ یہ اتفاق کی بات ہے کہ جس روز بتخانہ کے سونے پر قبضہ ہوا تھا اُسی روز حجاج کا خط اس مضمون کا آیا کہ اے ابن عم جس روز تجکو لشکر دیکر روانہ کیا تھا تو میں اسکا ضامن ہوا تھا کہ اس لشکر کشی اور مہم میں جتنا روپیہ خرچ ہوگا اتنا روپیہ خلیفہ ولید بن عبدالملک کے خزانہ میں داخل کرونگا۔ اب اس روپیہ کا ادا کرنا مجھ پر واجب ہے۔ آجکی تاریخ تک مفصل و مجمل حساب سے معلوم ہوا ہے کہ ساٹھ ہزار درم وزن نقرہ تیرے خرچ میں آچکا ہے اور ساری غنیمت نقود و اجناس ایک لاکھ اٹھائیس ہزار درم وزن نقرہ پہنچ چکے ہیں۔ تجکو چاہیئے کہ جہاں کوئی مشہور قصبہ یا شہر ہو وہاں مساجد و منابر تعمیر کراؤ اور خلافت کے نام کا خطبہ پڑھواؤ اور سکہ جاری کراؤ۔ ابتک تم کو اپنے اقبال اور نصیبہ کی یاوری سے اور لشکر کشی سے جو کچھ حاصل ہوا ہے اُس سے یہ توقع ہوتی ہے کہ آیندہ بھی جس طرف جاؤگے فتح تمہارے آگے آئیگی۔

تمام رؤسا و شرفاء شہر سے محمد قاسم نے عہد و پیمان کا فیصلہ کر لیا پھر یہاں ایک جامع مسجد تعمیر کرائی جسکے مینار بڑے بلند تھے امیر داؤد بن نصر بن ولید عمانی کو امیر ملتان مقرر کیا۔ حزیم بن عبدالملک بن تمیم کو دریا رہمل کے کنارہ پر قلعہ برہمپور میں اور عکرمہ بن ریحان شامی کو سواد ملتا میں اور احمد بن حریمہ بن عتبہ مدنی کو حصار اجتہاد اور کرور میں حاکم مقرر کیا۔ کشتیوں میں خزانہ لادکر دیبل میں بھیجا کہ وہاں سے وہ دارالخلافہ کے خزانہ میں پہونچایا جائے اور وہ خود ملتان میں ٹھہرا۔ اب پچاس ہزار سوار کے لشکر پر وہ حکمران تھا۔

رعایا ملتان سے محمد قاسم کا عہد و پیمان

محمد قاسم نے ابوحکیم شیبانی کے ساتھ دس ہزار سوار ہمراہ کرکے قنوج روانہ کیا تاکہ وہ خلیفہ کے اس حکم عام سے یہاں کے راجہ کو مطلع کردے کہ کیا وہ اسلام قبول کرے یا جزیہ دینا منظور کرکے عہد و پیمان کرلے۔ اور وہ خود لشکر لیکر کشمیر کی حد کیطرف روانہ ہوا جسکو پنج مایات کہتے ہیں۔ یہاں سرحد پر پہونچکر وہ درخت صنوبر و بید کے دیکھے جو راجہ داہر نے یہاں اپنی سرحد پر لگائے تھے۔ اب اس نے پھر اس حد کی تجدید کی اور سرحد کے نشانوں کو از سر نو جگا دیا۔ اسوقت قنوج میں راجہ ہری چند پسر راجہ جے چند راج کرتا تھا۔ ابوحکیم شیبانی جب اردھابر میں پہونچا تو اُسنے زید بن عمر والکلابی کو سفیر بنا کے راجہ قنوج پاس بھیجا کہ وہ خلیفہ کے حکم (اسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے) سے راجہ کو مطلع کردے اور اُس سے کہدے کہ سمندر سے لیکر کشمیر کی حد جتنے راجہ فرمانروا ہیں وہ سب اسلام کے مطیع اور امیر عمادالدین محمد قاسم لشکر کش عرب کے محکوم ہیں۔ اور وہ خراج دیتے ہیں اور بعض مسلمان ہوگئے ہیں۔

ابوحکیم کا دس ہزار سوار کیساتھ قنوج روانہ ہونا

جب سفیر نے راجہ ہری چند کو ان پر مطلع کیا تو اُسنے یہ جواب دیا کہ اس ملک میں سولہ سو برس سے

ہمارا راج چلا آتا ہے اس عرصہ میں کسی مخالف کا یہ حوصلہ نہیں ہوا کہ ہماری سرحد پر قدم تو رکھ سکے یا کسیطرح کی
دست درازی کر سکے یا ہم سے مخاصمت کرے۔ ہم تمہارے باطل خیالات اور محال مقالات سے کب اندیشہ کرتے ہیں
اگرچہ پیام آوروں کو مقید کرنا جائز نہیں ہے مگر تیری قیل وقال و دعوی محال ایسے ہیں کہ تیرا قید کرنا جائز ہے جس سے
اور مخالفین کو عبرت ہو اب تو اُلٹے پاؤں اپنے امیر پاس چلا جا اور اُس سے کہہ کہ تم ہمارے سامنے آؤ تاکہ
طرفین کی شجاعت کے جوہر کھلجائیں اور قوتیں تل جائیں کہ کس کا پلڑا بھاری ہے۔ کس کا رعب کس پر چھایا ہے۔ کس کی
ہیبت کس پر طاری ہوتی ہے اُسوقت ہماری تمہاری صلح جنگ کا فیصلہ ہوگا۔ محمد قاسم پاس جب سفیر یہ پیغام
لایا تو اُس نے اپنے سب اکابر و اعیان و امرا و سپہدار و شجاع جمع کئے اور اُنسے یوں مخاطب ہوا کہ اب تک
خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسلام کو فتح و ظفر نصیب ہوئی ہے۔ سارے راجاؤں کو شکست دی ہے۔ راجہ قنوج
سے جسکو اپنے لشکر اور ہاتھیوں پر بڑا گھمنڈ ہے ہم لڑینگے تو انشاء اللہ قوت الٰہی سے فتح پائیں گے۔ محمد قاسم کی
اس بات کو سب اہل مجلس نے تسلیم کیا اور لڑنے کی طیاریاں کرنے لگے۔

یہاں لڑائی کیلئے یہ سرگرمیاں اور تیاریاں ہو رہی تھیں وہاں پردۂ غیب سے اور ہی گل کھلا کہ صبح کیوقت ایک
ساندنی سوار خلیفہ کا پروانہ لایا جسکی روایت محمد بن علی ابوالحسن یہ بیان کرتے ہیں کہ جب راجہ داہر مارا گیا تھا تو اُسکے
محل میں دو دوشیزہ دختر اُسکی اسیر ہوئی تھیں محمد قاسم نے اُنکو بعد اد حبشی خادمونکی حراست میں خلیفہ پاس بھیجدیا
خلیفہ نے اپنی حرم سرا میں داخل کیا کہ وہاں مفر کی تکان و ماندگی سے آسودہ ہوں۔ کچھ مدت کے بعد خلیفہ کو یہ دونوں
لڑکیاں یاد آئیں شکوہ انھیں بلایا اور ترجمان کو حکم دیا کہ اُنسے وہ پوچھے کہ بڑی کونسی ہے اور چھوٹی کونسی بڑی ٹھہر
جائے اور چھوٹی چلی جائے وہ کسی اور شب کو بلائی جائیگی۔ ترجمان نے اُنسے نام پوچھا بڑی نے کہا کہ میرا نام
سوریا دیبی ہے۔ اور چھوٹی نے کہا کہ میرا نام پرمل دیبی ہے۔ بڑی کو خلیفہ نے اپنے پاس بلالیا۔ چھوٹی رخصت کیا
سوریا دیبی کے چہرہ پر سے جب خلیفہ نے نقاب اُٹھایا تو وہ حسن و جمال کا جلوہ نظر آیا کہ دل بے اختیار اُسپر عاشق زار
ہو گیا۔ جب وصل کا وقت قریب آیا تو سوریا دیبی بولی کہ میں اپنی بدنصیبی سے حضور کے قابل نہیں رہی محمد قاسم نے تین
روز تک میری بہار لوٹی ہے اور دست تصرف دراز کیا ہے جب یہاں بھیجا ہے۔ آپکے ہاں یہی دستور ہوگا بادشاہوں کو
ایسا فضیحت ہونا زیبا نہیں۔ خلیفہ عشق میں دیوانہ ہو کر از خود رفتہ ہو ہی رہا تھا کہ یہ باتیں سنتے ہی قلم دوات کاغذ
منگا اپنے ہاتھ سے یہ پروانہ دہرگھسیٹا کہ محمد قاسم جہاں ہو وہ اپنے تئیں گائے کی کچی کھال میں بند کر کے یہاں
اپنے تئیں پہونچائے۔ محمد قاسم اودھار میں تھا کہ یہ حکم اُس پاس پہونچا۔ اُس نے پروانہ پڑھ کر کہا کہ حسکم کی

پروانہ خلیفہ اور محمد قاسم کی وفات

تعمیل ہو۔ وہ زندہ چرم خام میں سیا گیا اور صندوق میں بند کیا گیا۔ صندوق خلیفہ ولید کے حضور میں لایا گیا تو اُسنے پوچھا کہ محمد قاسم زندہ ہی یا مردہ اُسنے جواب دیا کہ حسب الحکم جب محمد قاسم چرم خام میں بند کیا گیا تو وہ دوسرے روز مرگیا۔ مگر ملک سندھ میں اُسکے مرنے سے کچھ خرابی نہیں ہوئی۔ ملوک وامرا اپنے اپنے علاقوں کا انتظام بخوبی رکھتے ہیں اور منصب دار اپنے کاموں کو بڑی تن دہی سے انجام دیتے ہیں۔ خلیفہ کے نام کا خطبہ بدستور پڑھا جاتا ہی۔ خلیفہ نے صندوق کو کھلوایا اور ان لڑکیوں کو بلایا۔ خلیفہ کے ہاتھ میں ایک سبز شاخ حنا کی تھی وہ محمد قاسم کے دانتوں کو لگا کے یہ کہا کہ اے لڑکیو تم نے دیکھا کہ ہمارا حکم ہمارے گماشتو پر کیسا نافذ ہی کہ جسدم محمد قاسم پاس ہمارا حکم پہونچا اُسی دم اُس نے ہمارے فرمان پر اپنی جان قربان کردی۔ دونوں لڑکیاں لاش کو خوشی خوشی دیکھتی تھیں اور پہچانتی تھیں کہ وہ ہی محمد قاسم ہے خلیفہ کو ماتھا ٹیک کر اور ہاتھ اُٹھا اُٹھا دعائیں دیتی تھیں کہ وہ ہمیشہ جیتا رہی۔ خلیفہ کو دعائیں دیتے دیتے یہ کہنے لگیں کہ بادشاہ عادل پر لازم ہے کہ وہ خطرناک کاموں کو بہت سوچ سمجھکر کیا کرے اور دوربینی کو اسمیں کام میں لایا کرے۔ دوست دشمن سے جو بات سُنے اُسمیں امتحان اور تحقیق کے بعد عدل کے موافق حکم دیا کرے۔ دنیا میں برون آباد اور درون خراب آدمی بہت ہیں۔ راستی کیا ہی اور ناراستی فراوان ہی۔ جب خلیفہ نے ان فقروں کا مطلب اُنسے پوچھا تو اُنھوں نے صاف صاف بیان کیا کہ محمد قاسم بالکل بیگناہ تھا وہ ہمارے باپ اور بھائی کی جگہ تھا اُسنے ہم کو انگلی بھی اپنی نہیں لگائی۔ ہمنے انتقام لینے کے لئے یہ تہمت اُسکے ذمہ لگائی تھی۔ اُسنے ہمارے باپ کو مارا سارے خاندان کی دولت حکومت عزت خاک میں ملائی۔ ہمکو بے خانماں کرکے جلاوطن کیا۔ رانی سے لونڈی بنایا۔ پس اب ہماری مُرادیں پوری ہوئیں۔ اگر محمد قاسم میں عقل ہوتی تو یہاں آتا اور ایک روز رہتا پھر چرم خام میں کھچواتا تو زندہ رہتا اور یقینی خلاص ہوتا۔ مگر اس احمق کی یوں جان جانی تھی اور خلیفہ کے انصاف پر یہ بٹہ لگنا تھا کہ دو لونڈیوں کے کہنے میں آن کر اس بیگناہ جوانمرد کو مار ڈالا جس نے ہندوستان کے راجاؤں کو معزول کرکے اُسکی سلطنت کا سکہ جمایا۔ لاکھ لونڈیاں اُسکی خدمت میں بھیجیں ہندوں کو مسمار کرکے مسجدیں بنوائیں۔ اُنمیں خطبہ اُنکے نام کا پڑھوایا۔ خلیفہ نے جب باتیں سُنیں تو نہ پوچھو کہ ندامت کے مارے اُسپر کیا گزری۔ کاٹو تو بدن میں خون نہ تھا۔ سناٹے کے عالم میں تھا ایک گھنٹہ تک بیہوش رہا۔ جب ہوش میں آیا تو یہ حکم دیا کہ ان لڑکیوں کو گھوڑوں کی دُم سے باندھ کے شہر میں تشہیر کرکے رود دجلہ میں پھینک دیں۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ حکم دیا کہ زندہ دیوار میں چُنوا دیں۔

محمد قاسم دمشق میں دفن ہوا۔ اُسکی وفات کا افسانہ جو افسوسناک لکھا ہی وہ چچ نامہ اور میر معصوم کی تاریخ سے نقل کیا گیا ہی۔ مگر فتوح البلدان میں یہ لکھا ہی کہ خلیفہ ولید حجاج کے بعد جمادی الاول سنہ ۹۶ھ میں اس دنیا سے رحلت کرگیا

محمد قاسم کی وفات کے بارے میں مورخین کا اختلاف

سلیمان خلیفہ ہوا۔ جسکے حکم سے محمد قاسم معزول ہو کر بُلایا گیا قید ہوا۔ پاؤں میں بیڑیاں پڑیں۔ شکنجہ میں کھینچا گیا غرض یہاں تک اُسکو اذیتیں پہونچائی گئیں کہ جان نکلگئی۔ وہ کل سواتین برس ہندوستان میں رہا۔ محمد قاسم کے اس طرح مار ڈالنے سے خلیفہ کو اپنے دوستوں کو اعلیٰ عہدوں پر سرفراز کرنے کا موقع ملا۔ افسانہ وفات سب سے اول چچ نامہ میں لکھا گیا ہے۔ فتوح البلدان کا بیان زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے کہ محمد قاسم کے دونوں مربی حجاج اور ولید مر چکے تھے سلیمان جو حجاج سے عداوت قلبی رکھتا تھا خلیفہ ہو گیا تھا اُسنے محمد قاسم کو شکنجہ فرسائی سے مار ڈالا بعض انگریز مورخ محمد قاسم کی وفات پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ گائے کی کھال میں سلوانے کی تعزیر اہل تاتار کے ہاں مروج تھی اہل عرب کا یہ دستور نہ تھا۔ مگر پھر انگریز مورخ ہی اسکا جواب دیتے ہیں کہ عرب کی تاریخ میں ایک مثال اس زمانہ سے پہلے کی موجود ہے کہ حجاج نے حاکم مصر کو گدھے کی کھال میں سلوا کر دونوں کو جلوا دیا تھا۔ غرضکہ گاؤ آمد و خر رفت سے کچھ کام نہیں ہے۔ اس میں کچھ شبہ کرنے کی جگہ نہیں ہے کہ خلیفہ سلیمان نے موسیٰ سے بھی جس نے سپین کو فتح کیا تھا محمد قاسم ہی کا سا سلوک کیا تھا۔ محمد قاسم ایسا ہر دل عزیز تھا کہ جب وہ واپس بُلایا گیا ہے تو اہل ہند اُس کے لئے روتے تھے اور کیراج میں اُسکا بُت بنا کے پوجنے کے لئے رکھا۔

خلیفہ ہفتم سلیمان نے محمد قاسم کی جگہ یزید مقرر کیا۔ وہ یہاں سندہ میں آکر صرف اٹھارہ روز زندہ رہا ہندو راجاؤں نے سرکشی اختیار کی تھی۔ داہر کے بیٹے جے سیہ نے برہمن آباد پر قبضہ کر لیا۔ سندھ کے مؤرخ کہتے ہیں کہ محمد قاسم کے جانے سے دو برس کے اندر بہت سا ملک محمد قاسم کا فتح کیا ہوا اہل ہند نے مسلمانوں کے قبضہ سے نکال لیا۔ دریائے سندھ کے کنارہ پر جب داہر مقیم ہوا اُس نے ایک قوم کو جو برسر مقابلہ آئی ایسی شکست دی کہ الور کے باشندے اُسکے مطیع ہو گئے۔ عامر بن عبداللہ کو لکھا ہے کہ اس خلافت میں وہ سندھ کا حاکم رہا۔

خلیفہ سلیمان ۹۹ھ میں دنیا سے رخصت ہوا۔ اور عمر بن عبدالعزیز اُسکا جانشین ہوا۔ اسنے ہندوستان کے سلاطین و امرا کو خطوط اس مضمون کے لکھے کہ تم اسلام قبول کرو تاکہ تمکو سارے حقوق مثل مسلمانوں کے حاصل ہو جائیں تم ہمارے ساتھ اتحاد و وداد کا عہد و پیمان کرو ہم تمہارے سبطرح محافظ رہینگے۔ ان امرا و شہزادوں نے ان اقرار نکو اور مسلمانوں کے عقیدہ عقائد و خصائل کو سُنا۔ داہر کا بیٹا جے سیہ اور اُور امیرزادے مسلمان ہو گئے اور اُنھوں نے اپنے ہندی ناموں کو بدل کر عربی نام رکھے۔ یہاں کی سرحد پر نائب خلیفہ عمر بن مسلم الباہلی مقرر ہوا۔

یزید بن عبدالملک کے زمانہ میں سندھ میں المہلب کے بیڑھاگ کر چلے آئے اُنکے تعاقب میں خلیفہ نے بلال بن احوار التمیمی کو بھیجا اُسنے قندابیل میں مہلب کے بیٹے مدرک کو مار ڈالا۔ اور اُسنے مہلب کے اور چار بیٹوں کو اور معاویہ بن یزید کو بھی ٹھکانے لگا یا

یزید بن عبدالملک ۱۰۱-۱۰۵ھ

عمر بن عبدالعزیز ۹۹-۱۰۱ھ

(جلد ۱)

کو مہلب کا خاندان یوں تباہ ہوا مگر پھر یزید مہلبی پچاس برس افریقیہ میں فرمانروا مقرر رہا اور اُسکا بیٹا داؤد سندھ میں حاکم مقرر ہوا۔

ہند بن عبدالملک ۱۰۵ھ ۷۲۳ء تا آخر خلافت ولید بن یزید ۱۲۵ھ ۷۴۳ء

ہشام بن عبدالملک ۱۰۵ھ ۷۲۳ء تا آخر خلافت ولید بن یزید ۱۲۵ھ ۷۴۳ء

مروان بن محمد ۱۲۷ھ ۷۴۴ء تا ۱۳۲ھ ۷۵۰ء

ہند کی سرحد پر بجائے عمرو کے جنید بن عبدالمری حاکم مقرر ہوا۔ اسکو عمر حاکم عراق نے مقرر کیا تھا۔ مگر خلیفہ ہشام نے بھی اُسکو برقرار رکھا۔ دیبل میں جنید گیا اور یہاں سے مہران پر کنارہ پر پہنچا مگر جو سیہ پسر داہر نے اسکو عبور کرنے سے روکا اور اس سے یہ کہلا بھیجا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں اور خلیفہ کیطرف سے یہانکا حاکم مقرر ہو گیا ہوں اور ایک عمدہ آدمی نے مجھے یہاں مستقل کیا ہے مگر تجھے مجھ پر کچھ اعتماد نہیں ہے۔ ان دونوں کے آپس میں قول و قرار ہو گئے اور جو سیہ پر جو زر مالگذاری واجب الادا تھا وہ اُسنے ادا کر دیا۔ پس دونوں نے اپنے عہد و پیمان کی اسناد دیدی تو جو سیہ اپنے عہد سے پھر گیا اور لڑائی کی تیاری کی بعض کہتے ہیں کہ جنید نے چیند کی۔ جو سیہ نے لڑائی کے لئے پیش قدمی نہیں کی بلکہ جنید نے کی۔ جو سیہ نے فوجوں کو جمع کیا اور جہاز و نکو لڑائی کے لئے طیار کیا۔ جنید بھی جہاز لیکر لڑنے کو طیار ہوا۔ نہر شرقی میں بحری لڑائی ہوئی جو سیہ کے جہاز سب برباد ہوئے وہ قید ہوا اور پھر قتل۔ اُسکا بھائی سسہ عراق اسلئے گیا کہ وہاں پر جنید کی دغا بازی کی شکایت کرے مگر جنید نے اپنے جھوٹے وعدوں سے پھسلایا اور اُسکو بھی دغا سے مار ڈالا۔ پھر جنید نے کیراج پر حملہ کیا یہانکے آدمیوں نے بغاوت اختیار کی تھی۔ اُسنے منجنیقوں سے کیراج کی فصیل کے ٹکڑے اُڑا دیئے اور حملہ کر کے شہر کو لے لیا۔ پھر اُسنے اپنے افسروں کو مارندا۔ منڈل۔ دھنج۔ بروچ میں بھیجا۔ جنید کا یہ قول تھا کہ شجاعت سے مرنا توکل کے جینے سے بہتر ہے اُسنے اُجین پر لشکر کشی کی۔ مالوہ کے ملک پر ایک بیر لشکر روانہ کیا۔ اُجین پر حملے کئے اور بہرہ مد کی فوج کو جلا دیا جنید نے گجرات اور بیل مان کو بھی فتح کر لیا۔ بحر و بر میں اُسنے اپنی فتوح سے بہت غنیمت اور دولت حاصل کی۔

۱۱۷ھ میں جنید کی جگہ تمیم بن زیاد العتبی مقرر ہوا جسکو پہلے سندھ میں حجاج نے بھی بھیجا تھا داغ اور جسم اسکے دونوں ضعیف تھے۔ وہ بیل کے قریب میٹھے آب میں مر گیا۔ اس میٹھے آب کی وجہ تسمیہ یہ بیان کیجاتی ہے کہ سوروں سے بھینسیں ڈر کر اس پانی میں چھپتی تھیں۔ تمیم ایک بڑا فیاض عرب تھا۔ اُسنے ایک کروڑ اسی لاکھ تاری درہم جو خزانہ سندھ میں تھے خرچ کر ڈالے۔ تمیم کے عہد میں بہت سے مسلمانوں نے ہند کے مختلف حصوں کو خالی کر دیا اور پھر اس زمانہ کے بعد وہاں آن کر ایسے نہیں آباد ہوئے جیسے کہ پہلے آباد ہوئے تھے۔

تمیم کی جگہ حکیم بن عوانہ الکلبی مقرر ہوا۔ اسکے سوا اور ہندوؤں نے پھر بت پرستی شروع کر دی تھی۔ مسلمانوں کیلئے کوئی پناہ کی جگہ نہ تھی۔ سو اُسنے ایک شہر نہر کے مشرقی کنارہ آباد کیا اور اُسکا نام المحفوظہ رکھا اور وہاں رہنا شروع کیا۔

حکیم کے ہمراہ عمر بن محمد بن قاسم تھا۔ حکیم نے اس اپنے ہمراہی کو بزرگ کاموں کا اہتمام سپرد کیا اور المحفوظہ سے باہر لشکر کشی کے لئے روانہ کیا۔ اُسنے فتوح حاصل کیں اور امیر کا خطاب اُسکو ملا۔ اُسنے نہر کے اس طرف ایک شہر آباد کیا اور

اسکا نام المنصورہ رکھا جسمیں چھے حاکم رہے۔ حکیم نے دشمنوں کے ہاتھوں سے وہ سارے مقامات لے لئے جو اُنھوں نے فتح کر لئے تھے۔ اور اُسنے سارے ملک کو راضی وخوش کر دیا جسپر خالد نے متعجب ہو کر کہا کہ یہ بڑی حیرت کی بات ہے کہ جب میں نے اس ملک پر بڑا سخی فیاض حاکم میم کو بھیجا تو سارا ملک اُس سے نفرت کرتا تھا اور جب میں نے ایک نہایت حسیں کو حاکم مقرر کیا تو سارا ملک اُس سے راضی ہو گیا۔ حکیم یہیں مارا گیا۔ بعد اسکے یہاں متواتر حاکم مقرر ہوتے رہے وہ دشمنوں کو قتل کرتے رہے اور جو کچھ انسے ہاتھ لگا اسے لیتے رہے۔ سرکشوں کو دبا کر مطیع کرتے رہے کہ خاندان امویہ کا خاتمہ ہوا اور خاندان عباسیہ کا آغاز ہوا۔

خاندان عباسیہ

جب خاندان عباسیہ کو خلافت حاصل ہوئی تو ابومسلم نے سرحد سندھ کی حکومت پر عبدالرحمٰن کو مامور کیا۔ یہ سندھ میں طخرستان کی راہ سے آیا اور سرحد پر منصور بن جمہور سے مڈبھیڑ ہوئی۔ یہ منصور خاندان بنی اُمیہ کیطرف سے آخر حاکم یہاں کا تھا۔ عبدالرحمٰن کی سپاہ بھاگی اور اُسکو شکست فاحش ہوئی اور اُس کی جان بھی گئی۔ ابومسلم نے موسیٰ بن کعب التمیمی کو یہاں کا حاکم مقرر کیا۔ منصور و موسیٰ آمنے سامنے آئے دریا رمہران اُنکے درمیان حائل تھا۔ دونوں رقیبوں میں خوب مقابلہ ہوا۔ منصور کا لشکر دشمن کے لشکر سے بہت زیادہ تھا مگر عجوبہ آوہ بھاگا اُس کا بھائی منظور مارا گیا اور وہ خود بھی ریگستان بھاگ کر پیاس کے مارے مرگیا۔ موسیٰ نے اچھی طرح سندھ میں حکومت کی۔ شہر منصورہ کی مرمت کی اور مسجد کو وسیع کیا اور ساری لڑائیوں میں فتحمند رہا۔

۱۴۰ھ کے قریب خلیفہ منصور نے سندھ میں ہشام بن عمر التغلبی کو حاکم مقرر کیا۔ اُسنے وہ ملک فتح کئے جو ابتک مسلمانوں کو آگے نہیں بڑھنے دیتے تھے۔ اُسنے عمر بن حمل کو بیڑہ جہازوں کا جسکو عربی میں بوارجہ کہتے ہیں سیر دکر کے برادہ کے کنارہ پر بھیجا۔ خلیفہ نے ایک اور لشکر ممالک ہند میں بھیجا جسنے کشمیر کو فتح کیا اور بہت سے دشمنوں کو قید کیا اور غلام بنایا اُس نے ملتان کو بھی زیر کیا اور قندابیل میں جو ایک گروہ عرب کا رہتا تھا اُسے مغلوب کیا۔ وہ کشتیوں میں بیٹھکر قندھار گیا اور اُسکو فتح کیا (قندھار سے مراد یہاں کاٹھیاوار ہے) یہانکے بدھ کے مندر کو برباد کر کے مسجد تعمیر کرائی۔ اُس کے عہد حکومت میں چیزوں کی ارزانی اور فراوانی رہی اُسنے حدود سلطنت کو وسعت دی اور اپنے احکام کو نافذ کیا اور کل ملک میں رعایا اُسکے عہد میں نہایت خوشحال وفارغ البال رہی۔ ہشام کی جگہ پھر عمر بن حفص بن عثمان ہزارمرد مقرر ہوا۔ اور ۱۵۱ھ میں افریقہ میں تبدیل ہوا جہاں ۱۵۴ھ میں وفات پائی اور اُسکی جگہ یزید بن حاتم مقرر ہوا اور اُسکا بھائی روح سندھ میں ۱۵۴-۱۵۵ھ میں حاکم مقرر ہوا۔

(۱) ابوالعباس ۱۳۲-۱۳۶ھ (۲) المنصور ابوجعفر ۱۳۶-۱۵۸ھ

اس خلیفہ کے عہد میں سندھ سے حاکموں کی تبدیلیاں افریقہ میں اور افریقہ سے سندھ میں ہوئیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خلیفہ اپنی وسعت سلطنت پر کیسی دقیق نگاہ رکھتے تھے کہ جس حاکم کو جانتے تھے کہ وہاں یہ خوب لڑیگا وہاں بھیجدیتے تھے اس خلافت میں سندھ میں کئی حاکم بدلے گئے۔ ابوتراب یا حاجی تراب حاکم مقرر ہوا اُسنے ضلع ساقورہ میں نہایت مضبوط قلعہ تھرا کوٹ فتح کیا اور شہروں بگراور بھمبور کو اور بعض اور مقامات کو مغربی سندھ میں فتح کرلیا۔ اُسکا مقبرہ ٹھٹہ سے جنوب و مغرب میں ۸ میل پر موجود ہے جسکے گنبد پر ۱۷۱ھ لکھا ہے وہاں اُسکی زیارت کو لوگ جاتے ہیں۔

اس خلافت میں ابوالعباس بھی بہت دنوں تک سندھ میں حاکم مقرر رہا۔ غرض اس عہد خلافت میں ملک سندھ میں حکومت ایسی شان و شوکت کی رہی کہ شمالی ہند میں بھی راجاؤں کے دلپر اثر ہوا اور خاقان تبت کے دلمیں اہل عرب کا خوف پیدا ہوا۔

خلیفہ ہارون رشید کے عہد کی یہ حکایت بھی قابل لکھنے کے ہے۔ وہ تاریخ طبری میں لکھی ہے کہ ہارون رشید نے عرب کی راہ سے اپنا ایلچی ہندوستان کے کسی راجہ پاس بھیجا کہ میرا ارادہ خراسان میں کسی دور دراز سفر کا ہے اور میں سخت مریض ہوں آپ کی عنایت ہوگی اگر کنکا مانک بالکو جو ہندوستان کا بڑا نامور طبیب ہے یہاں بھیجدیجئے کہ وہ میرے ساتھ دورہ میں رہے جب میں بلخ میں پہنچونگا تو وعدہ کرتا ہوں کہ اُسکو بخیر و عافیت ہندوستان واپس بھیجدونگا۔ راجہ نے اسکی درخواست کے موافق اس طبیب کو بھیجدیا اور اُسکے علاج سے خلیفہ کو تھوڑے دنوں میں ایسا آرام ہوگیا کہ وہ حلوان کے دروں میں اپنا سفر کرتا ہوا منزل مقصود پر پہونچگیا۔ اگرچہ خلیفہ کے جو مقاصد اس سفر سے تھے وہ پورے ہوگئے مگر طوس میں اسکو سفر آخرت پیش آیا۔ طبیب ہندی کو موافق وعدہ کے بلخ کی راہ سے ہندوستان میں بخیر و خوبی واپس اُس نے بھیجدیا۔

اس خلافت میں سندھ میں بشر بن داؤد اعلیٰ درجہ کا حاکم مقرر ہوا۔ مگر اُسنے خلیفہ سے بغاوت کی خراج نہیں بھیجا کھلم کھلا الحنیکو طیار ہوا۔ غسان بن عباد کوفی جو خلیفہ کا نہایت قریب کا رشتہ دار تھا اور دس برس پہلے خراسان و سجستان و کرمان کا حاکم تھا۔ اس باغی کی سرکوبی کیلئے ۲۱۳ھ میں بھیجا گیا۔ بشر نے اپنے تئیں غسان کے حوالہ اس شرط سے سپرد کردیا کہ وہ اُسکو بغداد پہنچادے۔ یہ دونوں ساتھ ساتھ بغداد میں آئے خلیفہ نے بشر کا قصور معاف کردیا۔

غسان نے موسےٰ بن یحییٰ کے سرحد کی حکومت سپرد کی۔ موسےٰ نے شاہ شرقی بالا کو مار ڈالا اگرچہ اُسنے پانچہزار درہم اپنی جان کی سلامتی کے لئے بھی اُسکو دیئے تھے۔

موسیٰ ۲۲۱ھ میں مرگیا وہ بڑا نیک نام رہا اور اپنے بیٹے عمران کو اپنا جانشین مقرر کرگیا۔ اس خلیفہ نے عمران کو مستقل مقرر کردیا۔ اُسنے کیکان میں سفر کیا یہاں جاٹوں کی عملداری تھی اُنکو شکست دی اور مطیع کیا۔ اور ایک شہر

یہاں آباد کیا جسکا نام البیضاء رکھا۔ اور یہاں سپاہیوں کو آباد کیا۔ پھر وہ ملتان گیا۔ یہاں سے قندہیل میں پہنچا یہ شہر پہاڑ پر تھا۔ اور یہاں خلیل بن محمد فرمانروا تھا۔ عمران نے اُسے قتل کر ڈالا۔ اور وہاں کے باشندوں کو تصدار میں لیگیا۔ پھر وہ قوم میڈ سے لڑا۔ اُنمیں سے تین ہزار کو قتل کیا اور ایک بندھ باندھا جسکا نام بند میڈ رکھا۔ وہ دریائے امرد پر مقیم ہوا۔ اور یہاں جاٹوں کو طلب کیا جو حاضر ہوئے اُن سب کے ہاتھوں پر ایک مہر کا چھاپا لگا دیا۔ اُنسے جزیہ لیا اور اُنکو حکم دیدیا کہ جب کوئی اُنکے سامنے حاضر ہو تو ایک کتے کو ساتھ لائے۔ جسکے سبب سے کتے گراں قیمت ایسے ہوگئے کہ ۵۰ درہم کو ایک کتا بکتا۔ اُسنے پھر قوم میڈ پر حملہ کیا۔ اسکے ساتھ جاٹونکے سردار ہمراہ تھے۔ اُس نے اُنکی نہر میں جسکے پانی کے سوا کہیں اور اُن کو پانی نہیں ملتا تھا سمندر سے ایک نہر لیجا کر ملا دی جس سے اُسکا پانی کھاری شور ہوگیا اور اُس نے اور لشکر رواں اُسکے پیچھے بھیجے۔ عمران کو عمر بن ابو العزیز الجباری نے اس سبب سے مار ڈالا کہ اہل یمن کا معاون تھا۔ سندھ میں حکیم بن عوان الکلبی کے ساتھ آیا تھا۔

فضل بن یامان جو سامہ کی اولاد کا غلام تھا وہ سندھ میں آیا اور اسے تابع کر لیا اور اُسنے خلیفہ ماموں کی نذر کیلئے ایک ہاتھی بھیجا اور ایک جامع مسجد بنا کے اُسمیں خلیفہ کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ اُسکا انتقال ہوگیا۔ اُسکا جانشین محمد بن فضل بن یامان ہوا۔ وہ ساٹھ جہاز لیکر قوم میڈ سے لڑا۔ اُن کے بہت سے آدمیوں کو مارا۔ مالیا (مالابار) کو لیلیا اور پھر سندان میں آگیا۔ اور اسنے خلیفہ المعتصم باللہ کو تحفہ بہت لمبا اور بڑا سلج (سال کا درخت) بھیجا جو پہلے کبھی دیکھنے میں نہ آیا تھا اُسکی غیر حاضری میں اُسکا بھائی ہامان سندان میں دغابازی کر کے فرمانروا بن بیٹھا اور خلیفہ معتصم باللہ سے التجا کی کہ وہ بھی اُسکی فرمانروائی پر راضی ہو جائے۔ مگر ہندوستانی اُسکے مخالف تھے اُنھوں نے اُسے مار ڈالا اور اپنی آزادی اور مطلق العنانی کا اشتہار دیدیا کہ اب ہم مسلمانوں کے محکوم نہیں ہیں۔

یہ عمران کے زمانہ کا ذکر ہے کہ کابل کشمیر و ملتان کے درمیان ایک ملک لصفان ہے۔ وہاں ایک عاقل فرمانروا تھا اُسکا بیٹا بیمار ہوا۔ اُسنے ایک بڑی بتکدہ کے پجاری سے کہا کہ تو اپنے بت سے میرے بیٹے کے تندرست ہو جانے کی دعا کر۔ پجاری نے آنکر کہا کہ ہمنے دعا کی تھی وہ قبول ہوگئی۔ مگر تھوڑی دیر بعد اُسکا بیٹا مر گیا تو اُسنے بتکدہ کو اکھیڑ کر پھینکدیا اور بت کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور بعض مسلمان تاجروں کو بلایا جنھوں نے اُسکو توحید کا سبق پڑھایا۔ اور وہ اسلام پر ایمان لایا۔

کہتے ہیں کہ افشین ترک نے جو مانک کو گرفتار کیا تھا تو اسکے جلد ومیں خلیفہ نے یہ انعام دیا کہ وہ دو کروڑ درہم صوبہ سندھ سے وصول کرے جو دو سال کا زر مالگذاری تھا۔

المعتمد اور المقتدر کے عہدوں کے درمیان جو نو خلیفوں کی سلطنت ہوئی اُنمیں خلفاء کے اقتدار اور اختیار میں

(جلد ۱)

بتدریج تنزل ہوتا گیا۔ ترکی سپاہ روز بروز زیادہ خود مختار اور آزاد اور فسادی ہوتی گئی۔ اسکا حال ہم نے اوّل لکھا ہی کہ خلافت عرب کے ٹکڑے کیونکر ہوئے۔ پس جب دل بیمار ہو تو اور اعضا کیسے صحیح رہ سکتے ہیں ؎ پوکفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی ؛ خلافت کی حکومت سے دور کے صوبے جدا ہو گئے۔ ملک سندہ کی حکومت کے حصے چھوٹے چھوٹے ہو گئے اور اُنمیں جدا جدا فرمانروا ہو گئے۔ گو خلیفہ کے معاملات ملکی میں مطلق وہ نہیں رہی نہ خراج بھیجتے رہی مگر ہمیشہ صاحب اختیار ہونے کیلئے خلفاء کی چاپلوسی اور تملق کرتے رہے۔ اور اُنکا دل ایسے تحائف بھیجنے سے خوش کرتے رہی۔ ہاتھی بازوں کا جھلڑ۔ کچھ مشک کے نافے کچھ عنبر اور بعض اور خوشبو دار چیزیں ریشمی کپڑے دو عجیب تحفے بھیجے گئے تھے۔ ایک گاڑی چار ہاتھ کے بتوں سے بھری ہوئی۔ اور ایک سال کا درخت بہت بڑا اور اونچا۔ مگر خلیفہ کی روحانی بزرگی کو تسلیم کرتے تھے اور اُسکی تعظیم کرتے تھے۔

ملک سندہ میں اہل عرب کی حکومت کا خاتمہ خلیفہ المعتمد کے زمانہ میں سمجھنا چاہیئے۔ اُسے یہاں کا حاکم یعقوب بن لیث مقرر کیا اور بلخ و طخرستان کے سوا ہجستان اور بکرمان بھی اُسکے زیر حکم رہی اُسکے چند برس بعد دو بڑی ریاستیں ملک سندہ میں ملتان منصورہ قایم ہوئیں۔ یعقوب بن لیث کا انتقال ۲۶۵ھ ۸۷۹ء میں ہوا۔ اُسکے مرتے ہی یہ دونوں ریاستیں مطلق العنان اس سبب سے ہو گئیں کہ اُسکے جانشین جو ہوئے وہ ضعیف العقل اور کمزور تھے۔ اور آل سامان کو سلاطین کی سلطنت کا آغاز تھا اُنکو فرصت نہیں ہوئی کہ اطراف متوجہ ہوتے۔ سیاحوں نے جو یا ستو نکا حال لکھا ہی وہ نیچے بیان ہوتا ہی

مسعودی ملک سندہ میں ۳۰۳ھ ۹۱۵ء میں آیا تھا۔ یہاں کی سلطنت اسلامیہ کی بڑی کروفر وہ اپنی تاریخ مروج الذہب میں لکھتا ہی کہ ملتان میں امیر ایک شریف قوم کا ابو دلتہ المنبہ تھا اُسکے خاندان میں یہانکی سلطنت مدت سے نسلاً بعد نسل چلی آتی تھی۔ صوبہ ملتان کا قنوج ایک صوبہ تھا جسکی برابر کوئی اور ملک ہند و نمکانہ تھا۔ وہ سامہ بن لاذی بن غالب کی نسل میں سے تھا جس نے بحر عمان کے ساحل پر قبل از ولادت آنحضرت اقامت اختیار کی۔ اس امیر کے پاس سپاہ تنخواہ دار تھی اُسکی دارالسلطنت کے گرد ..... ۲۰ اپرے تھے خراسان کی حد تک اُسکی سلطنت تھی ملتان میں ایک مندر سورج کا تھا جسکی پرستش کیلئے چاروں طرف دور دور سے جاتری آتے تھے اور موتی سونا چاندی زیتون کا تیل اور خوشبودار چیزیں چڑھاتے تھے۔ امیر کی بڑی آمدنی کا حصہ اسی بتخانہ سے حاصل ہوتا تھا۔ فقط امیر کا یہ دھمکی دینا کہ میں بت کے ناک کان توڑتا ہوں۔ ہندوستان کے کل راجاؤں کو امیر کے ساتھ مقابلہ و عداوت کے روکنے کے لئے کافی تھا۔

منصورہ میں ایک اور قریشی اور امیر فرمانروا تھا جسکا نام ابو المنذر عمر بن عبداللہ تھا وہ ہبار بن اسود کی اولاد میں تھا۔ یہ ہبار وہ ہی جو آنحضرت کے ساتھ مخالفت میں مشہور تھا اور بعد فتح مکہ کے بھی ان چھ آدمیوں میں تھا جنکی

مسعودی اور دیباتوں کے بیان منصورہ و ملتان کی ریاست کے

نسبت یہ حکم تھا کہ جہاں پاؤں کو مار ڈالو مگر وہ پیچھے مسلمان ہوگیا۔ اور ۱۱۱۱ھ میں اُسکی اولاد میں سے کوئی اپنی قسمت آزمائی کے لئے سندھ میں چلا آیا تھا۔ یہاں ملک میں بدانتظامی پھیل رہی تھی اُس نے زیرین سندھ پر قبضہ کیا اور منصورہ کو اپنی دارالریاست بنایا۔

ریاست منصورہ سمندر سے اگر تک تھی اس سے آگے ریاست ملتان شروع ہوتی تھی اسمیں تین لاکھ گانوں تھے اُنمیں زراعت خوب ہوتی تھی اور کھیتوں اور درختوں سے سارا ملک سرسبز تھا۔ یہانکے باشندوں پر قوم میڈ وجٹ اور وحشی قومیں دست درازیاں کرتی تھیں۔ اُنکے ہاتھ سے بچنے کیلئے یہاں ہمیشہ حفاظت کا سامان درست رکھنا پڑتا تھا۔

امیر منصورہ پاس ایسے جنگی ہاتھی تھے جنکی سونڈوں پر زرہ لگی ہوتی اور وہ خمدار تلواریں جنکو کرتل کہتے ہیں پکڑے ہوئے تھے۔ ہاتھیوں پر چار آئینے لگے ہوتے جس سے اُنکا سارا جسم محفوظ رہتا۔ اور ہر ایک ہاتھی کیساتھ پانچسو پیادے رہتے تھے۔ سوائے اُن ہاتھیوں کے اور ہاتھی تھے جو باربرداری اور رتھوں کے کھینچنے کے کام میں آتے تھے۔

ان فلغار کے زمانہ میں ابن حوقل ہندمیں آیا وہ بچشم خود دیدہ یہ حال بیان کرتا ہے کہ ملتان اتنا بڑا نہ تھا جتنا بڑا منصورہ تھا۔ کوٹ اسمیں بنا ہوا۔ اگرچہ ملک سرسبز تھا اور پیداوار ارزاں تھا مگر وہ منصورہ سے کھیتی باڑی میں ہٹا تھا زراعت میں احتیاط نہیں کیجاتی تھی۔ امیر ملتان شہر سے باہر رہتا۔ صرف جمعہ کو ہاتھی پر سوار ہوکر جامع مسجد میں نماز پڑھنے آتا تھا۔ یہانکا خاص کوئی سکہ نہ تھا۔ تاتاری اور قندھاری درہم چلتے تھے۔ سندیوں کا لباس اہل عراق کا سا تھا مگر امیران سندھ سندھی کے امیر اُنکا سا لباس پہنتے تھے۔ بعض مسلمان بال بڑھاتے تھے۔ ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہنتے تھے اور اُنکو ٹپکوں سے کستے تھے۔ ایسے لباس کا سبب یہانکی گرمی تھا۔ مسلمانوں اور بُت پرستوں کے لباس میں کچھ فرق نہ تھا

ملتان اور منصورہ کے امیر مطلق العنان تھے۔ وہ ایکدوسرے کے حاکم محکوم نہ تھے۔ دونوں خلیفہ بغداد کی روحانی بزرگی کو تسلیم کرتے تھے

الور جو پرانا ہندو نگار السلطنت تھا اور اُسکی دوہری فصیل تھی وہ منصورہ کے ماتحت تھا اُسکی نواح بڑی زرخیز تھی اور اسمیں دولت بھی بہت تھی۔ راہوک باداہوک مکران کی سرحد کوہستان ہالہ کے مغرب میں منصورہ سے متعلق تھے۔

سندھ میں سوائے مسلمانوں کی ان دو بڑی ریاستوں کے مغرب میں چھوٹی چھوٹی اور بھی ریاستیں تھیں ایک ریاست توران تھی یہاں ایک بصرہ کا رہنے والا ابوالقاسم حاکم خراج کا وصول کرنے والا منتظم قاضی سپہ سالار تھا جو دس اور تین میں تمیز نہیں کرسکتا تھا۔ دوسری ریاست قصدار تھی۔ کیکانان میں ایک عرب معین بن احمد رہتا تھا وہ یہاں ریاست کرتا تھا۔ اور نماز میں خلفاء عباسیہ کا خطبہ پڑھواتا۔ تیسری ریاست مکران جسکا حاکم عیسےٰ ابن معدان تھا اُسکی دارالریاست کیز تھی جو وسعت میں ملتان سے نصف ہوگی۔ چوتھی ریاست سرحد مکران پر

(۲۳۱) الطبری ص ۳۲۴۳-۳۲۴۴ والقاء دریائے سندھ ۱۹۱۱ء ص ۹۲-۹۳

مشکی تھی اسمیں مظاہر بن رجا خود مختار حاکم تھا اور اپنا انتظام خود کرتا تھا۔ اسکی ریاست اتنی بڑی تھی کہ تین دن میں اُسکے اندر سفر ہوتا تھا۔ وہ نماز میں خلفاء کا خطبہ پڑھواتا تھا۔

ابن حوقل لکھتا ہے کہ منصورہ و ملتان اور باقی اور اضلاع میں عربی اور سندھی زبانیں بولی جاتی تھیں اور مکران میں کرانی اور فارسی زبان بلحاظ باقی اضلاع ہند کے جنمیں مسلمانوں کی آمد و رفت ہوئی جیسے کہ بھاری کی سلطنت میں کمبیا اور سے مورین جو ساحل بحر پر ہیں ابن حوقل یہ لکھتا ہے کہ وہ ساری کے سارے دیہات اور قصبات سے پٹے پڑے ہیں۔ باشندے یہانکے بُت پرست ہیں۔ مگر جو مسلمان یہاں رہتے ہیں اُنکی تعظیم و تکریم یہانکے امرا بہت کرتے ہیں اور اُنپر حاکم اُنھیں کے مذہب کے مقرر کرتے ہیں۔ اُن کے شرع کے احکام یہاں جاری ہیں۔ مسلمان کے خلاف کوئی شخص شہادت نہیں دے سکتا جبتک وہ مسلمان نہو۔ اُنکی مسجدیں یہاں موجود ہیں جنمیں اذاں پانچوں وقت ہوتی ہے۔

متفرقات

ملتان کی بت پرستی

بھوشے پران میں اور چینی سیاح ہون ٹسنگ کے سفرنامہ میں لکھا ہے کہ یہاں ایک بتخانہ میں سورج کا بت سونے کا بنا ہوا رکھا ہوا تھا۔ مگر عرب کے مورخین یہ بیان کرتے ہیں کہ وہ کسی بیش قیمت چیز کا نہیں بنا ہوا تھا۔ کاٹھ کا بنا ہوا تھا اور اُسکی آنکھوں میں لعل لگے ہوئے تھے۔ اسپر چڑھاوا بہت چڑھتا تھا۔ محمد قاسم نے اسکو بدستور رہنے دیا مگر اُسنے ہندوؤں کے توہمات باطلہ کے اظہار کیلئے ایک گائے کے گوشت کا ٹکڑا اُسکے گلے میں ڈالکر اُتار لیا۔ خلفاء کی سلطنت میں یہ بُت بدستور قایم رہا۔ مگر جب ملتان میں قرمطیوں کا تسلط ہوا تو اُنھوں نے اُسکو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ بُت خانہ کو جامع مسجد بنا دیا۔ اور خلفاء بنی اُمیہ کے عہد میں جو جامع مسجد بنی تھی اُسکو عداوت کے سبب سے بند کر دیا۔ مگر جب سلطان محمود نے ملتان کو فتح کیا تو اُس نے اس پُرانی جامع مسجد کو کھولدیا اور نئی جامع مسجد کو بند کر دیا۔

پھر یہ بتخانہ قائم ہوا اور اسکی پوجا بڑی دھوم دھام سے ہونے لگی۔ معلوم نہیں کہ ملتان میں یہ آفتاب پرستی کب تک رہی۔ مگر اب ملتان میں اسکا پتہ نہیں۔ اُسکی جگہ پرہ لادپوری کا بُت خانہ قائم ہے۔

رسومات عجیبہ ملک سندہ

مجرموں کا امتحان آگ سے

ملک سندہ میں بعض رسومات قدیم سے چلی آتی تھیں اور جہالت کے سبب سے وہ اُنکو مانتے تھے۔ جب کسی شخص پر کسی بھاری جرم کا شبہ ہوتا تو وہ اپنی بیگناہی کے ثابت کرنے کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ کے شعلوں میں سمندر کی طرح

گذر جاتا اور حضرت خلیل اللہ کیطرح آگ سے بچکر نکل جاتا۔ اُنکے نزدیک سچ میں یہ قدرت تھی کہ وہ آگ سچے آدمی کو جلنے نہیں دیتا تھا۔ ایک اور طریقہ یہ تھا کہ مشتبہ مجرم اپنے ہاتھ پر پتے کچے تاگوں سے باندھتا اور لوہے کا پترُ خ انگارہ ہتیلی پر رکھکر چند قدم بھاگتا تو اگر یہ دیکھنے میں آتا کہ نہ پتے جلتے نہ تاگا۔ اگر پتھر کو زمین پر پھینک دیتے تو وہ دونوں پتیاں اور تاگوں کو جلا دیتا۔ یہ صداقت ہی کی کرامت ہوتی کہ اُن کو ہتیلی پر گرم پتھر نہ جلا سکتا تھا۔

ایک کہانی لکھی ہے کہ ایک سوار کی بیوی کی جوتیوں کا جوڑا ایک عورت نے چُرایا اور چوری سے انکار کیا جب گرم لوہے سے اُسکے امتحان کا وقت آیا تو اُسنے ایک ٹوکری میں روئی کے اندر جوتیوں کے جوڑے کو چھپا کر سوار کی بیوی کو دیدیا اور اُس سے کہدیا میں جبتک اس آہن گرم کے امتحان سے فارغ ہوں تو اُسکی حفاظت کرنا۔ بعدازاں اُسنے کہدیا کہ میں نے جوتیوں کا جوڑا پایا تھا میں نے اُسکے مالک کو سپرد کر دیا۔ یہ میں سچ کہتی ہوں اور اس سچ کے بھروسے پر میں گرم لوہے کو ہاتھ میں لیتی ہوں۔ یہ کہکر اُسنے لوہے کو اُٹھا لیا اور اس سے کچھ گزند اُسکو نہیں پہونچا۔ توہمات میں بھی کیا قدرت ہے کہ وہ کن کن ناممکن باتوں کا دل میں یقین پیدا کر دیتی ہے۔

مجرموں کا امتحان پانی میں

گہرے پانی میں ایک مضبوط بلی گاڑ دیجاتی اور مجرم کو حکم ہوتا کہ وہ پانی کے اندر اس بلی کی تہ پاس بیٹھے۔ ایک شخص تیر چھوڑتا دوسرا اُسکو لانے کے لیے دوڑتا جب وہ لے آتا تو بلی ہلائی جاتی۔ اگر مجرم بے گناہ ہوتا تو اُس میں اتنا دم باقی رہتا کہ وہ اوپر آجاتا۔ اور اگر وہ گناہ گار ہوتا تو اتنی دیر میں اُسکا دم فنا ہوتا۔

منتر و سحر

بہت سے آدمی سحر و منتر کا پیشہ کرتے تھے۔ اکثر اپنے ہمسایہ کی ملائی کو اُڑا لاتے تھے۔ اسکی بھی بہت سی کہانیاں بنا رکھی ہیں۔

علم الاکناف

اس علم کو عوام الناس پھنی کہتے ہیں اور علم شانہ اور علم الاکناف بھی اسکا نام ہے۔ بعض پہاڑی آدمی اس علم کو جانتے تھے اور ان جاننے والوں کو مان سنگھ کہتے تھے وہ شانہ کی ہڈی کو دیکھکر بتلا دیتے تھے کہ وہ چاہتا ہے اور جو چاہتا ہے وہ ہوگا یا نہوگا۔ ایک اور رسم یہ تھی کہ زمین پر چند رسیاں الجھی اُلجھائی ڈال دیتے پھر اُسکے سلجھانے سے غیب کی باتیں بتلا دیتے تھے۔ بعض عورتیں جگرخوار ہوتی ہیں اور آیندہ کی باتیں جو پوچھو وہ بتاتی ہیں۔ جوگنیاں بھی ہوتی ہیں جنمیں سے ایک کا ذکر راجہ واہر کے حال میں بیان کیا گیا۔ ایک فرقہ مورتیا کہلاتا تھا۔ وہ فقیروں کے لباس میں پھرتا تھا اور زمانہ گذشتہ کی باتیں بتاتا تھا اور غیب کی باتیں کہتا تھا اسطرح بھولے بھالے

آدمیون کو ٹھگتا پھرتا تھا بعض آدمیو نکو نقش پا کے پہچاننے کی مشق ایسی ہوتی تھی کہ وہ اُسے دیکھکر بتلا دیتے تھے کہ وہ عورت کا پانون ہے یا مرد کا یا کسی واقف کار کا یا اجنبی کا یا بوڑھے کا یا جوان کا گھوڑون اور اونٹون بیلون بھینسون کے پانون کے نشانونکو پہچانتے تھے اور پہاڑون اور ریگستانون مین وہ پانون کے کھوجون پر چلکر چور وغیرہ کا پتہ لگا دیتے تھے کچھ کچھ کے ضلع مین ایک فرقہ تھا جو طیور سے فال خو نیکالتا اور اس فال سے نیک و بد کا حال پہلے سے کہہ دیتا تھا مسافر وغیرہ کو بتلا دیتا تھا کہ اب تمہارے لئے کیا بُرا بھلا آنیوالا ہی یہان ایسی عجیب و غریب باتون کا رواج تھا

لڑائی مین آپس مین بندھنا

سندیونمین یہ بھی رسم تھی کہ لڑائی مین جو جان نثار گروہ ہوتا وہ لڑائی سے پہلے آپسمین باہم کمر دنکو رسّون سے باندھ لیتے ایک دفعہ کا ذکر ہی کہ انہون نے مغلون کی سپاہ کو دیکھا تو وہ گھوڑون پر سے اُترے اور سردن پر سے پگڑیان اُتارلین اپنے اپنی کمرون مین اچھی طرح انکو باندھا کہ وہ آپس سے جدا نہو سکتے تھے اسطرح لڑکر مارے گئے یہ بندش اسواسطے ہوتی تھی کہ کوئی بھاگ نہ جاے یا صف بندی باقاعدہ رہے۔ راجپوتانہ اور سندھمین یہی رواج ہی کہ گھوڑون پر سے سوار اُترکر پیادہ پا بھی لڑا کرتے تھے اور اسپر فخر کیا کرتے تھے یہ بندش اوپیادہ ہونیکا انتظام اسلئے کیے جاتے تھے کہ سپاہیون کو مفر دہونا آسان نہ ہو۔

سندھ مین بدھ مذہب

جس زمانہ مین ملک سندھ مین مسلمانون نے حملہ کیا ہی تو علی العموم یہان بدھ کا مذہب پھیلا ہوا تھا اسلئے مسلمانونکی کتابون مین جہان بدھ لکھا ہی وہ اس مذہب کے لون کا مراد ہی بت سے مراد نہین ہی۔ گویہانکا راجہ جم برہمن تھا مگر معلوم ہوتا ہی کہ وہ بدھ ہو گیا تھا یہمین شبہ نہین کہ جج و دلہرہ دونون بدھ کے مندرونمین پوجا کیا کرتے تھے خواہ وہ بت پرست ہندو ہو کر یہ پوجا کرتے ہون یا بدھ مذہب نہون نے قبول کر لیا ہو۔

جو کچھ حال کتب معتبرہ سے اہل عرب کی مہم کا ملک سندھ پر معلوم ہوا اُسکو باختصار بیان کیا اب طالبعلمون کو اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ اہل عرب نے یہان کیا کیا کام کئے اور اُنکا انجام کیا ہوا انکی سلطنت کتنی مدت تک قایم رہی اور کس صورت پر رہی اور انتظام سلطنت کیسا تھا۔ ایسی باتون پر غور کرنے سے علم تاریخ سے عقل و شعور کی افزایش ہوتی ہی یہی مآل تاریخ دانی کا ہے۔ اس قبیل کی ہم چند باتین لکھتے ہین۔

اول جب اہل عرب یہان آئے تو اُن کے ساتھ ایسے آدمی نہ تھے جو انتظام ملکی کے رمزون سے ماہر ہون اور علم سیاست مدن کے عالم ہون اس لئے جو ملک انکو ہاتھ لگا اُسکو یہین کے رئیسون اور امیرون کے حوالہ کر دیا

اہل عرب کی عملداری کا انتظام

معلوم نہین دماغ اہل عرب کا بلند تہا یا اُنکی ذات کیقسم سخاوت اور فیاضی ایسی مخصوص تہی یا علم حساب نہ آتا تہا کہ جو کام روپیہ کے حساب کا تہا وہ انہون نے ہندؤن کے ایسا پر کردیا کہ جو چاہین سیاہ سفید کرین ملک کی آمدنی اور خزانہ کے ہندو ایسے مالک تہے کہ اُن کے اختیار مین تہا جو چاہین ہاتھ اُٹہا کر مسلمانون کو پیسا دین ہمیشہ اہل عرب کو یہ محاسب ہو کہ دیتے رہے اور خیانتین کرکے مال اُڑاتے رہے جب کبھین پانچ پانچ برس کا زرما وجمع انہون نے اہل عرب محاسبین کو شکنجہ سے ڈرایا۔ اور خنتہ کا خوف دکہایا۔ یونہین اکثر کچھ جو اپنا روپیہ چاہا لے لیا دینے والون نے کچھ منت سماجت کی کچھ حکمت کام مین لائے۔ کچھ سختی کے تحمل ہوئے تھوڑا سا روپیہ دیکر ہاتھ پاؤن چھڑا لے۔ غرض اس حساب کے اندہیر کہاتہ سے بعض وقت بڑا اندہیر مچ جاتا تہا۔ زبردست نہال ہو جاتے تہے اور زیردست پامال۔

۲ دوم۔ اس ملک مین اہل عرب اپنے ملک سے آئے تہے جس مین بالکل کوہستان اور بیابان تہا۔ انکو زرخیز مینون کی قدر و منزلت کیا معلوم تہی جب کوئی ملک انہون نے مفتوح کیا اس فتح کے استحقاق مین جتنا روپیہ رعایا دینے پر راضی ہوئی انہون نے غنیمت جانا زمین کی قدر و قیمت کی جانچ پرتال کرکے اُسکا محصول نہین مقرر کیا۔ کچھ اُنکے ہان ملک کی آمد و خرچ کا حساب ترتیب سے نہ رہتا تہا۔ ایک مدت کے بعد ایک شخص نے اس آمد و خرچ کی کتاب بنائی۔ سواء اسکے انکو ایسے ملکونکا انتظام کرنا نہ آتا تہا ملک کا فتح کرنا اُنکو آسان تہا۔ مگر اُسکا نظم و نسق کرنا دشوار تہا کہ اس ملک کا انتظام برہمنون کے سپرد ہوا۔

۹ سوم۔ اہل اسلام کے ہان کوئی سکہ نہتا اُنکی دارالخلافت تک مین یونان اور ایران کے سکے تمام کام تجارت اور لین دین کے چلتے تہے خلیفہ عبدالملک نے دینار پر اول سکہ لگایا۔ اور اسوقت سے حساب کتاب خزانون کا اہل عرب کے سکہ مین شروع ہوا ہے اسی زمانہ مین اجنبی سکونکے رواج کے سبب سے رعایا کی تکلیف دور ہوئی۔

۴ چہارم۔ جن جن عمردون نے کارہائے نمایان ملک سندھ مین کئے انہون نے معافی مین اقطاع زمین پائے۔ مگر خلیفہ عمر کا حکم سپاہیونکے واسطے تہا کہ وہ کوئی پیشہ اور کاشتکاری نہ کرنے پائین۔ اسلئے گو زمین انکو ملگئی تہی مگر وہ اصل مالکون کے قبضہ مین رہتی۔ اسلام کے لشکر مین جو سپاہی تنخواہ پاتے تہے انکو غنیمت نہ ملتی تہی۔ نہ زمین معافی کی دیجاتی تہی۔ صرف تنخواہ پاتے تہی۔ مگر جو بے تنخواہ سپاہی لڑا کرتے تہے اُنکو چار حصہ غنیمت کے اور زمین معافی کی دیجاتی تہی۔ اور ایک خمس غنیمت کا امانت رہتا تہا وہ خیرات اور نیک کامون مین صرف ہوتا تہا اگر خلیفہ کچھ بہی اس خمس مین افزایش کرنی چاہتا تو سپاہی اسیوقت لڑنے کو تیار ہو جاتے۔

پنجم - ملک سندھ کی زمین مقبوضہ مین سے بہت سی زمین اوقاف کے لئے وقف کیگئی اور مساجد وغیرہ کے خرچ کے کام مین آئی - اسکی نشانی ابتک ملک سندھ مین موجود ہی کہ شہیدون اور ولیون کی ایک لاکھ قبرین موجود ہین جنکے مجاور فقیری کرتے ہین - تال پور کی ریاستون کی تہائی آمدنی ان اوقاف مین خرچ ہوتی ہے -

ششم - اہل اسلام نے اول عملداری مین یہ طریقہ اختیار نہین کیا کہ وہ ہندؤن کے ساتھ مل جلکر رہتے بلکہ وہ اپنے شہر جدا بناتے اور نہین سکونت اختیار کرتے اسلئے ہندو مسلمانون مین میل جول دامن چولی کا ساتھ ہونیکا شہر بنا لینا اسوقت آسان تہا - ہزارون مکان بت پرستون کے ڈہائے ہوئے پڑے تہے انکے ملبہ اور مصالح سے مکان جھٹ پٹ بنا لیتے - اکثر بت خانون کے مصالح سے مساجد تعمیر کرتے -

ہفتم - کہین اس امر کا پتہ نہین لگتا کہ اس ملک مین اہل عرب کے ساتھ انکی عورتین بہی آئی ہون لڑائیون مین اہل عرب اکثر عورتون کے ساتھ لیجایا کرتے ہین بعض لڑائیون مین تو ان عورتون ہی کی فصاحت اور بلاغت سے فتح حاصل ہوئی ہے - ایسی لڑائیان مشہور ہین - اس مہم مین عورتون کے نہ لانیکا سبب یہی تہا کہ بہا انکے لانیکا بہم نہ پہونچا - چارسو پا ہینوکو ایک اونٹ ملتا تہا - اسی پر سارا خیمہ ڈیرہ کہانا پینا لدا تہا - ایسی صورت مین عورتین کیونکر آتین مگر جب امن کا بہی ہو گیا اور رستہ کہل گیا تو بہی نہین معلوم ہوتا کہ پیچہے جو اہل عرب یہان آئے وہ اپنے ساتھ عورتون کو لائے یا اسکے جو اہل عرب یہان آئے انکو جیسا کہ آگے بڑہنا مشکل تہا ویسا ہی وطن مین پیچہے جانا دشوار تہا - تاریخ طبری مین لکہا ہی کہ خلیفہ سلیمان نے جو خلیفہ ولید کا جانشین تہا ان لوگون کی نسبت یہ حکم دیدیا کہ جہان چاہو محنت مزدوری کرو اور زمین بوؤ جوتو مگر ملک شام مین تمہارے واسطے جگہ نہین اس خلیفہ کے عہد خلافت مین دس برس تک تو یہ لوگ یہان رہے ہونگے پہر اسکے مرنے کے بعد ہی سب کے سب تہوڑے چلے گئے ہونگے - غرض یہان اس عرصہ بعید مین اسی ملک کی عورتونکے تہے اہل عرب ہم آغوش ہوگئے ہونگے اور ساری غنیمت کی کمائی انہین کے نذر کی ہوگی - اس ملک مین اہل عرب کی اولاد جو پیدا ہوئی انکے بشرے سے معلوم ہوتا تہا کہ انمین خون اہل عرب کا ایسا نہین جلکتا جیسا کہ اور ممالک مفتوحہ مین انکی اولاد کے اندر نظر آتا ہے

ہشتم - اہل عرب کی یہ نہایت عمدہ تدبیر تہی اور قابل تعریف انتظام تہا کہ انہون نے اہل سندھ کو اپنی سپاہ مین بہرتی کیا ضرورت رفع ہونیکے بعد کچہہ سپاہ ہینوکو انہون نے موقوف کر دیا - بعض سپاہ کو وہ دور دور ملکونمین لڑانے کیواسطے بیگئے یہ طریق اہل روم کا بہی تہا کہ جس ملک کو فتح کرتے اوسمین جس قوم کو سپاہی اور مرد دیکہتے انکو اپنا ملازم کرکے اور ملکونکو لیجاتے اسمین کئی فائدے حاصل ہوتے - اول یہ خود ملک اُن لوگون سے خالی ہو جاتا جنمین اُٹہنے جہگڑیگا

حوصلہ وعزم ہوتا اس سبب سے بہر اس ملک مین کوئی خطرہ اور اندیشہ نہ تہا۔ دوسرے یہ اجنبی ملک کے سپاہی اُسوقت کام آتے کہ بادشاہون کے اپنے ملک کے رہنے والے بغاوت کرتے چنانچہ ایسی بہت دفعہ اتفاق ہوا کہ بادشاہون سے خاص اُنکی ہم قوم رعایا نے سرکشی کی۔ اور اجنبی ملکون کے سپاہیون سے اُنکی سرکوبی کی۔

نہم۔ اہل عرب نے ان لڑائیون کے ساتھ تجارت کو بہی ہاتھ سے نہین دیا اُسکو بہی بڑی رونق دی سندہ مین کا روان دور دور سیستان۔ خراسان و بامیان زابلستان اور کابل مین ہو کر آتے اور سب سامان لاتے اور یہانسے لیجاتے۔ سمندر کی راہ سے بہی تجارت کا باب کہلا ہوا تہا۔ یہ کاروان جس دور دراز فاصلون سے مقررہ وقتون مین آتے تہے اُس سے بڑا تعجب ہوتا ہے۔ بحری تجارت مین جہاز سندہ ہو کر گذرتے۔ لکڑی اور چین کا اسباب لیجاتے عرب کے گھوڑے اکثر ملک سندہ مین آتے۔ غرض اہل اسلام نے تجارت کو خوب رونق دی۔

دہم۔ اہل اسلام نے یہان کے لوگونکے ساتھ یہ برتاؤ برتا کہ جب کسی بستی پر حملہ کیا تو بستی والون سے پہلے پہل یہ درخواست کی کہ اسلام قبول کرو یا خراج ادا کرو۔ انکار کی صورت مین بستی پر حملہ ہوتا تہا ہتیار بند سپاہی قتل ہوتے تہے اُنکی اہل و عیال لونڈی غلام بناتے تہے۔ اور فروخت ہوتے تہے۔ پیشہ ور کاشتکار تاجر کشت و خون سے معاف ہوتے تہے اُسکے کچہ یہ غرض نہوتا تہا چنانچہ جن شہرون کا حال پہلے لکہا جا چکا ہے وہ اُسکا شاہد ہے۔ جن لوگون نے جزیہ دینا قبول کر لیا اُنکو حسب دستور قدیم اپنے رسوم مذہب کی اجرا دادا کا اختیار دیا گیا جب جبہی جزیہ دینے پر راضی ہو گیا تو اُسکا ملک اُسکے قبضہ مین بدیا اور ایک یا جگذار راجہ بنگیا جو مسلمان ہو گیا وہ سب جہگڑون سے چہوٹ گیا۔

یازدہم۔ زمین پر محصول لینے کا قاعدہ بیڈھنگا تہا۔ اول کوئی پیمانہ نہا کہ زمین پیمایش ہوتی فقط اُسکل سے زمین کا اندازہ کیا جاتا۔ کوئی محصول متعین نہ تہا بلکہ وہ پیداوار پر موقوف تہا اگر زمین دون اور دریاؤن سے سیراب ہوتی تو جو اور گیہون کی پیداواری پر دو یا پنجوان حصہ لیا جاتا۔ اگر کنوئی رحلیت سے سیراب ہوتی تو تین دسوان حصہ اور ایک چوتہائی پیداوار کا اُس زمین سے لیا جاتا جسمین آبپاشی کسیطرح نہ ہوتی تہی۔ باغ کی پیداوار کی ایک تہائی انگور اور مچہلی وغیرہ کی پیداوار کا ایک خمس یہ خراج جنس مین ادا کیا جاتا۔ یا نقد روپیہ لیا جاتا۔ اگرچہ یہ محصول خلیفہ عمر کے انتظام کے موافق مقرر ہوئے تہے۔ مگر آخر کو پہر زیادہ ہو گئے۔ غرض تشخیص جمع تہی نہ پیمایش تہی سب کام اُنکل و تخمینہ سے چلتے تہے کسی زمیندار اور کاشتکار سے اتنا زیادہ لیلیا کہ اُسکو کہانیکو بہی نہ بچا کسی سے اسقدر کم لیا کہ وہ نہال ہو گیا شاہنشاہ اکبر کے زمانہ کا سا حال نہتا کہ ایک ایک چپہ زمین کا آلات سے پیمایش ہوتا تہا اور تمام پیداوار کی تشخیص ہوتی تہی اور اُس کے موافق جمع سرکاری مقرر ہوتی تہی تمام قسم کے محاصل ستائیس لاکھ روپیہ کے قریب خزانہ خلفا

مین دخل ہوتا تھا۔ ابن خلدون نے حکیمانہ اور فلسفیانہ پیرائے لکھی ہی کہ جب مسلمانونکی عیش و عشرت مین فراخی ہوئی تو اُنکی شجاعت و ہمت گر مجوشی مین کاہش ہوئی اس لئے ضرورت ہوئی کہ نوکر زیادہ رکھے جائین اور اُنکو تنخواہ زیادہ دی جائے۔ اس لئے بتدریج خراج یہانتک بڑہا کہ اہل پیشہ اور مزارعین اسکے متحمل نہوسکے اسلئے جلدی جلدی سلطنت مین تبدیلیان ہونے لگین۔

دوازدہم۔ اہل اسلام کی جھگڑونکو شرع کیموافق قاضی فیصل کرتا تھا ہندو اور مسلمانون کے درمیان جو جھگڑا ہوتا تھا اُسکو بھی قاضی شرع کے موافق چکاتا تھا۔ ہندوؤن کے درمیان جو جھگڑے لین دین اور معاہدے و زناکاری وراثت وغیرہ کے ہوتے پنچایت مقرر ہوکر فیصل ہوجاتے۔

سیزدہم۔ ہندوؤن کے ایسے قدیمی قانون کہ خاص قومین فلان قسم کا کپڑا نہ پہنین گھوڑے پر سوار نہون کارواننون کو رستہ بتانے کے لئے بعض قومین اپنے معتبر آدمی ساتھ کرین مسلمانون نے بدستور جاری رکھے اور اسپر یہ اضافہ کیا کہ ہر وارد و صادر کی دعوت ایکدن دونون وقت کرین اور بیمار کی تین دن۔

چہاردہم۔ حجاج بن یوسف کی بڑی دانشمندی یہ تھی کہ اُس نے محمد قاسم کو یہان کی مہم عظیم کا اہتمام سپرد کیا تھا۔ حمزہ بن بیضی نے اُسکی شان مین یہ دو شعر لکھے ہین جو اُسپر بالکل صادق آتے ہین۔ اشعار کا ترجمہ یہ ہے کہ محمد بن قاسم بن محمد شجاعت و سماحت رکھتا تھا۔ سترہ برس کی عمر مین قائد جیوش ہوا وہ ماکے پیٹ سے ہی حکومت کے لئے پیدا ہوا تھا اگرچہ محمد قاسم کی نوعمری اور شباب کا عالم تھا مگر وہ بڑا مدبر اور شجاع تھا شمشیر اور تدبیر دونون سے کام لیتا تھا۔ اگر اتفاقیہ کہین کچھ شمشیر سے ستم کیا تو تدبیر سے اُسکی مکافات بھی ضرور کی۔ اگر کہین بتون کو توڑا تو اُس کے ساتھ تجانون کی مرمت کرنیکا بھی حکم دیدیا۔ اگر کہین لوٹ مار سے دشمنون کو خستہ حال کیا تو اُنکو بیت المال سے معاوضہ بھی دلادیا۔ قدیمی قاعدہ جو ہندوؤنکا تھا کہ زمانگزاری مین سے تین فیصدی خزانہ شاہی مین اس لئے داخل کرتے تھے کہ اس روپیہ سے برہمنون کی خدمات کا معاوضہ دیا جائے وہ اُسنے بدستور قایم رکھا۔ یہان جو شخص ہندی سندی ذی لیاقت اُسکو ملا اُسکی قدرشناسی کی بلکہ یہان کے لایق آدمیون کو اُسنے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالا اور سرفراز کیا۔ اُسنے تھانیکے وزیر دنکو وزیر اور مشیر اپنا مقرر کیا اور اپنے پاس رکھا غرض حسن شناسی و دردلجوئی اُسمین ختم تھی۔ دشمنونکے ساتھ جو اُسنے نیک سلوک کئے تھے وہ کمتر کوئی کیا کرتا ہے۔

پانزدہم۔ یہ سوال اکثر کیا جاتا ہی کہ حکومت اسلامی کی حالت مین اہل اسلام ملتان تک چڑھے چلے آئے۔ مگر ہندوؤن کے مذہب مین وہ انقلاب نہین پیدا کرسکے جو انہون نے ایران اور ملکونمین پیدا کیا تھا اسکے کئی

سبب بیان کئے جاتے ہین اول یہ کہ ہند مین پروہتونکا گروہ ایسا قوی تہا کہ وہ سلطنت کی کاروبار مین ایک غالب تہا۔ تمام ہندو اُسکا پاس ولحاظ وادب کرتے تھے ہر ہندو کے دل مین اُسکا رعب داب بیٹھا ہوا تہا ہندو کے مذہب مین قوانین سلطنت اور رسم ورواج خلط وملط تہی۔ اگرچہ ہندو ہمیشہ اتفاقی ایسی تہی کہ ملک چھوٹے چھوٹے حصونمین منقسم تہا مگر یہ تقسیم اُنکے حق مین مفید تہی اسلئے اگر دشمن نے ایک راجہ کو تباہ کیا تو حملہ کرنیوالونکے دشمنون مین سے ایک کم ہوگیا۔ دوسرا حریف اُسکے بعد مقابلہ کرنے کو باقی رہا اور جسقدر کہ وہ حملہ آور آگے بڑہا اُسیقدر لشکر اُسکا گہٹا اور جہان سے رسد وغیرہ کا سامان اُسکو بہم پہونچتا وہ دور پڑا۔ اور مخالفون پر کوئی ایسا صدمہ نہ پہونچا جسکے سبب اُسکی مہم کامل ہوجاتی بسوا اسکے دین اسلام کی نہ پہلے کاسا جوش دستان مین یہ بہی ہوا کہ مسلمانونکو جتنا ملک ہاتھ آتا گیا اتنا اُنکا مزاج بدلتا گیا۔ کیا گرم دیندار واعظ تہی۔ یا دنیا دار بادشاہ بنگئے اسلام کے پہیلانیکا نہ وہ ولولہ رہا نہ جوش رہا یہ سب دہوا دنیا کے جاہ وحشمت بڑہانیکے پیچہے پڑگئے جفاکش سپاہیون سے عیاش بادشاہ ہوگئے پہلے اُنکی ساری خوشی ومسرت فتح ونصرت تہی اب ناروا حرکات اور عیش وعشرت کرنے مین لذت آتی تہی۔ یا ایک زمانہ وہ تہا کہ خلیفہ دوم جب بیت المقدس کو اپنے لشکر کے ساتھ سوار ہوئے تو ایک ہی اونٹ پر اُنکا سب کہانا پینا اور رہنا بہونا تہا ۱۶ھ مین ابو محمد منصور المہدی مکہ کے اندر پانچ پانچ سو اونٹون پر لدوا کر برف منگاتا۔ یا وہ زمانہ تہا کہ خلیفہ سوم جب ۱۲ کے کام کا بقیہ پورا کرچکے تہے تو چراغ کو گل کرتے کہ بیت المال کا مال ضائع نہ جائے یا یہ کفایت شعاری تہی یا یہ فضولخرچی ہونے لگی کہ ۸۵ھ مین خلیفہ حجاج ابن یوسف ثقفی کے دربار عالیشان مین ہزار خوان کہانے کے اہل مجلس کے روبرو چنے جاتے تہے خلفاء عباسیہ کے عہد مین یونانیون اور غیر زبانونکی کتابونکے ترجمونے فلسفہ وحکمت علوم ریاضیہ وطبیعیہ کا شوق مسلمانون مین پیدا کردیا۔ انہون اپنی ذہانت کو بجائے مذہب کے زیادہ تر اسطرف متوجہ کیا۔ ہارون رشید کے دربار مین تو ماہران علم موسیقی بہی چارون طرف سے امنڈکر آموجود ہوئے غرض اس دنیا کی جاہ وحشمت کے لالچ نے دین کے کامون کو ہندوستان کی طرح یہان بہی ڈالدیا۔ افسوس یہ ہے کہ اگرچہ اہل عرب کا تعلق ملک سندھ سے تین سو برس تک رہا مگر کوئی اثر انکے اس تعلق کا ملک پر باقی نہ رہا۔ اور کسی سیاح کو اس ملک مین سفر کرنے سے یہ نہین معلوم ہوتا کہ کبہی انہون نے یہان قدم بہی رکہا تہا نہ کوئی مسجد عمدہ اُنکی بنائی ہوئی نظر آتی ہے نہ خانقاہ نہ کوئی عمارت نہ کوئی اُنکی زبان کا اثر ہے نہ اُنکے شہر دن منصورہ محفوظہ۔ البیضاء کا نام ونشان باقی ہے۔

شانزدہم۔ حجاج نے جو اس مہم سندہ کا حساب کتاب کیا وہ اسطرح ہے کہ ..... ۶۰ درہم اُسنے خرچ کئے اور ..... ۱۲ درہم پائے چونکہ خلیفہ کا حصہ کل غنیمت کا پانچوان حصہ ہوتا ہے تو کل غنیمت ..... ۶۰ درہم ہوئے

ایک درہم ۴۴ پائی کے قریب ہوتا ہے تو کل غنیمت تیرہ کروڑ پچہتر لاکھ روپیہ کے قریب ہوئی۔ ملک سندھ کے مال وخراج کی نسبت مورخین بڑا اختلاف ہی۔ یہ اختلاف ہونا ہی چاہئے اسلئے کہ ہر سال مین زمین کی پیداوار کے خراج کی شرح بدلتی رہتی تھی اور ملک کی حدود مین کمی وبیشی ہوتی رہتی تھی ابن خلدون کی فہرست آمدنی سلطنت خلفاء مین لکھا ہی کہ صوبۂ سندھ سے ..... ۱۱۵ درہم اور ۵ سیر روغن زیتون خراج مین آتے تھے یہ حساب تخمینی معلوم ہوتا ہی یہ خراج چھبیس ستائیس لاکھ روپیہ سالانہ کے قریب ہوا۔

ہمنے ملک سندھ کی تاریخ اُس زمانہ تک لکھی ہی کہ اُسکا تعلق اہل عرب سے رہا۔ اس زمانہ سے آیندہ زمانہ کی تاریخ ہم آیندہ اپنی تاریخ مین لکھینگے

باب چہارم

خاندان غزنویہ

ہمنے باب دوم مین بیان کیا ہی کہ سلطنت اسلامیہ ملک عرب کس طرح حصوں مین تقسیم ہوئی اور ان حصوں مین کن کن خاندانون نے سلطنت کی انمین سے ایک خاندان آل سامان کا بھی بیان کیا ہی کہ وہ ۲۶۱ھ-۸۷۳ء سے ۳۸۹ھ-۹۹۹ء مین وسط ایشیا مین ماوراء النہر اور ایران مین سلطنت کرتا تھا اور اپنے گئے وقت مین یہی خراسان اور ماوراء النہر پر قبضہ وتصرف رکھتا تھا انہین کے امیر الجبین نے خاندان غزنوی کی سلطنت کی بنا قایم کی جس نے ہندوستان مین مسلمانونکی ایک مستقل سلطنت قایم کی۔ گو پہلے ملک سندھ پر اہل عرب کا دو سو برس تک تسلط رہا ہی مگر سندھ کی طرف سے مسلمانون نے آنکر اپنی سلطنت کو ہندوستان مین مستقل نہین کیا بلکہ کابل کیطرف سے آنکر اپنی سلطنت کو قایم کیا ہی اسلئے ہم کابل کا حال لکھتے ہین

فصل اول کابل پر مسلمانون کا مسلط ہونا

ابوریحان بیرونی نے اپنی تاریخ ہند مین لکھا ہے کہ پہلے زمانہ مین ملک تبت سے آئے ہوئے ترک کابل مین راج کرتے تھے۔ پہلا راجہ انکا برہتگین برگ تھا جب برہتگین اول کابل مین آیا تو ایک غار مین آکر اُترا اور وہان بیٹھ لگایہ غار ایسا دشوار گذار تھا کہ جب تک کوئی شخص گھٹنون کے بل نہ چلے اندر نہین جا سکتا تھا اس غار مین وہ چند روز کی خوراک رکھ لیتا تھا۔ پانی پینے کیلئے اُسکے اندر ایک چشمہ تھا جسکا نام ابتک مشہور ہی وہان کے لوگونکی وہ زیارتگاہ تھا اسپر لوگ بڑی مشکل سے جاتے اور اُسکا پانی لاتے جسکو وہ بڑا پوتر و متبرک جانتے اس غار کے مُنہ کے پاس کسان اپنا کام کیا کرتے یہان غار مین بے غذا کسی آدمی کا جینا بغیر اُسکے نہین ہو سکتا تھا کہ وہ کسی آدمی کو نوش جان انکرے برہتگین کے ساتھ جو لوگ سازش رکھتے تھے وہ ہمیشہ غار کے مُنہ کے پاس کسانون کو اسطرح کام مین لگائے رکھتے تھے کہ وہ آدمیون سے خالی نہ ہوتا تھا۔ ایک کسانون کے گروہ سے دن کو کام لیتے رات کو چھٹی دیدیتے

اور دوسرے گروہ سے رات کو کام لیتے اور دنکو چھٹی دیدیتے۔ یونات دن وہان آدمیونکا جمگھٹ لگائے رکھتے چند روز بعد دفعتہً برھ لگین غار سے نمودار ہوا۔ غار کے پاس آدمیونکا ہجوم رہتا تھا انکو یہ معلوم ہوا کہ یہ ترکی بھی پیدا ہوا ہے۔ ترکی لباس زیب تن۔ کرتہ بدن پر ٹوپی سر پر۔ بوٹ پاؤن مین اُسکی ہیئت عجیب غریب۔ بادشاہی کے لئے مقدر نظر آتی تھی چنانچہ کابل مین اُس نے اپنی تئین بادشاہ بنایا۔ اُس کے خاندان مین ساٹھ پیڑھی تک سلطنت متواتر چلی گئی۔

متسلسل واقعات کی تحریر کو اور اپنے بادشاہونکی تخت نشینی کی تاریخون کو قلمبند کرنے کو ہندو بکار آمد اور ضروری نہین سمجھتے جب کوئی ان باتونکو پوچھکر انکو حیران کرتا ہی تو وہ چپ ہو جاتے ہین۔ مینے جو اُن سے حالات سُنے ہین وہ سچ بھی ہین اور مین نہین سچ بیانونکو بیان کرتا ہون یہ مینے سچی بات سُنی ہی کہ نگر کوٹ مین ایک تانبے کا پترا تھا جسپر ان راجاؤنکی تخت نشینی کی تاریخین لکھی تھین مجھے بڑی آرزو تھی کہ مین اُسکو خود دیکھون مگر ایسے واقعات مجھے پیش آئے کہ مین اُسکی زیارت سے محروم رہا۔

ان راجاؤن مین ایک راجہ کنک تھا جسنے پیشور مین دہار بنایا تھا۔ وہ ابتک اُسکے نام سے مشہور ہے کہتے ہین کہ اُس پاس راجہ قنوج نے تحفے بھیجے تھے۔ انمین نہایت عمدہ بنا ہوا ایک کپڑا تھا جسکی پوشاک راجہ کنک نے بنوانی چاہی جب اُسکو درزی کو دیا تو درزی نے اُسکی پوشاک بنانے سے انکار کیا اور اُسکی وجہ یہ بیان کی کہ اس کپڑے پر آدمی کے پاؤن کا چھاپہ ہی اور یہ چھاپہ خواہ کیسے ہی کپڑے کی کتر بیونت کیجئے شانون کے درمیان مین آتا ہی یہ ایک ایسی کہانی ہے جو مین نے بعل کے افسانہ مین لکھی ہے۔

کنک اس تحفہ مین یہ کنایہ سمجھا کہ راجہ قنوج نے مجھے کمتر و ذلیل سمجھکر در پردہ گستاخی کی ہی بس یہ سمجھکر بہت سا لشکر ہمراہ لیا اور قنوج کا رستہ پکڑا۔ قنوج کے راجہ کو جب یہ خبر لگی تو وہ بہت مضطرب و بیقرار ہوا۔ وہ اس راجہ سے لڑنے کی سکت اپنی مین نہین دیکھتا تھا اُس نے وزیر کو صلاح و مشورہ کے لئے بلایا وزیر نے کہا کہ آپنے ایک بیجا حرکت کرکے ایک ایسے شخص کو سوتے سے جونکا دیا جو ہمارے ساتھ صلح و آشتی رکھتا تھا اب یونتو مقابلہ اُس سے ہو نہین سکتا بہتر ہے کہ آپ میرے ناک اور ہونٹ دونون کٹوا دیجئے اس تدبیر سے کوئی نہ نہ در پیش بن پڑے تو بن پڑے راجہ نے وہی کیا جو وزیر نے کہا تھا یہ نکٹا وزیر سرحد کیطرف روانہ ہوا جب کابل کے لشکر سے ملا تو اُسنے اپنی تئین بتلایا اور راجہ کے حضور مین حاضر ہوا۔ راجہ نے وزیر سے پوچھا کہ یہ تمہارا حال کیونکر ہوا وزیر نے عرض کی مہاراج مینے راجہ قنوج کو فہمایش کی کہ وہ آپکی اطاعت اختیار کرلے آپ سے لڑائی نہ کرے

اس میرے کہنے کو وہ یہ سمجھا کہ مین آپکے مقابلہ سازش رکھتا ہون اس لئے اسنے میری ناک کٹوادی ہونٹ کٹوادئے
اب مین آپکو یہ صلاح دیتا ہون کہ جس راہ پر آپ چل رہے ہین وہ بہت دور کی راہ ہی مین ایک پاس کی راہ بتاتا ہون
قنوج اور آپکے درمیان ایک ویرانہ حایل ہی اُس کو آپ پانی کا انتظام کرکے قطع کیجئے تو آسانی سے منزل مقصود پر
پہونچئے۔ راجہ نے کہا یہ کیا مشکل ہی پانی ساتھ لیا۔ وزیر نے جو رستہ بتلایا اُسپر چلنے لگا وزیر اُسکو اُس ویرانہ مین
لیگیا جس کی ویرانی کی انتہا نہ تھی۔ جب چند روز گذر گئے اور کوئی رستہ نہ دکھائی دیا تو راجہ نے وزیر سے کہا کہ
یہ کیا بات ہی۔ وزیر نے کہا کہ اس بات سے کوئی الزام مجھ پر نہین لگ سکتا کہ مین اپنے آقا کی سلامتی چاہون اور اُسکے دشمنونکی
تباہی آپ اس ویرانہ سے جب ہی نکل سکتے ہین کہ جس راہ سے آئے ہین اُسی راہ پر جائین۔ میرا حال جو آپکے جی مین
آئے کیجئے مگر اس ویرانہ سے باہر کوئی شخص زندہ جان سلامت لیکر نہین نکل سکتا۔ یہ سنکر راجہ گھوڑے پر سے ہوا
اور نشیب کی طرف ایک جگہ جاکر اپنا نیزہ گاڑا وہان سے پانی اُبلنا شروع ہوا جو لشکر کیلئے اب بھی اور آیندہ کیلئے
بھی کافی تھا۔ یہ دیکھکر وزیر نے راجہ سے کہا کہ مین ضعیف انسانونکو دھوکہ دیسکتا ہون مگر قوی دیوتاؤن
کو دم نہین دیسکتا۔ اب آپ کرپا کرکے میرے اور میرے آقا کے قصورونکو معاف فرمائیے راجہ نے وزیر سے کہا
کہ تو اپنی ملک کو جا تیرے راجہ کو کافی سزا ملگئی۔ وزیر جب قنوج مین آیا تو راجہ کو دیکھا کہ اُسکے دونون ہاتھ پاؤن
بیکار اُسی روز سے ہوگئے ہین کہ کنک نے زمین پر نیزہ گاڑا تھا۔

ان راجاؤن سے آخر راجہ کٹورمان تھا اور اُسکا وزیر کارایک برہمن تھا وزیر کو قسمت نے اس طرح بڑھا دیا کہ کہان سے
ایک بڑا خزانہ دبا پایا اُسکو دلا دیا جس سے وہ بڑا صاحب مقدرت ہوگیا۔ اسی زمانہ مین راجہ کی قسمت الٹ گئی یہ
آخر راجہ زشت افعال اور بدخیال تھا وزیر کے پاس جب اُسکی بہت سی شکایتین پہنچین تو اُسنے راجہ کو بیخبر رکھکر
کسکر پنڈت خانہ مین تادیب کے لئے بٹھا دیا۔ برہمن سامند کو اُسکا جانشین کردیا۔ پھر بالترتیب راجہ بعد ایک دوسرے کے
اسطرح ہوئے۔ کملاو۔ بہیم جے پال۔ انند پال نردجن پال ۱۰۱۲ھ مین اُسکے پانچ برس بعد بہیم پال اس راجہ کے عہد مین
ہند کے خاندان سے راجا جی اپنی نکل گئی کہ اس گھرانے کا کوئی چولہ پر ہانڈی چڑھانے والا بھی کابل مین باقی نرہا یہ
راجہ بڑی بڑی وسیع سلطنتین اور اُسکے ساتھ خصائل بھی بڑی نیک رکھتے تھے۔ جھوٹون پر بڑی کرپا دیا کرتے تھے
انند پال نے اس حال مین کہ محمود والی خراسان سے سخت عداوت تھی یہ خط لکھا ہی جو نہایت تحسین و آفرین کے قابل ہی۔

خط جسنے سنا ہی کہ تمہاری مملکت پر ترکون نے حملہ کیا ہی اور سارے خراسان مین وہ پھیل گئے ہین۔ اگر تم چاہو
تو مین خود پانچہزار سوار دس ہزار پیدل سو ہاتھی ہمراہ لیکر تمہارے ساتھ لڑائی مین شریک ہوسکتا ہون

اور اگر تمکو یہ زیادہ پسند ہو کہ مین اپنے بیٹے کو دو چند لشکر دیکر بھیجون تو وہ بھی مجھے منظور ہی۔ یہ کام مین اس نظر سے نہین کرتا کہ آپکی نظر التفات مجھ پر ہو۔ بلکہ اس خیال سے کہ مین نے آپکو مغلوب کیا ہی مین نہین چاہتا کہ میرے سوا کوئی دوسرا شخص اس مہم مین فوقیت حاصل کرے۔ فقط۔ یہ راجہ مسلمانون کا سخت دشمن اسوقت سے تھا کہ اسکے بیٹے نے زوجین پال کو مسلمانون نے قید کیا تھا۔ مگر اُس کے برخلاف اُسکا بیٹا مسلمانونکا ہوا خواہ تھا۔

یہ کابل مین ترکون کی سلطنت کا اصل متن ہی جسپر فرشتہ نے حاشیونکا ایک طومار باندھ دیا ہی۔ قاعدہ ہے کہ اپنی زبان کے نامونکا تلفظ صحیح صحیح آدمی ادا کرسکتا ہی اور اپنی زبان کی خط مین اُنکو صحیح لکھ پڑھ سکتا ہے غیر زبانون مین کسی زبان کے نامونکی بڑی مٹی پلید ہوتی ہی۔ وہ صحیح لکھے پڑھے نہین جاسکتے۔ عربی زبان مین غیر قومون کی نامونکی تحریف کرکے لکھنے کا قاعدہ اختیار کیا ہی۔ اس کے سبب سے نامونکا ٹھیک پتہ لگانا نہایت دشوار ہوتا ہی۔ پھر اسپر یہ ستم عاقلان بیدردی نقطہ نکلند۔ الکاتب کالحمار مشہور ضرب المثل ہین اپر طرہ آتی ہین۔ عربی فارسی خط مین جو نام غیر زبانون کے لکھے جاتے ہین اُنکو مختلف مصنف اپنی تصنیف مین اتنی طرح لکھتے ہین جتنے اس نام کے حروف کی ترتیب اجتماع ہوسکتی ہی مثلاً ایک تاریخ مین لکھا ہی کہ بادشاہان زمین کابل وسندر انبیل گویند۔ نبیل کو کوئی زنبیل کوئی زیل۔ کوئی زمیل۔ کوئی زین تل۔ کوئی رت بال۔ کوئی رن ٹھیل وغیرہ لکھتا ہی ایک تاریخ مین رن بل (لڑائی کی قوت) آتا ہی جو ایک بامعنی ہندو کا نام معلوم ہوتا ہی۔ آئین اکبری مین رن ٹھیل لکھا ہے یہی ہندوؤن کے نام سے مناسبت رکھتا ہی کسی کتاب سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ کوئی راجہ ہی کسی کتاب سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ شاہان سندھ و کابل کے لقب کی کیفیت ہی۔ غرض زیادہ تر تو فرشتہ نے محققین نے ان نامون کی تحقیق مین اور اُنکے ساتھ سکون کی تطبیق مین بہت سے کورے کاغذ دنکو سیاہ کیا ہی۔ جو اُن کی پرلے درجہ کی ذہانت دکھاتے ہین مگر کسی حقیقت کو نہین پہنچتے ان نامونکی تحقیقات ان محققین کا کام ہی جو سنسکرت و عربی دونون زبانون مین عالم فاضل پنڈت ہون سنسکرت دانی سے وہ تحقیق کرسکتے ہین کہ اصل نام کیا تھا اور عربی دانی سے یہ کیونکر اسکی تحریف ہوئی سو ایسے فاضل عنقا ہین اس لئے یہ تحقیق بھی بے سر و پا ہے۔

یہ بھی محققین نے تحقیق کیا ہے کہ کابل مین جو کوہستان تربت سے ترک آئے تھے اُنکا مذہب بدھ تھا۔ انھون ہی نے یونانیون کی سلطنت کو مشرق مین اضمحلال کیا تھا ان ترکون کے ہاتھ سے برہمنون کے ہاتھ مین اور برہمنون کے ہاتھ سے رجپوتون کے ہاتھ مین سلطنت منتقل ہوئی۔

راجہ کنک کا نام اصل مین کنشکا تھا ہیئیو رین جو اُس نے دہار (بدہ مذہب والونکا معبد) بنایا تھا وہ ابتک موجود ہے

گورکھتری کہتے ہین اس راجہ کا مذہب بدھ تھا۔ کٹوریان۔ یا کٹوزمان جو بیرونی نے لکھا ہی وہ کافرستی یا کوش قومون سے ایک قوم کا نام معلوم ہوتا ہی چترال و گلجٹ کی فرمانروا اپنا لقب تبتی شاہ کٹور کہتے ہین چینیون نے جو ہندوستان کے سفرنامون مین کابل کا حال لکھا ہی وہ البویحان بیرونی کی تاریخ الہند سے بہت ملتا جلتا ہی

حضرت عثمان کی خلافت مین عراق کا والی عبداللہ مقرر ہوا۔ اُسکے زمانہ مین خلیفہ کیطرف سے اول حملہ کابل پر ہوا ہی اُسکو خلیفہ نے ہدایت کی کہ جاسوس بھیجکر اضلاع ہند کا حال دریافت کرے گو یہانکا حال ایسا جاسوسون نے بتلایا کہ وہ حملہ آوری کو منع کرتا تھا مگر عبداللہ نے اپنے عم زاد بھائی یمین سے عبدالرحمن بن سمرا کو حکم دیا کہ وہ سیستان پر حملہ کرے۔ عبدالرحمن شہر زرنج کیطرف بڑہا اور بعد ایک سخت لڑائی کے یہانکے ایرانی مرزبان کو اُسکے محل مین محاصرہ کرکے عید کے دن اُسنے گرفتار کیا مرزبان نے اطاعت و منت سماجت کرکے خلاصی پائی اور وعدہ کیا کہ دو لاکھ درہم اور دو ہزار غلام خراج مین دیا کرونگا۔ پھر عبدالرحمن نے زرنج اور کش کے درمیان جو ملک تھا اُسے فتح کرلیا اس ملک کو بلاد ہند کہتے تھے۔ اور اس بلاد کو بھی فتح کیا جو زرنج اور ضلع داور کے درمیان واقع تھا ضلع داور مین اُسنے بدھ زور کے بُت پرستون پر حملہ کیا تھا جنھون نے اُس سے آشتی کی درخواست کی گو اُسکے ساتھ آٹھ ہزار آدمی تھے مگر غنیمت آنی ہاتھ لگی کہ ہر ایک آدمی کی حصہ مین چار ہزار قرصہ کی ہاتھ آئے انکا بُت بدھ زور سونے کا تھا اُسکی دونون آنکھون مین لعل لگے ہوئے تھے مسلمانون نے اُس کے ہاتھ کاٹ ڈالے اور آنکھین نکال لین اور مرزبان سے کہا کہ تمہارا بت ایسا بیکار ہے کہ وہ کچھ بُرا بھلا کام نہین کرسکتا۔ اسی دم مین اُس نے بت کو لیلیا۔ بعد ازان عبدالرحمن زابل پر بڑہا اور پھر ۳۵ھ مین امیر معاویہ کی خلافت مین کابل مین آیا جب عبدالرحمن کابل کے سامنے آیا تو یہان کا حاکم کابل شاہ جو لنگر اُشہر کے اندر تھا وہ باہر آیا۔ مسلمانون سے کئی لڑائیان لڑکر شہر کے اندر چلا گیا اور پھر باہر نہ نکلا عبدالرحمن کا محاصرہ کیا اور برس روز تک محصورین سے لڑتا رہا۔ اس محاصرہ مین سپاہ کو بڑی محنت و مشقت اُٹھانی پڑی مگر آخر کو سپاہ نے حملہ کرکے شہر کو لیلیا۔ جب شہر مین مسلمان داخل ہوئے تو انھون نے اہل سیف کو قتل کیا اور عورتون بچون کو لونڈی غلام بنایا۔ کابل کا شاہ قید ہوکر عبدالرحمن کے روبرو آیا اُسنے قتل کا حکم دیا تو وہ مسلمان ہوگیا اور کلمہ پڑہا پھر عبدالرحمن نے اسپر نہایت لطف و کرم کیا

کابل زرنج سجستان سے جو غنیمت اور اسیر ہاتھ لگے تھے وہ جمع کئے گئے اور ایک پانچوان حصہ کا عبداللہ بن عمر باہلی قفنانبہ کابل بھیجا

۴۴ھ مین مہلب بن ابی صفرہ جو خراسان مین بڑا صاحب اقتدار تھا مرو کیطرف سے زابل و کابل مین آیا اور ہندو شاہیون بنا (بنوں) اور اسوار (لاہور) تک پہنچا یہ دونون مقام کابل اور ملتان کے درمیان واقع ہین یہان سے دو سیاہ ہزار قیدی خراسان کو لیگیا

اسی زمانہ مین عبادبن زیاد سجستان کی راہ سے سرحد ہند پر گیا۔ وہ رود بار ہند مند (ہلمند) کی راہ سے چلا اور کش مین آیا اور صحرا کو قطع کرکے وہ قندہار مین آیا اگرچہ یہان ملک اُسنے فتح کرلیا۔ مگر بہت مسلمانون کی جانین ضائع ہوئین ۶۲ھ مین یزید بن معاویہ نے خراسان وسیستان کی حکومت سلیم بن زیاد کو دی جس نے اپنے چھوٹے بھائی یزید بن زیاد کو سیستان مین حاکم مقرر کیا۔ اُس نے سُنا کہ شاہ کابل نے تمرد اختیار کیا اور ابوعبید اللہ بن زیاد کو جو کابل مین حاکم تھا گرفتار کرلیا۔ اُس نے لشکر کو جمع کیا اور اہل کابل سے لڑا مگر شکست پائی اور ایک جمع کثیر مسلمانونکی قتل ہوئی جب سلیم بن زیاد کو یہ خبر پہونچی تو اُسنے طلحہ بن عبد کو کابل بھیجا کہ اُس نے ابوعبید اللہ کو پانچ لاکھ درم دیکر خریدا۔ سلیم زیاد نے پھر طلحہ کو سیستان کا حاکم مقرر کیا جسنے لشکر غوردبا غیس کو کابل بھیجا۔ اہالی کابل کو جبراً وقہراً مطیع وانقاد کیا خالد بن عبد اللہ کو وہان حاکم مقرر کیا۔ مگر پھر انکو معزول کیا۔ تو وہ عراق جانہ سکا۔ ناچار کوہ سلیمان مین جو پشاور اور ملتان کے درمیان مین ہے سکونت اختیار کی اور اپنی بیٹی کسی افغان سے کہ مسلمان ہوگیا تھا بیاہ دی جس سے دو بیٹے لودی اور سور پیدا ہوئے انہین کے نام سے لودی اور سوری افغان کہلاتے ہین جنکی سلطنت کا ذکر تاریخ مین آئیگا ۶۴ھ مین کابل سے عبدالعزیز حاکم سیستان جنگ آرا ہوا۔ اس لڑائی مین کابل کا شاہ شکست پاکر مارا گیا اُسکی جانشینی کے زمانہ مین بھی لڑائی جاری رہی۔ مگر اُسنے مجبور ہوکر خراجگذاری قبول کی مگر کابلیونکو ایسے موقع ملتے رہے کہ انہون نے اپنی کھوئی ہوئی آزادی وملک کو پھر حاصل کرنے مین کوشش کی ۷۷ھ مین عبدالملک بن مروان امیہ نے عبداللہ کو حکومت خراسان سے علیحدہ کرکے حجاج بن یوسف ثقفی کو اسکی جگہ مقرر کیا اور عبداللہ بن ابی بکرہ کو سیستان مین بھیجا۔ جب وہ نیمروز مین پہونچا تو حجاج نے اُسے حکم دیا کہ تو سیستان مین نہ پڑا رہے۔ بلاتامل کابل کو روانہ ہو کابل کے راجہ رن بل سے خراج موعود کو وصول کر اور جب تک یہ کل ملک بالکل قبضہ مین نہ آجائے وہان سے نہ ٹل جب وہ رن بل سے لڑنے کو آیا تو اس مرزبان کابل مین لڑائی کی توانائی نہین تھی وہ سامنے سے ہٹ گیا اور ایک پیچ یہ کھیلا کہ اس سرزمین مین جتنی تنگ راہین تھین اُنکو پتھرون سے دیوارین چنکر دکیا اور اسطرح لشکر بیگانہ کی راہون کو بند کرکے انکو مرغہ مین گھیر لیا۔ ان راہونکے بند ہونے سے خورش کی نایابی نے مسلمانون کو تنگ کیا اور اُنکو خوف ہوا کہ اس گھیرے مین گھرنے سے کہین قحط سے ہلاک نہ ہوجائین اس لئے ناگزیر عبداللہ نے سات ہزار درم جس کے تین لاکھ روپئے سکہ اکبر شاہی کے ہوتے ہین کابلیونکو دیکر اس بلا سے نجات پائی مگر ایک غیرتمند کہسار شریح بن ہانی تھا اس حرکت سے بڑا آشفتہ ہوا۔ اس پیری مین جوانانہ لڑکر جان دیدی جب حجاج کو یہ خبر پہونچی تو عبداللہ کو سرزنش کی اور

امارت اُس سے چھین لی اور ۸۳ھ مین عبد الرحمن بن اشعث کو کابل کے رن بل سے لڑنے کے لئے نامزد کیا اور چالیس ہزار سپاہ اس کے سپرد کی اور سیستان اور اسکی نواح کا حاکم مقرر کیا۔ جب عبد الرحمن کابل مین آیا تو طرز پیشین اختیار کی۔ مگر کارشناسی سے یہ کیا کہ ہر تنگ راہ پر کچھ سپاہی متعین کردئے۔ پھر چیرہ دستی کرکے غنیمت فراوان حاصل کی۔ مگر اس ملک کی نگاہداشت کو دشوار کا سمجھا اور ہندستان کو چلا گیا۔ حجاج کو یہ بازگشت ناپسند ہوئی اسکو عتاب نامہ بڑی لعنت ملامت کا لکھا کہ تمہاری بازگشت کی یہ سزا ہے کہ اس نامہ کے پہونچنے کے ساتھ ہی تم پھر اُس ملک مین جاؤ اور اُسپر تصرف و قبضہ اپنا کرو۔ اور اگر اپنی خود رائی اور خوشنودی سے حکم کی تعمیل نکروگے اور کام کو دوسرے سال پر ٹالوگے تو اپنے تئین معزول سمجھو اور اپنی جگہ عمر شکری اسحق بن محمد کو اپنا سردار جانو اور اُسکے احکام کی تعمیل کرو۔ عبد الرحمن نے اپنی زبردستی اور بدگوہری سے سران لشکر کے ساتھ بیکبارگی کرکے حجاج سے سرتابی کی اور حاکم کابل سے گووہ دشمن دین تھا آشتی کی اور یہ قرار پایا کہ اگر مین فتحیاب ہون تو پھر جیسے کابل کو کچھ تکلیف نہ دون اور خراج و باج سے بری کردون اور اگر اس کارزار مین ناکام رہون تو تو مجھے پناہ دے اور میری دستگیری کر حجاج اس شورش سے بیحد خفا ہوا۔ اسکی پہلی لڑائی حجاج کی لشکر سے ستر مین ہوئی جس مین عبد الرحمن کو فیروزی ہوئی پھر دوسری لڑائی مین شکست مین بڑی بے آبروئی کیساتھ ہوئی وہ بھاگ کر بست مین اپنے گماشتہ کے پاس پناہ کے لئے گیا اس خسران زدہ دین و دنیا گماشتہ نے اسلئے کہ مجھے حجاج سے تقرب حاصل ہو اُسکو گرفتار کرکے حجاج کے پاس بھیجنے کا ارادہ کیا مگر زبان کابل کو اس سے اطلاع ہوئی اُس نے تیز دستی کرکے عبد الرحمن کو اس بلا سے خلاص کیا اور اپنے ملک مین لے آیا یہ مدد پاکر عبد الرحمن پھر کئی دفعہ لڑا مگر کام نہ بنا۔ ۸۷ھ مین حجاج نے رن بل راجہ کابل سے ایسی میٹھی میٹھی باتین بنائین اور دلاویز وعدے کئے کہ اُسنے اپنی مہمان کو باندھکر حجاج پاس روانہ کیا۔ مگر عبد الرحمن کی غیرت نے یہ تقاضا نہ کیا کہ حجاج کے دل کے ارمان پورے ہونے دے۔ اسلئے ایک بلند پہاڑی سے اپنے تئین گرا کر پستی بیستی کو قبول کیا

۸۶ھ مین خلیفہ ہشام بن عبد الملک کی خلافت مین امین بن عبد اللہ قشیری حاکم خراسان نے غور و غرجستان ملک نیمروز کابل کو فتح کیا۔ اور کابل کو اپنا حاکم نشین بنایا خلفاء المہدی اور الرشید کے عہد مین کابل کے راجہ سے خراج لیا جاتا تھا اور جہان لوگ مسلمان ہوجاتے تھے وہان مسلمان حاکم مقرر ہوتے تھے ۱۵۸ھ-۷۷۵ء-۹۵۳ء تک یہی حال رہا جب المامون خراسان کا حاکم مقرر ہوا تو اُسنے دو چند خراج طلب کیا اور اُسنے کا لیلیا اور وہان کے راجہ نے اطاعت اختیار کرکے اسلام قبول کیا خلیفہ مامون کیطرف سے شہر کابل مین ایک مسلمان گماشتہ رہتا تھا خلفاء بنی ہیا و عباسیہ مین یہی حالی رہا پھر ۲۵۶ھ-۸۷۰ء-۹۵۶ء مین خلفاء صفاریہ مین یعقوب بن لیث نے کابل کو فتح کیا اور اُسکے حرزبان کو قید کیا۔ اور شاہ ارزنج کو قتل کیا اور سارا افغانستان مسلمان ہوا۔ وہ یہان سے بہت غلبت اور تین بادشاہون کے سر اور بہت سے ہندو لیکر

بت لے گیا جنکو اُس نے خلیفہ بغداد کی نذر مین بھیجا۔

مسلمانون کی کابل مین حکومت مستقل یعقوب بن لیث کے زمانہ سے سمجھنی چاہیئے اُس کے نام کے بہت سے سکے جنمین ۲۶۰ھ و ۲۶۱ھ ہین پنج شیر اور کابل کے شمال و مشرق مین ملتے ہین۔ آل سامان کے زمانہ مین اس خاندان کا غلام الپتگین اپنے اقاؤن سے جدا ہو کر غزنین اور کابل پر متصرف ہوا اور ایک سلطنت مستقل قایم کی۔

فصل دوم خاندان غزنویہ

الپتگین

عبد الملک ابن نوح سامانی خاندان کا پانچوان بادشاہ تھا (باب دوم مین آل سامان کی سلطنت کا حال پڑھو) اُسکا الپتگین ایک ترکی غلام تھا اول دل بادشاہ کو وہ بہان بتی اور نٹ کے تماشے دکھا دکھا کر دل خوش کیا کرتا تھا اس خاندان مین یہ دستور تھا کہ غلام امانت کی عہدون پر سرافراز ہوتے۔ اور بادشاہ ہونیکے حاجب بنتے تھے۔ اور اعلے عہدون پر سرافراز ہوتے۔ دُور دور کے صوبون پر حاکم مقرر ہوتے غرض بڑے قابل اعتبار رہ سمجھے جاتے۔ بادشاہ نے اس اپنے غلام کی ہوشیاری اور جوانمردی اور دیانت اور امانت دیکھکر ۳۵۰ھ / ۹۶۱ء مین اُسکو خراسان کا حاکم مقرر کیا جب عبد الملک اس دنیا سے سدھارا تو امرا نے قاصد الپتگین پاس بھیجا اور پوچھا کہ آپکی رائے مین آل سامان مین تخت نشینی کے لائق کون ہے اُس نے قاصد کو جواب دیا کہ عبد الملک کا بیٹا منصور ابھی نوعمر اور ناتجربہ کار ہے سلطنت کیلئے سزاوار نہین البتہ بادشاہی اُسکے چچا پر زیب دیتی ہے۔ ابھی یہ قاصد پیغام لیکر بخارا مین پہنچا تھا کہ امرا نے اتفاق کرکے منصور کو تخت شاہی پر بٹھا دیا جب یہ جواب قاصد لایا تو منصور کو نہایت غصہ آیا فوراً الپتگین کو خراسان کی حکومت سے معزول کرکے دربار مین بُلایا۔ اب اُسکو یہان آنے مین بڑا ہم پیدا ہوا جان کا اندیشہ دامنگیر ہوا۔ بیشک نہین اگر وہ یہان آتا تو گویا جان کھونا یا قید خانہ مین عمر کاٹنا اُس نے منصور کا حکم نہ مانا۔ اور سیاہ بیچ کہیلا۔ کہ خراسان کو چھوڑا اور اپنے خاصہ کا لشکر تین ہزار غلامونکا ہمراہ لیا۔ اور غزنین کیطرف کوچ کیا اور صحیح سالم وہان جا پہونچا۔ اور امیر انوک سے غزنین چھین لیا بلخ اور ہرات اور سیستان جس ملک مین داخل تھا اُسکو فتح کرلیا اور خود بالاستقلال بادشاہ بنگیا منصور نے دو دفعہ لشکر الپتگین سے لڑنے کو بھیجا۔ گرد دونون دفعہ مغلوب ہوا۔ یہ خط اُسکے ہاتھ ایسا لگ گیا کہ جسکے قوی ہیکل اور بہادر اور جنگجو باشندے یعنی افغان اُسکے خود مختار بنا دینے کو کافی تھے۔ گو وہ اُس کے مطیع اور فرمانبردار نہون مگر اڑے وقت مین ساتھ دینے کو اور جان لڑانے کو طیار تھے اگرچہ اُس کے ساتھ تین ہزار غلام اُسکے تن کے ہمراہ تھے اور

غالبًا اُسی کیطرح ترکی غلام تھے اور کبھی کبھی اِس مایں آزاد ترکی سپاہی بھی آتے ہونگے اور اُسکے ملازم بنتے ہونگے مگر اتنے آدمیوں سے کیا ہوتا ہی۔ بڑا اجتہاد افغانون کا تھا۔ جن مین آپ رہتا تھا۔ گو وہ اُسکے تابع نہ تھے مگر وقت پر نوکر ہو جاتے تھے غرض اُن سبکی بدولت اُس نے پندرہ برس تک دولت واقبال کیساتھ فرمانروائی کی ۳۶۵ھ/۹۷۶ء مین اپنی موت سے مرگیا جامع الحکایات مین غزنین لینے کی حکایت لکھی ہی کہ جب الپتگین شہر غزنین کے باہر خیمے لگائے پڑا تھا اور شہر والون نے دروازہ بند کر رکھا اور وہان کسیکو اندر نہ آنے دیتے تھے۔ تو الپتگین نے رعایا پروری اور عدل گستری کا طریقہ ایسا جاری کیا تھا کہ رعایا خود بخود بن دامنوکی غلام بنی جاتی تھی ایکدن اُس نے دیکھا کہ کچھ سوار فتراک مین مرغ باندھے لیے چلے آتے تھے اُس نے سواروں سے پوچھا کہ یہ مرغ یون ہی زبردستی چھین کر لائے ہو یا قیمت دیکر مول لائے ہو۔ سواروں نے کہا کہ دام دیکر مرغ کو لیا ہی۔ الپتگین کو اُنکے کہنے کا یقین نہین ہوا اُسنے گانون کے مقدم کو بلا کر پوچھا اول مقدم سچ کہنے سے ڈرا مگر الپتگین نے اُس سے ایسی باتین کین کہ اُسنے سچ سچ کہدیا کہ حضور یہ ترک گانون مین روز جاتے ہین مرغ زبردستی مفت چھین لاتے ہین۔ الپتگین نے یہ سنکر حکم دیا کہ یہ سوار چوبین دہ قتل کیے جائین مگر جب مصاحبون نے تخفیف سزا کیلئے منت سماجت کی تو اُسنے حکم دیا کہ ان سوارونکے کانون مین جیب کیے جائین اور ان جیب دہ مین مرغ لٹکائے جائین اور اُنکی ٹانگین باندھ دیجائین اور اسطرح اُنکی ساری لشکر مین تشہیر کیجائے۔ حکم کی تعمیل ہوئی مرغونکے پھڑپھڑانے سے سوارونکے چہرے لہولہان ہوئے۔ مگر اِس انصاف کا اثر اہل غزنین پر ایسا ہوا کہ انہون نے شہر کے دروازے الپتگین کے داخل ہونے کیلئے کھول دئے اِس ایک انصاف نے وہ کام کیا کہ ایک سپاہ کی تلوار بھی نہ کرتی۔

حکایت الپتگین در انصاف

امیر ناصر الدین سبکتگین

حقیقت مین امیر ناصر الدین سبکتگین ایران کا امیرزادہ اور یزدجرد کی نسل مین سے تھا مگر وہ الپتگین کا غلام تھا۔ ناصر ایک سوداگر اُسکو ترکستان سے لایا تھا۔ الپتگین نے اُسے خریدا تھا۔ اُسکی ذہانت۔ گیاست۔ شجاعت۔ دیکھکر بتدریج ایسے بلند مرتبے پر پہونچایا کہ لشکر کا سپہ سالار اور دربار کا بڑا اہل کار وہی تھا۔ وہ اپنے آقا کے ساتھ ہمیشہ لڑائیون مین ہمراہ رہتا اور داد جوانمردی دیتا۔ بعض مورخ لکھتے ہین کہ الپتگین نے اپنی بیٹی سے اُس کا نکاح کر دیا تھا اور تخت وتاراج کا وارث اُسے ہی مقرر کیا تھا۔ مگر تاریخ فرشتہ مین یون لکھا ہے کہ الپتگین بیٹا ابو اسحٰق کا تھا اُسکو باپ کے مرنے کے بعد سبکتگین نے بجاراکیکر گیا اور وہان سے غزنین کی مسند حکومت دلائی اور سارے ملکی اور مالی کامون کا خود مختار رہا۔ ابو اسحٰق نے ایک سال کی سلطنت کے بعد ۳۶۷ھ/۹۷۷ء مین عقبے کی راہ لی۔ اور اُسکے بعد بلکاتگین جو ترکی امیر تھا بادشاہ ہوا وہ عاقل ودانش تھا۔ دو سال سلطنت کرکے وہ بھی اِس دنیا

وداع ہوا۔ بعد اسکے ہیریری کہ بڑا مفسد و ظالم تھا تخت پر بیٹھا اُس نے کچھ لکھا پڑھی کرکے ابو علی الوکیل شاہ کابل کو اپنی مدد کو بلایا جب وہ چرخ کی حد مین آیا تو امیر سبکتگین نے پانچوتر کی سوار دیکر چھاپہ مارا اور اُسکو قتل کیا اور دس ہاتھی چھین لئے اور اُنکو غزنین مین لایا یہ فتح امیر سبکتگین کو حاصل ہوئی اُدھر ہیری کے ظلم سے لوگ عاجز ہو رہے تھے اسلئے سب امیرون نے متفق ہوکر امیر سبکتگین کو غزنین کا امیر بنایا امیر بلکاتگین کے اسکے نہ ملتے تو سبکتگین غزنین کا اول امیر شمار ہوتا۔

فتح بست

جب امیر سبکتگین مسند حکومت پر بیٹھا تو حصار بست پر امیر طغان مستولی ہوا مگر زکان نے جو آل سامانیہ مین تھا قلعہ بست کو غصب کرلیا۔ اور طغان کو نکال دیا۔ امیر سبکتگین کی درگاہ مین طغان نے التجا کی کہ اگر آپ معاونت کرکے قلعہ بست پر میرا تسلط کرادین تو مین آپکا عمر بھر خدمتگار اور باجگذار رہونگا۔ امیر نے اُسکی درخواست کو منظور کرلیا اور لشکر بست پر لیجاکر توزکان کو شکست دی اور طغان کو اپنے مقصود پر فائز کیا۔ مگر طغان نے جو وعدے کئے تھے اُنکے ایفا مین تغافل اور تساہل و تعلل کیا اور امیر سبکتگین کو اسکی حرکات و سکنات سے مکر و خدعہ کی علامتین مشاہدہ ہوئین۔ ایکدن صحرا مین شکار مین وہ امیر سبکتگین ساتھ تھے کہ اس سے امیر نے خراج موعود کا تقاضا شدید کیا طغان نے اسکا جواب ناصواب دیا اور تلوار کھینچکر امیر کا ہاتھ مجروح کیا۔ امیر نے زخمی ہاتھ سے تیغ کھینچکر طغان کے ماری اور دوسرے ہاتھ سے کام تمام کرتا کہ ملازمون نے بیچ بچاؤ کردیا۔ طغان فرصت پاکر کرمان کو ایسا بھاگا کہ پھر اُسکو بست کا دیکھنا خواب مین بھی میسر نہین ہوا۔ امیر نے بست پر قبضہ کرلیا۔ اس بست کی فتح سے بڑا فائدہ امیر کو یہ ہوا کہ ابو الفتح علی بن محمد جو انواع فنون سے خصوص صنعت و کتابت مین اپنا نظیر نہین رکھتا تھا اور توزکان کا دبیر تھا وہ خانہ نشین تھا اُسکو تلاش کرکے بلوایا اور اپنی خدمت مین رکھا اور اُسکو وزیر مقرر کرنا چاہا تو اُسنے اس خیال سے کہ اس پیرانہ سالی مین میرے دشمن اس منصب عالی سے پیدا ہونگے عذر کرکے امیر سے علیحدہ ہوگیا۔

فتح قصدار

قصدار غزنین کے قریب تھا۔ اسکا امیر اپنی حصانت قلاع پر مغرور تھا۔ امیر سبکتگین نے اسپر لشکر کشی ایسی کی کہ نہ آنکھونکو سونے دیا نہ بدنکو آرام لینے دیا۔ لشکر کو بقدر ضرورت فرصت آرام دیا اور امیر قصدار کو اسطرح پکڑ لیا جیسے کہ بہیڑ کو مہمان کے لئے کباب بنانے کیواسطے پکڑتے ہین۔ پھر اُسکو اپنے الطاف کریم سے اس ملک مین اس شرط پر مقرر کردیا کہ مال مقررہ ہر سال بھیجا کرے۔ اور خطبہ مین اسکا نام پڑھوایا کرے۔ جب ان لڑائیون سے فراغت ہوئی تو وہ دیار ہند کی طرف ۳۶۷ھ مین متوجہ ہوا۔ امیر سبکتگین کی فتوحات ہند کے پیچھے بیان کرینگے اول یہ بتلاتے ہین کہ ہندوستان کی فتح مین کیون توقف ہوا۔

باب دوم سے تمکو یہ معلوم ہوگا کہ ہندوکش سے مغرب کیطرف ایشیا مین اور افریقہ اور جنوبی یورپ مین سپین اور پرتگال تک اسلام کے اعلام فتح وظفر قایم ہوگئے مگر پنجاب مین ایک چپہ زمین کا قدم کے پنجہ کی برابر بھی مسلمانون کو نہین ہاتھ لگا۔ اتنے عرصہ تک جو توقف ہندوستان کی فتح کا ہوا اسکا ایک سبب تو یہ تہا کہ ہند مین بعض تو بڑی جوہر دار اور دلاور رہتی تہین اس بات کو تم باب سوم مین تاریخ ہندوستان کو پڑہ کر سمجھ سکتے ہو کہ سندہ کے برہمنون نے مسلمانون کا کیسا مقابلہ دلیرانہ کیا اہل عرب ہی کی شجاعت تہی جو انکو زیر کیا۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ ہندوؤن کے راج کا جنگی انتظام ایسا مسلسل تہا کہ وہ بیگانہ حملہ آورونکو بڑے الجھیڑے مین پہنسا کر انکو کامیاب نہین ہونے دیتا تہا ہندوستان کو ہندہیاچل پہاڑنے دو شمالی اور جنوبی حصونمین تقسیم کردیا ہے اور اس پہاڑ کے جنگلون اور پہاڑیون نے اتر اور دکھن کے درمیان ایک دیوار کہڑی کردی ہے۔ ہندہیاچل کے شمال مین تین گروہون کے راجا و ادیان عظیم مین راج کرتے تہے۔ سندہ کے میدانون اور جنکے اوپر کے حصونمین بالکل برہمن سلطنت کرتے تہے سنسکرت مین جسکو ملک کو مدہیا دیش (زمین متوسط) کہتے ہین وہ بڑے بلوان راجونمین منقسم تہا اور ان راجون کے راجاؤن کا مہاراج قنوج کا مہاراجہ تہا۔ دریاے گنگ کے زیریں وادی مین پہاڑ سے نیچے بدھ مذہب کے راجہ بال کے خاندان کے راج کرتے تھے۔ بنارس کے بنگال کے ڈلٹا تک ملک انہین کی قلمرو مین تہا۔ اب ہندہیا کے دکن مین مشرقی اڑیسہ کے اضلاع مین بڑی جنگجو اور تند خو بہاڑ تیجر ہتی تہین مغربی انتہا مین بمبئی کے ساحل کیطرف مالوہ کی ریاست ہندوؤن کی تہی۔ جسکا راجہ بکرماجیت ہندو راجاؤن کا آفتاب شہور ہے۔ اسکا زمانہ علم وفضل کا منہ آفاق ہے۔ اس ریاست کے جاگیردار بڑے جنگجو دلیر تہے۔ ہندوستان مین ہندہیاچل کے دکن مین بڑی بڑی راجپوت ریاستین تہین کہ وہ آریا قوم مین سے تہے انکے تین گروہ تہے چیرا چولا۔ پانڈیہ۔ یہ بھی اس ملک کی بادشاہی کرتے تہے ان راجونکے مجموعہ کا گروہ خواہ وہ اتر مین ہو یا دکن مین۔ آپسمین نفاق کرکے بیگانہ حملہ آورون کے مقابلہ کرنیکی قوت پیدا کرلیتا تہا اور جب یہ کئی گروہ اور انکی افواج متفق ہوجاتی تہین تو انکا فتح کرکے مغلوب کرنا اور بھی تکان اور محنت ومشقت کا کام ہوجاتا تہا۔ اگر ان گروہون کے مجموعہ پر فتح بہی حاصل کرلی جاتی تہی تو پہر ہر گروہ سے اور ہر گروہ کی افواج سے جدا جدا لڑنا پڑتا تہا۔ پہر بعد فتح کے بہی ہر راج مین سرکشی و گردن کشی کا مادہ موجود رہتا تہا یہی سبب ہے کہ سندہ مین باوجود سخت سعی و کوشش کے مسلمانونکی سلطنت کی ترقی بڑی آہستہ آہستہ ہوئی۔ تین صدی بعد شمال و مغرب سے دو ترک زبردست حملہ آورون کی سعی سے ۹۷۶ء و ۱۱۷۶ء کے درمیان پنجاب کے سرحدی حصہ پر مسلمانون کی حکومت قایم ہوئی اور ۱۵۶۵ء مین تالی کوٹ کی فتح سے دکن مین مسلمانونکو مستقل حکومت ہوئی

اور پہر سو برس کے بعد ۱۰۱۸ء ہندوؤن کی قوم مرہٹے نے وہ سر اُٹھایا کہ سلطنت مغلیہ کو ہندوستان مین خاک مین ملا دیا۔ شمالی ہند مین بہی شہنشاہ اکبر کے عہد مین مسلمانون کی سلطنت پوچہو تو اچہی طرح قایم ہوئی ورنہ ہندو اپنی سلطنت کے لئے اکثر مسلمانون سے لڑتے رہے۔

امیر سبکتگین کی دریا ہند کیطرف توجہ

جب بست و قصدار کی فتوح سے امیر سبکتگین کو فرصت ملی تو دریا ہند کیطرف ۳۶۷ھ مین توجہ ہوئی اور ہند کے چند قلعے ایسے فتح کئے کہ جہان نہ اہل اسلام کے گہوڑون کے سُم نہ اونٹونکے قدم پہرے تہے ان قلعونمین جا بجا مسجدین بنا کر اور ساخت و تاراج سے جو غنایم ہاتہ لگین اُنکو لیکر غزنین کی طرف مراجعت کی۔ ہندوستان مین اسوقت راجہ جے پال راجہ تہا۔ ولایت لاہور سے لیکر لمغان تک اور کشمیر سے ملتان تک اُسکی قلمرو تہی بہٹنڈہ مین مقام اسلئے کیا تہا کہ اہل اسلام کو آگے بڑہنے سے روکے۔ جب اُس نے سُنا اور دیکہا کہ مجاہدین اسلام اُسکے ملک پر دست درازیان کرتے ہین اور اُنکی ہمسائگی ذات الجنب ہے۔ اس سے جان و مال کا خطرہ ہے تو نہایت مضطرب بیقرار ہوکر چارہ جوئی جنگجوئی مین اُس نے دیکہی۔ لشکر اور ہاتہی جمع کر کے لمغان کے میدان مین مسلمانون سے لڑنے کے لئے آمادہ ہوا یہ لمغان کا میدان کابل اور پشاور کے درمیان واقع ہے۔ امیر سبکتگین نے غزنین سے جنبش کر کے خیمے ڈیرے اسی میدان مین جمائے۔ دونون لشکرونمین چند روز تک کارزار مین خوب ہاتہ چلے مگر کوئی غالب مغلوب نہین معلوم ہوتا تہا۔ اس لڑائی مین محمود غزنوی بہی اپنے باپ کے ساتھ شریک تہا اور طفلی مین وہ جوانمردی کے کام کرتا تہا کہ بڑے بڑے سُورما بہادرون کی عقل اسمین حیران تہی۔ یہ ہنگامہ رزم گرم تہا کہ ایک ازغیبی گولہ سر آنکر پڑا یعنی وہ بادوزان کا طوفان آیا کہ دن کی رات ہوگئی اور وہ برف شدت سے پڑی اور سردی چمکی کہ خون سرد ہوکر رگون مین جم گیا۔ مسلمان اُسکے عادی تہے مگر بیچارے ہندوؤن نے اس سردی کی آفت کبہی اُٹہائی تہی ہزارون سپاہی اور جانور اکڑ گئے۔ سیکڑون کے ہاتہ پاؤن رہگئے یہ وہی میدان ہے جہان مدتون پہلے یہی تکالیف لشکر ہند نے انگریزی افسرون کے ماتحت نوسو برس بعد اٹہائی۔ ایک کہانی مشہور ہے کہ ان پہاڑون مین ایک چشمہ تہا کہ جب اُسمین کوئی ناپاک چیز ڈالتے تہے تو اتنی برف پڑتی تہی کہ شہر کے شہر دب جاتے ہین اس چشمہ کی خبر ایک بڑہیا نے امیر کو دی تہی جسنے اسمین نجاست ڈلوا کر یہ پاک کام کیا تہا۔ گو اُسکی اصل کچہ نہ تہی مگر ہندوؤن کے ڈرانے کے واسطے یہ ڈہکوسلا بہی بڑے کام کا تہا غرض اب سارے لشکر مین جاڑے کی دہائی پڑگئی جے پال نے لاچار ہوکر سبکتگین پاس پیغام صلح بہیجا سبکتگین صلح پر راضی تہا مگر محمود کہ جوانی کے زورون مین بہرا ہوا تہا اس صلح کا مانع ہوا۔ اس لئے یہ کام صلح کا جھمیلے مین پڑ گیا۔ پہر جے پال نے ایک دانا ایلچی

جے پال اور سبکتگین کی لڑائی

محمود پاس بھیجا۔ اور یہ لکھا کہ آپ کو معلوم رہے کہ راجپوتونکا ایک دستور ہی کہ مایوسی اور اضطراب کی حالت مین جب دیکھتے ہین کہ ستیز مین کوئی راہ گریز دشمن سے نہین رہی۔ تو جو کچھ ان پاس نقد و جنس ہوتا ہی اُسکو آگ مین جھونکتے ہین ہاتھی گھوڑون اور مویشی کو اندھا کرتے ہین غرض کوئی چیز سلامت نہین رکھتے اہل و عیال کو آگ مین ڈالتے ہین۔ پھر ایک دیسپر و داع ہوتے ہین۔ اور دشمن سے یہانتک لڑتے ہین کہ سب کے سب کر خاک مین ملجاتے ہین اسیکو دین دنیا کی سرخروئی جانتے ہین خوب سمجھ لو کہ اگر تمھارے لشکر کے لوگون کو ہماری بہادری کا علم صلح کرنے نہین دیتی تو یہ کرد کہائین گے۔ پھر تم پچتاؤ گے۔ نقد و جنس کی جگہ راکھ کا ڈھیر پاؤ گے۔ قیدیون اور غلامون کے عوض مین کٹی ہوئی ہڈیان مردون کی دیکھو گے۔ ہاتھیونکی جگہ کیچڑ اور پتھر پاؤ گے غرض تمکو لڑائی کی صورتمین خاکستر کے سوا کچھ خاک ہاتھ نہ آئیگا اگر صلح کرلو گے تو ہم پہت دیا کرینگے۔ اب محمود نے بھی لکھا کہ ہندوونکو مایوس کرنا اچھا نہین معلوم ہوتا آگے کیا ہو غرض باپ بیٹے دونو صلح پر راضی ہوئے۔ راجہ نے اپنے معتبر رشتہ دار اور عزیز بیاہ سکبتگین پاس چھوڑے اور امیر کے معتمد ساتھ لئے کہ اپنی دارالسلطنت مین جاکر موجب عہدنامہ کے ہاتھی گھوڑے مال و دولت حوالہ کرے باوجودیکہ جے پال نے یہ تباہی وہان اُٹھائی تھی۔ اور خراج دینے کے وعدہ پر رہائی پائی تھی مگر لاہور مین جب پہنچا سب قول و قرار بھول گیا خراج نہ بھیجا سکبتگین کے آدمیونکو قید کرلیا اور کہنے لگا جب تک امیر سے آدمیون کو نہ چھوڑے گا مین ہرگز اُس کے آدمیون کو نہ چھوڑونگا۔ اُسوقت مین دستور تھا کہ راجہ کے دربار مین بیس پنڈت اور چھتریونکے سردار کھڑے ہوتے تھے اور معاملات ملکی مین رائے دیتے تھے چھتریونکو راجہ کی یہ حرکت ناپسند آئی۔ اُنہون نے عرض کیا کہ مردونکو باتکا پاس چاہیے بچن کا توڑنا ایسا پاپ ہے کہ بیتاکمو کے پڑھکر گردن کاٹی جاتی ہی۔ اس حرکت ناروا سے باز آیئے اور خراج امیر کا بھجوایئے۔ مگر پنڈت صاحبون نے نہ برف باران کی سردی دیکھی تھی نہ تلوارون کی آبخ کے نیچے آئے تھے اُنہون نے یہ صلاح دی کہ راجہ کا جگت مین مُنہ کالا ہوجائیگا۔ اگر خراج بھجوائیگا۔ شامت اعمال سے یہی صلاح جے پال کو بھی پسند آئی جب اس معاملہ کی خبر سکبتگین کو پہونچی۔ اول اُسکو یقین نہ آیا یہ سمجھا کہ یہ خبر ہوائی ہے اور یون ہی لوگون نے اڑائی ہی۔ مگر جب متواتر یہی خبر کان مین آئی تو اُسکو یہ امر نہایت شاق معلوم ہوا۔ اس بدعہدی کے انتقام لینے کیواسطے لشکر ونکو جمع کیا اور ایک دریا کیطرح اُمڈا ہوا ہندوستان پر چڑھ آیا۔ اور سرحدی مقامات پر ایک آفت برسادی اور پانی پھیر دیا۔

جب جے پال کو یہ خبر پہونچی تو اُسکے دلی اجمیر۔ کالنجر۔ قنوج کے راجاؤنکو چٹھیان لکھین کہ سکبتگین طرح سرحد پنجاب پر چڑھا ہی۔ پنجاب ہی ہمیشہ سے سب ہندوستان کا سپر رہا ہی۔ اب مناسب ہی کہ ہم سب ملکر اس ٹکر کو روکین۔ نہین وہ سارے

ملک مین پانی پھیر دیگا۔غرض ان سب راجاؤن نے اپنا انتخابی لشکر بہت سی مال اور خزانہ کے تقاضے پال مایں بھیجدیا۔ اور یہ جان لیا کہ ہماری عزت اور آبرو سلطنت کی بقا جے پال کی جے پر موقوف ہے۔اسلئے اعانت اور معاونت کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نکیا وہ ایک لاکھ سوار اور بیادے بیشمار سندھ کے پار لیگیا۔ اور لمغان کے میدان مین امیر سبکتگین کے لشکر کے سامنے ڈیرے خیمے ڈالدیے۔ امیر سبکتگین دشمنونکی کیفیت اور کمیت دیکھنے کیواسطے ایک ٹیکری پر کھڑا ہوا۔ وہان دیکھتا ہی کہ جہانتک نظر کام کرتی ہی لشکر ہی لشکر دکھائی دیتا ہی۔ مگر اس سے اسکو کچھ ہراس نہوا اور سمجھا یہ سب بھیڑین ہین مین قصاب ہون۔ یہ کلنگون کی قطارین ہین اور مین شاہین ہون ایسا اُس نے سب سردارونکو بُلایا اور جہاد کا وعظ سنایا۔ اور سب سے زیادہ عمدہ تدبیر لڑائی مین یہ کام مین لایا کہ پانچ پانچسو غول ایک ایک افسر کے نیچے مقرر کیا۔ اور حکم دیا کہ باری باری سے لڑین ایک غول لڑائی کے میدان مین جائے جب تھک جاے تو واپس آئے۔ اور دوسرا تازہ دم اُسکی جگہ جاے یہ حکمت اُس کی ایسی کارگر ہوئی کہ ہندوؤنکے لشکر مین باوجود کثرت کے ضعف معلوم ہوا۔ اور جب اُنکے پیر اکھڑے تو سارے لشکر نے دفعتاً حملہ کیا اور ہزارونکو مار ڈالا اور سب کو بھگا دیا اٹک تک اُنکا تعاقب کیا۔ لشکر اسلام غنیمت سے مالا مال ہو گیا۔ گرد و نواح کے پرگنون سے جو لاہور کی سلطنت مین داخل تھے بہت سا محصول وصول ہوا۔ راجہ کے ملک پر دریائے اٹک تک قبضہ و تصرف کیا اور پشاور مین دس ہزار سپاہیونکو ایک افسر کے ماتحت چھوڑا۔ ان لڑائیونکے بعد لمغان کے افغان اور خلجی بھی امیر سبکتگین کے مطیع ہوے اور اُسکی سپاہ مین بھرتی ہوئے ان مہمات کے بعد امیر اپنی رعایت کے انتظام مین مصروف ہوا۔

اس زمانہ مین کہ ہندوستان مین امیر سبکتگین کو یہ فتوح حاصل ہوئین۔ امیر نوح بن منصور سامانی نے ابونصر فارابی کو امیر سبکتگین پاس بھیجا کہ خایق امیر بخارا نے جو خرابیان اس کے ملک مین مچا رکھی ہین اس سے مطلع کرے اور معاونت کی درخواست کرے۔ آل سامان کی اس بے سامانی کا حال سنکر سبکتگین کی رگ حمیت حرکت مین آئی اور وہ فوراً ماوراء النہر کو روانہ ہوا۔ امیر نوح بھی ولایت سرخس مین پیشوائی اور استقبال کے لئے آیا امیر سبکتگین نے ملاقات سے پہلے امیر نوح سے یہ التماس کی کہ ضعف پیری کے سبب سے مجھے گھوڑے پر سے اُترنے اور رکاب پر بوسہ دینے سے معاف فرمایئے۔ امیر نوح نے اُسکی التماس کو قبول کیا۔ مگر جب امیر سبکتگین کی نظر امیر نوح کے طلعت پر پڑی تو ہیبت شاہی نے بے اختیار اسکو گھوڑے پر سے اتروایا اور رکاب پر بوسہ لوایا۔ امیر نوح اس سے بہت خوش ہو کر گلے ملا۔ غرض ان دونون سعادتمندونکے ملنے سے خاص عام کے دلونکو راحت ہوئی۔ اور ایک جلسہ صحبت بنظیر منعقد ہوا۔ بعد فراغت ضیافت و مجالست کے انتظام امور مملکت مین گفتگو ہو کر یہ قرار پایا کہ امیر سبکتگین غزنین جائے

اور سپاہ کو تیار کر کے لائے۔ وہ غزنین کو روانہ ہوا اور امیر نوح بخارا کو گیا جب فائق کو جو امیر ابو علی سمجوری کے پاس پناہ کے لئے گیا تھا یہ اطلاع ہوئی تو اس نے اپنے خواص سے مشورہ کیا کہ اگر کام بگڑے تو کہاں پناہ لینی چاہیئے یہ قرار پایا کہ فخر الدولہ دیلمی کے پاس پناہ لینی چاہیئے اس سے رشتہ اتحاد و داد مستحکم ہے اس اثنا مین امیر سبکتگین بلخ مین آیا اور امیر نوح بخارا سے چلکر اُسے ملا۔ فائق اور امیر ابو علی سمجوری لشکر گران لیکر روانہ ہوئے اور ہرات کے پاس میدان مین لڑائی ہوئی۔ امیر سبکتگین نے دشمنونکو شکست دی اور انکو بے سر و سامان بھگا دیا فائق اور امیر ابو علی سمجوری بھاگ کر نیشاپور مین گئے۔ اس فتح کے صلہ مین امیر نوح نے سبکتگین کو ناصر الدین کے خطاب سے اور سلطان محمود کو سیف الدولہ کے لقب سے مشرف کیا اور منصب امیر الامرائی کا جو ابو علی سمجوری کو عطا ہوا تھا وہ سیف الدولہ کو دیا گیا اور امیر نوح کامیاب و کامران بخارا کو روانہ ہوا اور ناصر الدین سبکتگین غزنی مین آیا اور سیف الدولہ سلطان محمود تنہا نیشاپور مین رہا جب امیر ابو علی اور فائق سلطان نے محمود کو تنہا دیکھا تو پہلے اس سے کہ اُس کے پاس کمک آئے اُس سے لڑائی کا فیصلہ کیا اور اسپر فتح حاصل کر لی جب امیر سبکتگین کو اسکی خبر ہوئی تو وہ سپاہ کو لیکر نیشاپور مین پہونچا اور حوالی طوس مین امیر ابو علی اور فائق سے لڑائی ہوئی امیر سبکتگین نے پھر ان دونون کو شکست فاش دی مگر ابو علی سمجوری اور فائق جان سلامت لے گئے اور قلعہ کلات مین چلے گئے اس فتح کے بعد امیر ناصر الدین سبکتگین مسند فرمانروائی پر فراغت کے ساتھ متمکن ہوا۔ فائق بغرا خان کے تعاقب مین ایل خان پاس چلا گیا اور اس ایل خان کے دباؤ و زور سے نوح اور فائق مین صفائی ہو گئی اور وہ سمرقند کا حاکم مقرر ہوا۔ جب نوح نے انتقال کیا تو ایل خان نے بخارا پر حملہ کیا اور فائق حاکم سمرقند اُسکا مدد و معاون ہوا اور اُس نے بادشاہ منصور ثانی کو اس بات پر مجبور کیا کہ تمام اختیارات سلطنت کے فائق کو تفویض کر دے

خصائل و صفات امیر سبکتگین

روضۃ الصفا مین سبکتگین کی خصایل کو طرح بیان کیا ہے کہ آئین سلطنت و بادشاہی مین آراستہ اور کوشش مین شیر کی مانند بالکل عفیف بخشش مین مثل ابر ہمہ کرم۔ ہنگام داد مین باد جہندہ قوی اور ضعیف پر آفتاب کی مانند درخشندہ وضیع و شریف پر۔ ہمت مین دریا کہ دہش مین کاہش سے نہین ڈرتا تھا۔ تہور مین سیل کہ نشیب و فراز سے کچھ پرہیز نکرتا تھا ظلمت حوادث مین اسکی رائے روشن ستارہ کی طرح رہنما۔ اسکی تلوار مقابل اعدا مین قضا کی مانند گرہ کشا۔ اسکی شمایل مین نجابت و شہامت پیدا اسکی حرکت و سکون مین دلایل یمن و سعادت ہویدا۔

۳۸۶ھ / ۹۹۶ء مین حدود بلخ کے اندر تربد مین سبکتگین کے سر پر موت نے اپنا گھوڑا دوڑایا۔ اسکی عمر ۶۶ برس کی تھی اسکا جنازہ غزنی مین لایا گیا اور وہان دفن ہوا۔ اُس نے بیس سال حکومت کی اور اُسکی اولاد مین چودہ بادشاہ

ہوئے۔ جو لاہور اور اُسکی نواح پر متصرف و متسلط ہوئے۔ اس امیر کا وزیر ابو العباس فضل بن احمد سفرائنی تھا ضبط امور مملکت اور سرانجام مہام سپاہ و رعیت مین کمال رکھتا تھا۔

امیر سبکتگین اپنی موت سے چار روز پہلے شیخ ابو الفتح بستی سے یہ کہتا تھا کہ ہمارا اور ہمارے اعراض و امراض کا حال بعینہ قصاب و بھیڑ کا سا ہی جب بھیڑ کو پہلے پہل گھٹنے تلے قصائی دباتا ہی تو وہ بیچین ہو کر چیختی ہی مگر جب اُون کتر کر چھوڑ دیتا ہی تو پھر دبلنے کو دنے لگتی ہے جب یہی نوبت دو چار دفعہ پھر گذرتی ہی تو وہ قصائی سے بیخوف و خطر ہو جاتی ہی جب اُسکو ذبح کرنے کیلئے وہ الٹاتا ہی تو یہ جانتی ہی کہ اُون کتر کر تھوڑی دیر مین وہ مجھے چھوڑ دیگا لیکن وہ بھیڑ پھر کر جان نکال لیتا ہی۔ پس انسان بار بار بیمار ہو کر اچھا ہو جاتا ہی تو مرض الموت مین بھی صحت کی امید پر مسرور اور اجل سے غافل ہو جاتا ہے کہ موت جان شیرین کو باد فنا مین اڑا دیتی ہے۔

دو ایک حکایتین لکھتے ہین گو وہ پایہ تاریخ سے ساقط ہین۔ مگر ایشیائی مورخون کی ان مین انسانیت اور اد میت پائی جاتی ہی کہ وہ کس طرح تاریخ سے حسن اخلاق کی تعلیم کرتے ہین مشرقی ملکونمین تاریخی واقعات سے ایسا اثر دل پر نہین ہوتا جیسا ان حکایات سے ہوتا ہے مغربی ملکونمین بالکل لغو و بیہودہ اور مشرقی بک بک کہتے ہین تاریخ بیہقی مین یہ حکایت سبکتگین درانس کے آقا کی لکھی ہے کہ جب امیر سبکتگین بخارا کو جاتا تھا تو راہ مین منزل خاکستر مین وہ فروکش ہوا اور بہان صدقہ و خیرات مین بہت کچھ روپیہ دیا اور گھوڑے پر سوار ہو کر پانچ چہ آدمیون سے ایک جگہ کو کھودنے کیلئے حکم دیا جب انہون نے کھودا تو ایک لوہے کی میخ نکلی۔ امیر سبکتگین نے اُسے دیکھا اور گھوڑے پر سے اترا اور بہت رویا اور جائے نماز منگا کر دوگانہ شکر الہی ادا کیا جب لوگون نے اس حال کا سبب پوچھا تو اُس نے کہا کہ یہ قصہ نا درسنو کہ جس آقا کی مین ملک مین تھا مجھے اور بارہ اور غلامونکو جو میرے ہمراہ تھے جیحون سے پار اتار کر شہر قان مین وہ لیگیا اور بہان سے گورکانان مین لایا یہان کے بادشاہ نے سات غلام خریدے اور مجھے اور پانچ اور غلامون کو نہ خریدا۔ پھر نیشاپور کی راہ مین مرو اور سرخس مین چار غلام اور اُس نے بیچے اور مین ایک ہی باقی رہے مجھے سبکتگین دراز کہتے تھے۔ اور اتفاق سے میرے آقا کے تین گھوڑے میری ران کے نیچے زخمی ہو چکے تھے جب مین بیان خاکستر مین آیا تو میرا گھوڑا زخمی ہو گیا۔ اسپر میرے آقا نے مجھے بہت مارا اور زین کو میری گردن پر رکھا اور قسم کہائی تھی کہ نیشاپور مین جو کچھ تیری قیمت ملیگی وہی لیکر مین بیچ ڈالون گا۔ اسی غم مین مین سو گیا کہ حضرت خضر کی زیارت ہوئی انہون نے مجھے بشارت دی کہ تو بڑا نامور بادشاہ ہوگا جب پھر اس زمین پر آئیگا تو تیری تھا بہت سا شکر ہوگا اور تو اُسکا سردار ہوگا تو غم نہ کر شاد رہو۔ جب یہ پایگاہ بلند تجکو نصیب ہو تو خلق خدا کیساتھ

نیکی اور انصاف کرنا۔ مین نے اٹھکر غسل کیا اور پچاس رکعت نماز پڑہی۔ اور اس مسخ کو لیکر مہمان نشانی کے لئے مین گاڑ گیا۔ صبح میرے آقا نے سفر کیا مجھ سے یہ مسخ مانگی جب مین نہ دیسکا تو اُس نے تازیانون سے مجھے خوب مارا اور پھر سخت قسم کہائی کہ جو قیمت تیری ملیگی وہ لیکر تجھے ہیچ ڈالون گا۔ نیشاپور تک وہ منزل پیادہ پا چلایا وہان اپنگین نے مجھے اور میرے دو یارون کو خرید لیا جس سے مین اس درجہ پر پہونچا کہ تم دیکھتے ہو۔

جامع الحکایات مین یہ حکایت لکھی ہی کہ نیشاپور مین جب اپنگین کی خدمت مین سبکتگین رہتا تہا تو اس پاس ایک گھوڑے کے سوا اور کچھہ نہ تہا وہ سارے دن جنگلون مین پھرتا اور شکار کھیلتا۔ ایکدن اُس نے دیکھا کہ ہرنی اپنے بچے کے ساتھہ چر رہی ہی۔ اُس نے گھوڑا دوڑا کے اُس بچے کو پکڑ لیا اور خوش خوش لیکر چلا۔ ہرنی نے بھی گھوڑے کا پیچھا لیا اُس نے جو مڑکر پیچھے دیکھا کہ ہرنی اپنے بچے کے پیچھے حیران پریشان چلی آتی ہی۔ تو اُس نے ترس کہاکر بچہ کو چھوڑ دیا ہرنی اپنے بچے کے چھوٹنے سے خوش خوش جنگل مین جاتی تہی اور امیر کو بھی مڑکر دیکھتی جاتی تہی۔ اسی رات امیر کو رسول خدا کی زیارت ہوئی جنہون نے یہ فرمایا کہ اے امیر ناصرالدین تو نے ایک بیچارے بیکس بے بس پریشان حال جانور پر شفقت کی خدا نے تجھہ پر مرحمت کی کہ اپنے دیوان مین منشور سلطنت تیرے نام لکھوایا تجکو چاہیئے کہ عام خلایق کے ساتھہ بھی یہی شیوہ جاری رکھے اور صفت شفقت کو کسی حال مین نہ چھوڑے اس روایت سے کہ اکثر تاریخون مین یہ حکایت بھی لکھی ہی کہ امیر ناصرالدین سبکتگین نے خواب مین دیکھا کہ اُس کے گھر مین تخت دارا سے ایک درخت ظاہر ہوا اور ایسا بڑہا کہ اُس کے سایہ مین ایک خلق خدا بیٹھہ سکتی تہی۔ جب امیر جاگا اور خواب کی تعبیر سوچ رہا تہا کہ محمود کے پیدا ہونے کی بشارت اُس نے سُنی۔ اس سے وہ بہت خوش ہوا کہ میرا خواب محمود الاسلام اور مسعود الانتہا ہی۔ اس فرزند کا نام محمود رکھا کہتے ہین کہ سلطان محمود کا طالع صاحب ملت الاسلام کا طالع کے ساتھہ موافق تھا ہمیشہ سے ایشیائی مورخ ان خوابون۔ فالون۔ طالعون کو تاریخ کا ایک دلکش جزو سمجھتے ہین مگر فرنگستانی انکو بالکل تاریخی پایہ اعتبار سے ساقط جانتے ہین۔

مثل مشہور ہے کہ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔ محمود پر یہ مثل صادق آتی تہی۔ وہ لڑکپن ہی سے ہونہار معلوم ہوتا تہا۔ نوعمری مین باپ کے ساتھہ مہمات مین جاتا اور وہ آگے قدم بڑہا کر ہاتھہ مارتا کہ پرانے تجربہکار سپہ سالار دیکھتے ہی رہجاتے۔ ایام طفلی مین یہ سبق اُس نے خوب سیکھہ لیا تہا کہ زابلستان یعنی کوہستانی ملک جو غزنی کے گرد ہے اُسکے پہاڑی باشندون سے ہندؤن کے راجاؤن کے بڑے لشکرون کو بھگا دینا کوئی بات نہین لڑکپن مین ایک باغ دلکشا لگوایا جسمین مکان روح افزا بنوایا۔ ایکدن وہان بڑا جشن کیا اور پدر بزرگوار اور امراء نامدار کو بلایا

محمود غزنوی کی نوعمری کا بیان

باپ نے باغ اور مکان دیکھکر پسند فرمایا اور یہ ارشاد کیا کہ ایسے باغ اور مکان تو اور بھی امیر بنوا سکتے ہین تجکو وہ عمارت تعمیر کرنی چاہئے کہ جس کی برابری کوئی دوسرا نکر سکے محمود نے پوچھا ای حضرت ایسی عمارت کونسی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ وہ اہل علم وفضل کے دلونکی تعمیر ہے جو کوئی نہال احسان اُنکی زمین دل مین لگائیگا اُسکا ثمرہ ہمیشہ پائیگا یہ نصیحت کی بات محمود کو ہمیشہ یاد رہی۔

امیر سبکتگین کا جب انتقال ہوا تو محمود کی عمر تیس برس کی تھی۔ اور وہ اُسوقت نیشا پور مین تھا امیر اسمٰعیل اُسکا چھوٹا بھائی باپ کے پاس تھا۔ بعض مورخ کہتے ہین کہ اُس نے میدان خالی پاکر تاج شاہی سر پر رکھا۔ مگر بعض کا یہ قول ہے کہ باپ کی وصیت کیموافق وہ قبۃ الاسلام بلخ مین تخت پر بیٹھا۔ الحاصل وہی بادشاہ ہوا اور خزانہ شاہی کا مالک ہوا۔ سپاہ کی دلجوئی اور امرا کی خاطر داری مین خزانون کے مُنہ کھول دئے مقصود اُسمین یہ تھا کہ سب کے دلمین اُسکی جگہ ہو اور محمود کیطرف سے اُنکا دل برگشتہ ہو۔ مگر اس غابز سپاہ اور مراءنا انصاف نے وہ دامن طمع دراز کیا کہ جسکا پر ہونا محال تھا یہ سب حال جب محمود کو نیشا پور مین معلوم ہوا تو اس نے بھائی پاس ایک تعزیت نامہ لکھکر ابوالحسن جموی کے ہاتھ بھیجا جسکا مضمون یہ تھا کہ امیر سبکتگین میرا تمہارا بہشت پناہ اس دنیا سے رخصت ہوا اسی پر اور عزیز مجھے دنیا مین کوئی چیز تجھسے زیادہ عزیز نہین ہے۔ اگر تیری عمر بڑی ہوتی اور تو زمانہ کا تجربہ کار ہوتا اور سلطنت کو دفن سے اور ثبات ملک و دولت کو قواعد سے ماہر ہوتا تو میری عین آرزو ہوتی کہ تو تخت پر بیٹھے۔ باپنے جو تجکو اپنا جانشین کیا وہ مصلحت تھی۔ اگر تخت خالی رہتا معلوم نہین کیا فساد برپا ہوتا۔ تو پاس تھا۔ اس لئے تخت پر بٹھا دیا اب انصاف کی نظر سے تامل کر اور شریعت غرا کے بموجب دولت اور ملک کو تقسیم کر دار السلطنت میرے حوالہ کر۔ بلخ خراسان کا ملک تیرے لئے چھوڑ دیتا ہون مگر امیر اسمٰعیل نے منصفانہ کلام بھائی کا نہ سُنا یا چاہا محمود نے سوائے لڑائی کے کوئی چارہ نہ دیکھا۔ نیشا پور اور غزنی سے دونون بھائی بارادہ جنگ چلے۔ ہرچند بعض امیرون نے چاہا کہ اسمٰعیل بھائی کا کہنا مان جائے اور لڑائی نہو۔ مگر یہ بات نہ بن پڑی دونون بھائیون مین ایک سخت لڑائی ہوئی کہ جسمین محمود کے ہاتھ غزنی فتح ہو گیا۔ اسمٰعیل گرفتار ہوا۔ اسکے بعد محمود نے بھائی سے باتون بات مین پوچھا کہ اگر تو مجھ پر ظفریاب ہوتا تو تو میرا کیا حال کرتا اُس نے جواب دیا کہ کسی قلعہ مین تجھے بند کرتا مگر تیرے لئے آرام و آسایش کا سب اسباب مہیا کرتا۔ اُسوقت تو اس بات کو محمود نے ٹالدیا مگر بہ اسمٰعیل کو جرجان کے قلعہ مین قید مین اور سب چین و آرام کا اسباب اُس کے لئے تیار کر دیا ساری زندگی قید مین بسر ہوئی۔

جب سلطان محمود کو بھائی کی لڑائی سے فراغت ملی تو وہ بلخ کیطرف متوجہ ہوا اُسکی وجہ یہ تھی کہ وہ خراسان مین امیر الامرائی کا منصب اور سامان کیطرف سے کہتا تھا وہ امیر منصور نے بکتوزون کو تفویض کر دیا تھا سلطان محمود نے

بخارا امین امیر منصور کے پاس ایلچی بھیجا اور اپنی بخشش کا اظہار کیا اسلیئے یہ جواب دیا کہ بلخ و ہرات و ترمذ کی امارت تمکو دیگئی اور بکتوزون کو خراسان کی۔ وہ بھی ہماری دولت کا بندہ ہی اُسکو معزول کرنا مناسب نہین سلطان نے ابوالحسن حموی کو بہت سے تبرکات اور تحائف دیکر بخارا بھیجا اور امیر منصور سے یہ پیغام کیا کہ مجھے ایسی توقع ہی کہ آپ کی اور میری دوستی کا شجرہ بے التفاتی کی خس و خاشاک کی گرد اور تیرہ نہیں ہونگا اور میری حقوق اور میرے باپ کے آل سامان پر ہین جو ضایع نہین جائین گے اور رشتۂ الفت گسستہ نہو گا اور بنائے منابعت و مطاوعت منہدم نہین ہوگی۔ جب ابوالحسن حموی بخارا مین پہونچا تو امیر منصور نے اُسکو منصب وزارت کی نوید سُنائی وہ تو سفارت کو چھوڑ اپنی وزارت کے شغل مین مصروف ہوا پیغام کے جواب کیطرف اصلا متوجہ نہ ہوا سلطان بالضرور نیشاپور کو روانہ ہوا جب اس کے ارادہ پر بکتوزون واقف ہوا تو کسیطرف رشک گیا۔ اور ایک عرضداشت بخارا بھیجکر صورت حال کو بیان کیا۔ امیر منصور غرور و جوانی کے زور کے سبب سے سپاہ جمع کرکے خراسان کیطرف روانہ ہوا اور سرخس تک برابر چلا گیا کسی جگہ نہین ٹھیرا سلطان محمود اگرچہ جانتا تھا کہ مجھ سے مقابلہ کرنیکی طاقت امیر منصور نہین رکھتا لیکن کفران نعمت کی بدنامی کی سرزنش سے خوف کرکے نیشاپور مین واپس چلا آیا اور مرغاب مین گیا۔ بکتوزون نے فایق کی صلاح سے غدر مچایا اور امیر منصور کو گرفتار کرکے اندھا کیا اور عبدالملک کو خرد سال تھا تخت پر بٹھایا۔ سلطان محمود سے ڈرکر مرو کو چلا گیا۔ سلطان نے اس کا تعاقب کیا۔ بکتوزون اور فایق دونون نے ملکر سلطان کا مقابلہ کیا۔ سلطان محمود کو فتح ہوئی۔ ان نمک حرامون کو شکست ہوئی۔ عبدالملک کو فایق لیکر بخارا مین پہونچا۔ اور بکتوزون نے نیشاپور کی راہ لی اور کچھ دنون بعد بخارا مین آیا اور پراگندہ لشکر کے جمع کرنے کی فکر مین ہوا۔ اس اثنا مین فایق بیمار ہوکر مرگیا۔ اور ملک خان کاشغر سے بخارا کیطرف متوجہ ہوا۔ عبدالملک اور اُسکے تمام متعلقین کا کام تمام کیا اور دولت آل سامان کو جو ایک سو اٹھائیس سال تک فرمانروا رہی اُسکو انتہا کو پہونچایا۔ اور سلطان محمود بلخ خراسان کی حکومت مین مصروف ہوا چارون طرف اُسکی جوانمردی اور شجاعت کی دھوم مچ رہی تھی خلیفہ بغداد القادر باللہ عباسی نے خلعت گرانمایہ ارسال کیا۔ امین الملۃ یمین الدولہ کا خطاب اُسکو دیا۔ سنہ ۳۹۹ھ مین بلخ سے ہرات مین اور ہرات سے سیستان مین آیا۔ یہان کے حاکم خلف بن احمد کو مطیع کرکے غزنی مین آیا۔ پھر اسی زمانہ مین ہندوستان کیطرف متوجہ ہوا اُس کے چند قلعے لیلئے۔ اور غزنی کو پھر چلا گیا۔ ماوراء النہر مین آل سامان کو ایلک خان نے خلاص کیا اور فتحنامہ سلطان محمود کو لکھا اور مملکت خراسان پر حکمرانی کی مبارکباد دی۔ ان دونون

بادشاہون مین دوستی دیگانگی کی بنا مستحکم ہوئی سلطان محمود نے بہی ابوالطیب سہل بن سلیمان کو سفیر بنا کے ایلک خان پاس بہیجا اور اسکو بہت سی جواہر تحفہ بہیجے۔ غرض مدتون تک ان دونون بادشاہون مین دوستانہ خط وکتابت رہی اور تحفہ تحائف ایک دوسرے پاس بہیجتے رہے۔ مگر آخر کو یہ محبت عداوت سے بدلگئی جسکا آیندہ بیان ہوگا

سلطان محمود کی خود مختاری

اب سلطان محمود خود مختار ہوگیا۔ آل سامان سے جو کچہ تعلق تہا اس سے بے تعلق ہوا۔ خطبون وسکون سے اُسکا نام نکالا گیا۔ اُسکی جگہ اپنا نام جاری کیا۔ سب گہر کے لڑائی جہگڑون سے فارغ ہوا سلطنت کا انتظام اور گہر کا بندوبست کیا پہر ارادہ کیا جو ان دنون مین مسلمانون مین سب سے بڑا سمجہا جاتا تہا اور فیروزمند بادشاہون کے شایان تہا یعنے اسلام کا ہندوستان مین پہیلانا اس کے ہندوستان پر بارہ حملے مشہور ہین۔ مگر وہ سترہ دفعہ ہندوستان مین آیا۔ تاریخون مین ان مہمات مین اختلاف ہے جن مقامات پر وہ حملہ آور ہوا تاریخون مین اُسکی املا ایسی مختلف ہین کہ جن سے معلوم نہین ہوتا کہ وہ مقامات اب کہان ہین۔ سوا اسکے ترتیب مہمات مین اختلاف ہے کوئی کسی مہم کو اول لکہتا ہے کوئی اُسکو پیچہے تحریر کرتا ہے۔ فرنگستانی محققین نے ان کی ترتیب مین اور مقامات کی تشخیص مین اپنی فکر دقیق سے بہت سے عقدے حل کئے ہین۔ ہم انکو بہی لکہتے ہین۔

حملہ اول

فرشتہ اور نظام الدین احمد نے لکہا ہے کہ ۳۹۰ھ کے قریب سلطان ہندوستان کیطرف متوجہ ہوا ہے اُسنے کئی قلعے فتح کئے اور اُن مین اپنی طرف سے حاکم مقرر کئے بعد ان فتوحات کے وہ غزنی کو واپس آیا مگر اُس کا ذکر تاریخ یمینی مین نہین ہے۔

دوسرا حملہ

۳۹۱ھ/۱۰۰۱ء مین سلطان دس ہزار چیدہ سوار لیکر غزنی سے ہندوستان کیطرف روانہ ہوا۔ پیشور کے قریب اس کے باپ کا قدیمی دشمن جے پال والی لاہور بارہ ہزار سوار اور تیس ہزار پیادہ لیکر فیل لیکر لڑنے کے لئے کہڑا ہوا۔ مگر اُس نے شکست پائی اور اپنے پانچہزار آدمیون کی جانین گنوائین۔ اور خود آپ پندرہ عزیزون کے ساتھ اسیر ہوا سلطان محمود نے بہٹنڈہ کے قلعہ کو فتح کرکے مسمار کیا۔ اس کے بعد سلطان غزنین کو چلا آیا۔ اور راجہ جے پال کو ساتھ لایا۔ اُس نے خراج وباج کا عہد وپیمان لیا۔ اور چہوڑ دیا۔ اُس کے عزیزون سے بہی فدیہ لیکر رہا کیا جب یہ راجہ رہا ہو کر اپنے ملک مین آیا تو شکست پر شکست کہانے سے اور قید ہونے سے اسکو شرم آئی یا کوئی مذہبی مسئلہ ایسا تہا کہ جب راجہ دو دفعہ دشمنون سے ہزیمت اٹہائے یا اُنکے ہاتھ مین قید ہو تو پہر راج کے قابل نہ رہے اور اس گناہ کا کفارہ آگ مین جلکر کرے۔ اُس نے راج کو اپنے بیٹے انندپال کو دیا اور خود جلتی آگ مین جلکر خاکستر ہوا۔

فرنگستانی محققین نے قلعہ بہٹنڈہ کی تحقیق مین بہت جانفشانی کی ہے کوئی ان مین سے کہتا ہے کہ وہ

تسلیم پار تھا محمود بے روک ٹوک اس دریا کے پار اترا یا اور اُسکو فتح کر لیا۔ کرنیل ٹوڈ کہتے ہین کہ وہ بڑا آباد اور نامی مقام تھا اور لاہور کا راجہ کیا لاہور مین یا اس قلعہ مین رہا کرتا تھا۔ سر جان ایلیٹ نے بعد تحقیق یہ فیصلہ کیا کہ قلعہ بھٹنڈہ کوئی نیا مقام نہین ہی بلکہ وہ باہند یا والئے ہند ہی جیسا کہ تاریخ یمینی مین لکھا ہی اور یہ ایک مقام دریائے سندہ کے مغربی کنارہ پر مشہور معروف ہی۔ اٹک سے پندرہ میل کے فاصلہ پر ہی اور لاہور اور پیشور کے قدیمی شارع عظیم پیشور سے تین منزل کے فاصلہ پر واقع ہی وہ مشرقی قندہار کا دارالسلطنت تھا۔ ابوالفدا اور بیرونی اور بیہقی نے سکندر عظم کو اسکا بانی قرار دیا ہی۔ اب اسکو ہنڈ کہتے ہین آگے معلوم ہوگا کہ اسباب کے مانند سے کئی تاریخ عقدے حل ہوتے ہین سلطان محمود ۳۹۲ھ مین سیستان مین گیا اور جنیف دہان کو حاکم کو غزنی مین لے آیا اور پھر ہندوستان کی طرف اُسکی توجہ ہوئی۔ ۳۹۵ھ بلدہ بھاطیہ بھٹنیر کیطرف روانہ ہوا۔ حدود ملتان مین دریائے سندھ کو گذر کر جھلیر کی دیوار کے نیچے پہونچا۔ اس شہر کی فصیل اونچی اور مضبوط تھی اور اُس کے گرد خندق تھی وہان کے راجہ بجے رائے کو اپنے لشکر پر بڑا غرور تھا۔ ناصرالدین سبکتگین کیطرف سے جو سرحد پر حاکم مقرر تھے نہ انکی وہ اطاعت کرتا نہ راجہ جے پال کی شرائط فرمانبری کو بجا لاتا تھا جب اُس نے سلطان محمود کا لشکر دیکھا تو وہ اپنے شہر سے لشکر اور ہاتھیون سمیت نکلا کہ اُنسے مسلمانون کے لشکر کو ڈرائے۔ سلطان تین دن رات برابر اس سے لڑا تیسرے دن یہ معلوم ہوا کہ منصور کون ہی اور مقہور کون۔ اور قریب تھا کہ مسلمانون کو شکست ہوجائے۔ اس لئے چوتھے روز سلطان نے منادی کی کہ آج جنگ سلطانی ہوگی چاہیئے کہ جو آدمی نوکر ہین یا غیر نوکر جوان و پیر سب لڑائی کے لئے مستعد ہون اور میدان جنگ مین آئین۔ راجہ بجے رائے یہ سنکر اپنے تنجانہ مین گیا اور اپنے معبود سے استمداد چاہی اور ہندوؤنکو تکمیل سلاح کے لئے حکم دیا۔ اور رزمگاہ مین بڑی شان و شوکت سے آیا۔ مسلمانون نے اُسپر حملہ کیا۔ چاشت سے سہ پہر تک خوب حرب و ضرب رہی شتون کے پشتے لگے۔ کسی لشکر پر آثار عجز و ضعف نہین ظاہر ہوئے۔ سلطان محمود اول درگاہ معبود مین متوجہ ہوا۔ اور پھر اُسنے خود دشمن کی سپاہ کے قلب پر حملہ کیا اور لشکر کو ہزیمت دی راجہ بجے رائے حصار مین آیا حصار کا بھی سلطان نے محاصرہ کیا خندق کے بھرنے کا حکم دیا۔ راجہ ایسا مضطر اور متحیر ہوا کہ اپنے خاص ملازمون کے ساتھ رات کو پیادہ پا جنگل کو بھاگ گیا اور کسی پہاڑی پر پناہ لینی چاہی سلطان نے سپاہ کو اُس کے تعاقب مین بھیجا۔ اُسنے جاکر راجہ کو ایسا گھیرا کہ جیسے گریبان گلے کو گھیرتا ہے۔ سوائے اسکے چارہ نہ تھا کہ اُس نے خنجر سے اپنے تئین آپ مار ڈالا۔ زلستن چون بکام خصم بود مردن ز زیستن بہتر

یہ شہر اور اسکے توابع ضمیمہ ممالک سلطانی ہوئے۔ محمود غزنوی نے ۳۹۶ھ مین ملتان کی تسخیر کا ارادہ کیا

والی ملتان حمید لودہی امیر ناصر الدین سبکتگین کے ساتھ اخلاص رکھتا تھا اور خدمات شایستہ اُسکی بجالاتا تھا پوتا ابوالفتح داؤد بھی اپنے دادا کے طریقہ پر چلتا تھا اور سلطان کی اطاعت کرتا تھا۔ مگر جب بلدہ بھٹنیر کے محاصرہ مین سلطان مصروف تھا تو اُسنے خارج از عقل حرکات شروع کین۔ صلاح وقت دیکھکر سلطان محمود اس سال تو کچھ بولا نہین دوسرے سال مین سلطان محمود کو اسکی خبر ہوئی کہ ابوالفتح قرمطی اپنی خباثت نفس سے ملتان کے باشندون کو قرمطی بنانا چاہتا ہی تو بندگان خدا کو الحاد اور زندقہ سے بچانے کے لیے اُس نے علم دیا کہ سلطانون کا لشکر تیار ہو۔ وہ یہ لشکر لیکر ملتان کیطرف برسات مین روانہ ہوا۔ بارش سے دریا چڑھے ہوے تھے اور دریا سندھ اور اور دریا سوارون کو عبور کے مانع تھے۔ اس سے سلطان کے ہمراہیونکو دشواریان پیش آئین سلطان نے ہند کے راجہ انندپال سے درخواست کی کہ وہ اُسکو اپنے ملک مین سے گذرنے دے۔ راجہ نے درخواست کو منظور نہ کیا اور مقابلہ کے لئے کمر باندھی جسکا نتیجہ اُسکے حق مین زہر ہوا۔ اسوجہ سے یہ ارادہ ہوا کہ اول انندپال کا جھگڑا چکاسے اور پیچھا دیکھا جاے۔ باوجودیکہ جنگلون پر راجہ کا بڑا اقتدار تھا مگر سلطان نے درختون کا کاٹنا اور آگ لگانا اور آدمیونکو قتل کرنا ایسا شروع کیا کہ راجہ کمینگاہون مین بھاگتا پھرا۔ جہان جہان یہ راجہ بھاگ کے جاتا وہین آپکے تعاقب مین سلطان جاتا۔ راجہ کے ملازمونکو کیا جنگل اور درون کے درندے شکار کرتے یا بھاگ کر کشمیر مین پناہ لیتے سلطان نے درون تک تعاقب کیا اور انندپال کشمیر مین بھاگ گیا جب ابوالفتح والی ملتان نے جب انندپال کا یہ حال دیکھا کہ اسطرح سلطان کے آگے بھاگتا پھرا تو اُس نے جانا کہ یہ ہی حقیقت کیا ہے کہ مین سلطان سے برسرمقابلہ آسکون اس لئے اُس نے یہ ارادہ کیا کہ جتنا مال ہی اس سب کو ہاتھیون پر لاد کر سراندیب چلا جاؤن اور سلطان کے لئے ملتان خالی چھوڑ جاؤن۔ مگر سلطان کب اسکو فرصت دیتا تھا اس نے ملتان کا محاصرہ کیا۔ ابوالفتح متحصن ہوا سات روز تک محاصرہ رہا۔ ابوالفتح نے منت سماجت کرکے ان شرائط پر صلح کرلی کہ بیس ہزار درم صحیح سال نذر دیا کرونگا اور الحاد سے احتراز کرکے احکام شرعی کو جاری کرونگا سلطان نے ان شرائط کو اسلئے منظور کرلیا کہ اسلان جاذب حاکم ہرات نے قاصد دوڑا کر سلطان کو خبر دی تھی کہ لشکر ایلک بہونچا ہی اور خرابی مچا رہا ہی۔ اس سبب سے سلطان جلد غزنی کو روانہ ہوا۔ انہات بھٹنڈہ (دائے ہند) راجہ سکپال کے حوالہ کر گیا۔ جسکا آگے ذکر آئیگا۔ تاریخ کے اس حصہ مین قرمطی کا اکثر ذکر آئیگا اسلئے اسکا کچھ مختصر حال لکھتے ہین

ہر مذہب کا یہ قاعدہ ہمیشہ چلا آتا ہی کہ جتنی مدت اُسپر گذرتی ہی اتنی اُسکی تفریق ہوتی ہے یعنی بدعتی فرقے نئے نئے پیدا ہوتے جاتے ہین۔ مذہب اسلام بھی اس قاعدہ سے مستثنےٰ نہ تھا۔ اسمین بھی بدعتی فرقے پیدا ہوے

شروع ہوئے بعض فرقون نے وہ بدعات اختراع کین کہ اصل اسلام کا حصہ نہ تھے مذہب مین تھوڑا ہی باقی ہا
ان بدعتی فرقون مین سے فرقہ قرمطی ہی وہ فرقہ اسمعیلیہ کی ایک شاخ ہی۔ گو ان دونون فرقون کو مسائل مین
فرق ہی۔ مگر مورخ اپنی لاعلمی سے ایسا انکو خلط ملط کرتے ہین کہ معلوم نہین ہوتا کہ انکی مراد کس فرقہ سے ہی ایک
لفظ واحدہ کا وہ لکھتے ہین جنہین اس قسم کے سب بدعتی فرقے داخل ہوتے ہین۔ ایک شخص عبد اللہ بن میمون نامی جو
ایرانی تھا مذہب اسمعیلیہ کو اختیار کیا۔ اس شخص کے تعلیم ہی کے مٹانے کا ارادہ نہین کیا بلکہ اسلام اور اسلامی
مذہبون کے خاک مین ملانیکا قصد کیا۔ وہ وعظ سے یہی تعلیم کرتا تھا کچھ باطنی ہین تلقین کرتا تھا۔ اسکے مذہب کا
خلاصہ یہ تھا کہ سارے مذہب بیہودہ ہین اس دنیا مین اور عقبیٰ مین نیک اعمالی کی جزا نہ بداعمالی کی سزا ہے۔
اس عبد اللہ کے مریدون مین سے احمد تھا جسکا نام بعد ازان قرمط ہوا۔ اس کا عروج ۲۷۸ھ مین ہوا۔ وہ
قرمطی مذہب کا بانی ہی۔ قرمط کے معنی عربی لغت کے باریک اور تنگ لکھنے کے ہین اور کام کے نزدیک کہنے کے
اسی سبب سے احمد کو قرمط کہتے ہین کہ وہ پوشیدہ و باریک طور پر مذہب سکھاتا تھا۔ اسی کے نام سے اسکے فرقے کا نام
قرمطی ہوا جسکی جمع قرامطہ آتی ہی۔ اس نے شہری و جنگلی قومون کے جسکا کچھ مذہب تھا اور عقل سے بھی خارج تھی
اپنے دین کیطرف دعوت کی اور نامہ لکھا بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ فرج بن عثمان رہنے والا قریہ نصرانیہ کا خبر دیتا ہے
کہ مین مسیح کیطرف سے جو کلمہ ہے دعوت کرتا ہون وہی مہدی تھا وہی احمد بن محمد بن حنفیہ تھا وہی جبرئیل تھا
اب انسان کی صورت مسیح مجھ بنا ہے اور مجھے کہا کہ تو داعی (دعوت کرنے والا) ہے اور حجت ہی اور ناقہ صالح
ہی اور خر عیسےٰ ہی۔ اور یحییٰ بن زکریا اور روح القدس ہی۔ اور اسکو یہ بتایا کہ نماز کی چار رکعتین ہین طلوع شمس سے
اور دو غروب شمس سے پہلے۔ ہر نماز کی اذان یہ ہی کہ موذن تین دفعہ کہے اللہ اکبر اور دو دو مرتبے کہے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ
اور اشہد ان آدم رسول اللہ اور اشہدان نوحا رسول اللہ اور اشہدان عیسےٰ رسول اللہ اور اشہدان محمد
رسول اللہ اور اشہدان احمد بن محمد بن الحنفیہ رسول اللہ۔ بیت المقدس کیطرف قبلہ ہی اور اتوار کا دن یوم سبت ہے
اس دن تعطیل چاہیئے۔ اور ہر نماز مین سورہ فتح وہ پڑہے جو احمد بن محمد بن حنفیہ پر نازل ہوئی ہی۔ روزہ دو روز مہرجان
اور نیروز کے دن رکھے۔ شراب حرام۔ خمر حلال۔ جنابت سے غسل کرنا لازم نہین آتا۔ مگر نماز کے واسطے ضرور فرض ہی
جس جانور کے کچلی اور دانت ہون اسکا کھانا درست ہی۔ اس فرقہ نے ۲۹۰ھ مین شام پر پڑا ہو لشکر حملہ کیا
اور ۳۱۱ھ مین بصرہ اور کوفہ کو لوٹا اور ابو طاہر کو اپنا پیشوا بنا کر ۳۱۹ھ مین شہر مکہ کو لے لیا اور بہت
آدمیون کو قتل کیا اور حجر الاسود کو لے گئے اور بیس برس تک اپنے قبضہ مین رکھا۔ خاندان عباسیہ کا

بیسوان خلیفہ الراضی سالانہ روپیہ انکو اس واسطے دیتا تھا کہ وہ حاجیون کو حج کرنے دین۔
ہلاگو اور منگو خان نے اس فرقہ قرمطیہ اور اسماعیلیہ کے زن و مرد بچونکو قتل کیا۔ ابوریحان بیرونی نے لکھا ہے کہ قرمطی شرق مین وادی سند مین پھیل گئے اور ملتان کے بت اعظم کو توڑا محمود غزنوی نے اسی فرقہ کا ملتان سے منہ کالا کیا۔ مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ یہان سے بالکل خارج نہین ہوئے محمود غوری نے پھر انکو ۱۱۷۵ء مین ملتان سے نکالا ہے۔ اور ۱۲۳۴ء مین دہلی مین انکا زور ہو گیا تھا اور یہان کی جامع مسجد مین بہت آدمیون کو قتل کیا تھا مگر آخر کو قرمطیون مین سے کوئی باقی نہین رہا۔ سب قتل ہوئے۔

ہم نے پہلے لکھا ہے کہ سلطان محمود اور ایلک خان کے درمیان بہت اتحاد تھا مگر جب سلطان محمود دور دراز کے فاصلہ پر مہم ملتان مین مشغول تھا۔ تو ایلک خان نے ملک خراسان کو خالی دیکھا۔ طمع دامنگیر ہوئی۔ سیاہ دش تگین خان کو جو صاحب جیش اور اسکا خویش تھا لشکر فراوان دیکر خراسان مین بھیجا اور جعفر تگین خان کو دار الملک بلخ پر شحنہ بنایا۔ اس زمانہ مین سلطان محمود کیطرف سے ہرات مین ارسلان جاذب سلجوقی مقیم تھا کہ اگر کوئی حادثہ رونما ہو تو وہ غزنی جاکر تعرض اعداء سے اسکو مصئون رکھے جب یہ واقعہ پیش آیا تو وہ غزنی مین گیا اور سیاہوش تگین ہرات مین آیا اور حسن ابن نصر کو نیشاپور مین استخراج مال کے لئے بھیجا۔ اعیان خراسان نے بھی اس سبب سے کہ سلطان کی غیبت پر مدت گذر گئی تھی اور کچھ اسکی خبر انکو نہ تھی اور متوحش خبرین اسکی سنتے تھے سلطان کے دشمنون سے دوستی اور اتحاد شروع کیا۔ ابو العباس ابن احمد نے غزنی سے حدود بامیان تک حفظ مسالک اور ضبط ممالک مین بہت احتیاط کی اور اس حدود کے مداخل و مخارج ہشیار اور کارگزار آدمیون کو سپرد کئے اور ملتان کو قاصد دوڑائے کہ اس حادثہ سے سلطان کو مطلع کرین سلطان نے مہمات واپس ہند سکھپال کو حوالہ کین بہت جلد سلطان غزنی پہونچا اور ایک لشکر بے شکوہ اور کثیر الانبوہ لیکر بحر موج کیطرح بلخ مین آیا جعفر تگین تو اس کے ہول سے ایسا بھاگا جیسے لاحول سے شیطان بھاگتا ہے اور ترمذ مین پہونچا سلطان نے اسکے سر راہ دس ہزار سپاہ دیکر ارسلان جاذب کو بھیجا۔ سیاہ دش تگین کنار جیحون پر آیا۔ مگر دریا اسوقت مین طغیانی پر تھا۔ اس لئے یہان سے پھر گیا اور مرو مین پہونچا تاکہ بیابان کی راہ سے ماوراء النہر مین چلا جائے ہوا نہایت گرم تھی سرخس مین گیا محمد ابن طاق نے اسے روکا مگر سیاہ دش تگین نے اسے شکست دی اور اسکے دو ٹکڑے کر دئے اور طرفین سے بہت آدمی ہلاک ہوئے مگر ارسلان جاذب نے اسکو سرخس مین ٹھیرنے نہین دیا وہ نیشاپور کیطرف روانہ ہوا۔ ہر منزل مین ارسلان جاذب نے اسکا تعاقب کیا اور اس کا بڑا

سلجوقیون سے سلطان محمود کی لڑائی

قافیہ تنگ کیا۔ اور اُسکا مال اسباب بہت ضائع کیا۔ سیاہوش تگین نے تمس المعانی قابوس سے التجا کی بہت مشکل سے بیابان کی راہ سے مرو کی راہ اختیار کی۔ ارسلان کے انتظار مین سلطان مرو مین مقیم تہا اُس نے سُنا کہ بیابان کی راہ سے سیاہ وش تگین اُسطرف آتا ہے۔ سلطان نے ابو عبد اللہ طائر کو لشکر عرب کے ساتھ اُس کے پیچھے بھیجا۔ بیابان کے اندر جہان پانی کا نام نہ تہا عبد اللہ نے لشکر عرب سے سیاوش تگین کو جا لیا۔ اس کے بھائی کو سات سو آدمیون کے ساتھ قید کیا۔ اُسکو بندگران مین غزنی روانہ کیا۔ سیاوش تگین جان بچاکر چند آدمیون کے ساتھ ایلک خان سے جا ملا۔ اس سے ایلک کو بڑا غصہ آیا اور قدر خان نے ملک ختن کو فریاد نامے بھیجنے شروع کئے۔ قدر خان نے اپنے ملک سے دُور دُور سے فوج بلائی۔ ماوراء النہر اور ترکستان کی فوجین جمع ہو کر روانہ ہوئین سلطان محمود کو یہ خبر لگی کہ طخارستان مین یہ ہجوم ہو رہا ہے تو وہ بلخ کیطرف روانہ ہوا۔ ترکی خلجی۔ ہندی۔ افغانی۔ غوری لشکر وہان جمع کر کے بلخ سے چار فرسخ پر ایک عریض و وسیع موضع پر فروکش ہوا ایلک خان اور قدر خان بھی اُسکے نزدیک اُترے۔ جانبین سے جوانون نے میدان جنگ مین جولانیان شروع کین دن بھر لڑے رات کو اپنی اپنی جگہ پھرے۔ دوسرے روز طرفین سے اپنی میمنہ و میسرہ و قلب درست کر کے میدان جنگ مین آئے۔ پھر تو لڑائی ایسی ہوئی کہ کشتون کے پُشتے لگ گئے اور ایک خون کا دریا صحرا مین بہنے لگا۔ سلطان نے ہاتھی پر بیٹھ کر سپاہ قلب ایلک خان پر حملہ کیا۔ ایلک خان کے صاحب رایت کو ہاتھی نے گھوڑے پر سے اٹھا کر ہوا مین پھینکا اور جب نیچے گرا تو دانتون سے دو ٹکڑے کر ڈالا۔ سلطان کے ہاتھی دشمنون کے لشکر پر ٹوٹ پڑے اور فوج کے اندر گھس گئے اور گھوڑون پر سے سوارون کو سونڈ پر اٹھاتے اور نیچے گراتے اور پاؤن کے نیچے مسل ڈالتے۔ ان ہاتھیون سے ایلک خان کا لشکر سنبھلنے و ٹھیرنے نہین پاتا تہا کہ دونون لشکر ٹھہر گئے۔ غزنی والون نے ایسی دلاوری اور تندہی سے حملہ کیا کہ ہزارون کی جان لی اور دشمنون کی فوج چار و نطرف بھاگ گئی اور جیحون سے پار اُتر گئی اور جیحون سے پار اتر کر اپنے ملک کو گئی یہ شکست ۴۳۹ھ مین ۱۰۴۷ء مین ایلک خان کو ایسی ہوئی کہ پھر اُسنے خراسان کے لینے کا نام نہین لیا۔ سلطان کو غنایم موفور ہاتھ لگین۔

تاریخ یمینی مین لکھا ہے کہ ایلک خان کو جب ہزیمت ہوئی تو سلطان محمود نے اُس کے تعاقب کا ارادہ کیا جاڑے کا موسم تہا۔ ان اطراف مین سردی ایسی پڑتی تہی کہ لشکر کے اکثر سپاہیونکو اُس کی برداشت کی تاب نہ تہی اس تعاقب پر وہ راضی نہ تھے۔ مگر جب سلطان محمود خود بنفس نفیس اس باب مین ساعی تھا تو ناچار اور سب کو بھی اُسکا ساتھ دینا پڑا۔ دو کوچ ہوئے تھے۔ تیسری رات تہی کہ بڑی برف پڑی سخت جاڑا ہوا سلطان کیواسطے

ایک بارگاہ کھڑی کی گئی۔ اس مین انگیٹھیان بہت جلائی گئین اور ایسی گرمی ہوئی کہ اکثر امیرون نے چاہا کہ جاڑے کے کپڑے اُتار ڈالین لطیفہ اس اثنا مین ولچک آیا۔ سلطان نے ہنسی سے کہا کہ تو باہر جا اور جاڑے سے کہدے کہ تو جاتی کسلئے کہ تا ہی ہم یہان ایسے گرمی کے قریب ہوگئے ہین کہ کپڑونکو اتار کر پھینکتے ہین فوراً ولچک باہر گیا اور پھر آیا اور زمین پر بوسہ دیکر عرض کیا کہ مین نے سلطان کا پیغام جاڑے پاس پہنچا دیا اُس نے عرض کیا ہے کہ سلطان اور مقربین کے دامن تک میرا ہاتھ نہین پہونچ سکتا ہی مگر اور سب شاگرد پیشون کی آجکی رات ایسی خدمت کرونگا کہ کل حضرت سلطان اور اُن کے مقربین کو اپنے گھوڑون کی خدمت آپ کرنی پڑیگی کہین میری اس حرکت سے آپ مجھہ سے خفا نہ ہوجیئے گا۔ سلطان نے اس بات کو سُنکر بظاہر تو سوقت ہنسی مین ٹالدیا مگر دلمین وہ اپنی اس غیرت سے پشیمان ہوا اور مراجعت کا ارادہ کیا۔ یہ اتفاق کی بات ہی کہ اُسی شب کو ہندوستان سے خبر آئی کہ سکھہ پال جسکو آب سارا یا نواسہ شاہ کہتے ہین وہ مرتد ہوکر اپنے اصلی دین پر پھر گیا۔ ہمنے پہلے لکھا ہی کہ ابوالفتح داؤدی سے سلطان محمود صلح کرکے جب غزنی جانیکو تھا تو وہ اپنا قایم مقام راجہ سکھپال کو کر گیا تھا۔ یہ راجہ پیشور مین مسلمانون کے ہاتھون مین گرفتار ہوا تھا اور ابوعلی سیجوری کے ہاتھ پر مسلمان ہوا تھا۔ اُسکا نام فارسی کتابون مین طرح طرح سے لکھا ہی۔ آب سار۔ آب شار۔ نواسہ شاہ۔ سلطان کو جب یہ خبر پہونچی کہ نواسہ شاہ مرتد ہوگیا تو وہ سُنتے ہی کوچ پر کوچ کرتا ہوا ہندوستان مین آیا اور دفعتاً ابونصر نے نواسہ شاہ کو گرفتار کرلیا۔ سلطان اُسکو غزنی مین لایا۔ اُسکو ساری عمر اُسنے قید خانہ مین رکھا اور اس سے بہت کچھہ روپیہ لیا۔ اُس کے نام کی بہت سی توجیہین ہین۔ مگر سب مین بہتر یہ ہے کہ وہ راجہ جے پال کا نواسہ تھا اور شاہ کا لفظ اُس کے نام کے ساتھ بولا جاتا تھا اس لئے نواسہ شاہ اُسکا نام تھا۔

ملتان کی تسخیر مین جو انندپال نے سلطان محمود کے ساتھ بے ادبی کی تھی۔ اُسکا حال اوپر پڑھ چکے ہو اب اُسکی سزا کا حال پڑھو کہ سلطان نے کیا دی۔ سلطان نے ایک لشکر عظیم تیار کیا۔ راجہ انندپال غافل نہ تھا وہ بھی مرد زیرک اور ذی ہوش تھا اُس نے سارے ہندوستان کے راجاؤن کے پاس چٹھیان دوڑائین اور ایلچی روانہ کئے اور سلطان سے جو خطرہ عظیم ہند پر آیا تھا اُس سے مطلع کیا۔ اور کہلا بھیجا کہ اگر دین کی حمیت اور دنیا کی عزت رکھنی ہو تو اس بلا کے ٹالنے مین میرے ساتھ شریک ہو۔ اتنک ہماری دولت حشمت عزت مین کچھہ فرق نہین آیا۔ اگر تم تاخیر کروگے تو سارے ہندوستان کو مجھ و تباہ اور خاکسیاہ کردیگا۔ راجاؤن کے دلون مین اس تحریر و تقریر نے تاثیر کی اور انہون نے سمجھہ لیا کہ دین دنیا کی

جلد ۱

سلامتی اسی میں ہے کہ جہانتک ممکن ہو راجہ انند پال کی امداد کریں چنانچہ اُجین کالنجر قنوج دلی اجمیر گوالیار کے راجاؤں نے اپنا منتخب لشکر راجہ انند پال پاس پنجاب کو روانہ کیا۔ اس لڑائی میں یہانتک مسلمانوں کے دفع کرنے میں ہمت کی کہ صاحب مقدور عورتوں نے اپنے سونے چاندی کے زیور گلا کر اور جواہر بیچکر اور مفلس عورتوں نے چرخہ پونی کاتکر کچھ نہ کچھ اپنے خاوندوں پاس یہاں بھیجا۔ غرض اس لشکر کا وہ ساز و سامان انند پال نے کیا جو پہلے امیر سبکتگین کے زمانہ میں بھی جے پال نے نہیں کیا تھا۔ پیشور کے صحرا میں یہ لشکر سلطان محمود کے لشکر کے قریب آیا۔ چالیس روز تک دونوں لشکر آمنے سامنے خیمہ زن رہے اور کسی نے جنگ پر پیشقدمی نہیں کی۔ ہندوؤں کا لشکر روز بروز زیادہ ہوتا جاتا تھا۔ محمود پہلی طرح بیخوف و خطر دشمنوں میں نہیں گھس جاتا تھا۔ اُسنے بھی اپنے لشکر کے گرد خندق کھُدوائی کہ دشمن نہ گھس آئے۔ اب اُسنے لڑائی شروع کی۔ ہزار جوان تیر اندازوں نے آگے قدم بڑھایا۔ اور دشمنوں کو لڑائی کے لیے گرم کیا۔ اور سپاہیانہ حیلے کرکے اُنکو لشکرگاہ کے قریب لائے۔ باوجودیکہ سلطان محمود نے بہت احتیاطیں کی تھیں۔ مگر بیس ہزار گھکر سر و پا برہنہ ہاتھوں میں طرح طرح کے ہتھیار لیے سلطان کے لشکر میں خندق سے اُتر کر گھس آئے۔ تلوار و کٹار و تیروں سے گھوڑوں اور سواروں کو مار مار کر نیچے گرانا شروع کیا۔ تھوڑی دیر میں تین چار ہزار مسلمانوں کو مار ڈالا۔ ان گھکروں کی دلیری دیکھکر سلطان کا ارادہ ہوا کہ آج لڑائی موقوف کرے کہ ناگاہ راجہ انند پال کو سواری کا ہاتھی نقطہ تفنگ کے شور و غل سے بگڑا اور بے تحاشا پیچھے کو بھاگا۔ اس کی فوج نے جانا کہ راجہ بھاگا جاتا ہے اس سبب سے لشکر میں ہل چل پڑی اور سپاہ کا منہ پیچھے کو پھر گیا۔

عبداللہ طائی نے پانچ چھ ہزار عربی سوار اور اوسلان جاذب نے دو ہزار ترکی افغانی خلجی سپاہ دو ہزار لیکر رات دن اُنکا تعاقب کیا۔ آٹھ ہزار ہندوؤں کو بیجان کیا اور بیس ہاتھیوں کو اور بہت سی غنیمت کو جمع کرکے سلطان کی نذر میں پیش کیا۔ خود سلطان بھی ہندوؤں کے تعاقب میں گیا اور بھیم نگر کے قلعہ تک پہنچا۔ یہ قلعہ نہایت مستحکم بلند پہاڑ پر ہے اور سب طرف پانی سے گھرا ہوا ہے۔ چاروں طرف کے راجہ رؤسا و امرا یہاں کے مندر میں نقود و جواہر و انواع نفائس بھیٹ میں دیتے ہیں اور اُسکو عبادت جانتے ہیں اور سعادت اندوزی سمجھتے ہیں برسوں سے یہاں طلا و نقرہ و جواہر و مرجان کے خزانے وہ جمع ہوتے تھے کہ کسی بادشاہ کے یہاں بھی نہ ہونگے ہندوؤں کا مجمع الاصنام یہ شہر کہلاتا تھا۔ اس قلعہ سے ایک میل پر بھیم نگر تھا جسکو اب بھون کہتے ہیں۔ یہ شہر اور نگرکوٹ اور کوٹ کانگڑہ ایک ہی معلوم ہوتے ہیں۔ سلطان یہاں پہنچا اور لشکر جرار سے محاصرہ کیا۔

ایسے مقام پر ہند و بڑے دل کھول کر لڑا کرتے ہیں مگر یہ اتفاق کی بات ہے کہ یہاں کی فوج بھی اُسی بڑی لڑائی میں مصروف تھی جس کا اوپر بیان ہوا اور قلعہ بہادر سپاہیوں سے خالی تھا۔ بچارے بچاریوں نے جب دیکھا کہ ساری پہاڑیاں غارت گروں سے بھری پڑی ہیں اور آگ کے شراروں کی طرح تیر اُنپر پڑ رہے ہیں تو اُنپر خوف طاری ہوا اور اُنھوں نے جان کی امان چاہی اور دروازے کھول دیئے اور زمین پر اسطرح گرے جیسے کہ ابابیل بانس کے آگے یا مینھ بجلی سے پیچھے گرتا ہے۔ اسطرح یہ قلعہ آسانی سے فتح ہو گیا اور بحر و کان کا حاصل سلطان کو مل گیا۔ ابو نصر احمد بن محمد والیِ جرجان کے ساتھ سلطان قلعہ میں داخل ہوا۔ جواہر کو اُسنے خود سمیٹا اور طلا و نقرہ بیش بہا چیزوں کو اُسکے دو حاجبوں تونتاس اور الغ نگیں نے سنگوایا۔ اونٹوں پر جتنا خزانہ لد سکا لادا باقی کو افسروں نے اپنے دامنوں میں رکھا کہتے ہیں کہ ستر لاکھ مسکوک درہم شاہی تھے اور سونے چاندی کی ساتھ لاکھ ڈلیاں تھیں جنکا وزن چار سو من تھا۔ سوائے انکے طرح طرح کے کپڑے سوس کے تھے جنکو بڈھے بڈھے آدمی کہتے تھے کہ ہمنے ایسے نفیس کپڑے کبھی نہیں دیکھے تھے۔ ایک چاندی کا گھر اتنا بڑا تھا جیسا کہ امیروں کا گھر ہوتا ہے تیس گز طول میں اور پچیس گز عرض میں وہ ایسا بنا ہوا تھا کہ چاہو اُسکے ٹکڑے کر لو چاہو جوڑ لو۔ اور ایک سائبان دیبائے رومی کا تھا چالیس گز طول میں اور بیس گز عرض میں وہ دو سونے اور دو چاندی کی ڈھلی ہوئی چوبوں پر لگایا جاتا تھا۔ سلطان نے ایک نہایت معتبر دیانت مند ملازم کو یہ قلعہ اور اُسکا خزانہ سپرد کیا۔ بعد ازاں سلطان محمود غزنی میں آیا۔ شہر کے باہر بارگاہ لگا کر قرش پر جواہر اور دُرِ ناسفتہ و در و الماس و لعل چنے جو ایسے چمکتے ہوئے معلوم ہوتے تھے جیسے کہ شراب میں برف۔ زمرد کی سبزی تازی برگ حنا کی سبزی کو مات کرتی تھی اور الماس مقدار اور وزن میں انار کی برابر تھے۔ ممالک غیر کے سفیر اور ترکستان کا بادشاہ طغاں خاں اُنکے دیکھنے کیلئے آئے وہ سب کہتے تھے کہ کبھی اتنی دولت نہ دیکھی نہ کبھی کتابوں میں پڑھی کہ سلاطین ایران اور روم نے جمع کی ہو۔ وہ تاروں کے خزانہ کو بھی مات کرتی تھی۔ تین روز تک یہ جلسہ رہا بڑے بڑے شاہانہ جشن ہوئے اور مستحقوں کو بڑی بڑی بخششیں عطا ہوئیں ۴۰۰ھ میں سلطان نے غور پر لشکر کشی کی۔ یہ ملک ہرات کے مشرقی پہاڑوں میں واقع ہے۔ یہاں سوری افغان حکومت کرتے تھے۔ اسوقت محمد بن سوری یہاں فرمانروا تھا وہ دس ہزار سپاہ کی صف بندی کر کے سلطنت سے جنگ آرا ہوا۔ صبح سے دوپہر تک آتش جنگ مشتعل رہی طرفین سے لشکروں نے داد مردانگی دی۔ جب سلطان محمود نے غوریوں کی یہ جد و جہد دیکھی تو اُسنے یہ خدیعت کی کہ اپنے لشکر کو مراجعت کا حکم دیا غوریوں نے یہ گمان کیا کہ سلطان کی سپاہ کو ہزیمت ہوئی تو غوریوں کی سپاہ نے اُسکا تعاقب کیا اُ

غور کا فتح کرنا

اپنی خندق سے جو اُنھوں نے حفاظت کے لیے اپنے گرد کھودی تھی بہت دور نکل گئے پس سلطان نے جوانی باگ موڑی تو لشکر محمودی نے غوریوں کو بہت قتل کیا اور محمد ابن سوری کو دستگیر کر کے سلطان پاس لے گئے اُسنے غایت آزادگی سے زرہ لودنگینے کو چوس کر مجلس سلطان میں اس عالم سے سفر کیا اور ملک سلطان کے ہاتھ آیا تاریخ یمینی میں لکھا ہی کہ حکام و رعایا غوری نے پہلے اسلام نہیں قبول کیا تھا اب قبول کیا۔ مگر اور تاریخوں میں لکھا ہی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی خلافت میں مسلمان ہو گئے تھے۔

سلطان نے پھر ہند کا عزم کیا اور نارائن کیطرف کوچ کیا۔ اس کے سوار سخت و نرم زمین کو طے کر کے وسط ہند میں پہنچے اُسنے اُن رئیسوں کو محکوم بنایا جو ابتک محکوم نہوئے تھے۔ تنکو توڑا اور باشنو کو تیغ کیا اور اپنے مقاصد کو بیشک کے ساتھ پورا کیا۔ ایک لڑائی ہندوں سے اُسکی ہوئی جسمیں وہ فتحیاب ہوا۔ بہت سی غنیمت اور ہاتھی گھوڑے ہاتھ لگے جب ہند کے راجہ نے دیکھا کہ سلطان کے ساتھ لڑنے میں میرے ملک اور رعایا پر یہ تباہی اور بربادی آتی ہی تو اُسکو یقین ہوگیا کہ میں اس سے لڑ نہیں سکتا۔ اُسنے اپنے بعض عزیزوں اور امیروں کو سلطان پاس بھیجا اور التجا کی کہ آپ پھر ہند و نیز حملہ نہ کیجیے میں روپیہ حضور کی نذر کرتا رہونگا اور ہمیشہ آپکا ہی خواہ رہونگا پچاس ہاتھی جنپر نفائس ہند لدے ہوئے ہونگے بھیجتا رہونگا اور دو ہزار سپاہی سلطان کی خدمت کے لیے حاضر رکھونگا۔ راجہ کی اس اطاعت میں اسلام کی عظمت تھی سلطان نے قبول کر لیا۔ سلطان نے سفیر بھیجا کہ ان شرائط کی تعمیل کو وہ دیکھ لے۔ ہند کے راجہ نے اُن شرائط کو پورا کیا اور ہاتھی بھیجتا رہا۔ یوں امن و امان ایسا ہوگیا کہ ہندوستان اور خراسان میں کاروان آنے جانے لگے۔ ساتویں مہم نارائن کی ایسی ہی کہ اُسکا ذکر طبقات اکبری اور فرشتہ میں نہیں ہی مگر حبیب السیر و روضۃ الصفا اور یمینی میں ہی حبیب السیر میں نام نہیں لکھا مگر یہ لکھا ہی کہ نگرکوٹ اور غور کی مہم کے درمیان ایک مہم ۵۸۰ھ میں ہندوستان پر ہوئی۔ اب اس نارائن کے مقام کی تحقیق میں فرنگستانی محققوں نے بڑی موشگافی کی مگر آخر کو کچھ فیصلہ نکر سکے۔

ہند کے راجہ نے جو دو ہزار سوار دینکے بھیجنے کا عہد کیا یہ عجیب واقعہ ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ ہندوؤں کی عادت میں داخل تھا کہ وہ اپنی سخت جانی دشمنوں کی سپاہ میں بھی نوکری کرنے کو موجود ہو جاتے تھے۔

جب ابوالفتح لودھی نے غور کی فتح میں سلطان کو مصروف دیکھا تو پھر سر اُٹھایا۔ اسلیے سلطان کو ملتان آنا پڑا۔ اسکی دفعہ اُسنے ملاحدہ و قرامطہ کو خوب درست کیا اور ابوالفتح کو قید کر کے غزنی لے گیا۔

اس مہم کا حال طبقات اکبری اور تاریخ فرشتہ میں لکھا ہی مگر روضۃ الصفا اور حبیب السیر اور یمینی میں نہیں لکھا اس سے بعض فرنگستانی محققین نے یہ خیال کیا ہی کہ ساتویں آٹھویں مہم ایک ہونگی۔ مگر اسپر بعض نے یہ اعتراض

ساتویں مہم نارائن

آٹھویں مہم

ہندوستان کے سفر کا غزنی میں تیار ہونا

کیا کہ اُسکی حالتیں ایسی مختلف ہیں کہ اُنکا ایک خیال کرنا بھی دشوار ہے۔ محمود کو یہ خیال تھا کہ ہر سال ہندوستان پر ایک جہاد کیا جائے تو اُس سے لازم آتا ہے کہ یہ تمہیں دو سمجھی جائیں۔

جب ہند میں شعار اسلام کا رواج ہوتا گیا اور مساجد تعمیر ہوگئیں تو سلطان ہند نے دارالسلطنت پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا۔ اسنے اپنے جری جوانمردوں کو جمع کیا اور اُنکو بہت مال انعام میں دیا۔ ۱۰۱۴ء میں لشکر گراں کے ساتھ اندھیری راتیں اُسنے کوچ کیا۔ خزاں کا موسم تھا۔ جنوبی نسیم چل رہی تھی سفر اچھا معلوم ہوتا تھا۔ مگر جب سلطان سرحد ہند کے قریب پہنچا تو برف بڑی شدت سے پڑی۔ پہاڑ کے سارے رستے بند ہوگئے اور پہاڑ و وادی سب ہموار ہوگئے گھوڑوں اور اونٹوں کے پاؤں میں برف کی سردی کا اثر پہنچتا تھا آدمیوں کے ہاتھ پاؤں اور چہرہ کا ذکر تو کیا ہی جو شاہ راہ تھی وہ مخفی ہوگئی۔ دائیں بائیں طرف اسکے معلوم ہوتی تھی۔ راہ میں جو آگے تھا وہی پیچھے تھا۔ اس لیے لشکر واپس بھی نہ جا سکتا تھا۔ سلطان نے اس عرصہ میں سپاہ کے لیے رسد کا سامان درست کیا۔ اور اپنے بڑے بڑے سپہ سالاروں کو بلایا۔ اسطرح سے جب سامان جنگ طیار ہوگیا تھا اور دور دور کے ملکوں کی سپاہیں آنکر اکھٹی ہوئیں۔ پھر سلطان نے سفر کیا دو مہینے تک اُسکے گھوڑے اُن ویران جنگلوں میں چلے کہ جن میں مویشی بھی راہ بھول جاتے تھے اور بڑے بڑے عمیق دریاؤں سے عبور کیا۔ سلطان قلعہ نندونہ (ناردین) پر پہنچا یہ قلعہ کوہ بال ناتھ پر ہے۔ وہاں کے راجہ ندبھیم نے اپنے سپہ سالاروں اور رئیسوں کے لشکروں کو ایک درہ کوہ میں جمع کیا جسمیں شمنو نکا گذرنا دشوار معلوم ہوتا تھا۔ اُنھوں نے پتھر دونکے پیچھے موچے جمائے اور ہاتھیوں سے رستونکو روکا۔ یہاں راجہ جانتا تھا کہ میں امن کے گنبد میں بیٹھا ہوں جب سلطان کو یہ معلوم ہوا کہ راجہ کو اپنے امن پر یہ غرور ہے تو اُسنے دیلمی سپاہیوں اور افغانی نیزہ اندازونکو ساتھ لیکر حملہ کیا یہ سپاہی پہاڑوں پر اسطرح چڑھتے جیسے پہاڑی بکری اور اُترتے اسطرح جیسے پانی متواتر لڑائی کئی روز تک جاری رہی جیسے چراغ میں بتی تیل کو کھینچتی ہے اور لوہا مقناطیس کو اسطرح مسلمانوں نے ہندؤں کو لڑنے کے لیے باہر کھینچا۔ باہر نکلتے ہی سواروں کے ہاتھ سے وہ اسطرح مارے گئے جیسے کہ شطرنج میں گھوڑے سے پیادے مارے جاتے ہیں۔

جب ندبھیم پاس اور رئیسوں کی کمک پہنچگئی تو وہ اپنے مورچونسے باہر نکلا اور پہاڑ سے میدان میں آیا پہاڑ اُسکے پیچھے تھے اور ہاتھی آگے تھے۔ مسلمانوں کے لشکر پر جب ہاتھی چلتے تھے تو وہ مسلمانوں کی نیزہ زنی پیچھے ہٹتے تھے۔ ابو عبداللہ طائی نے جو بہادری سے پیشقدمی کی تو اُسکا سر اور جسم زخموں سے چلنی جیسا ہوگیا سلطان نے اُسکو ہاتھی پر زخموں کی تکلیف کے سبب سے بٹھایا۔ جس سے یہ معلوم ہونے لگا کہ اس کے

نارین ناردین

لشکر کا یہی بادشاہ ہی۔ ہندؤں کو سب جگہ شکست ہوئی۔ اور بہت سے ہاتھی جو دشمنوں کے لشکر کی پشت و پناہ تھے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اور نارد ین فتح ہوگیا۔ اس کثرت سے غلام ہاتھ لگے کہ بہت سستے بکنے لگے۔ جو یہاں اپنے دیس میں بڑے آدمی تھے وہ پردیس میں ادنی دوکاندار دنکے غلام بنے۔

سلطان نے بعد اس فتح کے دہلی کے تسخیر کرنے کا ارادہ کیا۔ ارکان دولت نے عرض کیا کہ دہلی کو اسوقت ہم تسخیر کرسکتے ہیں کہ مملکت پنجاب بکقلم ہماری قلمرو میں ہو اور انند پال کے فساد سے بالکل فراغت ہو۔ سلطان کو یہ بات پسند آئی فسخ عزیمت کیا۔ دو لاکھ بندہ و بردہ ہندوستان سے غزنی میں لایا۔ غزنی اس سال میں بلاد ہند معلوم ہوتی تھی کہ سلطان کے لشکر میں ہر تنفس پاس کئی کئی غلام تھے

سنہ ۴۰۳ھ میں التونتاش سپہ سالار اور ارسلان جاذب نے خرجستان کو فتح کیا۔ یہ ملک دریائے مرغاب پر غور کے متصل واقع ہے

ان دنوں میں سلطان نے خلیفہ عباسی بغداد القادر باللہ کو نامہ لکھا کہ بلاد خراسان کا اکثر حصہ میرے تصرف میں ہی باقی حصہ جو حضرت کے غلاموں کے پاس ہی وہ بھی مجھے عنایت ہو خلیفہ کو کوئی اور چارہ نہ تھا ناچار سلطان کی درخواست کو منظور کرلیا۔ مگر پھر دوسری دفعہ اسنے خلیفہ عباسی کو خط بھیجا کہ ثمرقند مجھے عنایت کیجیے اور منشور لکھکر بھیجیے۔ خلیفہ نے ایلچی کی زبانی کہلا بھیجا کہ معاذ اللہ یہ کام مجھسے نہوگا اور میرے حکم بغیر ثمرقند کی تسخیر کا ارادہ تو کریگا تو ایک عالم کو تیرے خلاف شورش پر آمادہ کردونگا۔ سلطان کو اس جواب سے بڑا رنج ہوا اور خلیفہ کے ایلچی سے کہا کہ تو یہ جاتا ہی کہ دار الخلافہ پر ہزار فیل چڑھا کر لیجاؤں اور اسکو برباد کرکے اسکی خاک ہاتھیوں کی پیٹھ پر غزنی میں لاؤں۔ رسول یہ سنکر چلا گیا اور کچھ دنوں کے بعد نامہ لایا اور سلطان محمود کو دیا کہ امیر المومنین نے یہ جواب لکھا ہی۔ خواجہ ابو نصر زوزنی نے کہ دیوان رسالت تھا اس نامہ کو کھولا تو اسمیں دیکھا کہ بسم اللہ الرحمن لکھا ہی اور بعد اسکے چند سطروں میں حروف مقطعات الم الم لکھے ہیں اور آخر میں الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی سیدنا محمد و آلہ اجمعین تحریر ہی باقی کچھ نہیں۔ سب دبیر و منشی حیران تھے کہ یہ کیا جواب ہی۔ تفاسیر میں ان حروف کی تفسیر دیکھی مگر کچھ معلوم ہوا۔ خواجہ ابو بکر قہستانی نے جرأت کرکے عرض کیا کہ حضور نے جو ہاتھیوں کے پاؤں کا ڈراوا لکھا تھا اسکا یہ جواب الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل ہی یہ سنتے ہی سلطان کے ہوش اڑ گئے اور جب ہوش میں آیا تو بہت رویا اور خلیفہ کے رسول سے معذرت کی اور بہت تحائف نذر کے لیے بھیجے اور ابو بکر کو خلعت خاص عنایت کیا۔ سنہ ۴۱۱ھ میں ہندوستان کی فتوحات کا فتحنامہ خلیفہ القادر باللہ عباسی پاس محمود نے بھیجا اور ایک سنگ جو ہندوستان میں سلطان کو ملا تھا اور اسکی یہ خاصیت تھی کہ زخم پر اس کو لگائے تو فوراً اچھا ہوجاتا تھا

خرجستان کی فتح اور سلطان محمود کا خلیفہ بغداد کو ثمرقند بھیجنے اور اسکا جواب آنا

تحفہ بھیجا۔ خلیفہ نے ایک مجلس عظیم کو جمع کیا اور منبر پر بیٹھکر باواز بلند فتحنامہ کو اہل مجلس کے روبرو پڑھا۔ اِن فتوحات کے سننے سے مسلمانوں کو عید کی سی خوشی ہوئی اور ۶۱۲ھ میں علما وصلحا واہل اسلام کی جماعت نے متفق ہوکر سلطان سے عرض کیا کہ بیت الحرام کی راہ اعراب وقرمطیون سے مسدود ہورہی ہے اور اُنکے خوف سے اور خلفاء عباسیہ کے ضعف سے مسلمان حج سے محروم رہتے ہیں۔ سلطان نے اس عرض پر محمد ناصحی کہ قاضی القضاۃ ممالک محروسہ کا تھا امیر حجاج بناکے اور تیس ہزار زرسرخ دیکر روانہ کیا اعراب کو راہ قافلہ سے پرے ہٹادیں۔ بہت سے مسلمان قاضی صاحب کے ساتھ ہوئے۔ جب یہ قافلہ بادیہ فید میں پہنچا تو عربوں نے اُسے روکا۔ قاضی صاحب پانچہزار دینار اُنکو دیتے تھے۔ مگر احمد بن علی شیخ اعراب متعرض ہوا جسکو ایک تیرانداز نے مار ڈالا اعراب بھاگ گئے اور اس سال حج خوب ہوا۔

جب ولایت خوارزم مامون کے بعد اُسکے بیٹے ابوعلی کو ملی تو اُسنے سلطان محمود کی بہن سے نکاح کیا اور اس رشتہ بندی سے سلطان کے ساتھ بھی دوستی ہوگئی۔ جب مامون کی حکومت ختم ہوئی تو اُسکا جانشیں ابوالعباس مامون ہوا۔ تو اُسنے محمود کے ساتھ خلوص عقیدت ظاہر کرکے اجازت چاہی کہ اُسکی بہن سے جو اُسکے بھائی کی بیوہ تھی خطبہ نکاح پڑھائے۔ سلطان نے اجازت دیدی اور اسطرح محبت کی بنیاد مستحکم ہوگئی۔ ابوالعباس مامون کے آخر ایام میں سلطان نے اس پاس ایلچی بھیجا اور درخواست کی کہ ولایت خوارزم میں خطبہ اُسکے نام پڑھوایا جایا کرے۔ ابوالعباس مامون نے اپنے اعیان دولت سے مشورہ کیا تو اکثر نے یہ کہا کہ جب تک آپکا ملک دوسرے کی شرکت سے خالی ہے ہم کمر خدمت باندھے ہوئے موجود ہیں اور اگر آپ کسی اور کے محکوم ہوتے ہیں تو ہم تلوار لیے کھڑے ہیں آپ کو معزول کرینگے اور کسی اور کو تخت پر بٹھائیں گے۔ سلطان کا ایلچی یہ صورت حال دیکھکر الٹا چلا گیا۔ اعیان خوارزم شاہی نے یہ کہتے تو کہدیا مگر پھر وہ سلطان کے اقوال کے رد کرنے سے پشیمان ہوئے اور نیال تگین جو صاحب جیش خوارزم اور سردفتر اہل حسارت وخسارت تھا مہم کے واسطے طیار ہوا۔ ایکدن وہ اوباشوں کے گروہ کے ساتھ خدمت ابوالعباس مامون میں گیا۔ اندر سے خبر آئی کہ اُسکا انتقال ہوگیا اور کسی شخص کو اس واقعہ ہولناک پر اطلاع نہوئی۔ اسکے بعد بیٹا ابوالعباس کو تخت پر بٹھایا۔ یہ خوارزمی گروہ خوب جانتا تھا کہ سلطان اس کا انتقام ہم سے لیگا اس لیے سب نے باہم قسم کھائی کہ اگر محمود انتقام کے درپے ہو تو اتفاق کرکے اُس سے خوب لڑیں۔ جب سلطان محمود کو اس غدر کی خبر ہوئی تو صلاح مشورہ کرکے وہ سپاہ کو آراستہ کرکے خوارزم کی طرف چلا۔ سلطان نے محمود طائی کو مقدمۃ الجیش بناکے بھیجا۔ یہ لشکر صبح

خوارزم کی سلطنت کا سلطان کے ہاتھ آنا

کی نماز پڑھ رہا تھا کہ خمارتاش خوارزمیوں کے سپہ سالار نے غزنویوں پر چھاپا مارا اور بہت سے اُنمیں قتل کیے اور لشکر کو بھگا دیا۔ سلطان نے پھر اپنے خاصہ غلاموں کا لشکر بھیجا اُس نے خوارزمیوں کو شکست دی اور خمارتاش کو گرفتار کیا۔ اور اُسکو سلطان کی خدمت میں لائے۔ جب سلطان قلعہ ہزار اسپہ پاس پہنچا تو ایک سخت لڑائی صبح سے دوپہر تک ہوئی اور شام تک بہت سے آدمی سلطان کے ہاتھیوں اور گھوڑوں نے پامال کیے اور پانچہزار آدمی قید ہوئے اور باقی بھاگ گئے۔ نیال تگین کشتی میں بیٹھکر جیحوں سے عبور کرنا چاہتا تھا کہ ایک شخص نے اُسکو کشتی میں باندہ لیا اور سلطان پاس لے آیا۔ سلطان نے ابو العباس مامون کی قبر کے پاس سُولیاں کھڑی کیں جنپر نیال تگین اور اُسکے ساتھیوں کو وہاں چڑھایا اور مامون کی قبر پر یہ کندہ کرادیا کہ ہذا قبر مامون ابن مامون یعنی بغی علیہ حشمہ واجر علی دمہ خدمہ فقبض الیہ السُّلطان یمین الدولۃ وامین الملۃ حتی اقبض منہم وصلبہم علی الجذوع عبرۃ للناظرین وآیۃ للعلمین اور خوارزم کی حکومت امیر حاجب کبیر التونتاش کو دی اور قیدیوں کو غزنی بھجوایا اور پھر سب کا قصور معاف کرکے چھوڑ دیا۔

سلطان نے سنا کہ تھانیسر کے ملک میں ہاتھی بڑے قوی ہیکل ہوتے ہیں اور اُنکو میدان جنگ میں لڑانا خوب آتا ہے تھانیسر کے حکمراں کو اِن ہاتھیوں پر بڑا غرور تھا۔ سو سلطان فوج جرار کو لیکر گیا اُسکو ایسے جنگل میں اول گذرنا پڑا کہ جسمیں سوائے چرند پرند حیوانوں کے انسان نے اب تک قدم نہ رکھا تھا۔ گھوڑے کا سُم اُسپر نہ پڑا تھا اس میں دانہ پانی کا کال تھا۔ اول سلطان ہی نے اس جنگل کو طے کیا۔

تھانیسر کے نیچے ایک ندی صاف پانی کی بہتی تھی اُسکی تہ میں پتھر تھے اور اُسکے کنارے ناہموار اور تیر کی طرح نوکدار تھے۔ سلطان اس ندی پر وہاں پہنچا جہاں وہ درہ کوہ میں ملتی تھی اور وہاں دشمنوں نے ہاتھیوں کے پیچھے مقام کیا تھا اُنکے پاس بہت پیادے اور سوار تھے۔ سلطان نے یہاں یہ حکمت اختیار کی کہ اپنے لشکر کو دو یا یا تین مقاموں سے ندی کے پار اُتارا اور دشمنوں پر دونوں طرف سے حملہ کیا۔ جب اِن لشکروں میں آپسمیں قریب آنکر لڑائی بھڑائی ہونے لگی تو سلطان نے اپنے لشکر کو اس درہ کوہ سے جسمیں ندی بڑے زور سے بہہ رہی تھی ندی کے کنارے پر کھڑے ہوکر حملہ کرنیکا حکم دیا کہ گھاٹیوں میں جو دشمن چھپے ہوئے ہیں اُنکو قتل کریں۔ شام تک سخت لڑائی ہوئی دشمن بھاگے ہاتھی چھوڑ گئے جو سلطان کے پاس پکڑے آئے جنمیں سے بڑے بڑے ہاتھی سلطان نے اپنے پاس رکھے۔ اسقدر ہندو مارے گئے کہ اُنکے خون سے ندی کے پانی کا ایسا رنگ بدل گیا کہ کوئی اُسے پی نہ سکا۔ رات ہوگئی نہیں دشمن اور ہلاک ہوتے۔ یہ بیان تاریخ یمینی سے لکھا ہے۔ تاریخ فرشتہ میں اس مہم کو یوں بیان کیا ہے کہ

محمود غزنوی کا ارادہ تھا کہ تھانیسر کو فتح کیجیے وہ ان دنوں بت پرستوں کا ایسا ہی معبد تھا جیسا کہ بلا تشبیہ مکہ خدا پرستوں کا جب سلطان پنجاب میں آیا تو اس سبب سے کہ انند پال سے جو شرائط وعہود ہو چکے تھے اُنکا پاس و تھا کہ اُنہیں کوئی فرق نہ آئے اور اسکا علاقہ لشکر سے پامال نہو۔ اِس لیے سلطان نے انند پال کو لکھا کہ ہمارا ارادہ تھانیسر کا ہی تمکو چاہیئے کہ اپنے معتمد آدمیونکو ہمارے لشکر کے ہمراہ کردو کہ اثنار راہ میں وہ اپنے علاقوں کو تبلاتے جائیں تاکہ لشکر سے اُنکو گزند نہ پہنچے۔ انند پال اس بات کو غنیمت سمجھا۔ سامان رسد وغیرہ میں ہمہ تن مصروف ہوا اور کل تاجروں اور بنیے بقالوں کو حکم دیدیا کہ لشکر سلطانی کے لیے غلّہ جمع کرو اور کل اپنے ماتحتوں کو تاکید کی کہ لشکر سلطانی کو کسی طرح کی تکلیف نہونے پائے۔ اور دو ہزار سوار اپنے بھائی کے ساتھ سلطان کی خدمت میں بھیجے اور ایک عرضی لکھی کہ تھانیسر ہمارا معبد ہے اگر حضور وہاں کی رعایا پر خراج اور محصول مقرر کریں تو بہتر ہی کہ اگر حضور میری درخواست منظور فرمائینگے تو میں بھی پچاس ہاتھی سالانہ نذر دیا کرونگا۔ سلطان نے اسپر حکم لکھا کہ بت پرستی کی تبکنی کرنا اور شرع اسلام کا رواج دینا ہمارا کام ہے جب دلّی کے راجا کو یہ خبر پہنچی تو اُس نے اور راجاؤں کو لکھا کہ محمود لشکر نامعدود سے تھانیسر کیطرف متوجہ ہوا۔ اگر اس سیل کا بند نہ باندھوگے تو وہ سب پانی پھیر کر خاک میں ملا دیگا۔ یہ راجہ اپنی فوج جمع کرتے ہی رہے کہ تھانیسر میں محمود داخل ہوا اور دل کھول کر خوب لوٹا مارا بتوں کو توڑا۔ سب سے بڑے بت کو غزنی بھیجا کہ وہاں پیروں کے تلے ہمیشہ روندا جائے۔ غنیمت بے حساب ہاتھ آئی۔ ایک یاقوت ملا جسکا وزن ساٹھ تولہ تھا۔

سلطان نے ۴۰۶ھ میں کشمیر کا ارادہ۔ قلعہ لوہ کوٹ تک آیا یہ قلعہ نہایت مستحکم تھا۔ سلطان نے اسکا محاصرہ کیا جب اس محاصرہ پر مدت گذر گئی اور کشمیر کو کمک اور طرف سے بھی پہنچ گئی اور جاڑے اور برف کی بھی بڑی شدت ہوئی تو سلطان نے محاصرہ کو چھوڑا اور غزنی کی راہ لی اس سفر میں لشکر اُس صحرا میں پہنچا جہاں پانی کے سوا اور کچھ نظر نہ آتا تھا ایک خلق پانی میں ڈوب کر ہلاک ہوئی۔ یہ پہلی دفعہ تھی کہ ہندوستان کے حملوں میں لشکر اسلام کو اسطرح کا صدمہ پہنچا کہ صدہا جانیں ضائع ہوئیں بہت سی مشقتیں اٹھانی پڑیں اور کوئی مقصد حاصل ہوا۔ اور غزنی سلطان بے نیل مرام پھر آیا پنجاب تو مدتوں سے اہل اسلام کے قدموں کا نشان تھا۔ اب سلطان محمود کے ارادوں کو دیکھنا چاہیئے کہ وہ کیسے بلند اور فراخ ہوگئے کہ اُسنے یہ اولوالعزمی کی کہ وسط ہند کا دروازہ اہل اسلام کی فتح و نصرت کیلیے کھولیے۔ اُسنے ایک لشکر جرار جمع کیا اُسکو ایک مؤرخ لکھتا ہے کہ ایک لاکھ سوار اور بیشمار پیادے تھے۔ تاریخ یمینی میں لکھا ہے کہ بیشمار سوار ماوراء النہری اس پاس تھے۔ فقط جہاد کے ارادہ سے وہ آگئے تھے۔ اس سلطان کی اس فرزانگی کو دیکھیے کہ

۴۰۶ھ میں کشمیر پر حملہ

۴۰۸ھ میں حملہ

اُس نے سیاہی ثمرقند اور بخارا اور ان ملکوں کے لئے جو ابھی فتح ہوئے تھے یہ تدبیر نہایت معقول تھی اگر ہمراہ نہ لیتا تو وہ کب اسکے پیچھے چلے بیٹھتے۔ ضرور ایسا دنگہ فساد پیچھے مچاتے کہ سلطان کو آگے بڑھنا دشوار ہو جاتا پھر اس سپاہ فراوان کو ہمراہ لیکر وہ سات دریاؤں سے اُن مقامات سے اُترا جہاں اُنکے پاٹ کم تھے۔ اس مہم میں سلطان جس راہ سے قنوج آیا گیا مورخوں نے مختلف طرح سے بیان کیا ہے مگر مؤرخ یمینی کے موافق اس سفر کا حال بیان کرتے ہیں۔ لشکر کو لیکر اوّل کشمیر میں آیا۔ کشمیر اور غزنی کے درمیان ایسے گھنے جنگل تھے کہ اُنمیں ہوا کا گذر بھی دشوار تھا۔ انمیں جانور نغمہ سرائی اور غل شور مچاتے تھے۔ سلطان پاس بیس ہزار ماوراء النہری سپاہی اسلئے آگئے تھے کہ وہ اُنکو کہیں جہاد میں بھیجکر غازی و شہید بنا دے۔ سلطان نے اس لشکر کو ہمراہ لیکر قنوج کا ارادہ کیا۔

غزنی اور قنوج کے درمیان گھوڑوں اور اونٹوں کی تین مہینہ کی راہ تھی۔ سو سلطان نے رات دن سفر کرنا شروع کیا۔ وہ دریائے سندھ سے اُترا۔ پھر جہلم۔ راوی۔ بیاس ستلج سے عبور کیا۔ یہ دریا ایسے عمیق ہیں کہ انمیں ہاتھی ڈوب جاتے ہیں۔ اُس سے سمجھ لینا چاہئے کہ اونٹوں اور گھوڑوں پر کیا گذری ہوگی جن ملکوں میں سلطان کا گذر ہوا وہاں کے حاکموں نے اُسکی اطاعت اختیار کی اور اپنے سفیر بھیجے۔ سیلی یا جانکی بن شاہی بن ہمی حاکم درہ ہائے کشمیر نے سلطان کو یہ جا کہ وہ کوئی خدا کا فرستادہ ہے اسکے پاس حاضر ہوا اور راہ نمائی کا ذمہ لیا اور وہ ایک جنگل سے دوسرے جنگل میں لیگیا آدھی رات کو کوچ کا نقارہ بجتا اور دوپہر کے بعد تک منزل طے ہوتی۔ ۲۰ رجب ۴۰۹ھ کو یہ لشکر جمنا پار اُترا۔ راہ میں سلطان کو ایسے بلند قلعے نظر آئے کہ اُنکے دیکھنے میں گردن پیٹھ سے لگ جاتی تھی۔ اب وہ قلعہ برن میں پہونچا (یہ پرانا نام بلند شہر کا ہے) راجہ ہردت کے ملک میں یہ قلعہ تھا۔ جب اُسنے سُنا کہ اس لشکر جرار نے حملہ کیا اپنے میں تاب مقاومت نہ دیکھی وہ دس ہزار آدمیوں سمیت سلطان کی خدمت میں آیا اور ان سبنے دین اسلام قبول کیا اور بت پرستی کو ترک کیا۔

کچھ توقف کے بعد سلطان قلعہ مہابن کی طرف متوجہ ہوا۔ وہاں کا راجہ کل چند تھا وہ کثرت مال اور رجال اور مملکت پر بڑا مغرور تھا۔ بڑے بڑے راجہ اُس سے لڑتے ہوئے ڈرتے تھے اور ایسے قلعے اُسکے پاس منصوبہ تھے کہ کبھی انکو زمانہ کے ہاتھ سے آسیب نہیں پہنچا تھا وہ اپنے لشکر کو ایک جنگل میں لیگیا کہ اُسمیں درخت ایسے گھنے تھے کہ نہ چھنو جا سکتی تھی نہ ہوا۔ جب سلطان وہاں پہونچا تو اُس کا لشکر اس جنگل میں اس طرح گھس گیا جیسے بالو میں گنگھی جاتی ہے اور قلعہ کی راہ دریافت کرلی سخت لڑائیاں ہوئیں مگر ہندوؤں کو ہر جگہ شکست ہوئی۔ بہت سے سپاہی اُنکے قتل ہوئے اور کچھ جمنا کے پار چلے گئے۔ غرض اس طرح پچاس ہزار ہندو عرصہ فنا اور ورطہ عنا میں پڑے۔ کل چند نے

خنجر کھینچکر پہلے اپنی بیوی کو مارا اور پھر اپنا سینہ چاک کیا۔ سلطان کو ایک سو اٹھاون ہاتھی ہاتھ آئے اور بہت سی غنیمت ملی۔

جب سلطان کو کل چند کی مہم سے فراغت ہوئی تو وہ متھرا میں گیا وہاں عمارتیں دیکھیں جن کو یہاں کے لوگ کہتے تھے کہ وہ آدمیوں نے نہیں بنائیں بلکہ دیوتاؤں نے۔ وہاں کی عمارتیں بھی ایسی دیکھیں جو عادات جاریہ کے خلاف تھیں اور اُنکا یقین مشاہدہ ہی سے آسکتا ہے۔ شہر کی فصیل سنگ خارا کی بنی ہوئی تھی اُسکے دو دروازے جمنا کے کنارہ کیطرف ایسے مضبوط بنے ہوئے تھے کہ پانی سے اُنکو آسیب نہیں پہنچ سکتا تھا۔ شہر کے دونوں طرف نہرا رتصر تھے اور انمیں بُت خانے تھے اور وہ سر سے پاؤں تک لوہے کی میخوں سے مضبوط کئے گئے تھے۔ یہ سب عمارتیں پختہ کی بنی ہوئی تھیں۔ سب مندروں سے بڑا شہر کے بیچ میں ایک مندر زیادہ عظیم الشان و رفیع البنیان تھا کہ اُس کا بیان ہو سکتا ہے نہ نقشہ کھچ سکتا ہے۔ سلطان نے شرفار غزنی کو اس عمارت کی نسبت لکھا ہے کہ اگر نہرار دفعہ نہرار دینار خرچ کئے جائیں اور دو سو برس تک چابک دست کاریگر دستکار بنائیں تو بھی ایسی عمارت نہیں بن سکتی۔ بتوں میں سے پانچ سونے کے بُت تھے۔ ہر ایک پانچ گز لمبا تھا۔ یہ بُت ہوا میں معلق لٹکے رہتے تھے۔ ان بتوں میں سے ایک کی آنکھو میں یاقوت جڑے ہوئے تھے۔ ان یاقوتوں سے ہر ایک یاقوت کی قیمت پچاس نہرار دینار سے کم نہوگی۔ ایک بُت کی آنکھیں صاف و چمکدار یاقوت ارزق کی تھیں۔ اُس کا وزن ساڑھے چار سو مثقال تھا۔ ایک بت کے دو پاؤں سونے کے وزن میں چار نہرار چار سو مثقال کے تھے۔ ان بتوں کل سونا وزن میں اٹھانوے نہرار تین سو مثقال تھا۔ چاندی کے بُت دو سو تھے مگر انکا وزن بغیر توڑنے کے نہیں معلوم ہو سکتا تھا وہ ترازو میں بغیر ٹوٹنے کے نہیں رکھے جا سکتے تھے۔ سلطان نے حکم دیدیا کہ سارے بتخانہ نقطۂ آگ سے جلا دیے جائیں۔ اس جلانے سے سنگین عمارتوں کا نقصان بہت ہوا ہوگا۔ بعض مورخ لکھتے ہیں کہ سلطان نے بعض مندروں کو حسانت کے سبب سے نہ توڑا یا حصانت کے سبب سے نہ توڑ سکا۔ بعد اسکے سلطان نے قنوج کی طرف کوچ کیا۔ قنوج تصحیف سے فتوح ہوتا ہے یہ فال نیک پہلے سے موجود تھی۔ سلطان نے اپنے لشکر کا ایک حصہ پیچھے چھوڑا اور تھوڑی سی قنوج کے راجہ جیپال سے لڑنے کے لئے لے گیا۔ راجہ کے ساتھ بھی تھوڑے سپاہی تھے اور وہ اپنے کسی امیر کے پاس جانیکو تھا اس ملک میں سلطان نے جس قلعہ کو دیکھا اُسکو گرا کر زمین کی برابر کیا۔ یہاں کے باشندوں نے کیا اسلام قبول کیا یا تلوار لیکر لڑنے کو کھڑے ہوئے۔ بیشمار قیدی اور غنیمت سلطان کو ہاتھ لگی۔ ۸ر شعبان ۴۰۸ھ کو سلطان کے قریب پہونچنے کی خبر سُنکر راجہ جیپال گنگا پار جا گیا۔

قنوج کی فصیلوں میں سلطان داخل ہوا تو اس میں سات قلعے جدا جدا بنے ہوئے تھے اور اُسکے نیچے گنگا بہتی تھی۔ قنوج میں دسہزار بتخانے تھے۔ جنکو ہندو کہتے تھے کہ دو دو تین تین ہزار برس گذرے ہیں کہ ہمارے باپ دادا نے بنائے تھے۔ سلطان نے ایک ہی دن میں ساتوں قلعے لے لئے اور سپاہ کو حکم اُنکے لوٹنے کا دیدیا باشندے کیا بھاگ گئے یا قتل و اسیر ہوئے۔

قنوج کی تعریف ہندو مسلمان دونوں کرتے ہیں مگر اسکی وجہ کوئی نہیں معلوم ہوتی کہ یہ شہر کیوں دولت سے مالامال اور باشان و شکوہ گنا جاتا تھا۔ نہ تو وہاں کے راجہ کا ملک وسیع تھا کہ ہندوستان میں کسی اور راجہ کا نہو۔ نہ اُسکی حکومت اور راجاؤں سے زیادہ تھی۔ اس زمانہ میں قنوج کی مورخ یہ بیان کرتے ہیں کہ اُسکی شہر پناہ پندرہ کوس کے گردے میں تھی۔ تیس ہزار تنبولیوں کی دُکانیں تھیں راجہ کے پاس پانچ لاکھ پیادے تھے۔ تیس ہزار سوار تھے۔ اسی ہزار زرہ پوش تھے۔ اصل حال معلوم ہونا دشوار ہے۔ مگر ان مورخوں کے بیان میں مبالغہ معلوم ہوتا ہے۔ فارسی تاریخوں میں تعداد میں ہمیشہ اختلاف ہوتا ہے۔ قنوج کی خواہ پہلے کچھ ہی شان ہو، مگر اب تو وہ قصبہ کہنہ ہے۔ البتہ اسکے گرد عمارات کے کھنڈر باقی ہیں جو ارباب بصیرت کو عبرت دلاتے ہیں۔ اب اوپر جو بیان قنوج کی فتح کا لکھا ہے وہ تاریخ یمینی سے لکھا ہے۔ اب اور تاریخوں میں یہ لکھا ہے کہ قنوج کا راجہ کنور رائے سلطان کے لشکر کی عظمت اور شوکت دیکھکر دنگ رہ گیا اور سوائے اسکے کچھ بن نہ پڑی کہ رومال سے ہاتھ باندھکر مع اپنے اہل و عیال کے سلطان کے حضور میں حاضر ہوا۔ سلطان نے اُس پر بہت لطف و کرم کیا اور کسی طرح کی اذیت نہیں پہنچائی خود تین روز تک مہمان رکھا اور اُس سے وعدہ کیا کہ اگر کوئی دشمن تمکو ستائے گا تو ہم خود آن کر تمہاری امداد کرینگے۔ چنانچہ اس وعدہ کا ایفا بھی کیا جس کا ذکر آگے آئے گا۔

پھر سلطان منج دے کی طرف متوجہ ہوا یہ برہمنوں کا قلعہ مشہور تھا۔ اسکے باشندے تیر بے مہار تھے وہ مقابلہ کے لئے کھڑے ہوئے مگر جب مقابلہ نہ کر سکے اور اُنکو یہ بھی یقین تھا کہ مسلمان ہمکو جیتا نہ چھوڑینگے تو وہ فصیلوں پر سے کود کود کر بھاگنے لگے مگر اس طرح کودنے میں پاش پاش ہو کر مر گئے۔

یہ شہر منج دے پرانا شہر منجھاؤں یا منجھاؤں معلوم ہوتا ہے جس کے کھنڈر کانپور سے جنوب میں دس میل کے فاصلہ پر پڑے ہیں وہ قنوجی برہمنوں کا مرکز ہے۔

پھر سلطان قلعہ آسی یا اسونی کی طرف متوجہ ہوا یہاں کا حاکم چندیل بھور تھا۔ وہ ہندوؤں کے امیروں اور سپہ سالاروں میں سے تھا۔ وہ ہمیشہ فتح پاتا تھا۔ اس قلعہ کے گرد بڑا گہرا گھنا جنگل تھا اور اسمیں سانپ

بھرے ہوئے تھے جن پر کوئی منتر نہ چلتا تھا اور ایسا اندھیرا رہتا تھا کہ چاندنی نہیں دکھائی دیتی تھی۔ بڑی چوڑی اور گہری خندق قلعہ کے گرد تھی۔ چنڈیل بھورنے جب سلطان کے آگے بڑھنے کی خبر سُنی تو بڑا ہول اُس کے دل میں اُٹھا اور اُس نے جان لیا کہ موت مُنہ کھولے میری طرف آرہی ہے۔ اسلئے وہ بھاگا۔ سلطان نے اُسکے پانچوں قلعوں کے منہدم کرنے کا حکم دیا۔ انہیں کے ملبے کے نیچے باشندے دبے رہ گئے۔ سپاہی قتل اور اسیر ہوئے۔ مال اسباب اُنکا لُوٹا گیا۔ یہ قلعہ اسونی گنگا کے گوشہ شمال مشرق میں فتح پور سے دس میل پر ہے۔ یہ بہت پُرانا شہر ہے اسکو اسونی کمار نے جو سورج کا بیٹا تھا بنایا تھا۔ اُسنے یہاں پر بلدان کیا تھا اور اس شہر کو اپنے نام پر آباد کیا تھا۔

جب سلطان نے سُنا کہ چنڈیل بھاگ گیا تو اُسکو افسوس ہوا۔ اور وہ قلعہ شروا کی طرف چلا۔ یہاں کا راجہ چندر راے تھا ہندوؤں میں بڑے رتبے کا راجہ تھا۔ پورجے پال سے ہمیشہ اسکی لڑائی رہتی تھی اور کشت وخون ہوتا تھا۔ پورجے پال نے اپنے پُرانے دشمن کی بیٹی سے اپنے بیٹے کا پیغام بیاہ کا بھیجا کہ اس رشتہ مندی کے سبب سے ہمیشہ کیلئے رشتہ اتحاد قائم ہوگا۔ اسنے اپنے بیٹے کو بیاہنے کیلئے راے چند پاس بھیجا۔ راے چند نے اُسکے بیٹے کو قید کر لیا اور اُسکے باپ کے سبب سے جو اُسکے نقصان ہوئے تھے اُنکا معاوضہ چاہا۔ پس اب پورجے پال مجبور تھا کہ راے چند کے قلعہ اور ملک پر حملہ نہیں کر سکتا تھا۔ اپنے بیٹے کو بھی نہیں چھڑا سکتا تھا۔ غرض ان دونوں میں چھیڑ چھاڑ ہمیشہ رہتی تھی کہ سلطان محمود اس ملک میں آگیا۔ پورجے پال تو راجہ بھوج چند پاس جا کر چھپ گیا مگر چند راے سلطان سے لڑنے کیلئے آمادہ ہوا۔ اس اثنار میں بھیم پال نے ایک خط اُسکو لکھا کہ سلطان محمود کا حال ہندوستان کے راجاؤں کا سا نہیں ہے وہ ہندوؤں کا پیشوا نہیں ہے اُسکے باپ کے نام سے فوجیں بھاگتی ہیں بہتر ہے کہ اس سے صلح کی جائے اگر تم اُس سے لڑو گے تو پچھتاؤ گے آگے تمہیں اختیار ہے۔ اگر تم اپنی سلامتی چاہتے ہو تو کہیں چھپ جاؤ۔ چندر راے نے بھیم پال کی صلاح کو مان لیا اور وہ اپنے ہاتھیوں اور خزانوں کو لیکر پہاڑوں میں جا چھپا۔ اس صلاح ورائے بتانے کا سبب یہ تھا کہ کہیں وہ سلطان کے دام میں ایسا نہ پھنس جائے کہ وہ مسلمان ہو جائے جیسے کہ بھیم پال کے رشتہ دار مسلمان ہو گئے تھے۔ سلطان نے قلعہ شروا کو فتح کر لیا۔ مگر اصل مطلب اسکا یہ تھا کہ چندر راے کو گرفتار کرے اسلئے وہ اسکی تلاش میں پندرہ فرسنگ ایسے جنگل میں چلا جسکے کانٹوں سے اُسکے لشکر کے آدمی بڑے زخمی ہوئے آخر کو اُسنے ۵ شعبان ۴۱۰ھ (۱۹ جنوری ۱۰۱۹ء) کو دشمن کو جا لیا۔ سلطان نے اپنے دشمنوں پر حملہ کر کے اُنکو قتل کیا اور تین دن تک مردوں کی تلاشی لُوٹ کیلئے کی بہت سے ہاتھی گرفتار کئے۔ ایک ہاتھی جو اس راجہ کا مشہور تھا وہ خود سلطان کی طرف چلا گیا۔ جسکا نام خداداد رکھا گیا۔ تمام غنیمت تین ہزار درہم کی ہاتھ لگی اور قیدی اتنے ہاتھ لگے کہ دو سے

سلطان کا شروا پر حملہ

لیکر دس درہم تک ایک قیدی فروخت ہوتا تھا۔ یہ قیدی غزنی کو روانہ ہوئے۔ دور دور سے سوداگر اُنکے خریدنے آئے۔ سارا ماوراالنہر۔ عراق خراسان ان ہندی غلاموں سے بھر گیا۔ گورے کالے امیر غریب سب غلامی میں آکر برابر ہوگئے۔ یہ سرو دادہ۔ سیون راہی جو کین ندی کے کنارہ پر کالنجر اور باندہ کے درمیان واقع ہے یا سرسوا گڈھ جو بھوج ندی کے کنارہ پر کوچ سے کچھ فاصلہ پر ہے جن پہاڑوں میں راجہ چندر رائے جا کر چھپا تھا وہ بندیلکھنڈ کے پہاڑوں کے سوائے کوئی اور نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ جب سلطان محمود ۴۰۰ھ شعبان کو قنوج میں ہوا اور ۲۰ شعبان کو ان پہاڑوں میں آگیا ہو تو سوا اُنکے اور پہاڑ نہیں ہو سکتے۔ سرسوا گڈھ بندیلکھنڈ کے راجاؤں کی تاریخ میں بڑا مشہور مقام ہے اور دوسرا بعد چند و بھاٹ نے پرتھی راج دہلی کے راجہ کی لڑائیوں میں اس قلعہ کا ذکر کیا ہے کہ اُسکی حفاظت میں بہت سے راجہ مارے گئے۔

۴۰۲ھ میں سلطان نے کشمیر کا قصد کیا۔ کوہ لوٹ کا محاصرہ کیا۔ ایک مہینہ ہمیں صرف کیا مگر قلعہ کو ایسا مستحکم و بلند لوہا لاٹھ پایا کہ اُس کا فتح کرنا اپنے احاطہ قدرت سے باہر دیکھا۔ یہاں سے لاہور کی طرف گیا۔ مگر لشکر کو جو انبار اطراف میں تاخت و تاراج کیلئے بھیجا۔ بہت مال و دولت غنیمت ہاتھ لگی۔ چونکہ جیپال کا پوتا ضعیف ہو گیا تھا اور اجمیر کے راجہ پاس بھاگ گیا تھا۔ اسلئے سلطان شہر لاہور پر قابض ہوا اور اپنے امرائے معتمد میں سے ایک کو صوبہ پنجاب حوالہ کیا اور اُسکے اضلاع میں اپنے عامل صاحب تدبیر مقرر کئے۔ باج و تاراج کی جگہ ملک گیری اختیار کی ایک لشکر یہاں متعین کیا اور اس ملک میں اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ اوّل بہار میں وہ غزنی چلا گیا۔ پہلی دفعہ تھی کہ دریائے اٹک کے جانب شرق میں لشکر اسلام نے سکونت اختیار کی اور یہی ہندوستان میں سلطنت اسلامیہ کی بنیاد تھی۔

سلطان نے آب جیحوں سے عبور کیا۔ ماوراالنہر کے سرداروں نے اُس کا استقبال کیا۔ ہر ایک نے اپنے مقدور کے موافق پیشکش دی۔ یوسف قدرخاں کہ ترکستان کا بادشاہ تھا استقبال کے لئے آیا۔ ہمیں دوستانہ ملاقات ہوئی جشن شاہانہ بڑی تیاریوں سے ہوئے۔ تحفہ تحائف باہم لئے دیئے گئے۔ علی تگین کو جب خبر ہوئی تو وہ بھاگ گیا سلطان نے اُسکو گرفتار کر کے ہندوستان کے کسی قلعہ میں محبوس کیا۔

کنور اے راجہ قنوج اور سلطان کے باہم عہد ہو چکا تھا کہ اگر کوئی راجہ اُس کو ستائیگا تو وہ اُسکی امداد کرے گا اب کالنجر کے راجہ نندرائے نے اور راجاؤں کو اپنے ساتھ لیکر قنوج کے راجہ کو دبانا چاہا۔ اس راجہ کی اس حرکت سے کہ محمود کی اُسنے اطاعت کر لی تھی سب راجہ متنفر ہو گئے اور اُس پر لعنت ملامت کرتے تھے۔ جب یہ خبر سلطان محمود کو پہونچی تو وہ راجہ کالنجر سے لڑنے کے لئے چلا۔ وسط ہند کی وہ پہلے سیر کر چکا تھا۔ مگر اُسکے آنے سے پہلے ہی راجہ کالنجر نے قنوج کے راجہ کا کام تمام کر دیا۔

غزنی سے جب فوج سلطان لیکر آتا تھا تو راجہ جیپال (دمہر) کو پور جیپال فارسی کتابوں میں لکھا ہے۔ لشکر سلطانی کا دریائے جمن پر سدراہ ہوا۔ راجہ انند پال کا بیٹا ہمیشہ سلطان کی اطاعت کیا کرتا تھا۔ مگر شامت اعمال جو آئی تو راجہ کالنجر کا طرفدار ہوگیا۔ اس دریا کی طغیانی لشکر سلطانی کے عبور کی مانع ہوئی۔ مگر آٹھ امیر دریا سے پار اتر گئے اور راجہ جیپال کے پوتے کو شکست دی۔ اور ملک کو تاخت و تاراج کیا۔ اور بتخانوں کو توڑا۔ غرض وہاں نندا کے ملک میں سلطان آیا۔ اس راجہ نے بھی لڑائی کے ارادہ سے بڑا لشکر جمع کیا تھا۔ چھتیس ہزار سوار اور بیشمار پیادے اور چھ سو چالیس ہاتھی جمع تھے۔ سلطان نے جو کسی بلندی پر چڑھ کر یہ لاؤ لشکر دیکھا تو دل میں پشیمان ہوا کہ میں یہاں کیوں آیا۔ خدا کی درگاہ میں التجا لایا اور فتح اور سلامتی کیلئے گڑگڑایا۔ خدا کی قدرت جب رات ہوئی تو نندا کے پر ایسا خوف عظیم طاری ہوا کہ وہ سب اسباب چھوڑ چھاڑ کر فرار ہوا۔ جب دن ہوا تو سلطان نے یہ دیکھا تو خود گھوڑے پر سوار ہوکر کینگا ہوں کو دیکھا اور پھر دست غارت دراز کیا۔ اور پانسو اسی ہاتھی اسکو یہاں سے ہاتھ لگے۔ غرض بعد اس فتح کے غزنی کو مراجعت کی۔ اس مہم میں کئی باتیں ایسی ہیں کہ انکا حل ہونا دشوار ہے۔ اول وہ دریا جہاں محمود انکا کون تھا۔ کوئی دریائے جمن تجویز کرتا ہے۔ کوئی رام گنگا بتلاتا ہے۔ غرض کچھ تحقیق نہیں۔ دوسرے کوئی پور جیپال کو نبیرہ جیپال لکھتا ہے۔ کوئی بیٹا بتلاتا ہے۔ اس مہم کا نام مہم راہب بھی ہے۔

چودھویں مہم قیرات اور نارد ین کی فتح

۱۲۰۴ھ ۱۰۲۳ء میں سلطان کو خبر لگی کہ قیراط اور ناردین کے آدمیوں نے بغاوت اختیار کی۔ ان دونوں دیار کے باشندے بت پرست تھے۔ سلطان نے لشکر جمع کیا اور بہت سے آہنگر اور سنگتراش ساتھ لئے اور انکی طرف روانہ ہوا اول قیراط کو فتح کیا۔ یہ ملک قیراط کا سر دسیر تھا۔ وہاں میوے بہت پیدا ہوتے تھے اور ترکستان کے درمیان واقع تھا اور وہاں باشندے شیر پرست تھے۔ یہاں کے حاکم نے اطاعت کی اور اسلام قبول کیا اور باشندے بھی اپنے حاکم کی تقلید کرکے مسلمان ہوئے۔ حاجب علی بن ارسلان یا صاحب علی بن ایلار کو ناردین کے فتح کرنیکے لئے بھیجا اسنے قلعہ کو سرسواری فتح کرلیا اور اس مقام پر ایک قلعہ بنوایا۔ اور علی قدر بن سلجوقی کو یہاں کا حاکم مقرر کیا۔ اسلام نے اس ملک میں اشاعت پائی۔ اس مہم کی نسبت بہت سے محققین کو اشتباہ ہے۔ اول قیرات اور ناردین کے صحیح نام اور مقام کے دریافت کرنے میں بہت کوشش کیگئی۔ فارسی تاریخوں میں نام ایسی بے پروائی سے لکھتے ہیں کہ وہ کچھ سے کچھ ہوجاتے ہیں۔ اب دونوں مقاموں کے نام مختلف طرح سے لکھے ہیں کوئی قریت لکھتا ہے اور کوئی قرات اور ناردین لکھتا ہے۔ غرض بعد تحقیق کے یہ صحیح معلوم ہوتا ہے کہ یہ قیراط اور ناردین کا وہ ملک ہے جسمیں سوات اور باجوڑ اور ایک حصہ کافرستان کا واقع ہے۔ طبقات اکبری کا بیان ایسا ہے کہ جس سے کچھ شبہ نہیں رہتا

پندرہویں فصل راجہ کالنجر کی تادیب

کہ حقیقت میں یہی ملک ہے اور بہت سے بودھ موجود ہیں جو یہاں کی شیر پرستی کی شہادت دیتے ہیں۔ بدھ کا نام شاکی سنگھ تھا۔ سنگھ شیر کو کہتے ہیں۔ اسلئے مسلمانوں نے بودھوں کو شیر پرست لکھا ہے۔

۱۲ ۴۰۴ھ / ۱۰۲۴ء میں راجہ کالنجر کی تادیب کے واسطے سلطان محمود نے لاہور سے قصد پھر کیا۔ جب سلطان گوالیار پر پہونچا اور وہاں کا محاصرہ کیا چار روز بعد راجہ نے امان مانگی اور ۳۵ ہاتھی نذرانہ میں بھیجے۔ سلطان نے امان دی اور کالنجر کی طرف روانہ ہوا۔ یہ قلعہ سارے ہندوستان میں استحکام کے اندر اپنا نظیر نہ رکھتا تھا۔ اُس کا بھی محاصرہ کیا۔ مگر نندا سے نے تین سو ہاتھی ہدیتاً بھیجے اور امان چاہی۔ ان ہاتھیوں پر فیلبان نہ تھے۔ بادشاہ نے ترکوں سے کہا کہ اوپر چڑھو۔ ترک اُنکو پکڑ کر سوار ہونے لگے۔ ہندوؤں کو بڑا تعجب ہوا۔ راجہ نے ہندی اشعار سلطان محمود کی تعریف میں لکھکر بھیجے۔ پنڈتوں سے اُسکے معنی پوچھے۔ اُنکے معنی سنکر راجہ سے بہت خوش ہوا۔ اور اُسکو پندرہ قلعوں کا حاکم مقرر کیا۔ راجہ نے بھی بہت سے جواہر اور زر نقد اور اسباب اُسکو پیش کئے۔ سلطان اب غزنی کو واپس آیا۔

اب محمود کا دل لُوٹ مار کے حملوں سے بھر گیا تھا۔ اور ایسی مہموں میں اُسکو مزہ نہ آتا تھا۔ قنوج کے فتح کے بعد جو حملے اُسنے کئے وہ اپنی خوشی سے اُسنے نہیں کئے بلکہ مجبوری تھے۔ اب ساری توجہ اس بات پر تھی کہ اسلام کی اشاعت میں گو وہ کوئی بڑا آدمی نہ شمار کیا جائے مگر یہ بات تو حاصل ہو کہ بُت پرستی کے حق میں وہ سمجھا جائے اور بُت شکن نام پائے۔ اسلئے اُسنے ارادہ سومنات کا کیا۔

سولھویں فصل سومنات کا حملہ

یہ حملہ سومنات پر اہل اسلام کا ایک مشہور جہاد ہے۔ اب تو ہندوستان کے لوگ سومنات کا مقام بھی نہیں جانتے لیکن وہ اس وقت میں بڑے تیرتھوں میں گنا جاتا تھا۔ گرہن کے دن لاکھوں آدمی دور دور سے یہاں آتے تھے اور ہندوؤں کا یہ اعتقاد تھا کہ روحیں بدن سے جُدا ہو کر سومنات کی خدمت میں مسلمہ آواگون کی موافق آتی ہیں۔ اور سمندر کا جوار بھاٹا نہیں ہوتا بلکہ سمندر اُسکی پرستش میں اُٹھتا بیٹھتا ہے۔ مقام اس مندر کا وہاں ہے جہاں اب جزیرہ نما گجرات میں بھاوری وار ہے۔ وہ مہادیو کا مندر تھا جس مکان میں سومنات تھا وہاں باہر کی روشنی نہ آتی تھی۔ جواہر اور الماس جو در و دیوار میں جڑے ہوئے تھے۔ اور جڑاؤ قندیلیں لگے ہوئے تھے۔ اُنکی جوت اور جگمگاہٹ سے دن رات وہاں برابر تھے۔ چھپن ستون مرصع جواہرات کے لگے ہوئے تھے۔ دو سو من سونے کی زنجیر لٹکتی تھی۔ اُسمیں گھنٹے اور گھڑیالیں لٹکتی تھیں۔ جس وقت پوجا کا وقت ہوتا تھا وہ بجتے تھے۔ اُس کے مصارف کیواسطے دو ہزار گاؤں معاف تھے۔ دو ہزار پنڈے وہاں محافظت کے واسطے متعین تھے۔ دروازہ کے سامنے سومنات کھڑا تھا۔ پورا پانچ گز لمبا تھا۔ دو گز زمین کے اندر اور تین گز زمین کے باہر۔ گنگا اگرچہ چھ سو کوس پر ہے

اگر روز تازہ گنگا جل آتا تھا اور اُس سے سومنات کو اشنان ہوتا تھا۔ پانسو گائیں اور تین سو گویّے تھے کہ پوجا کے وقت بھجن گاتے تھے اور ناچتے تھے۔ وہ دولت اس مندر میں جمع تھی کہ کسی راجہ کے خزانہ میں نہ ہوگی۔ غرض جب اس مہم سومنات کی غزنی میں تجویز ہونے لگی تو ہزاروں مسلمان ترکستان اور اور ملکوں سے حرارت مذہبی کی جوش سے ساتھ ہولئے۔ اُنکی نہ تنخواہ تھی نہ دراہ نہ فقط غنیمت کی اُمید ہمراہ تھی۔ ماہ ستمبر ۱۰۲۴ء میں یہ فوج غزنی سے روانہ ہوئی۔ اور ماہ اکتوبر میں ملتان میں پہونچی۔ اب یہاں ملتان سے راستہ بالکل جنگل ہی جنگل تھا نہ راہ میں آدمی ملتا نہ کھانا پینا۔ تیس ہزار اونٹوں پر پانی اور غلہ لادا گیا اور ہر سپاہی پر تاکید تھی کہ وہ اپنے کھانے پینے کا سامان رکھ لے۔ غرض یہ سب سامان درست کرکے ۵۰ میل لق و دق میدانوں کو لپیٹ کر اجمیر کے پاس سلطان پہونچا۔ اگرچہ کوئی راجہ ایسا نہ تھا کہ سلطان کے ارادہ سے واقف نہ تھا مگر کوئی یہ نہ سمجھتا تھا کہ یہ طوفان ہمپر بجلی کی طرح آن پڑیگا اور پہاڑ کی طرح آن اڑیگا۔ اب راجہ اجمیر نے سوائے بھاگنے کے کوئی اپنا چارہ نہ دیکھا۔ راجہ بھاگا دار الخلافہ خالی ہوا۔ اُسکا ہر ایک گھر بے چراغ ہوا۔ سامنے تارا گڈھ کا قلعہ نظر آیا۔ مگر محمود نے اُسکے محاصرہ کو بے سود جانا اپنا سید حا سفر منزل بمنزل طے کرنا شروع کیا۔ راہ میں جو اور قلعے پڑے اُنکو ٹھکراتا ہوا چلا گیا۔ گجرات کی مشہور شہروں میں سے اوّل وہ انہل واڑہ میں پہنچا۔ اگرچہ راجہ یہاں کا بڑا راجہ تھا۔ مگر سلطان محمود کے سامنے سے بھاگ گیا۔ یہ ایک فتح نمایاں اہل اسلام کو حاصل ہوئی۔ مگر محمود نے کچھ اسکا خیال نہ کیا سیدھا سومنات کی دھن میں چلا گیا۔ خدا نے اُسکو منزل پر پہونچایا۔ سمندر کے کنارہ پر ایک قلعہ عالیشان نمودار ہوا۔ سر اُسکا آسمان سے باتیں کر رہا تھا۔ پاؤں میں اُسکے سمندر لوٹ رہا تھا۔ فصیلوں پر جگہ جگہ پہرہ بندی تھی جب مندر والوں نے دیکھا کہ نشان محمودی لہرا رہا ہے اور اُسکے ساتھ یہ ساز و سامان اور لاؤ لشکر موجود ہے تو دیواروں پر کھڑے ہو ہو کر بھیم پکار پکار کر کہتے تھے کہ تم اپنے لشکر کے گھمنڈ پر ہمکو لوٹنے آئے ہو اسکی تمکو خبر نہیں کہ ہمارے دیوتا سومنات نے تمکو یہاں بُلایا ہے۔ سارے ہندوستان میں شوالے۔ مندر۔ بت تم نے توڑے ہیں۔ اب اُسکی حوض میں ہمارا یہ دیوتا تمہاری گردنیں توڑیگا۔ ایلچی ایسے ایسے پیغام محمود پاس لائے مگر اُسنے کان لگا کر سنا بھی نہیں کہ کیا کہتے ہو۔ تیوری بدلکر منہ پھیر لیا۔ جب دوسرا دن ہوا تو محمود نے اپنے تیراندازوں کو فصیل کی پہرہ والوں سے جا بھڑایا۔ ان تیراندازوں نے وہ تیر برسائے کہ ہندوؤں کو فصیل چھوڑتے ہی بنی۔ پھر ہندو اپنے دیوتا کے قدموں پر گر پڑے۔ اور گڑگڑائے روئے۔ یہ روتے ہی رہے کہ مسلمان جھٹ سیڑھیاں لگا کمندیں ڈال فصیلوں پر چڑھ گئے اور تکبیر کے نعرے مارنے شروع کئے۔ راجپوتوں کا حال یہ ہے کہ جیسے وہ جلد سرد ہو جاتے ہیں ویسے ہی جلد حرارت میں بھر آتے ہیں غرض غیرت سے خون اُنکا جوش میں آیا۔ اور مسلمانوں سے ایسا لڑے کہ اُنکے پیر اکھیڑ دیئے۔ مسلمان

بہت نقصان اُٹھا کر اُلٹے پھرے۔ مسلمانوں نے تیسرے روز پھر حملہ کیا اور بہت نقصان اُٹھایا اور جب محمود نے بڑے زور کا حملہ کیا اور زینے لگا کر فصیل پر لشکر چڑھایا تو مندر والوں نے اپنی بہادری سے اُن کو سر کے بل گرایا اس سے خوب معلوم ہو گیا کہ وہ اپنے مندر کی حمایت میں آخر دم تک لڑنے کو موجود ہیں۔ اب آس پاس کے راجہ مندر چھڑانے کے لئے جو جمع ہوئے تھے اُنہوں نے باہر اپنے لشکروں کی صفیں آراستہ کیں مجبوری محاصرہ چھوڑ کر نئے دشمنوں سے لڑنا پڑا دونوں لشکروں میں لڑائی شروع ہوئی لڑائی ترازو کی تول تھی۔ یہ نہ معلوم ہوتا تھا کہ کسطرف کا پلہ بھاری ہے کہ ہندوؤں کی طرف انہل واڑہ کا راجہ بہت سی فوج لیکر آ موجود ہوا۔ اب ہندوؤں کا پلہ بھاری معلوم ہونے لگا اور یہ وہم ہونے لگا کہ لشکر اسلام ضعیف ہو گیا سلطان محمود مضطرب ہوا۔ ایک سناٹے کے عالم میں تھا کہ دیکھئے کیا خداد کھاتا ہے۔ خدا کی درگاہ میں التجا لایا اور عجز و نیاز سے دعائیں مانگیں اور خرقہ شیخ ابوالحسن خرقانی پہنا بعد ازاں گھوڑے پر سوار ہو کر اپنی فوج کے دل بڑھانے لگا۔ سپاہ جو اتنے دنوں سے سلطان محمود کے پار کاب لڑی ہو وہ ایسے وقت میں چھوڑ کر کہاں جا سکتی تھی۔ غرض سب نے ایکدل و جاں ہو کر اور تکبیر کہکر ایسا قدم بڑھایا کوئی اُسکو روک نہ سکا۔ پانچہزار ہندوؤں کو قتل کر ڈالا۔ ہندو بھاگ کر مندر میں گھسنے لگے اور ایسی ہیبت لشکر اسلام اُن کے دلوں میں بیٹھی کہ مندر کے سپاہیوں کو بھی بچنے کی اُمید نہ رہی چار ہزار سپاہی دل کر کے باہر نکلے اور کشتیوں میں بیٹھکر بھاگنے کا ارادہ کیا۔ مگر محمود نے اُن کے پکڑنے کے واسطے کشتیاں چھوڑیں۔ اُنمیں سے کچھ مارے گئے کچھ جان بچا کر چلے گئے۔ کچھ ڈوبکر مر گئے بعد اس فتح کے محمود مندر کے اندر داخل ہوا۔ اور سومنات کی ناک تبر سے اُڑا دی۔ اور توڑنے کا حکم دیا۔ تو پجاری بیچارے دوڑ کر پاؤں میں گر پڑے۔ اور عرض کرنے لگے۔ اگر خدا تعالیٰ اس مورت کو نہ توڑیں تو اُسکے عوض میں جسقدر روپیہ فرمائیں ہلوگ اُسکو نذر دیں یہ بات سُنکر سلطان نے کچھ تامل کیا اور پھر فرمایا کہ میرے نزدیک بُت فروش نام پانے سے بُت شکن نام پانا بہتر ہے۔ یہ کہکر اُس پجاری کی مورت پر ایک ایسا گرز مارا کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔ حسب اتفاق اُسکے پیٹ میں اسقدر ہیرے موتی اور جواہرات بیش بہا نکلے کہ اُس خزانہ کی اُسکے آگے کچھ اصل نہ تھی۔ یہ دیکھکر محمود باغ باغ ہو گیا۔ دو ٹکڑے اُسکے مدینہ بھیجے۔ دو غزنین کو بھجوائے جنمیں سے ایک جامع مسجد میں اور ایک دیوان عام کے دروازہ پر ڈالدیا۔ کہتے ہیں کہ اس مہم میں کم از کم دس کروڑ روپیہ کا مال اُسکو ہاتھ آیا ہوگا۔ ایسی غنیمت عمر بھر ہاتھ نہیں لگی تھی۔ انہل واڑہ کا راجہ پرم دیو گندا بہ کے قلعہ میں پناہ گیر ہوا۔ یہ قلعہ سمندر میں تھا جب سمندر کا پانی اُترتا تو اُس تک رسائی ہوتی۔ محمود نے لشکر بھیجا۔ اُسنے قلعہ فتح کر لیا۔ مگر راجہ ہاتھ نہ آیا۔ بعد ان فتوحات کے محمود انہل واڑہ میں آیا اور ساری برسات

ہیں کاٹی۔ اس ملک میں آب وہوا کی صفائی اور آدمیوں کی حسانت اور دل آرائی۔ اور زمین کی شادابی اور پانی کی روانگی کو دیکھکر یہ خطہ اُسکو پسند آیا اور ارادہ کیا کہ غزنی مسعود کو دیدیجئے اور اپنا یہاں جُدا دارالخلافہ بناسئے اور سلطنت کو بڑہائیے۔ محمود کی اس عالی حوصلگی کو دیکھنا چاہیے کہ وہ سکندر ذوالقرنین بنا چاہتا تھا۔ یہاں رہنے سے یہ مطلب تھا کہ جہاز دنکا بیڑا تیار کرے اور لنکا اور پیگو کو فتح کرے اور وہانکے سونے اور جواہرات کی کانوں سے متمتع ہو۔ غرض ان خیالات سے یہاں رہ جانیکا ارادہ کیا تھا۔ مگر اُسکے مشیروں نے اُسے ڈھیلا کر دیا۔ اُنہوں نے عرض کی کہ خراسان کو کس محنت اور جانکاہی سے صاف کیا۔ اُسکو چھوڑنا اور گجرات کو دارالسلطنت مقرر کرنا مصلحت ملکی نہیں ہے اس بات کو سلطان نے مان لیا اور مراجعت کا ارادہ کیا۔

محمود کا یہاں راجہ مقرر کرنا

سلطان نے فرمایا کہ کسی ایسے شخص کو منتخب کرو کہ جس کو یہاں مملکت اور حکومت سپرد کر جائیں بہت امیروں نے آپسمیں مشورہ کیا۔ اور عرض کیا کہ اس ملک میں پھر ہمارے آنیکا اتفاق نہوگا۔ یہیں کسی شخص کو حاکم مقرر کرنا چاہیے اہالیان سومنات اس معاملہ میں کچھ گفتگو ہوئی۔ اُنہوں نے کہا کہ سب سے اچھا حسب نسب اس ملک میں داہ شلیموں کا ہے اور اُنمیں سے ایک شخص یہاں ریاضت میں مشغول ہے۔ اگر اُسکو یہاں کی سلطنت عنایت کیجئے تو بہتر ہے۔ بعض نے کہا کہ یہ داہشلیم بڑا تند خو ہے یہ ریاضت اُسکی عصمت بی بی از بے چادری ہے۔ جب اُسکو لڑائی بھگڑے سے ملک ہاتھ نہ آیا تو یہ سانگ بھرا ایک اور داہشلیم ہے وہ بہت عاقل اور دانا ہے اور ایکے دربار حاکم بھی ہے اور سب اُسکی بات مانتے ہیں۔ اگر سلطان اُسکی نام فرمان بھیجے تو وہ سہرا نکھوں سے حاضر ہو وہ یہاں خوب راج کریگا۔ اور آپکا خراج ادا کرتا رہیگا۔ سلطان نے ارشاد فرمایا کہ کسی ملک کے حاکم کو یہاں بُلا کر راجہ بنانا مناسب نہیں۔ داہشلیم مرتاض ہے کو یہاں کا بادشاہ بنا دیا۔ اس داہشلیم نے عرض کی کہ ایک داہشلیم میرا دشمن ہے جس وقت حضور یہاں سے تشریف فرما ہوئے وہ مجھے دبا کر ملک چھین لیگا۔ اسلئے بہتر ہے کہ اُسکو میرے حوالے کیجئے۔ سلطان نے اس داہشلیم کا ملک لے لیا پہلے یہاں دستور تھا کہ بادشاہ کو مارا نہیں کرتے تھے۔ بلکہ اپنے تخت کے نیچے نہایت تنگ تاریک گھر بناتے اور اسکے اندر ایک سوراخ رکھتے اُسی میں سے دانہ پانی راجاؤں کو قید کر کے دیتے۔ ابتک یہ مکان تیار نہ تھا۔ اسلئے داہشلیم مرتاض نے عرض کی کہ دوسرے داہشلیم کو آپ ہمراہ لیجائیے اور جب مانگوں تو اُسے میرے حوالہ کیجئے۔ خدا کی قدرت جب یہ داہشلیم غزنی سے گجرات کو آیا تو داہشلیم مرتاض اندھا ہوگیا تھا۔ اسلئے وہی قیدی گجرات کا راجہ ہوا اور جو گھر اُسکے قید کرنے کیلئے بنایا تھا اُسمیں یہ داہشلیم مرتاض قید ہوا۔ سچ ہے چاہ کن را چاہ در پیش۔

اب جیسا اس ملک میں آنا دشوار تھا ایسا ہی اُلٹا جانا مشکل تھا جس راہ سے آیا تھا وہاں اجمیر اور انہل واڑہ

بیان اُن مصائب کا جو سلطان محمود کو واپس جانے کے وقت پیش آئیں

کے راجاؤں کی فوجیں کمین میں بیٹھی تھیں۔ سلطان کی فوج نے کیسے کچھ مصائب اُٹھائے تھے اور کیا کیا لڑائیاں لڑی تھیں۔ اُس سبب سے وہ کم ہوگئی تھی۔ سلطان جنگ کرنی مصلحت نہ جانتا تھا اسلئے وہ اُس راہ سے نہ گیا جس راہ آیا تھا۔ بلکہ بیابان اور ریگستان سندھ کی راہ اختیار کی اور ملتان جانیکا قصد کیا۔ راہبر ساتھ لئے۔ مگر راہ برنے راہ نہ بتائی بلکہ راہ ہی بے راہ اور گمراہ کیا اور ایسی راہ پر ڈالدیا جہاں پانی کا پتا نہ تھا۔ جب رات دن سفر ہوا اور پانی نہ ملا تو ایک تلاطم سارے لشکر میں پڑگئی۔ راہ برسے پوچھا کہ پانی کہاں ملیگا اُسنے جواب دیا کہ میں سومنات کا فدائی ہوں۔ تجھے اور تیرے لشکر کو ایسی جگہ لایا ہوں کہ بن پانی ماروں۔ سلطان نے غضب میں آکر اُسکو وہیں مار ڈالا پانی کی تلاش میں اِدھر اُدھر پھرتا تھا کہ مرغان آبی نظر آئے۔ اُس سے یقین ہوا کہ جہاں یہ جانور ہوں وہاں پانی ضرور ہوگا۔ غرض اُنسے ایک چشمے کا پتہ مشکل سے ملا۔ اس عرصہ میں بہت سے آدمی مرگئے۔ کچھ دیوانے ہوگئے راہ کی مصیبتوں کو بیان کرنے کیلئے ایک دفتر چاہیئے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ملتان کی راہ سے سلطان غزنی میں پہونچگیا اور اسی سال میں خلیفہ القادر باللہ عباسی نے اُسکو لقب کہف الدولت والاسلام عطا فرمایا۔ اب اس مہم میں یہ باتیں قابل غور کے ہیں۔ اوّل گنڈا جسمیں راجہ انہل واڑہ کا جاکر چھپا کیا مقام ہے۔ فارسی تاریخوں میں اُسکے نام مختلف طرح کے لکھے ہیں۔ غالباً وہ کھانڈا دار کاٹھیا واڑ میں ہے۔ دوم سومنات کی تحقیقات جو تاریخ فرشتہ میں لکھی ہے کہ وہ مرکب سوم اور نات سے ہے۔ اور سوم نام بادشاہ کا ہے جس نے اُسے بنایا تھا اور نات اُس بُت کا نام ہے یہ دونوں علم ملکر نام بت اور بُتخانہ اور شہر کا ہوگیا ہے اور نات کے معنی ہندی میں بزرگ کے ہیں اُس نے قیاس جگنا تھ پر کیا ہے مگر یہ اُسکی غلطی ہے اصل یہ ہے کہ سنسکرت میں سوم چاند کو کہتے ہیں۔ مہادیو کی پرستش اس سومنات کے نام سے بھی کیجاتی ہے اسلئے اُسکو سومنات کہتے تھے۔ چاند کی پہلی اور چودھویں تاریخ کو اُس کا استھان بڑی دھوم دھام سے ہوتا تھا شاید اسلئے اُسکو سومنات کہتے تھے۔ پہلے مورخوں نے کچھ اس بت کے اعضا اور خط و خال نہیں بیان کئے وہ لنگ کی شکل تھا۔ اسمیں آنکھ ناک کچھ نہ تھے اور لنگ ملمّس ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مورخوں کا لکھنا کہ تبر سے ناک اُڑائی۔ اور گرز سے پیٹ کو توڑا اسمیں سے جواہرات نکلے غلط ہے۔ ابوریحان بیرونی کا لکھنا صحیح معلوم ہوتا ہے۔ اُسکے سر کے اوپر یعنی لنگم پر سونے کی پوشش اور جواہرات جڑے ہوئے تھے۔

تاریخ فرشتہ میں جو حال سومنات کی توڑنے کا لکھا ہے وہ ایک کہانی بے اصل گھڑی ہوئی ہے مگر وہ دلچسپ ایسی ہے کہ ان مورخوں نے جو تحقیق سے غرض نہیں رکھتے نقل کردیا ہے۔ ابوریحان بیرونی نے صحیح لکھا ہے کہ سومنات لنگ تھا۔ یہ ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ لنگ کے پیٹ نہیں ہوتا جو اس میں جواہر بھرے جاتے۔ ہندوستان میں

بارہ مندر رنگ کے ہیں اُنمیں سے ایک سومنات بھی تھا۔

سومنات کا صندلی دروازہ

جیسی فارسی تاریخوں میں سومنات کے پیٹ سے جواہر نکلنے کی کہانی لکھی جاتی ہے انگریزی تاریخوں میں اس سے زیادہ بیہودہ یہ کہانی گھڑی جاتی ہے کہ سومنات کا دروازہ صندلی محمود غزنوی لیگیا تھا جسکو ۱۸۴۲ء میں سرکار انگریزی بڑی دھوم دھام سے غزنی سے ممالک شمالی میں لائی اور اُسکو اپنی فتح کا نشان بنایا۔

بعد ان تکالیف کے بھی سلطان محمود کو چین نصیب نہوا اور ایک دفعہ ہندوستان میں پھر آنا پڑا سومنات سے جب واپس آیا تھا تو سپاہ محمود کے تکلیف رساں اور مزاحم جود کے جاٹ ہوئے تھے۔ وہ بہت سی فوج لیکر ملتان کی طرف گیا۔ اور ایک بیڑہ چودہ سو کشتیوں کا بنوایا۔ اور ہر کشتی میں تین شاخیں آہنی لگائیں دو ادھر اُدھر اور ایک پیشانی پر۔ غرض یہ کشتیاں ایسی بنیں کہ جو کوئی اُن کے سامنے آئے وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ ہر کشتی میں تیس تیر انداز تھے۔ اور اُن پاس تیر اور نفط اور قارورہ موجود تھے۔ اس بیڑہ میں سوار ہوکر جاٹوں پر حملہ کیا۔ جاٹوں نے اس بیڑہ کی خبر پاکر اُن جزیروں میں پناہ لی جو دریائے اٹک کے چھوٹے چھوٹے دھاروں سے بنگئے تھے اور وہ دھاریں پایاب تھیں اور اُنکے ذریعہ سے جزیروں میں آمد و رفت اور دشمن کے صدمہ سے بچنا آسان تھا۔ جاٹوں کی بھی بعض کہتے ہیں کہ چار ہزار اور بعض کہتے ہیں کہ آٹھ ہزار کشتیاں تیار کرائیں۔ اور خود مسلح ہوکر اُنمیں مسلمانوں سے لڑنے کے لئے آمادہ ہوئے۔ جب یہ دونوں بیڑے آپسمیں خوب لڑے جاٹوں کی کشتی جو محمود کی کشتی پاس آتی تھی وہ ان آہنی شاخوں سے پاش پاش ہو جاتی تھی۔ بہت سے جاٹ ڈوب کر مر گئے اور بعض تلوار دنکے نیچے آئے۔ اب فوج سلطانی وہاں پہونچی جہاں جاٹوں کے اہل و عیال چھپے تھے۔ اُسنے ان سب کو قید کرلیا۔ بعد اس فتح کے سلطان نے غزنی کو مراجعت کی۔

اب محققین تاریخ اسمیں شبہ نہیں کرتے کہ سلطان محمود جاٹوں سے لڑنے آیا کیونکہ لاہور کی سلطنت بگڑنے پر یہ جاٹ ضرور متمرد ہوگئے ہونگے۔ اور زور پکڑ کر لوٹ مار شروع کی ہوگی۔ بلکہ ایک فقرہ کامل التواریخ میں یہ لکھا ہی کہ مسلمانونکی ریاست منصورہ پر جاٹوں نے حملہ کیا اور وہاں کے رئیس کو اپنے مذہب سے منحرف ہونے پر مجبور کیا۔ یہ تحقیق نہیں معلوم ہوتا کہ ملتان کی پاس پہاڑوں میں وہ کہاں سے کہانتک پھیلے ہوئے تھے۔ غالباً انکا سلسلہ پہاڑونکا سلسلہ انکا ملجا اور ماوی ہوگا۔ جن جاٹوں نے محمود کا مقابلہ کیا تھا وہ شمال مشرق میں زیادہ پھیل گئے ہونگے جس سے انکا صاحب قوت ہونا معلوم ہوتا ہی۔ محققین اس بیڑہ میں شاخسانے لگاتے ہیں کوئی کہتا ہی کہ دریا ایسا وسیع نہ تھا کہ اُسمیں یہ بیڑے سما سکتے ہیں۔ کوئی کہتا ہی کہ اس قدر کشتیوں کا جمع ہونا ممکن نہ تھا۔ ایک بڑا اعتراض یہ کرتے ہیں کہ محمود نے گجرات سے مراجعت میں سختیاں و مصیبتیں اُٹھائیں اُس نے دریائے سندھ سے

سلطان محمود کا سلجوقیوں سے لڑنا اور ملک رے کو جانا اور ایران کا فتح ہونا

کیوں فائدہ نہ اُٹھایا۔ اگر وہ ایسا بیڑا بنا سکتا تھا تو ضرور وہ ان اپنی مصائب کے دور کرنیکے لئے اسے بناتا۔ یہ بھی نہ تھا کہ وہ اس راہ سے ناآشنا تھا محمد بن قاسم کی مہمات سے اور افغانوں کی قربت سے ضرور اُسکو اطلاع ہوگی۔

۴۱۸ھ میں سلطان محمود نے ابوالحرب ارسلان کو امیر طوس مقرر کیا کہ دریا ر امویہ (جیحون) سے جو سلجوقی اُتر کر ملک میں فساد کرتے ہیں اُنکا استیصال کرے۔ امیر طوس نے جنگہائے عظیم کے بعد لکھا کہ جبتک سلطان خود یہاں رونق افروز نہونگے سلجوقیوں کا فساد مٹنا ممکن نہیں۔ یہاں رے میں مجدالدولہ بن فخرالدولہ کی صغرسنی کے سبب سے اُسکی ماں سیدہ سلطنت کرتی تھی۔ وہ ھسر روز دربار کرتی پردہ کے پیچھے بیٹھکر وزرا سے باتیں کرتی اطراف سے جو خطوط آتے اُنکا جواب بغیر کسی مدد کے لکھوا دیتی۔ سلطان محمود نے اس کو خط لکھا کہ سکہ و خطبہ اُسکے نام کا اپنے ملک میں جاری کرے یا جنگ کیلئے آمادہ ہو۔ سیدہ نے جواب میں لکھا کہ جبتک میرا شوہر زندہ تھا مجھے اندیشہ تھا کہ اگر سلطان یہ فرمائیگا تو کیا تدبیر کرنی ہوگی مگر اب مجھے کچھ اس کا فکر نہیں ہے سلطان عاقل و فرزانہ ہے اور جنگ دیدہ و سرد و گرم دار دہ۔ اگر مجھ پر ظفر ہوئی تو سلطان کا اس سے کچھ ننگ نہوگا کہ ایک بیوہ عورت پر فتح پائی۔ اور اگر مجھ سے شکست پائی تو قیامت تک اس بدنامی کا داغ محو نہوگا۔ ع چہ مردی بود کز زنے کم بود۔ سلطان اس جواب کو سُنکر اُسکی خصومت سے درگزرا۔ مگر جب وہ مرگئی اور مجدالدولہ کو اختیار ہوا تو ملک میں ہرج مرج ہونے لگا

۴۲۰ھ کے اوائل میں غزنی سے عراق کے ارادہ سے روانہ ہوا۔ مازندران میں جب آیا تو شمس المعالی قابوس سلطان سے ملا۔ اور بہت تحفے تحائف مع نذرانے کے بعد چند روز رکے وہ کسی توہم کے سبب سے اپنے ملک کو چلا گیا۔ اور سلطان کے پاس چار ہزار دینار اور مایحتاج سپاہ بھیج گیا اور معذرت نامہ ایسا لکھا کہ سلطان بھی اُسکے پیچھے نہیں پڑا مجدالدولہ کی ماں میں بہت پڑ ہا کرتا تھا۔ اُسنے بھی سلطان محمود پاس خط اپنی سپاہ کی شکایت میں لکھا۔ سلطان کو جب یہ حال معلوم ہوا تو ایک لشکر گراں رے کو روانہ کیا اور امیر لشکر کو ہدایت کی کہ ایسی سعی کرے کہ مجدالدولہ ماخوذ و مقید ہو جائے۔ جب لشکر سلطانی رے میں آیا تو مجدالدولہ اُس سے ملا۔ حاجب سلطان کہ امیر لشکر تھا اُسنے مجدالدولہ اور اُسکے بیٹے ابو دلف کو گرفتار کر لیا جب سلطان کو یہ خبر ہوئی تو وہ بلا توقف رے میں آیا۔ اور خزانہ رے سے بہت دولت و جواہر اور جامہ ابریشمیں سلطان کے پاس لائے سلطان نے مجدالدولہ کو بلا کر پوچھا کہ شاہنامہ تاریخ ملک فارس ہے۔ اور تاریخ طبری جسمیں ارباب اسلام کے وقائع لکھے ہیں پڑھی ہیں اُسنے کہا کہ ہاں سلطان نے پوچھا کہ شطرنج بھی کھیلی ہے کہا ہاں۔ پھر سلطان نے کہا کہ کسی کتاب میں یہ بھی پڑھا ہے کہ ایک ملک میں دو بادشاہ حکومت کرتے ہوں اور بساط شطرنج میں دو شاہ ایک خانہ میں ہوں۔ اُسنے کہا کہ نہیں۔ سلطان نے

کہا کہ پھر تونے کس واسطے اپنا اختیار دوسرے شخص کو دیدیا جو تجھ سے زیادہ با اقتدار تھا۔ غرض مجد الدولہ اور اُسکے بیٹے اور نواب کو قید کرکے غزنی روانہ کیا۔ اور خلیفہ قادر باللہ عباسی کو نامہ لکھا کہ ہم نے رے میں آکر مجد الدولہ کو گرفتار کیا۔ اُسکے گھر میں پچاس عورتیں تھیں جن میں سے تیس کے اولاد تھی۔ اس سے سوال کیا کہ اتنی بیویاں کس مذہب کے موافق تونے کیں۔ اُسنے جواب دیا کہ ہمارے اسلاف کی یہی عادت اور رسم تھی۔ ایک جماعت فرقہ باطنیوں کی اُسکی ملازم تھی اُن سب کو دار پر کھینچا اور رے میں جو معتزلہ تھے اُنکو چنے لگا کے خراسان بھیجدیا۔ کہتے ہیں کہ مجد الدولہ کے کتب خانہ میں کتابیں بہت تھیں۔ اُنمیں سے جن کتابوں میں اقوال اہل اعتزال اور اور حکما کے تھے اُن کو جلا دیا باقی کتابوں کو خراسان بھیجدیا۔ اور سلطان مسعود کو رے اور سپاہان سپرد کرکے اور ایران فتح کرکے غزنی آیا۔

جس سال میں سلطان سومنات سے پھرا ہی خلیفہ القادر باللہ عباسی نے سلطان محمود کو القاب نامہ لکھا اور خراسان۔ ہندوستان۔ نیمروز۔ خوارزم کا لوا بھیجا اور سلطان کو کہف الدولہ والاسلام کا اور اُسکے بیٹے مسعود کو شہاب الدولہ والملۃ کا۔ اور دوسرے بیٹے امیر محمد کو جلال الدولہ وجمال الملۃ اور اُسکے بھائی امیر یوسف کو عضد الدولہ ومؤید الملۃ کا لقب دیا اور یہ بھی اجازت دی کہ جس کو چاہو اپنا ولی عہد مقرر کرو۔ یہ نامہ سلطان کے پاس بلخ میں پہونچا۔

پچیس برس کے عرصہ میں جو سلطان محمود نے ہندوستان پر سترہ حملے کئے ان سب کا نتیجہ یہ تھا کہ پنجاب کے مغربی اضلاع دولت غزنویہ کے تابع ہوگئے۔ مشرق میں قنوج میں اور جنوب میں گجرات میں سلطان کی تاخت وتاراج کی یاد باقی رہی سلطان نے ہندوستان پر مستقل سلطنت کرنیکا قصد نہیں کیا۔ پنجاب سے باہر جو اُس نے مہمات کیں اُنکا مقصود فرمانروائی کرنے سے زیادہ بت شکنی اور دولت گھسیٹنی تھی۔ باپنے تو صرف پیشور میں چھاؤنی ڈالی تھی بیٹے نے پنجاب کو سلطنت غزنویہ کا ایک تابع صوبہ بنا دیا۔

اہل عرب اور ایرانی اور ترک خواہ وہ شہروں میں رہتے ہوں یا صحرانشین ہوں سلطان کی پوری پوری اطاعت کرتے تھے۔ بہت سے زمان جو خود مختاری کے درجہ پر پہونچے ہوئے تھے وہ بھی اُسکے حکم کو مانتے تھے غرض جب یہ دیکھا جاتا ہے کہ کہاں کہاں مختلف قومیں اُسکے زیر فرمان تھیں تو اُسکے جاہ وجلال کا اندازہ ہوتا ہے کیسا بلند پایہ تھا۔ محمود نے اپنی خاص حفاظت کیلئے ترکی غلاموں کا پہرہ چوکی رکھا تھا۔ اور انہیں تاتاری سپاہی بھی ہوتے تھے اُس نے اپنی سلطنت کے مختلف حصوں میں فوج بھرتی کی تھی اور وہ سب کو ایک نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اور سب کو

سلطان محمود کے القاب

سلطان محمود کے ہندوستان کے حملوں کا نتیجہ

سلطان محمود کی مختلف قومیں رعایا تھیں

برابر جانتا تھا۔ اُس نے ان سپاہیوں کی افسر ایسی فراست سے مقرر کئے تھے کہ جنکی ماتحتی میں سپاہ کام بہت دیتی تھی پہاڑی سپاہ میں اُنکی موروثی افسر تھے جو کبھی اُنکو بغاوت نہیں کرنے دیتے تھے اکثر سپاہیوں کے افسرونکے ناموں سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ ترکی تھے۔ اُسنے بڑی وسیع سلطنت کا انتظام بہت تھوڑی فوج سے کرلیا تھا۔ ضرورت کے وقت فوج بھرتی کرلیا کرتا تھا۔ اگرچہ محمود کی فوج میں کہیں یہ ذکر نہیں آیا کہ ہندوؤں کی فوج نے بھی کوئی کام اُس کی زندگی میں کیا مگر بعد اُسکے غزنی کے انقلابات عظیم میں ہندی سپاہ نے بڑے بڑے کارنمایاں کئے۔ سلطان جبتک زندہ رہا ہندوؤں سے خدمت کا کام لیتا رہا۔ کچھ مذہب ودین کا خیال نہیں کیا۔ اگرچہ اُس کی سپاہ میں ترکی سب مسلمان تھے۔ مگر اُن کے نام مسلمانوں کے سے نہ تھے جس سے شبہ ہوتا ہی کہ وہ ترک بُت پرست تھے مگر ناموں سے ایسا سمجھنا غلط ہی۔ ترکوں نے اسلام اختیار کیا لیکن اپنے نام رکھنے کا قدیمی طریقہ نہیں چھوڑا۔

سلطان محمود دو سال سے اسہال یاسور القعیہ میں مبتلا تھا۔ مگر اس مرض کی حالت میں وہ سارے کام کرتا تھا ہرچند طبیب اُسکو منع کرتے تھے مگر وہ مانتا نہ تھا۔ آخر مرض نے وہ زور پکڑا کہ جینے کی آس نہ رہی۔

سلطان محمود کی وفات

۲۳ ربیع الاوّل ۴۲۱ھ مطابق ۱۹ اپریل ۱۰۳۰ء میں ۶۳ برس کی عمر میں پیغام اجل آگیا۔ کہتے ہیں کہ دو دن مرنے سے پہلے حکم دیا کہ سارے جواہرخانے اور دولت کے خزانے باہر لاکر سجاؤ۔ جس وقت ایک میدان میں شامیانے کے نیچے یہ نفائس سجائے گئے وہ ایک چمن معلوم ہوتا تھا۔ وہ سلطان محمود جو اقبال کے گھوڑے پر ہمیشہ سوار رہتا تھا ایک پالکی میں پڑا ہوا نیمجان آیا۔ چہرہ پر مردنی کی زردی چھائی ہوئی تھی۔ چار سوار کان سلطنت ایک سکتے کے عالم میں کھڑے تھے۔ محمود چاروں طرف ان چیزوں کو دیکھتا تھا اور سرد آہیں بھرتا تھا۔ اور روتا تھا۔ بعد ازاں حکم دیا کہ ان خزانوں کو لیجاؤ۔ پھر وہ ایک میدان سبز میں گیا اور حکم دیا کہ اصطبل سے اسپان تازی اور فیل خانہ سے فیلان کوہ پیکر اور شتر خانہ سے شتران قوی ہیکل منگائے جائیں یہ بھی مرصع جھولوں میں ایک طلسم کا عالم دکھا رہے تھے۔ ان کو بھی دیکھ دیکھ زار زار رویا مگر حیف ہی کہ اسوقت ایک پیسہ کسی شخص کو ہاتھ اُٹھا کر نہ دیا۔ سلطان محمود کا یہ قطعہ مشہور ہے ؎ ہزار قلعہ کشادم بیک اشارت دست + بسے مصاف شکستم بیک اشارت پائے + چو مرگ تاختن آورد ہیچ سود نداشت + بقا بقائے خداست و ملک ملک خدائے۔

آخر عمر میں سلطان محمود کو خبر ہوئی کہ ایک شخص نیشاپور میں دولت رکھتا ہی۔ اُسکے حاضر ہونیکا حکم صادر فرمایا جب وہ حاضر ہوا تو سلطان نے فرمایا کہ مجھے خبر لگی ہے کہ تو ملاحدہ اور قرامطہ میں سے ہی۔ اُسنے جواب دیا کہ میں نہ ملحد ہوں نہ قرمطی ہوں یہ دونوں عیب نہیں۔ مگر ایک بڑا بھاری عیب یہ ہی کہ میں دولتمند ہوں جو کچھ

جھوٹ نہ بولنے سلطان محمود کی خصلت اور نظام ملک کے متعلق ہیں۔

میرے پاس ہی وہ حضور لے لیں مگر مجھے بدنام نہ کریں۔ سارا مال اُس کا لیکر فرمان اُسکی ایمانداری ہونیکا سلطان نے لکھدیا۔
ایکدفعہ سلطان پاس ایک دادخواہ آیا۔ اُسپر التفات فرماکر حال پوچھا۔ وہ بولا کہ میرا حال اس جلسہ میں کہنے کے قابل نہیں خلوت میں چلئے تو عرض کروں۔ اُسوقت سلطان خلوت میں لیگیا۔ وہاں عرض کی کہ آپکا خواہرزادہ میری بی بی کے پاس آتا ہی اور شب بھر رہتا ہی اور مجھے مار کر نکالدیتا ہی۔ اسکا انصاف آپکے اعیان دولت سے چاہا مگر کسی نے کچھ نہ سُنا۔ اب آپ انصاف کیجئے نہیں خدا انصاف کرنے والا ہی۔ اس کہنے سے سلطان کو رونا آگیا۔ اُس سے کہا کہ تو نے مجھ سے پہلے کیوں نہ کہا۔ اُس نے عرض کیا کہ بھلا میرے تئیں یہاں کون آنے دیتا ہی آج بھی نہیں معلوم کہ کیا اتفاق ہی کہ میں حضور تک پہونچ گیا۔ سلطان نے فرمایا کہ جس وقت وہ شخص تیرے گھر میں آئے مجھے اطلاع کر اور اُسکو اطلاع کرنیکا طریقہ بھی بتلادیا۔ غرض تیسرے روز دادخواہ پھر آیا۔ محمود تلوار ہاتھ میں لے اُسکے ساتھ ہوا۔ اور اُسکے مکان پر پہنچا۔ دونوں سیاہ کاروں کو سوتے پایا۔ چراغ گل کرایا اور تلوار کا ایک ہاتھ اُس مرد پر ایسا مارا کہ قصہ پاک ہوا پھر اُس کا مُنہ دیکھکر خدا کا شکر بجالایا اور پانی مانگا اور خوب ڈگڈگا کر پیا اور اُلٹا چلا۔ اُس شخص سے کہا کہ اب تم آرام سے سوؤ۔ اُس آدمی نے چراغ بجھانے اور پانی مانگنے کا سبب پوچھا۔ اُس پر فرمایا کہ چراغ گل کرنیکا سبب یہ تھا کہ اُس کا مُنہ دیکھنے سے محبت کا جوش نہ کر آئے۔ اور پانی مانگنے کی وجہ یہ تھی کہ جس وقت سے یہ بات میں نے سُنی تھی قسم کھائی تھی کہ جبتک اس ظلم کو دور نکروں گا کھانا پانی مجھے حرام ہی تین روز تک اسی انتظار میں بسر ہوئے۔ اب تو آیا اور شر و فساد دور ہوا۔ پیاس کی شدت تھی اُسکو بجھایا۔

عراق کی فتح پر تھوڑا عرصہ گذرا تھا کہ وہاں کی شرقی بیابان میں ایک قافلہ سوداگر دنکا لُٹ گیا ایک عورت روتی دھوتی فریاد لیکر محمود پاس آئی کہ میرا بیٹا مارا گیا اور سب اسباب مال غارت ہوا۔ یہ فریاد سُنکر محمود نے فرمایا کہ ملک دور دراز ہی۔ اُسکا انتظام دشوار اور مشکل ہی۔ عورت نے دل کڑا کرکے یہ کہا کہ جب تجھ سے دور کے ملکونکا نظم و نسق نہیں ہوسکتا تو پھر کیوں ملکوں کو فتح کرتا ہی اس بات کو خوب یاد رکھ کہ اُنکی حفاظت اور حراست کی جوابدہی تیرے ذمہ ہوگی۔ اس لعنت ملامت سے محمود نادم ہوا۔ عورت کو بہت کچھ دے دلاکر راضی اور رخصت کیا۔ اور آئندہ ایسا انتظام کیا کہ قافلہ کا لُٹنا موقوف ہوا۔

تاریخ نباکتی میں لکھا ہی کہ خراسان میں جب سلطان محمود گیا لوگوں نے اُس سے کہا کہ آپ شیخ ابوالحسن خرقانی کی زیارت کیجئے۔ سلطان نے کہا کہ میں اس سال اپنے گھر سے مصالح خراسان کیلئے آیا ہوں زیارت کے لزوم سے نہیں آیا۔ یہ شرط ادب نہیں ہی کہ کسی دوسرے کام کی تحصیل سے مقربان الٰہی کی زیارت کی جائے۔ وہ

غزنی مین آنکر پہر زیارت شیخ کی نیت کرکے فرقان گیا اور شیخ کو پیغام بہیجا کہ سلطان غزنی سے آپکی زیارت کو آیا ہی۔ اگر آپ خانقاہ سے اُسکی بارگاہ مین تشریف لائین تو آپ کے الطاف سے بعید نہوگا۔ ایلچی سے یہ بہی کہدیا کہ اگر آپنے انکار کرے تو یہ آیت سنا دینا کہ یا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ رسول نے پیغام شیخ پاس پہونچایا شیخ نے جانے سے انکار کیا رسول نے جب یہ آیت پڑہی تو شیخ نے کہا کہ مجہے معذور رکھو اور محمود سے کہدو کہ مین اطیعوا اللہ مین ایسا مستغرق ہون کہ اطیعوا الرسول سے غافل ہون جب جائیگا مین اولی الامر منکم کی طرف متوجہ ہون ایلچی سلطان پاس آیا اور یہ حال سُنایا یہ سنکر محمود کو رقت آئی اور اُس نے کہا کہ چلو یہ آدمی ایسا نہین ہے جیسا مین نے گمان کیا تہا۔ سلطان شیخ کی خدمت مین گیا اور اس سے درخواست کی کہ کچہ نصیحت فرمائیے شیخ نے اُسکو یہ نصیحتین کین۔ اول پرہیزگاری دوم نماز باجماعت۔ سوم سخاوت چہارم خلق پر شفقت۔ سلطان کو دعا دی کہ عاقبت محمود بادہ اپنا خرقہ دیا جب سلطان رخصت ہوا تو اُسکی تعظیم سے قد دی۔ سلطان نے عرض کی کہ جب مین آیا تہا تو آپنے یہ التفات نہ فرمایا تہا۔ اب جاتے وقت تعظیم کیون ہی شیخ نے اسکا سبب یہ تبلایا کہ جب آپ آئے تھے تو رعونت بادشاہی اور نخوت استحان آپکے ساتھ تہی۔ اب جاتے وقت انکسار درویشی ہمراہ ہی سلطان نے دو دفعہ اس خرقہ کو اُسوقت میدان جنگ مین پہنا تہا کہ نہایت تنگ تہا اور فتحیاب ہوا سلطان نے ملاقات کے وقت شیخ کی نذر مین درہ زربیش کیا تہا۔ شیخ نے روٹیان سلطان کے روبرو رکہکر کہا کہ کہاؤ سلطان نے جب اُنکو کہایا تو وہ گلے مین اٹکین تو شیخ نے کہا کہ آپ کی روٹی حلق سے نیچے نہین اُترتی سلطان نے کہا کہ ہان شیخ نے کہا کہ یہ آپکا درہ زر ہمارے گلے مین اٹکتا ہی ہم نے زر کو طلاق دیدی ہی آپ اسے اٹہالو۔ اس کہانی سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان کیسا خوش عقیدہ تہا اور شاہ و گدا مین اسوقت کس اخلاق کا برتاؤ ہوتا تہا۔ فقیر بادشاہون کو اخلاق کی تعلیم کیونکر کرتے تھے۔

محمود کی سپاہ

محمود کی سپاہ مین ترکی تاتاری عربی ایرانی ہندی قومون مین سے ملازم تہے۔ جنکا حال یہ تہا کہ ترکی غزنی مین فتحمند ہوکر نہین بلکہ لونڈی غلام بنکر آئے۔ مگر انہون نے وفاداری۔ ایمانداری۔ جوانمردی ایسی دکہائی کہ معتمد کامون پر وہ مقرر ہونے لگے۔ اُن کے اعتماد کا ایک سبب یہ بہی تہا کہ وہ اس ملک سے کچہ تعلق نہین رکہتے تہے بلکہ بیگانہ تھے۔ ایسی حالت مین اعتماد ہمیشہ زیادہ ہوتا ہے۔ تاتاری اور اہل غوث نہ بدوش اور سپاہی ہونے مین برابر تھے۔ مگر تاتاریون مین بلند و ماغی عربون کی سی نہ تہی۔ تاتاری فقط سپاہیانہ کامون سے مناسبت رکہتے تہے مگر علم مین انکا ذہن کند تہا۔ عربون نے دین قانون

علم حکمت کی صورتون کو بدلدیا بہت کچھ ان مین اپنے ذہن دقیق سے اضافہ کیا مگر تاتاریون نے ان کاموں مین سے ایک کام نہین کیا۔ وہ صرف سیدھے سادے سپاہی رہے۔ ایرانی ان سب مین غضب کے تھے ان مین چستی چالاکی تاتاریون کی تیز فہمی عربون کی سی فندفریب مکاری ہندیون کی سی تھی یہ سب صفات انکی ذات مین ایسی جمع تھین کہ ملکی کاموں مین وہ سب قومون پر سبقت لیگئے یہ ایرانیونکی استادی تھی کہ ہندوستان کی درباری بادشاہی زبان انھین کی زبان ہوئی محمود کے وزراء اعظم ایرانی ہی تھے۔ ہندی سپاہ کو کوئی موقع نہین ملا کہ وہ سلطان غزنوی کے سامنے اپنا کام دکھاتے۔ مگر بعد ازان اسنے سلطنت اسلامیہ کی حمایت مین کارہائے نمایان کئے۔

باوجود اس سپاہیانہ مزاج کے سلطان محمود کو علوم و فنون و علم ادب کا بڑا شوق تھا۔ اس خوبی مین کوئی بادشاہ اسپر سبقت نہین لیگیا۔ سب کاموں مین کفایت شعار تھا مگر ہنرپروری اور علم کی قدرشناسی مین دریا دل تھا۔ ایک عظیم الشان دارالعلوم اس نے بنوایا اور اسمین بڑا کتب خانہ جمع کیا۔ عالمونکے وظیفون اور پنشنون مین ایک لاکھ روپیہ سالانہ صرف ہوتا تھا۔ ایک عجائب خانہ بھی بنایا جسمین سارے عالم کے عجائب جمع کئے۔ اسکی قدردانی اور جوہرشناسی نے چارون طرف سے اہل کمالونکو لاکر غزنی کے دربار مین جمع کردیا تھا نامور شاعر اسکے دربار کے یہ تھے۔ عصائر رازی۔ استاد رشیدی طوسی۔ مینوچہر بلخی۔ حکیم عنصری۔ عسجدی فرخی۔ دقیقی۔ سوائے ان شاعرون کے چار سو اور شاعر اس کے ملازم تھے۔ فردوسی کل شعراء کا سرتاج تھا۔ وہ شاداب ضلع طوس مین پیدا ہوا تھا۔ حاکم طوس نے ایک باغ بنایا تھا اسکا نام فردوس رکھا تھا۔ فردوسی کا باپ مولانا فخرالدین اسکی باغبانی کرتا تھا اس مناسبت سے وہ اشعار مین اپنا تخلص فردوسی کرتا تھا یزدجرد آخر ساسانی شہریار ایران نے ایران کے تمام بادشاہون کے حالات کیومرث کے زمانہ سے لیکر خسرو پرویز کی تخت نشینی تک بڑی تحقیق و تدقیق اور تلاش سے یکجا جمع کئے تھے اور اسکا خلاصہ ہو کر ایک کتاب موسوم بہ پاستان نامہ تصنیف ہوئی تھی جب اہل اسلام سلطنت ایران کے فرمانروا ہوئے تو یہ کتاب یزدجرد کے کتاب خانہ مین انکے ہاتھ آئی جب خراسان مین آل یعقوب کے ہاتھ یہ پاستان نامہ آیا تو ابو منصور عبدالرزاق بن عبداللہ فرخ معتمد الملک کو یعقوب بن لیث نے حکم دیا کہ خسرو پرویز سے شہریار یزدجرد کے مرنے تک واقعات جو واقع ہوئے ہین وہ لکھکر پاستان نامہ مین اضافہ کئے جائین اس حکم کے موافق ۳۴۶ھ مین یہ کتاب مرتب ہوگئی اور اسکی نقلین خراسان اور عراق مین پہلیبن آل سامان کو جب یہ بات ہاتھ لگی

فردوسی و شاہنامہ

تو انہون نے دقیقی شاعر کو حکم دیا کہ وہ اُس کو نظم مین لکھے اُس نے ایک دہزار شعر لکھے تھے کہ کسی غلام نے اُسکو مار ڈالا جب دولت آل سامان کا زوال آیا اور سلطان محمود کا اقبال چمکا تو اُس نے بھی آل سامان کی تقلید کی اور پاستان نامہ کو چاہا کہ نظم مین لکھا جائے۔ فردوسی نے دقیقی کی نسبت یہ شعار لکھے ہین اشعار یکایک از بخت برگشتہ شدہ بدست یکے بندہ برگشتہ شد چو برگشتہ اسپ جاسپ بہتر ہزار بگفت و سرآمد بروزگار یہ فردوسی کی بہ آرزو ہوئی کہ مین اس کتاب کو نظم مین لکھکر پورا کرون۔ پاستان نامہ اُسکو ہاتھ نہ آتا تھا۔ اُسکی تلاش مین رہتا تھا کہ اُسکے ایک دوست نے پاستان نامہ لا دیا اور فردوسی سے کہا کہ تیرا یہ ارادہ کہ اس نامہ پہلوی کو نظم مین لکھے نہایت مستحسن ہے۔ اسوقت طوس مین ابو منصور محمد امیر تھا اُس نے فردوسی کو نصیحت کی تھی کہ جب یہ کتاب تمام ہو تو کسی بادشاہ کے نذر کرنا۔ سب ملکون مین مشہور تھا کہ سلطان محمود شاعرون کا بڑا قدر شناس ہے اس لئے فردوسی غزنی مین آیا۔ سلطان محمود نے اپنے دربار کے شعراء عظام سے پاستان نامہ کی نثر کی نظم لکھوائی سب نظمون مین فردوسی کی نظم فائق معلوم ہوئی۔ سلطان نے فردوسی کو حکم دیا کہ پاستان نامہ کو نظم مین لکھے اسکے واسطے رہنے کا مکان اور اسباب آسایش کے تیار کرنے کا حکم دیا اور ہر ہزار اشعار کہنے کے بعد ہزار دینار طلا دینے کا ارشاد کیا۔ سلطان کہا کرتا تھا کہ فردوسی نے آکر میرے دربار کو فردوس بنا دیا۔ فردوسی شاہنامہ کے کہنے مین مصروف ہوا۔ خواجہ احمد بن حسن میمندی نے ایک ہزار اشعار کے بعد اس پاس ہزار دینار بھیجے مگر فردوسی نے اسلئے نہین لئے کہ اسکا ارادہ تھا کہ ایکدفعہ سب زر لیلے اور اُسکو طوس ندی کے بند آب مین خرچ کردے۔ ارکان دولت فردوسی کے ساتھ محبت رکھتے تھے اور وہ بھی اُنکی مدح کرتا تھا یہ احمد بن حسن میمندی وزیر سلطان کو ناگوار خاطر تھا۔ ان دنون مین ایسی شکر رنجی ہوگئی کہ فردوسی نے یہ شعار کہے مثنوی

بمن بندہ کرمہا دی فطرت نبود ہم	چو خار غم زبار گہ بادشاہ تیز
مایل بمال ہر گز طامع نبودہ ام	السوگند روز چیرا ملتفت قوم

محمود کے سامنے فردوسی کے اشعار ایسے پڑھے جانے لگے جس سے اُسکا معتزلہ شیعہ قرمطی دہریہ ہونا ثابت ہو۔ سلطان کو بھی اشعار کیطرف رغبت کم ہوگئی تھی۔ کچھ اس سعایت و شکایت سے بھی فردوسی کے حال پر پہلی سی مہربانی نہ رہی تھی۔ پاستان نامہ کی جو داستان نظم مین مرتب ہوتی جاتی تھی اُسکی نقلین اطراف مین جاتی تھین اور ہر اُسکا صلہ فردوسی پاس بھیجتے تھے۔ یہ ہر بھی سلطان کو ناگوار خاطر ہوتا تھا۔ غرض وزیر کے سبب سے سلطان کو فردوسی سے نفرت ہوگئی جب شاہنامہ کو فردوسی تمام کر چکا تو اس نے ایاز کو دیا۔ فردوسی اور ایاز مین کمال محبت تھی۔ ایاز نے سلطان کی نذر کیا۔ سلطان نے خواجہ احمد بن حسن کو فرمایا کہ پیلوار زرسرخ فردوسی

کو دین اور یہ شعر پڑھا **بیت** بچشم من چو بگذشتو گنج گوہر پر کنون بپلوارسش دہم گنج زر۔ وزیر نے عرض کی کہ حضور کی رائے حکمت آرائے پر مخفی نہین ہے کہ شادی مفرط بھی آدمی کو اسیطرح ہلاک کرتی ہے جیسا کہ غم بے اندازہ۔ بعوذ باللہ اگر یہ صلۂ بادشاہ فردوسی پاس پہونچے گا تو وہ شادی مرگ ہوجائیگا۔ غرض سلطان کو بہکا کر وزیر نے ساٹھ ہزار مثقال نقرہ ایاز کے ہاتھ اُس پاس بھیجے۔ جب یہ صلہ اُس پاس پہونچا تو وہ حمام مین نہا رہا تھا جب حمام سے باہر آیا تو ایاز نے سلام کرکے صلہ پیش کیا اُسے دیکھکر وہ بہت غمگین ہوا اور ایاز سے کہا سلطان نے اپنا وعدہ ایفا نہین کیا۔ ایاز نے سلطان اور وزیر کی ساری حکایت عرض کی فردوسی نے بہ ہزار مثقال نقرہ کے اور ۲۰ ہزار ایار کے اور بیس ہزار قفاعی کے دئے اور ایک پیالہ شربت کا پیا اور ایاز سے کہا کہ سلطان سے عرض کردو کہ مینے جو رنج اسکام مین اٹھایا وہ ان مثقال نقرہ کے لئے نہ تھا جب ایاز نے سلطان سے عرض کیا تو وہ وزیر پر غصہ ہوا وزیر نے عرض کیا کہ بادشاہ کا صلہ ایک درم سے لیکر ہزار درم تک برابر ہے۔ بلکہ اگر بادشاہ ایک خاک کی مٹھی بھی صلہ مین بھیجے تو چاہیے کہ اُسکو آنکھونکا سرمہ بنائے اور اُسکا اعزاز واکرام کرے۔ فردوسی نے سلطان کے ساتھ سخت گستاخی کی ہے غرض سلطان کو فردوسی کیطرف سے ایسا وزیر نے بھڑکایا کہ سلطان نے حکم دیدیا کہ یہ قرمطی ہاتھی کے پانون کے تلے کچلا جائے تاکہ تمام بے ادبون کو عبرت ہو۔ فردوسی کو اُس کی خبر ہوئی صبح کو سلطان کی خدمت مین حاضر ہوکر قدمون پر گر پڑا اور گڑگڑایا کہ حاسدون نے بندہ کو حضور کے نزدیک قرمطی وقرمطی ٹھہرادیا۔ حضور کی رعایا مین گبر وجہود تر سا رہتے ہین مجکو بھی اُن مین سے شمار فرمائیے اور قتل سے معاف کیجئے اور اشعار فی البدیہہ پڑھے۔ **اشعار**

چو از ملک سلطان کہ خرشش ستود		بسے ہست ترسا و گبر و یہود	گرفتند در ظلّ عدلش قرار
شدہ ایمن از گردش روزگار		چہ باشد کہ سلطان گزون نگرد	رہے را شمار دیگے زان گروہ

ان اشعار سے سلطان کا غصہ فرو ہوا اور اُس کا قصور معاف کردیا۔

فردوسی نے غزنی سے باہر چلے جانیکا ارادہ کیا اور جامع مسجد مین یہ اشعار سجدہ دیوار پر لکھے جہان سلطان آکر بیٹھتا تھا ؎

نخستہ در گہہ محمود زابلے دریاست		چگونہ دریا کہ آن را کرانہ پیدا نیست	
چہ غوطہ ہا زدم و اندرو ندیدم دُر		گناہ بخت من ست این گناہ دریا نیست	

جب محمود نے جامع مسجد مین آکر یہ اشعار پڑھے اور سلطان سے فردوسی کے معتقدین نے اُسکی سفارش کی اور عرض کیا کہ جو معاملہ فردوسی کے ساتھ ہوا ہے وہ ایک قصہ بخل وحسد کا ساری دنیا مین مشتہر ہوگا

سلطان نے حکم دیدیا کہ ساٹھ ہزار دینار طلا خلعت شاہی کے ساتھ فردوسی پاس بھیجا جائے یہ عجب اتفاق کی بات ہے۔ طوس کے ایک دروازہ سے فردوسی کا یہ صلہ آیا تھا کہ دوسرے دروازہ سے اسکا جنازہ جاتا تھا۔ کہتے ہین اس صلہ کے روپیہ سے سلطان نے طوس کی ندی کا آب بند تعمیر کرا دیا۔ حکیم ناصر خسرو نے اپنے سفرنامہ مین لکھا ہے کہ مین جب طوس مین گیا تو ایک رباط نو تعمیر دیکھی جس کو لوگ کہتے تھے کہ یہ رباط صلہ فردوسی سے بنی ہی۔ فردوسی نے سلطان محمود کی ہجو مین ایک مثنوی لکھی ہے جسے بعض یہ کہتے ہین کہ محمود کی وہ برائیان اس سے ظاہر ہوتی ہین جو کسیطرح آشکارا نہ ہوتین۔ حضرت ابو الفضل نے اس ہجو کی نسبت یہ اکبرنامہ مین لکھا ہے کہ "چون فردوسی لیست فطرت در سیکری خواہش در شدہ دیرہ ازرم را در گفتگوے داد و سند برگرفت او سخن فروش بود بہانہ دانست بدل آزا سنگ پارچہ چند اندیشیدہ چون بازاریان در کشایش و افزایش زبان زدہ گشت بہار لبے بہا دوزن را بے وزن ساخت۔ سی سال زحمت کشید بر آفرین ابد" عارف جامی کہتا ہی

گذشت شوکت محمود در زمانہ نماند	جز ین فسانہ کز و ساخت قدر فردوسی

غرض ایک ہی بات سے دو نتیجے نکالے ہین اپنے اپنے اعتبار سے وہ سچے ہین انگریزی مورخ اس تمام واقعہ کو ایک ہندستان بے سروپا حاکر یہ کہدیتے ہین کہ محمود نے ہر شعر پر ایک دینار دینے کا وعدہ کیا تھا ساٹھ ہزار شعر دیکھکر اپنے وعدہ سے بچتا یا اور بخل کے سبب سے وعدہ پورا نہ کیا۔

دربار محمودی کا درۃ التاج ابوریحان بیرونی تھا۔ یہ ابوریحان محمد بن احمد بیرونی ۳۶۰ھ مین پیدا ہوا تھا جنم بھوم اسکی بیرون تھی جو ملک سندھ کا ایک شہر تھا اسنے تحصیل علوم و فنون کی تکمیل کے لئے اپنا وطن چھوڑا اور سیر و سیاحت مختلف ملکون مین کی کچھ دنون فارس کے بادشاہ شمس المعالی قابوس ابن وشمگیر کی خدمت مین رہا۔ انکی وزارت کو علم کی خاطر نہین منظور کیا۔ برسون تک خوارزم مین بھی رہا اور وہان سے کسی سبب سے سلطان محمود کے پاس چلا آیا۔ سلطان محمود غزنوی کے ساتھ اسنے ہندوستان کی بڑی سیر کی اور یہان رہکر نہایت محنت و مشقت سے سنسکرت مین مہارت کامل پیدا کی۔ یہان کے پنڈتونکے دماغ مین یہ نخوت سمائی ہوئی ہی کہ ہندوستان کے سوائے ساری دنیا مین کہین علم نہین ہی جب ابوریحان اور قومونکے علمونکا ذکر کرتا تو وہ اسکو جھوٹا یا دیوانہ سمجھتے مگر جب اسنے تحریر اقلیدس اور مجسطی کا ترجمہ سنسکرت مین کرکے انکو دکھا دیا تو وہ متحیر ہوے اور اسکو ساحر کہنے لگے اور حقارت سے اس سمندر سے تشبیہ دینے لگے جسکا پانی سرکہ سے زیادہ ترش ہو۔

ابوریحان کی تصنیفات اسقدر ہین کہ اگر انکے نام لکھئے تو چند کاغذ کے تختے سیاہ ہون اور اگر اسکی

ابوریحان بیرونی

کتابونکو جمع کرکے اونٹ پر لادے تو وہ بہت دیر تک بڑبڑائے اسنے سنسکرت کی وہ کتابین عربی زبان مین ترجمہ کین بیکو پنڈت بھی بہت مشکل سے سمجھتے ہین۔ علوم مختلفہ مین اُسکے ایجادات اور اختراعات ایسی ہین کہ جنمین ذہانت اور جودت طبیعت آجکل کے موجودونکی پائی جاتی ہے۔ تسطیح کرہ کے باب مین ایک سوال اُسنے لکھا ہے کہ جسمین کرہ کی سطح مستدیر کو سطح پر نقشہ بنانے کی ترکیبین اختراع کرکے وہ لکھی ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ علم ہندسہ مین اُسکو کمال تھا۔ وہ بوعلی سینا کا معاصر تھا اُس سے علمی مباحثے مدتون تک ہوئے انمین سے ایکا پایہ بھاری رہا علم نجوم یونانی اور جوتش ہندی دونون جانتا تھا علم ہیئات مین اُسکی تصنیفات اُس زمانہ مین بھی اعلیٰ درجہ کی شمار ہوتی ہین اس نے جو اپنا ہند کا سفرنامہ لکھا ہے اس سے صدہا تاریخی عقدے حل ہوتے ہین محمود غزنوی کے حملون کے مقامات اس سے صحیح معلوم ہوتے ہین کہین کہین ہمنے اُسکا ذکر کیا ہے۔ اہل یورپ کو اسی عالم کی تصنیفات سے اول اول بہت کچھ سنسکرت کی کتابون اور ہندؤن کے رسم و مزاج پر علم ہوا ہے سلطان محمود کے اگرچہ کئی ہزار غلام تھے لیکن ان مین سریر آوردہ ایاز تھا اور اُس کے عشق کی کمند مین محمود گرفتار تھا۔ ایاز کو کہتے ہین کہ والی ختن کا بیٹا تھا باپ کے ساتھ شکار مین گیا تھا کہ چورون نے اُسکو قابو پاکر پکڑ لیا اور بدخشان لیگئے یہان اس لعل بے بہا کو ایک سوداگر کے ہاتھ خاطر خواہ قیمت پر فروخت کیا۔ تقدیر الہی سے شاہزادہ سے غلام بنا اور نام بھی اُس کا غلامونکا سا رکھا گیا۔ سوداگر اپنے سارے مال سے زیادہ اس غلام کو قیمتی جانتا تھا اور اس کی تربیت و تعلیم مین سعی کرتا تھا۔ وہ بدخشان سے جب غزنی مین آیا تو ایاز کے حُسن و جمال کا شہر سلطان محمود کے کان تک پہونچا۔ اُسکو اپنی انجمن خاص کا انیس و مخلص اختصاص کا جلیس بنایا۔ حُسن صورت سے زیادہ اُسکی حُسن سیرت پر فریفتہ ہوا **بیت** این عشق نہ ہست ہیچ و راز خویش ✦ نے شاہ شناسد و نہ مورد ویش ✦ سلطان کے نیاز کے اور ایاز کے حُسن کے قصے اکثر مشہور ہین۔ مُلّا زلالی نے ایک داستان اُسکی بڑی رنگین لکھی ہے ایاز حُسن صورت و جمال ظاہری مین ایسا یکتا نہ تھا جیسا کہ اخلاق پسندیدہ و صفات حمیدہ مین بے بہا تھا۔

ایاز

وزارت محمود

جیب السیر مین لکھا ہے کہ سلطان محمود کا اول وزیر ابو العباس فضل بن احمد اسفرائینی تھا۔ سلاطین سامانی کے ہمراہ مین فائق ایک امیر تھا اس کے ہان وہ کتابت کرتا تھا جب فایق کے اقبال کا زوال آیا تو وہ امیر ناصر الدین سبکتگین پاس آیا اور مسند وزارت پر بیٹھا۔ بعد امیر ناصر الدین کے مرنے کے سلطان محمود نے بھی اُسکو وزارت کے منصب پر قایم رکھا۔ ابو العباس زبان عربی مین ایسا متبحر تھا کہ وہ احکام سلطانی کو عربی زبان مین لکھتا اسلئے سلطان نے حکم دیدیا کہ احکام فارسی زبان مین لکھے جائین لیکن

خواجہ بزرگوار خواجہ احمد میمندی نے پہر احکام کو عربی زبان مین لکھوانا شروع کیا۔ ابو العباس فضیل کو امور مملکت اور سرانجام مہام سپاہ و رعیت مین کمال تہا جب دس سال وزارت کر چکا تو بعد ازان وہ معزول ہوا۔ بعد اسکے خواجہ بزرگوار احمد بن حسن میمندی وزیر ہوا وہ سلطان کا پدر رضاعی اور ہم سبق تہا اگر کاپ حسن میمندی امیر ناصر الدین سبکتگین کے عہد مین قصبہ بست مین ضبط اموال کے لئے قیام رکہتا تہا مگر وہ خیانت کے سبب سے صلیب پر چڑہایا گیا یہ جو لوگون مین مشہور ہے کہ سلطان کا وزیر حسن میمندی تہا بالکل غلط اور عین خطا ہے حسن خط مین وجودت و فہم و فضل مین احمد بن حسن مشہور تہا اول وہ صاحب دیوان انشا و رسالت کا ہوا۔ پہر سلطان کی عنایت سے درجہ بدرجہ ترقی ہوتی گئی استیفاء ممالک کا عہدہ ملا شغل عرض عساکر اس کا ضمیمہ ہوا۔ بلاد خراسان مین اموال کی تحصیل اس کے سپرد ہوئی۔ اور جب ابو العباس اسفرائنی سے سلطان کی طبیعت مکدر ہوئی تو عہدۂ وزارت اُسکو بالاستقلال ملگیا۔ اٹہارہ برس تک وہ اس عہدہ وزارت پر مامور رہا اور ملک و مال کا کام بخوبی کرتا رہا۔ پہر التونتاش سپہ سالار اور امیر علی خویشاوند کا عزل ہوا اُسکی غیبت و بہتان سے خواجہ بزرگوار معزول ہوا قلعہ کالنجر مین تیرہ سال قید رہا۔ امیر مسعود کی سلطنت مین اس قید سے رہا ہوا اور پہر وزیر سلطنت ہوا۔ اور ۴۲۴ھ مین انتقال کیا۔ پہر سلطان محمود نے ایک مدت کے بعد احمد حسین میکال کو منصب وزارت عطا کیا وہ لڑکپن سے سلطان کی خدمت مین رہتا تہا۔ جدت طبع و جودت گفتار و محاسن کردار مین معروف تہا وہ سلطان کی وفات تک وزیر رہا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محمود کی سلطنت کا ملکی نظم و نسق ایرانیون کے ہاتہون مین تہا اس کے دو بڑے وزیر ابو العباس اور احمد میمندی خاص ایرانی تھے۔ اور وہ دونون ترکی کے سپہ سالارون سے بغض و عداوت رکہتے تہے۔ اگرچہ ایرانیون نے کبہی ہندوستان فتح نہین کیا مگر کاروبار سلطنت مین دخیل ہونے سے انہین کی زبان کا رواج ہندوستان مین ہوا۔ اور وہی شاہی زبان سمجہی گئی۔

محمود متوسط الاندام تہا۔ اعضا مین اُس کے تناسب تہا ورزش بہت کرتا تہا۔ مگر چیچک نے اُس کے چہرہ کو ایسا کہایا تہا کہ ایک دن وہ آئینہ مین اپنے چہرہ کو دیکہکر پژمردہ اور افسردہ ہوا اور وزیر سے کہنے لگا کہ کہتے ہین بادشاہون کے دیکہنے سے نور بصر زیادہ ہوتا ہے مگر میری صورت ایسی ہے کہ جس سے دیکہنے والون کو ضرر پہونچے گا۔ وزیر نے عرض کی کہ آپ کی صورت کو ہزارون آدمیون مین سے ایک بہی نہین دیکہنے کا مگر سیرت پسندیدہ کو سب دیکہینگے۔ ایسی حسن سیرت پیدا کیجیے کہ جسپر ساری خلق مفتون اور شیدا ہو۔ اس کلام

محمود کی صورت

محمود کی تعریف و مذمت و خصلتین

نے وہ تاثیر محمود کے دل پر کی کہ اُس نے اپنی حُسن سیرت سے زشتی صورت کے عیب کو مٹا دیا۔

ہندوستان سے جو حال محمود کا تعلق کہتا تھا اسکو بالتفصیل اور باقی کو بالاجمال ہمنے بیان کر دیا ہی اب طالبعلم غور کرکے اُسکی برائیان بھلائیان اُسکے اعمال اور احوال سے خود سمجھین جو ہماری سمجھ مین آتا ہے وہ بیان کرتے ہین

اوّل سلطان محمود اپنے وقت کا بڑا شان و شوکت اور جاہ و جلال کا بادشاہ تہا وہ شاہیر عالم مین ہمیشہ شمار ہوگا اہل اسلام مین وہ ہمیشہ سلطان عظیم سمجھا جائیگا۔ کیسا جوانمرد اور شجاع کہ جب دشمن پر فوج لیکر چڑہتا۔ دریا کی طرح نشیب و فراز نہ دیکھتا دشمن پر برابر پانی پیتا چلا جاتا۔ کیسا منتظم اور اولوالعزم تہا کہ کیسے کیسے لشکرون کو اُن صحراون سے نکال کر لے گیا۔ جہان پانی کا پتہ اور گھاس کا پتا نہ تہا۔ کہان سے کہان گیا۔ کیا کیا ارادے کیے سلطنت اُسکی ایسی وسیع کہ جس کی شرقی اور غربی سرحدین دجلہ اور گنگا اور شمال جنوبی حدین تاتار اور بحر ہند تھین۔ کیسا مدبر کہ کتنی ہی دور دار السلطنت سے چلا جاتا مگر انتظام ملکی مین بال برابر خلل نہ آتا۔ گو بعض محققین کہین کہ اسوقت ملکون کا خود حال ایسا ہو رہا تہا کہ سلطنت کا اتنا کر لینا کمال نہتا۔ مگر محمود کے صاحب کمال ہونے مین کسیکو گفتگو نہین ہی۔ دولتمند ایسا کہ شاید دوسرے بادشاہ پاس اتنقدر دولت ہوگی جسوقت اُس نے سُنا کہ امیر نوح سامانی پاس سات رطل جواہر تھے تو اُسوقت اُسنے یہ کہا کہ خدا کی عنایت ہی میرے پاس سات سو رطل جواہر اسکے ہین

دوم۔ جیسا اُسکو مندرون اور بتون کے توڑنے بچوڑنے کا شوق تھا ایسا ہندوؤنکو مسلمان بنانیکا ذوق نہتا۔ کہین تاریخ سے یہ نہین معلوم ہوتا کہ اُس نے اشاعت اسلام اور دعوت اسلام مین ہمت صرف کی ہو۔ گجرات مین اتنے دنون تک پڑا رہا۔ مگر ایک ہندو کو مسلمان نہ بنایا۔ اُسکا طریقہ محمد بن قاسم کا سا تہا کہ ہندوؤن سے مسلمان ہونے کو کہتا پہر جہاد کرتا غرض محمود اُن مسلمانون مین نہین شمار ہو سکتا کہ جنہون نے مذہب اسلام کا علم بلند کیا ہو۔ اہل یورپ اُسپر الزام تعصب مذہبی کا ناحق لگاتے ہین محمود دیندار مسلمان تہا۔ لڑائی اور جہاد فقط غنیمت کے لئے کرتا۔ جہان اُس کو دولت ملگئی۔ پہر اُس کو کچھہ پروا کسی بات کی نہتی۔ اگر وہ بالاستقلال کسی صوبہ پر ہندوستان کے قبضہ کرتا تو اس کے ہاتھ ایسی غنیمت تو نہ آتی مگر اسلام کے حق مین زیادہ فائدہ مند یہ امر ہوتا۔

سوم۔ اُس نے اسلام کو ایسی ہیبت ناک شکل مین دکھایا کہ ہندوؤن کو اُسکی طرف رغبت پیدا نہ ہوئی۔ بلکہ نفرت زیادہ ہوگئی۔ اور پہر اُنکا اسلام مین لانا زیادہ دشوار ہوگیا۔

چہارم اہل یورپ جیسا اُس کے ذمے تعصب مذہبی کا الزام بیجا لگاتے ہین۔ ایسے ہی ایشیا والے اُسکی بعض حرکات سے حریص ہونے کی تہمت دہرتے ہین اور یہ اشعار اُسکی شان مین پڑہتے ہین اشعار

نبود ش زفضل ہنرمندان تہی ۔ پنگہداشتہ دربیان صدف خزین بسے دُرِ شہوار گہ ۔ ولی زان نشد مفلسے بہرہ ور

مرتے وقت سب نقد وجنس کو دیکھا۔ مگر ایک پیسہ ہاتھ سے نہ نکلا۔ مگر یہ الزام بھی پہلے الزام کی طرح بیجا معلوم ہوتا ہے۔ اُس کے دربار میں بیشمار فضلا، علما، شعرا، حکما، جمع ہوتے تھے اور اُس کے خوان مکرمت سے بہرہ مند ہوتے تھے کبھی اور بادشاہ کو یہ بات کم نصیب ہوئی ہوگی۔ غرض جیسا کہ وہ دولت کے پیدا کرنے میں ہوشیار تھا اُس کے خرچ کرنے میں بھی کفایت شعار تھا۔ نہ فضول خرچ تھا نہ ممسک تھا۔ مگر یہ عیب اُسمیں ضرور تھا کہ وہ اپنے عہدہ کاموں میں دولت کی حرص کو ایسا شامل کر دیتا تھا کہ وہ کام اچھا بھی بُرا معلوم ہوتا تھا۔ اُس کے سارے جہاد اور لڑائیاں یہ معلوم ہوتے ہیں کہ فقط دولت جمع کرنے کے لئے تھیں ابوالفضل نے بڑا ستم کیا ہے کہ سلطان محمود کی نسبت یہ زہریلے فقرے لکھے ہیں "تعصب پیشگان ہندوادار الحرب دانمودہ آن سادہ لوح را برانگیختن آب ناموس دخون بیگناہان وگرفتن مال نیکوان برانگیختہ" سچ یہ ہے کہ اگر اس زمانہ کا لحاظ کریں تو سلطان اخلاق حمیدہ سے موصوف وشجاعت فطری وکسبی میں معروف حمایت دین وپاسداری وتیغ گزاری میں ایسا سلیقہ رکھتا تھا کہ مخالفوں کو مغلوب کرتا تھا رعیت پروری وداد گستری سے ملک کو رونق دیتا تھا اپنی عدالت سے ستمگاروں کو سزا دیتا تھا۔ اور ستمدیدگان کو مدعا پر پہونچاتا تھا تعصب دینی وطمع دنیوی دونوں اُس کے دل میں قوی تھے۔ اسلئے ثواب کے اور مال واسباب کے حاصل کرنیکے لئے وہ ہندوستان میں سترہ دفعہ آیا یہ شعر اُسکے حسب حال تھے ؎ ہرجا کہ جنیبتش رسیدہ ۔ اقبال برہنہ پا دویدہ ۔ شیران جہان شکار کردہ ۔ وزموج جہاں کنار کردہ ۔ سخندانی ونکتہ نہمی ولطیفہ گوئی ومدعا شناسی میں بہرہ کافی رکھتا تھا۔ فضلا، وشعرا، کا اعزاز واحترام کرتا تھا اور اُنکے ساتھ رعایت واحسان کرتا تھا۔

پنجم۔ کہیں مصیبت ایسی نہیں پڑی اور کوئی لڑائی ایسی نہیں لڑا جس میں اُس نے خدا کی درگاہ میں سجدہ کرکے دعا نہ مانگی ہو۔ اور اپنی فوج پر سلامتی اور خدا کی رحمت نہ چاہی ہو۔ وہ فقرا اور گوشہ نشینوں کا بڑا معتقد تھا خلیفہ وقت کی ہمیشہ فرمانبری کرتا تھا۔ باوجود اس حشمت اور شوکت کے خلیفہ قادر باللہ نے جو خطاب اُسے دیا تھا اُسکو اپنا فخر سمجھتا تھا۔ غرض اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پکا مسلمان تھا تاریخ فرشتہ میں لکھا ہے کہ طبقات ناصری میں یہ دیکھنے میں آیا کہ سلطان محمود ہمیشہ اس حدیث کے باب میں کہ العلماء ورثۃ الانبیاء یعنی متردد رہتا تھا اور قیامت کی نسبت شک تھا اور اسمیں بھی شبہ تھا کہ میں اپنے سکتگین کا بیٹا ہوں یا میں ایک رات کو سلطان جاتا تھا فراش شمع ومشعلدان طلائی آگے لئے ہوئے جاتا تھا کہ اُس نے دیکھا کہ

ایک طالب علم اُس سبب سے کہ چراغ جلانے کے لئے اُس کے پاس دام نہ تھے ایک بقال کی دکان کے چراغ کی روشنی مین مطالعہ کرتا تھا۔ سلطان کو اُسپر رحم آیا اور شمع و شمعدان اُسکو دیدیا۔ اس شب کو رسول خدا کی زیارت ہوئی کہ انہون نے یہ فرمایا "یا ابن امیر ناصر الدین سبکتگین اعزك الله فی الدارین کما اعززت دینی" اس بات سے اُس کی تینون مشکلین حل ہوگئین۔ طبقات ناصری مین مجھے یہ حکایت نہین ملی انگریزی مورخ اس مضمون کو یون ادا کرتے ہین۔ ایشیائی مورخ جسکی کچھ وقعت نہین کرتے کہ اسکو دو شبہے عائد ہوئے۔ اول یہ کہ یہ امیر سبکتگین کا بیٹا ہون یا نہین۔ خیر اسکی اصل تو کچھ ہوسکتی ہے۔ کیونکہ وہ ماں کی طرف سے داغدار تھا ماں اُسکی زابلستان کے کسی امیر کی بیٹی تھی۔ اسکی منکوحہ و غیر منکوحہ ہونے مین اشتباہ ہی۔ مگر دوسرا یہ شبہہ کہ "قیامت ہوگی یا نہین" اس شبہہ کے سبب سے لوگ اس سے متنفر ہونے لگے تو اُس نے یہ کہا کہ پیغمبر خدا نے خواب مین آکر میرے دونون شبہے رفع کردئے ہین۔

ششم۔ سارے محمود کے حال مین کہین یہ نہین معلوم ہوتا کہ کوئی نیا قانون اور آئین اور دستور جدید ایجاد کیا ہو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سب کاموں کے لئے وہ شرع اسلام کو کافی سمجھتا تھا اور قوانین کے ایجاد کرنے مین اپنا وقت نہین ضائع کرتا تھا۔ مگر اُس کو انتظام کرنا خوب آتا تھا۔ عراق کی عورت کی حکایت دیکھ لو۔

ہفتم اپنی سپاہ مین بدکاری کو راہ نہ دیتا تھا۔ اور سخت منتظم اس کام مین تھا اور قواعد اور قوانین سپاہ کی بڑی رعایت کرتا تھا۔ بھائی کے قتل کرنے کی حکایت سے یہ بات ثابت ہے۔

ہشتم۔ اُسکو علم کا بڑا شوق تھا یہی سبب اصل اُسکی ناموری کا تھا۔ اس عمدہ صفت کی سبب سے وہ فخر الاسلام شمار ہوتا ہے اور اور قومین بھی اُسکو مانتی ہین۔ غرض یہی اُس کے اصل فخر اور عزت کا سبب تھا۔ عمارات کا بھی شوق رکھتا تھا۔ ایک مسجد اس نے غزنی مین بنوائی۔ ساری سنگ ماسی اور سنگ مرمر کی بنی ہوئی تھی اور ایسی خوبصورت تھی کہ لوگ اُسے دیکھکر متحیر ہوتے تھے۔ اور بے اختیار اُسکو عروس فلک کہتے تھے۔ یہ بادشاہ کا شوق ایسا تھا کہ اور امراء نے بھی اُسکی تقلید کرکے غزنی مین وہ عمارتین بنوائین کہ وہ سارے ایشیا کے شہرون پر سبقت لے گیا۔

نہم۔ محمود خوش اخلاق بڑا تھا۔ اپنے رفقا اور ملازمین سے بہت اچھی طرح پیش آتا تھا غلامونکا شوقین تھا۔ محمود کا غلام ایاز مشہور ہے جس کی حکایتین بہت سی زبان زد خلایق ہین۔ کوئی بات ایسی نہ تھی کہ جس سے اُس کو ظالم کہہ سکین جو کوئی شخص اسکے ہاتھ سے لڑائی مین مارا جاتا اگر بیچے وہ کسی

کی جان نہ لیتا اور نہ اُس کے دربار مین وہ ظلم ہوتے جو ایشیا کے بڑے بڑے بادشاہون کے ہان ہوا کرتے ہین۔ باغی عفو تقصیر کے بعد بھی جو بغاوت کرتے انکو سوا قید کے اور کوئی سزا نہ ملتی۔

ذکر سلطنت شہاب الدین و جمال الملۃ سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی

سلطان محمود کے تین بیٹے تھے۔ امیر مسعود۔ امیر محمد۔ امیر عبد الرشید۔ سنہ ۴۱۰ھ مین غور کے فتح کے لئے سلطان روانہ ہوا اور بست سے زمین داور مین پہونچا تو اپنے بھائی یوسف اور دو بیٹون امیر مسعود اور امیر محمد کو ہمین دارو مین چھوڑا۔ سلطان کو اول اُسکے باپ نے اسی سرزمین کا والی مقرر کیا تھا۔ اس لئے وہ زمین داور کو اپنی اولاد کیلئے مبارک سمجھا۔ ان لڑکون کے لئے ملازم خادم اتالیق سب مقرر کئے اور یہان کے حاکم بالتگین کو اُنکا محافظ مقرر کیا۔ اُسوقت دونون شہزادے چہاردہ سالہ تھے وہ دونون ایک ہی دن پیدا ہوئے تھے مسعود چند گھنٹے محمد سے بڑا تھا اور یوسف کی عمر سترہ برس کی تھی۔ یہ تینون ہم عمر یہان آپس مین حلیل پیار اخلاص سے خوش و خرم رہتے تھے۔ امیر مسعود کی تعظیم و تکریم نوکر چاکر بنسبت ان دو کے زیادہ کرتے تھے۔

سنہ ۴۰۵ھ مین امیر مسعود کو غور کی لڑائی مین محمود لیگیا۔ اس لڑائی مین باپ کے ساتھ بڑے بڑے بہادری کے کام اُس نے کئے۔ ایک حصار کے بُرج پر ایک شخص اپنے تیرون سے بہت مسلمانون کو ہلاک کر رہا تھا کہ مسعود نے ایسا تیر تاک کر اُس کی گردن مین لگایا کہ وہ ہلاک ہوا اور اُسیوقت قلعہ فتح ہوگیا۔

جب سلطان جنگ سے فارغ ہوا تو امیر مسعود کو خیمہ مین بلایا اور اُسپر بہت نوازش کی اور اس کا تجمل زیادہ کیا اور ہاتھی کو دی اُسکو اپنا ولیعہد مقرر کیا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ میرے مرنیکے بعد میرے دودمان کا چراغ روشن رکھنے والا سوا اُس کے دوسرا نہین ہے اپنے باپ کی زندگی مین امیر مسعود نے غور اور خراسان کے فتح کرنے مین بڑے بڑے کارنمایان کئے تھے مسعود فقط نام ہی مین محمود کا ہم قافیہ نہ تھا بلکہ شجاعت مین اُسکا ردیف تھا۔

جوانی مین باپ سے چھپکر امیر مسعود شراب پیتا تھا اور رقص و سرود کی محفلین گرم کرتا تھا۔ ہرات مین اُس نے عالیشان محل بنایا اور اُس مین باغ پر فضا لگایا۔ اس مین حوض بنایا اور ایک خلوتکدہ کے اندر تمام دیوارون اور چھت پر ایکہزار تصویرین ننگی عورت و مرد کی بنائین اور اپنے نام بھی ان کے لکھدئے جنکی تصویرین تھین اسی محل مین امیر مسعود قیلولہ کرتا تھا۔ سلطان محمود مسعود پر اُس کے مخفی حالات دریافت کرنے کے لئے مشرف و جاسوس مقرر کرکے تھے۔ اُنکو جب اس محل کا حال معلوم ہوا تو اوس نے نوشتگین کو یہ حکمنامہ لکھکر دیا

کہ وہ آلہ روزمین مہرات پہونچے اور سیدہا سرائے عدنان سے باغ مین جاے جسکے دائین طرف حوض ہے اور اُس کے بائین طرف ایک مکان ہی اُسکی دیوارون وچھت کا حال دیکھکر چلا آئے وہ کچھ امیر مسعود کا خیال نکرے اور جو کوئی اُسکو گھر مین جانے سے روکے تو اُسکی گردن تلوار سے اڑا دے۔ امیر مسعود کو بھی یہ اطلاع ہوگئی کہ جاسوس اس لئے آیا ہی اُس نے دیوار و نکو گچ کرلیا اور خوب گھٹواکے پکا اُسپر ڈلوا دیا اور جاسوس کو دکھایا کہ جو کچھ سلطان نے سنا وہ غلط ہی جب اس جاسوس نے آکر سلطان سے اُس مکان کا حال بیان کیا تو اُسنے کہا کہ افسوس ہی اس میرے فرزند پر لوگ جھوٹ بہتان لگاتے ہین۔ امیر مسعود کو لڑکپن اور جوانی مین زور آزمائی و ورزش کا بڑا شوق تہا۔ بڑے بھاری پتھر اُٹھانا کشتی لڑنا سخت جاڑے مین برف پر سوزہ اتار کر ننگے پاؤن چلنا شکار بہت کھیلتا۔ شیر کو پیادہ پا اس طرح مارتا کہ پہلے اُسپر اینٹ مارتا جس سے وہ غصہ مین بپھرکر آتا تو اُسکو نیزہ مارکر مارتا۔ مگر جب اُسکو ہندوستان کی ہوا لگی تو ہاتھی ہی پر سوار ہوکر شیر کا شکار کھیلتا۔ غرض وہ شجاعت مین رستم ثانی مشہور تہا اسکا تیر پیل کے برگستوان کو توڑکر اُس کے بدن پر اثر کرتا تہا جس گرز کو وہ ایک ہاتھ سے اُٹھاتا تہا اُسکو کوئی دوسرا شخص دو ہاتھون سے نہین اُٹھا سکتا تہا۔ کریم اور سخی بڑا تہا۔ شاعرون کو انعام سے اکثر مالا مال کردیتا تہا۔ مگر بڑی عمر مین اس سخاوت مین کمی آگئی تہی۔

امیر محمد اپنے بھائی مسعود سے بہت حسد رکھتا تہا اُس نے جاسوس مقرر کرکے تہے کہ وہ مسعود کی ذرا ذرا سی باتون سے اطلاع دیتے تہے اور پہر ایک ایک بات کی دس دس باتین سلطان کے کان مین بہرتے تھے سلطان محمود نے اول امیر مسعود کو ولیعہد کیا پہر مسعود کے حاسدون اور دشمنون نے سلطان کا دل اُس سے برگشتہ کرادیا اور ایسی ایسی رنجش کی باتین ہونے لگین کہ ایک دن سلطان کی خدمت مین امیر مسعود آیا اور ایک ساعت ٹہیرکر واپس چلا کہ سلطان نے اُسے پیغام بہیجا کہ خیمہ نوبتی مین پہر جاؤ آج ہم تم ملکر شراب پئینگے مسعود نوبت کے خیمہ مین جا بیٹہا کہ ایک بوڑہا فراش آیا اُس نے عرض کی کہ آج آپکے لئے کچھ ادرا ادے ہورہے ہین آپ ہوشیار ہوجائیے نہین تو خیر نہین ہے مسعود نے اپنے غلامون اور ملازمون اور سپاہیون کو حکم دیدیا کہ تیار اور ہوشیار رہو اور زین کسے اور تیار ہاتھ مین لیلو۔ جب سلطان محمود کو یہ خبر ہوئی کہ ایک فساد اٹہنے والا ہے اُس نے مسعود سے کہلا بہیجا کہ بیٹا اب تم جاؤ اور انتظار نکرو آج ہمکو ایک ضروری مہم درپیش ہے اس لئے مے نوشی کی مجلس کو مینے موقوف کردیا۔

سلطان محمود گرگان سے رے کو جاتا تہا کہ امیر محمد نے درگاہ سلطانی پر امیر خراسان کا گہوڑا منگایا

سلطان محمود کی ناراضمندی امیر مسعود سے اور محمد کی ولیعہدی

اور سوار ہوگیا۔ اسپر سلطان محمود نے امیر مسعود سے کہلا بھیجا کہ آج امیر محمد تو خراسان کے گھوڑے پر سوار ہوگیا تم میرے گھوڑے پر سوار ہونا چاہتے ہو یا امیر عراق کے گھوڑے پر امیر مسعود نے عرض کی کہ مین حضور کی کس کس نعمت کا شکر ادا کرون۔ اول حضرت نے یہ نعمت مجھے عطا کی کہ میرا نام مسعود رکھا جسمین بڑی بزرگی یہ ہے کہ حضور کے نام کا ہموزن ہے۔ آج حضور کی خدمت سے جدا ہوتا ہون ایسا فرمان عنایت کیجیے جس سے اس نام کی سعادت روز بروز زیادہ ہوتی جائے۔ سلطان یہ جواب سنکر خجل ہوا اور کہنے لگا کہ خوب جواب دیا غرض روز بروز باپ کی نظر سے مسعود گرتا جاتا تھا اُس نے امیر محمد کو ولیعہد کر دیا اور حکم دیدیا کہ امیر محمد کا نام اور لقب امیر مسعود کے نام اور لقب پر مقدم کیا جائے جب یہ فرمان بارگاہ محمودی مین پڑھا گیا تو وہ سب کو اس لئے ناگوار گزرا کہ سلطنت و شہامت کے آثار مسعود کی پیشانی پر زیادہ نمایان تھے۔ امیر مسعود باپ سے رخصت ہوا تو ابو نصر مشکان مسعود کے پیچھے گیا۔ اور عرض کی کہ آج سلطان کے فرمان سے ہم سب کان سلطان کو ملال ہوا سلطان مسعود نے فرمایا کہ کچھ غمناک نہو تم نے سنا ہوگا کہ السیف اصدق انباء من الکتب اب تم جاؤ سلطان کو اس کے جانے کی خبر مخبرون نے کردی تھی جب وہ اُلٹا آیا تو سلطان نے اسکو بلایا اور حال پوچھا اُس نے سارا ماجرا بیان کیا۔ سلطان نے فرمایا کہ مین جانتا ہون کہ امیر محمد بہ سبطرح سے امیر مسعود فوقیت رکھتا ہے اور میرے بعد وہی سلطان ہوگا۔ مگر یہ تکلف اس لئے ہے کہ مجدد بیچارہ کو بھی میرے عہد مین کچھ حرمت و تمتع حاصل ہو۔ محمود نے جو باتین کہین وہی وقوع مین آئین۔

سلطان محمود کے بعض معتمد ملازمین نے امیر مسعود سے عرض کی کہ سلطان آپکی طرف سے روز زیادہ بدگمان ہوتا جاتا ہے اگر حکم ہو تو ہم سلطان کو رخصت کرکے آپکو اس کشمکش سے رہائی دین اُسکے جواب مین امیر مسعود نے کہا کہ استغفر اللہ مین اور یہ کام مجھے تو اسکا خیال بھی حرام ہے۔ سلطان محمود میرا باپ ہے مجھے تو اسپر تیز ہوا کا چلنا بھی گوارا نہین۔ اُسکی گوشمالیون سے مین خوش ہوتا ہون وہ ایسا بادشاہ ہے کہ دنیا مین جواب نہین رکھتا فالعیاذ باللہ اگر وہ کام ہو جو تم کہتے ہو تو اس خاندان کے دامن پر وہ بدنامی کا داغ لگے گا کہ قیامت تک وہ مٹائے سے نہ مٹے گا۔ وہ خود بڈھا ہے۔ اسکی عمر ختم ہونے کو آئی مین اُسکا جیتا چاہتا ہون تم سے فقط میری یہ درخواست ہے کہ جب وہ بقضاء الٰہی اس دنیا سے انتقال کرے تو تم میرے مطیع و فرمانبردار رہو۔ جب سلطان محمود کا انتقال ہوا تو امیر مسعود ہندوستان مین تھا سات سو فرسنگ غزنی سے دور تھا اور امیر محمد یہان کوزکانان مین تھا جب سلطان کو باغ پیروزہ مین دفن کیا تو اسی رات کو حاجب بزرگ

سلطان محمد کی تخت نشینی

امیر علی قریب نے جمال الدین جمال الدولہ محمد کو کوزکانان سے بلاکر سلطان محمود کی وصیت کے موافق تخت پر بٹھا دیا۔ مسعود نے بھائی کو لکھا کہ مین تمہارا ملک نہین چاہتا بلکہ یہ چاہتا ہون کہ میرا نام خطبہ مین اول پڑھا جایا کرے۔ محمد نے بھائی کو سخت جواب دیا جسکا مفصل حال آگے بیان ہوگا۔ امیر دن نے ہر چند چاہا کہ دونون بھائیون مین نہ بگڑے تو اچھا ہے مگر محمد نے نہ مانا۔ یوسف بن سبکتگین کو مقدمۃ الجیش بناکے اول رمضان ۴۲۱ھ کو وہ تکینا آباد مین جو حقیقت مین اس کے لئے نکبت آباد تھا آیا اور رمضان مین سارے مہینے یہین رہا۔ عید کے روز اُسکے سر پر ٹوپی گر گئی جسکو لوگ بڑی بدشگونی سمجھے ۳ شوال کی رات کو علی خویشاوند اور یوسف بن سبکتگین نے اسکو قید کر دیا اور خود امیر مسعود کی طرف روانہ ہوئے اور باقی ہرا کا حال لکھا جائیگا کیونکہ وہ امیر مسعود پاس چلے گئے اور کیا حال ہوا۔ امیر مسعود سپاہان مین یہ قصد کر رہا تھا کہ سپاہ کو تاش فراش کو یہ ملک حوالہ کرکے ہمدان و جبال کی طرف جاؤن۔ فراش خیمون کو بھی باہر لے گئے تھے کہ ناگاہ ۱۰ جمادی الاول ۴۲۱ھ کو یہ خبر پہونچی کہ سلطان محمود کا انتقال ہوا اور امیر محمد تخت سلطنت پر بیٹھا ہے۔ اور حاجب بزرگ علی قریب اُسکا پیشکار ہے امیر سخت تحیر مین تھا کہ اُسکی والدہ حرّہ ختلی نے اُسے یہ خط لکھا تھا۔ ۲۳ ربیع الآخر ۴۲۱ھ کو سلطان محمود کی عمر پوری ہوئی۔ مین مع تمام اہل حرم کے قلعہ غزنی مین رہتی ہون۔ پرسون سلطان کی مرگ کا اشتہار ہوا اور باغ بیرون مین اُسے دفن کیا۔ حاجب علی سارے کام سلطنت کے کرتا ہے اور امیر محمد سلطان ہے۔ تمکو معلوم ہے کہ سلطنت کے لایق محمد نہین ہے اور ہمارے خاندان کے دشمن بہت سے ہین۔ تم ولیعہد پدر ہو جلد یہان آؤ جو ولایت تم تسخیر کر چکے ہو اور جو ولایت لے سکتے ہو یہ دونو باتین باپ کی حشمت کے سبب سے تھین جواب دنیا سے رخصت ہو جب اُسکے مرنے کی خبر مشہور ہوگی تو معاملات سلطنت کا رنگ کچھ اور ہوگا۔ سبکی اصل غزنی ہے اور خراسان اور ملک اُسکی فروع ہین اصل پر اول متوجہ ہو فروع کو چھوڑو جسقدر جلد ممکن ہو یہان آؤ۔ مین چشم براہ بیٹھی ہون جو کچھ حال یہان گزریگا اُس سے اطلاع بلا توقف دیتی رہون گی۔

خط حرہ ختلی مادر سلطان محمود غزنی سے سپاہان مین امیر مسعود پاس بھیجا

امیر مسعود نے اپنے باپ کے مرنے کا ماتمی دربار طرح کیا کہ خود قبا و دستار و رداے سفید پہنکر آیا۔ اور اہل دربار سفید لباس مین اور اہل دربار جمع ہوے اور خوب رونا پیٹنا ہوا۔ تین روز تک یہی ماتم و نشیون رہا۔

ماتمی دربار

امیر مسعود کی خود اور اُسکے مشیرونکی یہی صلاح ہوئی کہ جسقدر جلد ہو سکے غزنی پہونچنا چاہیے۔ سپاہان کا یہ انتظام کیا کہ ابو جعفر کاکو یہ کو منشور دیکر حوالہ کیا۔ اور ۲۵ جمادی الآخر ۴۲۱ھ کو سلطان رے کی طرف روانہ ہوا جب اس شہر مین آیا تو اہل شہر نے اُسکے آنے کے لئے آئین بندی کی اور بہت سی تکلفات کے یہان امیر انمیون

امیر مسعود سپاہان سے روانہ ہوتا ہے

القادر باللہ کا خط بھی تعزیت و تہنیت مین رسم کیموافق پہونچا۔ اسمین لکھا تھا کہ ولایت رے و جبال و سپاہان سے جو ملک تو نے تسخیر کیا ہے ہمنے بھی اسپر تجکو والی مقرر کیا تو جلد خراسان جاکہ وہان کوئی خلل نہ پیدا ہوا میر مسعود اس نامہ کو دیکھکر بہت خوش ہوا اُسکو برابر پڑہوایا۔ اور بوق دہل کو بجوایا۔ اُس نامہ کی نقلین چارون طرف ملک مین بھجوائین کہ مین امیر المومنین کا خلیفہ اور اپنے باپ کا ولیعہد ہون۔

غزنی سے امیر یوسف و حاجب بزرگ علی بوسہیل ہمدانی و خواجہ علی میکائیل رئیس اور سرہنگ بوعلی کوتوال کی عرضی پر عرضی چلی آتی تھی۔ سب نے بعد بندگی کے عرض کی کہ تسکین وقت کے لئے امیر محمد کو غزنی بلالیا تھا تاکہ کوئی اضطراب نہ پیدا ہو۔ اس سے سلطنت کا کام نہین چل سکتا۔ وہ شب و روز لہو لعب مین مصروف ہے۔ آپ ولیعہد ہیں یہان جلد آکر تخت سلطنت پر بیٹھئے۔ امیر مسعود ان عرضیون سے بہت قوی دل اور مسرور ہوا۔ اور اُس نے اس امر پر ارادہ مصمم کرلیا کہ اصل غزنی ہے اُسکی طرف متوجہ ہونا چاہئے باقی ملک کو نہایت سخت محنت اور شمشیر زنی سے حاصل ہوا ہے وہ فرع ہے۔ فرع بغیر اصل کے قایم نہین رہسکتی اس لئے وہ جلد نیشاپور اور ہرات کیطرف روانہ ہوا اور رے مین یہان کے چھپن مجتہد و معظم امیرونکو دربار مین اُسنے جمع کیا۔ اور اُنکے صلاح و مشورہ کیموافق حسن سلیمان کو یہان شحنہ مقرر کیا۔ رجب ۴۲۱ھ مین رے سے روانہ ہوا غزنی سے بہاگ کر دامغان مین پہیل روز قبل پہونچا جب امیر مسعود ہرات مین آیا تھا تو وہ اُسکا برا مجتشم خدمتگار تھا۔ مگر پھر امیر سے برگشتہ ہوگیا۔ مگر اب پھر وہ امیر کا مقرب سب سے زیادہ ہوگیا۔ دامغان سے آگے کچھ چلا تھا کہ وہ رکابدار ملا جسکے ہاتھ سلطان محمود نے نامے جابجا بولنصر شکانی سے لکھوا کر بھجوائے تھے کہ مین نے امیر مسعود کو عاق کردیا۔ اس رکابدار نے یہ سب نامے امیر مسعود کو دئے۔ امیر نے ان سب کو چاک کرکے پھینکدیا۔ اور کہا کہ سلطان محمود نے میرے ساتھ ہزارون نیکیان کی ہین اگر آخر عمر مین اُسنے ایک جفا کی تو کیا مضائقہ ہے اُسکی گوشمالیون سے مجھے بہت فائدہ پہونچا ہے۔ لکھنے والے کا بھی اسمین کچھ قصور نہین ہے جو سلطان نے لکھوایا وہ اُس نے لکھدیا رکابدار کو پانچہزار درم عنایت کئے اور دامغان سے آگے بڑہا اور سپہ سالار خراسان غازی حاجب و قضاۃ و اعیان و رئیس و عمال کے نام نامے لکھے کہ وہ حاضر ہون جب سلطان بیہق مین پہونچا تو غازی سپہ سالار خراسان بہت سا لشکر لیکر خدمت مین حاضر ہوا امیر نے اُسکو سپہ سالار مقرر کیا اور سپاہ کی موجوات لی اور ایک بڑا جلسہ سپاہ کا زیب و زینت کے ساتھ ہوا۔ پھر نیشاپور مین امیر آیا۔ یہان بھی اُس کے استقبال کی بڑی تیاریان ہوئین۔ امیر مسعود نے یہان کے سب قیدیونکو قید خانے سے رہائی دی۔ بہت سے مشرفونکی

رے سے خبر آئی کہ امیر مسعود نے جب یہان سے سفر کیا تو فرقہ شاہنشاہی مین بہت آدمیون نے دنگا اور فساد برپا کیا اور آل بویہ کو رے کا مالک بنانا چاہا۔ ان اوباشون کو حسن سلیمان نے جو امیر مسعود کی طرف سے رے کا والی مقرر ہوا تھا۔ ایک سخت لڑائی لڑکر شکست دی اور سب اوباشونکو بھگا دیا جب امن امان قایم ہوگیا۔ ہزارون مفسدونکو انہین راہون مین کہ وہ آئے تھے سولیون مین لٹکا دیا جب امیر مسعود کو اس فتح کی خبر ہوئی تو بڑی خوشی منائی اور اس مژدہ فتح کو شہر کرایا اور بوق اور دہل کو بجوایا یہین ہمت مین خلیفہ بغداد کی طرف سے ایلچی آیا اور بہت سے تحفہ تحائف اور لوا اور منشور لایا۔ اس ایلچی کی تعظیم و تکریم مین حد سے زیادہ تکلفات کئے گئے اور سلطان نے عطیات خلیفہ کی بڑی تعظیم کی اور اُسکے شکریہ مین خدا کی درگاہ مین دوگانہ شکر ادا کیا۔ اور خود امیر نے اور اور امیرون نے لاکھون روپیہ صدقہ و خیرات مین دئے۔ خلیفہ نے جو منشور بھیجا تھا اُسکی نقلین سب ملک کے رئیسون کے پاس بھیجی گئین۔ پھر امیر ہرات مین آیا عید الفطر کا جشن اس دھوم دھام سے یہان ہوا کہ پہلے کبھی نہین ہوا تھا۔

غزنی سے ہر روز خط آتے تھے کہ لشکر کیا کر رہا ہے۔ دہم شوال ۴۲۱ھ کو منکبتراک برادر حاجب بزرگ علی قریب اور دانشمند بوبکر خضری درگاہ سلطان مسعود مین حاضر ہوے اور انہون نے آن کر سلطان کو سلطنت کی مبارکباد دی اور اُسکے بھائی امیر محمد کے قید ہونے کی خبر سنائی منکبتراک کو امیر نے حاجب مقرر کیا اور بوبکر خضری کو ندیم بنایا۔ جب امیر کو زکانان سے آنکر تخت پر بیٹھا تو امیرون نے اُسے سلطان تسلیم کر لیا اگرچہ سلطان محمود نے امیر مسعود کو اول اپنا ولیعہد کیا تھا مگر آخر اُسکو یہ مصلحت معلوم ہوئی کہ امیر مسعود ایک طرف رے سے روم تک اور دوسری جانب مصر کو طولاً و عرضاً فتح کرکے اس ملک فرمانروائی کرے اور غزنی اور ہندوستان مین امیر محمد سلطنت کرے۔ غرض سلطان مسعود نے امیر محمد پاس ایلچی بھیجکر اول باپ کے مرنے کی تعزیت کی اور تخت سلطنت پر اُسکے بیٹھنے کا حال بیان کیا اور ایسے پیغام بھیجے کہ جسمین طرفین کی بھلائی تھی اور جسمین خراسان و عراق کے ہزارون آدمیونکی آسایش تھی اُس نے صاف صاف بیان کیا کہ خلیفہ امیر المومنین کے حکم و فرمان سے ہمکو اتنی ولایتین لینے کا اختیار رہے کہ اُسکا اندازہ ہو سکتا ہے۔ ہم دونون بھائیونکو چاہیے کہ ہم شیر و شکر یکدل ہوکر موافقت کرین اور کل مخالفت کو بالکل دور کر دین تاکہ جہان مین ہمارا نام باقی رہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ نذرانہ پانچہزار اونٹ پر اسلحہ و بیس ہزار گھوڑے و دو ہزار ترکی غلام ساز و سامان کے ساتھ اور پانسو ہاتھی جنگی ہمارے پاس بھیجدو کہ ہم تمکو اپنا خلیفہ بنائین۔ ممبرون پر خطبون مین اول ہمارا نام پڑھا جاے پھر تمہارا نام۔ درہم و دینار و جامہ

رے مین بغاوت

خلیفہ بغداد کے ایلچی کا آنا

امیر محمد امیر مسعود کی خط و کتابت

اول میرا نام ہو پھر تمھارا نام۔ قضاۃ وسفیر میرے پاس آئیں تاکہ جو کچھ مجھکو حکم دینا ہو وہ انکو دوں۔ میں عراق وروم کی جانب مشغول ہوں اور تم غزنی اور ہندوستان کیطرف تاکہ سنت پیغمبر ادا ہوتی رہے اور جو ہمارے باپ دادا کا طریقہ ہے وہ جاری رہے کہ ہمکو پہنچیں۔ اور میں صاف صاف تم سے کہتا ہوں کہ جو کچھ میں نے تمکو حکم دیا ہے اگر اُس میں تم تعلل اور مدافعت سے شغل کروگے تو ناچار مجھے غزنی آنا پڑیگا اور اس سبب سے جو کچھ ملک میں نے لیا ہے وہ یوں ہی بیکار جائیگا غزنی اصل ہے اور سب اُسکی فرع ہیں جسوقت اصل میرے ہاتھ میں ہوگی تو فرع کا کام آسان ہوگا۔ خدانخواستہ اگر ہم میں اور تم میں لڑائی ہوئی تو ناگزیر خونریزی ہوگی میں اپنے باپ کا ولیعہد ہوں۔ میں نے جو کچھ چاہا ہے اُس میں انصاف مدنظر رکھا ہے۔ تمھارے ساتھ بہت رعایت کی ہے۔

جب ایلچی غزنی میں آیا تو یہاں امیر محمد کے دماغ میں بادنخوت زور کر رہی تھی۔ شب و روز عیش و نشاط سے کام تھا۔ خزانہ کی کنجیاں ہاتھ میں تھیں۔ بخشش کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ جو اُسکے مشیر تھے اُنھوں نے چاہا کہ مستحق کے ہاتھ میں ملک آئے۔ اُنھوں نے صلاح دیکر بھائی کے ایلچی کو واپس بھیجا اور یہ پیغام بھیجا یا کہ باپ کا ولیعہد میں ہوں اور باپ نے رَے تمکو اس لیئے دیا تھا کہ تم وہاں رہو۔ اُسکے مرنے کے بعد ہم تم ہی ملک پر جو باپ سے گیا ہے۔ اُسی رہیں۔ گھوڑے۔ ہاتھی۔ غلام۔ ہتھیار میں تمکو اس شرط سے دیتا ہوں کہ تم عہد کرو کہ خراسان کا قصد تم کبھی نہیں کروگے غرض جب یہ جواب آیا تو سلطان مسعود نے سپاہان سے سفر کیا اور ہرات میں پہنچا۔

حاجب علی اور ارکان سلطنت نے امیر مسعود کو نامہ لکھا کہ ہمنے امیر محمد کو قلعہ کوہ شیر میں ٹھیرا رکھا ہے۔ اور فوج اپکے حکم آنے پر روانہ ہوگی۔ اس نامہ کا جواب ابھی اُسکے پہنچا۔ سلطان مسعود نے اپنے ہاتھ سے حاجب علی کو اسطرح خط لکھا تھا کہ جیسے کوئی اپنے مساوی درجہ والے کو لکھتا ہے۔ تکینا آباد سے حاجب بزرگ علی نے فوجیں روانہ کرنی شروع کیں۔ مگر سپاہ ہندی کو حکم دیا کہ وہ یہاں رہے وہ اُسکے ساتھ پھیچے جاویگی۔ حاجب بزرگ علی جانتا تھا کہ سلطان مسعود مجھے زندہ نہیں چھوڑیگا اور یہ خط جو اُسنے برادرانہ لکھا ہے اور میرے بھائی کو حاجب مقرر کر دیا ہے یہ سب اُسکی فریب کی چالیں ہیں اُسنے کہا کہ میرے پاس خزانہ وہاتھی و فوج قوی ہندی ایسی ہے کہ سیستان کی راہ سے جاکر کرمان اور اہواز کو لیکر بغداد کے دروازہ تک جاسکتا ہوں مگر میں اس خاندان کا نمک پروردہ ہوں۔ سلطان محمود مجھ سے ایسی محبت کرتا تھا کہ خویشاوند کا خطاب دیا تھا۔ میں نمک حرام ہوکر اپنے تئیں بدنام کرنا نہیں چاہتا۔ علی ہندی سپاہ کے ساتھ ہرات میں امیر مسعود کے پاس پہنچا۔ اوّل امیر مسعود نے اُس کی خدمت۔ یا دہ خاطر کی مگر آخر کو اُسکو فریب سے پکڑوا کر قتل کرا دیا۔ اکثر تاریخوں میں لکھا ہے کہ تکینا آباد

سے ہرات کو سلطان پاس سپاہ روانہ ہوئی ہے تو سپاہ ہندی نے بسرداری نبد رائے کے اُسپر حملہ کیا اور شکست پائی دوسری طرف ترکی غلام بھی مارے گئے جنکے سر کٹکر امیر محمد پاس آئے یہ بات تاریخ مسعودی بیہقی میں نہیں لکھی۔ اسلیئے یہ امر معتبر نہیں معلوم ہوتا۔

سلطان مسعود کے ہاں ارکان واعیان سلطنت کے دو گروہ ہوگئے ایک محمودی دوسرا مسعودی گروہ مسعودی کی بن آئی اور گروہ محمودی میں بہت سے آدمی قتل ہوئے۔

خواجہ احمد بن حسن میمندی سلطان محمود کے حکم سے قلعہ کالنجر میں مقید تھا۔ اسکو اول ہی سال جلوس میں ۴۲۲ھ میں مسعود نے رہائی کا حکم دیا اور اپنے پاس بلا کر وزیر کر دیا۔ خواجہ احمد حسن کو یہ خوف تھا کہ کہیں ایسا نہو کہ جو سلطان محمود کے زمانہ میں واقعہ مجھے پیش آیا تھا وہی اب بھی پیش آئے اس لیئے اسنے وزارت قبول کرنے سے انکار کیا۔ مگر جب سلطان نے اصرار کیا تو وزارت کو منظور کیا۔

خواجہ احمد حسن کا وزیر ہونا

جب نکینا آباد سے لشکر ہرات کو روانہ ہوا تو امیر کے تمام خدمتگار راہی بے آب کیطرح مضطرب تھے کہ دیکھئے آگے کیا ہوتا ہے کہ سلطان مسعود کا حکم آیا کہ حاجب بکتگین جسکی حراست میں امیر محمد قلعہ کوہ شیر میں تھا وہ امیر محمد کو قلعہ مندیش میں پہنچا دے۔ یہ قلعہ بہت اونچا تھا۔ وہاں مشکل سے آدمی پہنچ سکتا تھا غرض امیر محمد اُس قلعہ میں بھیجا گیا۔ ایک شاعر نے اُسکے جانے کے باب میں یہ اشعار کہے ہیں۔ ۱۲ شعر

احوال امیر محمد کا قلعہ کوہ شیر میں

اے شاہ چہ بود اینکہ ترا پیش آمد ۔ شمنست ہم از پیر بن خویش آمد ۔ محسنا محنت تو بس پیش آمد ۔ از ملک پدر بہر تو مندیش آمد

جب سلطان محمود نے خواجہ احمد میمندی کو معزول کر کے قلعہ کالنجر میں قید کیا ہے تو خواجہ حسنک مشکانی کو اسکی جگہ اپنا وزیر مقرر کیا تھا۔ وہ نوجوان ناتجربہ کار زمانہ کے نشیب و فراز سے ناواقف تھا۔ مگر صاف باطن تھا۔ دشمنوں کو سزا دینے میں اور دوستوں پر عنایت کرنے میں جلد باز تھا۔ گو سلطان محمود کو امیر مسعود سے نفرت تھی مگر جبتک وہ زندہ رہا نہوئی تھی کہ سلطان نے امیر محمد کو اپنا ولیعہد مقرر کیا۔ خواجہ حسنک ہمیشہ امیر مسعود کے حق میں پیش زنی کیا کرتا تھا اور باپ کا دل اُسکی طرف سے برگشتہ کرتا تھا اسلیئے سلطان مسعود کو بھی اُس سے عداوت قلبی تھی۔ چنانچہ ایک نہایت عمدہ تلوار جب اُس کے پاس تحفۃً آئی تو اُسنے کہا کہ بہ سے عمدہ کام اس تلوار سے کل میں یہ لونگا کہ خواجہ حسنک کا سر اس سے اُڑاونگا۔ مگر اُسکے مصاحبوں نے اس حرکت سے اُسکو باز رکھا امیر مسعود جب سلطان ہوگیا تو خواجہ حسنک ہرات میں اِس پاس آیا۔ اُس کے وزیر بوسہیل نے اِسکو گرفتار کر کے اپنے نوکر علی عارض کے حوالہ کر دیا وہ اسی طرح گرفتار سلطان کے ساتھ بلخ میں آیا۔ راہ میں طرح طرح کی ذلتیں اُسکو اُٹھانی پڑیں

خواجہ حسنک وزیر محمود کا ماراجانا

آخر کو سلطان نے اسکو حکم دیا کہ وہ سنگسار کیا جائے وہ ایک میدان میں لایا گیا رسّوں سے باندھا گیا خود اُسکے سر پر چڑھایا گیا اور حکم ہوا کہ پتھر اُسکو لوگ لگائیں مگر اسکی اس حالت پر سبکو رحم آتا تھا کسی نے اُسکو پتھر نہیں لگائے تو چند اوباشوں کو رُپیے دیئے تو اُنھوں نے اُسکو پتھر لگائے۔ مگر وہ پہلے ہی رسّوں کی بندش سے مرچکا تھا۔ اُس کا سر خود پنہاکر خلیفہ بغداد پاس بھیجنے کے لیے سنگساری سے بچایا گیا تھا۔ اُسپر قرمطی ہونیکا جرم لگایا گیا تھا جسکی سبب سے خلیفہ بغداد نے قتل کا فتویٰ دیا تھا جب زیر بوہیل کی مجلس شراب میں طشت پر یہ سر رکھا ہوا آیا تو وزیر بہت خوش ہوا۔ ایک شاعر نے خواجہ جنک کے مرنیکا مرثیہ کہا تھا جسکے چند شعر یہ ہیں۔ اشعار

به برید سرش را که سراں را سر بود — آرائش ملک و دہر را افسر بود
گر قرمطی و جہود و یا کافر بود — از تخت بدار بر شدن هنر بود

سلطان محمود نے علی اریارق کو ہند کا سپہ سالار مقرر کرکے لاہور بھیجا تھا یہاں آکر اُسکے دماغ میں نخوت ایسی سمائی کہ سلطان سے سرتابی کی جب اُسکو سلطان نے بلایا تو نہ گیا اور امیر محمد نے بلایا تو گیا۔ جب خواجہ احمد کالنجر کے قلعہ سے لاہور میں آیا تو اُسکو سمجھایا کہ تم میرے ساتھ چلو تو میں سلطان مسعود سے تمھاری سفارش کرونگا جو بخشش امیر کو تم سے ہو رہی ہے رفع ہو جائیگی اس سمجھانے سے وہ خواجہ کے ہمراہ سلطان مسعود پاس چلا آیا۔ اب محمودی گروہ میں یہ دو سپہ سالار اریارق اور افتگین باقی رہ گئے تھے انکی اکھیڑ پچھاڑ میں مسعودی گروہ لگا رہتا تھا۔ یہ دونوں سپہ سالار بڑے زیرک و ہوشیار تھے مگر جب شراب بہت پیتے تھے تو احمق ہو جاتے تھے۔ انکی مجلسوں میں سیاہ پیشہ آتے تھے اور شراب کا دور خوب چلتا تھا اور پھر مستانہ نوشی میں حاجب بزرگ بلکاتگین کو مخنث اور علی دایہ کو مادہ اور کبتغدی سالار غلامان کو کور اور لنگ غرض ایسی پھبتیاں سب امیروں پر کہتے تھے۔ آخر کو سلطان مسعود نے اریارق کو اپنی مجلس میں شراب پلا کر اور بہت سی باتیں نوازش اور مہربانی کی کرکے اور گرفتار کرکے غزنی روانہ کیا اور غزنی سے غور میں بھجوا دیا۔

یہ اریارق کا حال دیکھکر غازی نے شراب سے توبہ کی اور امیر مسعود سے بدگمان ہوا وہ جوان تھا بڈھوں کا ادب نہیں کرتا تھا اس لیئے امیر مسعود کے کان اُسکی برائیوں سے بھرے جاتے تھے۔ ایکدن امیر کا ارادہ اُسکی گرفتاری کا ہوا مگر ایک لونڈی کی معرفت اُسکو اطلاع ہوئی وہ اپنی جان بچاکر بھاگا۔ دریائے جیحوں میں کشتی میں جارہا تھا کہ امیر مسعود کے اہلکاروں اور سپاہیوں نے اُسے آن لیا۔ کچھ ہتھیار چلے غازی کی ٹانگ میں تیر لگا کہ امیر عبدوس اُسے سمجھا سمجھو کر امیر کے پاس لے آیا اُسکا علاج کیا گیا۔ پھر ایکدن دغابازی سے اس غازی

اریارق کا حاجب دواجب الاحترام بلکاتگین اور خواجہ افتگین غازی کا گرفتار ہونا

کو گرفتار کر کے غزنی اور غزنی سے غور بھجوا دیا۔ ان دونوں سپہ سالار ونکا مال اسباب اور جو کچھ اُنھوں نے اپنی عمر میں جمع کیا تھا امیر مسعود نے ضبط کر لیا۔

جب معدان والی کرمان اس جہان سے گذر گیا تو اُسکے دو بیٹوں علیی اور ابو العساکر میں مخالفت ایسی بڑھی کہ تلواریں کھچنے لگیں۔ لشکر و رعیت دونوں علیی کے طرفدار ہوئے اس لیے وہی فرمانروا ہو گیا اور بیچارہ ابو العساکر سلطان محمود کی خدمت میں فرار ہو کر حاضر ہوا۔ جب عیسیٰ نے دیکھا کہ بھائی نے سلطان کا دامن پکڑا ہے تو اسکے دل میں بھی کھٹکا پیدا ہوا۔ اُسنے بھی سلطان کی اطاعت اور نذر و ہدیہ کا وعدہ کیا اور سلطان کے نام کا خطبہ اپنے ملک میں پڑھوایا۔ اس لیے سلطان نے اُسکو ریاست پر بدستور مامور رکھا اور ابو العساکر کو باعزت و حرمت اپنے پاس رہنے دیا اور اُسکے بھائی سے وظیفہ معقول کرا دیا۔ جب امیر مسعود سلطان ہوا تو ابو العساکر اپنے بھائی سے انتقام لینے کے درپے ہوا اور سلطان مسعود سے عرض کیا کہ اگر سلطان فوج بھیجکر کیج و کرمان کو میرے تصرف میں کرا دے تو میں آپکے نام کا سکہ و خطبہ اپنی ولایت میں چلاؤنگا اور ہمیشہ آپکا دولت خواہ رہونگا سلطان نے اسکی عرض قبول کر لی اور حاجب جامہ دار کے ساتھ ایک لشکر گراں دیکر وہاں بھیجا اور کہدیا کہ اگر عیسیٰ ملک کی تقسیم برادرانہ پر راضی ہو جائے تو فبہا ورنہ مراد اُس سے ابو العساکر کا حصہ دلا دینا۔ جب ابو العساکر لشکر کے ساتھ اس ملک کی حدود میں آیا تو عیسےٰ بھی سپاہ لیکر لڑنے کو تیار ہوا۔ اکثر آدمی اُس سے جدا ہو کر ابو العساکر سے آملے۔ مگر پھر ایسا لڑا کہ لڑائی میں مارا گیا۔ ابو العساکر اپنے موروثی ملک کا مالک ہو گیا اور اُس نے سلطان مسعود کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ اس سال میں ولایت کرکدہمدان و سائر بلاد جبال کی ریاست فراش خود تاش کو دی گئی۔ اُس نے یہاں سب طرح سے انتظام کر لیا اور سلطان مسعود کے حکم سے علاء الدولہ کو جنے یہاں اپنا علم بلند رکھا تھا اُسکے عاملوں کو نکال باہر کیا۔

سلطان مسعود ۱۳ جمادی الاولیٰ سنہ ۴۲۲ھ کو بلخ سے غزنی کیطرف روانہ ہوا۔ راہ میں بعض منزلوں میں بڑے عیش و عشرت کے جلسے کرتا خود ہر روز شراب کے نشہ میں چور ہوتا اور اپنے ہمنشینوں کو شراب سے بدمست کرتا۔ عورتوں کا ناچ دیکھتا اور قوالوں کا گانا سنتا۔ جب منزل بلف میں آیا تو یوسف بن سبکتگیں جو اُسکا چچا تھا یہاں آیا اور گرفتار ہوا۔ یوسف ایک سیدھا سادھا آدمی تھا وہ اپنے بھائی سلطان محمود کی خدمت کرتا اور جب خدمت سے فرصت پاتا تو عیش و عشرت کرتا اور شراب پیتا اُس کی دو بیٹیاں تھیں بڑی امیر محمد سے منسوب تھی۔ امیر محمد سے جس لڑکی کی شادی ہوئی تھی وہ دلہن بنتے ہی مرگئی اس لیے دوسری بیٹی کی بھی شادی امیر محمد

ولایت کرکدہمدان میں سلطان مسعود کا دخل۔

سلطان مسعود کا بلخ سے غزنی کو روانہ ہونا اور یوسف بن سبکتگین کا گرفتار کرنا

سے کردی جس سے مسعود ناراض ہوا اور جب امیر محمد سلطنت پر بیٹھا تو اُس نے اپنے اس چچا کو جو خسر بھی تھا اپنے لشکر کا سپہ سالار مقرر کر دیا تھا اس سے سلطان مسعود اور ناراض ہوا۔ غرض اُسنے اس چچا کو اپنے پاس بلا کر قید کیا اور ہندی سپاہ کی حراست میں قلعہ درد نہ میں بھیجدیا۔ یہیں اسکی زندگی ختم ہوگئی۔ اسکا غلام طغرل تھا جسنے اُسکو دغا سے گرفتار کرایا تھا۔ جمادی الاخریٰ میں سلطان غزنی میں آیا سارا شہر اُسکے آنے سے خوشی کے مارے پھولا نہ سماتا تھا۔ ہر جگہ محفل رقص و سرود دمے ور ود آراستہ ہوئی سلطان بڑی شان و شکوہ سے تخت پر بیٹھا۔ لاکھوں روپیہ خیرات و صدقہ میں دیے امیر مسعود کی یہ حرکت لوگوں کو نہایت ناپسند ہوئی کہ امیر محمد نے اپنے ارکین سلطنت و امرا غزنی کو جو روپیہ خزانہ سے انعام دیا تھا اُنسے واپس لینے کا ارادہ کیا۔ اور بہت امیروں سے روپیہ و خلعت واپس لے لیے۔ اور اپنے بھائی امیر محمد کو نابینا کر قلعہ دیج میں قید کیا امیر محمد کی سلطنت صرف پانچ مہینے رہی اور تو برس وہ قید میں رہا اور پھر ایک سال کے لیے سلطان ہوا۔

رجب ۴۳۲ھ میں غزنی میں سیل آئی اور اُس سے ہزاروں آدمیوں کا خان و مان برباد ہوا۔

ارارق کے چلے آنے سے ہندوستان کی سالاری خالی تھی۔ سلطان مسعود نے احمد نیال تگین کو ہندوستان کا سالار مقرر کیا۔ وہ بڑی شان و شکوہ سے یہاں ہندوستان میں آیا۔ امیر نیال تگین عطسہ سلطان محمود مشہور تھا اُسکی ماں اور سلطان میں نہایت اتحاد تھا۔ اس سبب سے گونگا اُسپر اور گمان تھا۔ یہاں جب ہندوستان میں وہ آیا تو پہلے یہاں قاضی شیرازی حکمرانی کر رہے تھے۔ ان دونوں میں آپس میں نارضامندی ہوئی سلطان مسعود تک شکایت کی نوبت پہنچی۔ سلطان نے حکم بھیجدیا کہ احمد نیال تگین سپہ سالار ہند ہے اور قاضی شیراز مال کا افسر ہے۔ قاضی ٹھاکروں سے اپنا خراج وصول کرے سپاہ کے باب میں دخل نہ دے۔ گھراور دوراہ میں نزاع نہیں ہونی چاہیئے اس سے امیر نیال تگین بڑا خوش ہوا اور اپنے لشکر سمیت لاہور میں آیا۔ اور یہاں سے چلکر دریائے گنگ کے بائیں کنارہ سے اُتر کر بنارس میں پہنچا۔ یہ شہر سے دو فرسنگ تھا۔ بزازوں عطاروں و گوہر فروشوں کے تین بازار تھے۔ انکو لوٹ کر سارا لشکر اُسکا متمول ہوگیا۔ وہاں راتکو رہنے میں خطرہ تھا اسلیے احمد نیال تگین واپس چلا آیا۔ قاضی شیرازیہ دیکھکر دیوانہ ہوگیا اُس نے سلطان کو خبر دی کہ احمد نیال تگین بنارس کی لوٹ سے مالا مال ہوگیا ہے اور اس غنیمت میں بہت خیانت اُسمیں کی ہے۔ کچھ سلطان کو بھیجا ہے اور باقی مال اُس نے ہضم کیا ہے۔ اور ایسی خبریں اوروں نے بھی سلطان کو دیں۔ ابتک بنارس کے فتح کرنے کے لیے کوئی مسلمان نہیں گیا تھا۔ سلطان مسعود صد ہزارہ باغ میں تھا کہ اس پاس اس مضمون کے خطوط

احمد نیال تگین کا سالار ہند مقرر ہونا اور اُس کا بنارس جانا

تلک ہندو کا سالار ہند مقرر ہونا

آئے کہ احمد نیال تگیں لاہور میں آگیا ہے۔ ترکمان اور بہت مفسد اُسکے ساتھ ہیں اور ہر جنس کے آدمی اُس کے پاس آتے جاتے ہیں اگر اُسکی جلد خبر نہیں لیجائیگی تو جھگڑا بڑھ جاویگا۔ سلطان نے مجلس شورے کو جمع کیا اور اُس میں سلطان کی یہ رائے ہوئی کہ تلک نے جو درخواست ہند کی سالاری کے لیے کی ہے وہ منظور کیجائے اسلیے کہ وہ ہندوستانی ہے۔ گرمی کا موسم ہے۔ ان دنوں میں ہندی سے اچھی طرح کام ہونے کی زیادہ توقع ہے۔ غرض تلک بڑی شان وشکوہ کے ساتھ ہندوستان روانہ ہوا۔ یہ تلک نائی کا لڑکا تھا لیکن صورت وجیہ اور زبان فصیح رکھتا تھا۔ ہندی وفارسی میں خوشخط تھا اور عشوہ وناز کرنے میں سحر کرتا تھا۔ قاضی شیراز ابوالحسن پاس رہکر تربیت پائی تھی پھر خواجہ احمد کا وہ معتمد خاص ہوگیا تھا۔ اسی طرح تربیت وتعلیم پانے سے وہ بہت لایق فائق ہوگیا تھا۔ سلطان مسعود نے تلک اور قاضی کے پاس احکام روانہ کردیے تھے کہ وہ دونوں ملکر احمد نیال تگیں کا کام تمام کریں۔ جب تلک لاہور میں آیا تو اُسنے چند مسلمانوں کو جو احمد نیال تگیں کے بڑے یار غار تھے قید کیا اور انکے داہنے ہاتھ کٹوا دیئے۔ اس سیاست وشمت سے احمد نیال تگیں کے ساتھیوں کے دلوں میں ایسا خوف پیدا ہوا کہ وہ اس سے جدا ہوکر تلک سے امان مانگنے لگے۔ پھر پولیس اور مال کا کام درستی سے ہونے لگا۔ تلک بہت سے آدمیونکو جنمیں سے اکثر ہندو تھے ساتھ لیکر احمد نیال تگیں کے پیچھے پڑا۔ راہ میں لڑائیاں ہوتی تھیں تلک اُس کے آدمیونکے دل زیب باتوں سے اپنی طرف کرلیتا تھا۔ احمد نیال تگیں ایک جگہ جم کر خوب لڑا مگر ہزیمت پائی۔ ترکمانوں نے اسے بالکل چھوڑ دیا اور وہ تلک پاس آگئے۔ احمد تین سو سواروں اور اپنے چند خاص آدمیوں کے ساتھ جو سخت مجروح تھے بھاگا۔ تلک نے جاٹونکے سردارونکو چٹھیاں لکھیں کہ وہ اگر احمد نیال تگیں کو زندہ پکڑکر یا اُسکا سر کاٹکر بھیجدینگے تو پانچ لاکھ درم اُسکے عوض میں انعام دیے جائینگے ان جاٹوں نے احمد نیال تگیں کو ایک دریا میں گھیر کر مار ڈالا اور اُسکے بیٹے کو پکڑلیا اور تمام مال واسباب اُسکا لوٹ لیا جس سے وہ مالا مال ہوگئے۔ جاٹوں نے تلک پاس نیال تگیں کا سر اور اُسکا بیٹا بھیجکر زر عفو کی درخواست کی جسکے جواب میں تلک نے جاٹوں سے یہ کہا کہ تمکو لوٹ سے بہت کچھ مال ملگیا ہے۔ غرض بعد تکرار کے ایک لاکھ درم پر فیصلہ ہوگیا۔ جب سلطان کے پاس یہ فتحنامہ پہنچا تو بہت خوشیاں اُسنے منائیں اور تمام ممالک میں اس فتح کو مشتہر کرایا۔ اپنے امیرونکو اس نوید پر مطلع کیا اور تلک کو حکم بھیجا کہ وہ احمد نیال تگیں کا سر اور اُسکے بیٹے کو لیکر یہاں چلا آئے اور اُسکے کاموں کی بہت تحسین وآفریں کی۔ آدم علیہ السلام کے عہد سے یہ حال چلا آتا ہے کہ جس بندہ نے اپنے خداوند سے سرتابی کی اُسکا سر برباد ہوا۔ جیسا کہ احمد نیال تگیں کا ہوا۔ سلطان نے شاہزادہ

کرمان کی مہم میں ہندی سپاہ کے سبب سلطان کے لشکر کا شکست پانا۔

امیر مجد الدین کو ہندوستان کا سالار مقرر کیا اور خلعت دیکر اُسے لاہور روانہ کیا۔ اور یہ تین امیر اُس کے ساتھ کیے۔ منصور بن ابو القاسم علی نوکی۔ سعد سلماں۔ سرہنگ محمد۔

پہلے لکھ آئے ہیں کہ حاجب جامہ دار کے ساتھ لشکر بھیجکر ابو العساکر کو کرمان میں سلطان مسعود نے فرمانروا بنا دیا تھا۔ ایسا انتظام ہوگیا تھا کہ رعایا آرام سے رہتی تھی۔ امیر مسعود کو خبرداروں نے خبر دی کہ اس ملک میں امیر بغداد حاکم ہے وہ اپنی خویشتن آرائی اور تن آسانی میں مصروف ہے کہ مفسد فساد کرتے ہیں اُسکی وہ پروا نہیں کرتا کام میں ایسا سست مگر ہمت میں ایسا چست ہے کہ اس ساری ولایت کو خود لے لینا چاہتا ہے۔ سیستان کے آخر حصہ سے کرمان ملا ہوا تھا اور اُسکے دوسرے طرف رَی اور سپاہان سے ہمدان تک سلطان مسعود کا لشکر پھیلا ہوا تھا بعد صلاح و مشورے کے یہ صلاح پائی کہ احمد علی نوشتگین کو کرمان کا والی اور سپہ سالار مقرر کرکے بھیجدیا جائے چنانچہ وہ دو ہزار سوار ترک اور ایکہزار سوار ہندی اور ایکہزار سوار کرد اور عرب اور ہر قسم کے پیادے پانچ پانچ سو اُسکے ہمراہ ہوئے وہ کرمان میں بڑے تزک اور احتشام سے روانہ ہوا۔ عامل سیستان کو لکھا گیا کہ دو ہزار پیادے سکزی تیار رکھے۔ اس لشکر نے جاکر کرمان پر قبضہ کرلیا۔ اور دیلم کے اوباش جو یہاں جمع تھے انکو نکال دیا اور بالکل انتظام ہوگیا۔ امیر بغداد اس سے آزردہ ہوئے غصہ میں آنکر خط لکھا اور ایلچی کے ہاتھ بھیجا۔ یہاں سے خط کا جواب گیا کہ یہ ولایت ہمارے ملک سے دو جانب سے ملی ہوئی ہے۔ وہاں کی رعایا نے ہمسے فریاد کی کہ ہمکو مفسد ستاتے ہیں یہ ہمپر فرض تھا کہ مسلمانوں کو اس بلا سے بچائیں۔ سوائے اسکے خلیفہ امیر المومنین بغداد نے ہم کو فشور بھیجدیا ہے کہ اس ولایت کی خبر رکھیں امیر بغداد نے اُس پر خلیفہ بغداد کو بھی برا بھلا کہا۔ اس مراسلت سے رنجش اور بڑھ گئی آخر کو سپہ باقیہ اور حاجب امیر بغداد دس ہزار سوار لیکر کرمان میں آئے برماشیر میں ایک جنگ عظیم ہوئی۔ احمد علی نوشتگین نے ہرچند کوشش کی مگر ہندوؤں نے ایسی سستی کی کہ وہ سپاہ کا بھی دل شکستہ ہوگیا اور لشکر کو شکست ہوگئی۔ احمد علی نوشتگین قائن کی راہ سے نیشاپور میں آگیا تھا۔ ہندی سپاہ سیستان میں آگئی اُنکے سردار باغ صد ہزارہ کے ایک مکان میں اُتارے گئے۔ انپر ایسی سختی ہوئی کہ اُن میں سے چھ سرداروں نے اپنے تئیں کٹار مار کر ہلاک کیا اُسپر سلطان نے کہا کہ یہ کٹاریں جو اپنے تئیں لگائیں وہ کرمان میں لگانی چاہیئے تھیں۔ باقی ہندی سرداروں کا قصور معاف کردیا۔ اس شکست کا الزام ہندیوں کے ذمے ناحق لگایا جاتا ہے اس سے کہیں زیادہ اور ملکوں کی سپاہ لڑائی میں موجود تھی۔

اُن سلجوقی کی فرمانروائی کا حال باب دوم میں پڑھ لو۔ طغرل بیگ و چغر بیگ جیحوں سے عبور کرکے

سلطان مسعود کی سلجوقیوں سے لڑائی

نسا میں پہنچے۔ اور وہاں کے بیابان میں اترے اور تھوڑے دنوں بعد ایک ایلچی زبان دان سلطان مسعود کے پاس بھیجا اور اپنے وفاق وحسن اتفاق کا پیغام بھیجا۔ سلطان مسعود کو یہ بات پسند نہ آئی کچھ بری بھلی باتیں بنا کر ایلچی سے کہلا بھیجا کہ آل سلجوق کی صلاح حال اسی میں ہے کہ ہمارے ملک سے باہر چلے جائیں جب طغرل بیگ وجقر بیگ کو امیر مسعود کی اعانت سے مایوسی ہوئی تو انھوں نے اموال رعایا پر دست درازی شروع کی اور اسباب محاربہ تیار کیا۔ جب سلطان مسعود کو خبر پہنچی کہ وہ نسا و ابیورد میں رعایا کو ستا رہے ہیں تو اُسنے بکتغدی خاں کو سپاہ جرار کے ساتھ روانہ کیا اور بڑا خزانہ بھی ہمراہ کیا اور آل سلجوق کے نکالنے کا حکم دیا۔ غرض امیر ان سلجوق اور سلطان مسعود کے لشکر میں جنگ عظیم ہوئی اور بکتغدی خاں کو شکست فاش ہوئی۔ جب بھگوڑوں نے سلطان مسعود سے یہ حال بیان کیا تو وہ خود دارالملک غزنی سے خراسان کی طرف اس ارادہ سے روانہ ہوا کہ آل سلجوق کو بالکل دفع کرے۔ اعیان سلطنت سے اس باب میں مشورہ لیا۔ اُن میں سے ارباب خرد نے یہ صلاح دی کہ کوئی ناصح مشفق تحف وہدایا دیکر طغرل وجقر کے پاس بھیجنے چاہیئے کہ وہ اُنکو ایسی نصیحت کرے کہ یہ فساد رفع ہو جائے۔ سلطان نے ایلچی بہت سے تحفے دیکر سلجوقیوں کے پاس بھیجے اور جو کچھ کہ ہو چکا اسکی معذرت کی کہ یہ احمقوں کی حرکت ناشائستہ تھی اب آپ ماضی ماضی پر عمل فرمایئے اور پہلی باتوں کو بھول جایئے مخالفت کو دل سے نکالیئے اور مصادقت وموافقت کیجیے اور ہمنے اپنے امیرونکی تین لڑکیاں طغرل بیگ وجقر بیگ وریتاغ بیگ سے بیاہنے کے لیے تجویز کی ہیں۔ اس مصاہرت سے منازعت دور ہوگی۔ بلا دوعباد آفت مخالفت سے امن ہونگے۔ جب ایلچی اُردوئے سلجوق میں پہنچا اور یہ پیغام دیا تو جواب میں جقر بیگ نے کہا کہ بالفعل سلطان مسعود نے نہایت لطف وکرم کے کلمات دل پزیر ارشاد فرمائے ہیں اور جو مروت انسانیت کا اقتضا تھا وہ کام کیا ہے لیکن یہ معلوم نہیں کہ اُسکے بعد سلطان کے افعال اپنے اقوال کے موافق ہونگے یا نہیں۔ اگر زبان کے موافق دل ہوگا تو ہم اُسکے مطیع ہیں اور اُسکے خواہاں ہیں کہ خونریزی نہو اور رعایا امن میں رہے اور اگر اس پیغام کے خلاف ظاہر ہوگا تو جو خدا کا ارادہ ہوگا وہ ظہور میں آئیگا۔ جب ایلچی یہ جواب لیکر سلطان مسعود کے پاس آیا تو وہ بہت مسرور اور خوش ہوا اور والی مرو کو حکم بھیجا کہ وہ ان تینوں امیروں کی خدمت بجالائے اور تینوں لڑکیوں کی عروسی کا سامان طیار کرے۔ جب یہاں سب تیاری ہو چکی اور امرا سلجوقی پاس ایلچی پیغام لیکر گیا تو اُن بیباک ترکمانوں نے اپنی حماقت سے سلطان مسعود کو گالیاں دیں اور کہا کہ اگر لڑنے سے پہلے سلطان یہ لکھتا تو محبت و داد کی بنیاد مستحکم ہوتی۔ اب ان مزخرفات کلمات سے

کچھ فائدہ نہیں۔ جب سلطان کو یہ خبر ہوئی تو اُسنے سلجوقیوں سے لڑنے کا مصمم ارادہ کیا۔ ان ترکمان سلجوقیوں نے سلطان مسعود کے تمام ممالک میں متفرق ہوکر غدر مچا دیا۔ سلطان نے سیاشی کو سپہ سالار مقرر کیا وہ تین برس تک جا بجا ان سلجوقیوں سے لڑتا پھرا۔ روز بروز سلجوقیوں کا ستارۂ اقبال زیادہ چمکتا جاتا تھا۔ سیاشی ہر چند کوشش کرتا مگر کامیاب نہیں ہوتا تھا۔ سلطان مسعود نے پریشان ہوکر عزم کیا کہ خراسان کی جانب خود جاے لیکن پسر و وزیر اسکے مانع ہوئے اُنھوں نے عرض کیا کہ سلطان اگر خود جائیگا تو یہ طائفہ عاجز ہوکر دور کی بیابانوں میں چلا جائیگا۔ اور پہاڑوں میں چھپکر ہوبیٹھے گا۔ جب سلطان مراجعت فرمائیگا تو وہ پھر جنگل سے لومڑیوں کی طرح نکلکر تخریب بلاد اور تعذیب عباد میں کوشش کریگا اور اگر وہ صف کھینچکر لڑا اور جسم سلطانی کو چشم زخم پہونچایا تو ہمیشہ بدنامی ہوگی۔ اسطرح کی ناصحوں نے نصیحت کرکے سلطان کو اپنے ارادے سے باز رکھا۔ پھر سلطان بساط نشاط وانبساط بچھاکر پریوں پیکروں کے ساتھ عیش وعشرت میں مصروف ہوا۔ شراب پر زور کے نشہ میں شب و روز چور رہنے لگا۔ زمانہ زبان حال سے مخاطب ہوکر یہ اشعار پڑھنے لگا۔ ؎

شاہازمی گراں چہ برخواہد خواست ۔۔۔ وزمستی بیکراں چہ برخواہد خواست

شہ مست وجہان خراب و دشمن پس و پیش ۔۔۔ پیداست کز آں میان چہ برخواہد خواست

۴۲۳ھ میں التونتاش سپہ سالار سلطان مسعود کے حکم سے خوارزم سے ماوراء النہر میں آیا۔ یہاں علی تگین کو سمرقند اور بخارا میں بڑا غلبہ ہوگیا تھا۔ اور دارالسلطنت غزنی سے التونتاش کی مدد کیواسطے پندرہ ہزار سوار جرار متعین ہوئے تھے اور حدود بلخ میں اس سے آملے تھے۔ آب امویہ سے التونتاش عبور کرکے اول بخارا میں آیا اور اُس کو ایک حملہ میں تسخیر کرکے سمرقند کیطرف متوجہ ہوا۔ علی تگین رزم کا عزم کرکے شہر سے باہر آیا۔ اور ایسی جگہ لشکرگاہ بنایا جس کے ایک طرف آب رود اور بہت سے درخت تھے۔ اور دوسری طرف یہاں بلند پہاڑ۔ جب آتش جنگ گرم ہوئی تو علی تگین کے آدمیوں نے کمین میں سے نکلکر التونتاش کے بہت آدمیوں کو ہلاک کیا اور التونتاش کے بھی زخم کاری ہاتھ پر اُس جگہ لگا کہ وہ ہند کی لڑائی میں منجنیق سے پہلے زخمی ہوچکا تھا۔ باوجود اس زخم کے وہ اتنا ثابت قدم رہا کہ اُس نے علی تگین کی بہت سے سپاہیوں کو قتل کیا اور باقی سپاہیوں کو بھگا دیا جب رات کو اپنی منزل پر آیا تو اُسنے اپنے امرا اور اعیان سے زخم کا حال بیان کیا کہ یہ ایسا سخت ہے کہ کسی طرح میں بچ نہیں سکتا۔ تم سب کو چاہیے کہ اپنا اپنا چارہ آپ کرلو۔ امیروں نے مشورہ کرکے علی تگین سے پیغام صلح بھیجا کہ بخارا سلطان مسعود کا اور سمرقند تمہارا رہے۔ اس پر علی تگین راضی ہوگیا۔ سلطان

مسعود کا لشکر خراسان کو اور علی تگین کا لشکر سمرقند کو روانہ ہوا۔ اسی رات کو التونتاش نے وفات پائی سلطان نے جب یہ خبر سُنی تو اُسکے بیٹے ہارون کو خوارزم کی حکومت عنایت فرمائی۔

احمد بن حسن کا انتقال

۴۲۴ھ میں وزیر احمد بن حسن میمندی نے وفات پائی۔ سلطان نے اُسکی جگہ ابونصر احمد بن محمد ابن عبد الصمد کو کہ خوارزم میں ہارون بن التونتاش کا وزیر اور نائب تھا اپنا وزیر مقرر کیا۔

سلطان کا جرجان جانا پھر ہندوستان آنا

اس اثنار میں سلجوقی دریا جیحون سے گذر کر نیشاپور کے ہمسایہ میں اقامت گزیں ہوئے جب اُنکی قدرت بڑھی تو وہ سلطان مسعود سے اپنی عداوت دکھانے لگے ۴۲۶ھ میں سلطان مسعود نے جرجان اور طبرستان پر لشکر کشی کی۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ عراق میں جو حاکم اُسکی طرف سے تھے اُنہوں نے اُس سے امداد طلب کی تھی۔ ابوسہیل حمدانی جو ری کا حاکم تھا اُس نے سپاہ بھیجکر اہل قم اور ساوہ کو جو غدر مچا رہے تھے مطیع کیا سلطان مسعود جرجان سے غزنی میں آیا اور ہند کی طرف روانگی کا ارادہ کیا۔ ہر چند امیروں اور اعیان سلطنت نے اُسکو سمجھایا کہ پہلے آپ کو چاہیے کہ سلجوقیوں کو ملک سے نکالیے پھر ہندوستان کا قصد کیجیے۔ مگر سلطان مسعود نے کہا کہ میں نے بیماری میں نذر مانی تھی کہ صحت کے بعد میں ہند کے فلاں قلعہ کو فتح کرونگا جسمیں بہت سے کافر جمع ہیں وہ غزنی سے ۱۹ ذی الحجہ ۴۲۶ھ کو ہندوستان کی طرف روانہ ہوا۔ کابل کی راہ سے وہ ۲۵ محرم کو دینار کوٹ پر دریا جہلم کے کنارہ پر خیمہ زن ہوا۔ اور یہاں وہ بیمار پڑا اور چودہ روز تک بیمار رہا۔ اس بیماری میں شراب سے توبہ کی اور ساری شراب کو دریا جہلم میں بھکوا دیا اور اُسکے برتنوں کو توڑ ڈالا۔ پھر محتسب مقرر کر دیئے کہ کسی شخص کو ظاہر شراب نہ پینے دیں۔ بوسعید مشرف کو چکی ہندو سے لڑنے کو بھیجا مگر پھر اُس کا حال معلوم نہیں کہ کیا ہوا سلطان کو جب صحت ہوگئی تو وہ جہلم سے چلا اور نہم ربیع الاول کو قلعہ ہانسی پر پہونچا۔ قلعہ کے پیچھے لشکر اُتارا بڑی سخت لڑائی ہوئی۔ اہل قلعہ نے جنگ کرنے میں کوئی کسر نہیں رکھی۔ لشکر سلطانی نے بھی داد شجاعت دی قلعہ کی دیوار کے نیچے پانچ جگہ سُرنگ لگائی اور دیوار گرائی اور تلوار سے اس قلعہ کو فتح کرلیا۔ اس قلعہ کو ہندوستان کا قلعہ الغدر کہنا چاہیے کیونکہ اب تک اُسکو کسی نے فتح نہیں کیا تھا وہ دوشیزہ ہی تھا۔ اور بہت غنیمت لشکر منصور کو ہاتھ آئی۔ پھر یہاں سے قلعہ سونی پت کی طرف متوجہ ہوا۔ یہاں کا راجہ دیپال ہری جنگل میں بھاگ لشکر اسلام نے اس قلعہ کو فتح کرلیا۔ پھر دیرہ رام پر گئے۔ رام نے اپنی ضعیفی کا عذر کرکے سلطان کو نذر دیکر صلح کرلی۔ اب یہاں سے سلطان نے غزنی کا ارادہ کیا۔ راہ میں برف و باران کے ہاتھ سے بڑی تکلیف اُٹھائی۔ بہت مشکل سے غزنی پہونچا۔ وہاں توبہ شکن جشن کیا۔ شراب جو توبہ کے بعد نہیں پی تھی اب پی

اس ہانسی جانے سے سلطان کی مملکت میں بڑے شور و فساد عظیم برپا ہوئے۔ خراسان میں سلجوقی ترکمانوں کی قوت بڑھ گئی۔ علاء الدین ابن کاکو یہ جو سلطان کی طرف سے حاکم عراق تھا اس نے ابو سہیل حمدانی کو ری نکالدیا۔ ابو کالنجار جو مسعود کا مخالف تھا طبرستان میں قوی حال ہوگیا۔ ایک شاعر نے یہ قطعہ بھی پیش کیا ؎

مخالفان تو بودند مور مار شدند — برآر از سر موران مار گشتہ دمار

عدوے را مدہ ہرگز رہ امان ازین پیش — کہ اژدہا شود اررو زگار یابد مار

سنہ ۴۳۰ھ میں غزنی سے باہر نکلا اور اور جرجان میں پہونچا۔ ان دنوں میں جرجان کے قریب ایک قلعہ میں ایک شخص نے اوباشوں اور چوروں کی ایک جماعت اپنے پاس جمع کی تھی اور اس نواح میں وہ رہزنی کرتا تھا۔ جب سلطان مسعود یہاں آیا تو چوروں کے سردار نے قلعہ میں پناہ لی۔ مسعود نے فریب سے اس قلعہ کو فتح کرلیا اور اسی چوروں کو دار پر کھینچا۔ سلطان بلخ میں پہونچا۔ وہاں کے رئیسوں نے عرض کی کہ نوشتگین نے حضور کی غیبت میں جرأت و جسارت کرکے کئی دفعہ دریا سے عبور کرکے ہمکو غارت اور قتل کیا۔ مسعود نے کہا کہ اس جاڑے میں اُنکا سب کام تمام کئے دیتا ہوں۔ اس پر امرا اور نوابوں نے غل مچادیا کہ دو سال ہوئے کہ سلجوقی خراسان سے خراج لیتے ہیں اور وہاں کے آدمی اُنکے مطیع ہوئے جاتے ہیں اول اُنکو دفع کرنا چاہئے۔ مسعود کی بخت کے دن تھے اُس نے کچھ نہ سنا اور دریا سے عبور کرکے نوشتگین کے پیچھے پڑا۔ جاڑے کا موسم تھا لشکر پر ایسی برف پڑی کہ اس سے سپاہ غزنی کو بڑی زحمت اُٹھانی پڑی۔ اس اثنا میں سُنا گیا کہ داؤد سلجوقی سرخس سے بلخ کی طرف متوجہ ہوا ہے اس لئے ناچار مسعود کو پھرنا پڑا۔ نوشتگین کو جب اس مراجعت کی خبر ہوئی تو وہ بھی اُسکے پیچھے روان ہوا۔ اُسکے گھوڑوں اور اونٹوں کو لوٹ لیا۔ ہر طرف سے مسعود کی ذلت و رسوائی ہونے لگی اور سلجوقیوں سے لڑائیاں ہوئیں اور آخرکار سلطان کو سلجوقیوں کے ساتھ معرکہ آرائی کی قوت نہ رہی۔ جب سلطان بلخ میں آیا تو داؤد مرو کو چلا گیا۔ سلطان مسعود اپنے پسر مودود کو ہمراہ لیکر حقیر بیگ کے تعاقب میں گورکان گیا۔ جب ترکمانوں کو خبر ہوئی کہ سلطان مرو کی طرف جاتا ہے تو ایلچی بھیجکر پیغام بھیجا کہ ہم آپکے غلام و مطیع ہیں اگر ہماری چراخور کی جگہ معین ہوجائے کہ ہم وہاں اپنے ستور اور اہل و عیال کے ساتھ رہیں کہ ہم نہ کسی سے کار رکھیں نہ کوئی ہمکو آزار دے ہم آپکی ملازمت کیلئے حاضر ہیں اس درخواست کا قبول کرنا آپکی عنایت سے بعید نہوگا۔ سلطان مسعود نے اس ملتمس کو بیغو کے پاس بھیجا کہ اس جماعت کا سردار تھا کہ اُن سے وثیقہ لکھوالے کہ اس کے بعد وہ کسی حرکت ناشائستہ کے مرتکب نہونگے اور چراخور اُنکی

متعین کردے۔ یوں قول و قرار ہوکر وہ ہرات کی طرف متوجہ ہوا۔ ایک ترکمانوں کی جماعت نے مسعود کی لشکر کے چند آدمیوں کو مار ڈالا اور کچھ اسباب لوٹ کر لیگئے۔ سلطان نے اس جماعت کی ترکمانوں کے تعاقب میں اپنے آدمیوں کو بھیجا۔ جنہوں نے ان سب کو قتل کیا اور اُن کے اہل و عیال کو اسیر کرکے اُنکی سرُوں کو سلطان مسعود پاس لائے۔ سلطان نے یہ تمام سر گدھوں پر لاد کر پیغو کے پاس بھیجدیئے اور کہلا بھیجا کہ جو کوئی نقض عہد کریگا ایسی سزا کا سزاوار ہوگا۔ پیغو نے عذر کیا کہ مجکو اسکی خبر نہ تھی۔ آپنے جو مجرموں کو سزا دی وہی میں اُنکو سزا دیتا۔ سلطان مسعود ہرات سے نیشاپور گیا۔ اور وہاں سے طوس میں آیا۔ ترکمانوں نے اُس پر حملہ کیا اور شکست پائی۔ ان دنوں میں خبر آئی کہ باذآورد کے آدمیوں نے اپنا قلعہ ترکمانوں کو دیدیا۔ سلطان مسعود نے اس قلعہ کو فتح کرکے وہاں کے آدمیوں کو قتل کیا اور پھر نیشاپور میں آگیا اور جاڑا ہیں بسر کیا جب موسم بہار آیا تو ۴۳۱ھ میں طغرل بیگ سے لڑنیکے لئے باذآورد میں گیا۔ طغرل بیگ کو خبر ہوئی وہ ترن و باذآورد کی طرف بھاگا۔ سلطان مہنہ کی راہ سے سرخس میں آیا۔ مہنہ کے رہنے والے خراج نہیں دیتے تھے۔ انمیں سے کسی جماعت کو قتل کیا کسی جماعت کے ہاتھ کٹوائے۔ حصار انکا ویران کردیا۔ وہاں سے وندانقاہ میں آیا۔ رمضان ۴۳۱ھ کو ترکمانوں نے چاروں طرف سے ہجوم کرکے غزنی کی راہوں کو بند کردیا۔ ناچار سلطان کو لڑنا پڑا۔ دونوں میں جنگ عظیم ہوئی۔ اس اثنا میں بڑے بڑے سردار غزنی کے ترکمانوں سے جاملے۔ سلطان اپنے نفس نفیس سے لڑتا رہا اور ترکمانوں کے چند سرداروں کو قتل کیا۔ جو لشکر سلطان کے ساتھ تھا اُس نے بھی دغا کی اور وہ میدان جنگ سے غزنی کو بھاگے۔ سلطان پاس اب کوئی باقی نہ تھا ناچار تنہا اپنی مردانگی سے معرکہ سے باہر آیا اور مردمیں پہونچا۔ کچھ لشکر اُس کا یہاں آن کر ملا غور کی راہ سے وہ غزنی میں آیا۔ جو سردار لڑائی میں بھاگے تھے مثل علی دایہ و حاجب شیبانی و بکتغدی اُنسے ڈنڈلیکر ہندوستان کے قلعوں میں مقید کیا۔ اکثر ان میں سے قید ہی میں مرگئے۔ اب سلطان سلجوقی ترکمانوں کے ہاتھ سے ایسا تنگ آیا کہ اُس نے ہندوستان کا قصد کیا کہ یہاں آنکر سپاہ کو جمع کرے اور پھر سلجوقیوں کو سزا دے۔ شہزادہ یزدیار نغز سے غزنی میں آیا اور اسی قلعہ سے امیر محمد کو غزنی میں اپنے ساتھ لایا تھا۔ امیر محمد کو قلعہ غزنی میں بھیجدیا اور سگزی امیر خرس کو اُس پر متعین کردیا۔ امیر محمد کے ساتھ اُسکے چار بیٹے۔ امیر محمد احمد۔ عبدالرحمن عمر۔ عثمان تھے۔ ان چاروں بھتیجوں کی خستہ حالی پر امیر مسعود کو افسوس ہوا۔ اُن کو خلعت گراں بہا عطا کئے گھوڑے سواری کو دیئے اور وظیفے اُن کے مقرر کردیئے اور ہزار ہزار دینار ہر ایک کو دیئے اور امیر احمد کے ساتھ اپنی بیٹی حرّہ گوہر کو منسوب کیا۔

امیر محمد اور اُسکے بیٹوں کے ساتھ سلوک

معتمدوں کو حکم بھیجا کہ خزانے زر و درم و جواہر کے و جامہ اور سب طرح کی چیزیں جو ایسی ہیں اُنکو اونٹوں پر لادو اور سب بہنوں اور ماں بیٹیوں کو حکم دیدیا کہ وہ ہندوستان کے سفر کے لئے آمادہ ہوں اور غزنی میں کوئی چیز ایسی نہ چھوڑی کہ اُس سے دلکو تعلق باقی رہے۔ وزیر کو نامہ لکھا کہ ہم دامے ہندو مرمنارہ و پشور کبری میں جاڑے کے موسم میں رہینگے۔ ہم سے پشور میں تم آنکر ملو۔ وزیر اس ارادہ کا مانع ہوا۔ اور اس طرح اُسکو خط لکھا جیسے کہ کوئی برابر والے کو لکھتا ہے اور صاف صاف یہ لکھا کہ حضور اُس طرف تشریف فرما ہونگے تو دشمن بلخ کے دروازہ پر لڑینگے اور آپ کو شہر کے اندر نہیں داخل ہونے دینگے۔ لوگوں کے دل ہماری طرف سے ایسے برگشتہ ہورہے ہیں کہ وہ شہر کو چھوڑے جاتے ہیں اور ہم سے لڑتے ہیں۔ اگر حضور ہم غلاموں کو حکم دیں تو ہم دشمنوں کو وہاں سے نکال دیں۔ حضور کو ہندوستان میں جانیکی ضرورت نہیں ہے۔ جاڑے میں غزنی میں رہیں۔ یہاں کوئی دہشت کی بات نہیں ہے۔ پوتگین کو میں نے بھیجدیا ہے۔ وہ دشمنوں پر غالب ہوکر یہاں آنے والا ہے۔ اگر حضور ہندوستان تشریف فرما ہونگے اور اہل حرم و خزانوں کو ساتھ لیجائینگے اور یہ خبر منتشر ہوگی اور دوست دشمنوں کے کانوں تک پہونچیگی تو حضور کی آبرو جاتی رہیگی۔ ہندوؤں پر ایسا اعتماد نہیں ہے کہ اپنے اہل حرم اور خزانے اُن کی زمین میں بھیجے جائیں۔ میں ہندوؤں کی وفاداری پر چنداں اعتماد نہیں کرتا۔ غلاموں کو جو ویرانہ میں لیجانے کے لئے خزانے حوالہ کئے جاتے ہیں اُنکا کیا اعتماد ہے کہ وہ خزانوں کو جنگل میں نہ لوٹ لینگے۔ سلطان نے جو اب تک ہمارے کہنے کو نہیں مانا ہے اُس کا انجام دیکھ لیا کہ کیا ہوا۔ اگر خدانخواستہ حضور ہندوستان کو روانہ ہوئے تو رعیت کا دل شکستہ ہوجائیگا۔ بندہ نے یہ نصیحت کی اور حضور کا حق نعمت ادا کیا اور جوابدہی سے چھٹکارا پایا۔ آگے جو حضور کی رائے ہو وہ رائے ہے۔ سلطان مسعود نے جب اس نامہ کو پڑھا تو اُس نے کہا کہ وزیر خوفزدہ ہوگیا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ وہ کیا لکھتا ہے اُسکو جواب لکھو کہ جو کچھ میں نے فیصلہ کیا ہے وہی عین صواب و مصلحت ہے اور خواجہ نے جو لکھا ہے اُسکو میں جانتا ہوں کہ شفقت کے سبب سے لکھا ہے۔ مگر تم میرے حکم کے آیندہ منتظر رہو۔ جس سے تمکو معلوم ہوگا کہ جو میں نے سوچا ہے وہ تم نہیں سوچ سکتے ہو۔ جب سلطان کا یہ جواب آیا تو سب مایوس ہوئے اور سفر کی تیاری شروع کی۔ بوعلی کوتوال بلخ سے تمام کام وہاں کے درست کرکے آیا تھا اُسے شہر و قلعہ اور نواح غزنی حوالہ کیا۔ شاہزادہ مودود کو بلخ کی امارت دی اور خواجہ محمد بن عبدالصمد وزیر کو اور چار ہزار سپاہ کو اُسکے ساتھ کیا۔ شاہزادہ مجدود کو جو لاہور سے آیا تھا اُسکو دو ہزار سپاہ دیکر ملتان روانہ کیا کہ وہاں کا انتظام کرے۔ اور شاہزادہ ایزدیار کو کوہ غزنی بھیجا کہ وہاں جو افغانوں نے غدر فساد مچا رکھا ہے اُسے مٹائے

غرض سارے ملکوں کا انتظام ارکان سلطنت کو سپرد کرکے لاہور کی جانب سے معہ اہل وعیال وخزانوں کے روانہ ہوا۔ سلطان مسعود کی سلطنت کا رعب اُٹھ گیا تھا اور سپاہ خود سر ہوگئی تھی۔ غزنی میں سلجوقیوں کے مقابلہ کے لئے وہ فوج نہیں جمع کرسکتا تھا بلکہ اتنی جمعیت بھی بہم نہیں پہونچا سکتا تھا کہ اُسکے ذریعہ سے فسادوں کو روکے اس حالت میں اسکا یہ منصوبہ غلط تھا کہ وہ ہندوستان میں لشکر اور اُس کا سامان ایسا بہم پہنچا لیگا کہ وہ سلجوقیوں کے پست کرنیکو کافی ہوگا۔ خود دریائے سندھ سے اُتر آیا تھا اور خزانے دریا کے پار تھے کہ خاص غلاموں کے امیر تونتگین کی نیت بگڑی اور آپس میں اتفاق کرکے خزانوں کو لوٹ لیا اور اندھے امیر محمد کے پاس گئے اور اُسکو تخت سلطنت پر بٹھایا۔ پر چند اُس نے انکار کیا۔ مگر غلاموں نے کہا کہ آپکی دولت خواہی کے لئے تو یہ ہمنے گناہ کیا ہے۔ اگر آپ نہیں مانینگے تو دوسرے کو سلطان بنائینگے اور آپ کو مار ڈالینگے۔ ناچار اس اندھے امیر کو سلطانی قبول کرنی پڑی اور اُس کے ساتھ دریائے سندھ سے عبور کرکے سلطان مسعود سے لڑنا شروع کیا۔ سلطان مسعود لاچار ہوکر باطمام میں بھاگا وہاں سب چھوٹے بڑوں نے اُسے چھوڑ دیا۔ ان سب کو جلاوطنی و ہند کی سفر نے آزردہ خاطر کر رکھا تھا اس سرائے میں مسعود کو گرفتار کیا اور اُسکو سلطان محمد کے آگے لائے۔ سلطان محمد نے کہا کہ میں تیرے مارنیکا قصد نہیں کرتا جسجگہ تیرا جی رہنے کو چاہے وہ بتادے وہاں میں تیرے لئے اور سب تیرے اہل وعیال کے رہنے کا سامان تیار کردونگا۔ مسعود نے قلعہ کیری کو سکونت کیلئے پسند کیا۔ محمد نے وہیں اُسکو مع کل متعلقین کے بھیجدیا اور ایک جماعت اُسکی حراست کیلئے مقرر کردی۔ جب مسعود قلعہ کی طرف جاتا تھا تو اس ضروری خرچوں کے لئے بھی روپیہ نہ تھا۔ بھائی سے کچھ روپیہ مانگا اس پست ہمت بھائی نے پانسو درم بھجوائے۔ ان درموں کو دیکھکر مسعود رو کر کہنے لگا کہ کل میرے پاس تین ہزار خروار بار خزانہ تھا۔ آج ایک درم کا مقدور نہیں فاعتبروا یا اولی الابصار۔ جو شخص یہ درم لایا تھا اُس نے ایک ہزار درم اپنے پاس سے دیدیئے۔ اس سخاوت سے علاوہ سعادت کے اور انعام بھی اُسکو آئندہ سلطنت سلطان مودود میں ملگیا۔ چونکہ محمد اندھا تھا اُس نے سلطنت کا کام برائے نام بھی اپنے پاس نہیں رکھا وہ سب ۴۳۲ھ میں اپنے بیٹے احمد کے حوالہ کیا۔ خود ایک نان پر قانع ہوا۔ احمد کا دماغ مشوش ومخبط تھا اُس نے ۴۳۳ھ میں سلیمان ولد یوسف بن سبکتگین اور سپہ سالار علی خویشاوند سے اتفاق کرکے بے استصواب پدر قلعہ کیری میں سلطان کو تلوار سے مار ڈالا۔ بعض کہتے ہیں کہ زندہ کنوئیں میں ڈالکر اُسکو مٹی سے بھروادیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس پاگل نے باپ کو مجبور کرکے اُسکے قتل کا حکم دلایا کوئی لکھتا ہے کہ نو سال نو مہینے کوئی بارہ سال غرض دس سال سے کچھ زیادہ مسعود نے سلطنت کی مسعود

امیر محمد کا بھی سلطان ہونا۔ سلطان مسعود کا قید ہونا اور مارا جانا

مسعود بڑا شجاع تھا۔ کریم الاخلاق تھا۔ بڑی سخاوت کرتا تھا۔ ایک دفعہ رمضان میں اُس نے ہر ایک مستحق کو ہزار ہزار دینار دیدیے۔ وہ علما و فضلا کے ساتھ مجالست کرتا تھا اور اپنے طرح طرح کے احسان کرتا تھا۔ فاضلوں کی ایک جماعت نے اُسکے نام پر کتابیں لکھی ہیں۔ حکیم ابوریحان نے جس کا پہلے ذکر کر چکے ہیں قانون مسعودی علم ریاضی میں اُسکے نام پر لکھا۔ اور قاضی ابو محمد مسعودی نے کتاب مسعودی فقہ حنفیہ میں اُسی کے نام پر لکھی باوجودیکہ اُسکے ملک میں یہ شور و فساد برپا تھا مگر علم کی ترقی برابر جاری تھی اُس نے بہت سے مدرسے جاری کئے ان کے لئے عمارتیں بنوائیں۔ مسجد و خانقاہیں نہایت عمدہ تعمیر کرائیں۔ اور اپنے رہنے کے عمارات عالیشان بنائیں۔ غرض وہ ان باتوں میں اپنے باپ کا سچا جانشین تھا۔

حکایات سلطان مسعود

جامع الحکایات میں سلطان مسعود کی حکایات یہ لکھی ہیں کہ سلطان محمود نے والی کرمان پاس تیس تحائف ایک ایلچی کے ہاتھ بھیجے اُسکو کچھ اور بلوچیوں نے صحرا خبیس میں لوٹ لیا اور اسکے ہمراہیوں کو مار ڈالا۔ ان چوروں کی جماعت نے ایک بلندی پر اپنی گڈھی بنا رکھی تھی اور وہ رہ زنی کیا کرتی تھی سلطان محمود کو اُس کی کچھ خبر نہ تھی بست میں سلطان محمود مقیم تھا کہ اُسکو اپنے ایلچی کے لٹنے کا حال معلوم تھا۔ امیر مسعود بھی باپ سے ملنے کو یہاں آیا تو باپ کو خفا پایا۔ بیٹے سے اُس نے ہاتھ نہ ملایا اور ناخوشی کا چہرہ بنایا۔ اس خفگی سے امیر مسعود ڈرا اور اُس نے باپ سے اس رنجیدگی کا سبب پوچھا تو باپ نے غصہ سے کہا کہ میں تجھ سے خفا کیوں نہوں اور تیری صورت کیوں دیکھوں کہ تو میرا بیٹا ہو اور تیری ناک کے سامنے یہ غضب کی رہزنیاں ہوں اور تجکو خبر نہ ہو۔ مسعود نے عرض کیا کہ اے حضرت میں ہرات میں رہتا ہوں صحرا خبیس میں۔ اسمیں میرا قصور کیا ہے۔ سلطان نے کہا کہ میں کچھ نہیں جانتا۔ تیری خیر اسی میں ہو کہ چوروں کو زندہ پکڑ کر یا ان کا سر کاٹ کر میرے روبرو لائے امیر مسعود دو سو سواروں کو لیکر چوروں کی تلاش میں روانہ ہوا۔ جاسوسوں کو بھیجکر اُن کا پتہ لگایا۔ اور ہوشیاری یہ کی کہ پہلے پچاس سواراُن کے روبرو گئے جن کے ہتھیار بھی زینوں میں چھپے ہوئے تھے۔ چوروں نے اُن کو تھوڑا اور بے ہتھیار سمجھکر جانا کہ اُن کا مار لینا کیا بات ہے وہ جب اُنسے لڑنے کو آئے تو مسعود نے اپنے باقی ڈیڑھ سو سواروں کو لیجاکر اُنپر حملہ کیا۔ چالیس کو زندہ پکڑا اور چالیس کا سر کاٹا۔ زندوں کو سلطان کے روبرو لایا جس نے زندوں کو بُری طرح قتل کیا کہ جس سے لوگوں کو عبرت ہو اور اُس کے انصاف کی شہرت ہو۔

دوسری حکایت امیر مسعود جب عراق میں حاکم تھا تو اُسکو معلوم ہوا کہ کرمان میں ایک چوروں کا گروہ

راہ زنی کرتا ہی اور سلطان جب اُن کے پکڑنے کے لئے سپاہ بھیجتا ہی تو وہ چھپ جاتے ہیں۔ اُن کے مارنے کی تدبیر امیر مسعود کو یہ سوجھی کہ اُس نے اصفہانی سیبوں میں سوراخ کر کے زہر آلود کیا اور اُن کو ایک کاروان کو دیا اور اُسکے ساتھ اپنے آدمیوں کو کیا۔ کاروان پر چوگرے مال لوٹا اور اُنہوں نے سیبوں کو نوشجان کیا جو اُن کے نیش جان اور آسیب روان ہوئے۔ اس طرح سب مرگئے تو امیر مسعود کے آدمیوں نے اہل کاروان کو سب مال رباب لٹا ہوا اُنکو دلایا۔ اس حکمت سے امیر مسعود کی تدبیر نے وہ کام کیا جو ہزار شمشیر نہیں کر سکتی تھیں

سلطان مسعود کے مرنے کے بعد ملک میں خرابی پھیل گئی۔ محمد اور اُس کا بیٹا احمد دونوں لشکر و رعیت کی نظر سے گرگئے اور کسیکو انکا اعتبار نہیں رہا۔ دیار و سیع ممالک پشاور کا غارت ہوگیا۔ سب طرح کا مال لٹ گیا۔ اس ملک میں غلام ایک دینار کو بکتا اور ایک من خرما بھی ایک دینار کو۔ خر کے خریدار غلاموں سے زیادہ تھے۔

سلطان محمد کی سلطنت

ذکر سلطنت ابو الفتح قطب الملۃ شہاب الدولہ امیر مودود بن سلطان مسعود

جب امیر مسعود کشتہ ہوا تو امیر محمد کحول بہت رویا اور جنہوں نے اُسے مارا تھا بہت لعنت ملامت کی اور امیر مودود کو جو باپ کے مرنے کے وقت بلخ میں تھا اس مضمون کا نامہ لکھا کہ فلاں فلاں آدمیوں نے تیرے باپ کو مارا ہی اور سوا اُن کے کسی دوسرے کو اسمیں اختیار نہ تھا۔ مودود نے اس تعزیت نامہ کا جواب میں یہ لکھا کہ حق سبحانہ تعالیٰ امیر کی عمر دراز کرے اور اُسکے دیوانہ فرزند احمد کو عقل دے کہ وہ اپنی زندگی اچھی طرح بسر کرے اُسنے یہ امر غلیم کیا ہے کہ اس بادشاہ کا خون کیا ہی کہ امیر المومنین نے جسکو سید الملوک و السلاطین کا لقب دیا تھا۔ جلد اُس کا وہ پاداش پائیگا۔ اُس نے اس نامہ کے بھیجنے کے بعد قصد ماوراء النہر کا کیا مگر وزیر ابو نصر احمد نے اس ارادہ سے باز رکھا اور اُس کو غزنی میں لے آیا۔ سارا شہر اُسکے استقبال کو گیا۔ ۴۳۲ھ میں محمد کحول نے بھی اپنے چھوٹے بیٹے کو پشاور اور ملتان میں سپہ سالار مقرر کیا اور خود آب سندھ سے عبور کر کے غزنی کو چلا دیا۔ مودود کی چچا بھتیجوں کی لڑائی

میں چچا بھتیجوں کی لڑائی ہوئی۔ آخر مودود نے فتح و ظفر پائی۔ محمد اور اُس کا بیٹا اور توشتگین بلخی و لسپہ سالار علی خویشاوند و سلیمان بن یوسف کہ ماذہ فتنہ و فساد تھے سب اسیر ہو کر قتل ہوئے مگر عبد الرحیم پسر امیر محمد اس سبب سے بچگیا کہ جب سلطان مسعود قید تھا تو دونوں بھتیجے عبد الرحیم و عبد الرحمن چچا کو قیدخانہ میں دیکھنے گئے۔ عبد الرحمن نے تمسخر کی راہ سے یہ بے ادبی کی کہ چچا کے سر پر سے ٹوپی اُتار لی۔ عبد الرحیم نے ٹوپی اُسکے ہاتھ سے چھین کر پھر مسعود کے سر پر نہیادی اور بھائی کو اس بے ادبی پر سرزنش کی اور گالیاں دیں۔ پس اس ادب کے سبب سے اُس نے رہائی پائی۔ اور عبد الرحمن ورطہ ہلاکت میں خود ہی ڈوبا اور اوروں کو بھی ڈوبا گیا

بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد　　بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

جب باپ کے قاتلون سے مودود انتقام لے چکا تو اُس نے اس موضع پر جہان فتح ہوئی تھی ایک رباط بنائی اور قریہ آباد کیا اس کا نام فتح آباد رکھا۔ اس کے حکم سے باپ کا تابوت اور اُسکے بھائی گیری سے غزنی مین آئے اور خود بھی غزنی مین چلا آیا اور سریر دولت پر بیٹھا اور منصب وزارت ابو نصر بن احمد عبدالصمد کو دیا اور پھر اُسکو وزارت سے معزول کرکے ہندوستان بھیجا جس نے ہندوستان مین سلطان محمد کے بیٹے نامی حاکم پیشور کو لڑکر مار ڈالا سلطان مودود نے عدل و داد سے سلطنت کرنی شروع کی۔ رعایا کیساتھ رحمت کا طریقہ اختیار کیا اُسکو اندیشہ سوائے اسکے کچھ اور نہا کہ اُسکا چھوٹا بھائی مجدود بن سلطان مسعود باپ کے مرنے پر ملتان سے لاہور مین آیا اور ایاز کے استظہار سے آب ہند سے لیکر ہانسی و تھانیسر کا حصہ انتظام کرکے خوب استقلال پیدا کرلیا۔ مودود نے لشکر مرتب کیا پہلے اس سے کہ مجدود کوئی فساد برپا کرے اسکے دفع کرنے کے لئے لشکر کو نامزد کیا۔ مجدود جب اس لشکر کی روانگی سے واقف ہوا تو وہ ہانسی مین دہلی فتح کرنیکی گھات بیٹھا ہوا تھا یہان سے روانہ ہوا اور پہلے اس سے کہ مودود کا لشکر لاہور پہونچے وہ یہان سپاہ فراوان لیکر گیا۔ عید الضحےٰ کی صبح کو ناگاہ اسکو عرگاہ مین مردہ دیکھا اور اسکا حال کسی پر نہ کھلا۔ چند روز بعد اپنے بھی وفات پائی۔ اس مجدود کے مرنے سے ہند کا علاقہ جتنا مسعود سے متعلق تھا وہ مودود سے متعلق ہوگیا اور ملوک ماوراء النہر نے اُسکی اطاعت قبول کی۔ مگر سلجوقیون سے باوجود اس کے کہ اُس نے چغر بیگ سلجوقی کی بیٹی سے نکاح کیا تھا پہلی منازعت چلی جاتی تھی۔

جب سلطان مودود کو ملوک ہند نے دیکھا کہ وہ مغربی فتوحات مین مصروف و سرگرم تھا دلی کے راجہ نے اور راجاؤن سے اتفاق کرکے بلدہ ہانسی اور تھانیسر اور اُنکے سارے مضافات پر گماشتگان غزنویہ کے ہاتھ سے نکال لیا اور نگرکوٹ کیطرف متوجہ ہوئے۔ اور چار مہینہ اُسکا بھی محاصرہ کیا اور محصورین نے لاہور سے مدد مانگی مگر آپس کی رنجش کے سبب سے کمک نہ آئی اس لئے ہندوؤن نے نگرکوٹ بھی فتح کرلیا اور اپنی رسم قدیم کے موافق یہان بتونکو قایم کیا اور رسوم بت پرستی کو بدستور سابق رواج دیا۔ اس واقعہ کی حکایت تاریخ فرشتہ مین لکھی ہے کہ جب سلطنت غزنویہ کے آثار ضعف جا و بار نمودار ہوئے تو ایک برہمن نے راجہ دہلی سے کہا کہ میرے سپنے مین نگرکوٹ کے بت نے آکر یہ کہا ہے کہ اتنی مدت تک مین نے غزنی مین اسلئے توقف کیا تھا کہ دولت غزنویہ کی اساس کو متزلزل کرکے ویران کردون اب مقصد حاصل ہوگیا ہے اسلئے چاہتا ہون کہ مرکز اصلی پر مراجعت کرون

مودود کی اولاد کی تخت نشینی کی کہانی

ہندوؤن کا حملہ پنجاب پر اور سلطان مودود کی اُنکے مقابلہ مین کامیابی اور نگرکوٹ کی کہانی

کہ جو ملک انکے ہاتھ سے نکل گئے ہین وہ پھر ہاتھ آجائین رائے دہلی نے مخفی سنگ اشون سے ویسا ہی بُت جیسا کہ پہلے نگرکوٹ مین تیار کرایا اور راجاؤن کے ساتھ متفق ہوکر قلعۂ ہانسی اور تھانیسر کو فتح کرلیا اور اُسکے بعد وہ نگرکوٹ مین آیا۔ اور یہان ایکدن اُس بُت مصنوعی کو اسطرح ظاہر کیا کہ گویا وہ قدیمی بُت یہان پھر پیدا ہوا۔ پھر اسپہ چڑھاوے چڑھنے شروع ہوئے اور اتنا مال جمع ہوا کہ محمود کی روح پھر سومنات مین آئی ہوگی جو ہندو اس بُت کی پوجا کو آتا تھا تو اُس سے پوجاری یہ کہتا کہ اس بُت کا حکم ہے کہ قلعہ نگرکوٹ کو فتح کرلو چنانچہ انہون نے فتح کرلیا۔ بتخانہ شکستہ ہی کی مرمت کرلی۔ نگرکوٹ مین بُت پرستی کا بازار خوب گرم ہوا۔ ہندوؤنکا قاعدہ تھا کہ وہ امور عظیم سے اس بُت سے مشورت لیتے اگر وہ اجازت دیتا تو کرتے کچھ دنون بعد یہ ہندوؤن کا اثر مسلمانونپر ہوگیا تھا کہ وہ اس بت پر نذرین چڑھاتے اور اُسکی اجازت کی موافق کام کرتے یہانسے مسلمان بھاگ کر لاہور گئے۔ اس اثنا مین یہ حال دیکھکر ملک پنجاب کے راجہ جو اسلام کے شیرون کے خوف سے لومڑیونکیطرح چھپے ہوئے تھے۔ انہون نے بھی سر نکالا اور تین قوی دست راجاؤن نے دس ہزار سپاہ لیجا کر لاہور کا محاصرہ کرلیا۔ ہمراہ اسلام جنہون نے سلطان مودود کی اطاعت کو طاق پر رکھکر چھ سات مہینہ سے آپسمین لڑائی لڑرہے تھے۔ ہندوؤن کی جمعیت و جرأت دیکھکر آپس کی نااتفاقی کو تہ کرکے رکھ چھوڑا اور آپس مین موافقت کرکے سلطان مودود کی اطاعت اختیار کی اور آپس مین عہد و پیمان کیا اور لشکر کی ہیئت اجتماعی بنائی سلطان مودود سے لشکر کی مدد مانگی اُس نے بدد غزنی سے روانہ کی مگر پہلے اس سے کہ یہ لشکر یہان پہنچے ہند کے راجاؤن مین جو محاصرہ کررہے تھے اختلاف واقع ہوا بعض نے انمین سے مودود کی اطاعت اختیار کرلی اور اہل شہر کے ساتھ ہوگئے اور ہندوؤنکی فوج اپنے ملک کو روانہ ہوئی۔ لاہور کے آدمیون نے ان آدمیونکی معاونت سے جنہون نے مودود کی اطاعت اختیار کی تھی ہندوؤن کے لشکر پر کہ جس مین پانچہزار سوار اور پچہتر ہزار پیادے تھے تھا قبکیا وہ ایک بلند پہاڑ کے حصار مین محصور ہوئے۔ مسلمانون نے انکو چاردن طرف سے گھیرا دو روز تک لڑائی ہوئی اور بہت ہنود کو قتل کیا بقیۃ السیف نے امان چاہی اور قلعہ کے حوالہ کرنے کی درخواست کی اہل اسلام نے کہا کہ ہم سے تم امان چاہتے ہو تو ہم جب امان دینگے کہ جو قلعے تمہارے تصرف و قبضہ مین ہین ہم کو سب واپس کرو۔ ہندوؤن نے ضعف و خوف جان سے کل قلعے حوالے کردئے ملوک ہند کو جب اس فتح عظیم کی خبر ہوئی تو سب مطیع ہوگئے۔ مسلمان بہت سی غنیمت اور پانچہزار مسلمانون کو جو ہندوؤن نے قلعون مین مقید کررکھے تھے ساتھ لیکر لاہور مین آئے۔

ہندوؤن کا لاہور کا محاصرہ

سنہ ۴۳۴ھ مین مودود نے لشکر مرتب کیا سنہ ۴۳۵ھ مین لشکر ارتگین حاجب کیطرف طخارستان مین بھیجا اُسکو خبر لگی کہ ترکمان ارتن مین آئے ہین یہ لشکر لیکر جب اُنکے قریب پہونچا تو ارسلان بسر حقیر بیگ اپنے لشکر کو چھوڑکر معدود آدمیون کے ساتھ باہر چلا گیا۔ ارگین نے اُس کے لشکر پر پہونچکر بہت آدمیونکو قتل کیا اور بلخ مین آیا اور امیر مودود کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ پھر کچھ دنون بعد ترکمان بلخ کا قصد کرکے آئے ارگین نے امیر مودود سے مدد کی درخواست کی وہ نامنظور ہوئی وہ اپنی جمعیت سمیت کابل کی راہ سے غزنی مین آیا سلطان مودود نے اُسی سال ارتگین کو اپنے سامنے مرواڈالا۔

پھر ترکمان ملک غزنویہ کی طرح کرکے نواحی بست مین آئے سلطان مودود نے لشکر بھیجا جسنے اُنکو شکست دی اور اسی سال مین طغرل حاجب کو بست کی طرف بھیجا کہ وہ سیستان کو ترکمانون کے ہاتھ سے نکالے اُس نے برادر ابو الفضل وزنگی ابو المنصور کو گرفتار کیا اور غزنی مین لایا۔

سنہ ۴۳۷ھ مین سلجوقی ترکمانون نے غزنی کیطرف رخ کیا بست سے گذرکر رباط امیر کو غارت کیا طغرل لشکر غزنی کو ساتھ لیجا کر اُن سے لڑا سخت کشت وخون ہوا ترکمانون کو ہزیمت ہوئی اور اکثر انمین قتل ہوئے بعد اس فتح کے طغرل گرمیر اور قندھار مین گیا۔ جہان ترکمانون نے بڑی شورش مچا رکھی تھی اور وہانکے ترکمانون کو خبکو برخ کلاہ کہتے تھے خوب قتل کیا اور بہت ترکمان قید کئے اور غزنی مین آیا۔ سنہ ۴۳۸ھ مین سلطان مودود نے طغرل کو پھر بست کیطرف روانہ کیا جب وہ نکینا آباد مین پہونچا تو سلطان سے بغاوت کی جب یہ خبر سلطان مودود کو ہوئی تو اُس نے آدمی بلانے کیلئے بھیجے تو طغرل نے یہ جوابدیا کہ جو سلطان کی خدمت مین حاضر ہو وہ میری دشمن ہے۔ مین حضور کی ملازمت مین حاضر نہین ہوسکتا۔ سلطان مودود نے علی بن جاذم کو دسہزار سوار دیکر طغرل کی سرکوبی کے لئے بھیجا جب وہ اُسکے قریب گیا تو طغرل چند آدمیون کو لیکر بھاگ گیا۔ علی نے اُسکے لشکر کو غارت کیا اور چند آدمیون کو پکڑکر غزنی مین لایا۔ اسی سال مین حاجب بزرگ امیر باشتگین کو غور کی جانب مین بھیجا جب وہ غور کے نزدیک آیا دلہجی غوری کو ہمراہ لیا اور حصار ابو علی پر پہنچا اور اُسے فتح کیا اور ابو علی جو غور کے ہراول عظیم مین سے تھا گرفتار کیا یہ وہ حصار تھا جس کو سات سو سال سے کسی نے امیر حاجب سے پہلے نہین فتح کیا تھا دلہجی اور بو علی کو طوق گردن مین ڈالکر وہ غزنی لایا یہان سلطان نے اُن کی گردن اُڑا دالی۔ اسی سال مین امیر حاجب باشتگین ترکمانون کے سپہ سالار ابرہام نہال پر چڑھ گیا نواحی بست مین لڑائی ہوئی ترکمانون کو ہزیمت ہوئی۔ سنہ ۴۳۹ھ مین امیر قرارداد نے بغاوت

سلطان ابراہیم کے عہد میں غزنین کی حکومت پر سوء

سلطان مودود کی تاجپوشی سلجوقیوں سے لڑنے کی اور فتح

سلطنت ابوالحسن مسعود بن مودود

سلطنت بہاء الدولہ ابوالحسن علی بن مسعود بن محمود

اُس سے لڑنے گیا اور قرارداد نے شکست پائی۔ کچھ دنون بعد اطاعت اختیار کی اور خراج دینا قبول کیا امیر حاجب نے غزنین مراجعت کی ۴۴۰ھ مین سلطان مودود نے اپنے دو بڑے بیٹون ابوالقاسم محمود منصور کو خلعت طبل وعلم دیکر ابوالقاسم کو لاہور اور منصور کو پیشور بھیجا۔ ابوعلی کوتوال کو فوجدار کرکے ہندوستان مین بھیجا تاکہ ہند کے سرکشون کو سزا دے۔ ابوعلی پہلے پیشور مین آیا قلعہ ہتھلہ کیطرف چلا تو اس قلعہ کا حاکم اہلی باغی ہوکر بھاگ گیا۔ اس زمانہ مین تلک سالار ہند جسکا ذکر پہلے بہت کچھ ہوچکا ہے کشمیر کے پہاڑون مین زندگی بسر کرتا تھا اُسکو ابوعلی نے بلایا اور قول وقرار لیکر غزنی بھیجا۔ سلطان مودود نے اُسکے حال پر التفات کی ۴۴۱ھ مین تمام ملوک ماوراء النہر اور بامیان نے سلطان مودود سے عہد کیا تھا کہ وہ اُسکے ساتھ خراسان سے ترکمانون کی نکالنے مین مال اور لشکر سے مدد کرینگے۔ اس سال کے رجب کے مہینہ مین وہ غزنی سے لشکر فراوان لیکر روانہ ہوا کہ اول ہی منزل مین درد قولنج مین مبتلا ہوا۔ غزنی مراجعت کی۔ اپنے وزیر عبدالرزاق احمد میمندی کو سیستان کی جانب روانہ کیا کہ ترکمانون کے قبضہ سے اس ملک کو نکالے جب مودود غزنی مین آیا تو مرض نے غلبہ کیا اور ایک ہفتہ کے اندر مرگیا۔ اسکی سلطنت کی مدت نو سال تھی اور عمر ۳۹ سال غرض سلطان مودود کو سلجوقیون کے ساتھ باوجود قریب رشتہ داری کے ایسے جھگڑے اور تقضیے پیش رہے کہ دم نکلنے تک ایک لمحہ کی فرصت ہندوستان مین آنے کی نہ ملی۔

جب سلطان مودود نے دنیا سے سفر کیا تو اُسکے بیٹے مسعود کو جسکی عمر چار سال کی تھی علی بن ربیع نے تخت سلطنت پر بٹھادیا اس بہانہ سے علی خود سلطنت کرنی چاہتا تھا۔ مگر باشتگین کہ سلطان محمود غزنوی کے زمانہ کے امرا مین سے تھا۔ اُس کے ساتھ اس کام مین متفق نہین ہوا۔ ان دونون مین جنگ کی نوبت پہونچی۔ غزنی کے باشندے مسلح ہوے اور باشتگین پاس آئے باشتگین نے اور امرا کے اتفاق رائے سے مسعود بن مودود کو تخت سے اتار کر اُسکے چچا ابوالحسن علی کو بادشاہ بنایا مسعود نے بھی چار پانچ روز سلطنت کی۔

ابوالحسن علی ۴۴۱ھ مین تخت سلطنت پر بیٹھا اور مودود کی بیوی سے جو جعفر بیگ کی بیٹی تھی عقد نکاح کیا علی بن ربیع میرک وکیل کے ساتھ اتفاق کرکے زر وجواہر جتنے لے سکا لیکر پشاور کو بھاگ گیا اور غلامون اور امیرونکو اپنے ہمراہ لیگیا۔ اور اس خطہ وملتان وسند پر قابض ہوگیا اور افغان جو فساد مچا رہے تھے اُنکو تلوار سے مطیع ومنقاد کیا سلطان ابوالحسن علی نے اپنے بھائی مردان شاہ اور ایزد شاہ کو قلعہ نائی سے دارالامان غزنی مین بلاکر معزز ومکرم کیا عبدالرشید کے آنے کی جو گرم تھی اس لئے سلطان ابوالحسن نے

خزانہ کا منہ لوگون کے لئے کھولدیا۔ عبد الرشید آخر سال مین آیا اُس نے ابوالحسن کو منہزم کیا اور خود تخت و تاج کا مالک ہوا۔ اور چند روز عزت کے ساتھ سلطنت کی ابوالحسن کی مدت سلطنت دو سال تھی۔

سلطان عبد الرشید کو اکثر مورخ سلطان مسعود کا بیٹا بتلاتے ہین۔ مگر صحیح امر یہ ہے کہ وہ سلطان محمود کا بیٹا تھا وہ سلطان مودود کے حکم سے کسی قلعہ مین جو بست و غزنی کے درمیان ہی مقید تھا جب اس قلعہ کے قریب عبد الرزاق بن احمد حسن میمندی وزیر آیا تو سلطان مودود کے حکم سے سیستان جاتا تھا اور اُسکو سلطان مودود کی وفات کی خبر پہونچی تو وہ عبد الرشید کو قید سے نکال لایا اور لشکر کو اوسکی اطاعت کیلئے دعوت کی سپاہ نے اُسے قبول کیا۔ یہ وزیر عبد الرشید کی ملازمت مین غزنی کو روانہ ہوا جب دار الملک کے قریب آیا تو ابوالحسن بھاگ گیا ۴۴۳ھ مین عبد الرشید بے تکلف اپنے باپ دادا کے تخت پر رونق بخش ہوا اور ملک و مال کے کام مین مشغول ہوا۔ اگرچہ عبد الرشید فاضل و عاقل تھا اور سب طرف کی خبر رکھتا تھا مگر قوت دل و شجاعت ایسی نہین رکھتا تھا کہ سلطنت کو سنبھال سکتا۔ اس نے سلطان ابوالحسن علی کو بغیر کسی دردسری کے قلعہ وندی مین بند کیا۔ پہلے ہم لکھ چکے ہین کہ علی بن ربیع نے یہان پنجاب مین تسلط اپنا پیدا کر لیا تھا اُس کے دفع کرنیکے لئے عبد الرشید نے نوشتگین حاجب کو ہندوستان کا امیر الامرا مقرر کیا اور سپاہ دہم کو ساتھ کر کے ہندوستان روانہ کیا۔ وہ یہان آیا اور قلعہ نگرکوٹ کہ جسپر ہندوؤن نے اپنا تسلط کر رکھا تھا پانچ چھ روز مین فتح کر لیا۔

سلطان مودود کا حاجب طغرل تھا وہ سلطان کا بہت منہ چڑھا اور ناک کا بال تھا۔ سلطان مودود نے طغرل کی بہن سے نکاح کیا تھا طغرل ہمیشہ اس بات کو بہت چاہتا تھا کہ ایک لشکر اُسکو حوالہ کیا جائے کہ وہ خراسان مین جاکر سلجوقیون کو دفع کردے جب عبد الرشید کی سلطنت کی نوبت آئی تو نہایت منت سماجت سے اُس سے یہی درخواست کی اُس نے ہزار سوار طغرل کو دئے کہ وہ سیستان سلجوقیون سے جاکر لیلے اور سیستان مین داؤد سلجوقی کیطرف سے ابوالفضل حاکم تھا اور قلعہ طاق مین اقامت رکھتا تھا طغرل سیستان مین آیا اور ابو الفضل کا محاصرہ کیا اور اُس سے کہا کہ سلطان عبد الرشید کی اطاعت اختیار کرو ابوالفضل نے اطاعت سے انکار کیا۔ محاصرہ پر بھی ایک مدت گذر گئی طغرل نے بغیر اسکے کہ فتح نمایان ہو شہر سیستان کیطرف متوجہ ہوا اور ایک فرسخ پر شہر سے کمینگاہ مین اس لئے بیٹھا کہ بیخبر شہر پر جا پڑے اس اثنا مین پیغو سلجوقی جس سے ابوالفضل نے کمک طلب کی تھی لشکر عقب مین آیا۔ طغرل نے جنگ و گریز کے باب مین مشورہ کیا سب نے باتفاق یہ کہا کہ کوئی تدبیر بہتر اسکے سوا نہین ہے کہ جس صلکہ مین ہم پڑے ہوئے ہین اس

ابو منصور جواد اور عبد الرشید

ہندوستان کا انتظام

طغرل کا عبد الرشید اور جواد اور محمود غزنوی کی بیٹی سے نکاح کرنا

مین لڑنے پر راضی ہون اور اس غربت مین شہر کے تلے دم دیدین۔ غزنی دُور۔ پانی کی قلت دشمنون کی کثرت ہے۔ غرض محمود نے پرتنا ہو کر سیونی پر حملہ آور ہوے اور سیونی کو شکست دیکر بھگا دیا اور دس فرسنگ تک طغرل نے اُسکا تعاقب کیا اور شہر کو لے لیا۔ سلطان عبدالرشید کو تمام اپنا قصہ سنا دیا اور خراسان جانے کے لئے مدد طلب کی۔ عبدالرشید نے اپنے نامی سوار طغرل کی مدد کے لئے بھیجے اور سیستان مین طغرل مستقل ہو گیا اور اُس کے سارے اطراف اور نواح مین انتظام کر لیا۔ اب اپنے خاص دوستون سے عبدالرشید کے باب مین صلاح و مشورہ کرنے لگا۔ سب نے اُس کی رائے کو عبدالرشید کے قلع و قمع کے باب مین پسند کیا۔ پس اس ارادہ سے وہ غزنی کیطرف روانہ ہوا جب غزنی سے پانچ فرسنگ پر آیا تو عبدالرشید کو اُسکے غدر و مکر پر اطلاع ہوئی وہ مع اپنے متعلقین کے غزنی مین آیا طغرل نے غزنی کو لیلیا اور قلعہ کے کوتوال پاس آدمی بھیجے اور اس وعدہ وعید کی باتین کین اُسنے سلطان عبدالرشید کو اس کے حوالہ کیا۔ اس کافرنعمت نے عبدالرشید کو اور سلطان محمود کے نو یا گیارہ اولاد کو جو اُسکے ہاتھ آئی قتل کیا۔ اس اولاد مین سے تین آدمی قلعۂ غزنین محبوس تھے کہ اُن تک طغرل کی رسائی نہین ہوئی۔ بہت چاہتے دختر سلطان مسعود سے نکاح کیا تخت سلطنت پر بیٹھ گیا۔ نوشتگین کرخی کو کہ سلطان عبدالرشید کے حکم سے لاہور گیا تھا اور حوالی پیشور مین پہونچا تھا اُسکو طغرل نے بڑی محبت و دوستی سے خط لکھا مگر نوشتگین سلاطین غزنویہ مین بڑا اعتبار رکھتا تھا بلا وہ اس کافرنعمت کی بات کب سنتا تھا اس نے اس نمکحرام کے خط کا جواب نہایت تلخ و ترش لکھا اور دختر مسعود کو پوشیدہ خط بھیجا اور اسکو طغرل کافرنعمت کے قتل پر ترغیب دی اور اُمراء غزنوی کو جو نعمت پروردۂ خاندان محمودی کے تھے خطوط لکھے اور طغرل کے اعمال قبیح سے چشم پوشی کرتے مہمت سرزنش کی اس سبب سے سبکی غیرت و حمیت کی رگ حرکت مین آئی اور سب نے ملکر طغرل کے قتل کا قصد کیا۔ نوروز کے دن طغرل کا اجلاس تخت شاہی پر ہو رہا تھا اور دربار عام لگ رہا تھا کہ ایک ترک سلحدار نے قدم جرأت بڑھا کر اس کافرنعمت محسن کش کا تلوار سے سر اڑا دیا۔ دربار مین واہ واہ کا غل شور مچ گیا۔ بعد اس حادثہ کے چند روز بعد نوشتگین کرخی بھی غزنی مین آیا۔ اشراف اور اعیان کو جمع کیا۔ امیر ناصرالدین سبکتگین کی اولاد مین سے تین شخص قلعون مین مقید تھے۔ فرخ۔ ابراہیم۔ شجاع۔ ان کے نام پر قرعۂ فال گیا تو فرخ زاد کے نام پر پڑا اسکو بلا کر تخت سلطنت پر بٹھایا اور سب نے اُس سے بیعت کی۔ عبدالرشید کی سلطنت کی مدت ایک سال کی ۴۴۳ھ ۴۴۴ھ کے قریب رہی۔ طغرل نے چالیس روز کی سلطنت مین بڑے ظلم کئے۔ جب اس سے پوچھا کہ ملک کی طمع کیونکر تیرے دل مین پیدا ہوئی تو اُس نے

کہا کہ جب عبدالرشید مجھے الپ ارسلان و داؤد سے لڑنے کے لئے بھیجتا تھا اور میرے ہاتھ پر ہاتھ رکھکر عہد کرتا تھا تو خوف کے مارے اُس کا ہاتھ ایسا کانپتا تھا کہ ہڈیون کی آواز میرے کان مین آتی تھی۔ اِس سے مین نے جانا کہ یہ بودا نامرد ہرگز بادشاہی کے لائق نہین ہے۔ پس ملک و دولت کی طمع دامنگیر ہوئی اور وہ حاصل بھی ہوئی۔ ع سلطنت گر ہمہ یک لحظہ بود غنیمت ہست

جب فرخ زاد نے تاج شاہی سر پر رکھا تو کاروبار سلطنت نوشتگین کرخی کے حوالے ہوئے۔ اس نے امور سلطنت کا انتظام کیا اور جس نے عبدالرشید کے قتل مین سعی کی تھی اُسکو گرفتار کرکے قتل کیا۔ جب داؤد سلجوقی کو غزنوی خاندان کے اس انقلاب کی خبر ہوئی تو وہ فوج لیکر غزنی پر چڑھ آیا۔ نوشتگین کرخی بھی غزنی سے محاربت کا سامان خوب تیار کرکے لڑنے کے لئے سامنے آیا۔ صبح سے شام تک لڑائی ہوئی۔ بہت سا کشت وخون ہوا۔ امیر نوشتگین کو فتح و ظفر ہوئی۔ داؤد نے فرار پر قرار اختیار کیا۔ غزنویہ نے سلجوقیون کا تعاقب کیا اور اُنکا بہت سا اسباب لوٹا اور غارت کیا۔ اس فتح سے فرخ زاد کی استقامت کی صورت تخت سلطنت پر پیدا ہوئی پھر فرخ زاد ایک سپاہ عظیم لیکر خراسان کی طرف روانہ ہوا۔ سلجوقیون کی طرف سے اُنکے امراء عظام سے کلیارق بہاری لشکر لیکر لڑنے کو آیا جب دونون لشکر آپس مین ملے تو وہ جدال و قتال کی آگ بھڑکی کہ خدا کی پناہ۔ اس لڑائی مین بھی غزنوی فتحیاب ہوئے۔ کلیارق اور چند اور امراء گرفتار ہوئے جب یہ خبر جعفر بیگ سلجوقی یا چکر بیگ یا چغر بیگ سلجوقی کو پہونچی تو اس نے اپنے بیٹے الپ ارسلان کو لڑنے کے لئے بھیجا اور نوشتگین کرخی اس سے لڑنے کو گیا۔ مگر اس دفعہ سلجوقی غالب رہے اور انہون نے کئی غزنوی امیر اسیر کئے جب فرخ زاد نے یہ حال دیکھا تو اُس نے بڑی دانائی کی کہ کلیارق اور امیران سلجوقی کو جو اُسکی قید مین تھے خلعت دیکر رخصت کیا۔ جب سلجوقیون نے غزنویون کی یہ مروت اور انسانیت دیکھی تو انہون نے بھی غزنوی قیدیونکو رہا کر دیا۔ سلطان فرخ زاد کو روضۃ الصفا مین مسعود کا بیٹا لکھا ہے اور احمد اکبر ستوفی نے عبدالرشید کا بیٹا مگر سکون سے روضۃ الصفا کا قول صحیح معلوم ہوتا ہے۔ ایکدفعہ حمام مین اُسکو غلامون نے گھیر کر مارنا چاہا تھا وہ تلوار ہاتھ مین لیکر بڑی بہادری سے غلامونکو مارتا رہا تھا کہ اور آدمیونکو خبر ہوگئی اور غلامونکو مار کر سب غلامونکا کام تمام کیا۔ بعد ازان فرخ زاد اکثر موت کا ذکر کیا کرتا تھا۔ اور دنیا کو حقیر جانتا تھا اُسکا اوائل مین وزیر حسن مہران تھا اور آخر مین ابوبکر صالح ہوا۔

فرخ زاد حلیم و عادل تھا جب تخت سلطنت پر بیٹھا ہے تو ملک زادستان عوارض و آفات کے سبب سے

خراب و ویران تھا اس نے خراج اسکا معاف کردیا تو یہ ملک آباد ہوگیا وہ خلق کے ساتھ نکوئی کرتا۔ درد
قولنج مین مبتلا ہوکر داعی حق کو لبیک کہی۔ اُسکی عمر ۴۴ سال کی تھی اور مدت سلطنت چھہ سال ۴۴۳ھ سے
۴۵۰ھ تک۔ سلطان فرخ زاد کوئے فنا مین روپوش ہوا اور سلطان ابراہیم مسند سلطنت پر رونما ہوا۔ اُس نے
اپنے جلوس کے ابتدائی سالون مین سلجوقیون سے مصالحت کرلی اور آپس مین یہ قول و قرار ہوگیا کہ فریقین سے ایک دوسرے
کے ملک کا قصد نہ کرے اور رعایا کو جو خدا کی ودلیت ہے آزار اور ضرر نہ ہونے پائے۔ ملک شاہ سلجوقی کی بیٹی کا
نکاح اپنے بیٹے مسعود سے کردیا جس سے غزنویون اور سلجوقیون مین ابواب مصالحت کشادہ ہوگئے کہتے ہین خدا
معلوم سچ یا جھوٹ کہ جب ملک شاہ نے غزنی پر حملہ کرنیکا قصد کیا تو سلطان ابراہیم کو وہم پیدا ہوا اور اُسنے
یہ تدبیر سوچی کہ سلطان ملک شاہ سلجوقی کے ہمراہ کے نام خطوط لکھے جنکا مضمون یہ تھا کہ ہماری سمع شریف نے یہ
بات سنی ہے کہ آپ لوگ اس طرف آنے کی ملک شاہ کو بہت ترغیب و تحریص کرتے ہین یہ طریقہ تمہارا ہمکو بہت پسند
آیا۔ طریقہ اخلاص یہی ہے کہ اس باب مین جی ایسی کرو کہ سلطان ملک شاہ بہت جلد اس ملک مین آئے
تاکہ ہمکو بالکل اس سے خلاصی ہوجائے۔ اور ہمنے یہ قرار دیا ہے کہ تمہاری رسومات کو مضافات کردین
اور تم سب پر عنایت و عاطفت بیکران رکھین۔ اور ان مکتوبات کو ایک پیک کو دیا اور اس سے کہدیا
کہ ملک شاہ کی عادت ہے کہ اکثر اوقات شکار و صید مین رہتا ہے اُسکی شکارگاہ مین اس تاک مین رہنا کہ لوگ
تجکو پکڑکر اس پاس لیجائین اس تعلیم سے سلطان ابراہیم کی یہ غرض تھی کہ مکتوبات ملک شاہ کے ہاتھ مین
اسوقت پڑین کہ ہمراہ اُس پاس نہون یہ ایک امر اتفاقی ہے کہ سلطان ملک شاہ قصبۂ اسفراین مین نزدکش
تھا اور ایک دن شکار کو جاتا تھا کہ اثنا شکار مین صیدگاہ کے محافظین نے پیک کو گرفتار کیا اور سلطان کے
روبرو لیگئے۔ جب سلطان نے پیک سے پوچھا تو اُس نے پریشان باتین کرنی شروع کین جب
سلطان نے اُس کے تازیانے لگوائے کہ سچ سچ باتین کہدے تو اس نے سلطان سے کہا کہ مین
سلطان کا پیک ہون اور امراء سلجوقی پاس ان مکتوبات کے پہنچانے کے لئے بھیجا گیا ہون جب
مکتوبات کو لیکر ملک شاہ نے پڑھا تو اُنکا اظہار کچھ نہین کیا اور اپنی دارالسلطنت مین چلا آیا۔ بعد
تفحص و تفتیش کے معلوم ہوا کہ یہ تمام سلطان ابراہیم کی مکاریان چال بازیان ہین کہتے ہین کہ ملک
شاہ نے یہ کہا کہ سلطان ابراہیم نے جو یہ مکر و حیلہ کیا ہے اسکا سبب یہ ہے کہ وہ سلجوقیونکے ساتھ مقاتلہ و
نہین رکھتا اور وہ یقینی جانتا تھا کہ اگر لڑائی ہوگی تو مین مغلوب ہونگا اور جب ہم اسکے مکر و تدبیر سے اپنی ارادہ سے

سلطان ظہیر الدولہ نصیر الملۃ ابراہیم ابن مسعود

سلجوقیون سے مصالحت

حجاز رہیں گے تو گویا وہ ہم پر غالب ہوگا۔

جب سلجوقیوں سے سلطان ابراہیم کی یوں خاطر جمع ہوئی تو ہندوستان میں اسنے لشکر بھیجا جس نے وہ ملک فتح کئے جو ابتک مسلمانوں نے نہیں کئے تھے اور ۴۲۷ھ میں وہ خود ہندوستان میں آیا اور قلعہ اجودہن کو جو اب پاک پٹن فرید شکر گنج کہلاتا ہی اور لاہور کے قلعہ سے سوکروہ ہی محاصرہ کرکے مسخر کرلیا۔ پھر رو پال کے قلعہ کیطرف متوجہ ہوا۔ یہ قلعہ بلند پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہی اُسکے ایک طرف دریا ہی اور دوسری طرف وہ جنگل ہی کہ جسمیں خاردار درختوں کی کثرت سے آفتاب کی شعاعوں کا گذر نا بھی مشکل تھا اور اکثر درختوں پر زہریلے سانپ لپٹے ہوئے رہتے تھے حصار کے نیچے نہ کھڑے رہنے کی نہ لڑنے کی جگہ تھی۔ سلطان ابراہیم نے اپنی ہمت شاہانہ سے لڑکر قلعہ کو فتح کرلیا۔ اور ایک موضع درہ پر وہ متوجہ ہوا۔ یہاں کے متوطن اہل خراسان تھے کہ افراسیاب نے اُن کی سرکشی سے تنگ ہوکر ان سبکو زن و فرزند بمیت ولایت خراسان سے خارج کرکے ہندوستان میں بھیجدیا تھا اس شہر کے آدمی سارے وہی خراسانی تھے وہ بیگانوں سے پیوند موصلت نہیں کرتے تھے اور بت پرست تھے اور یہ شہر بہت آباد تھا اور اس شہر میں ایک حوض تھا جسکا قطر نصف فرسنگ تھا اور اسکی تھاکا تو پتا ہی نہ تھا سارے آدمی اور چرپایا اسکا پانی پیتے تھے مگر اصلا فرق نہ آتا تھا۔ اور اُسکے گرد درخت اتنے تھے کہ آمد و رفت کی راہ معلوم نہیں ہوتی تھی ملوک ہند جانتے تھے کہ اسپر چڑھنا غالب ہونا ناممکن ہی اسلئے کچھ تعرض نہیں کرتے تھے۔ سلطان ابراہیم کو راہ بین کی دشوار گھاٹیاں پیش آئیں جب اس جنگل میں وہ پہنچا تو چند ہزار پیادے تبر لیکر جنگل کے کاٹنے کو بھیجے۔ جب درختوں کو کاٹکر رستہ بنایا تو برسات شروع ہوگئی۔ تین مہینہ تک لڑنا پڑا۔ کثرت بارش سے لشکر کو بہت تکلیف اُٹھانی پڑی اول شہر والوں پاس آدمی بھیجکر دعوت اسلام کی اُنھوں نے دعوت قبول نہیں کی اسلئے اس شہر کو جبراً قہراً لڑائی سے مفتوح کیا اور ایک لاکھ لونڈی غلام اسیر کئے اونٹنی بھیجے اور غنایم بھی بہت سی ہاتھ آئیں بعد ان فتوحات کے سلطان غزنی آیا۔

یہ بادشاہ بڑا عابد متقی زاہد تھا۔ باوجود عنوان شباب کے کل ممنوعات شرعی سے دست کش تھا لذات نفسانی کو ترک کرکے رجب و شعبان کو رمضان کیساتھ ملاکر سال بھر میں تین مہینے روزے رکھتا تھا اور رعیت پروری بوجہ احسن کرتا اور خیرات بہت دیتا۔ ہر سال میں ایک مرتبہ امام یوسف سجاوندی کو اپنی مجلس میں بلاتا اُنسے وعظ کہلواتا اور آدمیوں کو نصیحت کراتا۔ سلطان ابراہیم کو بے محاورہ باتیں سُناتا مگر اس امام کی درشتی سے وہ آزردہ نہوتا خط نسخ میں بڑا خوشنویس تھا ایک ہفتہ میں ہر سال ایک مصحف اپنے ہاتھ سے لکھتا۔ اسکو ایک سال مکہ معظمہ کو اور

دوسرے سال مدینہ منورہ کو بھیجتا۔ ابتک اُسکے ہاتھ کے لکھے ہوئے مصحف آنحضرتؐ کے کتاب خانہ میں موجود ہیں۔ ۱۲
ایک نقل مشہور ہے کہ سلطان ابراہیم ایکدن غزنی کو جاتا تھا کہ ایک حمال کو دیکھا کہ عمارت شاہی کے لئے وہ بڑا بھاری پتھر سر پر رکھے لئے جاتا تھا اور اُسکے بوجھ سے مرا جاتا تھا۔ سلطان کو اُسکے حال پر رحم آیا فرمایا کہ پتھر کو پھینکدو۔ اُس بیچارہ نے میدان میں پتھر پھینکدیا جب گھوڑے یہاں آتے تو دوڑنے میں اُس سے تکلیف پاتے۔ ایک دن کسی مقرب نے عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو یہ پتھر میدان سے اُٹھا دیا جائے سلطان نے کہا کہ ہمنے حکم دیا کہ پتھر کو یہاں پھینکدو اور پھر حکم دیں کہ اُٹھاؤ تو ہمارے قول کی بے ثباتی پر حمل ہوگا اور ایسا کرنا لایق بادشاہوں کو سزاوار نہیں ہے سلطان ابراہیم کے قول کی تعظیم کا ایسا خیال تھا وہ بہرام شاہ کی سلطنت تک اسیطرح پڑا رہا۔

سلطان ابراہیم کے چھتیس بیٹے اور چالیس لڑکیاں تھیں اور لڑکیوں کو اکثر سادات عظام وعلماء عالیمقام سے وہ بیاہتا۔ اُسکی وفات ایک روایت کے موافق ۴۵۶ھ میں اور دوسری روایت کے موافق ۴۵۹ھ میں ہوئی پہلی روایت کے موافق اُسکی سلطنت کی مدت اکتیس سال اور دوسری روایت کے موافق بیالیس سال۔ اُسکی اوائل سلطنت میں ابوسہیل خجندی وخواجہ مسعود رجحی سے اُسکی وزارت تعلق رکھتی تھی اور اواخر عہد میں عبدالمجید احمد بن عبدالصمد سے اسکی مدح میں ابوالفرج نے یہ قصیدہ کہا ہے جسکا مطلع یہ ہے ترتیب فضل وقاعدۂ جود و رسم داد ✦ عبدالمجید احمد عبدالصمد نہاد ✦ اسکی سلطنت میں ابوالفرج اور ارزقی بڑے شاعر تھے۔ ابوالفرج کے قصیدہ کا تو ایک شعر اوپر لکھا گیا۔ ارزقی کے نام پر اول ابوالفضل لکھا جاتا تھا۔ وہ اصل میں ہرات کا رہنے والا تھا۔ الفیہ وشافیہ اُسی کی تصنیفات سے ہیں۔

سلطان مسعود اپنے باپ سلطان ابراہیم کا جانشین ہوا۔ یہ بادشاہ نیک اخلاق ومبارک عہد وبرگزیدہ اوصاف باعدل وداد تھا۔ سیاوکرم ایسیں بہت تھی رسوم ظلم کہ اس سے پہلے وضع ہوئی تھیں اور وہ قلمبند ہوکر مروج ہوگئی تھیں ان سبکو اُسنے مٹا دیا اور باج وخراج میں تخفیف کردی۔ کل امراء اور ملوک کو جو جاگیریں باپکے وقت میں مل چکی تھیں برقرار رکھیں۔ اور خود سچ مچ سلطنت کا دستور العمل عمدہ بنایا۔ پہلے ہندوستان کی امارت امیر عضدالدولہ کو دی اور جب وہ مرگیا تو طغاتگین کو ہندوستان کا سپہ سالار مقرر کیا۔ یہ سپہ سالار دریا گنگ سے عبور کرکے وہاں پہنچا جہاں سوائے سلطان محمود کے لشکر کے کوئی اور لشکر اسلام نہیں گیا تھا۔ وہ بہت سی غنیمت مال لیکر لاہور میں واپس آیا اس بادشاہ کے عہد میں تمام امور ملک داری کا انتظام رہا اور اُسنے بے خرخشہ واندیشہ ۱۶ برس سلطنت ۴۹۲ھ-۱۰۹۸ء-۵۰۸ھ-۱۱۱۴ء تک کی۔ وہ ۴۵۳ھ میں غزنی میں پیدا ہوا تھا اور ستاون برس کی عمر اُسکی تھی۔ ۵۰۸ھ میں وہ دار البقا کو سدھارا۔

سلطان ابراہیم کی وفات اور اولاد اور اُسکی مدت سلطنت اور بادشاہ

سلطنت علاء الدولہ مسعود بن ابراہیم

سلطنت محمود اور ارسلان شہ و بہرام شہ و خسرو شہ

اُسنے سلطان سنجر کی بہن مہدعراق سے شادی کی تھی۔ تاریخ گزیدہ میں لکھا ہے کہ مسعود کی وفات کے بعد اُسکا بیٹا کمال الدولہ شیرزاد تخت پر بیٹھا۔ ایک سال اُسکی سلطنت پر گذرا تھا کہ ۵۴۹ھ میں اُس کے اپنے بھائی ارسلان شاہ نے مار ڈالا مگر اور مورخ کمال الدولہ کی سلطنت کا اڑنگا بیچ میں نہیں لگاتے۔ ارسلان شاہ کو مسعود کے بعد ہی تخت پر بٹھاتے ہیں۔

جب ارسلان شاہ غزنی کا بادشاہ ہوا اُسنے اپنے سب بھائیوں کو قید کیا۔ مگر ایک بھائی اُسکا ابراہیم شاہ اُسکے پنجے سے نکلگیا اور اپنے ماموں سلطان سنجر پاس چلا گیا جو ان دونوں میں اپنے بھائی محمد بن ملک شاہ کی طرف سے خراسان میں فرمانروائی کرتا تھا۔ یہ زمانہ ایسا تھا کہ سلجوقیوں اور غزنویوں میں آپس میں رشتے داریاں ہوگئی تھیں اور سلطان سنجر کی بہن مہدعراق خاندان غزنوی کے سارے شہزادوں کی ماں تھی۔ کوئی لکھتا ہے کہ ہرچند ارسلان شاہ نے بہرام شاہ کے باب میں سلطان سنجر کو خط لکھے اور بہت منت سماجت کی مگر اُس نے اُسکی کچھ نہ سُنی اور وہ بہرام شاہ کی مدد پر آمادہ ہوا۔ کوئی کہتا ہے کہ سلطان سنجر نے ارسلان شاہ کو لکھا کہ بھائیوں سے نہ لڑو اُسنے نہیں سُنی۔ ارسلان شاہ نے سلطان محمد سے اُسکے بھائی سلطان سنجر کی شکایت کی۔ سلطان محمد نے خراسان ایلچی روانہ کیا اور یورش سے منع کیا مگر ایلچی سے کہدیا کہ اگر سلطان سنجر غزنی کو روانہ ہوگیا ہو تو کچھ نہ کہنا جب یہ ایلچی خراسان میں آیا تو اُسنے دیکھا کہ سلطان سنجر برسرسفر ہے اس لئے اُس نے کچھ نہ کہا۔ جب سلطان سنجر لشکر لیکر بست میں پہونچا تو ابوالفضل والی سیستان اُس سے ملا۔ ارسلان شاہ کو جب سلطان محمد سے مایوسی ہوئی اور سلطان سنجر کی لشکرکشی کا حال معلوم ہوا تو وہ بھی لشکر لیکر سلطان سنجر سے لڑنے کو آیا دونوں لشکر میں لڑائی ہوئی۔ غزنوی کچھ زخمی ہوئے کچھ مارے گئے۔ باقی بُرے حال احوال سے غزنی میں آئے۔ بعدازاں ارسلان شاہ نے اپنی ماں مہدعراق کے روبرو ہاتھ جوڑے اُسکے پاؤں پر پڑا دو ہزار دینار اور بہت سے تحائف دیکر سلطان سنجر پاس بھیجا اور مصالحت کا طالب ہوا۔ مگر یہ ماں پہلے ہی اُسکے ظلموں سے دل آزردہ جلی بھُنی بیٹھی تھی وہ اپنے بچوں کو قید میں طرح طرح کے عذابوں میں کب دیکھ سکتی تھی اُسنے بھائی پاس جاکر ایسی باتیں لگائیں بجھائیں کہ سلطان سنجر جس کا ارادہ معاودت کا تھا غزنی پر حملہ کرنے کو مستعد ہوا اور بہرام شاہ نے غزنی کی تسخیر کی آسان صورت بتلادی۔ سلطان سنجر غزنی سے ایک فرسخ پر آگیا تو ارسلان شاہ تیس ہزار سوار اور بہت سے پیادے اور ایک سو ساٹھ ہاتھی لیکر سلطان سنجر سے لڑنے کے لئے صف آرا ہوا۔ جانبین سے سیف و سنان سے آدمی ضایع ہوئے۔ آخر ابوالفضل والی سیستان کی شجاعت و جلادت سے غزنویوں کو شکست ہوئی اور

ارسلان ہار کر ہندوستان کو روانہ ہوا اور ۱۰ شوال ۵۱۱ھ میں سلطان سنجر غزنی میں داخل ہوا اور لشکریوں کو تاخت و تاراج سے منع کیا اور خود اُسنے غزنی کے خزانہ سے اموال بے تعداد لے لیا۔ منجملہ اس مال کے پانچ تاج تھے کہ ہر ایک کی قیمت دو لاکھ دینار کی لوگ آنکتے تھے اور سترہ تخت سونے چاندی کے تھے اور تیرہ سو زیور جواہر سے مرصع تھے۔ وہ غزنی میں چالیس روز رہ کر باہر آیا اور بہرام شاہ کو غزنی کے تخت پر بٹھایا۔ جب ارسلان شاہ کو خبر ہوئی کہ سلطان سنجر نے غزنی سے مراجعت کی تو وہ ولایت ہند سے فوج جمع کر کے غزنی کیطرف چلا۔ بہرام اس سے لڑ نہیں سکتا تھا اس لئے وہ بامیان میں آیا اور یہاں سے سلطان سنجر کے لشکر کو اپنی پشت پناہ بنا کے اپنے دارالملک کیطرف متوجہ ہوا۔ ارسلان شاہ خوف ہراس کے سبب سے افغانوں میں بھاگ گیا وہاں سلطان سنجر کے لشکر نے اُسکا تعاقب کیا اور گرفتار کر کے بہرام شاہ کے حوالہ کیا جسنے اُسے خفیہ مروا دیا۔ اور خود مستقل بادشاہ ہو گیا۔ اور تین سال سلطنت کی اور ستائیس سال کی عمر میں وفات پائی۔ طبقات ناصری میں لکھا ہے کہ ارسلان شاہ کے عہد میں حوادث عظیم واقع ہوئے آسمان سے آگ برسی اور بجلی ایسی پڑی کہ غزنی کا بازار جل گیا۔

سلطان بہرام شاہ ابن مسعود

بہرام شاہ خوب رو۔ ذی شوکت و صاحب حشمت بادشاہ تھا۔ علماء و فضلا کی صحبت کو بہت عزیز رکھتا تھا۔ اُنکے کمال و ہنر کی قدر کرتا تھا۔ اس جوہر شناسی کا نتیجہ یہ تھا کہ عالموں نے اُسکے نام پر بہت کتابیں تصنیف کیں۔ چنانچہ شیخ نظامی گنجوی نے مخزن الاسرار اُسی کے نام پر تصنیف کی ہے۔ سید حسن غزنوی نے جلوس کے روز ایک قصیدہ پڑھا جسکا مطلع یہ ہے ؎

منادی بر آمد ز ہفت آسمان کہ بہرام شاہ است شاہِ جہان

کلیلہ و دمنہ کا ترجمہ عربی زبان سے فارسی زبان میں اُسی کے نام سے مزین ہوا۔ حکیم سنائی بھی اس بادشاہ کے عہد میں تھا۔ یہ بادشاہ ہندوستان میں کئی دفعہ آیا اور یہاں کے بہت سے سرکشوں کو سزا دی

سلطان بہرام شاہ کو ہندوستان میں آنا

محمد یا ہیم سلطان ارسلان شاہ کیطرف سے سپہ سالار لاہور تھا۔ اور اعمال ناشایستہ اختیار کر کے علم مخالفت اُسنے بلند کیا۔ بہرام شاہ اوّل دفعہ ہندوستان میں اسی کی گوشمالی کے لئے آیا تھا۔ اُسے رمضان ۵۱۱ھ میں گرفتار کر کے قید کیا۔ پھر اسکا گناہ معاف کر کے قید سے رہا کیا اور بدستور سپہ سالار مقرر کیا۔

جب سلطان یہاں سے چلا گیا تو اُسکی غیبت میں قلعہ ناگور میں جو کوہ سوالک میں واقع ہے اپنے اہل و عیال اور اسباب و مال کو رکھا۔ عرب عجم افغان خلج کے آدمیوں کو نوکر رکھکر اپنے لشکر کو مرتب کیا اور بہت سے

ہند سرکشوں کو دبایا۔ اور اس سے بخوت اُسکی ایسی بڑھی کہ سلطنت و ملک گیری کا دعویٰ کرنے لگا۔ جب بہرام شاہ کو اُسکی خبر ہوئی تو وہ دوبارہ ہندوستان میں آیا۔ یہ کافر نعمت اپنے دس بیٹوں کو جو مسند امارت پر متمکن تھے ساتھ لیکر بہرام شاہ سے لڑنے گیا اور ملتان میں ایک سخت جنگ ہوئی جس میں اس کافر نعمت کو شکست ہوئی۔ وہ اپنے دس بیٹوں سمیت سرزمین حجیہ میں بھاگا پھر اسکا پتہ نہ لگا کہ زمین کھا گئی یا آسمان سالار حسین بن ابراہیم علوی کو یہاں سپہ سالار بہرام شاہ نے مقرر کیا اور خود غزنی کو چلا گیا۔

ایک عرصہ دراز تک اس بادشاہ کی سلطنت سرسبز رہی مگر آخر وقت وہ کوتاہ کئے جس سے دودمان غزنوی کا چراغ گل ہوگیا۔ اور سلطنت غزنی خاک میں ملگئی۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ سلطان مودود کے عہد سے سلطنت غزنی کا ایک صوبہ غور چلا آتا تھا۔ بہرام شاہ کے عہد میں قطب الدین محمد غوری سوری غور میں سلطنت کرتا تھا۔ اور وہ خود بہرام شاہ کا داماد تھا۔ ان دونوں بادشاہوں میں کچھ جھگڑا ہوا۔ بہرام شاہ نے قطب الدین کو غزنی بلایا اور اُسکو زہر دلوایا یا قتل کرایا۔ غرض اپنے داماد کا کام تمام کرایا جب اس قتل کی خبر سیف الدین اُسکے بھائی کو پہونچی تو وہ فوراً انتقام لینے کے لئے غزنی پر چڑھ آیا۔ بہرام میں اُسکے مقابلہ کی طاقت نہ تھی اسلئے غزنی سے بھاگ کر شہر کرمان میں جو غزنی اور ہند و افغانستان کے درمیان تھا امان لی اور اُسپر متصرف ہوکر وہیں قیام کیا۔ یہاں پہاڑوں کی کثرت کے سبب سے سواروں کا گذر نہ تھا۔ سیف الدین غزنی پر متسلط ہوگیا اور غزنویوں پر اعتماد کرکے یہیں سکونت اختیار کی اور اپنے بھائی علاء الدین کو مع اپنے تمام امراء قدیمی کے غور کو روانہ کر دیا۔ باوجودیکہ غوریونکی برابر غزنویونکے ساتھ سیف الدین سوری سلوک کرتا تھا اور غوریونکا یہ مقدور نہ تھا کہ وہ اہل غزنی پر ذرا سا بھی ظلم کریں مگر غزنوی اس سے منافقانہ طور پر رہتے تھے اور درپردہ بہرام شاہ سے سازش رکھتے اور اُسکی سلطنت کے خواہان رہتے تھے اور ظاہر میں سیف الدین کیساتھ اظہار دوستی کرتے تھے۔ جب موسم زمستان آیا اور غور کی راہیں برف سے مسدود ہوئیں تو بہرام شاہ ناگاہ بہت سا لشکر افغانوں اور خلجیوں اور صحرانشینوں کا لیکر غزنی پر چڑھ آیا۔ غزنی سے دو فرسنگ پر اُسکا لشکر ہوگا کہ سیف الدین نے اہل غزنی سے مشورہ پوچھا کہ میں بہرام سے لڑوں یا غور کو چلا جاؤں۔ ان نفاق پیشہ اہل غزنی نے مشورہ کا حق نہ ادا کیا اور جنگ پر اُس کو ترغیب دی سیف الدین نے ناچار موتمن پر عمل کرکے اُن کو مشورہ میں امین جانا اور کچھ فوج غزنی کی اور کچھ سپاہ غور کی لیکر شہر کے باہر صفیں آراستہ کیں۔ ابھی سامان حرب پورا تیار نہ ہوا تھا کہ اہل غزنی نے سیف الدین کو گرفتار کرکے

خوش طبعی کے طور پر بہرام شاہ کے حوالے کیا۔ بہرام شاہ کے حکم سے سیف الدین کا مُنہ کالا کیا گیا اور ایک مریل بیل پر جو قدم بہ قدم نہیں اُٹھاتا تھا وہ سوار کیا گیا اور سارے شہر میں یوں پھرایا گیا شہر کے لڑکے کیا اور بوڑھے کیا اُسکے پیچھے تھے اور گالیاں دیتے تھے اور طرح طرح کی ہنسی اُڑاتے تھے اور بعد اس گشت کے بہت بُری گت سے اُسکو مارا اور سر کو تن سے جدا کر کے سلطان سنجر پاس بھیجدیا۔ اور اُسکے وزیر سید مجد الدین کو بھی دار پر کھینچا۔ معلوم نہیں کہ یہ کام انسانیت سے بعید بہرام سے اُسکی عادت کے خلاف کیونکر سرزد ہوا۔ یہ خبر وحشت اثر علاء الدین کے کان میں پہونچی تو اُسکے کلیجے میں آگ لگ گئی اور اپنے بھائی کے انتقام لینے کے لئے جھٹ پٹ لشکر جرار تیار کر کے غزنی پر چڑھ آیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس اثنار میں بہرام شاہ طوعاً رحیات لپٹ چکا تھا اور اُسکا بیٹا خسرو شاہ بادشاہ ہو چکا تھا۔ مگر روایت یوں مشہور ہے کہ جب بہرام شاہ نے غزنی میں علاء الدین کے آنے کی خبر سُنی تو وہ اپنے لشکر کو تیار کر کے غزنی سے باہر اُس سے لڑنیکو آیا۔ اور علاء الدین پاس ایلچی بھیجکر یہ پیغام بھیجا کہ تیری لئے یہی مصلحت ہے کہ اپنے اس بے حاصل ارادہ سے نادم ہو کر واپس چلا جا ورنہ ہزار پہلوانان شیر افگن اور فیلان آہنی تن تیری بیخکنی کیواسطے موجود ہیں میرے ساتھ ستیز کرنے سے پرہیز کر ورنہ سارا خاندان سلاطین غوریہ کا معدوم ہو جائیگا۔ سلطان علاء الدین نے اُسکے جواب میں کہلا بھیجا کہ جو کام بہرام شاہ نے کیا ہے وہ دولت غزنویہ کے زوال کی علامت ہے۔ یہ دستور تو بادشاہوں کا ہے کہ وہ ایک دوسرے پر لشکر کشی کرتے ہیں اور اُنکے نفوس نفیسہ کو متاصل کرتے ہیں مگر نہ اس رسوائی و فضیحت کیساتھ کہ تو نے کیا۔ یقین کر کہ زمانہ ضرور تجھ سے انتقام لیگا اور مجکو فتح و ظفر دیگا۔ تو اپنے ہاتھوں پر گھمنڈ نہ کر۔ اگر تیرے پاس فیل ہیں تو میرے پاس خرفیل ہیں (سلطان علاء الدین کے لشکر میں دو پہلوان تھے جنکا نام خرفیل یعنی فیل کالان تھا) ایلچی نے بہرام شاہ کو جب یہ پیغام سنایا تو بظاہر وہ کچھ متغیر نہوا۔ مگر باطن میں ضرور متاثر ہوا اور دل میں بہت ہراس پیدا ہوا۔ القصہ دونوں لشکروں میں لڑائی شروع ہوئی تلوارونکی غیاغپ اور تیرونکی فشافش کی دھوم مچی بہرام شاہ کا بیٹا دولت شاہ لشکر کا سپہ سالار تھا جسوقت اس معرکہ جان ستان میں اُسکی جان گئی تو بہرام کا دل ٹوٹ گیا اور ہندوستان کیطرف بھاگا۔ اس بھگڈر میں فرزند کے رنج سے ایسا رنجور ہوا کہ اس سرائے فانی سے دور ہوا۔ صحیح روایت کے موافق ۵۴۷ھ میں اُسکی وفات ہوئی اُسکی سلطنت کی مدت کوئی ۳۵ سال اور کوئی ۴۴ سال بتاتا ہے۔

روایت صحیح یوں ہے کہ بہرام شاہ نے جب وفات پائی تو باتفاق امرا خسرو شاہ تخت پر بیٹھا لیکن جب اُسکو یہ معلوم ہوا کہ غزنی میں علاء الدین غوری آن پہنچا ہے تو وہ مع اہل و عیال کے ہندوستان کو روانہ ہوا۔

سلطنت غیاث الدین و شہاب الدین بن بہرام شاہ

اور لاہور میں اقامت کی۔ یہاں ہندوؤں نے اُسکی نہایت تعظیم و تکریم کی۔ ان سبکو اس بات کی خوشی تھی کہ اُن کے شہر میں ایک سلطنت قایم ہوگئی۔ اس طرح غزنی کی سلطنت ہندوستان میں منتقل ہوگئی۔

غزنی کا غوریوں کے ہاتھ سے برباد ہونا

اگرچہ بہرام شاہ اور اہل غزنی کے ہاتھ سے غوریوں نے بہت سے جور و ستم اُٹھائے تھے اور اُسکے عوض میں جو کچھ علاء الدین کرتا تھوڑا تھا۔ مگر جو اُسنے غضب ڈھایا اور ظلم و ستم توڑا اُسکے نام کو وہ دھبا لگا تا ہے کہ قیامت تک نہ مٹے گا اُسکے ظلموں کی تفصیل کیلئے ایک طومار کی ضرورت ہے مگر مختصر یہ ہے کہ ایشیا کا عروس البلاد شہر غزنی جسکے برابر کوئی شہر نہ تھا اُس کو اس ظالم نے تین دن یا سات دن تک ایسا جلایا کہ دھوئیں سے دن رات معلوم ہوتی تھی اور شعلوں سے رات دن معلوم ہوتا تھا۔ اور باشندوں کو قتل کیا اور سارے شہر کو لٹوایا اور حکم دیا کہ اس شہر کی تخریب و غارت و قتل میں کوئی بات نہ اُٹھا رکھی جائے۔ جب کچھ غیض و غضب کم ہوا تو عوام کے قتل سے ہاتھ اُٹھایا اور خواص پر ہاتھ صاف کیا۔ سید مجد الدین وزیر سیف الدین کے قتل کے انتظام میں منتخب سادات غزنویہ کی ایک جماعت کے گلے میں توبڑے خاک سے بھرے ہوئے ڈالدیئے اور اُنکو فیروزہ کوہ میں لایا اور وہاں ان توبڑوں کی خاک کو اُنکے خون سے سان کر گارا بنایا اور بروج فیروزہ کوہ میں اُسکو لگوایا۔ جب علاء الدین نے یہ سُنکر سیف الدین کی تشہیر کے وقت عورتوں نے بھی دف و دائرے بجائے تھے تو اُن کو بھی قتل کیا۔ کسی پر اُسنے رحم نہیں کیا۔ جو چیزیں خاندان غزنوی کی یاد دلاتی تھیں اُنکو بھی برباد کیا۔ قبریں اُکھیڑ اُکھیڑ کر پھینک دیں۔ مردوں کی ہڈیوں میں آگ لگائی۔ سلطان محمود و سلطان مسعود کی قبروں کو اُن کی شجاعت کے سبب سے اور سلطان ابراہیم کی قبر کو اُسکے زہد کے سبب سے چھوڑ دیا غرض شہر غزنی کو جلا کر خاک سیاہ کیا۔ اور خود جہاں سوز کا لقب حاصل کیا۔

خسرو شاہ کا غوریوں سے لاہور لینا

علاء الدین جہاں سوز کی مراجعت کے بعد پھر تخت غزنی کی طمع میں اور سلطان سنجر کی امداد کی اُمید میں لاہور سے سپاہ آراستہ کر کے خسرو شاہ غزنی کیطرف چلا۔ ان ایام میں غزان ترکوں نے سلطان سنجر کو گرفتار کیا تھا اور غزنی کیطرف متوجہ ہوئے تھے خسرو شاہ نے جب اپنے میں اُنکے ساتھ لڑنے کی طاقت نہ دیکھی تو پھر لاہور چلا آیا۔ ترکان عراق دس سال تک غزنی پر متصرف رہے۔ پھر غوریوں نے غزنی کو ان سے لے لیا۔ پھر اُنسے اُمرا خسرو شاہ نے غزنی کو لے لیا۔ بعض کتابوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ علاء الدین جہانسوز کے خوف سے جب خسرو شاہ لاہور چلا آیا تو علاء الدین نے گرم سیر و قندہار و تکینا باد کو فتح کیا اور اُنکو سلطان غیاث الدین محمد کو سپرد کیا اور خود غور کو گیا اور جب خسرو شاہ ہند سے فوج لیکر غزنی کو چلا ہی

تو اُسنے خسرو شاہ کی مصالحت اس طرح چاہی کہ وہ تکینا باد کے شہر اور قلعہ کو اُسکو دیدے اور خود غزنی پر قناعت کرے۔ مگر خسرو شاہ نے منظور نہیں کیا تو علاء الدین غوری نے یہ رباعی لکھکر بھیجی **رباعی**

اول پدرت نہاد کیں را بنیاد　　تا خلق جہاں جملہ بہ بیداد اُفتاد
ہان نہ دہی زہر یک تکینا آباد　　سرتا سر ملک آل محمود بباد

خسرو شاہ کو سلطان سنجر کی امداد کی بڑی اُمید تھی مگر وہ پوری نہوئی سلطان سعید سنجر کے عہد کا خاتمہ ہوگیا علاء الدین جہانسوز کے خوف کے مارے خسرو شاہ پھر لاہور میں بھاگ آیا اور علاء الدین جہاں سوز غزنی کو تسخیر کرکے غور گیا۔ ۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء میں خسرو شاہ لاہور میں دار السرور کو چلدیا سات سال سلطنت کرگیا۔

جب خسرو شاہ لاہور میں مرا تو اُسکا بیٹا خسرو ملک لاہور میں تخت سلطنت پر بیٹھا۔ سلطان ابراہیم اور سلطان بہرام شاہ کے زمانہ میں جسقدر ہندوستان کا حصہ مسلمانونکے قبضہ میں تھا اُسپر اس بادشاہ نے اچھی طرح حکومت جمائی اور انصاف و عدالت سے کام کرنا شروع کیا لیکن سلطان شہاب الدین محمد غوری نے غزنی ہی کو جو اس خاندان کا دار السلطنت تھا لیکر بس نہیں کی بلکہ ہندوستان کی بھی طمع کی۔ پیشاور و افغانستان و ملتان و سندہ کو مسخر کرکے ۵۷۵ھ میں لاہور کی طرف رُخ کیا۔ خسرو ملک اس سے لڑ نہیں سکتا تھا اس لئے قلعہ نشین ہوا۔ سلطان شہاب الدین خسرو ملک کے ایک بیٹے خرد سال ملک شاہ کو اول میں اور ایک نامی ہاتھی کو لیکر غور چلا گیا۔ ۵۸۰ھ میں پھر لاہور آیا خسرو ملک پھر قلعہ میں چلا گیا۔ سلطان نے اس نواح کو تاخت و تاراج کیا اور سیالکوٹ میں اپنا کوئی معتمد حاکم مقرر کرگیا۔

سلطنت ختم الملوک ابن خسرو شاہ

گھکروں کو ساتھ لیکر خسرو ملک نے سیالکوٹ پر حملہ کیا مگر ناکام رہا اُلٹا چلا آیا۔ اب سلطان شہاب الدین غوری نے عزم جزم کیا کہ لاہور کو مسخر کرے۔ ۵۸۲ھ میں وہ یہاں آیا اور بظاہر خسرو ملک سے اظہار محبت کیا اور ملک شاہ پسر خسرو ملک کو اسباب بادشاہی سے جو کچھ مناسب تھا دیکر لاہور کو باپ سے ملنے کے لئے معتمد آدمیوں کے ساتھ روانہ کیا اور حکم دیدیا کہ اُسکو ہمیشہ شراب پلایا کرو اور آہستہ آہستہ اُسے لیجاؤ اور راہ میں قیام کرتے جاؤ۔ خسرو ملک کو جب بیٹے کے آنے کی خبر ہوئی تو اُسکو سلطان شہاب الدین کی دوستی پر اعتماد ہوا اور عیش و طرب میں مشغول ہوا۔ ہنوز ملک شاہ راہ ہی میں تھا کہ سلطان شہاب الدین غوری بیس ہزار سوار دو اسپہ ہمراہ لیکر غزنی سے ایلغار کرکے راوی کے کنارہ پر آپہونچا۔ جب صبحکو خسرو ملک خواب غفلت سے بیدار ہوا تو اُس نے دریا کے کنارہ پر لشکر دیکھا تو ناچار عاجز ہوکر اماں چاہی

اور سلطان سے جا کر ملا۔ اس حیلہ سے بے خرخشہ و جنگ کے شہاب الدین غوری کے ہاتھ لاہور آیا غزنی کے خاندان سے غوریون کے خاندان مین سلطنت منتقل ہوگئی۔ ۵۹۲ھ مین خسرو ملک غزنین کے قلعہ یزدان مین قید کیا۔ ۵۹۸ھ مین اُس کو اور اُس کے بیٹے بہرام شاہ کو جو قلعہ سیف رود غور مین قید تھا دونون کو شہید کیا۔ یون آل سبکتگین کا نشان باقی نہ رہا اور خسرو ملک پر آل سبکتگین کی سلطنت کا خاتمہ ہوگیا۔ یہی ختم الملوک اس خاندان کا ہوا فقط۔

فصل سوم
خاندان غوری

غور کو غورستان بھی کہتے ہین اور وہ ہرات اور غزنی کے درمیان ایک کوہستانی ملک ہی اس مائین یہ قدیمی دارالقرار افغانونکا ایک دیرینہ شہر ہے جو ہرات سے مشرق جنوب ہین ۱۲۰ میل پر افغانستان ہین ہے غوریون کے سلاطین کے نسب کی نسبت عجیب روایات ہین۔ طبقات ناصری مین لکھا ہی کہ سلاطین غور کے نسب نامہ کو مولانا فخرالدین مبارک شاہ نے نظم مین لکھا ہی اور سلسلہ نسب کی ابتدا ضحاک پارسی سے کی ہی مشرقی مورخین تو ضحاک کو بادشاہ مانتے ہین اور کہتے ہین کہ وہ بڑا جابر ظالم تھا اُس نے اپنے باپ کو ہلاک کیا اور عرب کا بادشاہ ہوا اور جمشید سے سارا ملک چھین لیا اُس کے پاس ایک سونے کی تہی جسکے سات سوراخ پر دنیا کی ساتون اقلیمون مین سے ایک ایک اقلیم کا نام لکھا ہوا تھا جو اقلیم اس سے بغاوت کرتی وہ اس سوراخ سے جو اس اقلیم سے منسوب تھا اپنا سحر پھونکتا تو اس ولایت مین قحط و وبا آجاتے اُسکے کندھے پر دو مار مردم خوار بھی کہتے ہین کہ تھے۔ غرض اس بادشاہ کے افسانون سے بہت سے صفحے سیاہ کرتے ہین مگر مغربی مورخین کہتے ہین کہ ضحاک کوئی ایران کا بادشاہ ہی نہ تھا فقط شاعرون نے اپنے خیال سے گھڑ لیا ہی اور اُسکے افسانے بنا کے لکھدیئے ہین ملوک غور کے باب مین مشرقی ارباب تاریخ پیرا کا یہ ارشاد ہی کہ جب ضحاک تازی پر فریدون غالب ہوا تو ضحاک کی اولاد مین سے ایک گروہ کو ایسے مامن کی تلاش ہوئی کہ وہ دشمنون کو نہ ملے اور اگر ملے تو اُسپر انکو قدرت نہ حاصل ہو بعد بہت سی تگ و دو جستجو کے کوہستان بامیان مین کہ بلخ و کابل کے درمیان ہی یا ہندوستان مین ضحاک کے نبیرون مین سے دو جنکے نام سور و سام تھے آئے اور اس مقام کو مستحکم کیا اور سور اپنے قبیلہ کا سردار اور سام سپہ سالار ہوا۔ سور کی دختر سام کے پسر شجاع سے بیاہی گئی جب سام مرگیا تو اُسکا بیٹا شجاع سپہ سالار ہوا

اور چچا کی خدمت مین رہا مگر لوگون نے لگا بجھا کر چچا بھتیجو مین ایسی بگڑوادی کہ چچا نے یہ چاہا کہ میری بیٹی کو بھتیجا طلاق دیدے۔ اسپر شجاع خفا ہوکر ایک رات کو مال اسباب نقود و جواہر و اہل و عیال کو لیکر جبال غور مین چلا آیا اور یہان پہونچکر کہا کہ ہندیش اسلئے مقام کا نام ہندیش ہی ہے یہان قلعے مستحکم بنائے فریدون کو جب اسکا حال معلوم ہوا تو اُس نے اپنا لشکر یہان لڑنے کو بھیجا وہ مدتون تک لڑتا رہا۔ آخر کار ان شرائط پر صلح ہوگئی کہ اہل غور باج خراج دیا کرین اور فقط غور ہی پر قناعت کرین کسی اور ولایت سے متعرض نہوین۔ اس خاندان مین مدت تک سلطنت نسلاً بعد نسلٍ چلی اور شنسب پر نوبت پہونچی وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دست مبارک پر مسلمان ہوا اس نے خاندان کا لقب شنسبانی ہوا۔ غرض باقی حال تاریکی مین ہے۔ پھر یہان سے تاریخ کا سلسلہ چلتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی نے محمد سوری حاکم غور اور اُسکے بیٹے کو گرفتار کرکے قید کیا جسکا ذکر ہم پہلے کرچکے محمد سوری نے اپنے بیٹے حسن سے کہا کہ میری عمر تو ختم ہوچکی ہے میری آرزو یہ ہے کہ تو غور جاتا کہ ہمارا خاندان بالکل مستاصل نہوجائے۔ قید خانہ مین ایک کھڑکی جنگل کیطرف تیس گز اونچی تھی محمد سوری نے بیٹے کی بند کو توڑا اور اپنے نیچے بچانے کے کمبل کی رسی بٹی اور اپنے بیٹے کو اس سے باندھکر قید خانہ سے نکالا اور وہ غور مین پہونچا اور وہان اپنی حکومت کرنے لگا جب سلطان محمود کو اسکی خبر ہوئی تو اُسنے محمد سوری کو مار ڈالا اور حسن ابن محمد سوری کو غور کی ایالت پر قایم رکھا اُسکا بیٹا حسین ہوا اور اس حسین کے سات بیٹے ہوئے جب غزنی مین بہرام شاہ سلطان ہوا اور اسکی سلطان سنجر سے لڑائی ہوئی تو حسین کے بیٹون سے اُسنے مصالحت کرکے انہین جو بڑا تھا اُسکو طلب کیا اور ملک قطب الدین جو بزرگتر اولاد حسین مین سے تھا وہ غزنی مین گیا اور مدتون تک اس پاس رہا پھر کسی سبب سے بہرام شاہ نے اسکو قتل کر ڈالا۔ اسی سبب سے غزنیون اور غوریون مین عناد ہوگیا اور آپسمین ایک دوسرے کے ملک کے خواہان ہوئے ایک اور قول یہ ہے کہ محمد بن سوری معاصر سلطان محمود غزنوی کا تھا وہ بغاوت کے سبب سے سلطان کے ہاتھ مین زندہ اسیر ہوا اور حکومت غور کی اُسکے بیٹے ابوعلی کو تفویض ہوئی اُس نے بھی اپنے باپ کا طریقہ سرکشی کا اختیار کیا تو بوعلی کے بھتیجے بوعباس کو غور کی سلطنت سپرد ہوئی سات برس تک اُسنے ظلم اور ستم کیا بڑا قحط پڑا آخر کار وہ بھی سلطان ابراہیم کے عہد مین قید ہوا محمد بن عباس اُسکا جانشین ہوا اور سلطان غزنی کی اطاعت کرتا رہا غرض ان سلاطین غوریہ کا خاتمہ قطب الدین حسن بن محمد بن عباس پر ہوگیا اُسکی آنکھ مین تیر لڑائی مین لگا اور اس صدمہ سے مرگیا۔ اسکا بیٹا سام سلاطین غزنویہ کے تسلط کے سبب سے ہند مین بھاگ آیا اور تنخہ مین

کھو کر پھر مسلمان ہوگیا اور یہان تجارت کرنے لگا آخر کو وطن کی محبت نے جوش کیا۔ اہل وعیال سمیت غور کی جانب دریا کی راہ سے روانہ ہوا۔ بادنخالف سے کشتی غرق ہوئی اور سب اہل کشتی غریق رحمت فنا ہوئے مگر اعزالدین حسین بن سام بچگیا ایک کشتی کا تختہ اُسکو ہاتھ لگ گیا ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہی ایک شیر بھی اس تختہ پر اُسکے ساتھ بیٹھ گیا خوش ست آوارگی اُو راکہ ہمراہے چنین باشد بھوکا تین رات دن تک مصیبتین اُٹھاکر کنارہ پر پہونچا شیر تختہ سے کود اعزالدین اس بلا سے چھوٹا ایک شہر نظر آیا اُسمین پہونچا مسافرون کی طرح رات کو ایک دُکان پر سو گیا۔ کوتوال شہر نے اُسکو چور جان کر پکڑ لیا۔ قیدخانہ مین پہنچا وہان اتفاقاً بادشاہ بیمار ہوا اُس کے عہد مین جو قیدی چھوٹے انمین سے یہی صدقہ اترا۔ اتفاقاً راہ مین قزاقون سے ملا انہون نے اُسکو خوبصورت اور قوی جوان دیکھکر زبردستی اپنا سردار بنایا گھوڑا اور لباس دیا بعضیونکی کم بختی سے سلطان ابراہیم غزنوی کے آدمیون نے اس گروہ کو گرفتار کیا سلطان نے سبکی گردن مارنیکا حکم دیا جو وقت جلاد نے حسین کی آنکھون پر پٹی باندھی اُس نے فریاد اور واویلا مچائی اور کہا کہ اے خدا تیرے ہان غلطی نہین ہوتی مین بے خطا قتل ہوتا ہون۔ جلاد نے کہا کہ ساری عمر یہی کرتا رہا۔ اب تک اپنی تئین بیگناہ کہتا ہی حسین نے اپنی ساری سرگذشت سنائی اُسپر جلاد کو رحم آیا۔ ایک سردار کی معرفت یہ ماجرا سلطان کے کان تک پہونچوایا۔ بادشاہ کو بھی رحم آیا اُسکو بلوایا۔ بشرہ سے آثار نجابت ظاہر تھے۔ انہون نے اُسکے قول کی صداقت کی۔ بادشاہ نے اُسپر عاطفت شاہانہ فرماکر مقربین مین داخل کیا۔ پھر امیر صاحب کا عہدہ عطا کیا اور اپنی لڑکی کی شادی اُسکے ساتھ کردی اسطرح روز بروز جاہ و اعزاز اُسکا بڑھتا گیا۔ اور جب سلطان مسعود بن سلطان ابراہیم تخت پر بیٹھا تو غور کا حاکم حسین مقرر ہوا۔ انگریزی مورخ اس ساری داستان کا یہ نتیجہ نکالتے ہین کہ غور کی حکومت کسی جوانمرد آدمی نے سلاطین غزنویہ کی بدولت حاصل کی اور یہ آدمی یا تو اصل حقیقت مین غوری تھا یا کسی غوری سردار کی دامادی کے رشتہ سے غور یا یمین داخل ہوا اور پھر اپنے حسن تدبر کے عیب چھپانے کیواسطے یہ ایک داستان گھڑلی جب غزنی مین سلطان محمود بن ابراہیم بادشاہ ہوا تو حسین کو حکومت غور عنایت کی اور درجہ اُسکا بلند کیا جب حسین مرگیا تو بہرام شاہ غزنوی اور حسین کی اولاد مین چند دفعہ صف دجنگ ہوئی بہرام شاہ اور علاء الدین جہان سوز سے کہ ارشد اولاد مین تھا ایک جنگ عظیم ہوئی خاندان غزنویہ کے بیان مین اس لڑائی کا حال ہم پہلے لکھ چکے ہین کہ کیا کیا ہوا۔

علاء الدین جہانسوز کے حالات جو غزنی سے متعلق ہین وہ ہم سلطان بہرام شاہ غزنوی کے ذکر مین بیان کر چکے ہین اب وہ غزنی کے سب کامون سے فارغ ہوکر اور اپنا انتقام لیکر فیروزہ کوہ مین آیا اور سلطان کا لقب اختیار کیا۔ عیش و نشاط مین مشغول ہوا مگر یہ عیش اُسکو بہت دنون نصیب نہوا سلطان کو جو خراج ہمیشہ بھیجا کرتا تہا وہ نہ بھیجا بلکہ ہرات اور بلخ کو دبا لیا۔ اسپر سلطان سنجر سے ایک معرکہ ہوا سنجر غالب ہوا علاء الدین اسیر ہوا۔ سنجر نے کہا کہ اس کے پانون مین بہاری بیڑیان ڈالی جائین تو اُس نے سلطان سے کہا کہ مجھے یہ توقع ہو کہ میرے ساتھ وہ سلوک کرے جو مین نے اُسکے لئے سوچا تہا سلطان سنجر نے پوچہا کہ تو نے کیا سوچا تہا جواب دیا کہ مینے آپکی عزت کے سبب چاندی کی زنجیرین بنوائی تہین کہ اگر آپ میری قید مین آئے ہوتے تو وہ بیڑیان آپ کو پہناتا سلطان نے حکم دیا کہ وہی بیڑیان پیدا کرکے اُسکے پانون مین ڈالدی جائین۔ علاء الدین کی ذکاوت مشہور تہی طبع لطیف تہی اور شعر خوب کہتا تہا اس لئے سلطان سنجر نے اُسکو رہا کرکے اپنا ندیم اور مجلس خاص کا جلیس بنایا ایکدن سلطان کے روبرو ایک طبق موتیون کا بہرا ہوا آیا وہ اُس نے علاء الدین کو دیدیا جسپر اُس نے یہ رباعی فی البدیہہ کہی

رباعی

بگرفت و نہ کشت شہ مرا در صف کین — با آنکہ بدکشتنی از روے کین
وانکہ بہ طبق می دہدم در ثمین — بخشایش و بخشیدنم چنان کرد چنین

ایک دن سلطان سنجر موزہ اُتار کر اپنے پاؤن کو پہیلا کر پاک کرتا تہا کہ علاء الدین کی نظر اُس پر جا پڑی سلطان سے اجازت لیکر بوسہ دیا اور یہ رباعی اُسیوقت کہی

رباعی

اے خاک سُم مرکب تو افسر من — وے حلقۂ بندگی تو زیور من
تا خاک کف پائے ترا بوسہ زدم — اقبال ہمے بوسہ زند بر سر من

بعد ازان سلطان سنجر نے علاء الدین جہانسوز کو غور مین سلطنت دیدی اور وہان جاکر سلطنت کے کامون مین مشغول ہوا جب سلطان علاء الدین سنجر کی قید مین تہا تو غور مین دنگہ اور فساد برپا تہا اس لئے اعیان غور نے ملک ناصر الدین محمد کو تخت پر بٹہا دیا تہا۔ مگر وہ رات دن عورتون سے شغل رکہتا تہا اور سلطنت کا کام کچہہ نہین کرتا تہا جب سلطان علاء الدین قید سے رہا ہوکر اور غور کا بادشاہ بنکر آیا تو ناصر الدین کو غورتون نے بستر مین دبا کر اُسکا دم نکال لیا۔ سلطان علاء الدین پھر تخت پر بیٹہا اور فتوحات کے درپے ہوا بلاد بامیان اور طخارستان کا انتظام کیا اور بلاد داور۔ قروم بست کو تسخیر کیا

خراسان مین قلعہ تولک غرجستان کو فتح کیا اور بعض اور قلعے فتح کئے اس کے آخر عمر مین ملاحدہ الموت کے ایلچی بہت آئے اور وہ اُنپر بہت مہربانی کرتا تھا اس لئے بدنام ہوتا تھا تھوڑے دنون بعد چار برس کچھ دنون سلطنت کرکے ۵۵۱ھ مین رحمتِ حق سے پیوستہ ہوا۔

جب سلطان علاء الدین جہانسوز اس جہان سے رخصت ہوا تو سب ملوک و اکابر نے متفق ہوکر اُسکے بیٹے سلطان سیف الدین محمد کو فیروزہ کوہ مین تخت سلطنت پر بٹھایا۔ سلطان علاء الدین جب غزنی کو تباہ کرکے غور مین آیا تھا تو اس نے اپنے بھتیجون غیاث الدین محمد اور معزالدین محمد کو سنجہ مین حاکم مقرر کیا تھا ان دونون بھائیون کے مزاج مین سخاوت و شجاعت بہت تھی۔ اسلئے وہ مرجع خلائق بنگئے علاء الدین کو اس سبب سے بھتیجون کیطرف سے وہم پیدا ہوا اُنکو جرجان کے قلعہ مین قید کردیا۔ اصل سبب اسکا یہ تھا کہ بھتیجون کی لیاقت کے سبب سے اسکو یہ اندیشہ پیدا ہوا تھا کہ اسکا بیٹا سیف الدین کہین سلطنت سے محروم نہو جائے۔ مگر جب یہ بیٹا بادشاہ ہوا تو وہ ایسا نیک دل تھا کہ اُسنے اپنے چچیرے بھائیون کو جرجان کے قلعہ سے رہائی دی یہ اس بادشاہ کا بڑا نیک کام عدل کا تھا ہمنے پہلے بیان کیا ہے کہ ملاحدہ الموت کی حال پر اُسکے باپ کو نظر التفات تھی مگر یہ بادشاہ سُنّی شریعت پرور تھا ملک غور سے ان ملاحدہ کا استیصال کلی کردیا۔ اس کے عہد مین رعیت بڑے چین سے رہتی تھی۔ مگر اس نیک سیرت بادشاہ کی سلطنت دوران گل کیطرح بقا نہ کرتی تھی بہت جلد اسکا رشتہ حیات اسطرح منقطع ہوگیا کہ ایک دن وہ اپنے سراپردہ مین چاندماری پر تیر لگا رہا تھا اور امراء غور بھی اُس کے ساتھ شریک تھے امین سپہ سالار درمیش بن شیش بھی اور اُسکا بھائی ابو العباس بھی تھا۔ اس زمانہ مین امراء غور مین یہ رسم تھی کہ جس کسی کو خلعت دیتے تو اس مین جواہرات سے مرصع زرین دستانے بھی دیتے تھے۔ اس سپہ سالار درمیش کے ہاتھ مین وہ دستانے مرصع جو ملک ناصر الدین حسین نے خلعت مین دیئے تھے وہ سلطان سیف الدین کی بیوی کے ہاتھ کے تھے اُنکو دیکھکر سلطان کو غیرت آئی حمیت سلطنت سے سینہ مین ایک شعلۂ غضب اُٹھا اُس نے کہا کہ درمیش چاندماری مین سے تیر نکال لا حسب الحکم درمیش نے آج کیطرف منہ کیا تو پشت اُسکی سلطان کیطرف ہوئی۔ سلطان نے کمان تانکر ایک تیر ایسا اُسکو مارا کہ وہ اُسکے جگر کے پار ہوگیا اور بغیر مرگ ناگہانی بنگیا

دولت سنجری کا دور آخر ہوچکا تھا امراء غزان کا غلبہ تھا۔ اطراف غور مین بھی اُنکی تاخت و تاراج کا بازار گرم تھا سلطان سیف الدین باپ کے ملک کا انتظام کرکے اس فساد کے مٹانے کیطرف متوجہ ہوا۔ وہ غرجستان اور ولایت مادین کیطرف آیا اور پھر وہ بار مرو کی طرف گیا اور شہر وزق سے گذر کر غز سے لڑا

سپہ سالار ابو العباس اپنے سینہ مین کینہ اپنے بھائی کے قتل کا لئے ہوئے موقع کی تلاش مین تہا۔ لڑائی مین وہ سلطان کے پس پشت آیا اور سلطان کے پہلو مین ایسا نیزہ مارا کہ وہ زین سے زمین پر گرا اور ابو العباس نے چلا کر یہ کہا کہ مرد انرا بر روے آنچ نکشند چنانچہ برادر مرا کشتی چنین جائے کشند۔ جب سلطان گرا تو لشکر کا بھی منہ لڑائی سے پہرا اور سلطان کی بھی خبر نہ لی کہ کہان پڑا ہی۔ ایک غزا اُسکے سر پر آگیا ہنوز وہ زندہ تہا وہ بادشاہ کے جامہ و کمر کی تلاشی لینی چاہتا تہا مگر کمر اُسکی جلد نہ کہلی تو اُسنے بند کمر پر چھری لگائی اور چھری کی نوک سلطان کے پیٹ مین گھپ گئی اور اس زخم سے وہ شہید ہوا۔ وہ صرف ایک برس بادشاہ رہا۔

سلطان غیاث الدین اور سلطان معز الدین دونون سگے بھائی تہے غیاث الدین تین برس کچھ دنون اپنے بھائی سے بڑا تہا جب یہ دونون بھائی سلطان سیف الدین نے رہا کئے۔ غیاث الدین فیروزہ کوہ مین سلطان سیف الدین کی خدمت مین رہنے لگا اور معز الدین اپنے چچا ملک فخر الدین مسعود پاس بامیان مین چلا گیا۔ غیاث الدین غز کی لڑائی مین سلطان سیف الدین کے ساتھ تہا کہ وہ مارا گیا اور لشکر شکست پاکر بہاگا۔ ابو العباس جسنے سیف الدین کے نیزہ مارا تہا وہ غیاث الدین پاس آیا اور سب کا کا برادر امرا و شرفا نے لشکر کو جمع کیا اور غیاث الدین کو تخت پر بٹہایا اور سب سے اُسکی بیعت کرائی پہلے غیاث الدین کا نام شمس الدین تہا اور اُسکے بھائی کا نام شہاب الدین تہا جو خراسان فتح کرنے کے بعد معز الدین ہوا مگر تاریخون مین شہاب الدین ہی نام مشہور ہوا۔ جب شہاب الدین نے بھائی کے بادشاہ ہونیکی خبر سُنی تو وہ چچا سے اجازت لیکر بامیان سے بھائی پاس شیر کوہ مین آگیا چونکہ سپہ سالار ابو العباس نے سلطان غیاث الدین کو بادشاہ بنایا تہا اس لئے وہ کمال عزت و عظمت کیساتھ زندگی بسر کرتا تہا اور سلطان کو ہو سلطنت مین زیادہ اختیار نہ دیتا تہا اور غوریونکے دلمین اُسکی شوکت و مہابت بہ نسبت سلطان غیاث الدین کے زیادہ تہی۔

سب متمردہی کیطرف رجوع کرتے تہے۔ ان دونون بہائیون کو جب یہ یاد آتا تہا کہ ملک سیف الدین کو زین سے زمین پر اُسنے گرایا ہی تو دلونمین انتقام کا جوش اُٹہتا تہا اس سبب سے آخر کو اُن دونون بہائیون نے مشورت کرکے ایک خاص اپنے ترک کو حکم دیا کہ جب ابو العباس دربار مین آئے اور شہاب الدین اپنا ہاتھ کو اُٹہا کر اپنے سر پر لگائے تو وہ ابو العباس کا سر اوڑائے چنانچہ یہی ہوا کہ ابو العباس کا سر اسطرح تن سے جدا ہوا ابو العباس نے اس حال مین بہی میان سے تلوار کہینچی مگر آدہی کہچی رہی پوری کہینچنے کی طاقت نرہی اب ابو العباس کے قتل کے بعد ملک فخر الدین مسعود کو بہینچو نکی سلطنت کی طمع دامنگیر ہوئی

اور تاج الدین یلدوز حاکم ہرات اور علاء الدین قماج والی بلخ سے استمداد کی اور وہ اُسکی معاونت کے لئے اپنے ملک سے چلے کہ سلطان غیاث الدین نے ان دونون کے روکنے کے لئے اُن کی راہ مین لشکر بھیجا لشکر نے ان دونون سرکشون کو مار ڈالا اور منظفر و منصور واپس آئے یلدوز کا سر اور قماج کا علم ملک فخر الدین پاس بھیجا گیا انھین دیکھکر اپنی یورش سے پشیمان ہوا اور مراجعت کا ارادہ کیا کہ اس اثنا مین افواج غور نے چارون طرف سے اُسکو گھیر لیا اس پیام کے پہنچنے سے سلطان غیاث الدین اور سلطان شہاب الدین بھی آئے جب اُنکو معلوم ہوا کہ اُنکا چچا ملک فخر الدین اسطرح گھرا ہوا ہی تو وہ گھوڑے پر سے اترے اور اپنے چچا کی خدمت مین حاضر ہوئے اور اپنے لشکر گاہ مین لیگئے اور تخت پر اُسکو بٹھایا اور دونو بھائی کمر بستہ اور دست بستہ کھڑے ہوئے ملک فخر الدین نہایت شرمسار اور سر بسیمہ ہوکر تخت سے اُٹھا اور بھتیجون سے کہا کہ تم مجھ سے تمسخر اور استہزا کرتے ہو مگر ان نیک بھتیجون نے ایسی معذرت کی کہ جس سے یہ شبہہ اُسکا رفع ہوگیا اور وہ بامیان کی طرف چلا تو اُس کے ساتھ ایک منزل یہ بھتیجے گئے اور پھر پھر آئے جب ملک غور مین سلطان غیاث الدین کا تسلط ہوگیا تو اُس نے زمین داور اور گرمسیر پر لشکر کشی کی اور اس دیار کو تسخیر کیا۔ پھر باد غیش پر متوجہ ہوا اُسکو بھی اُس نے زیر کیا غرجستان کے حکام سے ملا اس سرزمین مین بھی اُسکی حکومت قایم ہوئی۔

۵۶۷ھ ۱۱۷۳ء غزنی کو جو ترکون کے ہاتھ مین بارہ برس سے تھا فتح کرلیا۔ اور اپنے چھوٹے بھائی شہاب الدین کو یہانکی حکومت دی اور سلطان محمود کے تخت پر بٹھایا اور خود فیروزہ کوہ مین آیا دو سال بعد غور و غزنی کے لشکرون کو جمع کرکے دارالسلطنت ہرات پر لیگیا۔ یہان ان دنون بہاء الدین طغرل حاکم تھا اور وہ سنجر کے غلامون مین تھا وہ شہر کو چھوڑکر چلا گیا اور خوارزم شاہ سے جا ملا سلطان نے ہرات لیلیا۔ پھر دو سال بعد اُس نے بوشنج کو فتح کیا جب ملوک سیستان نے دیکھا کہ سلطان تسلط اکثر بلاد خراسان پر ہوگیا تو انھون نے بھی ایلچیون کی معرفت اپنی اطاعت کا اظہار کیا سلطان کا غیاث الدین کی روز بروز ترقی ہوتی جاتی تھی ۵۷۶ھ مین شادباج پر لشکر کشی کی۔ علی شاہ ابن تکش خان نے دروازہ بند کئے اور خود خوارزم شاہی شاہزادون کو لیکر ایک برج مین چلا گیا بحسب اتفاق سلطان کا گذر اس برج کے پاس ہوا اُس نے حکم دیا کہ منجنیق سے برج مین رخنہ کیا جائے یہ اتفاق کی بات ہی کہ برج مین خود ہی رخنہ ہوگیا جس سے شہر مسخر ہوگیا وہان سے سلطان نے مراجعت کرکے ایک سال بعد مرو کو لیلیا غرض کل خراسان مین اُسکا فرمان نافذ ہوا کہ وہ فرمان شاہی آیا کہ جس کی نافرمانی ممکن نہین جس سے اُسکو ملک عقبی مین جانا پڑا ہرات کی جامع مسجد مین اُسکا مدفن بنا اس لئے

اُس نے یہ مسجد بنائی تھی وہ ساٹھ سال جیا اور ۴۳ سال سلطنت کی سلطان سے پہلے غوریونکا مذہب کرامیان تھا اور سلطان غیاث الدین نے شافعی مذہب اختیار کیا اور ہرات کی جامع مسجد مین شافعی مذہب کے امام مقرر کئے اُس مسجد کی شان و رفعت کی تعریف اس زمانہ مین بالبداہ اور زمانہ آیندہ مین بھی ہوگی

حکایت سلطان غیاث الدین غوری

سلطان غیاث الدین کو آغاز جوانی مین عیش و عشرت کیطرف رغبت تھی اور شکار کا از حد شوق تھا ایک وسعت عظیم مین سے اُس نے اور دنکو شکار کھیلنے کے لئے منع کر رکھا تھا زمین دار مین ایک باغ بنایا تھا اُسکا نام باغ ارم رکھا تھا واقعی وہ باغ بہشت ہی تھا۔ ہر سال مین شکار کا جلسہ ہوتا تھا۔ سیکڑون شکاری جانور وہان آتے اور ام شکار کھیلتے رقص و سرود کی محفلون کے جلسے ہوتے ایک دن سلطان شکار کو اُٹھا تو فخر الدین مبارک شاہ نے یہ رباعی پڑہی جسکو سنکر سلطان پھر عیش مین مصروف ہوا۔ رباعی

اندر مے و معشوق و نگار آویزی — بہ زان باشد کہ از شکار آویزی
آہوئے بہشتی جو بدام تو درست — اندر پے کوہی چہ کار آویزی

سلطان غیاث الدین نے جب شراب سے توبہ کی کہ سلطان خوارزم کا لشکر ہرات پر آیا اور شہر سرخس مین آیا اُسنے اپنا ایک ایلچی سلطان پاس بھیجا جس کے لئے ایک مجلس عشرت مہیا ہوئی۔ ایلچی کو بہت شراب پلائی کہ جس سے حال سلطان شاہ کا معلوم ہو۔ یہ ایلچی جب مست ہوا تو مطرب نے کہا کہ یہ رباعی گائے۔

آن شیر کہ بالش او دہانہ است مقیم — شیران جہان از و ہراسند عظیم
اے شیر تو از دہانہ دندان بنمائے — لیکن با ہمہ در دہان شیر انداز بیم

یہ سُنکر سلطان غیاث الدین کا رنگ متغیر ہوا تھا کہ اس رباعی کے جواب مین خواجہ صفی الدین محمود نے یہ رباعی پڑہی

آن روز کہ مارا بت کین افراز یم — وز دشمن مملکت جہان پرداز یم
شیرے ز دہانہ گر نماید دندان — دندانش بگیرز در دہان اندازیم

سلطان یہ رباعی سنکر خوش ہوا اور شاعر کو خلعت و انعام دیا۔

ہندوستان کا حال

سلطان غیاث الدین کے مرنیکے بعد اُسکا بھائی سلطان شہاب الدین محمد غوری بادشاہ ہوا ان دونو سگے بھائیون مین ساری عمر بڑا اخلاص و پیار رہا۔ ایک شہریار رہتا دوسرا سپہ سالار گرامور سلطنت کے باب مین دونو کا اختیار برابر تھا۔ پہلے اس سے کہ ہم سلطان غیاث الدین کے جانشین سلطان معز الدین عرف سلطان محمد غوری کا حال لکھین ہندوستان کا حال لکھتے ہین کہ ان دنون مین دہلی اور قنوج ہندو راجاؤن کے قبضہ

کے مرکز تھے۔ یہان کے ہر ایک راجہ کو شمالی ہند مین اپنی فوقیت کا دعوی تہا۔ دہلی اور اجمیر مین پرتہی راج جو راے پتھورا مشہور ہے راج کرتا تہا وہ بڑا بہادر و جوانمرد راجہ تہا۔ اسپر یہ نام زیب دیتا تہا۔ قنوج مین راٹھور راجہ جے چند راج کرتا تہا جسکی راجدہانی اب بہی آٹھ مربع میل مین ٹوٹی پہوٹی اینٹون اور کنکر پتھرون و روڑون سے بہری پڑی ہے اُس نے گہوڑے کی قربانی یعنی راجسوجگ کیا جس سے معلوم ہوا کہ اُسکی برابر کوئی راجہ ہندوستان مین نہین ہے۔

اس راجسوجگ مین خدمتگاری کے تمام کام ان راجاؤنکو کرنے پڑتے ہین جو بڑے راجہ کے زیر فرمان ہوتے ہین۔ اسمین راجہ دہلی کو دربانی کی خدمت کے لئے بلایا گیا۔ اس جگ کے اندر قنوج کے راجہ کی لڑکی کا سوئمبر بہی تہا یعنے وہ مجلس جسمین لڑکی اپنے شوہر کو پسند کرتی ہے۔ دہلی کا راجہ گو اس لڑکی پر فریفتہ تہا۔ مگر اس کے لئے اس دربانی کی ذلت کو گوارا نہ کرتا تہا وہ اس رسم مین قنوج مین آکر شریک نہوا تو راجہ قنوج نے اُسکی بے ڈہنگی سی مورت بنا کے دروازہ پر کہڑی کردی جب راجہ کے دربار مین لڑکی آئی تو راجاؤن کے حلقے کی طرف سے نگین آنکہون سے دیکہتی ہوئی اور خرد رانہ رفتار سے چلتی ہوئی دروازہ پر گئی اور وہان جو یہ بیڈہنگی مورت رکہی ہوئی تہی اُس کے گلے مین ہار ڈالدیا۔ راجہ دہلی یہ سنکر اسپ باد رفتار پر دوڑا آیا اور رانی کو اپنے گہوڑے پر سوار کرکے اپنی دارالسلطنت کو لیگیا قنوج کا راجہ سپاہ لیکر اُسکے پیچہے دوڑا اور افغانون کو بلایا کہ دہلی مین دوسری طرف سے حملہ کرین اسطرح دونون سلطنتین ہندوؤنکی غارت ہوگئین۔ یہ ہندوؤنکا افغانون کا بلانا مسلمانون کی کسی معتبر تاریخ مین نہین لکہا مگر انگریزی تاریخون مین معلوم نہین کس اسناد و استشہاد پر یہ لکہا جاتا ہے۔

سلطان شہاب الدین کے عہد دولت مین چہوتون کی چار بڑی سلطنتین تہین۔ دہلی مین راجپوتون کی قوم توار یا تومر راج کرتی تہی۔ دوسری اجمیر مین چہوتون کی قوم چوہان اور تیسری قنوج مین رجپوتون کی قوم راٹھور۔ اور چوتہی گجرات مین چہوتونکی قوم بگھیلے۔ دہلی مین قوم توار کا راجہ انگ پال تہا اُس کے کوئی بیٹا نہا صرف بیٹیان ہی تہین جنمین سے ایک کی اولاد راجہ قنوج تہا۔ اور دوسری کی اولاد پرتہی راج تہا جس کو انگ پال نے متبنے کرلیا تہا اس سبب سے پرتہی راج دونون سلطنتون دلی اور اجمیر کا راجہ ہوگیا۔ اجمیر کی سلطنت اُسکو اپنے باپ سومیشور سے ہاتہ آئی اور دلی کی سلطنت نانا سے میراث مین پائی۔ یہ میراث جے چند راجہ کو نہ بہائی۔ یہی دونون راج مغربی دشمنی حملون کی مکرر ذلت کا جواب دیسکتے تہے مگر انمین ایسی پہوٹ پڑگئی کہ پرتہی راج کے ساتہیون مین ۱۰۸ راجاؤن مین سے ۶۴ راجہ رہ گئے مگر سچ یہ ہے

کہ اگر یہ پھوٹ نہ پڑتی تو بھی رجپوت مسلمانوں کے حملوں کی تاب نہ لاسکتے۔

سلطان شہاب الدین کی فتوح

سلطان شہاب الدین مدت سے ہندوستان پر فریفتہ تھا یہی بادشاہ وہ ہے جس نے اہل اسلام کی سلطنت کی بنیاد اس استحکام کے ساتھ قایم کی کہ انگریزوں کی عملداری تک وہ چھ برس تک چلی دو برس تک سلطان محمد غوری غزنی کے بندوبست مین مصروف رہا۔ پھر ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء مین ملتان کو فتح کیا۔ قراطہ نے اس ملک مین بڑا فساد کر رکھا تھا اُس سب کو مٹایا۔ پھر ۵۷۳ھ/۱۱۷۷ء مین اُس نے اوچہ کو فتح کیا یہ مقام دہان ہی جہان پنجاب کے دریا آپس مین ملتے ہین اوچہ کا راجہ ایک قلعہ مین متحصن تھا جب یہ قلعہ یون فتح نہوا تو سلطان نے راجہ کی رانی پاس آدمی کے ہاتھ پیغام بھیجکر اس وعدہ پر اُسکو فریفتہ کیا کہ اگر تیری ہی سے یہ قلعہ فتح ہوجائے تو مین تجھ سے نکاح کرکے ملکہ جہان بناؤنگا۔ اس رانی کے لعین سلطان کی شوکت و حشمت کا خوف بیٹھا ہوا تھا اُس نے سلطان سے کہلا بھیجا یا کہ مین تو نکاح کے لائق نہین رہی مگر میری لڑکی نہایت حسین ہے اگر اُس سے نکاح کرے اور بعد فتح کے میرے مال اور اسباب پر طمع نکرے تو مین راجہ کو دفع کردیتی ہون سلطان نے یہ شرائط قبول کرلین اس رانی نے چند روز مین راجہ کو ہلاک کیا سلطان نے وعدہ وفا کیا کہ اُس کی بیٹی سے نکاح کیا اور مسلمان کرکے دونون ماں بیٹیون کو غزنی بھیجدیا کہ نماز روزہ سے واقف ہون اور قرآن پڑھین سلطان ماں سے متنفر رہا بیٹی بھی سلطان سے متمتع نہوئی۔ دونون دو برس کے اندر رنج و غم مین ہلاک ہوئین۔ سلطان نے اوچ اور ملتان دونون علی کرہاج کے حوالہ کئے اور خود غزنی آیا۔ دو برس بعد ۵۷۴ھ/۱۱۷۸ء مین اوچہ اور ملتان مین سلطان آیا اور ملتان کی راہ سے گجرات پر حملہ کیا مگر یہان کے راجہ بھیم دیو نے مقابلہ کیا اور مسلمانون کو شکست دی اور ہزارون کو قتل کیا۔ غزنی کی مراجعت مین وہی تکالیف محمد غوری کو پیش آئین جو محمود غزنوی کو آئین۔ پھر سلطان ۵۷۵ھ/۱۱۷۸ء مین پشاور مین گیا اس شہر کا نام کتب قدیمہ مین بگرام اور فرسور اور پرشور لکھا ہے۔ اس ملک کو تسخیر کیا دوسرے سال ۵۷۶ھ/۱۱۷۹ء مین لاہور مین آیا۔ یہان خسرو ملک کی سلطنت مین دلی کے راجہ اور افغانون کی مخالفت سے استقلال نتھا وہ سلطان سے میدان مین مقابلہ نہ کرسکا۔ ایک قلعہ مین متحصن ہوا سلطان نے نواح لاہور کو تاراج کیا خسرو ملک نے بعد رسل و رسائل کے اپنے چھوٹے بیٹے ملک شاہ کو اول مین دیا اور ایک ہاتھی جس سے بہتر کوئی اور ہاتھی پاس نتھا وہ نذر مین دیا۔ سلطان محمد غوری نے بھی الصلح خیر پر عمل کرکے مراجعت کی دوسرے دیوں مین کہ لایت سند مین سمہ ہی کیا اور مغربی کنارہ ملک پر تصرف کیا اور بہت مال غنیمت مین لیا ۵۸۰ھ مین پھر لاہور مین آیا اور اس

پنجاب سے خاندان غزنوی کا خارج ہونا اور زیادہ ہونا

نواح کو غارت کیا اور آب راوی اور چناب کے درمیان قلعہ سیال کوٹ بنایا حسین خرسیل کو یہاں قلعہ دار مقرر کیا۔ ملک خسرو نے فرصت پاکر گھکڑون کی قوم سے اتفاق کیا اور اس قلعہ کا محاصرہ شروع کیا مگر فتح نہ ہوا اس بات پر محمد غوری شکستہ ہوا۔ ایک لشکر جرار کے ساتھ لاہور پر دوبارہ چڑھا خسرو ملک پھر قلعہ مین متحصن ہوا سلطان شہاب الدین اسکو بزور نہ فتح کرسکا تو یہ داؤن کھیلا کہ خبر اڑادی کہ ایک ضرورت کے سبب سے مغرب کیطرف سلطانی فوج جاتی ہی۔ اور ظاہر مین خراسان جانے کی تیاریان کین۔ اور ملک خسرو سے آشتی چاہی اور اُسکے بیٹے کو جو اول مین تھا چھوڑ دیا۔ جب سلطان خسرو نے یہ باتین دیکھین تو وہ ٹھہری سواری اپنے بیٹے سے ملنے کو روانہ ہوا۔ یہان سلطان محمد غوری نے یہ کام کیا کہ عمدہ عمدہ سوار اپنی فوج کے لیکر ایسی راہ چلا کہ وہان آمد و رفت آدمیون کی نہ تھی اور آناً فاناً مین دارالخلافہ اور سلطان خسرو کی راہ کے درمیان آپڑا اور خسرو ملک کو گرفتار کرلیا۔

۵۸۲ھ / ۱۱۸۶ء مین لاہور پر قابض ہوا اور علی کرماج حاکم ملتان کو بلا کر یہان کا حاکم مقرر کیا۔ اور خود غزنی خسرو ملک کو لیکر چلا گیا۔ دوسرے برس خسرو اور اُسکے سب خاندان کو سلطان غیاث الدین پاس بھجوادیا اس سلطان نے انکو قلعہ جرجستان مین محبوس کیا۔ اور حادثہ خوارزم شاہ مین اُن سبکو قتل کیا۔ اسطرح خاندان امیر سبکتگین کا ختم ہوا۔ دستور کے موافق اس خاندان کا ستارہ اقبال بھی دوسو سال مین اپنا دورہ پورا کرکے ایسا غروب ہوا کہ پھر طلوع نہوا۔ اوپر کے واقعہ کا بیان ملک خسرو کی سلطنت مین بالتفصیل بیان کیا گیا ہے۔

سلطان شہاب الدین کی ہندوستان کی مہمات

جب خاندان غزنی کا چراغ گل ہوگیا تو پھر اہل اسلام مین شہاب الدین کا کوئی مخالف باقی نرہا اور جب شہاب الدین سلجوقیون اور تاتاری قومون اور اور جنگجو قومون سے لڑنے بھڑنے کا مشتاق ہوا تو اسکے سامنے ان ہندوؤن کی ظاہر کچھ اصل نتھی۔ یہ بیچارے طبیعت کے نرم اور لڑائی جھگڑون سے کوسون بھاگنے والے چھوٹی چھوٹی ریاستون بکھرے پڑے ہوئے اسکی ٹکر کیا سنبھالتے۔ مگر یا وصف اسکے کوئی ریاست ہندوؤن کی بغیر سخت لڑائی کے فتح نہوئی اسکا باعث یہ تھا کہ ہندوؤنمین ایک قدیمی قوم راجپوتون کی ایسی تھی کہ سپاہی ماکے پیٹ سے ہوتی تھی اور ہر گروہ اُنکا ایک موروثی سردار کہتا تھا ان سردارون کو جو راجہ سے تعلق تھا وہ سپاہی راجپوتون کو اپنے سردارون سے علاقہ ہوتا تھا غرض یہ باہمی تعلقات ایسے ہوتے تھے کہ باہم وفاداری اور اتفاق انکو لازم تھا جاگیر دینے کا انتظام نہایت عمدہ تھا غرض

ان باتون سے راجپوتون مین عالی نسبی اور بلند ہمتی اور دلاوری اور مردانگی کے خیالات بڑے زور شور سے پیدا ہوگئے تھے۔ دنیا مین کوئی قوم ایسی نہین ہو کہ راجپوتون سے زیادہ اپنی ننگ و ناموس کی حفاظت مین جان دینے کو بے حقیقت جانے۔ بہاٹ انکی رنگونکو اپنے کڑکون سے اور رنگ دیتے تھے غرض اگر یہ سیاہ پیشہ فرقہ ہندوستان مین نہوتا تو شہاب الدین بغیر ہاتھ پاؤن ہلائے ہندوستان کو لے لیتا۔ راجپوتون کے مختلف فرقون مین تقسیم ہونیکا ایک اثر یہ بھی تھا کہ جب غنیم کے زور اور دباؤ سے وہ اپنے مقام اور مکان کو چھوڑتے تو جہان بستے وہان غول کے غول بستے اور نئی اراضیات کو اسی نسبت سے تقسیم کرتے جسطرح انمین پہلے زمین منقسم ہوتی تھی غرض اس تغیر مکانی سے انکے باہمی تعلقات مین کچھ تغیر و تبدل نہ ہوتا۔

سلطان محمود غوری کا ہندوؤن سے شکست پانا

۵۸۷ھ ۱۱۹۱ء مین ہندوستان پر سلطان شہاب الدین نے غزنیت کی قلعہ بھٹنڈہ کو کہ اس زمانہ مین جگہان عظیم الشان کا پایہ تخت تھا۔ راجہ اجمیر کے آدمیون سے چھین لیا۔ اور وہان ملک ضیاء الدین تولکی کو حاکم مقرر کرکے اور بارہ سو منتخب و چیدہ سوار دیکر مراجعت کا ارادہ کیا کہ اتنے مین خبر پہونچی کہ بھٹنڈہ کے پھٹانے کے لئے راجہ پتھورا اور گوبند رائے جو دہلی مین اسکی طرف سے نائب تھا ایک لشکر کا لشکر لیکر طوفان کیطرح چلا آتا ہے اور اسکے ساتھ بہت سے راجہ اور دو لاکھ سوار اور تین ہزار ہاتھی ہین سلطان شہاب الدین نے مراجعت کے ارادہ کو فسخ کیا اور لشکر راجہ سے لڑنے گیا دونون لشکر ونکا آمنا سامنا تلاوری کے میدان مین ہوا۔ یہ میدان تھانیسر اور کرنال کے درمیان دہلی سے چالیس کروہ پر واقع ہے اور اس مین بڑے بڑے معرکے ہوئے ہین مسلمانون نے اسطرح لڑائی شروع کی کہ انہون نے اپنے سوارون کے غول بنائے اور دھاوے پر دھاوے کئے اور سوار تیرونکا مینہہ برساتے ہوئے آگے بڑھتے یا پیچھے ہٹتے غرض جیسا موقع ہوتا ویسا کرتے۔ مسلمان جب ہندون کے قلب لشکر مین مصروف تھے اسوقت ہندون نے مسلمانون کا میمنہ میسرہ توڑ دیا۔ شہاب الدین اسوقت خود صف قلب مین تھا جب اسکو یہ خبر پہونچی کہ دائین بائین فوج کے پیر اکھڑ گئے تو وہ بیچ مین جما رہا۔ پھر ہندوؤن نے چارون طرف سے اسے گھیر کر نرغہ مین کر لیا۔ ایسے وقت مین بھی وہ بہادری سے لڑتا رہا۔ اور قدم بڑھا بڑھا کر تلوار کے ہاتھ چلاتا رہا۔ گوبند رائے سپہ سالار ہنود کی آنکھ شہاب الدین پر جا پڑی وہ ہاتھی پیل کر اوسکی طرف لایا۔ شہاب الدین نے ایک نیزہ کا ہاتھ اسکے مارا اور زخمی کیا۔ مگر اس نے بھی ایک تلوار کا زخم ایسا دیا کہ سلطان قریب تھا کہ گھوڑے سے نیچے گرے مگر ایک خلجی غلام لپک کر پیچھے گھوڑے پر سلطان کو

چھا بیٹھا اور گرتے کو سنبھال لیا اور جنگ کے میدان سے امن کی جگہ لے آیا غرض مسلمانون کو شکست ہوئی
اور اُنکے گھوڑ دنکی باگین موڑ گئین۔ چالیس میل تک مسلمانون کا تعاقب ہندوون نے کیا۔ مسلمانون نے
لاہور مین آکر آرام لیا۔ راجہ پتھورا نے بھٹنڈہ کا محاصرہ کیا اور سوا برس کے بعد صلح کر کے اُسے لیلیا۔ اسلامی اُنکے
بھاگے ہوے سپاہی اور ٹوٹا پھوٹا لشکر لاہور مین جمع ہوا۔ شہاب الدین بہائی کا بندوبست کر کے غزنین اپنے
بھائی سے ملا۔ شہاب الدین نے افغانون سے کچھہ نہ کہا مگر امراء غور اور خراسان پر نہایت عتاب کیا اور
توڑون مین جو بھر کر اپر چڑھوا دیے۔ اور بازارون مین چھوڑ دیا اور حکم دیدیا کہ جو یہ جو نہ کھائے اسکا سر اڑایا
جائے جنکو اپنی زندگی عزیز تھی انھون نے یہ جو کھائے۔ اب سلطان شہاب الدین بھائی سے رخصت ہو
غزنی مین آیا۔ اور ظاہر مین تو عیش اُڑاتا تھا کہ جس سے لوگون کو معلوم ہو کہ اُس کو شکست کی مصیبت اور
وقت یاد نہی۔ مگر حقیقت مین دن کا کھانا اور رات کی نیند اُسپر حرام تھی شب و روز لشکر کے جمع کرنے
کی دھن مین لگا رہتا۔ آخر کو ایک لشکر زرق برق جمع کیا۔ انمین ترک اور تاجیک اور افغان سب داخل
تھے۔ سر پر خود جواہرات سے مرصع رکھے ہوئے تھے اور جوشن چاندی سونے کے بدن پر پہنے ہوئے تھے
یہ سب سامان اندر ہی اندر کر کے کوچ کرنیکا حکم دیدیا۔ اور آٹھوین دن خود سوار ہوا۔ اس لشکر کشی مین عمائد
سلطنت سے کچھہ مشورہ نہ لیا تھا۔ اسلئے کسیکو معلوم نہ تھا کہ ارادہ کدہر کا ہی۔ جب لشکر پشاور مین پہونچا تو ایک
پیر مرد غور نے بے تکلف ہو کر عرض کی کہ اس مہم کا سامان تو ایک جنگ عظیم کا معلوم ہوتا ہی مگر یہ نہین کہتا
کہ عزم کدہر کا ہی اسوقت سلطان نے ایک آہ سرد کھینچی اور کہا کہ اے پیر مرد تو یقین جان لے کہ جسوقت سے
مین نے ہندو راجاؤن سے شکست کھائی ہی حرم سرا مین بستر پر نہین سویا۔ قبا کے بند کھول کے دکھائے
کہ اُس دن سے آجتک کپڑے نہین بدلے خلج اور غور اور خراسان کے امیرونکا مُنہ آجتک نہین دیکھا کہ
وہ نمکحرام مجھے اکیلا لڑائی مین چھوڑ کر چلے آئے۔ اُس پیر مرد نے دعائے خیر دی اور کہا کہ انشاء اللہ تعالے
ابکی دفع فتح ہوگی۔ اب مصلحت وقت یہی ہے کہ آپ ان امیرونکا قصور معاف فرمائین انکو روبرو بلائین
اور عزت اور آبرو بخشین تاکہ وہ جان لڑا کر لڑین۔ اور اپنی پہلی بدنامی کے دھبے کو مٹائین یہ تقریر
سلطان کو پسند آئی ملتان مین آکر دربار کیا اور سب امیرون اور سردارونکو بلایا اور کہا کہ اے مسلمانون
سالگذشتہ مین دامن اسلام پر داغ لگا وہ سب پر روشن ہی اُسکا تدارک ہر مسلمان پر واجب اور
فرض ہی سب نے تلوارون پر ہاتھہ رکھکر سر جھکا دیے غرض وہان سے لاہور مین آیا اور قوام الملک کن الدین

حمزہ کو کہ تدبیر اور تقریر مین بیمثل تہا ایلچی بناکر اور نامہ دیکر اجمیر مین رائے پتھورا کے پاس روانہ کیا۔ مضمون نامہ کا یہ تہا کہ "اسلام کی اطاعت قبول کرو"۔ راجہ یہ بات سنکر نہایت غیظ و غضب مین آیا اور اسکا ایک سخت جواب لکہا اور راجگان ہندوستان کو جمع کیا بہت سی راجہ اسکی پہلی فتحیابی کو دیکہکر شریک حال ہوے غرض یہ دونون لشکر دریاے سرسوتی کے دہرا دہرا آنکر پڑے۔ پرتھی راج نے اول خط اس مضمون کا بڑے غرور اور تکبر سے شہاب الدین کو لکہا کہ "سیاہ دار اسلام کو ہمارے لشکر کی عدت اور حدت پر اطلاع ہوئی ہوگی سوائے اسکے اور راجاؤن کے لشکر برابر چلے آتے ہین اگر تجکے اپنے اوپر رحم نہین آتا تو اس بیچاری سپاہ کے حال پر رحم کر جو تیرے ہمراہ آئی ہے۔ اپنے آنے سے پشیمان ہوا اور الٹے پاؤن چلا جا ہمکو دیبی اور دیوتاؤنکی قسم ہے جو تیرا تعاقب کرین یا کچہہ اذیت پہونچائین اور نہین کل کا دن ہے اور یہ فیلان مست صف شکن اور لشکر بے شمار موجود ہے اور تیرا لشکر ہے ہمین سے کسیکو جیتا نہ جانے دینگے۔ شہاب الدین نے اس خط کو پڑہا اور بہت تحمل اور بردباری سے جواب لکہا کہ "راجہ کا یہ نیک صلاح دینا ہمپر شفقت ہے۔ مگر سب پر یہ بات روشن ہے کہ مین اپنے بڑے بہائی کا فرمانبردار ہون اُسکے حکم سے اُس مہم کا بوجھ سر پر رکہا ہے۔ جب تک وہان سے کچہہ حکم نہ آئے مجھے اس معاملہ مین اختیار نہین اتنی مہلت عنایت ہو کہ جواب وہان سے آجائے اُسوقت صلح استبا پر ہو جائیگی کہ پنجاب اور سرہند اور ملتان ہمارے پاس رہے۔ باقی کل ہندوستان تمہارے پاس رہے"۔ جب راجہ پاس یہ ضعیف جواب گیا تو سارے شہر مین فتح کی سی خوشی ہوئی۔ اور خواب غفلت مین سب آرام کرنے لگے۔ اور اپنی جمعیت کے بہروسہ پر لشکر سلطانی کے قریب آپڑے۔ اندہیری رات مین سلطان دریا کے پار اُتر گیا۔ یہان راجہ کی سپاہ مین ابہی لوگ پڑے سوتے ہی تہے۔ کچہہ لشکر سلطانی کی خبر نہ تہی کہ اُن کے سر پر چڑہ آیا اور بیطرح اُن پر ٹوٹ پڑا اور سارے لشکر مین ہلچل ڈالدی۔ بارے راجہ کو اتنی فرصت ملی کہ ہوش حواس درست کرکے ایک فوج کو تیار کرکے سامنے لایا۔ اتنے مین باقی تاقی فوج کے انبوہ کثیر کو سمیٹ سمٹا میدان مین لاجمایا شہاب الدین نے اپنے لشکر کے چار حصے کیے اور چار سپہ سالارون کے سپرد کرکے حکم کردیا کہ باری باری سے جائین اور اس لشکر کثیر کے مقابل مین جان لڑائین۔ راجپوت بہادر بہی اس میدان مین دائین بائین سے درست ہوکر اس خوبصورتی اور بندوبست سے لڑے کہ مسلمانون کے جی چہوٹ چہوٹ گئے اب الحرب خدیعۃ پر عمل کرکے شہاب الدین شکست کی صورت بناکے پیچہے ہٹا حریف نے پیچا کیا جب جمعیت انکی بے انتظام ہوئی تو دوسرا غول تازہ دم لڑائی کے لئے سامنے ہوا۔ مگر اس سے بہی کام نہ نکلا جب

ٹھیک دوپہر ہوئی تو رائے پرتھی راج اکیسو پچاس راجہ اور مہاراجہ کو لیکر ایک درخت کے سایہ مین آیا۔ ان سب نے تلوارون کی قبضہ پر ہاتھ رکھکر قسمین شدید کھائین۔ اور ایک ایک پیالہ شربت کا پیا۔ پان کے بیڑے چبائے تلسی کی پتی زبان پر دھری کیسر کے ٹیکے ماتھے پر دیئے اور میدان جنگ مین آئے ادہر شہاب الدین نے سہ پہر کو اپنے بارہ ہزار سوار خاص جنکے سر و بر فولادی خود جواہرات سے مرصع رکھے ہوئے اور شمشیرہائے برّان ہاتھون مین لئے ہوئے تھے اور گھوڑون کے کانو پر سنان جان ستان سجے ہوئے ساتھ لئے اور خدا پر بالکل توکل کرکے ہندوون پر دھاوا کیا اور اُن کے سارے لشکر کو ہلا مارا اور ہلچل ڈالدی۔ ہندوون کی سپاہ اسطرح ٹوٹ پھوٹ گئی جیسے کوئی بھاری عمارت اپنی بوجھ سے آپ ہی گر پڑے غرض یہ سپاہ اپنے زور مین آپ ہی غارت ہوگئی۔ گوبند رائے نائب السلطنت اور بڑے بڑے سردار مارے گئے راجہ پرتھی راج بھی گرفتار ہوا۔ بُری گت سے مارا گیا بعض تاریخون مین کہانڈے رائے بعض مین گوبند رائے لکھا ہے۔ ان واقعات کا بیان مسلمانونکی تاریخون سے لکھا جاتا ہے۔ ہندوؤنکی تو عادت نہین تھی کہ تاریخ لکھین تھی راج اور محمد غوری کی پُرانی لڑائیونکا بیان چند راؤ لے جو ایک نامی ہندی شاعر گذرا ہے اول ہی اول ہندی اشعار مین بیان کیا ہے اُس نے سب جگہ لڑائیونمین سوائے ایک کے ہندوؤنکی فتح لکھی ہے۔ پرتھی راج کے رائے چند کے شہنشاہ ہین انہین اُس نے اپنے ملک اور قوم کی بڑی ہمدردی دکھائی ہے۔

دہلی اور اجمیر کا فتح ہونا

اب یہانسے شہاب الدین اجمیر کو گیا اور اُسکو فتح کرلیا اور کئی ہزار باشندے جو اُس سے مقابل ہوئے تھے تہ تیغ کئے اور اُنکے بچون کچونکو لونڈی غلام بنایا۔ اجمیر کی سلطنت پرتھی راج کے بیٹے کو یا کسی اور رشتہ دار کو دیدی اور اس سے یہ اقرار ٹھہرالیا کہ محصول سالانہ ادا کیا کرے پھر دہلی مین آیا یہانکا راجہ اُس سے بعجز و نیاز پیش آیا۔ دہلی سے سلطان نے کوچ کیا۔ اور قطب الدین ایبک کو کہ اُسکے برگزیدہ غلامون مین سے تھا قصبہ کہرام مین کہ دہلی سے ستر کوس پر ہے نائب اپنا ہندوستان مین مقرر کیا۔ اور خود غزنی کو روانہ ہوا۔ قطب الدین ایبک ایسا لایق اور قابل تھا کہ اُس نے دلی کے اُن ضلاع کو جو گنگا جمنا کے درمیان واقع تھے پرتھی راج کے سب رشتہ دارون سے چھین لیا۔ میرٹھ اور کول اور دلّی ان سب کو فتح کرکے دلی کو اپنا دارالسلطنت بنایا اور اسلام کی حکومت کے تمام آئین اور دستور جاری کئے۔

فتح قنوج کی

دوسرے برس شہاب الدین پھر ہندوستان مین آیا اور ۵۹۱ھ ۱۱۹۴ء مین جنگ عظیم راجہ قنوج سے لڑا قنوج کا راجہ جے چند تھا جسکی لڑائی پرتھی راج سے ہو رہی تھی۔ اُسکا بیان پہلے ہوچکا ہے آپس کی پھوٹ کا پھل یہی

ہوتا ہی۔ کہ دونون غارت ہون۔ جب پرتھی راج نہ بچا تو راجہ جے چند کیونکر بچتا۔ اس راجہ کو اٹاوہ کی جانب شمال مین چندواہ کے اندر شہاب الدین نے بڑی شکست فاحش دی۔ راجہ کی آنکھ مین قطب الدین ایبک کے ہاتھ سے تیر لگا۔ وہ ہاتھی سے نیچے گرا۔ اور پھر اُسکا حال کسیکو معلوم ہوا کہ کیا ہوا مگر لاش اُسکی نشان سے پہچانی گئی کہ اُسکے دانت سونے کے تارون سے بندھے ہوئے تھے۔ اُس کے خاندان کے راٹھوڑون نے انتربید کی سکونت کو چھوڑ دیا اور مارواڑ مین جا بسے۔ اس فتح سے مسلمانون کا قبضہ قنوج اور بنارس پر ہو گیا اور بنگالہ کا دروازہ مسلمانون کے لئے کھل گیا۔ اب سلطان شہاب الدین بنارس مین آیا اور یہان انگیزار تجانے توڑے اور بہت کچھ غنیمت ہاتھ آئی غرض یہ فتح بڑی شان و شوکت کی تھی اسمین دولت اور بہت بڑے بڑے شہر اہل اسلام کے ہاتھ آئے۔ اب شہاب الدین غزنی کو واپس گیا اور قطب الدین کو بدستور اپنا نائب مقرر کیا۔ اجمیر کا راجہ جو شہاب الدین نے مقرر کیا تھا اس کے ہاتھ سے اجمیر کو ہیمراج نے کہ پرتھی راج کے عزیزون مین سے تھا چھین لیا قطب الدین ایبک نے مغلوب راجہ کی اعانت کیلئے ۵۹۱ھ/۱۱۹۴ء مین راجہ ہیمراج کو شکست دی اور اجمیر چھین لیا اور پھر قطب الدین گجرات پر فوج لیکر گیا اور اُسکو خوب لوٹا کھسوٹا۔

گوالیار اور ملک بیانہ کا فتح ہونا اور قطب الدین ایبک کی فتوحات

دو برس بعد ۵۹۲ھ/۱۱۹۵ء مین شہاب الدین پھر ہندوستان مین آیا اور ملک بیانہ مین اپنا دخل کیا اور قلعہ گوالیار کا محاصرہ کیا۔ ہنوز قلعہ فتح نہوا تھا کہ کوئی ضرورت ایسی پیش آئی کہ غزنی کیطرف مراجعت فرمائی۔ اور ملک بیانہ کا انتظام اور قلعہ گوالیار کا اہتمام بہاء الدین طغرل کے سپرد ہوا۔ یہ قلعہ بہت دنون کے بعد فتح ہوا اور اس فتح ہونے مین قریب تھا کہ بہاء الدین طغرل اور قطب الدین ایبک مین آپسمین لڑائی ہو جاتی مگر طغرل مر گیا اسلئے یہ فساد مٹ گیا۔ قطب الدین ایبک کو پھر راجہ اجمیر کی اعانت کے لئے جانا پڑا۔ مخالفون نے پھر اکسایا اور قطب الدین ایبک کی اعانت کا محتاج کیا۔ اسدفعہ اسکو گجرات کی ناگوار راجاؤن اور میوات کی پہاڑی قوم سے سخت مقابلہ کرنا پڑا یہ قومین اجمیر کے چارون طرف بستی تھین۔ اس لڑائی مین قطب الدین کو شکست ہوئی اور زخمی ہوا اور خدا خدا کر کے اجمیر تک پہنچا وہان چارون طرف سے دشمنون نے گھیر لیا مگر غیب سے مدد آئی تو اس مصیبت سے رہائی پائی پھر اس نے دشمنون سے خوب انتقام لیا۔ دریائی اور پاڈلی اور دہلی کی راہ سے گجرات پر چڑھائی کی اور کوہ آبو پر راجہ گجرات کی دو جاگیرداروں کو دیکھا کہ بڑی جمعیت سے رہتے ہین انکو اپنے پیچھے چھوڑتا ہوا اسکے ملک مین گھس گیا اور اُنکے سب ٹھکانے تہس نہس کر ڈالے اور انکو شکست دی اور وہان سے گجرات کی دارالسلطنت انہل واڑہ پر پہونچا اور اُسکو اور گجرات کو تہ و بالا کیا اور دہلی مین صحیح و سلامت آیا۔ دوسرے سال مین بندیلکھنڈ مین کالنجر اور کالپی کو اور روہیلکھنڈ مین بدایون کو فتح کیا

اودھ اور بنگالہ کے صوبوں کا فتح ہونا

محمد بختیار خلجی غور کے امراؤں میں سے تھا۔ اور وہ ہندوستان میں مدت سے آیا ہوا تھا۔ اور اُس کو بعض پرگنے دوآبہ اور گنگا پار کے جاگیر میں ملے تھے۔ وہ نہایت شجاع اور جوانمرد اور جواد تھا۔ قطب الدین ایبک اُس سے نہایت خوش ہوا۔ اُس کا سب سامان درست کیا۔ اور خلعت عنایت کیا۔ اُس نے صوبہ بہار کو بالکل فتح کر لیا اور بہت سا مال اور غنائم لیکر دلّی میں قطب الدین ایبک کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بادشاہ نے اُس پر نہایت مہربانی اور عاطفت فرمائی۔ اُس پر حاسدوں کو حسد پیدا ہوا۔ بختیار خلجی کو ہاتھی سے لڑوایا۔ اُس نے ہاتھی کے ایسا گزند مارا کہ وہ چلّا کر اُسکے سامنے سے بھاگ گیا۔ اس جوانمردی پر قطب الدین ایبک نے اُسکو بہت کچھ انعام دیا۔ اور بہت سامان دیکر بہار اور بنگالہ کا صوبہ دار اُس کو مقرر کیا۔ اُس نے یہاں پہنچکر شمالی حصہ صوبہ بہار کو بھی فتح کر لیا۔ اور سارے بنگالہ کو تسخیر کر لیا۔ اور اُس کی دارالسلطنت لکھنوتی کو بھی قبضہ میں لے لیا۔ اور اس طرح تمام صوبہ بنگالہ پر قابض ہو گیا۔

جس وقت ہندوستان میں یہ فتوحات ہو رہی تھیں سلطان شہاب الدین خوارزم کے بادشاہ کے ساتھ لڑائی جھگڑوں میں مصروف تھا۔ اس خوارزم کے بادشاہ نے سلجوقیوں کی سلطنت کو خاک میں ملا کر وسط ایشیا میں اپنی ایک سلطنت قائم کی تھی۔ طوس اور سرخس میں سلطان تھا کہ سلطان غیاث الدین محمد کے مرنے کی خبر اُسکو پہونچی وہاں سے غزنی میں آیا اور ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء میں موافق اپنے بھائی کی وصیت کے سر پر تاج شاہی رکھا۔

سلطان شہاب الدین کی خوارزم پر چڑھائی اور اُسکی ناکامی

غرض سلطان شہاب الدین نے تمام سلطنت کا انتظام کر کے ۶۰۰ھ/۱۲۰۳ء میں خوارزم پر چڑھائی کا ارادہ کیا خوارزم شاہ مقابلہ نہ کر سکا اس لئے قلعہ خوارزم میں گھس گیا۔ جب سلطان خوارزم میں پہونچا تو آب جیحون کے کنارہ پر لڑائی ہوئی اور سپہ داران غور کچھ کام آئے کہ بادشاہ خطا کا سپہ سالار قرا بیگ اور سلطان عثمان بادشاہ ہمرقند خوارزم شاہ کی امداد کو آئے۔ اس بات کے سُننے سے سلطان شہاب الدین پر وہ خوف طاری ہوا کہ جو اسباب تھا سائھہ نہ چل سکا اُسکو آگ لگا دی۔ اور خراسان کی طرف بھاگا۔ خوارزم شاہ نے تعاقب کیا۔ سلطان اُس سے لڑا مگر شکست کھائی اور سب اسباب چھوڑنا پڑا۔ رستہ میں بھاگا جاتا تھا کہ قرا بیگ کے اور سلطان عثمان کے لشکر نے راہ میں اُس کو گھیرا۔ مگر سوا سو سوار اُس کے پاس تھے کچھ مقابلہ نہ ہو سکا۔ آخر کو قلعہ اندخود میں پناہ گیر ہوا۔ یہ قلعہ ہرات اور بلخ کے درمیان واقع ہے۔ پھر سلطان عثمان کی وساطت سے صلح ہو گئی قلعہ اُس کے حوالہ کیا۔ اب بیرتیان حال ہو کر مراجعت کا قصد کیا۔ جس وقت سلطان شہاب الدین میدان جنگ سے بھاگا تھا اُس وقت اُسکا ایک غلام ایبک نام ہمراہ تھا۔ اُس نے جانا کہ سلطان مارا گیا۔ سندھ کی سلطنت کا خیال اُسکو خود پیدا ہوا اس لئے اُسکے مرنے کی افواہ چاروں طرف اُڑا دی۔ اور خود بہت جلد ملتان میں آیا اور وہاں کے حاکم امیر حسین سے عجب

ہندوستان کی فتح دوں کا بیان

دانو کھیلا۔ اُس نے کہا کہ مجھے آپ سے کچھ بادشاہ کا حکم کہنا ہے اور جو آجکل حوادثات واقع ہوئے ہیں اُنکا بیان کرنا
منظور ہے خلوت میں چلئے۔ امیر حسن بے تامل اُس کے ساتھ محل میں چلا آیا۔ وہاں ایک ترکی غلام لگا رکھا تھا اُس نے
اُسکی گردن اُڑا دی۔ اب یہ مشہور کیا کہ میں نے یہ کام سلطان کے حکم سے کیا ہے اور ایک فرمان جعلی دکھا کر ملتان
کا حاکم بے تکلف بن بیٹھا۔ اور گھکر کی قوم بھی سلطان کے مرنے کی خبر سُنکر پہاڑوں سے نکل پڑی۔ اور لاہور کے تسخیر کرنیکا
ارادہ کیا اور جہلم اور سودرہ میں ایک شور فساد مچا دیا۔ سلطان جو قلعہ اندخود سے غزنی میں آیا یلدوز نے کہ سلطان کے
معزز غلاموں میں سے تھا قلعہ میں نہ داخل ہونے دیا۔ اور لڑائی کیلئے مستعد ہوا۔ اور چونکہ سلطان مقابلہ نہ کر سکتا تھا
ناچار ملتان میں آیا۔ یہاں ایبک نے بھی اطاعت نہ اختیار کی سلطان نے اُسکو لڑکر گرفتار کر لیا۔ اور ہندوستان
کی سرحد سے سپاہ جمع کر کے غزنی کی طرف متوجہ ہوا۔ اور یلدوز کا گناہ غزنی کے امرا کبار کی سفارش سے معاف
کر دیا۔ اور غزنی پر قابض و متصرف سلطان ہو گیا۔ اتنے میں ایلچی خوارزم سے آیا اور صلح ہو گئی۔ غرض سب سلطان سے
پھر گئے مگر قطب الدین ایبک وفادار رہا۔ اب سلطان نے گھکروں سے لڑنے کا ارادہ کیا۔ قطب الدین ایبک بھی دہلی
سے سلطان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور دونوں نے ملکر گھکروں کی خوب گوشمالی کی اور لاہور میں سلطان آیا۔
یہاں سے قطب الدین ایبک کو رخصت کیا۔ جتنے دنوں سلطان لاہور میں رہا۔ گھکر طرح طرح کی تکلیفیں مسلمانوں
کو پہنچاتے رہتے۔ پنجاب میں مسلمانوں کے آنے جانے کا رستہ اُنکے ہاتھوں سے بند ہو گیا۔ گھکروں کا کچھ مذہب نہ تھا
جس کسی کے لڑکی ہوتی وہ دروازہ پر لیکر کھڑا ہوتا۔ اور پکارتا کہ کوئی اُسکو زوجیت میں قبول کرتا ہے۔ اگر کوئی
قبول کرتا تو اُسکے حوالہ کرتا نہیں اُسکو قتل کرتا۔ ایک ایک عورت کئی کئی خاوند کرتی تھی۔ غرض اُنکا مذہب کچھ تھا
یا نہ تھا مگر وہ مسلمانوں کی تکلیف رسانی کو بڑا ثواب سمجھتے تھے۔ اب سلطان کے آخر ایام سلطنت میں ایک مسلمان
اُن کے ہاں قید ہوا۔ اُس نے مذہب اسلام کی خوبیاں بیان کیں۔ گھکروں کے سردار کو وہ خوبیاں پسند آئیں اور
اُس نے کہا کہ اگر میں سلطان کے روبرو جا کر اسلام قبول کروں تو وہ میرے ساتھ کیا سلوک کرے۔ اس
مسلمان نے جواب دیا کہ میں اس امر کا ذمہ دار ہوں کہ وہ تیرے ساتھ شاہانہ سلوک کرے اور اس کوہستانی
ملک کی حکومت تجھے دیدے۔ یہ سارا مضمون اپنی عرضی میں لکھا۔ اور گھکروں کے سردار کی عرضی لی۔ ان دونوں کو
سلطان کے پاس بھیجدیا۔ سلطان نے فوراً خلعت فاخرہ اور کمربند مرصع گھکروں کے رئیس کے واسطے ارسال کئے۔
اسپر رئیس گھکروں کا سلطان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اسلام اختیار کیا۔ اور اس کوہستان کی حکومت کا
فرمان لیکر اپنے وطن کو چلا گیا۔ اور اپنی قوم کے آدمیوں کو بھی مسلمان بنایا۔ انہیں دنوں میں غزنی کے مشرقی

گھکروں کا مسلمان ہونا

پہاڑوں کے باشندے بھی مسلمان ہوگئے۔

جب سارے ہندوستان میں امن وامان ہوگیا تو ۶۰۲ھ ۱۲۰۶ء میں سلطان مٹھ لاہور سے غزنی جانیکا قصد کیا۔ اور بہاء الدین سلم والی بامیان کے نام حکم صادر ہوا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ ترکستان کے کفار سے لڑائی لڑیں۔ اس لئے ایک لشکر آب جیحون کے کنارہ پر جمع کیا جائے اور پل تیار رہے۔ غرض اسی سال کی دوسری شعبان کو خیمہ اسکا دریائے سندھ پر ایک مقام پر فضا پر قائم تھا کہ کھکھروں کے چند بدمعاش جن کے غزنیہ اور اقارب فوج سلطانی کے ہاتھ سے مارے گئے تھے دریا میں پیر کر آدھی رات کے وقت خیمہ میں گھس گئے۔ اور سلطان کو خنجروں سے قتل کر ڈالا۔ بادشاہ کا جنازہ بڑی شان وشوکت اور جاہ وجلال سے غزنی کو روانہ ہوا جنازہ کے ساتھ بڑے بڑے رئیس اور امیر ساتھ تھے اور کندھا دیتے تھے اور آہ وبکا کرتے تھے۔ جب غزنی کے قریب جنازہ پہونچا تو تاج الدین یلدوز حاکم غزنی استقبال کیلئے آیا اور زرہ بکتر پھینکدیا۔ بالوں کو بکھیر دیا۔ خاک سر میں ڈالی۔ غرض اس بادشاہ کے غم والم وماتم میں اُسکے سب سرداروں کا عجب عالم تھا۔ اُسکے مرنے کی تاریخ یہ ہے ؎

شہادتِ ملکِ بحر وبر معز الدین — کز ابتدائے جہاں شہ چو او نیامد نیک
سوم زغرۂ شعبان بسال شش صد و دو — فتاد در رہ غزنی بمنزل دمیک

جب سے غزنی میں فرمانروا تھا اس دن سے اپنی اخیر عمر تک ۳۲ سال حکمرانی کی۔ خزانہ سلطان پاس اس قدر تھا کہ تاریخ فرشتہ میں لکھا ہے کہ سوائے اور جواہرات کے پانچ من ہیرا تھا۔

سلطان شہاب الدین کی اولاد نرینہ نہ تھی صرف ایک لڑکی اُس نے چھوڑی۔ وہ اپنے ترکی غلاموں ہی کو اولاد سمجھتا تھا۔ اور اپنی اولاد کی طرح اُن کو پالتا اور اُنکی تربیت اور تعلیم وہ اعلیٰ درجہ کی کی کہ وہ بڑے بڑے پایہ کے بادشاہ ہوئے۔ تین غلام اُسکی وفات کے وقت بڑے بڑے صوبوں پر حکومت کررہے تھے قطب الدین ایبک ہندوستان میں تاج الدین یلدوز غزنی میں۔ ناصر الدین قباچہ سندھ اور ملتان میں۔ اگرچہ اُسکی وفات کے بعد اُس کا بھتیجا سلطان محمود کے نام سے تخت پر بیٹھا مگر ساری سلطنت تو ان غلاموں کے ہاتھ میں تھی وہی اُس پر حکمرانی کرتے تھے۔ اور بامیان کی سلطنت پر اور غزنیہ اور اقارب اُسکے حکومت کرتے تھے فقط اُس پاس غور اور ہرات اور سیستان اور شرقی خراسان باقی تھا۔ فیروزہ کوہ اُسکی دارالسلطنت تھا جب سلطان محمود بادشاہ ہوا تو اُس نے قطب الدین ایبک کو بادشاہ ہونے کا خطاب اور تمغا بھیجدیا۔ اگرچہ غزنی کی سلطنت کا دعویدار بامیان کے بادشاہ کی اولاد میں سے پیدا ہوئے۔ مگر اُس نے تاج الدین یلدوز کی حکومت میں رخنہ اندازی

نہ کی۔ سلطان محمود نے پانچ چھ برس کے بعد وفات پائی تو اُسکے مغربی ملکوں میں لڑائیاں اور فساد برپا ہوئے اور شاہ خوارزم نے غوریوں کے خاندان کا خاتمہ کر دیا۔ ان لڑائیوں کا ذکر تاریخ ہند میں مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ غرض اب غزنی اور غور سے کچھ تعلق ہندوستان کو نہ رہا۔ ہندوستان بجائے خود ایک مسلمانوں کی سلطنت ہوگئی۔ سب سے پہلا بادشاہ قطب الدین ایبک ہندوستان کا ہوا۔

فصل چہارم

غلام بادشاہوں کی سلطنت

اب خدا کی قدرت کو دیکھو کہ ہندوستان میں ترکی غلاموں کی سلطنت کس جاہ و جلال سے ہوئی اور کس عرصہ دراز تک قائم رہی۔ قطب الدین ایبک کی حقیقت یہ ہے کہ ترکستان سے اُسکو چھوٹی عمر میں ایک سوداگر نیشاپور میں لے گیا۔ وہاں قاضی فخر الدین ابن عبد العزیز کوفی نے خریدا۔ اور اُسکو اپنی اولاد کے ساتھ تعلیم کیا۔ وہ قرآن کا حافظ ہوگیا۔ اور عربی فارسی پڑھ گیا۔ پھر ایک سوداگر نے اُسکو بہت روپیہ دیکر قاضی سے خریدا اور سلطان شہاب الدین کی خدمت میں بطور تحفہ کے نذر کیا اور اُسکے عوض میں بہت کچھ روپیہ پایا۔ اگرچہ ایبک باطنی صفات حمیدہ رکھتا تھا مگر ظاہری صورت اچھی نہ رکھتا تھا۔ چھنگلیا ٹوٹی ہوئی تھی اسلئے اُسکو ایبک شل کہتے تھے۔ اب اُس نے اس خوبی اور شعور اور اخلاص سے سلطان کی خدمت کی کہ عنایات خسروانی اُسپر ہونے لگیں۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ مجلس عیش و طرب میں سلطان شہاب الدین نے اُسکو بہت کچھ انعام و اکرام دیا۔ اُس نے اُس سب کو فراشوں اور ملازموں اور اپنے بھائی ترکی ملازموں میں تقسیم کر دیا۔ اور اپنے پاس پیسہ نہ رکھا۔ اس بات کو سُنکر بادشاہ بڑا خوش ہوا۔ اور حضوری کا حکم دیا۔ پھر میر آخوری کا عہدہ عنایت کیا۔ غور اور غزنی اور ہندوستان کے سلاطین جب سلطان شاہ سے خراسان کی طرف لڑنے گئے تو وہاں اُس نے وہ کارنمایاں کئے کہ اُسکی شجاعت کی ایک دھوم مچگئی۔ ایک دن دانہ گھاس کی تلاش میں پڑا پھرتا تھا کہ سلطان شاہ کے آدمیوں نے آگھیرا۔ اگرچہ اُسوقت تھوڑے سے آدمی ساتھ تھے مگر پھر بھی جوانمردی سے مقابلہ کیا۔ اسمیں قید ہوگیا۔ جب سلطان شاہ کو شکست ہوئی تو قطب الدین کو سلطان شہاب الدین کے سامنے اونٹ پر بٹھا کے اُسی صورت سے نکالکر لائے جس صورت سے کہ وہ قید خانہ میں پنجرے کے اندر رہتا تھا۔ اس نمک حلالی پر اُس کا اور اعتبار بڑھا۔ جب اجمیر میں فتح ہوئی تو ہندوستان میں وہی سلطان کا نائب اور سپہ سالار مقرر ہوا۔

سلطان قطب الدین مجمع اوصاف تھا۔ ترکی نژاد ہونے کے سبب سے شجاعت اور جوانمردی تو ماں کے پیٹ سے لیکر نکلا تھا۔ سخاوت اور فراخ دستی اُسکی عادت تھی۔ فیاضی سے لاکھوں روپئے دوستوں کو دیدیتا تھا اس سبب سے لک بخش اُس کا لقب تھا۔ شجاعت نے دشمنوں کو زیر کر رکھا تھا۔ اور سخاوت نے دوستوں کو محکوم بنا رکھا تھا وہ ایسا ہر دلعزیز اور معزز تھا کہ کوئی اُس پر رشک اور حسد نہ کرتا۔ عمائد سلطنت سے محبت پیدا کرنیکے واسطے اُس نے یہ ناطے رشتے کئے اس سے اُسکو بڑی تقویت حاصل ہوئی۔ تاج الدین یلدوز کی لڑکی سے شادی کی۔ ناصرالدین قباچہ سے اپنی ایک بیٹی کی شادی کی اور جب وہ مرگئی تو دوسری بیٹی سے نکاح کیا شمس الدین التمش سے کہ وہ بھی معزز غلاموں میں سے تھا اپنی بیٹی کا نکاح کیا۔ ناصرالدین قباچہ قطب الدین کو ہمیشہ سے بزرگ جانتا تھا اور اسی کیطرف سے سندھ پر حاکم تھا۔ مگر تاج الدین یلدوز اس رشتہ مندی کی کچھ پروا نکرتا تھا۔ اور ابتک ہندوستان کو غزنی کا صوبہ سمجھتا تھا۔ یہ سمجھکر لاہور پر چڑھ گیا اور اُس پر قبضہ کرلیا مگر انجام اُس کا یہ ہوا کہ ۶۱۳ھ/۱۲۱۵ء میں قطب الدین نے اُسکو غزنی سے نکال باہر کیا۔ اور چالیس روز غزنی میں ڈنکہ اپنا بجایا۔ اور تاج شاہی سر پر رکھکر تخت پر جلوس کیا۔ مگر تاج الدین یلدوز نے پھر قطب سے غزنی کو لے لیا۔ اور قطب الدین وہاں سے لاہور چلا آیا اور عیش و آرام اور آسایش سے زندگی بسر کرنے لگا۔ عدالت اور انصاف اور خوشخوئی اور نیک معاملگی میں یہ بادشاہ بڑا مشہور ہوا۔ اسکی ان سب باتوں کو لوگ مدت تک یاد کرتے رہے ۶۰۷ھ/۱۲۱۰ء میں یہ بادشاہ چوگان کھیلتے کھیلتے گھوڑے سے گر پڑا اور مرگیا۔ چار برس تک وہ تخت نشین رہا۔ مگر انتظام اور بندوبست اُس کا ہندوستان میں اس روز سے کہ سلطان شہاب الدین نے اپنا نائب مقرر کیا تھا بیس برس تک رہا۔ جو فتوحات اُسنے اور اُسکے عہد میں مختار خلجی نے حاصل کی تھیں اُنکا بیان اُسکی نیابت سلطانی کے عہد میں پہلے کر دیا ہے۔

ابن بطوطہ یہ حکایت بیان کرتا ہے کہ قاضی قضات ہندوستان کمال الدین بن برہان الدین غزنوی صدر جہان نے مجھ سے کہا کہ کس طرح شہر دہلی ۵۸۴ھ/۱۱۸۸ء میں فتح ہوا تھا۔ یہی سنہ شہر کی جامع مسجد کی محراب میں لکھا ہوا میں نے دیکھا۔ اسی دلیل سے مجھے معلوم ہوا کہ امیر قطب الدین ایبک نے دہلی کو فتح کیا ہے۔ وہ شہاب الدین محمد بن سام غوری شاہ غزنی اور خراسان کا غلام تھا جس نے سلطنت ابراہیم سے چھینی تھی اور یہ ابراہیم سلطان محمود غزنوی فاتح ہند کا پوتا تھا۔ شہاب الدین نے بہت سا لشکر قطب الدین ایبک کو دیکر ہند بھیجا۔ خدا نے لاہور کے دروازے اُسکے لئے کھولدیئے اور اُس نے اس شہر کو اپنا دارالحکومت مقرر کیا۔ روز بروز اسکی سلطنت بڑھتی گئی وہ سلطان شہاب الدین کے عہد میں اپنی معراج پر پہونچگیا تھا۔ مقربین سلطانی نے سلطان سے کہا کہ قطب الدین

ایبک کا ارادہ شہر کے بادشاہ ہونیکا ہی اور وہ کھلی بغاوت اختیار کرنیکو ہی۔ قطب الدین کو اسکی خبر ہوئی۔ وہ چھپا چھپا جلد غزنی رات کو پہونچا اور سلطان شہاب الدین پاس آیا۔ رقیبوں کو اسکی خبر نہوئی۔ دوسرے دن بادشاہ نے ایبک کو اپنے تخت کے نیچے چھپا کر بٹھایا اور آپ تخت کے اوپر بیٹھا۔ ایبک کے دشمنوں کو بلایا اور اُن کو اپنی اپنی جگہ پر بٹھایا اور ایبک کے باب میں اُن سے سوالات شروع کئے۔ سب نے کہا کہ ایبک باغی ہی اور خود سلطنت کا ارادہ رکھتا ہی۔ سلطان نے تخت کے پایے کو پاؤں سے ہٹایا اور ہاتھ کو ہاتھ پر مار کر پکارا اے ایبک اُس نے جواب دیا کہ لبیک یعنی حاضر ہوں۔ وہ اپنے الزام لگانے والوں کے روبرو آیا۔ وہ اُسکو دیکھکر متحیر ہوگئے۔ اور زمین پر سجدہ کرنے لگے۔ سلطان نے کہا کہ میں ایکی دفعہ تمہارا قصور معاف کرتا ہوں مگر آیندہ ایبک کی عیب جوئی اور بدگوئی سے اجتناب کرو۔ ایبک کو اُسنے ہندوستان روانہ کیا اور اُس نے آنکر دہلی کو اور اور شہروں کو فتح کرلیا۔

بعد سلطان قطب الدین کے واقعہ ناگزیر کے امرا سلطنت نے اس نظر سے کہ آرام خلائق میں کوئی فرق نہ آئے آرام شاہ پسر قطب الدین کو تخت سلطنت پر بٹھایا۔ مگر اسمیں سلطنت کی قابلیت نہ تھی۔ ایک سال سلطنت پر نہ گذرنے پایا تھا کہ سلطنت کے اس طرح ٹکڑے ہوگئے کہ ناصر الدین قباچہ مملکت سندھ پر متسلط ہوا اور مملکت بنگالہ میں خلجیوں کی سلطنت قائم ہوئی۔ سرحد پر اور راجاؤں نے بھی دنگہ فساد مچادیا۔ امیر علی اسمٰعیل دہلی اور اور امیروں کو جنھوں نے متفق الرائے ہوکر آرام شاہ کو بادشاہ بنایا تھا اپنی رائے سے ندامت و پشیمانی ہوئی انھوں نے ملک شمس الدین التمش کو جو قطب الدین کا غلام و داماد و متبنیٰ اور بدایوں کا حاکم تھا آدمی بھیجکر اُس کی سلطنت کی استدعا کی وہ اپنی جمعیت لیکر دہلی میں آیا۔ شہر پر متصرف ہوا۔ آرام شاہ شہر سے باہر نکل گیا۔ جوان شہر میں نائب کے نوکروں کو جمع کرکے دہلی کے تسخیر کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر سلطان التمش نے اُسکو لڑائی میں شکست دی پھر آرام شاہ مرگیا۔ اُس نے ایک سال بھی سلطنت نہ کی اور اُسمیں ممالک ہندوستان کے چار حصہ ہوگئے۔ مملکت سندھ میں ناصر الدین قباچہ کا تصرف ہوا۔ ممالک بنگال میں ملوک خلجی کا۔ مملکت دہلی میں سلطان التمش کا۔ مملکت لاہور کبھی ملک تاج الدین یلدوز پاس۔ کبھی ملک ناصرین قباچہ پاس۔ اور کبھی شمس الدین التمش پاس۔ ان میں سے ہر ایک کا ذکر ہم آیندہ کرینگے۔

سلطنت آرام شاہ بن قطب الدین

سلطنت سلطان شمس الدین التمش ابو المظفر التمش

التمش کی اغلب کابان

طبقات ناصری میں شمس الدین التمش کا یہ حال ہی کہ وہ ترکان قراختائی سے تھا اور اسکا باپ قبیلہ البری سے تھا۔ اس کا نام ایلم خاں مشہور تھا۔ اور اپنے زمانہ کے نامور امرا میں سے تھا۔ التمش کا حال بھی حضرت یوسف

کا سا ہوا کہ اسکے سگے بھائیوں کو یا چچیرے بھائیوں کو اُسکی حسن صورت و کیاست و فراست پر رشک و حسد ہوا۔ ماں باپ سے یہ کہکر کہ گھوڑوں کے گلے کی سیر دکھانے اُسے لیجاتے ہیں گھر سے باہر لے گئے اور زبردستی ایک سوداگر کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ اس سوداگر نے بخارا میں لیجاکر صدر جہاں کی اقرباؤں سے کسی کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ کچھ دنوں یہاں اس کی طرح طرح سے تربیت و پرورش ہوئی۔ اس خاندان بزرگ سے اُسکو حاجی بخاری نے خریدا اور حاجی جمال الدین قباچہ کے ہاتھ بیچا۔ یہ حاجی اُسکو غزنی میں لایا۔ یہاں تک کوئی ترک بچہ ایسا خوبرو اور عاقل آیا نہ تھا۔ اس کا ذکر سلطان معزالدین کے کانوں تک پہونچا سلطان نے کہا کہ اسکی قیمت مشخص کی جائے۔ ایک اور غلام ایبک التمش کے ہمراہ تھا۔ ہر ایک کی قیمت ہزار دینار مشخص ہوئی۔ اس قیمت پر مالک نے غلاموں کو نہ بیچا۔ سلطان نے کہدیا کہ کوئی شخص ان غلاموں کو نہ خریدے۔ حاجی جمال الدین ایک برس غزنی میں رہا پھر بخارا میں گیا اور دونوں غلاموں کو ہمراہ لیگیا۔ پھر غزنی میں اُن کو لایا۔ سلطان کا حکم تھا کہ کوئی نہ خریدے۔ پھر کسکا مقدور تھا کہ خریدتا۔ سلطان قطب الدین گجرات کو فتح کرکے ملک نصیر الدین حسین سمیت غزنی میں آیا۔ ان دو غلاموں کا احوال سُنکر سلطان سے اُنکی خریدنے کی اجازت چاہی سلطان نے فرمایا کہ میں منع کرچکا ہوں کہ کوئی اُن کو نہ خریدے اسلئے یہ مناسب نہیں کہ کوئی انکو غزنی میں مول لے۔ دہلی میں وہ جائیں اور وہاں وہ بکیں۔ جب قطب الدین نے دہلی کو مراجعت کی تو اپنے وزیر نظام الدین کو فرمایا کہ وہ حاجی جمال الدین سے قبا کو ہمراہ لائے۔ جب حاجی دہلی میں آیا تو التمش اور ایبک کو ایک لاکھ جیتل کو خریدا اور ایبک کا نام طمغاج رکھا اور اُسکو بھٹنڈہ کا امیر کیا وہ ملک تاج الدین یلدوز کی لڑائی میں جو قطب الدین ایبک سے ہوئی تھی مارا گیا اور التمش کو جس کا نام پہلے کچھ اور تھا التمش نام رکھکر اپنا فرزند بنالیا اور اپنے پاس رکھا اور اُسکو میر شکار کا عہدہ دیا اور گوالیار کو فتح کرکے یہاں کا حاکم اُسکو مقرر کیا اور پھر بدایوں اور اُسکے نواح کا اضافہ کیا۔ جب اسکی اور لیاقت دیکھی تو بدایوں کا ناظم مقرر کیا۔

التمش کا بادشاہ کی خدمت میں رہنا اور ترقی پانا

جب سلطان معزالدین محمد بن سام کھگروں کے فساد مٹانیکے واسطے ہندوستان میں آیا تو حسب الحکم سلطان قطب الدین ایبک بھی لشکر لیکر پنجاب میں آیا۔ اور التمش بدایوں کا لشکر قطب الدین کے لشکر سے ملا۔ التمش کی دلاوری و مردانگی کی بڑی شہرت تھی اُس نے اس لڑائی میں وہ اسطرح دکھائی کہ مسلح گھوڑے کو پانی میں ڈالدیا اور دشمن سے لڑا اور کھگروں کو شکست دی اور بارہ ہزار آدمیوں کو قتل کیا جب سلطان معزالدین نے یہ جلادت اور کارپردازی مشاہدہ کی تو انعام اور تشریف خسروانہ سے سرفراز کیا۔ قطب الدین سے اُسکی تربیت کی

سفارش کی اور حکم دیا کہ اُس کو آزاد کردے پس وہ مرتبہ بمرتبہ امیر الامرائی کے درجہ پر پہنچا اور قطب الدین نے اپنی بیٹی سے اُس کا نکاح کردیا۔

جب سلطان قطب الدین ایبک کا لاہور میں انتقال ہوا تو سپہ سالار امیر علی اور امیر داؤد دہلی اور اعیان ملک کی استدعا سے وہ جمعیت اور لشکر سمیت بدایوں سے دہلی میں آیا اور اس پر متصرف ہوا۔ اور اپنا خطاب سلطان شمس الدین التمش رکھا ۶۰۷ھ/۱۲۱۰ء میں تخت پر بیٹھا وہ اکثر ملوک و امرا قطبی کی رعایتیں کرتا وہ بھی اُسکی اطاعت کرتے مگر بعض امرا قطبی و معزی نے ایسی مخالفت کی اور اطراف دہلی میں اپنی جمعیت کی اور ایک فوج ترکان خوارزم کی لیکر سلطان سے کارزار شروع کی۔ سلطان نے جمنا کے میدان میں اُن کو شکست دی اور ترکوں کے نامی سردار ایسنقر و فرخ شاہ کو قتل کیا۔ غرض سلطنت کو اس خس و خاشاک سے پاک کیا۔ آن دنوں میں حاکم ارڈیسہ باغی ہوا اور ادا رمال نہیں کیا۔ التمش نے لشکر کشی کرکے اُسکو مطیع کیا اور پیشکش لیکر واپس گیا۔ تاج الدین یلدوز کو اتابک خطبہ چلا جاتا تھا کہ ہندوستان غزنی کا ایک صوبہ ہی اسلئے اُس نے التمش کو خیر و رایت بھیجا اور خطاب سلطان کا عطا کیا التمش نے اُسکو اسلئے قبول کیا کہ وہ سلطنت غزنی کی غوث کو باقی رکھنا چاہتا تھا۔ اگرچند مدت کے بعد جب خوارزم شاہ کے لشکر نے تاج الدین یلدوز کو شکست دیکر غزنی سے نکالدیا اور وہ کرمان و سیوران میں گیا تو اُسکو ممالک ہندوستان کی طمع دامنگیر ہوئی اور ۶۱۲ھ/۱۲۱۵ء میں پنجاب اور قصبہ تھانیسر پر اپنا تصرف کرلیا۔ اور التمش پاس ایسے آدمی بھیجے کہ وہ سلطنت کی تذلیل کریں۔ سلطان شمس الدین نے آشفتہ خاطر ہوکر لشکر کشی کی اور ان دونوں میں ترادری کے میدان میں ایک سخت محاربہ ہوا۔ تاج الدین یلدوز کو شکست ہوئی اور اکثر سردار مقید ہوئے۔ سلطان نے تاج الدین کو گرفتار کرکے بدایوں میں قید کیا وہاں اجل طبعی سے یا زہر سے دنیا سے رخصت ہوا۔

۶۱۴ھ/۱۲۱۷ء میں سلطان شمس الدین التمش ملک ناصر الدین قباچہ کا اقطاع لاہور کی سرحد پر حوالی منصورہ میں دریا چناب کے کنارہ پر محاربہ ہوا۔ یہاں التمش کو فتح نصیب ہوئی۔ حوالی غزنی میں جو ملوک خلج تھے وہ مضافات سندھ پر تاخت و تاراج کرتے تھے۔ اسلئے ۶۱۴ھ سلطان قباچہ سے اُنکی لڑائی ہوئی اور خلجیوں کو شکست ہوئی ان مغلوب خلجیوں نے التمش کا دامن پکڑا اُسنے ان خلجیوں کو ساتھ لیکر ناصر الدین قباچہ پر حملہ کیا اور اُسکو شکست دی اور وہ کہیں اپنے ملک کی انتہا پر بھاگ گیا۔ سلطان دہلی چلا آیا۔

جب سلطان خوارزم شاہ نے تاج الدین یلدوز کو غزنی سے خارج کردیا تھا تو یہ ظن غالب ہوتا تھا کہ وہ ہندوستان پر چڑھائی کریگا چنانچہ اُسکی فوجیں اٹک کے آس پاس آئیں۔ اور وہ ناصر الدین قباچہ کے مقابلہ

التمش کی سلطنت

خوارزم شاہ کا تاج الدین یلدوز کا ہندوستان میں آنا۔

سے اٹک کر رہ گئیں۔ مگر اس چڑھائی کے نہونے کا سبب ایک اور ہی ہوا کہ ایشیا میں وہ طوفان برپا ہوا کہ اُسنے سارا رنگ و روپ اُسکا بدلدیا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ مغلوں میں چنگیز خاں جو پہلے کوئی نامی گرامی سردار نہ تھا ایسا قوی اور زبردست سپہ سالار ہوا کہ کوئی اُسکا مقابلہ نہ کرسکتا تھا۔ ایک جرار قہار فوج مغل و تاتار کی اُسکے پاس تھی۔ جہاں یہ فوج جاتی ملک کے ملک بے چراغ کرتی۔ آندھی بھوچال کیطرح مسلمانوں کی سلطنتوں پر چڑھ آتی اور ایک شور قیامت انہیں مچادیتی۔ طوفان نوح کے بعد جو کوئی بڑی بلا انسان پر نازل ہوئی ہے وہ یہ طوفان چنگیز خانی ہے۔ اسکا مذہب تو معلوم نہیں کیا تھا مگر اُسکا ایمان یہ تھا کہ جہاں جائے وہاں انسان کی نسل مٹائے سب سے اول یہ بلا سلطنت اسلامیہ خوارزم شاہی پر آئی۔ اسکی ساری دولت و مملکت کو غارت کرکے برباد کردیا ۶۱۸ھ میں وہاں کا بادشاہ جلال الدین اپنی جان بچانے کے واسطے دریاے سند کے اسطرف بھاگ آیا۔ اسکے پیچھے مغلوں کی فوج بھی ملتان و سند میں داخل ہوئی۔ سلطان التمش بھی بہت سا لشکر لیکر سلطان جلال الدین کے مقابلے گیا اور بڑی سمجھ بوجھ کا کام یہ کیا کہ جب دیکھا کہ جلال الدین کا ارادہ قیام کا یہاں ہے تو اُس کو کہلا بھیجا کہ آپکے مزاج کے موافق یہاں کی آب و ہوا نہیں آئیگی جلال الدین اس بات کو سمجھ گیا اور سند و سیوستان کیجانب بھاگ گیا اور یہاں ناصر الدین قباچہ سے لڑائی جھگڑا ہوا تو وہ کچ و مکران کی راہ سے باہر چلا گیا۔ اُسکے ساتھ ہی مغلوں کی فوج بھی الٹی چلی گئی۔ ع رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت۔ اتنے ہی دنوں میں یہ فوج اپنا رنگ ڈھنگ دکھا گئی۔ دس ہزار ہندوؤں کو لونڈی غلام بنایا اور جب رسد کی تنگی ہوئی تو اُن بیچاروں کے قیدیوں کو قید حیات سے رہائی دی

سنہ ۶۲۲ھ / ۱۲۲۵ء میں سلطان شمس الدین التمش نے لکھنوتی و بہار پر لشکر کشی کی۔ سلطان غیاث الدین نے جسکا ذکر آگے ہوگا۔ ملک بنگال میں بالکل اپنا تسلط کر رکھا تھا اُسکو مطیع کیا اور خطبہ اور سکہ اپنے نام کا جاری کرایا۔ اور اڑتیس ہاتھی اور اسی ہزار ٹنکہ نقرہ نذر میں لیے اور اپنے بڑے بیٹے کو ناصر الدین کا خطاب دیکر ولایت لکھنوتی کی جسمیں تمام بنگالہ داخل تھا تفویض کی اور چتر و دوراش اُسکو دیا اور خود دار الملک دہلی کو مراجعت کی۔ غیاث الدین خلجی سے ناصر الدین لڑا اور اُسکو قتل کرڈالا اور بہت کچھ غنیمت میں مال اُسکو ہاتھ آیا۔ جسکو اُسنے دہلی کے روشناس آدمیوں میں انعام و تحفے کے طور پر تقسیم کیا۔

سنہ ۶۲۳ھ میں قلعہ رنتھنبور کی فتح کا ارادہ کیا۔ یہ قلعہ متانت میں سارے ہندوستان میں مشہور تھا ارباب تاریخ کہتے ہیں کہ ستر سے زیادہ بادشاہوں نے اُسپر حملہ کیا مگر کسی سے وہ فتح نہوا۔ سلطان نے چند مہینوں میں اُسے فتح کرلیا۔ بعد ایک سال سنہ ۶۲۴ھ میں قلعہ مندور کو کہ حدود مالوہ میں واقع ہے فتح کرلیا۔ یہاں غنیمت بہت ہاتھ لگی۔

بنگال کی فتح اور ناصر الدین قباچہ کے ساتھ لڑائی اور رنتھنبور اور مندور کی فتح

ملک ناصرالدین قباچہ سے لڑائی

جب ناصرالدین قباچہ کو جلال الدین کی لوٹ کھسوٹ سے فرصت ملی تو اُسنے پھر سلطان التمش سے برخاش شروع کی۔ اس لیے ۶۲۵ھ میں دہلی سے بلاد اوچہ وملتان میں سلطان گیا۔ ناصرالدین قلعہ اوچہ کو محکم کرکے خود قلعہ بھکر کیطرف چلا گیا۔ اور اپنے وزیر عین الملک حسین اشعری کو حکم دیا کہ وہ قلعہ اوچہ سے خزانہ لیکر قلعہ بھکر میں پہنچادے۔ سلطان نے خود قلعہ اوچہ کا محاصرہ کیا اور اپنے وزیر نظام الملک جنیدی کو ناصرالدین قباچہ کے تعاقب میں بھیجا۔ ایک مہینہ تک قلعہ اوچہ کا محاصرہ میں رہا پھر صلح سے فتح ہوگیا۔ ناصرالدین قباچہ نے حصار بھکر سے نکلکر اپنے تئیں دریاے سند میں غرق کیا۔ اس سے چند روز پہلے اپنے بیٹے ملک علاؤالدین بہرام شاہ کو سلطان التمش کیخدمت میں بھیجا تھا اور صلح کا پیغام دیا تھا۔ بعد اسکے اُسکا سارا خزانہ آیا اور باقی لشکر سلطان کیخدمت میں حاضر ہوا اور سارا ملک سمندر تک سلطان کے قبضہ میں آگیا اور ملک سنان الدین جنیش والی دیول وسند درگاہ شمسی میں آیا اور اطاعت اختیار کی۔ جب اس مہم کا سارا کام ختم ہوا تو وہ دہلی کی طرف چلا۔

جامۂ خلافت

۶۲۶ھ میں سلطان شمس الدین کیواسطے رسولان عرب جامۂ خلافت لائے۔ سلطان نے نہایت آداب اور تعظیم کے ساتھ یہ جامہ عبا میان پہنا اور بہت خوش ہوا۔ اور اکثر امیروں کو خلعت دیے اور شہر میں آئین بندی ہوئی اور خوب نوبتیں بجیں۔ یہ اسی بادشاہ کے عہد میں ہوا کہ خلفاء عباسیہ نے ہندوستان کو ایک جداگانہ سلطنت مانا۔

لکھنوتی والیاں کرنیکی فتح

اسی سال میں ملک ناصرالدین حاکم لکھنوتی کی سناؤنی آئی۔ سلطان نے بیٹے کے ماتم والم کی رسمونکے ادا کرنیکے بعد اُسکا نام اپنے چھوٹے بیٹے کو دیا۔ ۶۲۷ھ میں لکھنوتی کیطرف لشکرکشی کی مدکار ملک خلجی نے بڑا اخلاص یہاں مچارکھا تھا۔ اُسکو جاکر گرفتار کیا اور تخت لکھنوتی ملک علاؤالدین جانی کو دیا اور پھر دہلی میں چلا آیا۔ ۶۲۸ھ کو گوالیار کا ارادہ کیا۔ وہ مسلمانونکے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔ یہاں وہ لشکر کو لیکر آیا۔ قریب گیارہ مہینہ کے اس قلعہ کا محاصرہ رکھا آخر کو اہل قلعہ تنگ آئے اور ویدیل والی قلعہ رات کو بھاگ گیا۔ قلعہ فتح ہوا اور آٹھ سو آدمیونکو سزا دی گئی۔ ملک تاج الدین ریزہ نے کہ دبیر الملکت تھا یہ رباعی کہی ہے۔ رباعی

ہر قلعہ کہ سلطان سلاطیں بگرفت ۔۔۔ از عون خدا بنصرت دیں بگرفت
ماآن قلعہ گوالیار آں حصن حصین ۔۔۔ در سنہ ستہ ثمانین بگرفت

۶۳۲ھ میں سلطان نے بلاد مالوہ میں یورش کی اور بھیلسہ کے شہر اور قلعہ کو فتح کرلیا اور ایک قدیمی بتخانہ تین سو سال کا تھا اور ڈیڑھ سو گز اونچا تھا اُسکو ویران کیا۔ اور اُجین کو فتح کرلیا۔ یہاں مہاکال کے بتخانہ کو مسمار کیا۔ پہلے زمانہ میں بکرماجیت اُجین کا راجہ تھا جس سے سمبت شمار ہوتا ہے اور اُس زمانہ میں سمبت ۱۲۱۶ تھی اُسکی مورت اس بتخانہ میں تھی اور بعض اور مورتیں تھیں اُنکو اور رنگ مہاکال کو سلطان لے گیا اور دہلی کی جامع مسجد

کے نیچے دفن کرادیا تاکہ وہ لکڈ کوب میں رہیں۔ اب سارے مالوہ میں اُسکی سلطنت کا ڈنکہ بجگیا۔

ان فتوحات کے بعد سلطان آرام سے نہ بیٹھ سکا ملتان کو لشکر لیکر سفر کیا۔ مگر یہ سفر ایسا نا مبارک تھا کہ ایک عارضہ میں مبتلا ہوا اور ایسا ضعف طاری ہوا کہ عماری میں بیٹھکر بنڈیوں سے مہورت پوچھکر دہلی میں آیا۔ اُنیس روز بیمار رہا۔ مرض قوی ہوا۔ ۲۰ شعبان ۶۳۳ھ مطابق اپریل ۱۲۳۶ء کو اس دار فنا سے سرائے بقا کو سفر کیا۔ اسکی مدت سلطنت چھبیس سال تھی۔

حوض شمسی جسکو اب شمسی کہتے ہیں۔ وہ دہلی میں سلطان کی یادگار موجود ہے۔ اسکے روزگار کی سب سے زیادہ عمدہ یادگار قطب کی لاٹھ ہے۔ یہ لاٹھ بھی منجملہ عجائب روزگار ہے۔ ابتک اُسکے پانچ کھنڈ موجود ہیں۔ اور اسّی گز اونچی ہے پہلے سات کھنڈ تھے اور سو گز بلند تھی جڑ میں اُسکا محیط پچاس گز ہے اور سرے پر دس گز وہ خالی ہے اور اُسمیں چکر دار زینہ بنا ہوا ہے۔ تین سو اٹھتر سیڑھیاں ہیں۔ باوجود اسقدر بلندی اور عظمت کے ایسی خوبصورت اور خوش قطع بنی ہوئی ہے کہ بے اختیار اُسکے دیکھنے کو جی چاہتا ہے سب جگہ اسپر عجب کاری اور گلکاری بہت خوبصورتی سے بنی ہوئی ہے۔

اس بادشاہ کے عہد میں بڑے بڑے فاضل اور عالم اور اہل کمال موجود تھے منجملہ اُنکے نورالدین محمد عوفی تھا جسنے اُسکے عہد میں جامع الحکایات لکھی ہے۔ وزیر اسکا نظام الملک کمال الدین جنیدی تھا۔ یہ وزیر خلیفہ بغداد کے یہاں بھی عہدۂ وزارت پر مستاز تھا۔ وہ کمالات صوری و معنوی میں مشہور تھا سلطان شمس الدین نے اپنی زبان سے یہ حکایت بیان کی کہ میرے آقا نے مجھے کچھ دام دیکر کہا کہ بازار سے انگور خرید لا۔ رستہ میں وہ دام گر گئے میں خوف کے مارے زار زار رونے لگا کہ ناگاہ ایک فقیر آیا اور اس حال پر مطلع ہوا۔ اور کچھ انگور خرید کر مجھے دیئے اور یہ کہا کہ جب تجھکو ملک و دولت حاصل ہو تو فقرا اور اہل فقر کے ساتھ نیکی کرنا اور اُنکے حق کی حفاظت کرنا۔ دوسری نقل یہ ہے کہ التمش بغداد میں تھا۔ اُسکے آقا کے یہاں درویشوں کی ایک مجلس منعقد ہوئی اور سماع سے اہل ذوق کو حال آیا۔ اس مجلس میں التمش کھڑا رہا اور اہل مجلس کی خدمت کرتا رہا۔ شمع کے گل کترتا رہا۔ قاضی حمیدالدین ناگوری بھی اس مجلس میں شریک تھا۔ اُسکو اسطرح درویشوں کی خدمت کرنا پسند آیا اور اوسپر نظر التفات کی جسکی بدولت اُسکو سلطنت حاصل ہوئی اور مدتوں کے بعد جب وہ ملک ہند میں سریر سلطنت پر بیٹھا تو قاضی حمیدالدین ناگوری ہندوستان میں آیا اور طالبوں کے ارشاد میں مصروف ہوا۔ اسکی مجلس میں درویش رقص و سماع کرتے تھے۔ علی الظاہر میں سے ایک ملا عماد الدین اور دوسرے ملا جلال الدین سماع سے انکار کرتے تھے اور سلطان سے چاہتے تھے کہ قاضی کو سماع سے منع کرے۔ غرض انمیں اور قاضی میں مباحثہ ہوا۔ ملانوں نے قاضی سے پوچھا کہ سماع حلال ہے یا حرام۔ قاضی نے کہا کہ اہل قال پر حرام اور اہل حال پر حلال۔ پھر قاضی صاحب نے سلطان کی طرف منہ کرکے کہا کہ وہ مجلس بغداد بھی یاد ہے کہ درویشوں کی نظر سے آپ کو یہ درجہ ملا ہے۔ سلطان کو

سلطان التمش کے عہد کے بڑے بڑے فاضل اور اُنکی حکایات

اسپر رفت آئی اور قاضی کو اپنے پاس بلایا اور بہت نوازش کی اور پھر سلطان کو بھی سماع سے لذت آنے لگی اور درویشوں کا معتقد ہوا۔ ابن بطوطہ نے اس بادشاہ کے حال میں لکھا ہے کہ عادل فاضل صالح تھا اور ظلموں کے دور کرنے میں اور مظلوموں کے انصاف کرنے میں نہایت مستعد تھا۔ چنانچہ اُسنے یہ حکم دیا تھا کہ جتنے مظلوم ہوں وہ رنگین کپڑے پہنیں۔ یہاں ہندوستان میں سب سفید کپڑے پہنتے تھے پس جب وہ دربار میں بیٹھا اور کسی آدمی کو رنگین لباس پہنے ہوئے دیکھتا تو اُسکے قضیہ پر نظر کرتا اور انصاف کرتا اور ظالم کے خلاف حکم دیتا۔ فقط اسی اپنی تدبیر پر اکتفا نہیں کی بلکہ اُسنے کہا کہ بعض آدمیوں پر رات کو ظلم ہوتا ہے اُنکے انصاف کرنے میں تعجیل کرنا چاہتا ہوں اسلیے اُسنے اپنے دروازہ پر دو سنگ مرمر کے شیر برجوں کے اوپر رکھے اور اُنکے گلے میں لوہے کی موٹی زنجیریں ڈالدیں اور اُن میں گھنٹی لٹکا دی۔ پس مظلوم رات کو آتے اور اُن گھنٹیوں کو زنجیروں سے ہلاتے۔ بادشاہ اُنکی آواز سنکر باہر آتا اور مظلوم کی دادرسی کرتا۔

سلطان شمس الدین نے ۶۲۵ھ میں رکن الدین کو چتر اور دور باش دیکر برگنہ بدایوں عنایت کیا۔ اور عین الملک اشعری کو کہ ناصر الدین قباچہ کا وزیر تھا اُسکا وزیر مقرر کیا۔ جب سلطان التمش گوالیار کو فتح کرکے دہلی میں آیا تو اُسکو لاہور کی مملکت عنایت کی۔ جب سلطان سند و ملتان سے واپس آیا ہے تو اُسکو ساتھ دہلی میں لایا اور وہ باپ کے مرنیکے وقت دہلی میں تھا۔ ۶۳۳ھ میں وہ تخت سلطنت پر بیٹھا اور ارکان دولت نے نثار و ایثار کیا اور شادمان ہوئے۔ اُسنے تخت پر بیٹھتے ہی کاروبار سلطنت کو طاق پر رکھا۔ رات دن ناچ و رنگ عیش و طرب میں مشغول ہوا۔ خزائن قطبی و شمسی کو مطربوں اور مسخروں میں اڑانا شروع کیا۔ بازار میں ہاتھی کی پشت پر مست بیٹھکر روپیوں اشرفیوں کا لوگوں پر مینھ برساتا۔ کبھی کسی کے دل کو نہ دکھاتا تھا۔ اس سے امور سلطنت کے انتظام میں خلل پڑا۔ اسکی ماں شاہ ترکان کی ایک ترکی کنیز تھی ملک کے حل و عقد میں دخل دینے لگی اور ظلم و ستم برپا کیا کہ سلطان شمس الدین کی حیات میں جن سو کنو نکے رشک و حسد سے جلتی تھی انمیں سے بعض کو ہلاک کیا۔ بعض کو طرح طرح سے رسوا کیا۔ اور سلطان التمش کے چھوٹے بیٹے کی آنکھوں میں سلائی پھروائی۔ اور پھر اُسکو قتل کرا دیا۔ اِس کی ان حرکات سے سب صغیر و کبیر و وضیع و شریف متنفر ہوگئے اور کل ملوک نے بغاوت اختیار کی جنکی تفصیل یہ ہے کہ شاہزادہ غیاث الدین محمد کہ سلطان رکن الدین کا چھوٹا بھائی تھا اور اودھ میں حکومت کرتا تھا اُسنے اطاعت چھوڑ دی لکھنوتی سے جو دہلی کو خزانہ جاتا تھا اُس نے لوٹ لیا۔ ملک اعز الدین محمد سالاری صوبہ بدایوں و ملک علاء الدین شیر خانی حاکم لاہور اور ملک اعز الدین کبیر خانی والی ملتان و ملک سیف الدین کوپی ضابطہ

سلطان رکن الدین فیروز شاہ بن سلطان التمش

انسی کے باہم مراسلت کرکے موافقت کی اور لوائے مخالفت بلند کیا۔ سلطان رکن الدین فیروز شاہ بہت سا لشکر لیکر دہلی سے نکلا اور کیلوگڈھی میں آیا۔ نظام الملک محمد جنیدی وزیر خوف کے مارے کیلوگڈھی سے بھاگ کر قصہ کول میں گیا اور ملک اغرالدین محمد سالار سے ملا اور سب متفق ہوکر لاہور گئے اور اسطرف کے ملوک کے ساتھ متفق اللفظ والمعنی ہوئے۔ سلطان رکن الدین اُنکے دفع کرنے کے واسطے پنجاب کو روانہ ہوا جب منصور پور کے نواح میں پہنچا تو جو امیر اُسکے ساتھ تھے وہ دہلی چلے گئے۔ اور سلطان شمس الدین التمش کی بیٹی سلطان رضیہ کو سریر سلطنت پر بٹھایا اور مادر سلطان شاہ ترکان کو گرفتار کرکے مقید کیا۔ سلطان رکن الدین کو جب یہ خبر پہنچی تو اپنے دہلی کو مراجعت کی۔ سلطان رضیہ نے ۶۳۴ھ میں فوج مقابلہ کے لیے بھیجی اُسنے سلطان کو گرفتار کیا اور قید خانہ میں ڈالدیا۔ تھوڑی مدت میں وہ اُسی سنہ میں زنداں سے دوسرے جہان کو چلا گیا۔ چھ مہینے آٹھ روز سلطنت کرگیا۔ ابن بطوطہ اس بادشاہ کا حال یہ لکھتا ہے کہ باپ کے مرنے کے بعد وہ تخت پر بیٹھا اور اُسنے یہ ظلم کیا کہ اپنے بھائی معزالدین کو مار ڈالا۔ رضیہ بیگم اسکی سگی بہن تھی اُسنے رکن الدین کو اس بھائی کے قتل پر لعنت ملامت کی تو وہ اُسکے خون کے درپے ہوا۔ جمعہ کی نماز میں رکن الدین گیا تھا کہ رضیہ قصر قدیم کی سطح پر چڑھی جو دولتخانہ کہلاتا تھا اور جامع مسجد کے قریب تھا وہ مظلوموں کا لباس پہنے ہوئے تھی۔ آدمیوں کے سامنے مسطح قصر پر کھڑے ہوکر یہ کہا کہ میرے بھائی نے میرے بھائی کو مار ڈالا اور میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے۔ پھر اُسنے باپ کے خیر واحسان جو اُنکے ساتھ کیے تھے یاد دلائے۔ یہ سنکر لوگ مسجد میں سلطان رکن الدین پر چڑھ گئے اور اُسکو گرفتار کرکے رضیہ بیگم پاس لائے جسنے کہا کہ جو قاتل ہے وہ قتل کیا جائے اس طرح بھائی کے قصاص میں وہ قتل ہوا۔ اس کا بھائی ناصرالدین کم عمر تھا اس لیے رضیہ بیگم تخت پر بیٹھی۔

سلطان رضیہ بیگم

سلطان رضیہ بیگم کو خدا نے وہ سب خوبیاں عطا کی تھیں جو شاہان عادل اور کامل میں ہوتی ہیں۔ جو صاحب نظر اور کار آگاہ ہیں۔ اسمیں کوئی قصور سوائے عورت ہونے کے نہیں بتاتے۔ یہ نقصان اس میں ایسا تھا کہ اُسکی صفات گزیدہ نے اُسکو نفع نہ دیا۔ اسمیں یہ صفات تھیں کہ قرآن شریف کے پڑھنے کے جو آداب ہیں اُن سبکو وہ ادا کرتی تھی۔ علم سے بھی اسکو کچھ بہرہ تھا۔ اپنے باپ کے عہد میں ملکی کاموں میں دخل دیتی۔ سلطان بھی اسکی عقل اور سمجھ بوجھ کو دیکھکر اس دخل کا مانع نہوتا تھا۔ بلکہ جب گوالیار سے پھر کر وہ آیا تو اُسنے تاج الملک محمود وزیر سلطنت کو حکم دیا کہ رضیہ بیگم کو میرا ولیعہد لکھدو۔ اس فرمان پر بندگان نے عرض کی کہ لایق اور رشید بیٹوں کو چھوڑ کر اس لڑکی کو ولیعہد بناتے ہیں۔ بادشاہ اسلام کو یہ سزاوار نہیں ہے۔ سلطان نے فرمایا کہ میں اپنے

بیٹوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ آوارہ بہت ہیں۔ مے نوشی و بدکاری و حرام کاری میں شب و روز مشغول رہتے ہیں اُنکے باز و میں یہ قوت نہیں کہ سلطنت کے کاروبار کے بوجھ کو سنبھال سکیں۔ رضیہ اگرچہ بظاہر عورت ہے مگر درحقیقت مرد ہے اور اپنے بھائیوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ تم دیکھ لینا کہ میرے بعد رضیہ بیگم سے زیادہ کوئی سلطنت کے لائق نہوگا۔ جو اس دانشمند بادشاہ نے ارشاد کیا تھا وہی ظہور میں آیا جب سلطان رضیہ بیگم تخت سلطنت پر بیٹھی پردہ سے باہر آئی۔ مردانہ لباس پہنا۔ قبا در بر تاج بر سر دربار عام میں بیٹھتی اور اجلاس کرتی اور لوگوں کی داد فریاد سنتی اور انصاف اور عدالت کرتی۔ اور رکن الدین کے عہد سلطنت میں جو قواعد و ضوابط سست ہو گئے تھے اُنکو از سر نو درست کیا۔ اور جو خرابیاں پیدا ہو گئی تھیں اُن سبکو دور کیا۔ غرض سلطنت کا انتظام عمدہ طور سے کیا۔ مگر نظام الملک جنیدی وزیر مملکت و ملک علاء الدین شیر خانی و ملک سیف الدین کوچی و ملک اعز الدین کبیر خانی اطراف آگرہ شہر دہلی کے باہر جمع ہوئے اور کفران نعمت کر کے رضیہ کے مخالف ہوئے۔ اور ہر اطراف سے خطوط لکھکر مخالفت کے لیے ترغیب دینے لگے۔ اس حال میں ملک نصیر الدین جاگیردار اودہ سلطان رضیہ کی مدد کے لیے دہلی کیطرف روانہ ہوا جب وہ گنگا سے پار ہوا تو مخالفوں نے اُسے گرفتار کیا۔ وہ بیمار تھا اسی حال میں وفات پائی سلطان رضیہ شہر سے باہر نکلی اور جمنا کے کنارہ پر خیمہ لگایا۔ امرا ترک جو موافق تھے ہمرکاب ہوئے جو امرا مخالف تھے اُنسے اُسکا کئی دفعہ مقابلہ ہوا آخر صلح ہو گئی۔ تھوڑی مدت میں سلطان رضیہ نے وہ تدبیریں کیں کہ تمام اُسکے مخالف پریشان ہو کر کوئی کسیطرف بھاگا کوئی کسیطرف۔ سلطان رضیہ کے سواروں نے اُن بھگوڑوں کا تعاقب کیا ملک سیف الدین کوچی کو مع اسکے بھائی فخر الدین کے گرفتار کر کے قتل کیا۔ اور ملک علاء الدین جانی صدر بابل دنکوان میں شہید ہوا۔ اور اُسکا سر دہلی میں آیا۔ اور ملک نظام الدین کوہ سرمور میں فوت ہوا جب اسطرح سلطان رضیہ نے قوت پیدا کی تو مملکت کا انتظام ہوا اور خواجہ مہذب غزنوی کو جو نظام الملک کا بیٹا تھا اپنا وزیر بنایا اور اُسکو بھی نظام الملک کا خطاب دیا اور لشکر کی نیابت ملک سیف الدین ایک کو تفویض ہوئی اور خطاب اُسکا قلیچ خاں ہوا اور ملک اعز الدین کبیر خانی کو ولایت لاہور عنایت ہوئی۔ اب لکھنوتی لکھنور دیول و سندھ تک کل ملوک اور امرا مطیع و متفاد تھے۔ انہیں دنوں میں ملک ایبک رحمۃ اللہ علیہ بیوستہ ہوا اور اُسکی جگہ ملک قطب الدین حسن غوری مقرر ہوا اور حصار تھنبور کو بھیجا گیا۔ یہاں سلطان التمش کی وفات کے بعد مدت سے اس قلعہ میں مسلمانوں کو ہندوؤں نے گھیر رکھا تھا ملک قطب الدین لشکر یہاں لایا اور امرار اسلام کو حصار سے باہر لایا اور قلعہ کو ویران کر دیا۔ اور سلطان رضیہ پاس چلا آیا۔ ان دنوں ملک افتیار

سلطان رضیہ کے امرا کی نافرمانی کا حال

تھا تیگین امیر حاجب ہوا اور امیر جمال الدین یاقوت حبشی میر آخور کو سلطان رضیہ کی خدمت میں بہت تقرب ہوگیا اور امیر الامرا وہی ہوگیا۔ وہی ہمیشہ بغل میں ہاتھ دیکر گھوڑے پر سلطان رضیہ کو سوار کراتا۔ ایسی حرکات سے ملوک و امرا ترک کو غیرت آئی۔

ملک اعزالدین حاکم لاہور نے سلطان رضیہ کی اطاعت چھوڑی۔ سلطان رضیہ نے لشکر لیکر وہاں چڑھائی کی۔ ملک اعزالدین اس سے باخلاص پیش آیا۔ اس لیے سلطان رضیہ نے ملک ملتان کہ ملک قراقش پاس تھا اسکو تفویض کیا اور ۶۳۴ھ میں دہلی میں وہ آئی۔ ملک التونیہ نے کہ ترکان چہلگانی سے تھا۔ جس کا بیان آگے آویگا علم بغاوت بلند کیا۔ سلطان رضیہ نے لشکر ڈراوال لیکر جانب بھٹنڈہ سفر کیا۔ اثنار راہ میں امرا ترک نے تنگکر یاقوت حبشی کو شہید کیا اور سلطان رضیہ کو گرفتار کرکے مقید کیا اور قلعہ بھٹنڈہ میں بھیجدیا۔ اور خود دہلی میں آکر معزالدین بہرام شاہ بن سلطان التمش کو تخت پر بٹھایا رضیہ بیگم نے ملک التونیہ کو ایسا اپنی فطرت سے پرچایا کہ ان دونوں میں نکاح ہوگیا اور ان دونوں میاں بیوی نے جاٹوں اور گھکروں کو جمع کرکے ادھر ادھر سے لشکر سمیٹ کر دہلی پر حملہ کیا۔ بہرام شاہ نے ملک اعزالدین بلبن کو لشکر کثیر کے ساتھ سلطان رضیہ سے مقابلہ کرنے کیلیے بھیجا۔ دونوں لشکر راہ میں ملے اور لڑائی ہوئی۔ سلطان رضیہ نے شکست پائی اور بھٹنڈہ کو بھاگ گئی۔ بہرام شاہ کے بعد دوبارہ اپنے پراگندہ لشکر کو جمع کرکے دہلی کیجانب لڑنیکو روانہ ہوئی۔

۶۳۵ھ میں کیتھل میں پھر ملک بلبن سے شکست پائی اور ان دونوں میاں بیوی کو زمینداروں نے گرفتار کرکے سلطان بہرام شاہ کے حوالہ کیا۔ اُسنے اِن دونوں کو قتل کرڈالا۔ سلطان رضیہ نے ساڑھے تین برس چھ دن سلطنت کی۔ دور اندیش جانتے ہیں کہ یہ ادبار کی ہوا کس صحرا سے اُٹھی اور دولت رضیہ کی دولت کا پھول کس بادتند سے پراگندہ ہوا۔ بھلا غلام حبشی کو امیر الامرائے دہلی سے کیا نسبت اور حبشی کمینوں کو ملکہ تاجدار کی پیشوائی سے کیا کار۔

طبقات ناصری میں اوائل سلطنت رضیہ کا یہ حادثہ عظیم بیان کیا ہے کہ جسکو اور مورخوں نے سلطان التمش کی آخری سلطنت میں لکھا ہے۔ لور ترک کے اغوا سے ایک بڑا گروہ قرامطہ و ملاحدہ کا اطراف ہند گجرات اور سندھ اور دوآبہ گنگ و جمن وغیرہ سے آکر دہلی میں جمع ہوگیا تھا۔ اور اس لور ترک کے اغوا سے انھوں نے اہل اسلام پر حملہ کا ارادہ کیا۔ لور غظ کتا اور اوباش اُس پاس جمع ہوتے اور علمار اہل سنت کو وہ نا سبی اور خارجی کہتا اور عوام الناس کو علمار ابوحنیفہ اور شافعی کی عداوت پر برانگیختہ کرتا۔ ششم ماہ رجب ۶۳۴ھ کو روز جمعہ کو ایکہزار

ابن بطوطہ نے جو سلطان رضیہ کے قتل کی حکایت سنی ہے

آدمی سلاح و شمشیر و سپر و تیر لیکر دہلی کی جامع مسجد میں چڑھ آئے اور مسلمانوں کو قتل کرنا شروع کیا۔ ایک شور و غل مچا تو سلطان کے مبارز نصیر الدین آتم اور امیر امام ناصر ہتھیار لگائے جوشن و بر گستوان پہنے خود سر پر رکھے اور نیزہ و سپر دھرے۔ سواروں کو لیکر آئے اور ملاحدہ و قرامطہ کا قتل شروع کیا اور جامع مسجد کے اوپر جو آدمی تھے انھوں نے اینٹ پتھر مارنے شروع کیے اور ایک ملحد اور قرمطی کو زندہ نہ چھوڑا۔

ابن بطوطہ رضیہ سلطانہ کے قتل کی حکایت یوں بیان کرتا ہے کہ جب وہ شکست پاکر بھاگی تو بھوک کے مارے نہایت خستہ حال ہوئی اُس نے ایک کسان کو کھیتی کرتے دیکھا اُس سے کھانے کو مانگا اُس نے ایک روٹی کا ٹکڑا اُسے دیدیا جسکو وہ کھاکر سو رہی۔ وہ مردانہ لباس پہنے ہوئے تھی جب کسان نے اُسے سوتے ہوئے دیکھا اور اُسکے کپڑونکے نیچے ایک قبا مرصع نظر آئی تو اُسنے جانا کہ یہ عورت ہے اُسکو قتل کیا اور اُسکا لباس اُتار لیا اور گھوڑا لے لیا اور کھیت میں اُسکو دبا دیا۔ اُسکے بعض کپڑے لیکر بازار میں بیچنے گیا۔ اہل بازار نے اُس لباس کو اُسکے خلاف شان دیکھکر خریدنے سے انکار کیا اور کوتوال کو خبر کی جسنے اُسے مارا پیٹا تو اُسنے رضیہ کے قتل کا اقرار کیا اور اُسکے مدفن پر لیگیا اُنھوں نے لاش کو نکالکر غسل دیا کفن پہنایا دفن کیا۔ مدفن پر گنبد بنایا اب تک اُنکی قبر کی زیارت کرتے ہیں اور اُسکو متبرک جانتے ہیں وہ جنبا کے کنارے پر ایک فرسنگ کے فاصلہ پر شہر سے ہے۔

قلعہ بھٹنڈہ میں سلطان رضیہ مقید تھی کہ ۲۵ رمضان ۶۳۷ھ / ۱۲۳۹ء کو بالاتفاق امرا و ملک نے معز الدین بہرام شاہ کو دہلی میں تخت پر بٹھایا۔ سلطان رضیہ سے جو لڑائیاں ہوئیں اور جسطرح اُنکا فیصلہ ہوا وہ اوپر بیان ہو چکا ہے۔ اب سارے امور سلطنت کا اختیار اور اقتدار اختیار الدین اور نظام الملت مہذب الدین کے ہاتھ میں تھا انھیں کے گھروں میں ساری رونق سلطنت دکھائی دیتی تھی۔ اختیار الدین نے معز الدین کی بہن سے نکاح کر لیا گھر پر ہمیشہ ہاتھی باندھتا تین دفعہ نوبت بجواتا۔ اُس زمانہ میں یہ باتیں بادشاہوں ہی کے ساتھ مخصوص تھیں ان حرکتوں سے بہرام شاہ ان دونوں سے بدگمان ہوا۔ اُس نے اپنے دو معتمد ترکوں کو حکم دیا کہ مستانہ ہیئت بنا کر ان دونوں کا جام عمر لبریز کرو۔ ۲۵ محرم ۶۳۸ھ کو قصر سفید میں یہ ترک مستانہ وار داخل ہوئے اختیار الدین کو چھری سے قتل کیا۔ مہذب کے پہلو میں دو زخم لگائے مگر موت نہیں آئی تھی وہ بچکر باہر نکل گیا ملک بدر الدین سنقر امیر حاجب ہوا اور سلطنت کے سارے کاموں کا مالک ہوا۔ سلطان کے بے اجازت جو چاہتا سو کرتا۔ اور وزیر مہذب الدین پر تفوق ڈھونڈتا۔ جس نے سلطان کے مزاج کو متغیر کر دیا بدر الدین نے جب سلطان کی یہ بے رخی دیکھی تو وہ سلطان ہی کے دفع کرنے کی تدابیر میں مصروف ہوا

اور یہ جاننے لگا کہ بادشاہ کے بھائیون مین سے کسیکو اسکا جانشین کرے۔ ماہ صفر ۶۳۸ھ مین صدر الملک تاج الدین کے گھر پر امراء کیا زکا جلسہ ہوا اور انقلاب سلطنت کے باب مین منصوبے و تدابیر پیش ہوئین یہ صدر الملک وزیر مہذب الدین کے بھی گھر گیا کہ اسکو بھی لاکر شریک مشورہ کرے۔ بادشاہ کا ایک نہایت معتبر آدمی وزیر پاس بیٹھا ہوا تھا اُسکو وزیر نے ایک اور جگہ بھیجا کر بٹھا دیا کہ وہ ساری باتین صدر الملک کی سُنے۔ غرض جب صدر الملک وزیر پاس آیا اور اُسنے تغیر سلطنت کی اتدعا کی تو وزیر نے اوہر صدر الملک سے کہا کہ آپ تشریف لیجیے مین بھی نماز پڑھ کر آپ کے جلسہ عظیم مین شریک ہونیکے لئے آتا ہون۔ اوہر اس معتمد سلطانی سے کہا کہ تو ابھی جاکر سلطان سے وہ باتین عرض کر جو تو نے صدر الملک کی زبان سے سُنی ہین اور بادشاہ کو صلاح دے کہ وہ فوراً سوار ہوکر اس جماعت کے سر پر پہونچکر متفرق کردے جب یہ معتمد بادشاہ کی خدمت مین آیا اور حال عرض کیا تو سلطان نے متوحش ہوکر اس جماعت کو پریشان کر دیا اور بدر الدین سنقر کو دربار مین بلا کر بدا ؤ بھیجدیا۔ اور چار مہینے بعد وہ سلطان پاس پہنچا تو اُسے مقید کر دیا۔ ایسے ہی اور امراء کو جو اس جلسہ مین شریک تھے سزائین دین غرض اس واقعہ سے امراء کے حال مین یہ تغیر ہو گیا کہ سلطان سے وہ سب خائف رہنے لگے اور سلطان اُن سے بدگمان رہنے لگا کسی پر اعتماد نہین کرتا تھا۔ وزیر اپنے زخمون کے انتقام لینے کے سبب سے یہ چاہتا تھا۔ کہ ملوک ترکون اور سلطان ان سب کو خارج کردے سلطان کو ہمیشہ ترکون سے ڈراتا رہتا تھا اور آخر کو اُسکی تدبیر چلگئی نہ امرا ترک رہے نہ سلطان جکا ذکر نیچے ہوتا ہے

اس بادشاہ کی سلطنت مین واقعہ عظیم شہر لاہور کا ہے کہ اُسکو چنگیز خانی مغلون کے لشکر نے خراسان اور غزنی سے آکر گھیر لیا اور مدتون تک جنگ رہی۔ یہان لاہور مین حاکم قراقش تھا وہ بڑا بہادر جوانمرد تھا مگر اہل لاہور نے اُسکے ساتھ موافقت نہ کی اور لڑائی مین تقصیر کی قراقش یہ حال دیکھکر اپنے لشکر سمیت دہلی کو چلا گیا۔ ترکون نے اُسکا تعاقب کیا مگر وہ صاف نکل گیا۔ اب لاہور مین کوئی فرمان روا نہ تھا اس لئے ۱۶ جمادی الآخری ۶۳۹ھ کو اسپر مغلونکا قبضہ ہو گیا انہون نے مسلمانون کو قتل و اسیر کیا جب اس حادثہ ہائل کی بہرام شاہ کو خبر پہونچی تو اُس نے دہلی کے قصر سپید مین اپنے اکابر سلطنت کو جمع کیا اور نظام الملک مہذب الدین وزیر اور قطب الدین حسن غوری وکیل سلطنت اور امرا کو لشکر دیکر مغلونکے دفع کرنیکے واسطے لاہور روانہ کیا۔ جب یہ لشکر دریاے بیاس کے کنارہ پر پہونچا تو نظام الدین مہذب الملک نے کہ باطن مین سلطان سے نفاق رکھتا تھا اور یہ چاہتا تھا کہ امراء اُس سے ناراض ہو جائین یہ مکر و فریب کیا کہ بہرام شاہ پاس یہ عرض داشت بھیجی کہ حضور نے جو ایک جماعت منافق میرے ہمراہ کی اُس سے کچھ کام نہین نکلے گا اور یہ فتنہ نہین دُور ہوگا خود حضور یہان تشریف لائین یا فرمان صادر فرمائین کہ بندہ

بہرام شاہ کا قتل ہونا

وملک قطب الدین جس طرح سے ہو سکے اس جماعت کو ٹھکانے پہونچائین سلطان نے وزیر پر اعتماد کرکے اپنی سادگی کے سبب سے لکھ بھیجا کہ وہ جماعت گردن مارنے کے قابل ہی انکو مین سزا دونگا تم چند روز اُن سے مدارا رکھو نظام الملک مہذب الدین نے یہ سلطان کا فرمان امراء لشکر کو دکھا دیا اور بادشاہ کے معزول کرنیمین انکو اپنے ساتھ متفق کرلیا جب سلطان کو اس حال پر اطلاع ہوئی تو حضرت شیخ الاسلام خواجہ قطب الدین بختیار اُسی کو ان امراء کی تسکین و تسلی کے لئے بھیجا مگر وہ کسیطرح راضی نہوئے شیخ اپنا سا منہ لیکر دہلی کو چلے آئے سلطان معز الدین بہرام شاہ کے دفع کرنے کیواسطے نظام الملک مہذب الدین اور کل امراء دہلی مین آئے اور بہرام شاہ کا محاصرہ کرلیا اور ساڑھے تین مہینہ تک محاصرہ رہا اور لڑائیان ہوتی رہین اور طرفین سے ایک خلق ہلاک ہوئی اور حوالی شہر بالکل برباد ہوگیا۔ اس فتنہ کے بڑھ جانے کا سبب یہ تھا کہ مبارک شاہ فرخی متہ فراش بادشاہ کے مزاج پر غالب ہوگیا تھا۔ وہ کسیطرح صلح پر بادشاہ کو رضی نہین ہونے دیتا تھا۔ اہل شہر بادشاہ کے ساتھ متفق تھے اُس کے سبب سے ماہ ذیقعدہ ۶۳۹ھ مین شہر کو مخالفین نے لے لیا۔ اور بہرام شاہ کو گرفتار کرکے کچھ دنون اُسے مقید رکھا اور پھر قتل کیا۔ اُسکی سلطنت دو سال ڈیڑھ مہینہ تھی۔

سلطنت علاء الدین مسعود شاہ

سلطنت مغلون کی حکومت کی راہ سے اور اوجہ

جب سلطان بہرام شاہ کا پیمانہ عمر لبریز ہوا تو ملک اعزالدین بلبن بزرگ تخت دہلی پر جلوہ گر ہوا اور اُسکی منادی بھی ہوئی مگر اُسکی تخت نشینی سے امراء راضی نہوئے۔ سلطان شمس الدین کے بیٹے ناصر الدین و جلال الدین اور رکن الدین فیروز شاہ کا بیٹا سلطان علاء الدین مسعود قصر سفید مین مقید تھے انکو قید خانہ سے باہر لائے اور انمین سے سلطان علاء الدین مسعود شاہ کے سر پر ۶۳۹ھ / ۱۲۴۱ء مین تاج شاہی رکھا۔ سلطان نے ملک جلال الدین کو خطۂ قنوج دیا اور ملک ناصر الدین کو خطۂ بہرائچ۔ مگر اسکی سلطنت مین بھی وہی خرابیان برپا ہوئین جو پہلے سے چلی آتی تھین۔ بلکہ اپنی اُسکی دایم الخمری اور عیاشی اور ظلم نے اور بڑھا لگا دیا۔ اس بادشاہ کیوقت کی بڑی مشہور بات یہ ہی کہ محمد بختیار خلجی جس راہ سے تبت اور خطا مین گیا تھا اسی راہ سے مغلون کی فوج نے ۶۴۳ھ / ۱۲۴۴ء مین بنگالہ پر یورش کی اس راہ سے فقط یہی یورش ہوئی ہے۔ اور کسی یورش کا اس راہ سے تاریخ مین صحیح پتہ نہین ملتا مغلو نکو شکست ہوئی۔ پھر انھون نے قندہار کیطرف سے ملک سندھ پر حملہ کیا اور اوچہ کا محاصرہ کیا سلطان نے بھی فوج کو جمع کیا اور لشکر فراہم کرکے بیاس کے کنارہ پر فوراً جا پہونچا مغلون نے اوچہ کا محاصرہ چھوڑ دیا سلطان منظفر اور منصور دلی مین چلا آیا جب امرا نے دیکھا کہ سلطان مسعود کے

ظلم اور ستانہ نوتی سے سلطنت کا کام بگڑتا ہے تو انہون نے اُسکے چچا نصیر الدین پاس بہرائچ مین پیغام بھیجا اور ۶۴۴ھ مین اسکو بادشاہ بنایا۔ اور مسعود کو قید خانہ مین ڈالا کل چار سال ایک ماہ اُس نے سلطنت کی۔

سلطان التمش کا سب سے بڑا بیٹا ناصر الدین تھا جب وہ لکھنوتی مین فوت ہوا اور یہ سب سے چھوٹا بیٹا پیدا ہوا تو بڑے بیٹے کی کمال محبت کے سبب سے چھوٹے بیٹے کو اُسکا ہم نام کیا اور اوسکی مان کو لونی بھیجدیا وہین اُس بیٹے کی ساری تعلیم و تربیت ہوئی۔

سلطان ناصر الدین محمود کا بادشاہ ہونا

باپ کے مرنے پر کچھ دنون قید مین گذرے پھر رہائی پائی۔ اُسکی عادت تھی کہ جوانی مین ہمیشہ سوچ بچار مین رہتا اور سب سے الگ تھلگ رہتا سلطان مسعود کے عہد مین اسکو بہرائچ کی حکومت ملی یہان تھوڑے دنون مین اُسکی عدالت اور انصاف اور لڑائیون کی فتحیابی سے ملک کی معموری اور آبادی مین بہت رونق ہوگئی سلطان علاء الدین مسعود شاہ کی باتون سے ہراساں دہلی تنگ آئے تو انہون نے ایک خفیہ عرضداشت سلطان ناصر الدین کیخدمت مین بھیجی کہ آپ دہلی مین تشریف لائین ناصر الدین کی والدہ ملکہ جہان اس سفر مین ہمراہ ہوئی اور اس بہانہ سے کہ سلطان بیمار ہے دلی مین علاج کرنیکو جاتا ہے۔ بیٹے کو دلی تک وہ لے آئی اور کسی کو خبر نہوئی کہ وہ یہان آپہونچا بلکہ ایسا وہم اُسکو تھا کہ جب رات ہوتی تو ناصر الدین کے مُنہ پر نقاب ڈال دیتی کہ کوئی پہچانے نہین۔

بلبن کو وزیر مقرر کرنا

غرض ۲۳ محرم ۶۴۴ھ مطابق ۱۰ جون ۱۲۴۶ء کو بنہ قصر مین یہ سلطان دہلی کے تخت پر بیٹھا جلوس کے دن بڑا جشن ہوا۔ ملک غیاث الدین بلبن خرد کو لقب وزارت عطا ہوا۔ اور سارا کاروبار سلطنت کا اُسکے اعتماد پر چھوڑا۔ سلطان نے وزیر بنانے کے وقت اس سے کہدیا کہ کوئی کام ایسا نہ کرنا کہ خدا کے درد اُسکے جواب سے تو شرمندہ ہو۔ اس وزیر نے اپنے کام کا حق ادا کیا اور ایسی تدبیرین کین کہ کسیکو قدرت نتھی کہ اُسکے کام مین دم مارسکے۔ غرض ساری سلطنت کا کام اُسکی مٹھی مین تھا۔ یہ بلبن شمس الدین التمش کا غلام اور داماد تھا۔ اب ناصر الدین نے اُسکو خان اعظم الغ خان کا خطاب مرحمت کیا۔ اور اُسکا چچیرا بھائی شیر خان تھا اُسکو خان معظم کا لقب عطا ہوا۔ اور ملتان اور پنجاب کا حاکم مقرر ہوا۔ اس بادشاہ کو اُن مغلونکا کھٹکا لگا ہوا تھا جنھون نے غزنی کابل اور قندہار اور بلخ اور ہرات مین شورش برپا کر رکھی تھی۔ غیاث الدین بلبن نے ان سرحدی صوبونکو ناجلا کرایک صوبہ قایم کیا اور شیر خان کو وہان کا حاکم مقرر کیا اور بادشاہ کو پہلے ہی سنہ جلوس مین پنجاب لیگیا اور جب بادشاہ سودرہ مین پہونچا تو خان اعظم الغ خان کو سرلشکر بنا کر دریا سند کیطرف بھیجا

خان اعظم نے گھکرون کو کہ مغلونکے ساتھ غارتگری مین شریک ہو گئے تھے۔ اور اس ملک مین غارتگری کیلئے مغلونکے رہنما ہوئے تھے نہایت سخت سزا دی بسیکڑون کو قتل کیا اُن کے بچونکو لونڈی اور غلام بنایا اور پھر سلطان کے پاس آیا سلطان بسبب تنگی علف کے جلد دہلی چلا آیا۔ یہان یہ انتظام بھی کیا کہ ایک جماعت کی جماعت پرانے امیرونکی تھی کہ وہ شمس الدین التمش کیوقت سے لاہور اور ملتان مین جاگیرین رکھتی تھی مگر حق خدمت نہ ادا کرتی تھی اور مغلونکی سپاہ سے سازباز رکھتی تھی۔ اُن سب بڑے ہونکو سلطان غیاث الدین بلبن سے مشورہ لیکر منصب سے معزول کیا اور اُنکی جوان اولاد اور عزیز واقارب کو منصبون پر مامور کیا۔ اس انتظام سے ملتان اور پنجاب مین دونون طرح کا ملکی اور مالی بندوبست ہو گیا اور گھکرون کے عذر سے اطمینان ہوا۔ یہ عمل سلطان کا ایسا ہی تھا جیسا کہ سکندر ذوالقرنین کا سننے مین آیا ہے کہ اُس نے اپنے اوستاد ارسطو یاس ایلچی بھیجا اور پوچھا کہ مین کیا کرون کہ ہمارا اور اراکین دولت میری بندگی اور تابعداری نہین کرتے۔ ایلچی کو باعین ارسطو لیگیا اور باغبان کو حکم دیا کہ سب پرانے پیڑ اکھاڑ ڈال اور نئے پودے اُنکی جگہ لگا دے۔ اور کچھ جواب ایلچی کو نہ دیا اور رخصت کیا۔ ایلچی نے یہ سارا حال سکندر سے بیان کیا۔ سکندر مطلب سمجھ گیا چنانچہ اُسنے ہمارا گھکر سال کو معزول کرکے اُنکی اولاد کو اُنکے عہدونپر مقرر کیا۔ پھر سب انتظام ہو گیا۔ بعد ازین ۶۴۶ھ سنہ ۱۲۴۸ء سے سنہ ۶۴۹ھ سنہ ۱۲۵۱ء تک غیاث الدین بلبن ان ہندو راجاؤن سے لڑتا رہا جو شاہان سابق کے ضعف اور بے اعتدالی کے سبب سے متمرد اور سرکش ہو گئے تھے چنانچہ اول حملہ مین اُس نے جناکے دوآبہ ملک مین دلی سے کالنجر تک حکومت سلطانی کو قایم اور بحال کیا پھر آیندہ تین سال کی چڑھائیون مین میوات کے پہاڑی ملک کو کہ دلی سے چنبل تک پھیلتا ہے صاف کیا پھر رنتھنبور و کوہ پایہ کے قلعہ کو جو میوات کے پاس ہے فتح کیا۔ اور سلطان ناصرالدین کا بھائی دلی مین آیا اور پھر وہم زدہ ہو کر یہان سے چنیٹ کو بھاگا۔ سلطان نے اُسکا تعاقب کیا اور چنیٹ مین پہونچا۔ آٹھ سات مہینہ یہان سرمارا مگر فتح نہوا۔ ناچار سلطان دہلی اوٹا چلا آیا۔ ۶۷۹ھ مین ملک اعزالدین بلبن برگ حاکم اودھ اور ناگور نے بغاوت اختیار کی۔ سلطان ناگور گیا اور اسپر لشکرکشی کی سلطان کے سامنے نہ ٹھیر سکا۔ اور حاضر ہو کر امان کا جویان ہوا۔ سلطان نے اُسکی عفو تقصیر کرکے اُسکی حکومت بحال رکھی اور خود دہلی مین چلا آیا۔ پھر نرور کا قلعہ بند بلیکٹ مین جا کر فتح کیا۔ جاہر دیو نے یہ قلعہ بنایا تھا۔ پانچہزار سوار اور دو لاکھ پیادون سے وہ بادشاہ سے لڑا مگر شکست فاحش پاکر بھاگ گیا۔ اور چند روز مین قلعہ فتح ہو گیا۔ اور بعد ازان چندیری اور مالوہ مین گیا اور وہان اپنی طرف سے حاکم مقرر کئے اور پھر دلی چلا آیا ان مہمات مین بلبن نے بڑی کارنامے کئے

بادشاہ کا صفر ملتان مین انتظام کرنا

ناصرالدین کی ہندو راجاؤن سے لڑائی

تغلق رزی کی فتوحات و شیر خان کی فتوح

بھتیجے بہائی شیر خان نے بہی مغلونکو شکست دیکر غزنی لے لیا۔ اور اُس مین سلطان کے نام کا خطبہ پڑہوایا اور اُسکا سکہ چلایا۔ اور پہر سلطان کے حکم کے بموجب اوچہ پر لشکر کشی کی۔ ملک اعزالدین بلبن بزرگ ناگور سے اوچہ مین آیا۔ اور شیر خان کو اوچہ سپرد کرکے سلطان پاس دلی مین آیا۔ سلطان نے اُسکو بداؤن مین حاکم مقرر کیا جن مہمات کا اوپر ذکر ہوا۔ اُنمین اکثر سلطان ناصرالدین شریک تہا اور ان فتوحات کا سبب اپنے تئین بتاتا۔ مگر دل مین یہ بات خوب سمجہتا تہا گو وہ ناگوار خاطر ہو کہ بلبن کی یا مردی سے یہ سب فتوحات حاصل ہوئی ہین اور اِن معرکونمین اول قدم اسی کا ہی۔ بعد اُسکے میر اقدم ہی ۶۵۱ھ مین عماد الدین ریحانی نے کہ بلبن کا ہی دست گرفتہ تہا بلبن کی جان کا خواہان ہوا اور جب جان نہ لے سکا تو بادشاہ سے لگا بجہا کر بلبن کو قطاع ہانسی مین بہجوا دیا اور خود وزیر بنگیا اور اُور رفقاے بلبنی کو بہی الزام دے دیکر کچہہ سے کچہہ کر دیا اور کہین سے کہین بہجدیا جب ان تغیرات سے بے انتظامی شروع ہوئی تو بدگمانی اور ناراضمندی نے بہی دُور دُور پیر پہیلائے غرض کٹہ مانک پور۔ اودہ۔ بداؤن۔ سرہند۔ سیام۔ کہرام۔ لاہور۔ سوالک۔ ناگور۔ اُن سب دس صوبون کے حاکمون نے متفق ہوکر بلبن پاس پیغام بہیجا کہ عماد الدین ریحانی کے ظلم اور ستم سے انتظام سلطنت مین خلل پیدا ہورہا ہی۔ اب صلاح ہم سب کی یہ ہی کہ آپ بھی جائین اور بعد رسانی اچہے کام کا اہتمام فرمائین۔ بلبن نے اس درخواست کو منظور کیا۔ اور سبکو کہرام مین جمع کیا۔ عماد الدین ریحانی ان سب کے رفع و دفع کرنے کیواسطے سلطان کو لیگیا۔ ان سب امراء اور ملک غیاث الدین بلبن نے نہایت ادب و تعظیم سے عرضی لکہی کہ ہم سب آپکے غلام ہین۔ اگر عماد الدین ریحانی آپ کی وزارت کے منصب پر نہو تو ہم سب آپکی پابوسی مین مشرف ہون۔ سلطان نے عماد الدین کو معطل کرکے بداؤن کے صوبہ کو روانہ کیا۔ سب امراء سلطان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور شاہانہ خلعتین اُنکو مرحمت ہوئے اور پہر سب امراء اپنی جگہ مقرر ہوئے اور غیاث الدین بلبن کے آنے سے سب چہوٹے بڑے خوش و خرم ہوئے۔

بلبن کا وزارت کے منصب پر مقرر ہونا اور عماد الدین ریحانی کا معزول ہونا۔

۶۵۲ھ سے ۶۵۵ھ تک بغاوتین ہوا کین۔ ملکہ جہان والدہ ناصرالدین نے قتلغ خان سے نکاح کرلیا سلطان کا دل اپنی مان کی طرف سے برگشتہ ہوگیا۔ قتلغخان کو اودہ کی جاگیر دیکر رخصت کیا پہر بہان اودہ سے بہرائچ مین بدلدیا۔ اسپر اُس نے بغاوت اختیار کی اور عماد الدین ریحانی اور حاکم سندہ اور بعض اور امراء نے سلطان کی مخالفت پر موافقت کی سلطان نے قتلغخان کی سرکوبی کیواسطے غیاث الدین بلبن کو اور عماد الدین کیواسطے تاج الدین بزرگ کو تعین فرمایا۔ عماد الدین لڑائی کے بعد اسیر ہوا اور قتل کیا گیا۔ اور قتلغخان بلبن کے

بغاوتین

سامنے نہ پڑسکا اور بھاگ کر جیت پور چلا گیا۔ اور دونون نے متفق ہوکر سمانہ اور کہرام کے نواح مین خلل اندازی شروع کی سلطان نے غیاث الدین بلبن کو بہراس مہم کا اہتمام سپرد کیا جب دونون فریق آمنے سامنے ہوئے تو یہان دہلی سے بعض حضرات نے قتلغخان اور کشلیخان کو خط لکھکر بھیجا کہ دلی چلے آؤ اور شہر لے لو۔ یہان دلی والون کو انکی اطاعت کی تلقین کرتے تھے بلبن کو تمام مکر و فریب کی خبر ہوگئی اور ساری کیفیت لکھکر سلطان پاس بھیجدی سلطان نے فوراً اس جماعت کے امراء کو حکم دیا کہ اپنی جاگیرون پر جائین بعض کہتے ہین کہ قید خانہ مین ڈالدیا۔ اب قتلغخان اور کشلیخان کو خبر اس امر سے ہوئی وہ سو کوس کی منزل کو دو روز مین طے کرکے دلی مین آئے تو یہان انہون نے کچھ نہ دیکھا اس سبب سے وہ خود مستشر ہوگئے کشلیخان کو تو حکومت سندھ کی پھر بلبن کی سفارش سے مل گئی مگر قتلغخان کا حال نہ معلوم ہوا کہ وہ کہان چلا گیا۔

یہان یہ بغاوتین ہو رہی تھین کہ مغلون نے اوچ اور ملتان پر حملہ کیا سلطان انکی سرکوبی کے واسطے چار مہینے مین لشکر جمع کرکے روانہ ہوا تھا کہ مغلون کا لشکر بغیر لڑائی کے پھر گیا۔ اس لئے سلطان بھی دلی مین پھر چلا آیا پنجاب کی حکومت پھر شیر خان کے سپرد ہوئی اور ملک جلال الدین خان حاکم پنجاب کو لکھنوتی کی حکومت سپرد ہوئی گڑھ مانک پور مین بغاوت ہوئی۔ ارسلان خان اور قلیچ خان نے یہان دنگہ مچایا تھا۔ مغلون کی لڑائی مین سلطان نے انکو بلایا مگر انہون نے اس حکم کو نہ مانا اور نہ آئے سلطان کو یہان آنیسے بغاوت دب گئی۔

مغلون کے حملے اور بغاوتین

۶۵۸ھ مین خان اعظم الغخان حسب الحکم سلطان کوہ پایہ و سوالک و نقنبور پر لشکر کش ہوا۔ رجپوت و میواتی و سوالک کے راجاؤن نے سرکشی پر کمر باندھی اور بڑا لاؤ لشکر جمع کیا۔ یہ بڑی بھاری سرکشی تھی۔ بلبن ہی کی جانفشانی سے انکو مٹایا۔ وہ اُسنے ایک بڑی لڑائی لڑا اور مغلوب کیا ۶۵۹ھ/۱۲۶۰ء مین انکا ملک فتح کیا۔ یہ میواتی ایسی ایسی جگہ جاکر چھپے کہ اہل اسلام کے سوار و نکا وہان جانا مشکل تھا۔ اس لئے بلبن نے اشتہار دیدیا کہ جو شخص میواتی کو زندہ پکڑکر لائے دو ٹنکہ نقرہ انعام پائے اور جو شخص میواتی کا سر کاٹکر لائے وہ ایک ٹنکہ نقرہ صلہ پائے۔ غرض اس اشتہار سے بعض سپاہی ایسے میواتیونکے گلا کاٹنے پر آمادہ ہوئے کہ تین چار میواتیون کو روز زندہ پکڑکر لاتے اور خزانے شاہی سے انعام لیجاتے غرض راجاؤن نے یہ حال دیکھکر لشکر آراستہ کیا بلبن نے بھی سپاہ کو سامنے کیا۔ اگرچہ بعض بڑے بڑے امیر اس لڑائی مین بلبن کے مارے گئے لیکن آخر کو کمیت بلبن کے ہاتھ رہا۔ اور ڈھائی سو سردار مخالفون کے گرفتار ہوئے انکو دہلی مین لاکر بلبن نے سلطان کے روبرو مارا۔ دسہزار میواتی اس لڑائی مین مارے گئے۔ مگر یہ قوم ہمیشہ لوٹ مار کرتی رہی اور دلی کے باشندونکو

میواتیون سے لڑائی

کبھی انکی لوٹ مار سے انگریزی عملداری تک چین نہ ملا۔ اب سب سے آخر واقعہ عظیم اُسکی سلطنت کا یہ ہے کہ چنگیز خان کے نبیرہ ہلاکو خان کا ایلچی دہلی کے نزدیک آیا غیاث الدین بلبن پچاس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادے اور دو ہزار ہاتھی اور تین ہزار عرادہ آتشبازی لیکر شہر سے باہر ایلچی کے استقبال کو نکلا طبل اور دہل اور کرنا اور نفیر کا غل کرنا اور ہاتھیونکا چنگھاڑنا اور گھوڑونکا ہنہنانا ہتیاروں کا چمکنا۔ آتشباری کا چھوٹنا۔ ان سب سے آثار قیامت کا نمونہ دکھا دیا تھا۔ پس بلبن ایک تیر کے فاصلہ سے اُسکے استقبال کو گیا اور فوج کی صفون اور ہاتھیون کی قطارون کا تماشا دکھایا اور قصر سفید مین سلطان ناصر الدین باس لایا وہان قصر سلطانی ایک مرقع کا عالم دکھا رہا تھا ایک طرف سادات اور مشایخ کھڑے ہوے تھے۔ دوسری طرف عراق اور خراسان اور ماوالنہر کے شاہزادے اور ہندوستان کے راجہ و مہاراجہ غرض یہ جنکی بھی عجیب غریب تھا۔ ایلچی اس سب سامان کو دیکھکر دنگ ہگیا۔ شاید اس شان اور شوکت کی سامان نے ہی ہندوستان کو ہلاکو خان کے ہاتھہ سے بچایا۔ اب اس بادشاہ کی آخری عمر تک کوئی واقعہ عظیم وقوع مین نہین آیا۔ اب عزیز کو کہ اس بادشاہ کی سلطنت مین جھگڑے اور فساد کیا کیا برپا ہوئے مگر کسی فساد سے سلطنت کو صدمہ نہین پہنچا۔

یہ بادشاہ شجاع اور عابد اور سخی تھا۔ اگرچہ اُسکا دربار تکلفات سے پُر تھا۔ مگر گھر اُسکا سادگی کا گھر تھا۔ ایک ہی زوجہ منکوحہ تھی وہی اپنے ہاتھ سے روٹی پکاتی تھی۔ ایکدن اس نیکبخت بی بی نے کہا کہ روٹی پکاتے سے ہاتھہ جلتے ہین۔ کوئی لونڈی خرید لو کہ وہ کھانا پکا دیا کرے اسپر بادشاہ نے جواب دیا کہ بیت المال مین بندگان خدا کا حق ہے۔ میرا مال سمین کچھہ نہین ہے کہ روپیہ لیکر لونڈی خریدون صبر کرو خدا اُسکا اجر دیگا غرض ساری عمر فقیرانہ بسر کی۔ زہد و تقوی عبادت چارون پہر اُسکا کام تھا۔ قرآن شریف کی کتابت سے اُس کی گذر اوقات تھی۔ کبھی خزانہ شاہی سے پیسہ نہین لیا۔ اتفاقاً ایکبار میرے اُس کے ہاتھ کا لکھا ہوا قرآن شریف زیادہ قیمت کو لیلیا جب اُسکو یہ معلوم ہوا تو بہت ناگوار گذرا۔ پھر وہ اپنے قرآن شریفونکا ہدیہ معمولی قیمت پر خفیہ کیا کرتا۔ ایکدن کا ذکر ہے کہ وہ قرآن شریف پڑھ رہا تھا کہ ایک محتاج اُس پاس آیا۔ اُس نے قرآن شریف مین دو فیہ برابر لکھے ہوئے دیکھکر یہ کہا کہ ایک فیہ ہمین غلط لکھا ہے۔ سلطان نے قلم دوات منگا کر اُس فیہ پر حلقہ کھینچ دیا۔ اُس محتاج کی احتیاج رفع کرکے رخصت کیا پھر جاتو لیکر اُس حلقہ کو حک کیا۔ ایک غلام نے پوچھا کہ پہلے حلقہ بنایا کیون۔ اب اُسکو مٹایا کیون۔ اُس نے یہ جواب دیا کہ محتاج آیا تھا۔ اگر اُس وقت مین یہ کہتا کہ تو غلط کہتا ہے تو اُسکا دل مکدر اور رنجیدہ ہوتا۔ پھر اس بخ کا مٹانا اس حلقہ کے مٹانے سے

زیادہ خوش ہوتا۔ ایک صلاح کار نیک اندیش کا دل مین نے خوش کر دیا۔ اور یہ محنت کرنی مجھے کچھ ناگوار نہین یہ حکایت بھی اُسکی مشہور ہے کہ اُسکا ایک ندیم محمد نام تھا ہمیشہ اُسکو محمد کہکر پکارتا۔ مگر اتفاقاً اُس نے ایکدن اس ندیم کو کہا کہ تاج الدین ادھر آ۔ اور یہ کام کر۔ ندیم نے کام کیا۔ مگر کام سے فارغ ہوکر اپنے گھر گیا اور تین دن تک بادشاہ کی ملازمت مین نہین آیا۔ سلطان نے آدمی بھیجکر اُسے بلایا اور غیر حاضری کا سبب پوچھا ندیم نے عرض کیا کہ حضور نے خلاف عادت مجھے تاج الدین کہکر پکارا اور اس غیر نام لینے سے مین نے جانا کہ بادشاہ کا دل متغیر ہوا تین روز سے اسی رنج مین مین پڑا تھا۔ سلطان نے کہا کہ مجھے کچھ تجھ سے رنج نہ تھا مگر مین بے وضو تھا۔ بے وضو محمد نام لیتے مجھے شرم آتی ہے۔ اسلئے تاج الدین کہکر پکارا۔ طبقات ناصری جو ایک مشہور تاریخ ہے وہ اسی بادشاہ کے عہد مین تصنیف ہوئی ہے۔ غرض یہ نیک سیرت بادشاہ گیارہوین جمادی الاول ۶۶۴ھ مطابق فروری ۱۲۶۶ء کو بہشت نصیب ہوا۔ بیس برس کئی مہینہ تک اُس نے سلطنت کی۔

سلطان غیاث الدین بلبن

ناصر الدین محمود کے تخت و تاج کا کوئی وارث نہ تھا۔ سلطان غیاث الدین بلبن اُسکی زندگی مین ساری سلطنت کا مختار رہا تھا۔ اب اُسکو خود بادشاہ ہونے مین کچھ دقت نہوئی ۶۶۴ھ/۱۲۶۶ء مین تخت شاہی پر بے تکلف بیٹھ گیا۔ اب اصل حقیقت اس کی یہ ہے کہ اُسکا باپ بڑا امیر تھا۔ بغداد مین دسہزار خانوار کا سردار تھا۔ اور سلطان قراخطا و طائفہ البرے مین سے تھا جب مغلون نے اس دیار کو فتح کیا تو وہ اُنکے ہاتھ مین اسیر ہوا۔ اور ایک سوداگر نے اُسے خریدا۔ اور بغداد مین جاکر جمال الدین بصری کے ہاتھ بیچا جمال الدین بصری نے اس نظر سے کہ وہ سلطان التمش کا ہم قوم تھا اُسکی نذر کیا۔ سلطان نے اُسکے چہرہ کے آثار دیکھکر بازدار خاصہ کا مقرر کیا اور بعد ازان بتدریج اور معزز عہدون پر سرافراز کیا۔ یہ کیفیت تو سلطان التمش کے زمانہ مین رہی۔ اب اُسکے جانشینون کے زمانہ مین سلطان رکن الدین کے عہد مین وہ ہندوستان کے ترکون کے ساتھ سازش کرکے پنجاب مین باغی ہوگیا۔ سلطان رضیہ کے عہد مین گرفتار ہوکر محبوس ہوا۔ اور بہرام کے عہد مین امیر شکار کا عہدہ ملا۔ یہ امیر شکار ہونا ایک اشارہ غیبی تھا کہ ایکدن صید عالم اُسکا شکار ہوگا۔ سلطان معز الدین بہرام کے عہد مین امیر آخور مقرر ہوا یہ میر آخور ہونا ایما و ربانی تھا کہ ایکدن اقبال کا گھوڑا اُس کی رانون تلے دوڑیگا۔ میواتی اکثر دہلی مین آنکر لوٹ مار کرتے اور تکلیف دیتے۔ اُنکے انتظام کے واسطے پرگنات ہانسی اور ریواڑی غیاث الدین بلبن کو اقطاع مین دئے گئے۔ اُس نے میواتیونکو ایسا دبایا کہ سر نہ اٹھانے دیا۔ کاش غیاث

سلطان بلبن کا بادشاہ ہونا

سے اُس کی شجاعت اور مردانگی کا ایک شہرہ ہوگیا اور سلطان علاء الدین نے اُسکو اسی بات پر امیر حاجب کا عہدہ دیا اس کام مین بھی وہ پورا نکلا سلطان ناصر الدین کی زندگی مین تو وہ سلطنت کا مالک ہوگیا سلطان برائے نام بادشاہ تہا۔ درحقیقت ملین ہی بادشاہی کرتا تہا اور بعد اُسکی وفات کے خود سلطان ہوا التمش کے چالیس کی غلام تہی اور وہ ترکی غلام سلطان التمش کے بڑا جاہ و منصب کہتے تہے اُنکو چہل گانی کہتے تہے اور خواجہ تاش اُنکا لقب تہا بعد سلطان التمش کے یہ ایک مجلس مین جمع ہوئے اور آپسمین یہ بات بقول درقسم اور عہد و پیمان ہوا کہ ملک ہند کو آپس تقسیم کرلین نہوڑے نوعین نہین بہوٹ پڑگئی اس لیے کام نہ بن پڑا ہر خواجہ تاش بجائے خود خود سر ہوگیا اور اپنے سامنے اور دنکو بے حقیقت گننے لگا اور دوسرے کو یہ کہنے لگا کہ تو کیا ہی جو مین نہین ہون اور تو کیا ہو سکتا ہی جو مین نہین ہو سکتا غرض ان غلامونکا دور دورہ تہا باقی سب بیچارے امیر زادے خراب خستہ پڑے پہرتے تہے سلطان شمس الدین کی اولاد مین سے جو دو چار بادشاہ دس دس تک ہوے وہ نوجوان سلطنت کے کامون سے ناآشنا تہے وہ جہانداری اور جہانبانی سے کچہ خبر رکھتے تہے عیش و آرام سے کام تہا سلطان ناصر الدین بیس برس تک ملین کے ہاتھ مین کٹ پتلی کیطرح رہا اس زمانہ پر جنید کی یہ مثال صادق آتی تہی کہ جبتک خنگل کو شیر نہین چیڑتا ہرن فراغت سے نہین چرتا اور جبتک آشیانہ مین بازگیر کو نہین بیٹہتا مرغ ہوا مین بیخوف نہین اُڑتا۔ ایسے ہی جبتک بزرگ و سردار اپنی بزرگی کے مقام سے نہین گرتے ہرزہ کار اور دردم خریدہ بلندی پر نہین چڑہتے انہین چیلگانی مین سے غیاث الدین بادشاہ ہوا اُس نے سب قول قرار و نکو اڑانا اور عہد و پیمان کو توڑنا چاہا جن خواجہ تاشون سے اُسکو ذرا بہی سلطنت مین خطرہ معلوم ہوا انکو حیلہ حوالہ کرکے جاہ و منصب سے محروم کردیا۔ دستور العمل مقرر ہوگیا کہ اراذل مین سے کسی شخص کو ملکی کام نہ ملے جب کوئی شخص نوکر ہوتا اس کے حسب و نسب زہد و تقوے کی بڑی تحقیقات ہوتی اور بعد نوکر ہو جانیکے بہی کچہ عرصہ مین فرق ہوتا تو عہدہ سے برطرف ہوتا ہندوؤنکو مغز عہدونکا ملنا موقوف ہوگیا۔ اس بادشاہ کو اراذل سے یہانتک نفرت تہی اور اپنی بادشاہی پر ایسی نخوت تہی کہ کبہی پولاج سے ہمکلام نہوا جبتک زندہ رہا کسی امیر کا مقدور نہوا کہ کسی کمینے کی سفارش اُس سے کرتا یہ اس بادشاہ کی اقبال مندی اور خوش نصیبی تہی کہ اور ملکونمین بڑی بڑی زبردست مسلمان بادشاہون کی سلطنتین برباد ہوگئین مگر ہندوستانمین اہل اسلام کی سلطنت قایم رہی مغلونکے ہاتھ سے تنگ ہوکر اور دُر دُر کر پیس بادشاہ اور بادشاہزادے اور امرا اپنا اپنا ملک چہوڑکر یہان آچکے تہے اور پندرہ خاص اُسکے عہد مین بہاگ کر آئے۔ بادشاہ اُنکی بڑی خاطر داری اور عزت کرتا اور فخریہ کہا کرتا کہ آج میرے ہان پندرہ بادشاہ مہمان ہین یہ سب امیر اُسکا احسان مانتے تہے اور اُسکے تخت کے گرد دست بستہ کہڑے رہتے تہے دو چار کو بیٹہنے کی بہی اجازت تہی۔ ان امیرون

اور بادشاہون اور شہزادون کے نامون پر دہلی مین محلے و بازار آباد ہوگئے تھے عباسی اور سنجری اور خوارزمی اور دیلمی اور علوی اور اتابکی اور غوری اور چنگیزی اور ترکی اور مغلی اور ایبکی اور موصلی اور ترخانی اور کاشغری اور خطائی اور ان سب کے باعث سے روم اور غور اور خوارزم اور بغداد وغیرہ کی سلطنتون کی یادگار ایک مدت تک اسکی دارالسلطنت مین قایم رہی۔

سلطان محمد اور سنجر کے دربار مین تو کیا اجتماع ارباب فضل اور علم و ہنر کا ہوا ہوگا جو غیاث الدین بلبن کے دربار مین تھا اسکے دو بیٹے تھے بڑا بیٹا سلطان محمد تھا یہ شاہزادہ بڑا صاحب کمال تھا اسکو بڑا شوق تھا۔ اُس کے ہان علماء اور فضلا جو اس زمانہ مین اپنا نظیر نہ رکھتے تھے جمع تھے تمام مشہور مورخ اسکے عہد کے بادشاہ کی ملازمون مین داخل تھے حضرت امیر خسرو و خواجہ حسن اسی بادشاہزادے کے پانچ سال نوکر رہے تھے وہ انکی تعظیم اور تکریم سے زیادہ کرتا تھا حضرت امیر خسرو نے اس شاہزادے کی یہ کیفیت لکھی ہے کہ جدت طبع اور سخن شناسی اور متقدمین اور متاخرین کے اشعار کے یاد رکھنے مین اسکی برابر بہت ہی کم آدمی دیکھے ہین اسی لیاقت سے اُسنے بیس ہزار منتخب اشعار کی بیاض لکھی تھی کہ اور اشعار زبانہ بھی اسکی نقل کرنیکی تمنا رکھتے تھے حضرت شیخ سعدی کو بھی راہ خرچ بھیجکر بلایا تھا مگر انھون نے اپنی پیرانہ سالی کا عذر کیا اور ایک کتاب اپنی اشعار کی بھیجی۔ اور حضرت امیر خسرو کی سفارش کی اور اُنکے ہم صحبت ہونیکی مبارکباد دی غرض اس شاہزادے کے سبب سے تو ارباب علم اور فضل کا اجتماع تھا۔ دوسرا بیٹا قراخان تھا وہ رنگین طبع اور عیش دوست تھا گویئے سنچویئے۔ نقال۔ بھانڈ۔ ظریف۔ خوش طبع۔ ہر ل گو سب اُس کی مجلس مین جمع رہتے۔ دستور ہے کہ جو رنگ ڈھنگ بادشاہ اور بادشاہزادون کا ہوتا ہے اسی کی تقلید اور امیر امرا کرتے ہین ان دونون بھائیون کی پیروی مین اور امرا کا حال بھی یہ تھا کہ کسی کے ہان عالم فاضل ندیم تھے کسیکے ہان نقال اور رقاص انیس تھے۔

علم و ہنر کا حال

سلطان غیاث الدین نے اول ہی سنہ جلوس مین سپاہ کا انتظام جو اصل مایۂ دسرمایۂ ملک داری ہے سب سے مقدم جانا نئے پرانے سوارون اور پیدلونکو ان دفادار و عالی ہمت و تجربہ کار ملوک کے سپرد کیا جنکے خاندان کبھی کفران نعمت کا داغ نہین لگا تھا بعد اس انتظام کے وہ اپنی شان و شوکت و سطوت کی نمایش مین مصروف ہوا اسکو آراستہ لباس اور زیبایش دربار کا بڑا شوق تھا۔ دربار عام اُسکا اس شان و شوکت سے ہوتا کہ بہت دور دور سے لوگ اُسے دیکھنے آتے تھے اور دیکھکر دنگ ہجاتے تھے۔ سواری بڑے تجمل اور احتشام سے نکلتی جشن بڑی دھوم دھام سے ہوتا بلبن اس دربار کی شان کو امور سلطنت مین ایک بڑی بات جانتا تھا وہ کہا کرتا تھا کہ مین نے سلطان التمش کی زبانی سنا ہے کہ اگر دربار شاہی باعظمت و شوکت نہو تو پھر بادشاہی مین ضعف آجاتا ہے ان تکلفات ظاہری سے اصل حقیقت پر پردہ پڑگیا تھا۔

انتظام سپاہ

دربار

عادات سلطان بلبن

جیسی اس بادشاہ کو دربار کی شان و شوکت کیطرف نظر تھی ایسی عدل اور انصاف کیطرف بھی رغبت تھی۔ وہ عدالت کیوقت ادنےٰ اور اعلیٰ کو برابر جانتا تھا اور کسیکی رو رعایت نکرتا تھا اپنے بیٹون سے کہا کرتا تھا کہ تم میرے جگر گوشے اور نور چشم ہو۔ مگر کبھی تم ظلم اور ستم کروگے تو پھر تمہارے لئے مجھسے زیادہ کوئی برا نہین ملک یعقوب بداؤن کا صوبہ دار تھا اور چار ہزار سوار کی جاگیر رکھتا تھا اُس نے حالت مستی مین ایک فراش کو مار ڈالا تھوڑے دنون بعد سلطان غیاث الدین وہان گیا اُس فراش کی بیوی فریادی آئی تو اُسنے ملک یعقوب کو اسقدر دُرّے پٹوائے کہ وہ مرگیا اور جس برید نے اُسکی اطلاع نہین دی تھی اُسکو دار پر کھینچا۔ اُس نے تمام امرا پر برید مقرر رکھے تھے کہ وہ نیک و بد حال سے اطلاع دین۔ امرا برید کے ہاتھ سے تنگ آرہے تھے حیبت خان صوبہ دار اودھ نے شراب کے نشہ مین ایک غریب کا خون کیا اُسکی بی بی نے بادشاہ پاس نالش کی۔ بادشاہ نے حیبت خان کو پانچسو دُرّے مارکر عورت کے حوالہ کیا اور فرمایا کہ یہ مجرم آجتک ہمارا غلام تھا اب تیرا غلام ہی بیچارہ بڑی حیا اور سفارش سے اُس عورت کی غلامی سے آزاد ہوا۔ مگر یہ شرم کے مارے ساری عمر گھر سے باہر نہین نکلا جب کبھی بلبن کا گذر پل اور دریا یا کسی اور دشوار گذار مقام پر ہوا تو اُسکا یہ دستور رہتا کہ وہان خود توقف کرتا اور اپنے اہلکارونکو یہ اہتمام سپرد کرتا کہ وہ پہلے مریض اور عورتون اور بچون اور لاغر ناتوان جانورون کو آرام اور آسایش سے اتاردین سے کہا تھی اور چوپائے اپنے اس کام مین لگا دیتا۔ ایام جوانی مین خوب مستانہ نوشان کرتا۔ ہر ہفتہ مین دو تین مرتبہ رندانہ مشربونکا جلسہ کرتا اور بڑے جشن اُڑاتا اور روپیہ لٹاتا جو اکیلتا اور جو جیتتا لٹا دیتا مگر جب بادشاہ ہوا ان سب بے کاموں سے توبہ کی اور پھر کبھی اُنکے پاس نہ گیا اور نہایت متقی اور پرہیزگار ہوگیا صوم وصلوٰۃ کا پابند۔ اشراق اور چاشت تہجد کی نماز کبھی قضا نہ کرتا کبھی بے وضو نہ رہتا۔ علماء اور فضلاء سے ہمیشہ مسائل مذہبی کی تحقیق کرتا رہتا کھانا نہ کھاتا جبتک علماء اُس کے دسترخوان پر نہ بیٹھ لیتے اپنے امیرونکے گھر ملاقات کو جاتا جمعہ کی نماز مین جامع مسجد آتا اور جب ہاتھی پر بہتا جہان مجلس وعظ کی ہوتی وہان اُترتا اور وعظ سُنتا اور بہت روتا بغیر موزہ اور ٹوپی کے اُسکو کسی خدتگار نے کبھی نہین دیکھا کبھی مجلس مین قہقہہ مارکے نہین ہنستا اور کسیکا کیا مقدور تھا جو اُسکے سامنے ہنستا باوجود ان افعال اور اعمال حسنہ کے اُسکی سیاست بھی غضب کی تھی کافر ہو مسلمان ہو جس نے اس سے ذرا بھی سرتابی کی اُسکو نہایت سخت سزا دی اولاد شمس مین جسکو اپنی سلطنت کا دشمن جانا فوراً قتل علانیہ کرڈالا اس سزا دہی مین اُسکو مشروع اور غیر مشروع ہونیکا ذرا خیال نہوتا ع یار ما این دارد و آن نیز ہم۔ اس

سخت سیاست کا سبب تہا کہ ضوابط سلطنت اور قوانین مملکت جو سلطان التمش کی نالائق اولاد کی سلطنت کے سبب سے ضعیف اور سست ہوگئی تہی پہر درست اور چست ہوگئے۔ شکار کا شوق بہی اُنکو از حد تہا دلی کے گرد بیس کوس تک حکم تہا کہ کوئی اور شخص شکار نہ کہیلنے پائے جب شکار کو جاتا ہزار سوار ساتھ لیجاتا۔ یہ فوج شکار مین کچہہ کام نہ آتی۔ مگر اسمین یہ حکمت تہی کہ سپاہ کو دوا دوش اور دوڑ دہوپ کی عادت پڑتی تہی۔ اگرچہ یہ بادشاہ سزا دینے مین بڑا سنگدل تہا مگر اپنے زمانہ مین بڑا روشن ضمیر اور فیاض گنا جاتا تہا اکیدن عادل خان رشید خان نے جو سلطان کے بڑے دوست تہے عرض کی کہ ممالک گجرات اور مالوہ اور بعض اور ملک جو سلطان قطب الدین اور شمس الدین کے عہد مین تصرف مین آئے تہے انمین اب حضرت کی قوت اور قدرت کو کوئی نہین مانتا۔ وہان سکہ روپیہ اور ہاتھی پیشکش مین نہین آتے بہتر ہوگا کہ انکی تسخیر کیجائے۔ پہر اُسنے جوابدیا کہ جو تم کہتے ہو اُسکا خیال مجہے تمسے زیادہ ہے۔ مگر تمنے کیا نہین سُنا کہ مغلونکا اقبال زور شور پر ہے اور کتنی بڑی سلطنتونکو انہون نے تہ و بالا کیا ہے۔ لاہور پر کئی دفعہ ہاتھ چلا چکے ہین ہندوستان کی تاک مین بیٹہے ہین۔ ابہی وہ نہین کہ مین دلی سے دور گیا تو وہ دوآبہ کو تاخت و تاراج سے نہین چہوڑتے یہ مغلونکا دغدغہ پہلے بادشاہونکے پیچہے نہ لگا ہوا تہا اسلئے وہ ہندوراجاؤن سے لڑتے بہڑتے تہے غرض دہلی سے کسی دوسری جگہ جانا مصلحت نہین بلکہ دور اندیشی کا اقتضا یہ ہے کہ اپنے ملک کو مضبوط اور مستحکم کرین نہ یہ کہ غیرونکے ملک پر حملہ کرین اپنی ولایت قدیم کو ناقص چہوڑنا اور دور دراز کے ملکو مین جانا عقل کا کام نہین مغلون سے لڑنا بہڑنا نہایت مشکل ہے ہندوؤن کا زیر و زبر کرنا کیا بات ہے۔

سلطان شمس الدین کی اولاد کی سلطنت مین میواتیون نے بڑا سر اٹہایا تہا ۶۶۵ھ/۱۲۶۶ء مین گنگا جمنا کے کنارون اور جود اور میوات کے پہاڑون پر بڑے شور اور فساد ان لٹیرون نے مچایا۔ دہلی مین انکی غارتگری سے امن نہتا اور اس سبب سے سلطنت مین بہی تہوڑا بہت خلل پڑا تہا مگر یہان بلبن کی سفاکی اور خونریزی کا قاعدہ بہی ان مفسدونکے مٹانے مین بڑا کام کر گیا اور بہت ہی کارگر ہوا۔ میوات مین ایک لاکہہ میواتی اُسنے قتل کئے۔ جنگل کے جنگل دہلی کے نواح مین انکی پناہ کیلئے کہڑے ہوئے تہے اُن سبکو کٹوا کر صاف میدان کر دیا اور کہیتی کرنیکا حکم دیدیا اور جابجا تہانے بٹہا دیئے اور عمدہ عمدہ تہانہ دار کارگزار مقرر کر دئے یہ اُسکا نہایت عمدہ انتظام تہا کہ جہان وہ مفسدون اور لٹیرون کا جماؤ دیکہتا وہین چہاؤنی ڈالتا اور ان مفسدونکو نیست و نابود کرتا۔ اس بندوبست سے تمام راہین جاری ہوگئین اور اُن مین خوف لٹنے کا نہ رہتا۔ بدایون اور امروہہ کے حاکمون کی زبانی ملک کٹہر کی سرکشی کا حال جس وقت معلوم ہوا اُسیوقت سلطان پانچہزار سوار لیکر وہان پہونچا اور سب سرکشون سے ملک کو پاک صاف کیا پہر اس ملک مین عہد جلالی تک کسی مفسد کا نام نہ رہا۔ اب سلطان دلی مین آیا یہان کچہہ دنون ٹہیر کر وہ

مفسدونکا مارنا اور انتظام

کوہستان جودہن گیا اور مناسب لشکر ساتھ لیگیا اور جود کے رہنے والون کی سرزنش کی اور ملک کو تاخت و تاراج کیا۔ گھوڑے اس کثرت سے لوٹ مین ہاتھ لگے کہ چالیس ٹنکہ کو ایک گھوڑا بکنے لگا جود سے دہلی مین آکر دو برس بعد لاہور گیا اور حصار لاہور کو از سر نو بنوایا۔ سلطان التمش کی اولاد کے عہد مین مغلون نے اُسے خراب کر دیا تہا۔ لاہور اور قصبات اور دیہات لاہور کو کہ مغلون نے ویران اور بے آب کر دیے تہے پہر آباد کیا اور اپنے گماشتے اور معمار مقرر کیے۔

اقطاع داران

اسی سفر مین اُسکو معلوم ہوا کہ اقطاع داران شمسی لشکر مین نہین آتے اور کچہہ کام نہین کرتے اور اہلکارونکی حمایت سے دہات کی آمدنی مفت چین سے نکے گہر بیٹہے کہاتے ہین جب سلطان بلبن دہلی مین آیا تو دیوان عرض کو فرمایا کہ اقطاع داران شمسی کے دفتر کو خوب تفحص و تحقیق سے درست کرلے اور پہر حکم شاہی کیواسطے پیش کرے ان اقطاع دارونکی کیفیت یہ ہے کہ یہ نام اس لشکر کا تہا کہ سلطان شمس کے عہد مین دو ہزار سوار کا دوآبہ حوالی دوآب کے دہات مین مقرر کیا گیا تہا۔ جب اسپر تیس چالیس سال کا عرصہ گذر گیا تو ان سوارون مین سے بہت سے بوڑہے ہوگئے کسی کام کے نہین رہے اور بعض مر گئے جن کی اولاد اپنے باپ کی دہات پر قابض ہوئی اور باپ کی جگہ اُنکا نام دفتر مین لکہا گیا اور جنکے بیٹے چہوٹے تہے اُنکی بجائے غلام مجرئی بنے تہے یہ اقطاع دار اپنے تئین دہات کا مالک جانتے تہے اور کہتے تہے کہ سلطان التمش نے یہ دہات ہمکو انعام دئے ہین عہد شمسی اور فرزندان شمسی کے عہد مین ان اقطاع دارون مین سے کسی اقطاع سے ایک سوار کسی سے دو سوار کسی سے دو سو اور کسی سے تین سو طلب ہوتے تہے۔ اگر کسی عذر کے سبب سے یہ سوار نہ بہیجے جاتے تو وہ عذر اُنکا مسموع ہوتا اور دہات بدستور اُن پاس رہتے پہر یہ ہوگیا کہ یہ اقطاع دار اہلکارونکو شراب و بہیڑ بکری مرغی کبوتر گہی بہیجتے تہے اور اُنکی حمایت سے گہر بیٹہے دہات کی آمدنی کہاتے بیٹے تہے۔ مگر یہ اندہیر کہاتہ بلبن کے عہد مین تو چل نہین سکتا تہا اُس نے اقطاع دارون کی تین قسمین مقرر کین۔ اول جو پیرانہ سالی کے سبب سے کسی کام کے نہین رہے اُنکی تنخواہ چالیس ٹنکہ مقرر کی اور اُنکے دہات کو خالصہ مین داخل کیا۔ دوم جو اقطاع دار جوان اور اد ہیڑ تہے اُنکی تنخواہ بحسب استعداد اُنکی مقرر کی مگر دہات اُن سے نہین لیے۔ بعد منہائی تنخواہ کی خالص آمدنی کی تحصیل دشاہی اہلکارونکے سپرد ہوئی قسم سوم یتیم و بیواؤن کی تہی جو اپنے غلامون کو گہوڑون اور ہتیارونکی خدمت کیلئے بہیجا کرتے تہے ان سے دہات کی آمدنی لے لی اور بیواؤن اور یتیمونکی تنخواہ مقرر کردی۔ سلطان کے اس حکم سے شمسی اقطاع دارون مین کہلبلی پڑگئی ایک مصیبت عظیم برپا ہوئی اور ایک شور مچگیا۔ اقطاع دارونکے سردار جمع ہوئے اور ملک الامرا فخرالدین کوتوال کے پاس گئے

اور فریاد کی کہ پچاس برس سے کچھ زیادہ عرصہ گذرا کہ سلطان التمش نے ہمکو یہ دہات دوآبہ مین انعام مین دیئے تھے جس سے ہمارے بیوی بچونکا گذارا ہوتا تھا جو ہم مین ناتوان تھے اُنسے جسقدر ہوسکتا تھا سوار ونکو خدمت سلطانی کے لئے بھیجتے تھے اور جو ہم مین جوان تھے وہ خود سوار ہوکر جاتے تھے ہم یہ نہین جانتے تھے کہ یہ انعام ہمسے چھین لیا جائیگا اور یتیم اور بیوائین بیس بیس ٹنکہ پر گذارہ کرینگے اور اتنی مدت کے بعد ہمارے دہات خالصہ نہین گے غرض ایسا عجز و انکسار ظاہر کیا کہ ملک لامرا آبدیدہ ہوگیا اُس نے بادشاہ پاس یہ سارا حال عرض کیا کہ سلطان نے جو ٹبڑہون کے دہات ضبط کئے ہین اور انکو نکالا ہے اگر بہشت مین سے خدا بھی ٹبڑہونکو نکالیگا تو مین بھی ٹبڑہا ہوگیا ہون میرا کیا حال ہوگا بادشاہ کو اس پر درد بیان پر رونا آگیا اور اپنے حکم کو منسوخ کردیا بیت

قرب سلطان مبارک آنکس راست ۔۔۔ کہ کند کار مستمندان راست

اب پندرہ سولہ برس تک سلطنت مین امن رہا کسی مفسد نے سر نہین اُٹھایا۔ مگر بعد ازین ایک بڑی بغاوت ظہور مین آئی۔ سلطان کے ترکی غلامون مین سے طغرل خان ایک غلام تھا اور لکھنوتی مین حاکم تھا وہ شجاعت اور سخاوت مین مشہور تھا۔ اُس نے میگنا یا رجاج نگر پر چڑہائی کی اب میگنا کو تیراکتے ہین اور جاج نگر کو جاجپور ضلع کٹک مین وہ واقع ہے۔ اور یہان کے راناسے ہاتھی بہت سے چھین لئے اور بڑی غنیمت ہاتھ لگی۔ مگر اس غنیمت مین سے دہلی ایک پھوٹی کوڑی نہ بھیجی وہ سمجھا کہ بادشاہ بوڑہا ہوگیا ہے لڑکے اُس کے مغلوبکے ساتھ لڑائی بہڑائی مین مصروف ہین سو اس کے بادشاہ دہلی مین ایک مہینہ تک بیمار رہا تھا۔ اُس کے مرنے کی خبر مشہور ہوگئی تھی جب طغرل خان کو یہ خبر لگی تو اُس نے اپنے جامہ سے باہر پیر نکالے ایک جمعیت کثیر کو جمع کرکے خود بادشاہ بن بیٹھا اور سلطان مغیث الدین اپنا لقب رکھا صحت اور شفا پانیکے فرامین شاہی اُسکے پاس پہونچے پر اُس نے کچھ خیال کیا جس غلطی مین پڑگیا تھا اُسی پر چلا گیا ۱۲۷۹ء مین سلطان غیاث الدین نے اُسکی سرکوبی کے لئے بتگین موئے دراز کو لشکر کے ساتھ بھیجا مگر اس سپاہ نے شکست فاحش اٹھائی بادشاہ سپاہ پر نہایت خفا ہوا اور سپہ لار کو دار پر کھینچا دوبارہ فوج پھر روانہ کی مگر اُس نے بھی شکست کھائی تو بادشاہ اور درہم برہم ہوا اور خود دہلی کو لیکر روانہ ہوا وہ اسپی کا منہین خود بدولت رکھتا تھا کیسکی اعانت اور امداد کا محتاج نہ تھا سیدہا باگ اٹھائے ہوئے سر جواد گنگا کے پار اُتر گیا اور برسات کے ختم ہونیکا بھی کچھ خیال نہ کیا طغرل نے جب یہ دیکھا تو اُسکے دل پر بادشاہ کا یہ رعب داب چھایا کہ سامنے نہ کھڑا ہوسکا۔ گھبرا بس چھوڑ چھاڑ تھوڑی فوج سمیت جنگل مین بھاگ گیا۔ اب بادشاہ کے آدمیونکو کچھ پتا معلوم ہوا کہ طغرل کہان غائب ہوگیا۔ ملک محمد شیر انداز حاکم کول اُسکے تجسس مین بھیجا تھا

بنگالہ کی سرکشی

کہ راہ مین بنیے اُس سے ملے اُنکو دہمکا کر طغرل کے لشکر کا پتہ لگایا۔ اور چالیس سپاہی ہمراہ لیکر طغرل کے لشکر مین جا گھسا یہ کیکوؤن خبر ہوئی کہ یہ سلطان غیاث الدین بلبن کے ملازم ہین جب وہ قریب طغرل خان کے خیمہ کے پہونچا تو جو سامنے آیا اُسکو قتل کیا۔ طغرل یہ سمجھا کہ غیاث الدین کا لشکر اُسپر ٹوٹ پڑا وہ سراسیمہ ہوکر بھاگا لشکر تتر بتر ہوگیا جاج نگر کے جانے کے ارادہ سے گھوڑے پر سوار ایک دریا کے پار جاتا تھا کہ اُسکے ایک تیر لگا وہ گھوڑے سے گرا پھر اُسکا سر کاٹکر جدا کیا اور جسم کو پانی مین پھینکدیا۔ ملک محمد نے فتحنامہ اور سر طغرل کا بادشاہ کی خدمت مین بھیجدیا۔ بادشاہ اول اس بیباکانہ حملہ سے ملک محمد پر خفا ہوا۔ مگر پھر اُسکو اس حسن خدمت کا عوض بہت دیا اور لکھنوتی مین آیا ایک کوس تک سر بازار دو رویہ صولیان قایم کیین اور طغرل خان کے سرداروں اور امیرونکو جو قید اور دستگیر ہوئے کھینچا اور اُنکے بچون کو بھی قتل کیا یہ براکام ابتک کسی بادشاہ دہلی نے نہین کیا تھا کہ عورتون اور بچون کو قتل کیا ہو اور بہت سے آدمی طغرل کے لشکر کے دہلی بھیجے یہان بھی وہ قتل ہوتے مگر مولویون اور مفتیون کے فتوے نے اُنکو بچا لیا۔ یہان لکھنوتی مین اُسنے اپنی چھوٹے بیٹے بغرا خان کو بادشاہ مقرر کیا سوا فیل و خزانہ کے جو کچھ طغرل سے ہاتھ لگا تھا وہ اُسکو دیا اور چتر اُسکے سر پر کھا اس ملک کا خطبہ و سکہ اُسکے نام پر مقرر کیا اور رخصت کیوقت یہ چند نصیحتین کین اور یہ بھی کہدیا کہ اگرچہ مین جانتا ہون کہ جہانداری کے باب مین جو پند کرونگا اپنے نفس پرستی کے سبب سے یہ کاربند نہین ہوگا مگر مین اپنی شفقت پدری کے سبب سے اپنے کرنے پر مجبور ہون اول حاکم لکھنوتی کو بادشاہ دہلی سے خواہ وہ اپنا ہو یا پرایا ہو نبغاوت اختیار کرنی نہین چاہیے اگر دہلی کا بادشاہ لکھنوتی کا قصد کرے تو چاہیے اس سے منحرف ہوکر کسی دور دست جگہ چلا جائے اور جب بادشاہ دہلی جائے تو وہ یہان آنکر حکومت کرنے لگے۔ دوم رعایا سے خراج لینے مین میانہ روی اختیار کرے اسقدر لے کہ متمردون کو سرتابی کی قدرت نہ ہے اور عاجزون پر زبونی نہو۔ لشکر کو اسقدر مواجب دے کہ وہ انکو کفایت کرے اور اپنے غسرت نہو۔ سوم امور ملکی کو بغیر خیر خواہ و مخلص اہل رائے کے شروع نہ کرے **نظم**

زصد شمشیر زن رائے قوی بہ زصد افسر کلاہ خسروی بہ برائے لشکرے پشکند پشت لشترے یکتا وہ توان گشت

احکام ہوا پرستی سے اجتناب کرے اور اپنے نفس کی خاطر خلاف حق نہ کرے چہارم لشکر کو لازمہ جہانداری جانے اُس کے حال سے کبھی غافل نہو اور سپاہیون کی خاطر داری کو ضروریات سے جانے۔ جو کوئی اُسکے خلاف صلاح دے اُسکو کبھی زمانے پنجم جو شخص کہ دنیا سے اغراض کرکے حق کیطرف رجوع کرے اُسکی پناہ مین ہے

حمایت از کہن دانائے درویش زصد سد سکندر توتش بیش

سلطان کے کان نصیحتون سے خوب بھرکر رخصت کیا۔ اور خود کوچ بکوچ تین مہینے مین دہلی آیا۔ ملک فخرالدین کوتوال کو جسے اُسکی غیبت مین کارہا نمایان کے تھا اپنی قبا عنایت کی اور اپنا ثانی اثنین بنایا۔ اور ارباب استحقاق کو خوش دل کیا۔ اور علما، اور درویشونکے گھر جاکر نذرین دین اور جو قیدی کہ مطالبہ مال کے سبب سے مقید تھے اُنکو رہا کیا اور باقی معاف کردی شہر مین پہرا بین کھڑی کرکے طرل کیا تھونکو کھینچنے کا حکم دیا مگر اُنمین سے اکثر اہل شہر کے عزیز واقربا تھے اُنکی گریہ وزاری نے اور مولویون ومفتیون کے فتوے نے قیدیون کی جان بچادی اور اُنکا قصور معاف کرادیا۔ اس لکھنوتی کی فتح کے بعد سلطان کو مہمات ملکی سے فراغت ہوئی۔ کوئی مخالف باقی نہتا اور سارے مقصد برآمد ہوئے مگر قاعدہ ہے اذا تم امر وفی نقصہ یہ واقعہ مغلونکا پیش آیا ۶۸۴ھ جلوس مین سلطان بلبن کا چچازاد بھائی شیرخان کا انتقال ہوا وہ ایک خان معظم تھا سلطان شمس الدین کے مرنے کے بعد تیس سال تک مغلونکے حملون کی سرحد ہند پر وہی سپر بن رہا تھا وہ سمسی چلدگانی مین بزرگ تھا اور بہت اعتبار رکھتا تھا۔ عہدنامہ ناصری مین یہ ہے۔ لاہور۔ دیبال پور اور اوُچ اطاعات مین جنمین مغلونکی آمد کو دخل تھا وہ حاکم تھا۔ کئی ہزار سوار مستعد وجید و مرتب اُسکے نوکر تھے بارہا اُسنے مغلونکو شکست دی تھی اور غزنی مین سلطان ناصرالدین کا خطبہ پڑہوایا تھا غرض وہ ایسی فراست وشجاعت وقوت شوکت اور لشکر کی کثرت رکھتا تھا کہ مغلونکی مجال نہتی کہ وہ سرحد ہند کے گرد بھی آتے اُسنے جاٹون اور گکھڑون بھٹیون۔ مینا ون۔ منڈہیرون کو اور سرکش قومون کو مار دھاڑ کر ایسا ڈرایا تھا کہ وہ چوہے کے بل ڈھونڈتے پھرتے تھے۔ بھٹنیر مین اس نے ایک بڑا عالیشان گنبد بنایا تھا۔ بھٹنیر۔ بھٹنڈے کے حصارون کو تعمیر کیا تھا۔ غرض جو اُس نے ہندوستان مین مغلون کے روکنے کیلئے کام کئے تھے وہ کسیکو کرنے میسر نہوئے چونکہ دہلی مین ذرا ذراسی بغاوتون پر بندگان نیرگ شمسی مارے جاتے تھے اسلئے وہ کبھی دہلی نہین آیا سلطان بلبن کے بادشاہ ہونے پر بھی وہ یہان نہین آیا اب کوئی کہتا ہے کہ وہ اپنی موت سے مرا کوئی کہتا ہے کہ سلطان بلبن نے اُس کے ساقی سے شراب مین زہر ملا کر شربت مرگ چکھایا۔ اسکی جگہ سلطان نے اپنے بڑے بیٹے محمد سلطان کو مقرر کیا جسکو عوام خان شہید کہتے ہین اور باپنے اُسکو قاآن الملک کا خطاب دیا تھا سر پر چتر رکھا اور ولیعہد مقرر کیا اور ملوک اکابر دولتمند اُسکے ساتھ کئے ملتان کو روانہ کیا وہ اول سنہ جلوس مین ہی کوئل اور اُسکے نواح مین چند اقطاع کا حاکم تھا یہان اُسنے بڑی شائستگی سے حکومت کی اس شہزادہ مین جتنی خوبیان شہزادون مین ہونی چاہئین سب خدا نے عطا کی تھین۔

شیرخان کی وفات اور شاہزادہ محمد سلطان

اسکے علم وہنر کا حال ہم پہلے لکھ چکے ہیں وہ درویشوں کا بڑا خدمت گذار تھا ایسا مودب اور مہذب تھا کہ نہ کبھی کسی کو گالی دی نہ قسم سوا رحقا کے کھائی۔ وہ جب سے شیر خاں کی جگہ مقرر ہوا ہر سال باپ کی خدمت میں آتا اور پھر چلا جاتا۔ بنگال کی فتح سے جب دہلی میں سلطان آیا تو وہ بھی یہاں بہت سے تحفے لیکر باپ سے ملنے آیا۔ تین چار مہینے تک رہا۔ ایکدن سلطان بلبن نے اُسے اپنے پاس بلایا اور یہ کہا تو خوب جانتا ہے کہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور دو قرن سے خانی و ملکی و بادشاہی میں جہانداری کے تجربے حاصل کر رہا ہوں آج میں چاہتا ہوں کہ ان سبکو وصیت کے طور پر تجھ سے کہوں اور وصیت نامہ لکھدوں کہ جب تو بادشاہ ہو تو وہ تیرے کام آئیں۔ اوّل یہ کہ جب تخت سلطنت پر جلوس کرے تو امر جہانداری کو جو درحقیقت خلافت خدائے عزوجل ہے خفیف اور سہل نہ جانیو اور بُرے اعمال اور رذیل اوصاف سے بادشاہی کی عزت کو بٹا نہ لگائیو اور ارازل اور لیام کو بادشاہی کے کام میں شریک نہ کیجیو۔ **بیت**

سفیہ را تو مدہ رہ بساحت قربت　　لیام را نتوان منصب کریاں داد

دوم تہور وسطوت کو اپنے محل پر رہنے دینا اور اغراض نفسی سے اجتناب کرنا اور خدا کے واسطے سارے کام کرنا اور خزینوں اور دفینوں کو کہ بزرگ عطا ربانی میں سے ایک ہے خدا کی مرضی کے کاموں میں اور رفاہیت خلق میں صرف کرنا اور ظالموں اور اعداء دین کو ہمیشہ مخذول و منکوب رکھنا۔ سوم اپنی ولایت اور عمال کے افعال اور احوال سے سب وقت باخبر رہنا اور اُنکو محاسن افعال اور فضائل اخلاق کی تحریص دینا۔ چہارم۔ متدین و متقی قضات و حکام کو رعایا پر مقرر کرنا تاکہ خلق میں دین و عدل کا رواج ظاہر ہو۔ پنجم یہ کہ خلاو ملا میں لوازم حشمت و عظمت بادشاہی کی مراعات کرنا کبھی ہزل و فحش و لایعنی باتوں سے اشتغال نہ کرنا۔ **بیت**

لوازم حشمت را بجد صیانت کن　　کہ ہزل با ہمہ کس کم کند مہابت را

ششم صاحب ہمت نیک اندیش و شاکر آدمیوں کو انعام و اکرام دینا اور اُنکی خاطرداری میں سہل انگاری نہ کرنا اور صاحب ہنروں و خردمندوں کی تربیت کرنا کہ جس سے کار مملکت کو رونق و رواج ہو۔ ناخدا ترسوں سے چشم وفا نہ رکھنا۔ انسے دوری و بیگانگی میں ملک و دین کی اصلاح ہوتی ہے۔ **نظم**

گو ہر نیک را ز عدم مریز ✤ آنکہ بد گوہرست از و پرہیز ✤ بد گہر با کسے وفا نکند ✤ اصل بد از خطا خطا نکند

ہفتم ہمت و بادشاہی لازم و ملزوم ہیں اور عقلاء و حکمائے انکو توأم برادروں سے تشبیہ دی ہے اور کہا ہے کہ بادشاہ کی ہمت اگر ایسی ہو جیسی کہ ادنیٰ کی ہمت ہے تو بادشاہ اور سائر الناس میں فرق کیا ہوگا بے ہمتی کے ساتھ

بادشاہی کبھی جمع نہیں ہوسکتی ہشتم جس کسیکو بزرگ بناؤ اُسکو تھوڑے ذلیل کام کرنے پر زمین پر نہ گراؤ۔ جو آدمی مخلص اور ہوا خواہ ہوں اُنکو مصلحت ملکی کی ضرورت بغیر آزار نہ دو اور دوست کو دشمن نہ بناؤ۔ بیت

ہر بشر را کہ خود برافرازی تا توانی زپا نہ نیندازی

نواختہ را برنے انداخت اگر کسیکو ملک و دین کی ضرورت کے سبب سے عقوبت کرنی ہو تو اُس میں آشتی کی جگہ باقی رکھنی چاہیئے اور آزار دینے میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔ کہ بے حرمتی کا جراحت جلد التیام نہیں پاتا اور اُسکا تدارک دشوار ہوتا ہے۔ نہم سخن چیں کا سخن کبھی نہ سنو۔ اور اُنکی آمد و رفت کی راہ کو کشادہ نہ کرو۔ کہ جس سے طیعان اور خلسان دوست ہراساں ہوں اور امور مملکت میں خطر عظیم پڑے جس مہم کو جانو کہ برآمد کار اس میں نہیں ہوگی تو اُسکو کریں۔ بادشاہوں کو یہ لائق نہیں ہے کہ کسی کام کو شروع کرکے ناتمام چھوڑیں۔ بیت

تا نہ کنی جائے قدم استوار پائے منہ در طلب مہیج کار

دہم عاقلوں کی مشورت بغیر کسی کام کا عزم نکرے۔ جس مہم کا انصرام دوسرے کرسکیں اُسکو خود نکرے۔ جہانبانی کے سارے کاموں میں باخبر رہنا اور خلق کے نیک و بد پر آگاہ ہونا ضرور ہے معاملات میں میانہ روی چاہیئے اسلیے کہ قہر کی شدت سے عوام میں تنفر پیدا ہوتا ہے اور سستی اور سہل گیری سے تمرد و نکو تمرد کا خیال پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت اپنی محافظت میں کہ جسمیں صلاح عام ہو مبالغہ کرنا چاہیئے۔ اور معتمد و مخلص پاسبان مقرر کرنے اپنے بھائی پر مہربانی کرنی چاہیئے اسکی غیبت کبھی نہیں سننی چاہیئے۔ اُسکو اپنا قوتِ بازو جاننا چاہیئے اور اسکی جاگیر کو مقرر رہنے دینا چاہیئے بیٹے کو بادشاہ دیں پناہ نے یہ ساری نصیحتیں کرکے امارت شاہی دیکر ملتان روانہ کیا۔ سلطان محمد نے ہند کی سرحدوں میں مغلوں کی ایک جماعت کثیر کو قتل کیا اور اپنا ملک اُنکے قبضہ سے نکال لیا جب ارغوں خاں بن ایاق خاں بن ہلاکو خاں نے تختگاہ ایران کو زینت دی۔ تیمور خاں کہ جہانگیر خانی امرائے عظام میں سے تھا اور ہرات و قندہار و بلخ بدخشاں و غزنی و غور و بامیان وغیرہ اس سے متعلق تھے وہ تاخت و تاراج کے لیے اور اپنے آدمیوں اور عزیزوں کے انتقام کے لیے آیا جو پہلے سنوں میں سلطان کے ساتھ لڑائی میں قتل ہو چکے تھے اُسنے دیپال پور اور لاہور کے درمیان بیسہزار سوار لیکر یہاں تاخت و تاراج شروع کی اور ملتان کیطرف متوجہ ہوا محمد سلطان خاں کو جب اسکی اطلاع ہوئی تو وہ دن چڑھے ملتان سے باہر آیا اور دوپہر کو دریا کے کنارے ظہر کی نماز کے وقت پہنچا۔ دونوں لشکروں میں بڑی لڑائی ہوئی۔ کئی مغلوں کے سردار قتل ہوئے اور غور خاں بھاگ گیا۔ امرار ہند نے برخلاف حزم و احتیاط کے اُسکا تعاقب کیا۔ محمد خاں اجل رسیدہ نے ظہر کی

محمد سلطان کا مغلوں کے ہاتھ سے قتل ہونا

نماز نہیں پڑھی تھی وہ ایک تالاب پر وضو کرکے پانچسو آدمیونکے ساتھ نماز پڑھنے لگا کہ اس اثنامیں ایک مغل جو دو ہزار سوار سے کمین میں بیٹھا تھا اُسنے اس فرصت کو غنیمت جانا اور مقابلہ کیطرف متوجہ ہوا۔ محمد سلطان اپنے یاروں کو سوار کرا کے لڑنے لگا اور بہت دفعہ حملہ کرکے مغلونکو گرایا۔ اور قریب تھا کہ مظفر و کامیاب ہو کہ ناگاہ ایک تیر اُسکے آنکر لگا کہ دو سفیر مرگ ناگہاں ہوا۔ مغلوں نے دشمنوں کے گھوڑے اور رہاب لیکر ہندکی فوج کے خوف کے مارے اپنی راہ لی۔ اس لڑائی میں حضرت امیر خسرو بھی جو شاہزادے کے ہمرکاب اسیر ہوئے اور مشکل سے رہا ہوئے خان شہید کا مرثیہ اُنھوں نے کہا جسکا ایک شعر یہ ہے۔ ؎

روز چوں باقی نبود آں آفتاب ملک ۔ روز چیزے بود کان چوں آفتاب افتادہ شد

اس شاہزادے کے شہید ہونے پر سب چھوٹے بڑے آٹھ آٹھ آنسو روتے تھے۔ بادشاہ کو جب یہ خبر پہنچی تو اُسکے دلپر بھی صدمہ عظیم پہنچا۔ گو ظاہر میں وہ اپنا استقلال طبع دکھلاتا تھا مگر دل کا داغ فگار تھا۔ رات کو زار زار روتا تھا۔ خان شہید کی تمام اقطاع و جاگیر اور امارات شاہی اُسکے بیٹے کیخسرو کو تفویض کی اور کارکن امیروں و وزیروں کے ساتھ اُسکو ملتان روانہ کیا۔ کیخسرو ابھی نوجوان تھا۔ سلطان پاس پرورش پاتا تھا۔

سلطان محمد کی وفات

اس بیٹے کے غم میں سلطان بتاسے کیطرح گھلتا چلا جاتا تھا۔ عمر بھی اسّی برس سے کچھ زیادہ ہو چکی تھی۔ غرض ان دونوں سببوں سے وہ نہایت کمزور اور ضعیف اور بیمار ہو گیا تھا۔ اس حالت میں آدمی بھیجکر اپنے بیٹے بغراخاں لکھنوتی سے بلوایا وہ دہلی میں آیا۔ بھائی کی مراسم تعزیت کو ادا کیا اور باپ کی تشفی اور تسلی کی۔ باپنے کہا اب ایسے وقت میں مجھے تنہا نہ چھوڑو۔ سوار تیرے اب میرا کوئی وارث نہیں۔ تیرا بیٹا کیقباد اور تیرا بھتیجا کیخسرو ابھی کم عمر اور ناتجربہ کار ہیں اگر ملک اُنکے ہاتھ آیا تو بادشاہی بازیچہ طفلاں ہو جائیگی۔ معلوم نہیں کہ غلبہ ہوا اور ہوا پرستی میں ملک کا کیا حال کریں۔ پھر ملک رہے یا نہ رہے۔ اگر کوئی تخت دہلی پر بیٹھے تو اُسکی اطاعت کیجو۔ اور جو تو تخت دہلی پر بیٹھے تو حاکم لکھنوتی کو اپنا مطیع رکھیو۔ اب میرے پاس سے تو کہیں نجا۔ بغراخاں باپ کے کہنے کو تسلیم کیا مگر جب باپ کی کچھ صحت کی صورت ہوئی اور مرنے کی امید جاتی رہی تو وہ شکار کا بہانہ کرکے لکھنوتی کو روانہ ہوا اور باپ سے کچھ کہا نہ سنا۔ اسکا رنج باپ کو خان شہید کے مرنے سے بھی زیادہ ہوا۔ اور اس صدمہ سے اور زیادہ رنجور اور بیمار ہوا۔ اور اپنے وزیر کو بلا کر کہا کہ بغراخاں چلا گیا۔ اگر تخت خالی رہیگا تو جھگڑا اور فساد برپا ہوگا۔ مناسب ہے کہ میرے بعد کیخسرو کو بادشاہ بناؤ اور اُسکو بلاؤ۔ یہ کہکر وزیر کو رخصت کیا۔ اور تین دن کے بعد اسّی برس کی عمر میں انتقال کیا۔ وزیر کو کچھ خانگی امور کے

سبب سے رنجش تھی یہ سمجھا کہ کیخسرو تند مزاج ہی معلوم نہیں کیا کرے اس لیے سب وزیروں کی صلاح کرکے بغرا خاں کے بیٹے کیقباد کو بادشاہ بنایا اور کیخسرو کو اپنے باپ کی جگہ ملتان میں قائم رکھا۔ مگر اُنکو اسکی کچھ خبر نہ تھی کہ کیقباد کے ہاتھ سے کیا کیا جور و ستم اُٹھانے پڑینگے۔

ابن بطوطہ نے سلطان بلبن کے حال میں لکھا ہی کہ وہ نیک بادشاہوں میں سے تھا اور عادل حلیم فاضل تھا اُسکے نیک کاموں سے ایک کام یہ تھا کہ اُسنے ایک مکان بنوایا جسکا نام دارالامن رکھا تھا اُسمیں اگر قرضدار آجاتے تو اُنکا قرضہ چکا دیا جاتا اور کوئی خوف زدہ آجاتا اُسکو امن دیا جاتا کوئی قاتل آتا تو اولیائے مقتول دیت دیکر راضی کیے جاتے۔ اُسی مکان میں سلطان بلبن کی قبر ہی۔ اُسنے یہ ایک حکایت غریب لکھی ہی۔

حکایت غریبہ

فقیر بخاری ذکر کرتا ہی کہ میں نے بلبن کو دیکھا وہ نہایت کوتاہ قد اور حقیر اور کریہہ منظر تھا میں نے اُس سے کہا یا ترک (ک تحتیہ کا ہی) اُس نے کہا لبیک یا اخوند اس کلام سے تعجب ہوا اُسنے کہا کہ تو مجھے اس زمان سے جو بازار میں غلام بیچ رہے تھے خرید لے۔ فقیر نے کہا کہ اچھا جتنے پیسے اُسکے پاس تھے وہ دیکر اُسے مول لے لیا اور اُس نے کہا کہ میں تجھے بادشاہ ہند کی نذر کرونگا بلبن نے اُسے قبول کرلیا۔ یہ اتفاق کی بات ہی کہ سلطان شمس الدین التمش نے کہ قفقاز اور بخارا اور ترمذ سے غلاموں کے خریدنے کے لیے ایک تاجر بھیجا تھا اُسنے سو غلام خریدے جنمیں سے ایک بلبن بھی تھا۔ جب یہ غلام سلطان کے روبرو لائے گئے تو وہ سبکو دیکھکر خوش ہوا بلبن کو کوتاہ قد اور بدصورت دیکھکر کہ میں اس غلام کو نہیں لونگا۔ مگر اُس غلام نے پکار کر کہا کہ اے خداوند عالم حضور نے یہ سب غلام کسکے لیے خریدے ہیں یہ سنکر بادشاہ ہنسا اور اُسنے کہا کہ اپنے نفس کے لیے بلبن نے اُسکا جواب دیا کہ اتنے غلام آپنے اپنے نفس کے لیے خریدے ہیں مجھے خدائے عزوجل کے لیے خرید لیجیے سلطان نے کہا اچھا پس اُسکو خرید کرکے اور غلاموں کے ساتھ رکھا۔ بلبن اُنمیں حقیر سمجھا جاتا تھا اس لیے بادشاہی سقّوں میں بھرتی کیا گیا۔ نجومی جو علم نجوم سے خوب واقف تھے وہ سلطان شمس الدین سے کہا کرتے تھے کہ اُسکے غلاموں میں سے ایک غلام اُسکے بیٹے سے سلطنت چھین لیگا اور خود بادشاہ بنجائیگا۔ یہ بات ہمیشہ وہ سلطان سے کہا کرتے تھے مگر سلطان اپنی صلاح و عدل کے سبب سے انکی کچھ سنتا نہ تھا۔ آخر کو اُن نجومیوں نے خاتون کبریٰ کو جو بادشاہ کے بیٹوں کی ماں تھی یہ پیشین گوئی سنائی۔ اُسکے دلپر اسکا اثر ہوا۔ اُسنے منجمین سے پوچھا کہ اگر تم اس غلام کو جو میرے بیٹے کو سلطنت سے محروم کریگا دیکھو گے تو پہچان لوگے۔ اُنھوں نے جواب دیا کہ اُسکی ایسی علامتیں ہم جانتے

ہیں کہ دیکھتے ہی پہچان لینگے پس سلطان نے حکم دیا کہ میرے سارے غلام نجومیوں کے معائنہ کے لیے روبرو آئیں اُنکے سامنے جماعت وار ہر قسم کے غلام پیش ہوئے۔ نجومی دیکھتے جاتے تھے کہ اُنمیں وہ نہیں ہے۔ جب دوپہر ڈھلی تو سفر کو بھوک لگی اُنھوں نے کچھ درہم جمع کیے اور بلبن کو جو اُن سب سے زیادہ حقیر تھا دیئے کہ بازار سے کچھ کھانے کو لائے۔ وہ جس بازار میں گیا اُس میں کھانے کو ملا نہیں تو دوسرے بازار میں گیا۔ وہ ابھی آیا نہ تھا کہ سفروں کی جماعت کے معائنہ کی نوبت آگئی وہ موجود نہ تھا ایک لڑکے کو اُسکی جگہ مشک ڈول دیکر سامنے پیش کر دیا کہ یہی بلبن ہے۔ پس منجموں کا معائنہ ختم ہوگیا اور اُنھوں نے اپنی صورت مطلوبہ کو نہ دیکھا۔ بلبن بعد معائنہ کے آیا کیونکہ خدا کو تو اُسکو بادشاہ کرنا منظور تھا۔

ذکر بادشاہی سلطان معزالدین کیقباد بن ناصرالدین بغراخان بن سلطان غیاث الدین بلبن

کیقباد ۶۸۵ھ/۱۲۶۶ء میں تخت سلطنت پر بیٹھا۔ معزالدین اُسکا لقب ہوا۔ اُسکی عمر سترہ اٹھارہ برس کی تھی۔ وہ نجیب الطرفین تھا۔ اسکا نانا ناصرالدین محمود تھا اور دادا سلطان بلبن تھا۔ اسنے غیاث الدین بلبن جیسے نیک سیرت دادا کے گھر میں پرورش و تعلیم پائی تھی۔ اسکی تعلیم کے واسطے معلم و مؤدب و اتالیق جید اور درشت خو رکھے گئے تھے کہ اُنھوں نے بدکار دنکا پر چھاوا بھی اُسپر نہیں پڑنے دیا تھا اور کسی بدی کو پاس نہیں آنے دیا تھا۔ اس تعلیم کا نتیجہ یہ تھا کہ یہ نوجوان سنجیدہ مزاج اور خوش اخلاق تھا اور نظم سے طبیعت مناسب رکھتا تھا۔ سوائے اسکے خوبصورت بہت تھا۔ مکتب سے اٹھا تھا کہ تخت سلطنت پر بیٹھا اور اُسکو وہ سلطنت ملی جو اوروں کو برسوں کی جانکاہی سے حاصل ہوتی ہے۔ پس وہ دفعتہً عیش و عشرت میں ڈوب گیا۔ سلطنت کا اختیار کیا ملا خود بے اختیار ہوگیا۔ جوانی کے نشہ میں سرشار ہوگیا جو لکھنا پڑھنا سیکھا تھا سب بالائے طاق رکھا جس دربار میں دادا نے برسوں تلاش کے بعد عالم فاضل مدبر منتظم ملازم جمع کیے تھے۔ اُس میں پوتے نے ڈوم ڈھاڑی گوئے۔ مسخرے۔ بھانڈ جمع کیے۔ اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ۔ امیروں نے بھی دیکھا دیکھی بادشاہ کے ہی ڈھنگ اختیار کیے۔ ہر کوچہ پر یونکا اکھاڑا تھا جس گھر میں سٹوپنوں کی تانونکا شور تھا۔ اور ساغر و مینا کا دور تھا۔ ہر خورد و بزرگ پیر و جوان عالم و جاہل عاقل و ابلہ ہندو مسلمان کو عیش و طرب کا شوق تھا کیقباد نے شہر کی سکونت چھوڑ دی تھی کیلوگڑھی میں ایک محل اور باغ بے نظیر بنایا تھا وہیں سارے جلسے اُٹھتے تھے۔ اس محل کے قریب امرا نے بھی اپنے عالیشان مکانات بنالیے تھے۔ کیلوگڑھی خوب آباد ہوگئی تھی۔ خانقاہیں نہ تھیں۔ مسجدیں نمازیوں سے خالی تھیں مگر شراب خانے معمور تھے تسبیحیں سستی تھیں مگر

شراب کی قیمت دس گنی ہوگئی تھی۔ کہیں خوف وفکر کا نام نہ تھا مسرت مدام سے کام تھا۔ ہر گلی کوچہ میں دولت پڑی لٹتی تھی۔ خمّاروں وحسینوں کی ہمیا نیاں پرتھیں۔ بادشاہ کا تو یہ حال تھا کہ رات دن عیش وعشرت میں ڈوبا ہوا تھا اُسپر طرہ یہ تھا کہ وزیر اُسکا ملک الامرا فخرالدین کا برادرزادہ اور داماد ملک نظام الدین تھا۔ ظاہر میں تو وہ اوبگ تھا مگر حقیقت میں نائب بادشاہ تھا سارا ملک داری کا انتظام اُسکے ہاتھ میں تھا۔ ملک قوام الدین کہ بڑا دبیر کامل تھا وہ عمدۃ الملک ونائب وکیلدار تھا۔ نظام الدین گو منتظم ورائے زن تھا مگر مکار بڑا تھا۔ اُس نے تمام اور لائق ارکین سلطنت کو پراگندہ اور پریشان کر رکھا تھا باہر وہ مختار تھا۔ گھر میں اسکی بیوی کہ ملک الامرا کی بیٹی تھی بالکل مختار اور حاکمہ تھی۔ سلطان کیقباد کی منہ بولی ماں بنی ہوئی تھی۔ نظام الملک کو یہ خبط اُچھلا کہ بادشاہ بنیئے۔ اور یہ سوچا کہ سلطان بلبن کہ ایک پیرگرگ کہن تھا اور ساٹھ سال میں اُس نے سلطنت کو اپنی مٹھی میں لیا تھا وہ اب دنیا میں موجود نہیں ہے اور اُسکا بیٹا جو جہانداری کے قابل تھا وہ باپ کی زندگی میں دنیا سے رخصت ہوا۔ بغراخاں لکھنوتی میں پڑا ہوا ہے۔ کیقباد روز بروز بدمست ہوتا جاتا ہے اسلیے سلطنت کی بنیاد سست ہوتی جاتی ہے۔ البتہ اگر کوئی ہے تو کیخسرو ہے اُس کا علاج کرنا چاہیئے اور اس کانٹے کو نکالنا چاہیئے پھر سلطنت کا ہاتھ آنا اور کیقباد کا کام تمام کرنا کیا بڑی بات ہے اس اپنے منصوبے کے پورا کرنے کے لیے اُسنے کیقباد کو سمجھایا کہ کیخسرو آپکا برابر کا دعویدار سلطنت ہے اور اوصاف بادشاہی سے متصف ہے اور اُسکی جانب ملک کو بڑی رغبت ہے اور وہ جانتے ہیں کہ سلطان بلبن نے اُسیکو اپنا ولیعہد مقرر کیا تھا کسی روز اگر اُسکو قابو لگیا تو یہ تخت پھر نصیب نہوگا۔ اسلیے مصلحت ملکی یہی ہے کہ اُسکو ملتان سے بلوا لیئے اور راہ ہی میں اُسکا کام تمام کیجیے۔ کیقباد سے نشہ کی حالت میں کیخسرو کے بلانے پیغام بھجوا دیا اور راہ میں جاسوسوں کو متعین کرکے اُسکے قتل کے لیے حکم بھجوا دیا کیخسرو راہ ہی میں تھا کہ اُن عزرائیلوں نے رہتک میں اُسکی جان نکال لی۔ اس سے امرا میں ایک تہلکہ پڑگیا۔ کیقباد کے وزیر خواجہ خطیر کو ایک بہانہ کھڑا کرکے ایک گدھے پر سوار کرکے سارے شہر میں پھرایا۔ ایکدن خلوت میں کیقباد سے کہدیا کہ تو مسلم مغل جو حضور کے انیس اور جلیس ومقرب ہو رہے ہیں اپنی قوم کے لشکروں کو بلا رہے ہیں اور اپنے گھروں پر مشورہ کر رہے ہیں کہ ایکدن محل میں گھسکر حضور کا کام تمام کریں چند روز بعد سلطان سے اُنکے قتل کا بھی حکم لے لیا اور ایکدن کو شک میں اکثر کو گرفتار کرکے قتل کیا اور جمنا میں بہادیا سارا گھر بار اُنکا غارت کیا۔ اور مولازادوں کو جو سلطان بلبن کے عہد میں ملوک اعظم تھے اُن مغلوں کے ساتھ سازش رکھنے کا الزام لگاکر دور دور حصار وغیرہ بھجوا دیا۔ ملک شامک امیر ملتان اور ملک تورکے

حاکم برن کو جھوٹا الزام لگا کے ٹھکانے لگا دیا غرض اُس نے کیقباد کو ایسا تسخیر کیا کہ کوئی شخص اُسکی شکایت کرتا تو اُسکو وزیر سے بیان کرکے اُس شخص کو اُسکے حوالہ کرتا تاکہ اُسکو سزا دے کہ وہ ہم اور تم میں تفرقہ ڈالنا چاہتا تھا۔

نظام الدین کو اُسکا خسر ملک الامرا فخرالدین جسکی عمر نوّے برس کی تھی خلوت میں بلاتا اور سمجھاتا کہ تو کیا غضب کرتا ہی کہ ارکان دولت کو قتل کراتا ہی اور اپنا دشمن بناتا ہی۔ تجھے جو بادشاہی کا سودا ہوا ہی اُسے دماغ سے نکال۔ ہماری بادشاہی یہی ہی کہ ہم کوتوالی کے درجہ اعلےٰ پر پہنچے ہیں ہمکو بادشاہی سے کیا نسبت ہی۔ بادشاہی اُن ہی صعف شکن ضعف ربا دلاوروں کو زیبا ہی کہ ایک لحظہ میں وہ لشکروں کو زیر و زبر کرتے ہیں۔ تجھے نہ گھوڑا دوڑانا آتا ہی نہ نیزہ چلانا نہ لڑائی کی صورت کبھی نہیں دیکھی۔ کسی بقال کی پیاز کی گٹھی نہیں کاٹ سکتا۔ کسی شغال پر ڈھیلہ نہیں لگا سکتا۔ اسحالت میں شاہی کی تمنا عجیب مالیخولیا ہی۔ بادشاہ کے مقرب بننے سے جو بادشاہ بننے کا خیال تجھے پیدا ہوا ہی اگر تو اُسے دل سے دور نہیں کریگا تو ہمارے سارے خاندان پر تباہی لائیگا۔ **بیت**

اے روبہک چرا نہ نشینی بجائے خویش ٭ باشیر پنجہ کردی و دیدی سزائے خویش

یہ جو ظاہری امارت کا ٹھاٹھ بنا رکھا ہی اُس سے کچھ کام نہیں چلتا ؎ صورت مرداں طلب کن از درمیدان درا نقش برایواں چہ سود ار رستم و اسفندیار۔ میں نے مانا کہ تو اس مدہوش و بدمست بادشاہ کو کسی حرامزادے سے قتل کرا دیگا تو کیا تجھے بادشاہی حاصل ہوگی؟ ہرگز نہیں۔ قیامت تک نمکحرامی کا داغ خاندان پر رہیگا۔ ہرچند خسر نے داماد کو براہین عقلیہ سے سمجھایا کہ وہ اپنے خیال فاسد کو سر سے نکالکر دور کرے مگر بادشاہی کی محبت نے اُسکے کان بہرے اور آنکھیں اندھی کر رکھی تھیں۔ اس کوتہ اندیش خام طمع نے جواب میں کہا کہ جو کچھ تم نے فرمایا سب صواب و درست ہی اور اُسکے خلاف خطا۔ لیکن اب تو میں نے خلق کو اپنا دشمن بنالیا سب جانتے ہیں کہ میں کیا کر رہا ہوں اگر اسے میں چھوڑ دونگا تو آدمی مجھے کب چھوڑینگے۔ غرض ملک الامرا نے اُسکو یہ لعنت ملامت کی۔ اور اُس سے بیزار ہوگیا۔ معارف و اکابر کو یہ حال معلوم ہوا تو اُنھوں نے کوتوال کی عاقبت اندیشی و سلامت جوئی کی بڑی تحسین کی۔ نظام تخت شاہی پر اپنی شطرنج کی چالیں چل رہا تھا کہ وہ خلجیوں سے مات کھائے اور اُنکے ہاتھ بندی آئے جب کیقباد دہلی کے تخت پر بیٹھا۔ تو اُسکے باپ بغراخاں نے اپنا خطاب سلطان ناصرالدین رکھا اور لکھنوتی میں سکہ اور خطبہ اپنے نام کا رائج کیا۔ باپ بیٹوں میں مراسلت جاری تھی۔ باپ بیٹے پاس اور بیٹا باپ پاس قاصد و تحفہ تحائف بھیجتا۔ جب باپ کو یہ معلوم ہوا کہ بیٹا عیش میں ڈوبا ہوا اور نظام الدین اُسکے ملک کی گھات میں بیٹھا ہوا ہی۔ اور دہلی کی سلطنت لینے کے لیے آمادہ ہو رہا ہی تو باپ نے بیٹے کو مکتوبات نصائح

نظام الدین کو اُسکے خسر کا سمجھانا

نظام الدین کا کیقباد سے ملنا اور ملاقات

وموعظ آمیز لکھے۔ اور نظام الدین کا حال رمز وکنایہ میں بیان کیا۔ مگر یہاں جوانی کی مستی بادشاہی کی مستی شراب کی مستی۔ اتنی مستیاں کب باپ کی نصائح پر کان لگانے دیتی تھیں۔ اس نے نظام الدین کے غدر مچانے کے ارادہ پر ذرا التفات نہ کی۔ اور اپنے عیش وعشرت کو نہ چھوڑا۔ جب بادشاہ نے دیکھا کہ میرے پند ونصائح کا اثر کچھ نہیں ہوتا تو اُسنے ملاقات کا ارادہ کیا کہ جو کچھ سمجھانا ہو وہ روبرو سمجھائے اور آخر کو خط میں یہ لکھا کہ اے فرزند تو بادشاہ ہے اور عیش وطرب کو ہاتھ سے نہیں دیتا میرے دیدار کو غنیمت سمجھ مجھے تیرے ملنے کا شوق ایسا ہو گیا کہ بغیر ملے نہیں رہ سکتا۔ یہ شعر آخر میں لکھا تھا **بیت**

گرچہ فردوس مقام خوش است
ہیچ بہ از دولتِ دیدار نیست

جب کے قبا دنے باپ کا یہ خط محبت آمیز پڑھا تو اُس کو بھی باپ کے دیدار کا شوق پیدا آنکھوں سے آنسو رواں ہوئے۔ باپ پاس قاصد بھیجکر یہ امر قرار دیا کہ باپ لکھنوتی سے اودہ میں آئے اور بیٹا دہلی سے اودہ میں جائے۔ اور سرجو (گھاگرہ) کے کناروں پر ملاقات ہو۔ کیقباد کا ارادہ تھا کہ جریدہ باپ کی ملاقات کو جائے مگر نظام الدین نے عرض کیا کہ دہلی سے اودہ بہت دور ہے جریدہ جانا مصلحت سے دور ہے لشکر اور جلوس شاہی کے ساتھ جانا مناسب ہے سلطنت کے معاملہ میں پدری اور پسری کا کیا ذکر ہے الملک عقیم سے مراد یہی ہے کہ سلطنت میں رشتہ پدر وپسر نہیں ہے۔ ہوا ملک کے غلبہ سے باپ بیٹے کو مارتا ہے اور بیٹا باپ کو۔ ملک داری میں شفقت پدری وپسری باقی نہیں رہتی۔ ہر مذہب کے بادشاہوں میں بیٹے نے باپ کو مارا ہے اور باپ نے بیٹے کو۔ آپکا باپ اصلی وارث ملک ہے صاحب خطبہ وسکہ ہے۔ کون جانتا ہے کہ ملاقات میں کیا پیش آئے۔ غرض ایسی ایسی پٹیاں پڑھا کر لشکر سمیت دہلی سے اودہ کو روانہ کیا۔ جب باپ کو خبر ہوئی کہ نظام الدین کے سمجھانے سے بیٹا لشکر سمیت آتا ہے تو وہ بھی لکھنوتی سے لشکر وہاتھی لے کر روانہ ہوا۔ گھاگرہ (سرجو یا سرو) کے ایک طرف باپ کا لشکر اور دوسری طرف بیٹے کا لشکر آمنے سامنے ایسا پڑا کہ ایک کو دوسرے کے خیمے نظر آتے تھے۔ دو تین روز تک پُرانے نمک حلال اِدہر اُدہر دوڑتے پھرتے تھے۔ باپ بیٹوں کے پیغام لاتے اور لیجاتے تھے۔ باپ کا دل نہ رہ سکا اور خون نے جوش کھایا۔ چوتھے روز یہ خط لکھا کہ بیٹا میں فقط تمھارے دیدار کا شائق ہوں کچھ سلطنت اور تاجداری کا دعوے دار نہیں ہوں

اب لکھو فراق کی تاب نہین خدا کیواسطے مجھپر رحم کرو صورت دکھا دو یوسف کیطرح یعقوب کی آنکھو آکر روشن کرو مین رہی تمہا سلطنت کے یار مین عیش و طرب مین خلل انداز نہونگا۔ باپکا یہ خط پڑھکر کیقباد بھی چشم پر آب ہوا اور کھڑا ہو گیا اور ارادہ کیا کہ باپ سے جاکر جھر پدیدل آؤن مگر نظام الدین نے پھر سمجھین رخنہ یہ ڈالا اور بولا کہ آپ بادشاہ ہین دنیا بادشاہی نافع ہو کہ آپ سے ملنے جائین بلکہ مناسب یہ ہو کہ بیٹا تخت سلطنت پر جلوس کرے اور باپ آکر باریاب مجرا بجالائے سمین اُس نے یہ صلاح رکھا تھا کہ باپ بیٹونکی ملاقات صاف نہ ہونے پائے اُس نے آداب یار ایسے مقرر کئے کہ اُنکے بجالانے مین بڑا ہی کو ایک طرحکی ذلت اُٹھانی پڑے۔ ناصر الدین نے ان سب باتونکو قبول کیا اور کہا کہ مجھے بیٹے کی خدمت کرنے مین کچھ تکلف نہین ہو۔ اگرچہ وہ بیٹا ہو مگر اب میرے باپ کا جانشین دہلی کے تختگاہ پر بیٹا ہی ہے مین دہلی کے تخت کی تعظیم دل سے کرتا ہون باپ کی نصیحت مجھے یاد ہو کہ دہلی کے بادشاہ کی تعظیم ہمیشہ کرنا۔ اگر مین اپنے بیٹے کی خدمت نہ بجالاؤنگا تو دہلی کے تخت کی اہانت ہوگی غرض ناصر الدین بیٹے کے دربار مین آیا چوبدار نے آواز دی کہ نصیر خان نگاہ رو برجمالِ پناہ سلامت۔ دوسرا چوبدار پکارا کہ لکھنوتی کے گناہگار کو امان امان تین دفعہ باپ کو سجدہ زمین بوس کرنا پڑا۔ مگر اس ناخلف نے باپ کو اس حال مین دیکھا اور تخت پر بت کیطرح بیٹھا رہا۔ اس حرکت ناشایستہ کو دیکھکر باپ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا یہ رونا اپنا اثر کر گیا یہ دیکھتے ہی بیٹا تخت سے اتر پڑا اور دوڑکر باپکے پاؤنمین گر پڑا۔ باپنے اسکا سر اٹھا کر سر اٹھا کر گلے لگایا دونون گلے ملکر دیر تک روتے رہے اس حال کو دیکھکر اہل دربار جنکے دل برسون سے بھرے ہوئے تھے زار زار رونے لگے۔ بعد ازان کیقباد نے باپ کا ہاتھ پکڑکر تخت پر بٹھایا آپ دست بستہ سر جھکا کر کھڑا ہوا پھر باپنے اُسکو تخت پر بٹھا دیا اور آپ دبا سامنے ہو بیٹا غرض ان دونون مین ایسی مجانہ ملاقاتین ہوئین کہ لڑائی بھڑائی کا گمان بھی باقی نہا بہت کچھ روپیہ صدقہ و خیرات ہوا شعرا نے قصیدے پڑھے مطربون نے سرود گایا غرض خوشی کی ساری سمین جمع اس زمانہ مین ہوئی ہین دو ہو مین نصیر الدین ٹھہرا اپنے لشکر کو گیا طرفین سے تحفے تحائف آتے جاتے دونون لشکرونکو حکم ہو گیا کہ آپس مین آمد رفت دوستانہ ہاتھ رکھین اور مہمانداری کرین باپ کئی دن تک بیٹے کے گھر آیا قران السعدین مین ان ملاقاتونکا حال حضرت امیر خسرو نے بہت خوب بیان کیا ہی ان کبیان سے معلوم ہوتا ہی کہ باپ لکھنوتی سے دہلی کے لینے کیلئے چلا تھا جب وداع نزدیک ہوا تو سلطان ناصر الدین نے بیٹے سے کہا کہ جسنے کہا ہی کہ اگر بادشاہ پاس مال و منال تھد رخزانہ مین نہو کہ دشمنونکے غلبہ کی صورت مین وہ اپنی لشکر کی مدد نہ کرسکے اور بلا قحط مین رعایا کی دستگیری نہ کرسکے تو اُسکو بادشاہ کہنا سزاوار نہین ہی مین دو نصیحتین یہی جو سلطنت سے متعلق ہین تجھکو کرنی چاہتا ہون کیقباد نے کہا کہ آپکی مہربانی اور غمخواری غفلت سے بیدار کرتی ہی۔ بادشاہ جو کچھ میرے لئے صواب جانے اُسپر متنبہ کرے مین اُسکو اپنا دستور العمل بناؤنگا اور اُسکے برخلاف عمل نہین کرونگا بیٹے کے اس کہنے پر محبت پدری کا جوش اُٹھا اور یہ کہا کہ مین نے بڑھاپے مین اتنا سفر دور دراز اسلئے اختیار کیا ہی کہ مین تجھے خواب غفلت سے جو جوانی و دولت کو لازم ہی بیدار کرون اور شرائط موعظت اور مصلحت کو بجا لاؤن پس خلوت مین ملک نظام الدین اور ملک قوام الدین کو بلایا اور شفقت اور محبت کی سبب سے یہ کہنے لگا کہ بیٹا جب مین نے سنا کہ تو تخت دہلی پر بیٹھا تو مین بہت

خوش ہوا اور مین یہ سمجھا کہ ملک دہلی مجھے ہی ملا۔ مگر جب مین نے تیری غفلت اور بیخبری کا حال سنا تو مجھے حیرت ہوئی کہ ابتک تو کیون زندہ رہا دو سال سے مین اپنی اور تیری تعریف کر رہا ہون اور ملک دہلی اور لکھنوتی کو معرض زوال مین دیکھتا ہون خصوصًا اس وقت سے کہ مین نے یہ سنا ہی کہ میرے باپ کے غلامونکو کہ اُسکے پروردہ نعمت تھے اور مخلص اور خیر خواہ تیرے تھے تو نے قتل کیا اُنکے قتل ہونیسے تیرا اعتماد کچھ نہین رہا۔ اب مجھے ملک باقی رہنے کی توقع نہین ہی اسلیے پر سر جو کچھ مین دیکھتا ہون اور سنتا ہون تو نہین دیکھتا اور سُنتا یہ سو جبکہ کہ میرا بڑا بھائی جو جہانداری کے لایق تھا باپ کی زندگی مین شہید ہوا اور اُسکا بیٹا خالیستہ سلطنت اور قوت بازو تیرا اتھا نا دولت خواہونکے کہنے سے تو نے اُسکو مار ڈالا یہی تجکو بھی ایک دن قتل کر ڈالینگے ملک دہلی کسی بد اصل کے ہاتھ مین آئیگا جو تمہارے نام کو دنیے زمین پر باقی نہین رکھے گا اگر تجھے اپنے حال پر رحم نہین آتا تو اپنے خاندان اور اولاد و اتباع پر رحم کر اپنے تئین لہو و لعب مین نہ ڈال اور اپنا غمخوار ہن یہ چند نصیحت کرتا ہون۔

اول نصیحت اپنی جان پر رحم کر اور اپنے نفس کا معالجہ کر اپنے چہرہ کو دیکھ کہ کیا تیرا رنگ گل سے زیادہ سرخ و سیراب تھا یا آب ہلدی کا سا رنگ زرد ہو رہا ہی افراط شہوت سے ضعیف و نزار ہو گیا ہی اب اس سے بازرہ اور اُسمین اپنے تئین نہ پہنچا جب جان پر آبنے گی تو کیا لذت ہوگی۔ امیر خسرو صاحب کا ارشاد ہے

نظم

نہ شاید بادشہ را مست بودن	نہ در عشق ہوس پیوست بودن	خطا باشد کہ باشد پاسبان مست	
شبان چون شد خراب از بادہ ناب	رمہ رہ گرگان کند خواب	شبانی کار را در ہوشیاری ست	

غرض سلطنت کو اور اپنی جان کو عزیز رکھ۔ دوسری نصیحت یہ ہے کہ مملوک امرا کے قتل سے احتراز کرتا کہ تیرا اعتماد اعوان و انصار کے دل مین زائل نہو جائے یہ وہ آدمی ملک نظام الدین اور ملک قوام الدین جو حاضر ہین اور پختہ کار اور صاحب تجربہ ہین اُنکو اور شخص جو اُنکے مثل ہون اُنکو اپنا شریک کر اور ان چار کو چار رکن دولت تصور کر جو کار تجھے پیش آئے اُنکے صلاح و مشورہ کے اتفاق سے کر۔ ایک کو دیوان وزارت بنا۔ دوسرے کو دیوان رسالت تیسرے دیوان عرض۔ چوتھے کو دیوان انشا۔ ان چار کو قوت اختیار مین برابر رکھ اگرچہ مرتبہ انکے باعتبار اعمال کے متفاوت ہین مگر انمین سے کسیکو ایسا اختیار نہ دے کہ وہ سرکشی کرے

بیت مگر بخت سپیدہ بیدار نیست ٭ وگرنہ چنین کار دشوار نیست ٭ تیسری نصیحت اسرار ملکی مین سے ہی جس مخفی راز کا انکشاف منظور ہو تو چار دن کے سامنے کر اور ایک کو اپنا محرم راز ایسا نہ بنا کہ اور دلگیر ہون چوتھی نصیحت غمار و زہد کا پابند ہوان کا مونکے چھوڑنیسے دین و دنیا دونون خراب ہوتے ہین مینے سنا ہی کہ علماء دین سے کسی حیلہ کرنے تجھے خوشامد کے لیے ذرہ نزدیک رکھنے کی اجازت دیدی ہی کہ اُسکے عوض کسی بڑی کو آزاد کر دے یا سات مسکینونکو کھانا کھلا دے۔ اس قسم کے علماء کے قول فعل سے اپنے تئین دور رکھ اور مسئلہ دین کسی طماع و حریص علما سے نہ پوچھ دنیا انکا معبود ہی۔ بلکہ تارک الدنیا علماء سے مسئلہ دین پوچھنا چاہیے یہ نصیحتین کر کے وہ زار زار رویا اور بیٹے کے گلے لگ کر رخصت کیا اور اُسکے کان مین چپکے سے کہہ دیا کہ ملک نظام الدین کو جلد ٹھکانے لگا نہین وہ تجھے ایکدن مین نہین بلکہ ایک گھڑی مین زندہ نہین رکھیگا۔ ستون مین سانپ پالے جب قابو پائیگا ایسا ڈنگ مارے گا کہ تو پانی نہ مانگیگا یہ خبر کسی دفعہ پڑھا **شعر** گذارتا نگریم چون ابر نوبہاران ٭ کز سنگ گریدہ و عیادان

غرض جسوقت یہ باپ بیٹے آپس سے رخصت ہوئے عجب عالم تھا سب طرف گریہ وزاری و واویلا تھا باپ نے بیٹے کے مارے
رانکو کھانا بھی نہین کھایا۔ وہ بیٹے کو اور سلطنت دہلی کو تقدیر کے حوالہ کرکے بنگالہ کو روانہ ہوا اور بیٹا دہلی کو چلا چند روز
باپ کی نصیحتون نے اور شرم وحیا نے عیش و نشاط سے باز رکھا لیکن اس بادشاہ کی عیش کی شہرت چار دانگ عالم ایسی ہو رہی تھی
کہ حسین عورتونکے طائفے کے طائفے چلے آتے تھے اور آراستہ و پیراستہ کرکے اپنے تئین انکو دکھاتے تھے سلطان اس طائفہ کی محبت
کا دل و جان سے شایق تھا۔ اس عاشق مزاج کو ایک پریزاد نے اپنے عشق مین مجنون بنایا اور حافظ شیراز کے شعار سے وہ عشقبازیکی
پند و نصایح سنائین کہ وہ سب باپ کی نصیحت بھولگیا دہلی مین آیا تو پھر وہی گلشن تھے وہی جشن تھے۔ اب اس عشقبازی
اور میخواری نے نہایت ضعیف و نزار کردیا تھا اس اثنا مین باپ کی نصیحت یاد آئی کہ نظام الدین کا قصہ پاک کرنا چاہیے
اس سے کہا کہ تو ملتان جا اس سے وہ بادشاہ کا ارادہ سمجھ گیا جانیسے عذر کیا جب مقرر ہوچکے دیکھا کہ بادشاہ کا دل اس سے
پھر گیا ہی تو کیا تھا وہ تو ہمیشہ اسکی ہلاکت کو درپے رہتے تھے۔ نظام الدین کو زہر دیکر مار ڈالا۔ بادشاہ نے جو چال زیر
سے سیکھی تھی اسی چال سے وزیر کو موت کا مزا چکھایا۔ ملک جلال الدین فیروز بن ملک لنزش خلجی کو نائب سپہ سالار اور میر
جام دار تھا بلایا اور شایستہ خان کا خطاب دیا اور عارض ممالک مقرر کیا اور اقطاع برن انکو حوالہ کین اب بادشاہ کا فتح
اور بگڑتا جاتا تھا یہانتک نوبت پہونچی کہ وہ مقوہ و فالج مین مبتلا اور صاحب فراش ہوا ہاتھ پاؤن رہگئے اور کسی قابل نہین رہا۔ تو مرحبا صاحب
شوکت مین سے ہر سرین سود سے سلطنت پیدا ہوا اور ہر دلین متمنا شہریاری پیدا ہوئی فوراً کیقباد کے بیٹے کیومرث کو حرم سے
باہر نکالکر تخت پر بٹھایا اور بادشاہ شمس الدین کا خطاب دیا اسکی عمر اسوقت تین سال کی تھی۔ اب دو فریق ہوگئے ایک فرقہ خلجونکا تھا
یہ سب ملک جلال الدین کے ہمراہ بہادپور یا بہار پور مین آگئے اور دوسرا فرقہ ترکونکا تھا وہ کیومرث کو ہمراہ لیکر چوتڑہ ناصری
سید امین آئے اس فرقہ کا سردار ملک ایتمر کچن اور ملک ایتمر ختی بادشاہ بہادر کیلوگڈھی مین پڑاؤ تھا ایک ہنگامہ خلجیون اور ترکونمین برپا
تھا۔ ترکی فرقہ کہتا تھا کہ کیومرث ہمارے ہمراہ ہو ملک جلال الدین اور سارا مراء خلجی کو جو اصل مین ترک نہین ہین متاصل کرکے مہمات
سلطنت کو ہم ترک ہاتھ مین لینگے اور کسی بیگانے کو دخل نہین دینگے جب ملک جلال الدین کو یہ حال معلوم ہوا تو اسنے اور ملوک
خلج کو اور بعض مراء کو اپنے ساتھ شریک کیا ملک جلال الدین پاس ملک ایتمر کچن اسنے گیا کہ انکو فریب دیکر بہادرپور سے لے آوے
مگر ملک جلال الدین اسکے ارادہ سے واقف تھا جون ہی وہ گھوڑے پر سے اترا اسکو ٹکڑے ٹکڑے کرڈالا نظم ستر ختر چون
جدا شد زتن ✤ خروشے برآمد ازان انجمن ✤ بلے ہر کہ چاہے پے کس بکند ✤ ہم اورا قضا اندران چہ فگند ✤ ملک خلجی کے
بیٹے جو بڑے جوہر دار و دلیر تھے وہ پانچسو سوار لیکر کیومرث کے لشکر مین گھس گئے اور ترکونکو گھیر لیا اور نہایت چستی اور چالاکی
سے شاہ شمس الدین کو تخت سے اتار لیا اور ملک لامر اخر الدین کے بیٹونکو گرفتار کرکے باپ پاس لے آئے۔ ملک ایتمر ختی نے جو انکا
تعاقب کیا تو اسے لڑکر مار ڈالا۔ شہر کے آدمیون نے بادشاہ شمس الدین کو چھڑانے کا قصد کیا اور ملک جلال الدین پر حملہ
کرنیکا تو ملک لامر اخر الدین کوتوال نے اس سبب سے کہ اسکے بیٹے خلجیونکے ہاتھ مین گرفتار تھے انکو الٹا شہر کو پھیر دیا اسی روز
اکثر امرا اور ملوک نے ملک جلال الدین فیروز خلجی سے بیعت کی جن ترکونکو کیقباد نے قتل کیا تھا انکے لڑکونکو کیلوگڈھی مین

پہونچادیا کیقباد مردہ سی بتر لحاف توشک مین لپٹا ہوا پڑا تھا وہان مرد ہی پر سو درّے ہونے کہان ترک زادون نے لات گ
سوم ہم نکالکر جہانمین ڈالدیا اُنکی سلطنت کی مدت تین سال اور کئی ماہ تھی۔ ابن بطوطہ نے لکھا ہو کہ ایک شخص نے اپنی آنکھون کے
یہ حال بیان کیا ہو کہ بہوک کے مارے سلطان معزالدین کا بُرا حال تھا اُسکے ہمسایہ نے کچھ کھانیکے لئے اُس پاس بیجا کرش فرون نے اُس کہا
اُس تک پہونچنے دیا سو اُسکے اس بادشاہ کا حال وہ طرح لکھتا ہو کہ جسوقت کو سلطان غیاث الدین مراُس نے کیخسرو کو
قائمقام مقرر کیا اُسکا بیٹا ناصرالدین موجود تھا ملک لامرا نائب سلطنت سلطان غیاث الدین کیخسرو کا دشمن تھا اُ
ایک حیلہ یہ بنایا کہ ہمراکبار کیطرف سے ایک جعلی تحریر بنائی جس مین سلطان بلبن کے پوتے معزالدین کی جگہ سب امرا کیطرف
لکھی ہوئی تھی وہ کیخسرو کو دکھائی اور اُسکو یہ نصیحت کی کہ ہمرائے تیرے چچا کے بیٹے کیطرف بیعت کی ہی مجھے خوف ہی کہ وہ سد
تیری مخالفت کو در پے ہونگے کیخسرو نے پوچھا کہ ایسا کیا چاہو کس حیلے سے ہو سکتا ہی تو اُسنے یہ تبلایا کہ تو خود سندہ کو
اُس نے کہا کہ مین کیسے بہاگ سکتا ہون تمام دروازے بند ہین تو امیر نے کہا کہ دروازونکی کنجیان میرے پاس ہین مین
کھولدونگا کیخسرو نے اُسکا شکریہ ادا کیا اور ہاتھ پر بوسہ دیا پھر امیر نے کہا کہ ابھی تو گھوڑے پر سوار ہو کر چلا جا وہ اُسیوقت
سوا اپنے مملوک کے گھوڑے پر سوار ہوا۔ دروازہ کھول کر اُسے باہر جانے دیا اور دروازہ کو بند کرایا پھر ملک معزالدین
کے پاس اجرا نے جاکر بیعت کی اور کیخسرو کو جس حال سی نکالا تھا اُسکو بیان کیا معزالدین نے اُنکا شکریہ ادا کیا اور
مین لیا وہان سب امرا نے بیعت کی اور مستقل بادشاہ وہ ہوگیا معزالدین کا باپ لکھنوتی مین ملک بنگالہ مین
زندہ تھا اُس نے کہا کہ وارث سلطنت مین ہون باپ کے جیتے جی بیٹا کیسے وارث سلطنت ہو سکتا ہی لشکر تیار کر
دہلی کیطرف روانہ ہوا۔ بیٹے نے بھی باپ کی مدافعت کیلئے لشکر تیار کیا۔ گنگا کے ایک کنارہ پر باپ اور دوسرے کنارہ پر
پہونچا دونون باپ بیٹے گنگا کے کنارہ پر آمنے سامنے اُترے اور لڑنے کا ارادہ کیا مگر خدا کو منظور تھا کہ سپاہ ہونکا خو
اسلئے ناصرالدین کے دلمین یہ القا کیا کہ اسکو بیٹے پر رحم آیا اور اُسنے کہا کہ میرے بیٹے کا بادشاہ ہونا میرے لئے ش
کا سبب ہے اور میرا یہ چاہنا کہ بیٹا بادشاہ ہو بالکل حق ہی اور ایسے ہی خدا نے بیٹے کے دلمین القا کیا کہ اُسنے باپ کے
صراحت کرنی چاہی دونون باپ بیٹے کشتی مین تن تنہا بغیر لشکر کے سوار ہو کر دریا کے عین وسط مین ملے سلطان
باپ کے پاؤن چومے اور عذر کئے تو باپ نے بیٹے سے کہا کہ مین تجھے اپنی سلطنت دیتا ہون اور بیعت کرتا ہو
اور اپنے ملک کو مراجعت کرتا ہون امیر بیٹے نے باپ سے کہا کہ آپ میری سلطنت مین چلئے دونون باپ بیٹے
اور محل مین داخل ہوئے اور باپ نے معزالدین کو تخت پر بٹھایا اور اُسکے سامنے خود کھڑا ہو۔ گنگا مین جو باپ بیٹے
کی ملاقات ہوئی اُسکا نام قران السعدین رکھا تھا

تاریخ عہد سلطنت ملکہ معظمہ قیصر ہند۔ مؤلفہ جناب خان بہادر شمس العلما مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب مرحوم یہ تاریخ پانچ حصوں میں لکھی گئی ہے۔ (حصہ اوّل) بطور تمہید ۱۸۷۳ء تک لکھا ہے کہ انگلینڈ کو ہندوستان سے کس طرح تعلق پیدا ہوا اور انگریزوں نے فرانسیسیوں وغیرہ کو کیونکر نکالا، اور اپنی فرماں روائی کا سلسلہ کس طرح جمایا۔

(دوسرے حصے) میں ۱۸۳۷ء سے ۱۸۴۸ء تک کے حالات لکھے ہیں، جس میں والیان ہند سے جنگ و پیکار میں برٹش گورنمنٹ کو فتح پانے کے حالات تفصیلی درج ہیں۔

(تیسرے حصے) میں ۱۸۴۸ء سے ۱۹۰۱ء تک کے جس میں حضرت علیا نے وفات پائی۔ حالات لکھے ہیں اور واقعات عظیمہ ۱۸۵۷ء کے غدر و بغاوت کو بالتفصیل بیان کیا ہے، دہلی کا بیان مؤلف نے اپنی چشم دید لکھا ہے۔

(حصہ چہارم) میں اُن محاربات عظیمہ کا ذکر کیا گیا ہے جو انگلستان کے اور ملکوں سے، یورپ ایشیا افریقہ میں سوائے ہندوستان کے ہوئے ہیں۔ جیسے جنگ کریمیا، جنگ ٹرانسوال، جنگ سوڈان، اور مصر میں۔

(پانچویں حصے) کا نام آئین قیصری ہے اس میں مفصلہ ذیل مضامین ہیں:۔
ساری دنیا میں قیصر ہند کی سلطنت کہاں کہاں ہے، ہند اور انگلینڈ میں گورنمنٹ کیونکر منتظم ہوئی۔ وقتاً فوقتاً کیا کیا تبدیلیاں ہوئیں۔ ہندوستان کیلئے قوانین کیونکر مدون ہوئے۔ عدالتیں کیونکر مقرر ہوئیں، بحری بری حدود کس طرح مستحکم ہوئیں، سپاہ کیونکر مرتب ہوئی وغیرہ وغیرہ تعداد صفحات (۲۱۳۰)

قیمت ہر پنج حصص بلا جلد ۴ روپے

ملنے کا پتہ۔ آنریری منیجر بک ڈپو مدرسۃ العلوم علیگڈھ

(دیگر ہر قسم کی کتابوں کے لئے مفصل فہرست طلب فرمائیے جو بالکل مفت روانہ کی جاتی ہے)

مزید کتب کے ملاحظہ ہو صفحہ (ب)

*

بفضلِ خدا

انسٹیٹیوٹ پریس میں (جو سرسید علیہ الرحمۃ کا قائم کیا ہوا اور محمڈن کالج کی ملک ہونیکی وجہ سے حقیقی معنوں میں ایک قومی پریس ہے) لوہے اور پتھر دونوں قسم کے چھاپوں میں اُردو و انگریزی ہر قسم کا کام بہت صحت اور کفایت کے ساتھ ہوتا اور وقت پر دیا جاتا ہے۔ اہلِ ذوق وضرورت کم از کم ایک بار ضرور امتحان فرمائیں۔ نرخ زبانی یا خط و کتابت سے طے ہو سکتا ہے۔

مطبع کو اس کے قدیم و اہل نظر سرپرستوں کی جانب سے جو اطمینان بخش اسناد حاصل ہوئی ہیں اُن کی نقل عند الطلب روانہ کی جا سکتی ہے۔

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ نامی ایک اخبار بھی اس پریس سے نکلتا ہے جو کالج کا سرکاری اخبار ہے اور جو سرسید علیہ الرحمۃ نے کالج کی بنا سے بھی قبل جاری کرنا شروع کیا تھا اور جس میں کالج کی خبروں کے علاوہ عام اور مفید و دلچسپ مضامین شائع ہوتے ہیں۔ **قیمت** سالانہ چار روپیہ ششماہی دو روپیہ آٹھ آنے۔ نمونہ مفت۔ اشتہارات کا نرخ زبانی یا خط و کتابت سے طے ہو سکتا ہے۔ ہر قسم کی خط و کتابت کے لئے پتہ:

منیجر صاحب انسٹیٹیوٹ پریس علی گڈھ